اَعْرِبُوا الْقُرْآنَ وَ الْتَمِسُوا غَرَائِبَهٗ (احدیث)

مَعَارِفُ الْبَيَانِ

فِي

إِعْرَابِ الْقُرْآنِ

جلد اوّل سُوْرَةُ الْفَاتِحَةِ تا سُوْرَةُ الْاَنْعَامِ

www.KitaboSunnat.com

تالیف

اُستاذُ العُلماء شیخُ الحدیث حضرت مولانا

اُسامہ عبدُ الرحمٰن صاحب حفظہ اللہ لودھروی

فاضل جامعہ خیرُ المدارس ملتان

مدیر: جامعہ نورُ القرآن والسُّنّۃ پل شاہ نال لودھراں

واستاذ الحدیث: جامعہ سراجُ العلوم لودھراں

ناشر

مکتبہ امدادیہ

ملتان، پاکستان

061-4544965

0300-7828402

www.KitaboSunnat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

اَعْرِبُوا الْقُرْآنَ وَالْتَمِسُوْا غَرَائِبَهٗ (الحدیث)

مَعَارِفُ الْبَيَان

فِيْ

اِعْرَابِ الْقُرْآن

جلد اول

سُوْرَةُ الْفَاتِحَةِ تا سُوْرَةُ الْاَنْعَامِ

تالیف

اُستاذ العلماء شیخ الحدیث حضرت مولانا

ابو اسامہ عبدُالرحمٰن صاحب لودھروی حفظہ اللہ

فاضل: جامعہ خیر المدارس ملتان

مدیر: جامعہ نُور القرآن وَالسُّنّۃ پل شاہ نال لودھراں

واستاد الحدیث: جامعہ سراجُ العلوم لودھراں

ناشر

مکتبہ امدادیہ ملتان پاکستان

www.KitaboSunnat.com

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

کتاب کے جملہ حقوق بحق ناشر محفوظ ہیں

نام کتاب **مَعَارِفُ الْبَيَانِ فِيْ اِعْرَابِ الْقُرْآنِ** جلد اوّل

سُوْرَةُ الْفَاتِحَةِ تا سُوْرَةُ الْاَنْعَامِ

تالیف : ابواسامہ حضرت مولانا عبدالرحمٰن صاحب لودھروی

ناشر **مکتبہ امدادیہ** ٹی بی ہسپتال روڈ ملتان
فون نمبر ۰۶۱-۴۵۴۴۹۶۵/۰۳۰۰-۷۸۴۸۴۰۲

المکتبۃ الرحمانیۃ
۹۔۔۔ بے ماں ٹاؤن۔ لاہور
فون .....

ملنے کے پتے

☆کتب خانہ مجیدیہ ملتان ☆ادارہ اشاعت الخیر ملتان ☆مکتبہ حقانیہ ملتان
☆مکتبہ رحمانیہ اُردو بازار لاہور فون ۰۴۲_۳۷۲۲۴۴۲۸/۳۷۲۲۱۳۹۵
☆مکتبہ خلیل لاہور
☆مکتبہ العلم اُردو بازار لاہور فون ۰۴۲_۳۷۲۳۱۷۸۸/۳۷۲۱۱۷۸۸
☆قدیمی کتب خانہ بالمقابل آرام باغ کراچی فون ۰۲۱_۳۲۲۱۲۲۲۱/۳۲۲۱۲۲۲۰
☆مکتبہ الشیخ بہادر آباد کراچی
☆کتب خانہ اشرفیہ کراچی فون نمبر ۰۲۱_۳۲۲۱۳۰۵۸
☆دارالاشاعت اُردو بازار کراچی فون نمبر ۰۲۱_۳۲۲۱۳۷۶۸

بتعاون محمد حمزہ صدیق قریشی صاحب

ضروری گذارش

اس کتاب کی تصحیح کی خاطر ہر ممکن کوشش کی گئی ہے اگر اس کے باوجود کہیں کوئی غلطی نظر آئے تو ادارہ کو مطلع فرمائیں تاکہ آئندہ ایڈیشن میں اس کی تصحیح کی جاسکے۔ شکریہ ادارہ

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

فہرست

عنوان	صفحہ نمبر	عنوان	صفحہ نمبر
انتساب	۷	فضیلت ترکیب قرآن مع اظہار حقیقت	۱۲
تقریظ حضرت مولانا عبد القیوم قاسمی صاحب	۸	عرض مؤلف	۱۳
تقریظ حضرت مولانا عبد الغفار تونسوی صاحب	۹	ماخذ و مراجع	۱۵
تقریظ حضرت مولانا محمد میاں صاحب	۱۰	اُمورِ ملحوظہ فی معارف البیان	۱۶
الترجمان فی تسہیل معارف البیان	۱۱		

مقدمۃ الکتاب

فائدہ نمبر (۱) برائے سَوَآءٌ	۱۷	فائدہ نمبر (۱۹) برائے لفظ وَيْلٌ	۲۴
فائدہ نمبر (۲) برائے قِيْلَ کا نائب فاعل	۱۷	فائدہ نمبر (۲۰) برائے افعال مدح وذم کی ترکیب	۲۵
فائدہ نمبر (۳) برائے نائب فاعل	۱۷	فائدہ نمبر (۲۱) برائے ترکیب لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ	۲۵
فائدہ نمبر (۴) برائے ترکیب يٰٓاَيُّهَا	۱۸	فائدہ نمبر (۲۲) برائے حَتّٰى	۲۵
فائدہ نمبر (۵) قاعدہ نحویہ	۱۸	فائدہ نمبر (۲۳) برائے لَمَّا	۲۶
فائدہ نمبر (6) برائے اَمَّا اور اِمَّا	۱۸	فائدہ نمبر (۲۴) برائے حرف اَوْ	۲۶
فائدہ نمبر (۷) مَاذَا کی چار ترکیبیں ہو سکتی ہیں	۱۹	فائدہ نمبر (۲۵) برائے مفعول مطلق	۲۶
فائدہ نمبر (۸) هَلْ کا استعمال چار طریقوں پر	۱۹	مفعول مطلق کے عامل کی کئی قسمیں ہیں	۲۷
فائدہ نمبر (۹) برائے كَيْفَ	۲۰	فائدہ نمبر (۲۶) برائے مباحث شرط و جزاء	۲۷
فائدہ نمبر (۱۰) برائے اِذْ	۲۰	چند مقامات جن میں جزاء پر دخول فَاء واجب ہے	۲۸
اِذَا مفاجاتیہ کے بارے نحویوں کے تین مذاہب	۲۱	فائدہ نمبر (۲۷) برائے لَوْ	۲۹
فائدہ نمبر (۱۱) برائے اسمائے شرط	۲۱	فائدہ نمبر (۲۸) برائے حرف واؤ	۳۰
اَيٌّ کا استعمال چھ (۶) طریقوں پر ہوتا ہے	۲۲	احوال وجوب ذکر واؤ	۳۰
فائدہ نمبر (۱۲) برائے مَا کی دیگر قسمیں	۲۲	احوال امتناع ذکر واؤ	۳۰
فائدہ نمبر (۱۳) برائے جمع شرط و قسم	۲۲	احوال جواز ذکر واؤ	۳۱
فائدہ نمبر (۱۴) برائے مَا زائدہ	۲۳	واؤ کی دیگر اقسام	۳۲
فائدہ نمبر (۱۵) برائے اَفَلَا تَعْقِلُوْنَ	۲۳	فائدہ نمبر (۲۹) برائے حرف اِنْ	۳۳
فائدہ نمبر (۱۶) برائے فَاء	۲۳	فائدہ نمبر (۳۰) برائے مؤنث سماعی	۳۳
فائدہ نمبر (۱۷) برائے ترکیب لَوْلَا فَضْلُ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ	۲۴	فائدہ نمبر (۳۱) برائے لَام	۳۴
		فائدہ نمبر (۳۲) برائے اقسام حرف لَام	۳۴
فائدہ نمبر (۱۸) برائے مَا تعجبیہ	۲۴	فائدہ نمبر (۳۳) برائے بحث مفعول معہ	۳۵

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

فائدہ نمبر(۳۴)برائے اسم تفضیل	۳۶	فائدہ نمبر(۴۳)برائے اسمائے ظروف	۴۱
فائدہ نمبر(۳۵)برائے مکان	۳۷	مُذ اور مُنذُ کی تین حالتیں ہیں	۴۲
فائدہ نمبر(۳۶)برائے حروف جر	۳۷	فائدہ نمبر(۴۴)برائے اقسام جملہ	۴۳
فائدہ نمبر(۳۷)برائے اوزان مخصوصہ میں مذکر ومؤنث کی مساوات	۳۸	فائدہ نمبر(۴۵)برائے لٰکِنَّ	۴۳
		فائدہ نمبر(۴۶)برائے لفظ طَیِّبَۃ	۴۴
فائدہ نمبر(۳۸)برائے افعال مقاربہ	۳۸	فائدہ نمبر(۴۷)برائے نون وقایہ	۴۴
فائدہ نمبر(۳۹)برائے مبتداء وخبر	۳۹	فائدہ نمبر(۴۸) لَا مَحَالَ نَهَاوِنَ الْاَعْرَابِ جملے	۴۴
وہ مقامات جن میں کبھی مبتداء واقع ہو سکتا ہے	۳۹		
وہ مقامات جن میں مبتداء کو حذف کرنا کثیر ہے	۴۰	محل اعراب جملوں کی سات قسمیں ہیں	۴۴
فائدہ نمبر(۴۰)برائے حرف لَا	۴۰	فائدہ نمبر(۴۹)برائے فرق بین الحال والتمیز	۴۵
فائدہ نمبر(۴۱)برائے حرف مَنْ	۴۱	فائدہ نمبر(۵۰)برائے کُلّ استغراقیہ وکُلّ خبریہ	۴۶
فائدہ نمبر(۴۲)برائے کلون	۴۱		
ترکیب سُوْرَۃُ الْفَاتِحَۃِ مَعَ تَعَوُّذ وَتَسْمِیَہ			۴۷

سُوْرَۃُ الْبَقَرَۃ

ترکیب رکوع نمبر۱	۴۸	ترکیب رکوع نمبر۱۶	۹۳
ترکیب رکوع نمبر۲	۴۹	ترکیب رکوع نمبر۱۷	۹۸
ترکیب رکوع نمبر۳	۵۳	ترکیب رکوع نمبر۱۸	۱۰۱
ترکیب رکوع نمبر۴	۵۷	ترکیب رکوع نمبر۱۹	۱۰۳
ترکیب رکوع نمبر۵	۶۱	ترکیب رکوع نمبر۲۰	۱۰۶
ترکیب رکوع نمبر۶	۶۳	ترکیب رکوع نمبر۲۱	۱۰۸
ترکیب رکوع نمبر۷	۶۷	ترکیب رکوع نمبر۲۲	۱۱۲
ترکیب رکوع نمبر۸	۶۹	ترکیب رکوع نمبر۲۳	۱۱۴
ترکیب رکوع نمبر۹	۷۲	ترکیب رکوع نمبر۲۴	۱۱۹
ترکیب رکوع نمبر۱۰	۷۵	ترکیب رکوع نمبر۲۵	۱۲۳
ترکیب رکوع نمبر۱۱	۷۸	ترکیب رکوع نمبر۲۶	۱۲۷
ترکیب رکوع نمبر۱۲	۸۲	ترکیب رکوع نمبر۲۷	۱۳۱
ترکیب رکوع نمبر۱۳	۸۵	ترکیب رکوع نمبر۲۸	۱۳۴
ترکیب رکوع نمبر۱۴	۸۸	ترکیب رکوع نمبر۲۹	۱۳۷
ترکیب رکوع نمبر۱۵	۹۱	ترکیب رکوع نمبر۳۰	۱۳۹

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

ترکیب رکوع نمبر۳۱	۱۴۳	ترکیب رکوع نمبر۳۶	۱۵۸
ترکیب رکوع نمبر۳۲	۱۴۶	ترکیب رکوع نمبر۳۷	۱۶۱
ترکیب رکوع نمبر۳۳	۱۴۹	ترکیب رکوع نمبر۳۸	۱۶۵
ترکیب رکوع نمبر۳۴	۱۵۳	ترکیب رکوع نمبر۳۹	۱۶۸
ترکیب رکوع نمبر۳۵	۱۵۵	ترکیب رکوع نمبر۴۰	۱۷۱

سُوْرَۃُ اٰلِ عِمْرَانَ

ترکیب رکوع نمبر۱	۱۷۴	ترکیب رکوع نمبر۱۱	۲۰۹
ترکیب رکوع نمبر۲	۱۷۶	ترکیب رکوع نمبر۱۲	۲۱۲
ترکیب رکوع نمبر۳	۱۸۰	ترکیب رکوع نمبر۱۳	۲۱۷
ترکیب رکوع نمبر۴	۱۸۴	ترکیب رکوع نمبر۱۴	۲۲۰
ترکیب رکوع نمبر۵	۱۸۹	ترکیب رکوع نمبر۱۵	۲۲۳
ترکیب رکوع نمبر۶	۱۹۳	ترکیب رکوع نمبر۱۶	۲۲۵
ترکیب رکوع نمبر۷	۱۹۶	ترکیب رکوع نمبر۱۷	۲۲۹
ترکیب رکوع نمبر۸	۱۹۸	ترکیب رکوع نمبر۱۸	۲۳۵
ترکیب رکوع نمبر۹	۲۰۲	ترکیب رکوع نمبر۱۹	۲۳۹
ترکیب رکوع نمبر۱۰	۲۰۶	ترکیب رکوع نمبر۲۰	۲۴۲

سُوْرَۃُ النِّسَآءِ

ترکیب رکوع نمبر۱	۲۴۷	ترکیب رکوع نمبر۱۳	۲۸۷
ترکیب رکوع نمبر۲	۲۵۱	ترکیب رکوع نمبر۱۴	۲۹۰
ترکیب رکوع نمبر۳	۲۵۵	ترکیب رکوع نمبر۱۵	۲۹۲
ترکیب رکوع نمبر۴	۲۵۸	ترکیب رکوع نمبر۱۶	۲۹۴
ترکیب رکوع نمبر۵	۲۶۱	ترکیب رکوع نمبر۱۷	۲۹۶
ترکیب رکوع نمبر۶	۲۶۳	ترکیب رکوع نمبر۱۸	۲۹۸
ترکیب رکوع نمبر۷	۲۶۷	ترکیب رکوع نمبر۱۹	۳۰۱
ترکیب رکوع نمبر۸	۲۷۱	ترکیب رکوع نمبر۲۰	۳۰۴
ترکیب رکوع نمبر۹	۲۷۴	ترکیب رکوع نمبر۲۱	۳۰۸
ترکیب رکوع نمبر۱۰	۲۷۸	ترکیب رکوع نمبر۲۲	۳۱۱
ترکیب رکوع نمبر۱۱	۲۸۰	ترکیب رکوع نمبر۲۳	۳۱۴
ترکیب رکوع نمبر۱۲	۲۸۵	ترکیب رکوع نمبر۲۴	۳۱۸

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

سُوْرَةُ الْمَآئِدَةِ

ترکیب رکوع نمبر۔۔۔۱	۳۲۱	ترکیب رکوع نمبر۔۔۔۹	۳۴۹
ترکیب رکوع نمبر۔۔۔۲	۳۲۵	ترکیب رکوع نمبر۔۔۔۱۰	۳۵۳
ترکیب رکوع نمبر۔۔۔۳	۳۲۸	ترکیب رکوع نمبر۔۔۔۱۱	۳۵۸
ترکیب رکوع نمبر۔۔۔۴	۳۳۲	ترکیب رکوع نمبر۔۔۔۱۲	۳۶۱
ترکیب رکوع نمبر۔۔۔۵	۳۳۵	ترکیب رکوع نمبر۔۔۔۱۳	۳۶۴
ترکیب رکوع نمبر۔۔۔۶	۳۳۸	ترکیب رکوع نمبر۔۔۔۱۴	۳۶۷
ترکیب رکوع نمبر۔۔۔۷	۳۴۳	ترکیب رکوع نمبر۔۔۔۱۵	۳۷۱
ترکیب رکوع نمبر۔۔۔۸	۳۴۷	ترکیب رکوع نمبر۔۔۔۱۶	۳۷۵

سُوْرَةُ الْاَنْعَامِ

ترکیب رکوع نمبر۔۔۔۱	۳۷۸	ترکیب رکوع نمبر۔۔۔۱۱	۴۱۱
ترکیب رکوع نمبر۔۔۔۲	۳۸۱	ترکیب رکوع نمبر۔۔۔۱۲	۴۱۴
ترکیب رکوع نمبر۔۔۔۳	۳۸۴	ترکیب رکوع نمبر۔۔۔۱۳	۴۱۷
ترکیب رکوع نمبر۔۔۔۴	۳۸۸	ترکیب رکوع نمبر۔۔۔۱۴	۴۲۱
ترکیب رکوع نمبر۔۔۔۵	۳۹۳	ترکیب رکوع نمبر۔۔۔۱۵	۴۲۵
ترکیب رکوع نمبر۔۔۔۶	۳۹۶	ترکیب رکوع نمبر۔۔۔۱۶	۴۲۹
ترکیب رکوع نمبر۔۔۔۷	۳۹۸	ترکیب رکوع نمبر۔۔۔۱۷	۴۳۴
ترکیب رکوع نمبر۔۔۔۸	۴۰۰	ترکیب رکوع نمبر۔۔۔۱۸	۴۳۷
ترکیب رکوع نمبر۔۔۔۹	۴۰۴	ترکیب رکوع نمبر۔۔۔۱۹	۴۴۰
ترکیب رکوع نمبر۔۔۔۱۰	۴۰۹	ترکیب رکوع نمبر۔۔۔۲۰	۴۴۳

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

الانتساب

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

حضرت والد حافظ حبیب اللہ صاحب رحمۃ اللہ رحمۃ کاملۃ المتوفی ۸ جون ۲۰۲۰ء بمطابق ۱۵ شوال المکرم ۱۴۴۱ھ بروز پیر جب حیات پور میں امام و خطیب تھے انہوں نے خواب دیکھا کہ ایک مجلس میں نبی اقدس ﷺ اور حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ اور دیگر صحابہ کرام رضی اللہ عنہم اجمعین موجود ہیں اور والد صاحبؒ نے فقیر سے فرمایا کہ عبدالرحمٰن تو بھی اس مجلس میں موجود تھا۔ اور فرمایا کہ نبی کریم ﷺ دودھ کا پیالہ فقیر کے والد صاحبؒ کو عطا فرمانے لگے تو حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ نے مشورہ دیا کہ یا رسول اللہ حبیب اللہ کو پیالہ نہ دو بلکہ اس کے بیٹے عبدالرحمٰن کو عطا فرما دو تو نبی کریم ﷺ نے دودھ کا پیالہ خواب میں فقیر کو عطا فرمایا۔ انتہی رؤیا والدی

اور دودھ کی تعبیر علم سے ہے اور اس زمانہ میں فقیر عبدالرحمٰن جامعہ خیر المدارس میں دورہ حدیث کا طالب علم تھا۔ جناب صدیق اکبر رضی اللہ عنہ کی شفقت اور مشورہ سے رحمۃ للعالمین ﷺ نے والد صاحبؒ کے خواب میں جو کرم نوازی فرمائی تھی اسی کا نتیجہ ہے کہ عرصہ ۲۸ سال سے فقیر قرآن و سنت کی خدمت میں مصروف ہے۔ اور فقیر کی تالیف شدہ متعدد کتب منصہ شہود پر آچکی ہیں ورنہ فقیر کی ذاتی حیثیت "من آنم کہ من دانم" اور معارف البیان فی اعراب القرآن بھی اسی مذکورہ خواب کی تعبیر ہی ہے۔

اسی لئے فقیر اپنی اس تالیف کو سید الکونین فخر موجودات جناب محمد رسول اللہ ﷺ کی ذات مبارکہ اور امیر المومنین خلیفہ اوّل سیدنا حضرت ابو بکر رضی اللہ عنہ کی ذات محترمہ اور والدین مرحومین کی ذوات مشفقہ اور جامعہ سراج العلوم بلیں درجہ حفظ و درجہ اولیٰ تک، اور جامعہ اسلامیہ باب العلوم بلیں درجہ ثالثہ، اور جامعہ دارالعلوم مدنیہ بہاولپور میں درجہ ثانیہ ورابعہ اور جامعہ خیر المدارس ملتان میں دورہ حدیث تک کے تمام اساتذہ کرام کی ذوات مرشدہ کی طرف منسوب کرنے کی سعادت حاصل کرتا ہے۔۔۔۔ زہے عزو شرف گر قبول افتد

وَصَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰى عَلٰى خَيْرِ خَلْقِهٖ مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى آلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَاَهْلِ بَيْتِهٖ اَجْمَعِيْنَ

فقیر عبدالرحمٰن لودھروی

جامعہ نور القرآن والسنۃ لودھراں

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

تقریظ

حضرت مولانا عبدالقیوم قاسمی صاحب

مدیر مدرسہ معارف اسلامیہ سعید آباد کراچی

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم نَحْمَدُہٗ وَنُصَلِّیْ عَلٰی رَسُوْلِہِ الْکَرِیْمِ :اَمَّا بَعْدُ حق تعالیٰ شانہ کا خصوصی فضل وکرم ہے کہ ہمارے مدرسہ معارف اسلامیہ جس کی بنیاد حکیم العصر حضرت مولانا محمد یوسف لدھیانوی رحمۃ اللہ نے اپنی پر خلوص دعاؤں سے رکھی تھی الحمد للہ اس ادارہ سے جس طرح قرآن کریم اور دورہ حدیث شریف اور دیگر علوم سے طلبہ وطالبات مستفید ہو کر دینی خدمات سرانجام دے رہے ہیں اسی طرح ادارہ ھٰذا کا شعبہ تصنیف وتالیف بھی کافی حد تک شہرت کا حامل ہے اس سے قبل ادارہ ھٰذا کی کئی کتب جید علماء سے داد تحسین حاصل کر چکی ہیں۔ اس وقت زیر نظر کتاب معارف البیان فی اعراب القرآن جو قرآن کریم کی ترکیب پر مشتمل جامع مکمل تالیف ہے۔ قرآن کریم کی تفسیر پر اس وقت لاکھوں سے متجاوز تفاسیر ہیں اوران میں کچھ تفاسیر ایسی بھی ہیں جن میں ترکیب قرآن پر کلام کیا گیا ہے، مگر اکثر وبیشتر عربی زبان میں ہیں جن سے کم استعداد کے طلبہ صحیح معنی میں فائدہ حاصل نہیں کر سکتے ہمارے مدرسہ کے شیخ الحدیث حضرت اقدس مولانا عبدالرحمٰن صاحب دامت برکاتہم العالیہ نے اُن طلبہ پر شفقت فرماتے ہوئے ہماری اس دیرینہ خواہش پر قلم اٹھایا اوراپنی پاکیزہ علمی خدمت کو علماء اور طلباء کے لئے یکساں مفید بنایا اور اکابر کے علوم کو چن چن کر معارف البیان میں جمع فرمایا۔ بلامبالغہ یہ کہا جاسکتا ہے کہ یہ ترکیب قرآن دوسری تراکیب سے مستغنی کر دے گی اِنْشَآءَ اللہ

اللہ تعالیٰ حضرت مولانا کے علوم ومعارف سے جملہ مسلمانوں کو نفع دے اوران کے لئے ذخیرہ آخرت بنائے۔۔۔ آمین فجزاہ اللہ عنا وعن جمیع المسلمین خیر الجزاء

والسلام

عبدالقیوم قاسمی غفرلہ

مدیر مدرسہ معارف اسلامیہ سعید آباد کراچی

۲۳,۱۱,۲۰۱۳

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

تقریظ مبارک

از مولانا محمد عبد الغفار تونسوی حفظہ اللہ تعالیٰ

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ وَالصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلٰى سَيِّدِ الْمُرْسَلِيْنَ وَخَاتَمِ الْاَنْبِيَآءِ

اَمَّا بَعْدُ:

بندہ ہر سال مدرسہ عربیہ معارف اسلامیہ کراچی مناظرہ پڑھانے کے لئے حاضر ہوتا ہے، محترم ومکرم حضرت مولانا عبدالرحمن صاحب لقمبدی شیخ الحدیث جامعہ ہذا سے ہر سال ملاقات کا شرف حاصل ہوتا ہے، مولانا موصوف از حد درجے کے ذہین وذکی استعداد ہونے کے ساتھ ساتھ متعدد کتب کے مصنف ومؤلف بھی ہیں، جنہوں نے کئی کتب کے تراجم وحواشی وشروحات تحریر کرکے اہل علم کی تشنگی وپیاس کو بجھایا ہے۔

حال ہی میں انہوں نے قرآنِ مقدس کو نحوی ترکیب کے ساتھ تحریر کرکے علماء وصلحاء کی دیرینہ خواہش کو پایہ تکمیل تک پہنچانے کی سعی بلیغ فرمائی ہے، خصوصاً وہ حضرات جو ہر سال دورہ تفسیر پڑھاتے ہیں ان کے لئے یہ نحوی ترکیب "سونے پہ سہاگہ" کا کام دے گی، کیونکہ قرآن مقدس کی نحوی ترکیب کے بارے پاکستان میں کسی عالم نے اس وقت تک قلم نہیں اٹھایا۔ یہ حضرت مولانا عبدالرحمن صاحب موصوف ہی ہیں جنہوں نے علماء وطلباء کے افادے کے لئے اس موضوع پر قلم اٹھایا ہے، اور قرآن مقدس کی یہ خدمت وسعادت انہیں کے حصہ میں آئی ہے۔

اللہ تعالیٰ موصوف کی محنت وکاوش کو اپنی بارگاہ میں قبول فرمائیں اور زیادہ سے زیادہ انہیں قرآن وسنت کی خدمت کرنے کی توفیق عطا فرمادیں۔۔۔ آمین

محتاج دعا

(مولانا) محمد عبد الغفار تونسوی

۹ شعبان المعظم ۱۴۳۵ھ

۸ جون ۲۰۱۴ء

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

تقریظ مبارک

استاذ العلماء حضرت مولانا محمد میاں صاحب مدظلہ

مدیر و شیخ الحدیث جامعہ سراج العلوم عیدگاہ لودھراں

بسم اللہ تعالیٰ

بندہ نے حضرت مولانا عبدالرحمٰن صاحب سینئر مدرس جامعہ سراج العلوم لودھراں کی خدمتِ قرآن عظیم بصورت تراکیبِ قرآن مختلف مقامات سے دیکھی ہے جو کہ طلباء کے لئے ہی نہیں بلکہ علماء کرام و مدرسین حضرات کے لئے بھی انتہائی مفید ہے۔

اللہ تعالیٰ مولانا موصوف کی اس خدمت قرآن عظیم کو مفید و مقبول بنائے۔۔۔ آمین

(مولانا) محمد میاں

خادم جامعہ سراج العلوم لودھراں

۰۱،۰۹،۲۰۲۰

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

اَلتَّرْجَمَان
فِیْ
تَسْهِیْلِ مَعَارِفُ الْبَیَان

افادات

استاذ العلماء شیخ الحدیث حضرت مولانا ابو اسامہ عبد الرحمٰن صاحب لودھروی حفظہ اللہ

فاضل: جامعہ خیر المدارس ملتان

مدیر: جامعہ نور القرآن والسنۃ پل شاہ نال لودھراں

واستاذ الحدیث: جامعہ سراج العلوم لودھراں

کاتب و مرتب

مولانا محمد سلمان دہلوی

فاضل: الجامعۃ البنوریۃ العالمیۃ سائٹ کراچی

ناشر

مَکْتَبَہ اِمْدَادِیَہ ملتان پاکستان

فون نمبر

061.4544965::0300.7828400

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

فضیلت ترکیب قرآن مع اظہار حقیقت

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ وَالصَّلٰوۃُ عَلٰی رَسُوْلِہٖ اَمَّا بَعْدُ: حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے منقول ہے تَعَلَّمُوا السُّنَّۃَ وَالْفَرَائِضَ وَاللَّحْنَ کَمَا تَعَلَّمُوْنَ الْقُرْآنَ اور اس حدیث کا معنی یہ ہے کہ تم علم نحو سیکھو کیونکہ اس میں جانب قرآن اور اس کے معانی اور حدیث اور سنت کے معانی کا علم ہے۔ اور جو شخص نحو کو نہیں پہچانے گا وہ اکثر کتاب اللہ کو نہیں پہچانے گا اور اکثر سنن کو نہیں پہچانے گا۔

☆ اور علامہ زمخشری کی رائے یہ ہے کہ اکثر اصول فقہ کے ابواب اور اصول فقہ کے مسائل میں گفتگو علم اعراب پر مبنی ہے۔

☆ اعراب اور تعریب دونوں کا معنی ایک ہے یعنی ظاہر کرنا اور اعراب کو اعراب اس لئے کہتے ہیں کہ وہ بھی بیان کرتا ہے اور ظاہر کرتا ہے

☆ علامہ ابو بکر بن انباری رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ نبی کریم ﷺ اور صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین اور تابعین سے قرآن کریم کے اعراب کی فضیلت اور اس کی تعلیم کی ترغیب اور لحن کی مذمت اور کراہت منقول ہے اس لئے قراء القرآن پر واجب ہے کہ وہ اعراب القرآن کو سیکھنے میں اپنی جانوں کو مشقت میں ڈالیں۔ چنانچہ مستدرک حاکم میں حدیث ابی ہریرہ ہے نبی کریم ﷺ نے فرمایا اَعْرِبُوا الْقُرْآنَ وَالْتَمِسُوْا غَرَائِبَہٗ اور کنز العمال میں ایک حدیث مذکور ہے اَعْرِبُوا الْکَلَامَ کَیْ تَعْرِبُوا الْقُرْآنَ اور اسی طرح کنز العمال میں حدیث انس رضی اللہ عنہ مرفوعاً ہے مَنْ قَرَءَ الْقُرْآنَ مُتَعَرِّبًا بِاِعْرَابٍ کَانَ لَہٗ بِکُلِّ حَرْفٍ فَضْلُ اَرْبَعِیْنَ حَسَنَۃً

☆ اور ابن عطیہ فرماتے ہیں شریعت میں اعراب القرآن اصل ہے اس لئے کہ شریعت معانی قرآن کا نام ہے اور وہ اعراب القرآن سے قائم ہوتے ہیں

☆ اور علامہ عکبری فرماتے ہیں قرآن کریم کے معنی پر واقف ہونا اور اغراض قرآن کی وضاحت کا سب سے سیدھا راستہ اعراب القرآن کو پہچاننا ہے۔ اور اسی وجہ سے اسرار القرآن کی وضاحت کرنے والے پر لغت عربیہ میں نظر کرنا اور معرفت اعراب ضروری ہے اور عالم اور فقیہ اور محدث پر اعراب کا لحاظ کرنا ضروری ہے اس لئے کہ اعراب کے مختلف ہونے سے معنی تبدیل اور مختلف ہو جاتا ہے۔

☆ اور بعض حضرات فرماتے ہیں کہ اعراب کلام کا زیور اور اس کی زینت اور اس کی خوبصورتی ہے اور علماء نے وجوہ اعراب اور معانی قرآن کو جاننے والے عالم کی تعریف کی ہے۔ اسی لئے علماء نے اعراب القرآن کے بارے میں ہر زمانہ میں کتب جلیلہ لکھی ہیں اور قدیماً و حدیثاً اعراب القرآن پڑھنے پڑھانے پر علماء نے بہت محنت فرمائی ہے مثلاً اعراب القرآن عبد الرحمٰن انباری اور اعراب القرآن حسین بن ابی العز الہمدانی اور اعراب ما من بہ الرحمٰن من وجوہ الاعراب اور اَلدُّرُّ الْمَصُوْن لعلامہ حلبی اور اس کے علاوہ بھی اس علم میں بہت کتابیں لکھی گئی ہیں مگر وہ تمام کتب عربی زبان میں ہیں جن سے فائدہ اٹھانا اہل عجم کے عوام الناس تو عوام الناس رہے اکثر علماء التحصیل حضرات کے لئے بھی فائدہ اٹھانا مشکل تھا اس لئے فقیر کے دل میں عرصہ دراز سے یہ آرزو تھی کہ اعراب القرآن جو کہ عربی زبان میں محفوظ ہے اس کو پاک و ہند کی اکثری زبان لغت اردو میں منتقل کیا جائے تو جب فقیر مدرسہ معارف اسلامیہ

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

کراچی میں مدرس تھا تو تقریباً ۱۹۹۳ء میں اس عظیم کام کی ابتداء کی گئی جو کہ تقریباً ۱۴ سال میں یہ کاوش مکمل ہوئی اور الحمد للہ اس عظیم کام میں ہم نے اپنی وسعت کے مطابق بہت کوشش کی ہے مگر ہماری کوشش درست ہو تو یہ اللہ تعالیٰ کا فضل ہے اور اگر کہیں کوئی لغزش اور کمزوری پائی جائے تو كُلُّ بَنِي آدَمَ خَطَّاءٌ ہے اور خَيْرُ الْخَطَّائِينَ التَّوَّابُونَ ہے۔ اور ہم اللہ تعالیٰ سے یہ سوال کرتے ہیں کہ وہ ایسے علماء کا ہمارے لئے انتظام فرمائے جو ہماری محنت میں واقع ہونے والی خطاؤں پر ہمیں مطلع فرمائیں۔ اور ہم نے اپنی اس جہد تعمیر کا نام "معارف البیان فی اعراب القرآن" رکھا ہے۔

اور اس اعراب القرآن کی تالیف میں جن حضرات نے بھی کسی بھی صورت میں فقیر کے ساتھ تعاون فرمایا ہے اللہ تعالیٰ ان تمام احباب کو دونوں جہاں میں اپنی شایان شان جزائے خیر عطا فرمائے۔ اور ان تمام حضرات کو اور فقیر کو اور ہمارے خاندانوں کو اور اساتذہ اور تلامذہ کو اپنی رضا عطا فرماتے ہوئے دنیا و آخرت کی ہر ذلت اور ندامت اور مخلوق سے محفوظ فرمائے۔ بالخصوص مدرسہ معارف اسلامیہ کے مدیر مولانا عبدالقیوم قاسمی صاحب حفظہ اللہ اور بابائے نیک محمد ہلوچ صاحب رحمۃ اللہ علیہ اور مولانا محمد سلمان دہلوی صاحب حفظہ اللہ فاضل الجامعۃ البنوریۃ العالمیۃ۔ آخر الذکر یعنی مولوی سلمان صاحب نے جمعرات اور جمعہ کی چھٹی کے اوقات کو فضول کاموں اور دوستیوں میں خرچ کرنے کی بجائے اعراب القرآن کو لکھنے کے لئے وقف کیا اور ان کی محنت سے اس عظیم کام کی تکمیل میں آسانی ہوئی ہے۔ اللہ تعالیٰ ان کی یہ محنت قبول فرمائے اور ان کے لئے اور ان کے والدین کے لئے فلاح دارین کا ذریعہ بنائے اور آخر میں ایک اور اپنے خاص دوست اور محسن کا شکریہ ادا کرنا ضروری سمجھتا ہوں جن کی محبت اور شفقت عرصہ پندرہ سال سے جاری ہے میرے مربی مراد بھائی و قاری احمد اعوان مالک ہوٹل ملکہ ہوٹل سعید آباد کراچی میں کئی پاروں کی ترکیب اور تخریج القراءۃ شرح دروس البلاغۃ کے مسودہ کا اکثر حصہ ان کی محبت میں ملکہ ہوٹل کی بالائی منزل پر تصنیف کیا گیا ہے۔ اللہ تعالیٰ ان کو اور ان کے خاندان کو خدمت دین کے لئے قبول فرمائے

"رَحِمَ اللّٰهُ عَبْدًا قَالَ اٰمِيْنَ"

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

عرض مؤلف

اور خاکسار فقیر عبدالرحمٰن بن حافظ حبیب اللہ اللہ تعالیٰ کے احسان و فضل کا جتنا بھی شکر ادا کرے وہ کم ہے کہ لاریب و بے نظیر کتاب کی ترکیب اس کے ہاتھوں تکمیل کو پہنچی ہے اور ارباب علم و بصیرت کی خدمت میں باادب التماس ہے کہ اگر اس ترکیب میں اُن کی نظر سے کوئی غلطی یا لغزش گزرے تو براہ کرم فقیر حقیر کو اس سے آگاہ فرمائیں تاکہ آئندہ اس کی اصلاح کر دی جائے۔ ورنہ میں بخوبی جانتا ہوں کہ ترکیب القرآن کے بارگراں کا تحمل میری طاقت سے بہت بڑھ کر تھا۔ مگر ایک علمی خدمت سمجھ کر اور خادمانِ قرآن کریم میں شامل ہونے کے لئے میں نے اس کام کو انجام دیا ہے۔ اور ربّ العالمین کا شکر ہے کہ یہ کام تکمیل کو پہنچا "وَالْعُذْرُ عِنْدَ كِرَامِ النَّاسِ مَقْبُولٌ" اور میں اللہ جلّ جلالہ سے بعجز و زاری عرض کرتا ہوں کہ جس طرح اس نے احسان فرما کر اعراب القرآن کی مجھ سے تکمیل کرا دی ہے اسی طرح اس کو شرف قبول عام عطا فرما کر اپنی نعمت مجھ پر کامل بنائے اور ہمیں اپنے رسول اشرف الانبیاء ﷺ کے متبعین میں سابقین اولین کے گروہ میں داخل فرمائے

یا اللہ آپ ہماری اس امید کو پورا فرمانا کیونکہ آپ ایسے کریم ہیں کہ آپ کے باب کرم سے امیدوار کا خالی ہاتھ آنا محال ہے اور جو آپ کے ماسوا سے منقطع ہو جاتا ہے تو آپ بھی اس کو ہرگز نہیں چھوڑتے۔

وَآخِرُ دَعْوَانَا أَنِ الْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

ماخذ و مراجع

اس اعراب القرآن کی تصنیف و تالیف میں درج ذیل کتب سے استفادہ کیا گیا ہے

(۱) اعراب القرآن الکریم:۔۔۔۔۔۔۔ محی الدین الدرویش

(۲) اعراب القرآن الکریم:۔۔۔۔۔۔۔ محمود صافی

(۳) املاء ما منّ بہ الرحمٰن:۔۔۔۔۔۔۔ ابو البقاء عکبری

(۴) روح المعانی:

(۵) التفسیر المظہری:

(۶) جلالین:

(۷) حاشیہ الجمل:

(۸) تفسیر حقانی:

(۹) دیگر مختلف تفاسیر مثلاً تفسیر کبیر و قرطبی وغیرہ:

(۱۰) مختلف کتب نحو:۔۔۔۔۔۔۔

www.KitaboSunnat.com

اُمُورِ ملحُوظہ فی مَعارِفِ الْبَیان

معارف البیان فی اعراب القرآن میں جن امتیازات و خصوصیات کو مد نظر رکھا گیا ہے ان میں سے بعض درج ذیل ہیں

(۱) دوران ترکیب اصطلاحات اور مشکل تعبیر کی بجائے عام فہم اور آسان انداز تحریر اختیار کیا گیا ہے کیونکہ ہماری محنت سے مستفیدین طلباء کرام ہیں۔ افاضل علماء کے لئے تو اس کتاب کا ہونا نہ ہونا برابر ہے

(۲) جہاں کسی لفظ کی ترکیب میں دو احتمال تھے تو اسہل احتمال کو اختیار کیا گیا ہے۔ مثلاً وَمَا كَانَ لِمُؤْمِنٍ وَّلَا مُؤْمِنَةٍ إِذَا قَضَى اللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗٓ۔ الخ میں اگر اِذَا کو شرطیہ بنائیں تو جزاء محذوف ماننی پڑتی ہے اس لئے اِذَا کو لِمُؤْمِنٍ کے متعلق کا مفعول فیہ بنایا گیا ہے۔

(۳) فعل مجہول کے نائب فاعل کے بعد جو مفعول واقع ہوتا ہے بعض نحوی اس کو مفعول بہ اور بعض اس کو مفعول ثانی سے تعبیر کرتے ہیں ہم نے ترکیب میں تعبیر اوّل کو اختیار کیا ہے۔

(۴) ظرف مستقر کو بعض نحوی فعل کے اور بعض شبہ فعل کے متعلق بناتے ہیں ہم نے مختلف مقامات میں دونوں قول پر عمل کیا ہے کبھی ظرف مستقر کا متعلق فعل اور کبھی شبہ فعل مقدر مانا ہے

(۵) مَا مشابہ بلیس کو دوران ترکیب مَا حجازیہ کے نام سے ذکر کیا گیا ہے کیونکہ بنو تمیم کے نزدیک یہ مَا عمل نہیں کرتا ہے۔

(۶) ترکیب تقدیری اور ترکیب تحریری دونوں مذکور ہیں

(۷) ترکیب تقدیری میں اختصار کے لئے حرف با (بمعنی ساتھ) استعمال کیا گیا ہے مثلاً اگر یہ کہا جائے کہ فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ اور مفعول لہ اور مفعول معہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا تو عبارت طویل ہو گی تو یوں تعبیر کیا گیا ہے فعل بافاعل ومفاعیل ثلاثہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

(۸) بعض جن کتب سے خاص ترکیب یا تقدیری عبارت لی گئی ہے اس کتاب کا حوالہ ذکر کیا گیا ہے مثلاً روح المعانی وغیرہ

(۹) مختلف الفاظ کی ترکیب اور اہم نحوی قواعد کو فوائد کے عنوان کے ساتھ مقدمۃ الکتاب کے طور پر شامل اشاعت کیا گیا ہے

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

مقدمۃ الکتاب

فائدہ نمبر(۱) برائے سَوَآءٌ:

یہ لفظ اِسْتَوَآءٌ کے معنی میں ہوتا ہے اور اسم فاعل کے معنی میں ہو کر خبر واقع ہوتا ہے۔ اور جب یہ لفظ ھمزہ تسویہ کے بعد ہو تو اس کے بعد دو کلمہ ضروری ہیں۔ خواہ وہ دونوں کلمہ اسم ہوں، خواہ دونوں کلمہ فعل ہوں، اور جب اس کے بعد دو فعل واقع ہوں اور ھمزہ تسویہ نہ ہو تو اس صورت میں دوسرا فعل پہلے پر حرف عطف اَوْ کے ساتھ معطوف ہوتا ہے جیسے سَوَآءٌ عَلَيَّ قُمْتَ اَوْ قَعَدْتَ۔ اور جب اس کے بعد دو مصدر واقع ہوں تو اس وقت دوسرے مصدر کا پہلے پر واؤ کے ساتھ یا اَوْ کے ساتھ عطف درست ہوتا ہے۔ جیسے: سَوَآءٌ عَلَيَّ قِيَامُكَ وَقُعُوْدُكَ اور سَوَآءٌ عَلَيَّ قِيَامُكَ اَوْ قُعُوْدُكَ

اور ھمزہ تسویہ وہ ھمزہ ہے جو سَوَآءٌ اور مَا اُبَالِيْ اور مَا اَدْرِيْ اور لَيْتَ شِعْرِيْ کے بعد واقع ہوتا ہے اور ھمزہ تسویہ کا ضابطہ یہ ہے کہ یہ وہ ھمزہ ہے جو ایسے جملہ پر داخل ہوتا ہے جس جملہ کی جگہ مصدر کا رکھنا درست ہو جیسا کہ سَوَآءٌ عَلَيْهِمْ ءَاَنْذَرْتَهُمْ اَمْ لَمْ تُنْذِرْهُمْ سَوَآءٌ عَلَيْهِمْ اِنْذَارُكَ وَعَدَمُ اِنْذَارِكَ کی تاویل میں ہے۔

فائدہ نمبر(۲) برائے قِيْلَ کا نائب فاعل:

بعض نحوی قِيْلَ کا نائب فاعل ایسی ھُوَ ضمیر مقدر کو مانتے ہیں جس کا مرجع قِيْلَ کا مصدر قول ہوتا ہے۔ اور بعض نحوی فرماتے ہیں کہ قِيْلَ کے بعد جو جملہ واقع ہوتا ہے وہ نائب فاعل ہوتا ہے اور یہ نحوی فرماتے ہیں کہ جس جملہ سے مراد اس جملہ کا لفظ ہو وہ مفرد کے حکم میں ہوتا ہے اسی وجہ سے وہ جملہ مبتداء واقع ہو جاتا ہے جیسا کہ حدیث میں ہے لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ كَنْزٌ مِّنْ كُنُوْزِ الْجَنَّةِ: اس میں لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ جملہ مفرد کے حکم میں ہے اور مراد لفظ ہو کر مبتدا ہے۔ اور جیسے ایک کہاوت ہے زَعَمُوْا مَطِيَّتُكَ الْكَذِبُ (زَعَمُوْا کا لفظ جھوٹ کی سواری ہے) اس میں زَعَمُوْا جملہ مبتدا ہے۔

فائدہ نمبر(۳) برائے نائب فاعل:

فاعل کو حذف کرنے کے بعد چار چیزوں میں سے کوئی ایک اس کا نائب بن سکتی ہے

(۱) مفعول بہ ہے جیسے: وَغِيْضَ الْمَآءُ وَقُضِيَ الْاَمْرُ میں ہے یہ اصل میں قَضَى اللّٰهُ الْاَمْرَ تھا۔

(۲) مجرور بحرف جر بھی فاعل کا نائب ہو سکتا ہے بشرطیکہ حرف جر تعلیل کے لئے نہ ہو جیسے: لَمَّا سُقِطَ فِيْ اَيْدِيْهِمْ میں ہے ترکیب اس طرح ہو گی فِيْ حرف جر اَيْدِيْهِمْ مرکب اضافی لفظاً حرف جر کی وجہ سے مجرور ہے اور محلاً مرفوع نائب فاعل مگر اس میں یہ بات یاد رہے کہ مجرور بحرف جر اگر مؤنث ہو اور وہ فاعل کا نائب ہو تو اس کا فعل مؤنث نہیں ہو گا بلکہ فعل مذکر باقی رہے گا لہٰذا ذُهِبَتْ بِفَاطِمَةَ نہیں بلکہ ذُهِبَ بِفَاطِمَةَ کہا جائے گا۔

(۳) ظرف متصرف مختص فاعل کا نائب ہو سکتی ہے جیسے: صُمْتَ يَوْمٌ كَامِلٌ اور صِيْمَ رَمَضَانُ اور ظرف متصرف سے مراد وہ ظرف ہے جس کا مسند الیہ بننا درست ہو جیسے: يَوْمٌ وغیرہ اور مختص سے مراد یہ ہے کہ وہ ظرف مفید ہو مبہم نہ ہو۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

اور ظرف کے مختص ہونے کی کئی صورتیں ہیں

(۱): وصف کے ساتھ مختص ہو جیسے: جُلِسَ مَجْلِسٌ مُفِيْدٌ

(۲): اضافت کے ساتھ مختص ہوتی ہے جیسے: نَبِهْتُ لَيْلَةَ الْقَدْرِ

(۳): علمیت کے ساتھ ظرف مختص ہوتی ہے جیسے: صِيْمَ رَمَضَانُ لہٰذا ظروف مبہمہ فاعل کا نائب نہیں بن سکتی

(۴): ایسا مصدر بھی فاعل کا نائب بن سکتا ہے جو متصرف مختص ہو جیسے: فَاِذَا نُفِخَ فِي الصُّوْرِ نَفْخَةٌ وَّاحِدَةٌ میں نَفْخَةٌ نائب فاعل ہے اور یہ ایسا مصدر ہے جو متصرف ہے پھر اس کو مسند الیہ بنانا صحیح ہے اور مختص بھی ہے کیونکہ صفت کے ساتھ موصوف ہے۔ اور مصدر غیر متصرف ان مصادر کو کہا جاتا ہے کہ مصدر ہونے اور مفعول مطلق ہونے کی بناء پر جن کو نصب لازم ہو جیسے: سُبْحَانَ اللّٰهِ۔

فائدہ نمبر(۴) برائے ترکیب یَا اَیُّهَا:

قرآن کریم میں حروف نداء میں سے صرف حرف نداء یَا کے ساتھ منادا واقع ہوئی ہے اور اَیُّ منادیٰ ہے اور حرف هَا برائے تنبیہ ہے اور جو اسم اَیُّهَا کے بعد واقع ہوتا ہے وہ ترکیب میں کیا واقع ہوتا ہے؟ اس بارے میں نحویوں کا اختلاف ہے۔ جمہور نحویوں کے نزدیک وہ اسم معرف باللام اَیُّ کی صفت واقع ہوتا ہے۔ عند البعض اسم معرف باللام اَیُّ سے بدل واقع ہوتا ہے اور جو حضرات اَیُّهَا کو مرکب اضافی بناتے ہیں تو یہ درست نہیں ہے اس لئے کہ منادیٰ مضاف منصوب ہوتا ہے تو اگر اَیُّهَا مرکب اضافی ہوتا تو یہ لفظاً منصوب ہوتا۔

فائدہ نمبر(۵) قاعدہ نحویہ:

جو جمع مؤنث غیر عاقل ہو اس کی صفت جمع مؤنث بھی آسکتی ہے جیسے: جَنّٰتٍ مَّعْرُوْشٰتٍ اور اس کی صفت واحد مؤنث بھی آسکتی ہے۔ اور جو جمع مکسر ذوی العقول پر دال ہو اس کی صفت جمع مؤنث بھی آسکتی ہے اور واحد مؤنث بھی آسکتی ہے جیسے: فِيْهَا اَزْوَاجٌ مُّطَهَّرَةٌ میں ہے۔ اور جب صفت کو موصوف پر مقدم کر دیا جائے تو پھر وہ ذوالحال اور حال کہلاتا ہے جیسے: فِيْهَا قٰصِرٰتُ الطَّرْفِ کے متعلق ہو کر حال ہے اور اَزْوَاجٌ ذوالحال مؤخر ہے اور یہ اصل میں موصوف اور صفت تھے یہی وجہ ہے کہ اس صورت میں ذوالحال کا نکرہ ہونا جائز ہے حالانکہ ذوالحال محکوم علیہ ہوتا ہے اور محکوم علیہ معرفہ ہوتا ہے اور چونکہ ذوالحال اصل میں موصوف تھا مگر جب مؤخر ہو گیا تو ذوالحال بن جاتا ہے۔

فائدہ نمبر(۶) برائے اَمَّا اور اِمَّا:

جب اس شکل کا لفظ شروع کلام میں ہو تو اَمَّا ہوتا ہے اور جب اس شکل کا لفظ شرط اور تفصیل کے لئے ہو اس وقت بھی اَمَّا ہوتا ہے نیز جب اس شکل کے لفظ کے جواب میں فاء ہو تو اَمَّا ہوگا اور اگر اس شکل کا لفظ ایک جملہ میں مکرر ہو تو اِمَّا ہوگا جیسے: اِنَّا هَدَيْنٰهُ السَّبِيْلَ اِمَّا شَاكِرًا وَّاِمَّا كَفُوْرًا نیز اس شکل کے لفظ کے بعد اسی جملہ میں کلمہ اَوْ آجائے تو بھی اِمَّا ہوگا جیسا کہ کتب نحو میں تقسیم کلمہ کی وجہ حصر میں اِمَّا ہوتا ہے۔ اور یہ بات یاد رہے کہ جب اِمَّا مکرر ہو تو پہلے اِمَّا کا نام

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

تردید یہ و تفصیلیہ ہے اور دوسرا فاءؔ عاطفہ ہوتا ہے اور اس سے پہلے واؤ زائدہ کا ہونا شرط ہے اور جو اَمَّا حرف شرط و تفصیل ہو اس کے اور اس کے بعد واقع ہونے والی فاء کے درمیان پانچ چیزوں میں سے ایک کے ساتھ فاصلہ ضروری ہے۔

(۱) مبتدا کا فاصلہ ہو جیسے: فَاَمَّا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا فَیَعْلَمُوْنَ اَنَّهُ الْحَقُّ۔ الخ میں ہے۔

(۲) خبر کا فاصلہ ہو جیسے: اَمَّا فِی الدَّارِ فَعَلِیٌّ۔

(۳) جملہ شرطیہ کا فاصلہ ہو جیسے: فَاَمَّا اِنْ كَانَ مِنَ الْمُقَرَّبِیْنَ فَرَوْحٌ وَّ رَیْحَانٌ وَّ جَنَّتُ نَعِیْمٍ۔

(۴) ایسے اسم منصوب کا فاصلہ ہو جو اَمَّا کے جواب کی وجہ سے منصوب ہو جیسے: فَاَمَّا الْیَتِیْمَ فَلَا تَقْهَرْ۔

(۵) ایسے ظرف کا فاصلہ ہو جو اَمَّا کا معمول ہو کیونکہ اَمَّا میں اس فعل کا معنی پایا جاتا ہے اَمَّا جس فعل کا قائم مقام ہے جیسے: اَمَّا الْیَوْمَ فَاِنِّیْ ذَاهِبٌ

اور اَمَّا تاکید اور شرط کے لئے آتا ہے اور کبھی اَمَّا کا قائم مقام واؤ ہو جاتا ہے جیسے: کہا جاتا ہے وَبَعْدُ یہ اصل میں اَمَّا بَعْدُ ہے اور فَاِمَّا تَرَیِنَّ مِنَ الْبَشَرِ اَحَدًا میں اِمَّا دو حرف سے مرکب ہے اِن شرطیہ اور مَا زائدہ سے مرکب ہے

فائدہ نمبر (۷) برائے مَاذَا:

مَاذَا کی چار ترکیبیں ہو سکتی ہیں۔

(۱) مَا استفہامیہ مبتدا ہو اور ذَا اسم اشارہ ہو اور ذَا کا ما بعد ذَا سے بدل ہو یا عطف بیان ہو، دونوں مل کر خبر ہوں جیسے: مَاذَا اَلْوُقُوْفُ، مَا اسم استفہامیہ مبتدا ذَا اَلْوُقُوْفُ مبدل منہ یا مبین اور عطف بیان مل کر خبر ہے۔

(۲) مَا استفہامیہ مبتدا ہو اور ذَا اسم موصول ہو اور بعد والی عبارت صلہ ہو جیسے: مَاذَا یَزِیْدُوْنَ مَا استفہامیہ مبتدا ذَا اسم موصول اور یَزِیْدُوْنَ اس کا صلہ ہے، موصول باصلہ خبر ہے۔

(۳) مَاذَا پورا مرکب استفہام ہو جیسے لِمَاذَا جِئْتَ

(۴) پورا مَاذَا اسم جنس بمعنی شَیْئًا ہو یا اسم موصول بمعنی اَلَّذِیْ ہو۔

علامہ سیوطی رحمۃ اللہ علیہ نے الاتقان میں اس کے دو استعمال دوسرے بھی ذکر کئے ہیں (۱) مَا زائدہ ہو اور ذَا اسم اشارہ ہو (۲) مَا استفہامیہ ہو اور ذَا زائدہ ہو۔

فائدہ نمبر (۸) برائے هَلْ:

هَلْ کا استعمال چار طریقوں پر ہوتا ہے۔

(۱) هَلْ: قَدْ کے معنی میں ہو جیسے: هَلْ اَتٰى عَلَى الْاِنْسَانِ حِیْنٌ مِّنَ الدَّهْرِ لَمْ یَكُنْ شَیْئًا مَّذْكُوْرًا میں ہے۔

(۲) هَلْ: استفہام کے معنی میں ہو جیسے: فَهَلْ وَجَدْتُّمْ مَّا وَعَدَ رَبُّكُمْ حَقًّا میں ہے۔

(۳) هَلْ: امر کے معنی میں ہو جیسے: فَهَلْ اَنْتُمْ مُّنْتَهُوْنَ کیونکہ یہ اِنْتَهُوْا کے معنی میں ہے۔

(۴) هَلْ: کبھی جحد کے معنی میں ہوتا ہے جیسے: هَلْ جَزَآءُ الْاِحْسَانِ اِلَّا الْاِحْسَانُ میں ہے۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

اور ابن ہشام نے کلمہ ھَلْ کی دس خصوصیات بیان کی ہیں (۱) یہ طلب تصدیق کے لئے آتا ہے (۲) کلام موجب پر داخل ہوتا ہے۔ (۳) مضارع پر داخل ہو تو اس کو مستقبل کے ساتھ خاص کرتا ہے۔ (۴) شرط پر داخل نہیں ہوتا۔ (۵) اِن شرطیہ پر داخل نہیں ہوتا۔ (۶) ایسے اسم پر داخل نہیں ہوتا جس کے بعد فعل ہو۔ (۷) حرف عطف کے بعد واقع ہوتا ہے۔ (۸) اَمْ کے بعد واقع ہوتا ہے۔ (۹) استفہام انکاری کے لئے آتا ہے سوائے ھَلْ جَزَآءُ الْاِحْسَانِ اِلَّا الْاِحْسَانُ کے۔ (۱۰) اور یہ قَدْ کے معنی میں آتا ہے کما مرّ۔

فائدہ نمبر (۹) برائے کَیْفَ :

کَیْفَ ایسا اسم ہے جو مبنی علی الفتح ہے اور اس کا استعمال اکثر استفہام کے لئے ہوتا ہے۔ پھر اگر اس کے بعد اسم واقع ہو تو یہ خبر مقدم ہوتا ہے جیسے: کَیْفَ اَنْتَ اور کَیْفَ کُنْتَ۔ اور اگر اس کے بعد فعل واقع ہو تو پھر کبھی اس فعل کے فاعل یا مفعول سے حال واقع ہوتا ہے جیسے: کَیْفَ جَآءَ اَخُوْکَ میں اَخُوْکَ سے حال مقدم ہے اور جیسے کَیْفَ اَکَلْتَ رَغِیْفًا میں رَغِیْفًا مفعول بہ کا حال واقع ہے۔ اور کبھی بواسطہ موصوف محذوف کے بعد والے فعل کا مفعول مطلق واقع ہوتا ہے جیسے: اَلَمْ تَرَ کَیْفَ فَعَلَ رَبُّکَ بِعَادٍ میں ہے اور یہ اَلَمْ تَرَ فِعْلًا کَائِنًا کَیْفَ کی تاویل میں ہو کر فَعَلَ کا مفعول مطلق ہے۔ اور اگر یہ افعال قلوب سے پہلے واقع ہو تو اِن کا مفعول بہ ثانی مقدم بنتا ہے جیسے: کَیْفَ تَظُنُّ الْاَمْرَ اور یہ ترکیب میں جو بھی واقع ہو افعال عامہ کَوْنٌ "وُجُوْدٌ" ثُبُوْتٌ "حُصُوْلٌ" کا مفعول فیہ ہو کر واقع ہوتا ہے۔ اور کبھی کَیْفَ شرط کے لئے آتا ہے جیسے: کَیْفَ تَفْعَلْ اَفْعَلْ (جیسے تو کرے گا میں کروں گا)

فائدہ نمبر (۱۰) برائے اِذْ :

یہ ظرف زمان زمانہ ماضی کے لئے آتا ہے اور اس کے بعد جملہ واقع ہوتا ہے اور کبھی وہ جملہ حذف کر کے اس کے عوض تنوین لائی جاتی ہے اور اس کو تنوین عوض کہا جاتا ہے جیسے: یَوْمَئِذٍ یَّفْرَحُ الْمُؤْمِنُوْنَ میں ہے اور یہ اصل میں یَوْمَ صَدَّ غُلِبَتِ الرُّوْمُ یَفْرَحُ الْمُؤْمِنُوْنَ ہے۔

❁ کلمہ اِذْ عام طور پر ترکیب میں پانچ چیزوں میں سے ایک چیز واقع ہوتا ہے ❁

(۱) ظرف یعنی مفعول فیہ واقع ہوتا ہے جیسے: فَقَدْ نَصَرَهُ اللّٰهُ اِذْ اَخْرَجَهُ الَّذِیْنَ کَفَرُوْا میں اِذْ نَصَرَ کا مفعول فیہ ہے۔

(۲) اگر یہ آیات کے شروع میں واقع ہو تو مفعول بہ واقع ہوتا ہے جیسے: وَ اِذِ ابْتَلٰۤی اِبْرٰهٖمَ رَبُّهٗ وغیرہ آیات میں ہے

(۳) فعل سے بدل واقع ہوتا ہے جیسے وَاذْکُرْ فِی الْکِتٰبِ مَرْیَمَ اِذِ انْتَبَذَتْ میں ہے اس میں کلمہ اِذْ مَرْیَمَ سے بدل ہے

(۴) مضاف الیہ واقع ہو جیسے: یَوْمَئِذٍ تُحَدِّثُ اَخْبَارَهَا میں اِذْ یَوْمَ کا مضاف الیہ ہے۔

(۵) اور کبھی اِذْ تعلیل کے لئے ہوتا ہے اور اس وقت اس سے ظرفیت والا معنی ختم ہو جاتا ہے۔

(۶) کبھی کلمہ اِذْ مفاجات یعنی اچانک کے معنی کے لئے استعمال ہوتا ہے اور اس صورت میں عام طور پر اس کے بعد بَیْنَ یا بَیْنَمَا واقع ہوتا ہے۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

اور جب کلمہ اِذْ مفاجات کے لئے استعمال ہو اس وقت اس کا اعراب کیا ہو گا تو اس کی تفصیل درج ذیل ہے

عند البعض ظرف زمان و عند البعض ظرف مکان و عند البعض مفاجات کے معنی میں حرف و عند البعض حرف توکید یعنی زائد ہے۔ پھر قائلین ظرفیت میں سے ابن حی رحمۃ اللہ علیہ کے نزدیک اِذْ مفاجاتیہ کا عامل اس کے بعد واقع ہونے والا فعل ہے اور بَیْنَ اور بَیْنَمَا کا عامل محذوف ہے فعل مذکور اس کی تفسیر کرتا ہے وہ تفصیل فی معنی الملبیب۔

❁ اور ایک اِذْ مفاجاتیہ ہوتا ہے اور اس کے بارے میں نحویوں کے تین مذاہب ہیں ❁

(۱) سیبویہ کا مذہب: یہ ہے کہ یہ ظرف مکان یا ظرف زمان ہے اور یہ خبر کا مفعول فیہ ہوتا ہے اور ہم نے اعراب القرآن میں اسی کو اختیار کیا ہے۔

(۲) اہل بصرہ کی ایک جماعت کا مذہب: ان کے نزدیک اِذَا ظرف زمان ہے اور خبر کا مفعول فیہ مقدم ہوتا ہے۔

(۳) اہل کوفہ کا مذہب: یہ ہے کہ اِذَا حرف ہے اور ترکیب میں کچھ نہیں بنتا۔

اور اِذَا مفاجاتیہ جملہ اسمیہ کے ساتھ خاص ہے اور یہ ابتداء کلام میں واقع نہیں ہوتا اور اس کا معنی حال کا ہوتا ہے نہ کہ مستقبل جیسا کہ فَاِذَا هِيَ حَيَّةٌ تَسْعٰى میں ہے۔

فائدہ نمبر (۱۱) برائے اسمائے شرط:

اسمائے شرط میں سے کلمہ مَنْ کے بعد اگر فعل لازم واقع ہو تو یہ مبتدا واقع ہوتا ہے جیسے: مَنْ يَّذْهَبْ اَذْهَبْ مَعَهٗ اسی طرح اگر اس کے بعد فعل متعدی واقع ہو اور اس کا مفعول بہ مذکور ہو تو اس وقت بھی یہ مبتدا بنتا ہے جیسے: مَنْ تَبِعَ هُدَایَ فَلَا خَوْفٌ ۔۔۔ الخ میں ہے۔ پھر عند البعض اس کی خبر فعل شرط ہوتا ہے پھر مبتدا اور خبر مل کر شرط بنتے ہیں۔ اور عند البعض جملہ جزائیہ اس کی خبر واقع ہوتا ہے اور عند البعض فعل شرط و جزاء کا مجموعہ اس کی خبر واقع ہوتا ہے اور بحمد اللہ فقیر نے معارف البیان فی اعراب القرآن میں اسی قول کو مفعول بہ بنایا ہے۔

☆ اور اگر مَنْ کے بعد فعل متعدی واقع ہو اور اس کا مفعول بہ مذکور نہ ہو تو اس وقت یہ فعل شرط کا مفعول بہ مقدم واقع ہوتا ہے جیسے: وَمَنْ يُّهِنِ اللّٰهَ فَمَا لَهٗ مِنْ مُّكْرِمٍ میں کلمہ مَنْ فعل يُهِنِ کا مفعول بہ مقدم ہے۔

☆ اور مَا اسمائی ترکیب مَنْ کی مثل ہے۔

☆ اور مَهْمَا اور حَيْثُمَا اور مَتٰى اور اَيَّانَ اور اَيْنَ اور اَنّٰى ظرف زمان محلاً منصوب ہوتے ہیں۔ اور فعل شرط کا مفعول فیہ مقدم ہوتے ہیں۔

☆ اور كَيْفَمَا فعل شرط کے حال سے بنتا ہے۔

☆ اور اَيٌّ کا اعراب مضاف الیہ کے مطابق ہوتا ہے اگر مضاف الیہ ظرف ہو تو یہ مفعول فیہ بنتا ہے اور اگر مضاف الیہ مصدر ہو تو مفعول مطلق بنتا ہے اور اگر مضاف الیہ ظرف اور مصدر نہ ہو تو پھر یہ مفعول بہ مقدم بنتا ہے۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

❁ فائدہ: أَیٌّ کا استعمال چھ (۶) طریقوں پر ہوتا ہے ❁

(۱) أَیٌّ اسم شرط جازم ہو اس کے اعراب کی تفصیل اوپر لکھی جا چکی ہے۔

(۲) أَیٌّ اسم موصول ہو اور یہ معرب ہوتا ہے اور اس کا اعراب عامل کے مطابق ہوتا ہے لیکن اگر یہ مضاف ہو اور اس کے صلہ کا پہلا جزء محذوف ہو تو اس وقت یہ مبنی بر ضمہ ہوتا ہے۔

(۳) أَیٌّ اسم استفہام ہو جیسے: أَیُّهُمْ یَكْفُلُ مَرْیَمَ میں ہے اور اس کا حکم اس أَیٌّ کی مثل ہے جو اسم موصول ہوتا ہے۔

(۴) اگر یہ نکرہ کے بعد واقع ہوتا ہے تو صفت واقع ہوتا ہے اگر معرفہ کے بعد واقع ہو تو حال واقع ہوتا ہے۔

(۵) أَیٌّ معرف باللام کی ندا کا وسیلہ ہو جیسے: یٰۤاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا میں ہے۔

(۶) أَیٌّ تعجب کے لئے ہوتا ہے جیسے: سُبْحَانَ اللّٰهِ أَیُّ رَجُلٍ هٰذَا میں ہے۔

فائدہ نمبر (۱۲) مَا اسم شرط کے علاوہ بھی مَا کی دیگر قسمیں ہیں:

(۱) مَا کافہ: جو إِنَّ وغیرہ کو عمل سے روکتی ہے جیسے: اِنَّمَاۤ اِلٰهُكُمُ اللّٰهُ وَاحِدٌ میں ہے۔

(۲) مَا زائدہ: جیسے: مِمَّا خَطِیْٓـٰٔتِهِمْ میں ہے۔

(۳) مَا موصولہ: جیسے: بِمَا كَسَبَتْ اَیْدِی النَّاسِ میں ہے۔

(۴) مَا مصدریہ: جیسے: بِمَا كَانُوْا یَكْسِبُوْنَ میں ہے۔

(۵) مَا استفہامیہ اور یہ تین صورتوں میں مبتدا ہونے کی بنا پر محلاً مرفوع ہوتا ہے (۱) جب اس کے بعد اسم ہو جیسے: مَا لَیْلَةُ الْقَدْرِ (۲) جب اس کے بعد فعل لازم ہو جیسے: مَا یَقُوْمُ مَقَامَكَ (کونسی چیز تیرے قائم مقام ہے) (۳) جب اس کے بعد ایسا فعل متعدی ہو جس کا مفعول مذکور ہو جیسے: مَا حَمَلَكَ عَلٰی ذٰلِكَ اور اگر اس کے بعد ایسا فعل متعدی ہو جس کا مفعول مذکور نہ ہو تو یہ محلاً منصوب اس کا مفعول بہ مقدم ہوتا ہے جیسے: مَا قَرَاْتَ اور اگر اس کے بعد فعل ناقص آجائے تو محلاً منصوب خبر مقدم ہوتی ہے جیسے: مَا كَانَ شَانُكَ۔

(۶) مَا تعجبیہ: اس کی تفصیل آئندہ اسباق میں مذکور ہے۔

(۷) مَا نافیہ عاملہ: اس کا بعد مبتدا اور خبر ہونے کی وجہ سے مرفوع ہوتی ہے جیسے: مَا عَلَى الرَّسُوْلِ اِلَّا الْبَلٰغُ میں ہے

(۸) مَا موصوفہ: جیسے: مَرَرْتُ بِمَا یُعْجِبُكَ لَكَ۔

(۹) مَا صفت: جیسے: اَكْرَمْتُهُ بِوَجْهٍ مَّا وَجِیْهٍ۔

(۱۰) مَا تامہ: جو کہ صلہ و موصوف کی محتاج نہیں ہوتی جیسے: اِنْ تُبْدُوا الصَّدَقٰتِ فَنِعِمَّا هِیَ۔

فائدہ نمبر (۱۳) برائے جمع شرط و قسم:

جب شرط اور قسم جمع ہو جائیں اور قسم مقدم ہو تو اس وقت مذکورہ جواب قسم کا جواب ہوگا اور شرط کا جواب محذوف ہوتا ہے جس پر جواب قسم دال ہوتا ہے اور اس کی مثالیں قرآن میں بہت ہیں جیسے لَىِٕنْ اُخْرِجُوْا لَا یَخْرُجُوْنَ مَعَهُمْ میں ہے لَا یَخْرُجُوْنَ

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

جواب قسم ہے کیونکہ اگر جواب شرط ہوتا تو یحذف النون مجزوم ہوتا۔

فائدہ نمبر(۱۴) برائے مَا زائدہ:

مَا متعدد مقامات میں زائد ہوتا ہے

(۱) حرف جر کے بعد جیسے: بِمَا خَطِيئَاتِهِمْ میں ہے۔

(۲) اس جار کے بعد زائد ہوتا ہے جو اسم ہو جیسے: أَيَّمَا الْأَجَلَيْنِ قَضَيْتُ میں ہے۔

(۳) حرف جازم کے بعد زائد ہوتا ہے جیسے: أَيًّا مَّا تَدْعُوا میں ہے۔

(۴) کلمات شرط کے بعد زائد ہوتا ہے خواہ وہ جازم ہو جیسے: أَيْنَ مَا تَكُونُوا يُدْرِكْكُّمُ الْمَوْتُ میں ہے یا جازم نہ ہو جیسے: حَتَّىٰ إِذَا مَا جَاءُوهَا شَهِدَ عَلَيْهِمْ سَمْعُهُمْ میں ہے۔

(۵) مطبوع اور تابع کے درمیان زائد ہوتا ہے جیسے: مَثَلًا مَّا بَعُوضَةً میں ہے۔

☆ **فائدہ** ☆ مَا موصولہ اور استفہامیہ اور مصدریہ اور نافیہ کے درمیان پہچان کا طریقہ یہ ہے کہ جہاں مَا کے بعد لَيْسَ، لَمْ، لَا ہو یا اس سے پہلے إِلَّا ہو تو وہ مَا موصولہ ہوگا جیسے: مَا لَيْسَ فِي بَحِقٍّ "مَا لَا يَعْلَمُونَ" وغیرہ۔ اور جس جگہ مَا کاف تشبیہ کے بعد واقع ہو تو وہ مَا مصدریہ ہوگا۔ اور جس جگہ مَا حرف بَاء کے بعد واقع ہو وہاں اس کے موصولہ اور مصدریہ دونوں ہونے کا احتمال ہوتا ہے جیسے: بِمَا كَانُوا يَظْلِمُونَ میں ہے۔ اور جس جگہ مَا ایسے دو فعلوں کے درمیان واقع ہو کہ ان میں سے پہلا فعل علم یا درایت یا نظر کے باب سے ہو اس جگہ میں مَا کے موصولہ اور استفہامیہ دونوں کا احتمال ہوتا ہے جیسے: مَا أَدْرِي مَا يُفْعَلُ بِي وَلَا بِكُمْ۔ اور جس مقام میں مَا إِلَّا سے پہلے ہو وہ مَا عام طور پر نافیہ ہوتا ہے۔

فائدہ نمبر(۱۵) برائے ہمزہ أَفَلَا تَعْقِلُونَ:

جب ہَمزہ استفہام اور حرف عطف جمع ہو جائیں جیسا کہ أَفَلَا تَعْقِلُونَ میں جمع ہیں تو اس ہَمزہ کے بارے میں دو مذہب ہیں۔

(۱) امام سیبویہ فرماتے ہیں کہ نیت میں ہَمزہ حرف عطف سے مؤخر ہے مگر چونکہ یہ صدارت کلام چاہتا ہے اس لئے ہَمزہ کو حرف عطف پر مقدم کیا گیا۔

(۲) اور علامہ زمخشری کا مذہب یہ ہے کہ فی الحقیقت تقدیم و تاخیر نہیں ہے ہَمزہ کے بعد واقع ہونے والا حرف عطف اپنی جگہ میں واقع ہے اور ہَمزہ اور حرف عطف کے درمیان ایک ایسا جملہ مقدر ہے جس پر بعد کے جملہ کا عطف درست ہے مثلاً یہاں تقدیر عبارت ہوگی أَتَفْعَلُونَ يَا أَتَغْفُلُونَ فَلَا تَعْقِلُونَ۔

فائدہ نمبر(۱۶) برائے فَاء:

فَاء کی کئی قسمیں ہیں (۱) فَاء عاطفہ (۲) فَاء استینافیہ (۳) فَاء جزائیہ جو شرط کی جزاء پر داخل ہوتی ہے (۴) فَاء زائدہ

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

(۵) فَاء فصیحہ اور یہ شرط مقدر کے جواب پر واقع ہوتی ہے اور اس کا ماقبل مابعد کے لئے سبب ہوتا ہے اور جملہ نفیہ میں فاء اکثر فصیحہ ہوتی ہے (۶) فاء تفریعیہ

فائدہ نمبر (۱۷) برائے ترکیب فَلَوْلَا فَضْلُ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ:

ایک لَوْلَا تحضیضیہ ہوتا ہے اور ایک لَوْلَا امتناعیہ ہوتا ہے۔ اور لَوْلَا امتناعیہ جملہ اسمیہ خبریہ کے ساتھ خاص ہے اور اس کے بعد واقع ہونے والا اسم مبتدا ہوتا ہے اور اس کی خبر واجب الحذف ہوتی ہے۔ پھر اگر کلام مثبت ہو تو لَوْلَا کے جواب پر دخول لام کثیر ہوتا ہے جیسے: فَلَوْلَا فَضْلُ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ وَرَحْمَتُهُ لَكُنْتُمْ مِّنَ الْخٰسِرِيْنَ اور اگر کلام منفی ہو تو دیکھا جائے گا کہ اگر کلام میں حرف نفی مَا ہو تو لَوْلَا کے جواب سے لام حذف ہوتا ہے جیسا کہ منتبی کا شعر ہے۔

✿ لَوْلَا مُفَارَقَةُ الْأَحْبَابِ مَا وَجَدَتْ ✿ ✿ لَهَا الْمَنَايَا إِلَى أَرْوَاحِنَا سُبُلًا ✿

(اگر دوستوں کی جدائی (موجود) نہ ہوتی تو ان کے لئے موتیں ہماری روحوں کی طرف راستہ نہ پاتیں)

تو اس میں مَا وَجَدَتْ جواب ہے اور اس پر لام جوابیہ داخل نہیں ہے۔ اور اگر کلام میں حرف نفی مَا کے علاوہ کوئی دیگر حرف ہو تو اس وقت لَوْلَا کے جواب سے لام کو حذف کرنا واجب ہے تاکہ دو لام جمع نہ ہو جائیں جیسا کہ ایک شعر ہے۔

✿ عُوجِي عَلَيْنَا رُبَّةَ الْهَوْدَجِ ✿ ✿ لَوْلَاكِ فِي ذَا الْعَامِ لَمْ أَحْجُجِ ✿

(ہم پر ٹھہر جا اے ہودج کی مالک اگر تو موجود نہ ہوتی تو میں اس سال میں حج نہ کرتا)

فائدہ نمبر (۱۸) برائے مَا حجازیہ:

مَا حجازیہ یہ وہی مَا مشابہ بلیس ہے اور اس کا نام حجازیہ اس لئے ہے کہ یہ اہل حجاز کی لغت میں لَيْسَ کا عمل کرتی ہے اور بنو تمیم کی لغت میں یہ مَا نافیہ غیر عاملہ ہے اور مَا حجازیہ کے عمل کرنے کی چار شرطیں ہیں

(۱) اس کی خبر اس کے اسم پر مقدم نہ ہو ورنہ یہ عمل نہیں کرے گی۔

(۲) اس کی خبر کا معمول اس کے اسم پر مقدم نہ ہو ورنہ یہ عمل ہو گی جیسے: مَا بِكَ أَنَا مُنْتَصِرٌ

(۳) مَا کے بعد حرف إِنْ زائدہ نہ ہو ورنہ عمل نہیں کرے گی۔

(۴) مَا کی نفی إِلَّا کے ساتھ ختم نہ ہوتی ہو ورنہ یہ عمل نہیں کرے گی۔ جیسے: وَمَا مُحَمَّدٌ إِلَّا رَسُوْلٌ میں مَا حرف مہمل ہے اور مَا حجازیہ کا عمل یہ ہے کہ یہ اسم کو رفع اور خبر کو نصب دیتی ہے۔

فائدہ نمبر (۱۹) برائے لفظ وَيْلٌ:

جب یہ اسم کسی دوسرے اسم کی طرف مضاف ہو تو اس وقت یہ مفعول مطلق ہونے کی بناء پر منصوب ہوتا ہے اور اس کا عامل ناصب مقدر ہوتا ہے۔ اور جب یہ مضاف نہ ہو تو پھر اس میں احسن وجہ مبتدا ہونے کی بناء پر رفع ہے اور نکرہ ہونے کے باوجود اس کا مبتدا ہونا اس لئے جائز ہے کہ اس میں دعا والا معنی پایا جاتا ہے تو اس میں تخصیص آجاتی ہے۔ اور اگر یہ جہنم کی وادی کا نام

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

ہو تو پھر یہ معرفہ ہے تو پھر اس لئے بھی اس کا مبتدا بننا درست ہو جاتا ہے۔

فائدہ نمبر (۲۰) برائے افعال مدح وذم کی ترکیب:

افعال مدح وذم جس جملہ میں واقع ہوں اس جملہ کی چار ترکیبیں ہو سکتی ہیں مثال کے طور پر نِعْمَ الْعَبْدُ اَیُّوْبُ جملہ کی ترکیب اربعہ اس طرح ہوں گی۔

(۱) نِعْمَ الْعَبْدُ فعل بافاعل مل کر جملہ انشائیہ خبر مقدم اور اَیُّوْبُ مخصوص بالمدح مبتدا موخر، مبتدا وخبر جملہ اسمیہ انشائیہ ہوا۔

(۲) نِعْمَ فعل مدح الْعَبْدُ مبین اَیُّوْبُ عطف بیان، دونوں مل کر فاعل، فعل بافاعل جملہ فعلیہ انشائیہ ہوا۔ ان دو ترکیبوں کے مطابق پوری مثال ایک جملہ ہے۔

(۳) نِعْمَ الْعَبْدُ فعل اور فاعل مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ ہے اور اَیُّوْبُ مبتدا محذوف ھُوَ کی خبر ہے، مبتدا وخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

(۴) نِعْمَ الْعَبْدُ فعل اور فاعل مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ ہوا۔ اور اَیُّوْبُ مبتدا ہے اور خبر محذوف ہے مَمْدُوْحٌ، مبتدا اور خبر مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ ان دو ترکیبوں کے مطابق یہ مثال دو جملے ہیں۔

اور افعال مدح وذم چار ہیں نِعْمَ "حَبَّذَا" بِئْسَ "سَآءَ" اور یہ غیر متصرف افعال ہیں یعنی ان کی گردان نہیں ہوتی (اور ان کا تثنیہ وجمع بھی نہیں آتا)

اور کبھی مخصوص بالمدح اور مخصوص بالذم کو حذف کر دیا جاتا ہے جیسے: وَ الْاَرْضَ فَرَشْنٰهَا فَنِعْمَ الْمٰهِدُوْنَ یہ اصل میں نِعْمَ الْمٰهِدُوْنَ نَحْنُ ہے اور نَحْنُ کے حذف کا قرینہ وَ الْاَرْضَ فَرَشْنٰهَا ہے اور کبھی ان افعال کا فاعل ایسی ضمیر ہوتی ہے جس کی تمیز نکرہ منصوب ہوتی ہے جیسے: سَآءَتْ مُرْتَفَقًا میں ہے۔ مگر اس حکم سے حَبَّذَا مستثنیٰ ہے

فائدہ نمبر (۲۱) برائے ترکیب لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ:

اس کی ترکیب میں علماء کے مختلف اقوال ہیں

قول نمبر ۱: لَا کی خبر محذوف ہے اصل عبارت ہے لَآ اِلٰهَ مَوْجُوْدٌ اور اِلَّا اللّٰهُ لَا کے اسم کے کل سے بدل ہے

قول نمبر ۲: اور زمخشری فرماتے ہیں کہ لَا کی خبر محذوف نہیں ہے بلکہ اصل عبارت ہی اَللّٰهُ اِلٰهٌ ہے اور یہ مبتدا اور خبر ہے پھر کلمہ حصر پایا گیا اور خبر کو اسم پر مقدم کیا گیا اور خبر کو لَا کے ساتھ مرکب کیا گیا جیسا کہ لَا رَجُلَ فِی الدَّارِ میں مبتدا کو لَا کے ساتھ مرکب کیا گیا ہے۔

قول نمبر ۳: اور علامہ طیبی فرماتے ہیں کہ لَا کی خبر محذوف ہے اور لفظ اَللّٰهُ لَا کے اسم کے کل سے بدل نہیں ہے بلکہ لَا کی خبر مَوْجُوْدٌ جو محذوف ہے اس میں جو ھُوَ ضمیر مستتر ہے لفظ اللّٰهُ اس سے بدل ہے۔

فائدہ نمبر (۲۲) برائے حَتّٰی:

حَتّٰی کی کئی قسمیں ہیں

(۱) حَتّٰی انتہائے غایت کے لئے ہوتا ہے اور اس صورت میں اگر یہ اسم پر داخل ہو تو اس کو جر دیتا ہے جیسے: ھِیَ حَتّٰی مَطْلَعِ الْفَجْرِ

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

اور اگر فعل مضارع پر داخل ہو تو اس کے بعد اَنْ مقدر ہوتا ہے اور اس کو نصب دیتا ہے جیسے: حَتّٰی یَتَبَیَّنَ لَکُمُ الْخَیْطُ الْاَبْیَضُ

(۲) حَتّٰی عاطفہ ہے۔

(۳) حَتّٰی ابتدائیہ ہے امام فراء کے بارے میں آتا ہے کہ جب ان کی موت کا وقت آیا تو انہوں نے فرمایا اَمُوْتُ وَفِیْ قَلْبِیْ شَیْءٌ مِنْ حَتّٰی

فائدہ نمبر (۲۳) برائے لَمَّا:

لَمَّا کا استعمال تین (۳) طریقوں پر ہے

(۱) اگر یہ مضارع پر داخل ہو تو اس کو جزم دیتا ہے اور مضارع کو ماضی کے معنی میں بنا دیتا ہے جیسے: لَمَّا یَقْضِ مَآ اَمَرَہٗ۔

(۲) اگر یہ ماضی پر داخل ہو تو عند البعض یہ ظرف ہوتا ہے اور حِیْنَ کے معنی میں ہوتا ہے اور عند البعض یہ دو جملوں کے درمیان ربط پیدا کرنے والا حرف ہے اور ہم نے دوران ترکیب یوں لکھا ہے لَمَّا ظرفیہ متضمن معنی شرط مفعول فیہ مقدم۔

(۳) حرف استثناء ہوتا ہے اس وقت یہ جملہ اسمیہ پر داخل ہوتا ہے جیسے: اِنْ کُلُّ نَفْسٍ لَّمَّا عَلَیْهَا حَافِظٌ اور وَاِنْ کُلُّ ذٰلِکَ لَمَّا مَتَاعُ الْحَیٰوۃِ الدُّنْیَا

فائدہ نمبر (۲۴) برائے حرف اَوْ:

یہ حرف عطف ہے صاحب مغنی اللبیب نے اس کے بارہ (۱۲) معانی لکھے ہیں

(۱) شک: یعنی سامع نے جس چیز کا ارادہ کیا ہے اس میں شک ڈالنے کے لئے اور متکلم کو وہ چیز معلوم ہو جیسے: وَاَرْسَلْنٰهُ اِلٰی مِائَۃِ اَلْفٍ اَوْ یَزِیْدُوْنَ۔

(۲) تخییر: یہ تخییر کے لئے آتا ہے جیسے: سورۃ مائدہ میں ہے فَکَفَّارَتُهٗٓ اِطْعَامُ عَشَرَۃِ مَسٰکِیْنَ مِنْ اَوْسَطِ مَا تُطْعِمُوْنَ اَهْلِیْکُمْ اَوْ کِسْوَتُهُمْ اَوْ تَحْرِیْرُ رَقَبَۃٍ میں حرف اَوْ تخییر کے لئے ہے۔

(۳) اباحت کے لئے: جیسے: وَلَا تُطِعْ مِنْهُمْ اٰثِمًا اَوْ کَفُوْرًا میں ہے۔

(۴) تقسیم اور توزیع کے لئے آتا ہے۔ جیسا کہ سورۃ مائدہ کی آیت نمبر 33 اِنَّمَا جَزٰٓؤُا الَّذِیْنَ یُحَارِبُوْنَ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ وَ یَسْعَوْنَ فِی الْاَرْضِ فَسَادًا اَنْ یُّقَتَّلُوْٓا اَوْ یُصَلَّبُوْٓا اَوْ تُقَطَّعَ اَیْدِیْهِمْ وَاَرْجُلُهُمْ مِّنْ خِلَافٍ اَوْ یُنْفَوْا مِنَ الْاَرْضِ میں ہے کیونکہ اس میں محاربین کی سزا ان کے جرائم پر تقسیم کی گئی ہے۔

(۵) مخاطب کی طرف ابہام (دریافت طلب بات) کے معنی میں آتا ہے جیسے: وَاِنَّآ اَوْ اِیَّاکُمْ لَعَلٰی هُدًی اَوْ فِیْ ضَلٰلٍ مُّبِیْنٍ۔

(۶) اجمال کے بعد تفصیل کے لئے آتا ہے جیسے: قَالُوْا کُوْنُوْا هُوْدًا اَوْ نَصٰرٰی۔

(۷) مطلق جمع کے لئے آتا ہے جیسے: لَعَلَّهٗ یَتَذَکَّرُ اَوْ یَخْشٰی۔

(۸) اِلَّا یا اِلٰی کے معنی میں ہوتا ہے اور اس وقت اس کے بعد اَنْ مقدر ہوتا ہے اور مضارع کو نصب دیتا ہے (والتفصیل فی مغنی اللبیب)

فائدہ نمبر (۲۵) برائے مفعول مطلق:

مفعول مطلق کی تعریف اور اس کی پہچان کے لئے کتب نحو کی طرف رجوع کیا جائے یہاں چند اہم باتیں لکھنے پر اکتفاء جاتا ہے۔

چھ چیزیں مصدر کے قائم مقام ہوتی ہیں پھر ان کو مصدر کا حکم دیا جاتا ہے اور وہ مفعول مطلق بنتی ہے

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

(۱) اسم مصدر ہے جیسے: أَعْطَانِيْ زَيْدٌ عَطَاءً میں ہے۔

(۲) مصدر کی صفت مصدر کے قائم مقام ہوتی ہے جیسے: اُذْكُرُوا اللّٰهَ كَثِيْرًا یہ اصل میں ذِكْرًا كَثِيْرًا ہے۔

(۳) مصدر کی طرف لوٹنے والی ضمیر مصدر کے قائم مقام ہوتی ہے جیسے: فَإِنِّيْ أُعَذِّبُهٗ عَذَابًا لَّا أُعَذِّبُهٗ أَحَدًا مِّنَ الْعٰلَمِيْنَ میں ہے۔

(۴) مصدر کا مرادف اس کا قائم مقام ہوتا ہے فَرِحَ زَيْدٌ جَذْلًا

(۵) مجرد کا مصدر مزید مصدر کے قائم مقام ہوتا ہے اور دونوں کا معنی ایک ہو جیسے: أَنْبَتَكُمْ نَبَاتًا میں ہے۔

(۶) مصدر کی نوع پر دلالت کرنے والا اسم مصدر کے قائم مقام ہوتا ہے جیسے: رَجَعَ فُلَانٌ الْقَهْقَرٰى میں ہے۔

(۷) مصدر کے آلہ پر جو اسم دلالت کرے جیسے: ضَرَبْتُ السَّوْطَ سَوْطًا میں ہے۔

(۸) أَيٌّ مصدر کے قائم مقام ہوتا ہے اور مفعول مطلق واقع ہوتا ہے جیسے: سَيَعْلَمُ الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا أَيَّ مُنْقَلَبٍ يَّنْقَلِبُوْنَ

(۹) جو اسم مصدر کے عدد پر دلالت کرے وہ مصدر کے قائم مقام ہوتا ہے فَاجْلِدُوْا كُلَّ وَاحِدٍ مِّنْهُمَا مِائَةَ جَلْدَةٍ میں ہے

(۱۰) لفظ كُلّ اور بَعْض کو مصدر کی طرف مضاف کر دیا جاتا ہے جیسے: فَلَا تَمِيْلُوْا كُلَّ الْمَيْلِ

(۱۱) اسم اشارہ بشرطیکہ اس کے ساتھ مصدر کی طرف اشارہ کیا گیا ہو جیسے: إِجْتَهَدْتُ ذٰلِكَ الْإِجْتِهَادِ

(۱۲) کمال کے معنی پر دلالت کرنے والا أَيٌّ مصدر کے قائم مقام ہوتا ہے اور مفعول مطلق واقع ہوتا ہے بشرطیکہ أَيٌّ مصدر کی طرف مضاف ہو یعنی اگر أَيٌّ نکرہ کے بعد آئے گا تو اس کی صفت ہو گا اور اگر معرفہ کے بعد آئے گا تو اس کا حال ہو گا جیسے: مَرَرْتُ بِعَبْدِ اللّٰهِ أَيَّ رَجُلٍ میں حال ہے۔

❁ فائدہ: مفعول مطلق کے عامل کی کئی قسمیں ہیں ❁

(۱) مفعول مطلق کا عامل یا تو ایسا مصدر ہو گا جو لفظاً اور معنیً اس کی مثل ہو گا جیسے: فَإِنَّ جَهَنَّمَ جَزَآؤُكُمْ جَزَآءً مَّوْفُوْرًا میں ہے اس لئے کہ اس میں جَزَآؤُ مفعول مطلق ہے اس کا عامل جَزَآؤُكُمْ ہے اور وہ جَزَآءً کی مثل مصدر ہے۔

(۲) مفعول مطلق کا عامل ایسا مصدر ہو گا جو لفظاً اس کی مثل ہو گا اور معنیً اس کی مثل نہیں ہو گا جیسے: أَعْجَبَنِيْ إِيْمَانُكَ تَصْدِيْقًا میں ہے اس میں تَصْدِيْقًا ایمان کا مفعول مطلق ہے۔

(۳) مفعول مطلق کا عامل ایسا فعل ہو گا کہ مفعول مطلق اور فعل کا معنی اور باب ایک ہو گا جیسے: خَرَجْتُ خُرُوْجًا میں ہے۔

(۴) مفعول مطلق کا عامل ایسا فعل ہو گا کہ مفعول مطلق اور فعل کا معنی ایک ہو گا مگر باب مختلف ہو گا جیسے: أَنْبَتَ اللّٰهُ نَبَاتًا میں ہے۔

(۵) مفعول مطلق کا عامل ایسا فعل ہو گا کہ مفعول مطلق اور فعل کا معنی ایک ہو گا مگر مادہ اور لفظ مختلف ہو گا جیسے: قَعَدْتُ جُلُوْسًا میں ہے۔

فائدہ نمبر (۲۶) برائے مباحث شرط و جزاء:

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

صاحب کافیہ نے شرط جزاء کے کلمات گیارہ(۱۱) ذکر کئے ہیں

(۱) اِنْ (۲) مَهْمَا (۳) اِذْمَا (۴) اِذَامَا (۵) حَيْثُمَا (۶) اَيْنَ (۷) مَتٰى (۸) مَا (۹) مَنْ (۱۰) اَيٌّ (۱۱) اَنّٰى

اوران کو کلم الجزاء کہا جاتا ہے اوران میں سے اصل حرف اِنْ ہے اور باقی کلمات شرط حرف اِنْ کے معنی کو متضمن ہونے کی وجہ سے شرط وجزاء کے کلمات میں شمار ہوتے ہیں اور کلم الجزاء ایسے دو فعلوں پر داخل ہوتے ہیں کہ ان میں سے پہلا سبب ہوتا ہے اور دوسرا مسبب ہوتا ہے، پھر پہلے فعل کا نام شرط ہے اس وجہ سے کہ وہ فعل ثانی کے تحقق ہونے کے لئے شرط ہے، اور دوسرے فعل کا نام جزاء کیا جاتا ہے اس وجہ سے کہ فعل ثانی کا وجود فعل اول پر مبنی ہے جیسا کہ فعل کی جزاء وبدلہ وجود فعل پر مبنی ہوتا ہے پھر اگر شرط وجزاء دونوں فعل مضارع ہوں یا شرط فعل مضارع ہو تو صورت اولی میں شرط وجزاء میں اور صورت ثانیہ میں فقط شرط میں مضارع پر جزم واجب ہے۔ اور اگر فقط جزاء فعل مضارع ہو تو اس وقت جزاء میں جزم اور رفع دونوں جائز ہیں اور جزم غالب ہے اور عند الکوفیین اس صورت میں بھی رفع واجب ہے۔

❁ باقی رہی یہ بات کہ شرط وجزاء کا عامل جازم کون ہے تو اس بارے آئمہ نحو کا اختلاف ہے ❁

(۱) امام سیرافی کے نزدیک شرط وجزاء دونوں میں حرف شرط عامل ہے۔

(۲) امام خلیل ومبرد کے نزدیک حرف شرط عامل ہے شرط میں پھر یہ دونوں جزاء میں عامل ہیں۔

(۳) [illegible] شرط کی وجہ سے مجزوم ہے اور جزاء شرط کا پڑوسی ہونے کی وجہ مجزوم ہے۔

(۴) اور امام فراء کے نزدیک شرط وجزاء دونوں مبنی ہیں (الحواشی الجدیدہ علی الکافیہ)

❁ جزاء کے وہ جملے ہیں جن میں جزاء پر دخول فاء واجب ہے ❁

(۱) جب جزاء جملہ اسمیہ خبریہ ہو جیسے وَاِنْ يَّمْسَسْكَ بِخَيْرٍ فَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ میں ہے۔

(۲) جب جزاء جملہ انشائیہ ہو جیسے اِنْ كُنْتُمْ تُحِبُّوْنَ اللّٰهَ فَاتَّبِعُوْنِيْ۔

(۳) جب جزاء فعل ماضی ہو اور قَدْ کے ساتھ ملی ہوئی ہو جیسے اِنْ يَّسْرِقْ فَقَدْ سَرَقَ اَخٌ لَّهٗ مِنْ قَبْلُ۔

(۴) جب جزاء ایسا جملہ ہو جس کا فعل جامد ہو جیسے اِنْ تَرَنِ اَنَا اَقَلَّ مِنْكَ مَالًا وَّوَلَدًا فَعَسٰى رَبِّيْ ۔۔۔ الخ

(۵) جب جزاء ایسا جملہ فعلیہ ہو جس کے شروع میں ما ہو جیسے اِنْ تَوَلَّيْتُمْ فَمَا سَاَلْتُكُمْ مِّنْ اَجْرٍ

(۶) جب جزاء ایسا جملہ فعلیہ ہو جس کے شروع میں لن ہو جیسے وَمَا تَفْعَلُوْا مِنْ خَيْرٍ فَلَنْ تُكْفَرُوْهُ

(۷) جب جزاء ایسا جملہ فعلیہ ہو جس کے شروع میں سین ہو جیسے وَمَنْ يَّسْتَنْكِفْ عَنْ عِبَادَتِهٖ وَيَسْتَكْبِرْ فَسَيَحْشُرُهُمْ اِلَيْهِ جَمِيْعًا

(۸) جب جزاء ایسا جملہ فعلیہ ہو جس کے شروع میں سوف ہو جیسے وَاِنْ خِفْتُمْ عَيْلَةً فَسَوْفَ يُغْنِيْكُمُ اللّٰهُ مِنْ فَضْلِهٖ

(۹) جب جزاء ایسا جملہ فعلیہ ہو جس کے شروع میں [illegible] ہو جیسے [illegible] اَوْ فَسَادٍ فِي الْاَرْضِ فَكَاَنَّمَا قَتَلَ النَّاسَ جَمِيْعًا۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

(۱۰) جزاء ایسا جملہ فعلیہ ہو جس کے شروع میں رب ہو جیسے: اِنْ تَخْشَ عَيْلَةً فَرُبَّمَا أَغْنَى۔

(۱۱) جزاء ایسا جملہ فعلیہ ہو جس کے شروع میں حرف شرط ہو جیسے: اِنْ كَانَ كَبُرَ عَلَيْكَ إِعْرَاضُهُمْ فَإِنِ اسْتَطَعْتَ أَنْ تَبْتَغِيَ۔۔۔الخ

(۱۲) جب جزاء جملہ دعائیہ ہو جیسے: اِنْ أَكْرَمَنِيْ فَجَزَاكَ اللّٰهُ خَيْرًا۔

(۱۳) اور اگر جزاء ایسا فعل ماضی ہو جس پر حرف قَدْ نہ لگا ہو اور نہ مقدر ہو تو اس پر دخول فاء جائز نہیں جیسے: اِنْ خَرَجْتَ خَرَجْتُ۔

(۱۴) اور اگر جزاء مضارع مثبت ہو تو دخول فاء وعدم دخول دونوں جائز ہیں وَمَنْ عَادَ فَيَنْتَقِمُ اللّٰهُ مِنْهُ اور وَاِنْ يَّكُنْ مِّنْكُمْ اَلْفٌ يَّغْلِبُوْا اَلْفَيْنِ۔

(۱۵) اور اگر جزاء ایسا مضارع ہو جو لَا کے ساتھ منفی ہو تو بھی دونوں صورتیں جائز ہیں فَمَنْ يُّؤْمِنْ بِرَبِّهٖ فَلَا يَخَافُ بَخْسًا اور عدم دخول فاء بھی درست ہے۔

فائدہ: جن مقامات میں جزا پر دخول فاء ضروری ہے ان مقامات میں بعض اوقات فاء کو حذف کیا جاتا ہے جیسے: ایک حدیث میں ہے فَاِنْ جَآءَ بِهَا صَاحِبُهَا وَاِلَّا اِسْتَمْتَعَ بِهَا اس میں اِسْتَمْتَعَ جزاء فعل امر ہے مگر اس پر فاء داخل نہیں ہے، اور اسی طرح کبھی ضرورت شعری کی وجہ سے بھی جزاء سے فاء حذف کیا جاتا ہے جیسے: حضرت حسان رضی اللہ عنہ کا قول ہے۔

﴿مَنْ يَّفْعَلِ الْحَسَنَاتِ اللّٰهُ يَشْكُرُهَا ۞ وَالشَّرُّ بِالشَّرِّ عِنْدَ اللّٰهِ مِثْلَانِ ۞

اس میں فَاللّٰهُ يَشْكُرُهَا ہونا چاہیے تھا۔

فائدہ نمبر (۲۷) برائے لَوْ:

لَوْ کا استعمال پانچ صورتوں پر ہوتا ہے

(۱) تقلیل کے لئے جیسے ایک مقولہ ہے تَصَدَّقُوْا وَلَوْ بِشِقِّ مُحَمَّرَةٍ

(۲) لَوْ تمنی کے لئے آتا ہے جیسے: قرآن میں ہے لَوْ اَنَّ لَنَا كَرَّةً فَنَكُوْنَ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ ان دونوں صورتوں میں لَوْ جواب کا محتاج نہیں ہوتا۔

(۳) لَوْ عرض کے لئے ہوتا ہے جیسے لَوْ تَنْزِلُ عِنْدَنَا فَتُصِيْبَ خَيْرًا اس لَوْ کا جواب بھی نہیں ہوتا اور اس کے بعد آنے والی فاء سببیہ ہوتی ہے۔

(۴) لَوْ مصدریہ جو فعل مضارع کو نصب دیتا ہے اور یہ اکثر وَدَّ يَوَدُّ کے بعد آتا ہے جیسے قرآن میں ہے وَدُّوْا لَوْ تُدْهِنُ فَيُدْهِنُوْنَ اور يَوَدُّ اَحَدُهُمْ لَوْ يُعَمَّرُ اَلْفَ سَنَةٍ۔

(۵) لَوْ شرطیہ: پھر جب لَوْ شرطیہ ہو تو اس کی دو قسمیں ہیں (۱) مستقبل کے ساتھ تعلیق کے لئے ہو اس وقت یہ اِنْ شرطیہ کے مترادف ہوتا ہے۔ (۲) ماضی میں تعلیق کے لئے ہو اور اس کا استعمال اکثر یہی ہے اور اس وقت یہ اس پر دلالت کرتا ہے کہ جزاء

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

نہیں پائی گئی اس وجہ سے کہ شرط نہیں پائی گئی جیسے: لَوْ كَانَ فِيهِمَا آلِهَةٌ إِلَّا اللّٰهُ لَفَسَدَتَا میں ہے۔

اور لَوْ شرطیہ کا دخول فعل کے ساتھ خاص ہے اور اگر کبھی اس کے بعد اسم واقع ہو تو وہ فعل محذوف کا معمول ہوگا۔ اور لَوْ شرطیہ کا جواب یا تو ماضی لفظاً ہوگا یا ماضی معنیً ہوگا یعنی ایسا مضارع ہوگا جو لَمْ کے ساتھ منفی ہوگا اور اس کے جواب پر اکثر لَام داخل ہوتا ہے جیسے: لَوْ نَشَاءُ لَجَعَلْنَاهُ حُطَامًا اور کبھی اس کے جواب پر لَام داخل نہیں ہوتا جیسے: لَوْ نَشَاءُ جَعَلْنَاهُ أُجَاجًا اور کبھی اس کا جواب حذف کر دیا جاتا ہے اور جواب پر دلالت کرنے والے کلام کے ساتھ اکتفاء کیا جاتا ہے جیسے قرآن میں ہے لَوْ أَنَّ لِي بِكُمْ قُوَّةً أَوْ آوِي إِلَىٰ رُكْنٍ شَدِيدٍ میں ہے۔

اور لَوْ شرطیہ کی ایک خصوصیت یہ بھی ہے کہ اگر یہ دو مثبت فعلوں پر داخل ہو تو وہ دونوں منفی ہو جائیں گے جیسے: لَوْ كَانَ فِيهِمَا آلِهَةٌ إِلَّا اللّٰهُ لَفَسَدَتَا میں ہے تو اس آیت کا مطلب یہ ہے کہ نہ متعدد معبود ہیں اور نہ آسمان و زمین تباہ ہوئے ہیں اور جب یہ دو منفی فعلوں پر داخل ہو تو وہ مثبت بن جاتے ہیں جیسے: بخاری کی حدیث میں ہے لَوْلَا أَنْتَ مَا اهْتَدَيْنَا۔ الخ یا اللہ اگر آپ نہ ہوتے تو ہم ہدایت یافتہ نہ ہوتے تو اس کا مفہوم یہ نکلے گا کہ اللہ کی ذات موجود ہے اور صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین ہدایت یافتہ ہیں۔

اور اگر یہ نفی اور ثبت دونوں پر داخل ہو تو نفی ثبوت ہو جائے گی اور ثبوت نفی ہو جائے گا جیسے: لَوْ لَمْ يَخَفِ اللّٰهَ لَمْ يَعْصِهِ میں ہے۔

فائدہ نمبر (۲۸) برائے حرف واؤ:

حرف واؤ کی کئی قسمیں ہیں جن میں سے چند یہ ہیں

(۱) واؤ عاطفہ: جس کے ذریعہ مفردات یا جملوں کو ایک حکم میں شریک کیا جاتا ہے۔

(۲) واؤ استیناف: اس کے بعد فعل مرفوع ہوتا ہے۔

(۳) واؤ حالیہ اور یہ وہ واؤ ہے جس کی جگہ ظرف کو رکھنا صحیح ہو۔ اور واؤ حالیہ کے تین احوال ہیں۔ (۱) وہ احوال ہیں جن میں اس واؤ کا ذکر واجب ہے (۲) وہ احوال ہیں جن میں اس واؤ کا ذکر کرنا ممنوع ہے (۳) وہ احوال ہیں جن میں اس واؤ کا ذکر کرنا جائز ہے۔

✿ احوال وجوب ذکر واؤ ✿

(۱) حال کا جملہ ایسا جملہ اسمیہ ہو جو جملہ کو ذوالحال کے ساتھ ربط دینے والی چیز سے خالی ہو جیسے: لَئِنْ أَكَلَهُ الذِّئْبُ وَنَحْنُ عُصْبَةٌ میں وَنَحْنُ عُصْبَةٌ ہے۔

(۲) حال کے جملہ کے شروع میں ذوالحال کی ضمیر ہو جیسے: يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا لَا تَقْرَبُوا الصَّلَاةَ وَأَنْتُمْ سُكَارَىٰ میں وَأَنْتُمْ سُكَارَىٰ ہے۔

✿ احوال امتناع ذکر واؤ ✿

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

☆☆☆ سات صورتوں میں واؤ حالیہ کا ذکر ممتنع ہے ☆☆☆

(۱) واؤ حالیہ حرف عطف کے بعد ہو جیسے: كَمْ مِّنْ قَرْيَةٍ اَهْلَكْنٰهَا فَجَآءَهَا بَاْسُنَا بَيَاتًا اَوْهُمْ قَآئِلُوْنَ میں هُمْ قَآئِلُوْنَ جملہ حالیہ ہے۔

(۲) جملہ حالیہ جملہ سابقہ کے مضمون کی تاکید کر رہا ہو جیسے: ذٰلِكَ الْكِتٰبُ لَا رَيْبَ فِيْهِ میں لَا رَيْبَ فِيْهِ جملہ حالیہ ہے اور اس صورت کی یہ مثال اس وقت بنے گی جب وہ ترکیب اختیار کی جائے کہ لَا رَيْبَ فِيْهِ کو جملہ حالیہ بنایا جائے۔

(۳) حال کا جملہ ایسا جملہ ماضیہ ہو جو اِلَّا کے بعد واقع ہو جیسے: وَمَا يَاْتِيْهِمْ مِّنْ رَّسُوْلٍ اِلَّا كَانُوْا بِهٖ يَسْتَهْزِءُوْنَ میں اِلَّا كَانُوْا بِهٖ يَسْتَهْزِءُوْنَ جملہ حالیہ ہے

(۴) حال کا جملہ ایسا جملہ ماضیہ ہو جو حرف اَوْ سے پہلے ہو جیسا کہ ایک شعر ہے

❁ كُنْ لِّلْخَلِيْلِ نَصِيْرًا جَارَ اَوْ عَدَلَا ❁ وَلَا تَشُحَّ عَلَيْهِ جَآءَ اَمْرٌ بَخِلَا ❁

(اپنے دوست کے لئے تو مددگار ہو جا اس حال میں کہ وہ ظلم کرے یا انصاف کرے اور تو اس پر بخیل نہ کر وہ سخاوت کرے یا بخیلی کرے) اس شعر میں جَارَ جملہ حالیہ ہے۔

(۵) حال کا جملہ ایسا مضارع مثبت ہو جس کے شروع میں قد نہ ہو جیسے: وَلَا تَمْنُنْ تَسْتَكْثِرُ میں تَسْتَكْثِرُ جملہ حالیہ ہے

(۶) حال کا جملہ ایسا مضارع ہو جو حرف مَا کے ساتھ منفی ہو جیسے ایک شعر ہے

❁ عَهِدْتُّكَ مَا تَصْبُوْ وَفِيْكَ شَبِيْبَةٌ ❁ فَمَالَكَ بَعْدَ الشَّيْبِ صَبًا مُتَيَّمًا ❁

(تجھ کو میں نے اس حال میں جانا ہے کہ تو عشق نہیں کرتا حالانکہ تجھ میں جوانی ہے تو بوڑھا ہونے کے بعد تیرے لئے دلیل کرنے والا عشق نہیں ہے) اس شعر میں مَا تَصْبُوْ محل استشہاد ہے۔

(۷) حال کا جملہ ایسا مضارع ہو جو حرف لَا کے ساتھ منفی ہو جیسے: وَمَا لَنَا لَا نُؤْمِنُ بِاللّٰهِ میں لَا نُؤْمِنُ بِاللّٰهِ ہے۔ لیکن اگر حال کا جملہ ایسا مضارع ہو جو حرف لَمْ کے ساتھ منفی ہو تو اس کے شروع میں واؤ کا ذکر جائز ہے۔ اور اگر حال کا جملہ ایسا مضارع ہو جو حرف لَمَّا کے ساتھ منفی ہو تو اس کے شروع میں واؤ کو ذکر کرنا مختار ہے۔

❁ احوال جواز ذکر واؤ ❁

واؤ کے ذکر کے وجوب اور ذکر واؤ کے ممتنع ہونے کی جو صورتیں اوپر ذکر ہو چکی ہیں ان کے علاوہ واؤ حالیہ کے جو احوال ہیں ان میں واؤ کو ذکر کرنا اور ذکر نہ کرنا دونوں صورتیں جائز ہیں۔

فائدہ ○ : حال کو ذوالحال پر مقدم جائز نہیں ہوتا لیکن اگر ذوالحال نکرہ ہو اور حالت نصب میں ہو تو پھر حال کو ذوالحال پر مقدم کیا جاتا ہے لیکن اگر ذوالحال مجرور ہو تو اس کا حال اس پر مقدم ہو سکتا ہے یا نہیں تو اس بارے میں اختلاف ہے۔

عند الجمہور اگر ذوالحال مجرور ہو تو اس کا حال اس پر مقدم نہیں ہو سکتا ہے مثلاً مَرَرْتُ بِهِنْدٍ جَالِسَةً میں جَالِسَةً هِنْدٍ سے حال ہے تو اس کو یوں کہنا صحیح ہے مَرَرْتُ جَالِسَةً بِهِنْدٍ اور ابن جنی اور کسائی وغیرہ کے نزدیک ذوالحال مجرور پر

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

اس کا حال مقدم ہونا جائز ہے۔ فریقین کے دلائل کے لئے مطولات کی طرف رجوع کیا جائے۔

فائدہ: حال فاعل کا ہوتا ہے یا مفعول کا ہوتا ہے اور کبھی مضاف الیہ سے بھی حال آتا ہے اور مضاف الیہ سے حال آنا تین شرطوں کے ساتھ مشروط ہے

(۱) مضاف مضاف الیہ کی جز ہو اس وقت مضاف الیہ سے حال آتا ہے جیسے: وَنَزَعْنَا مَا فِيْ صُدُوْرِهِمْ مِّنْ غِلٍّ اِخْوَانًا اس میں اِخْوَانًا هِمْ ضمیر سے حال ہے اور وہ مضاف الیہ ہے اور مضاف اس مضاف الیہ کا بعض ہے۔

(۲) مضاف مضاف الیہ کی جز کی مثل ہو یعنی مضاف کو حذف کر کے مضاف الیہ کو اس کا قائم مقام بنانا صحیح ہو جیسے: اِتَّبِعْ مِلَّةَ اِبْرٰهِيْمَ حَنِيْفًا میں ہے کیونکہ اس میں حَنِيْفًا اِبْرٰهِيْمَ سے حال ہے جو کہ مِلَّةَ کا مضاف الیہ ہے اور مِلَّةَ اِبْرٰهِيْمَ کے بعض کی طرح ہے کہ مضاف کو حذف کر کے مضاف الیہ کو اس کے قائم مقام کرنا صحیح ہے اس لئے کہ یوں کہنا بھی صحیح ہے اِتَّبِعْ اِبْرٰهِيْمَ حَنِيْفًا۔

(۳) مضاف حال میں عامل ہو مثلاً مضاف مصدر ہو یا وصف ہو تو اس وقت بھی مضاف الیہ سے حال آسکتا ہے جیسے قرآن میں ہے اِلَيْهِ مَرْجِعُكُمْ جَمِيْعًا میں جَمِيْعًا كُمْ ضمیر سے حال ہے اور كُمْ ضمیر مضاف الیہ ہے اور (اس کا مضاف لفظ مَرْجِعُ مصدر ہے جو کہ حال میں نصب کا عمل کر رہا ہے۔

فائدہ: کبھی جملہ بھی حال واقع ہوتا ہے اور جملہ کے حال واقع ہونے کی تین شرطیں ہیں۔ (۱) جملہ خبر یہ ہو جملہ انشائیہ حال نہیں بن سکتا۔ (۲) وہ جملہ ایسا ہو جس کے شروع میں علامت استقبال نہ ہو جیسے: سین وغیرہ۔ (۳) اس جملہ کا عامل کے ساتھ ربط ہو کبھی ربط واؤ اور ضمیر دونوں کے ساتھ ہوتا ہے اور کبھی صرف ضمیر کے ساتھ ہوتا ہے اور کبھی وہ ربط صرف واؤ کے ساتھ ہوتا ہے۔

❁ واؤ کی دیگر اقسام ❁

(۱) واؤ قسمیہ جار ہو یہ صرف اسم ظاہر پر داخل ہوتی ہے جیسے: وَاللّٰهِ رَبِّنَا مَا كُنَّا مُشْرِكِيْنَ۔

(۲) واؤ ناصبہ بمعنی مَعَ: جو مَعَ کے معنی میں ہوتا ہے فَاَجْمِعُوْٓا اَمْرَكُمْ وَشُرَكَآءَكُمْ۔

(۳) واؤ صرف اس کی تفصیل معارف التعبیر شرح تحویر میں دیکھیں۔

(۴) واؤ زائدہ جیسے: فَلَمَّآ اَسْلَمَا وَتَلَّهٗ لِلْجَبِيْنِ وَنَادَيْنٰهُ اَنْ۔۔۔ الخ عند البعض یہ واؤ زائدہ ہے۔ اور جیسے: حَتّٰٓى اِذَا جَآءُوْهَا وَفُتِحَتْ اَبْوَابُهَا۔

(۵) جمع مذکر سالم کی علامت واؤ جیسے: اَلْمُسْلِمُوْنَ کی واؤ۔

(۶) فعل میں جمع مذکر کی علامت واؤ جیسے: سَمِعُوا اللُّغَوِيُّوْنَ میں ہے۔

(۷) وہ واؤ جو اس ہمزہ سے بدلی ہوئی ہو جس ہمزہ کا عمل معدوم ہو جیسے: مُؤْمِنُوْنَ یہ اصل میں مُؤْمِنُوْنَ ہے۔

(۸) ضمیر مرفوع متصل جیسے: قَامُوْا میں ہے۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

(۹) واؤ اشباع جیسے: ضَرَبْتُمُوْنِيْ۔

(۱۰) واؤ بھی حرف جر یاء جیسے: أَنْتَ أَعْلَمُ وَمَالِكَ یہ اصل میں أَنْتَ أَعْلَمُ بِمَالِكَ ہے۔

(۱۱) واؤ بھی رُبَّ

فائدہ نمبر (۲۹) برائے حرف اِنْ:

حرف اِنْ کی کئی قسمیں ہیں

(۱) اِنْ شرطیہ جازمہ (۲) اِنْ زائدہ جو کہ آٹھ حروف زوائد میں سے ایک ہے۔ (۳) اِنْ نافیہ اور یہ کبھی ماضی کی نفی کرتا ہے جیسے: اِنْ جَآءَ إِلَّا أَنْتُمْ اور کبھی حال کی نفی کرتا ہے جیسے: اِنْ هُمْ إِلَّا يَخْرُصُوْنَ اور یہ فعل پر بھی داخل ہوتا ہے جیسے: اِنْ يَتَّبِعُوْنَ إِلَّا الظَّنَّ اور اسم پر بھی داخل ہوتا ہے جیسے: اِنْ هُمْ إِلَّا يَخْرُصُوْنَ۔ (۴) اِنْ مخففہ من الثقلہ اور یہ اِنَّ حرف مشبہ بالفعل کا مخفف ہوتا ہے اور اگر اِنْ مخففہ کے بعد فعل ہو تو یہ وجوباً مہمل ہوگا یعنی عمل نہیں کرے گا جیسے: وَاِنْ نَّظُنُّكَ لَمِنَ الْكٰذِبِيْنَ میں ہے اور اگر اس کے بعد اسم ہو تو اس وقت بھی اس میں غالب مہمل بنانا ہے اور اس کو عمل دینا قلیل ہے۔ اور جب اِنْ مخففہ من الثقلہ مہمل ہو تو اس کے بعد لام مفتوحہ ضروری ہے اور اس کا نام ہے لام فارقہ اس لئے کہ وہ اِنْ نافیہ اور اِنْ مخففہ من الثقلہ کے درمیان فرق کرتا ہے۔

فائدہ نمبر (۳۰) برائے مؤنث سماعی:

عرب بہت سارے اسموں کو تاء مقدرہ کے ساتھ مؤنث قرار دیتے ہیں اور اس مؤنث کو مؤنث سماعی کہتے ہیں اور تاء کے مقدر ہونے کی دلیل کئی چیزیں ہیں

(۱) کسی اسم کی طرف مؤنث کی ضمیر لوٹانا یہ اس اسم میں تاء کے مقدر ہونے کی دلیل ہوگا جیسے: اَلنَّارُ وَعَدَهَا اللّٰهُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا میں اَلنَّارُ کی طرف مؤنث کی ضمیر لوٹائی گئی ہے لہٰذا اَلنَّارُ مؤنث سماعی ہے

(۲) کسی اسم کی طرف اسم اشارہ مؤنث کے ساتھ اشارہ کیا گیا ہو تو یہ اس اسم کے مؤنث سماعی ہونے کی دلیل ہے جیسے: هٰذِهٖ جَهَنَّمُ میں جَهَنَّمُ مؤنث سماعی ہے کیونکہ اس کی طرف اسم اشارہ مؤنث کے ساتھ اشارہ کیا گیا ہے۔

(۳) کسی اسم کی تصغیر میں تاء کا موجود ہونا اس اسم میں تاء کے مقدر ہونے کی دلیل ہے کیونکہ تصغیر چیزوں کو ان کی اصل کی طرف لوٹا دیتی ہے جیسا کہ اُذُنٌ اور عَيْنٌ مؤنث ہیں اور ان میں تاء مقدر ہے اس لئے کہ ان کی تصغیر اُذَيْنَةٌ اور عُيَيْنَةٌ آتی ہے۔

(۴) کسی اسم کے فعل میں تاء تانیث ہو تو یہ اس اسم میں تاء کے مقدر ہونے کی دلیل ہے جیسے: وَلَمَّا فَصَلَتِ الْعِيْرُ میں اَلْعِيْرُ مؤنث سماعی ہے اور اس میں تاء مقدر ہے کیونکہ اگر یہ مذکر ہوتا تو اس کا مسند فعل فَصَلَتْ مؤنث نہ ہوتا۔

(۵) کسی اسم کے عدد سے تاء کا ساقط ہونا اس اسم میں تاء کے مقدر ہونے کی دلیل ہے جیسے: شعر ہے

✿ أَرْمِيْ عَلَيْهَا وَهِيَ فَرْعٌ أَجْمَعُ ✿ وَهِيَ ثَلَاثُ أَذْرُعٍ وَإِصْبَعُ ✿

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

(میں اس پر تیر پھینکتا ہوں اس حال میں کہ پوری نفع بخش ہے اور وہ تین ہاتھ اور ایک انگلی ہے) اس میں اَذْرُعٍ ذِرَاعٌ کی جمع ہے اور ذِرَاعٌ مؤنث ہے کیونکہ اگر یہ مذکر ہوتا تو عدد مؤنث ثَلَاثَةٌ آتا تو عدد ثلاث کا مذکر آنا یہ ذِرَاعٌ کے مؤنث ہونے کی دلیل ہے۔

اور انسان کے وہ اعضاء جو دو دو ہیں وہ مؤنث ہیں البتہ حاجب (آبرو) اور منخر (نتھنا) اور خد (رخسار) اگرچہ یہ بھی دو دو ہیں مگر یہ مذکر ہیں اور جو انسانی اعضاء دو دو نہیں ہیں جیسے: رأس اور قلب تو ان اعضاء میں غالب مذکر ہونا ہے البتہ لسان (زبان) اور قَفَا (گدی) یہ کبھی کبھی مؤنث بھی استعمال ہوتے ہیں۔

فائدہ نمبر (۳۱) برائے تَاء:

اس کی چھ (۶) قسمیں ہیں

(۱) اسم اشارہ کی تَاء جو کہ واحد مؤنث میں آتی ہے۔

(۲) تائے تانیث اور یہ فعل میں ساکن بھی ہوتی ہے اور متحرک بھی ہوتی ہے اور اسم میں ہمیشہ متحرک ہوتی ہے چونکہ تائے تانیث مذکر اور مؤنث کے درمیان فرق کرنے کے لئے ہے تو اس لئے یہ ان صفات کے ساتھ متصل نہیں ہوتی جو عورتوں کے ساتھ خاص ہیں جیسے: حامل، حائض، مرضع

(۳) جمع مکسر کی تَاء جیسے: حَدِيْقَةٌ کی جمع حَدَائِقُ میں تَاء ہے

(۴) تائے تمیز جو واحد کو اس کی جنس سے جدا کرنے کے لئے ہوتی ہے جیسے: تَمْرٌ جنس ہے تَمْرَةٌ واحد ہے۔

(۵) تائے عوض جو ایسے اسموں کو لاحق ہوتی ہے جن کا فاء کلمہ حذف ہوتا ہے جیسے: عِدَةٌ کیونکہ اس کی اصل وِعْدٌ ہے۔

(۶) تائے قسم جیسے قرآن میں ہے تَاللّٰهِ لَتُسْئَلُنَّ

اور ایک تَاء مبالغہ کی ہوتی ہے اور یہ وصف کو لاحق ہوتی ہے اس میں مبالغہ پر دلالت کرنے کے لئے جیسے: عَلَّامَةٌ بہت علم والا اور رَاوِيَةٌ بہت زیادہ روایت کرنے والا۔

فائدہ نمبر (۳۲) برائے اقسام حرف لام:

حرف لام کی تین (۳) قسمیں ہیں

(۱) وہ حرف لام جو جر کا عمل کرنے والا ہے۔ (۲) ایسا لام جو جزم دینے کا عمل کرنے والا ہے۔ (۳) حرف لام غیر عامل جو حرف لام جر دیتا ہے اگر وہ اسم ظاہر پر داخل ہو تو مکسور ہوتا ہے جیسے: لِلّٰهِ البتہ جو منادیٰ مستغاث پر داخل ہو وہ مفتوح ہوتا ہے اور جو لام جارہ ضمیر پر داخل ہو وہ مفتوح ہوتا ہے جیسے: لَكَ لَكُمَا ہے البتہ اگر یَاء ضمیر کے ساتھ ہو کر تو مکسور ہوتا ہے جیسے: لِي۔

❁ پھر لام جارہ کی مدخول کے اعتبار سے دو (۲) قسمیں ہیں ❁

(۱) دو لام جارہ جو اسم پر داخل ہو۔ (۲) دو لام جارہ جو فعل پر داخل ہو۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

اور جو لام جارہ فعل پر داخل ہو اس کی دو قسمیں ہیں (۱) لام کی (۲) لام جحد اور فعل پر داخل ہونے والے لام کے بعد أَنْ مقدر ہوتا ہے اور وہ فعل مضارع کو نصب دیتا ہے۔ اور جو لام جزم دینے والا ہے وہ لام امر ہے اور اس کو لام طلب بھی کہتے ہیں اور یہ اکثر مکسور ہوتا ہے اور کبھی مفتوح بھی ہوتا ہے اور کبھی ساکن بھی ہوتا ہے جیسے: وَلْيُؤَدِّ الَّذِي اؤْتُمِنَ۔

❁ جو حرف لام غیر عامل ہوتا ہے یہ ہمیشہ مفتوح ہوتا ہے اور اس کی کئی قسمیں ہیں ❁

(۱) لام ابتداء: جیسے: لَزَيْدٌ قَائِمٌ لام ابتداء مضمون جملہ کی تاکید کرتا ہے اور یہ مبتدا پر داخل ہوتا ہے جیسے: لَأَنْتُمْ أَشَدُّ رَهْبَةً میں ہے اور إِنَّ حرف تحقیق کے بعد واقع ہوتا ہے اور اس وقت اس کا نام لام مذحلقہ رکھا جاتا ہے اور پھر یہ اسم پر بھی داخل ہوتا ہے جیسے: إِنَّ رَبِّي لَسَمِيعُ الدُّعَاءِ میں ہے اور فعل مضارع پر بھی داخل ہوتا ہے جیسے: وَإِنَّ رَبَّكَ لَيَحْكُمُ بَيْنَهُمْ میں ہے اور جار مجرور ظرف پر بھی داخل ہوتا ہے جیسے: وَإِنَّكَ لَعَلَىٰ خُلُقٍ عَظِيمٍ میں ہے۔

(۲) لام مذحلقہ: جو إِنَّ کی خبر پر آتا ہے اور اس کا نام مذحلقہ اس لئے ہے کہ اس کا اصل مقام إِنَّ کے ساتھ ہے کیونکہ یہ بھی تاکید کے لئے ہے مگر إِنَّ کے ساتھ اس کو ذکر کرنے میں دو آلہ تاکید جمع ہو جاتے ہیں اور ایسا مکروہ ہے تو لام کو اس کی جگہ سے ہٹا کر إِنَّ کی خبر پر داخل کر دیا جاتا ہے۔

(۳) لام جواب: جو قسم اور لَوْ اور لَوْلَا کے جواب میں واقع ہوتا ہے۔

(۴) لام فارقہ: جو إِنْ مخففہ من الثقلہ کی خبر پر داخل ہوتا ہے۔

(۵) لام زائدہ: جیسے: ایک قول ہے أَرَادَكَ لِأَشْيَاءَ اس قول لِأَشْيَاءَ پر حرف لام زائد ہے۔

(۶) لام البُعد: اور یہ وہ لام ہے جو اسمائے اشارہ کو لاحق ہوتا ہے اور اس لام میں اصل ساکن ہونا ہے جیسا کہ ذٰلِكَ میں ہے اس کے باوجود دوسرے اسمائے اشارہ میں التقائے ساکنین کی وجہ سے اس کو کسرہ دیا جاتا ہے۔ جیسے ذٰلِكَ وغیرہ میں ہے۔

(۷) لام موطئہ للقسم: اور لام موطئہ للقسم کلمات شرط پر یہ بتانے کے لئے داخل ہوتا ہے کہ بعد والا جواب شرط پر مبنی نہیں بلکہ قسم پر مبنی ہے اور اسی وجہ سے اس کا نام لام مؤذنہ بھی رکھا جاتا ہے اور اس کا نام لام موطئہ اس لئے ہے کہ موطئہ کا معنی ہے تیار کرنے والا اور یہ لام بھی بعد والے جواب اور جزاء کو قسم کے لئے تیار کرتا ہے جیسے: لَئِنْ أُخْرِجُوا لَا يَخْرُجُونَ مَعَهُمْ میں ہے اس میں لَا يَخْرُجُونَ جواب قسم محذوف کا ہے کیونکہ اگر شرط کی جزاء ہوتا تو مجزوم ہوتا اور نون اعرابی محذوف ہو جاتا۔

(۸) لام تعجب: (محمود صافی)

فائدہ نمبر (۳۳) برائے بحث مفعول معہ:

مفعول معہ وہ اسم ہے جو ایسی واؤ کے بعد مذکور ہو جو واؤ مع کے معنی میں ہو کیونکہ وہ فعل کے معمول یعنی فاعل یا مفعول کا ساتھی ہے

❁ مفعول معہ کی پانچ حالتیں ہیں ❁

(۱) جہاں عطف واجب ہو جیسے: إِشْتَرَكَ زَيْدٌ وَعَمْرٌو اس میں عَمْرٌو کا عطف واجب ہے۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

(۲) جہاں عطف راجح ہو جیسے: جَآءَ زَيْدٌ وَ عَمْرٌو اس میں عَمْرٌو کا معطوف ہونا راجح ہے اس لئے کہ واؤ میں اصل یہی ہے کہ وہ عطف کے لئے ہے۔

(۳) جہاں مفعول معہ ہونا راجح ہو جیسے: مَاتَ زَيْدٌ وَطُلُوْعَ الشَّمْسِ تو اس میں طُلُوْعَ الشَّمْسِ مفعول معہ ہے کیونکہ عطف شرکت کا تقاضا کرتا ہے اور یہاں موت میں زید کے ساتھ طلوع شمس کی شرکت باطل ہے۔

(۴) جہاں مفعول معہ ہونا راجح ہو جیسے: ایک شعر ہے:

❁ فَكُوْنُوْا اَنْتُمْ وَبَنِيْ اَبِيْكُمْ ❁ ❁ مَكَانَ الْكُلْيَتَيْنِ مِنَ الطِّحَالِ ❁

(پس تم اپنے باپ کے بیٹوں کے ساتھ ہو جاؤ جیسے تلی سے گردوں کی جگہ ہوتی ہے) تو اس مثال میں بَنِيْ اَبِيْكُمْ کا مفعول معہ ہونا راجح ہے کیونکہ اگر یہاں عطف بنایا جائے تو معنی یہ ہوگا کہ تم ان کے لئے ہو جاؤ اور وہ تمہارے لئے ہو جائیں اور یہ شاعر کے مقصود کے خلاف ہے کیونکہ شاعر کا مقصود ہے کہ تم قریب قریب رہو۔ اور جیسے قُمْتُ وَزَيْدًا اس مثال میں بھی زَيْدًا کا مفعول معہ ہونا راجح ہے اس لئے کہ یہاں اگر عطف کیا جائے تو اچھا نہیں ہے اس لئے کہ ضمیر مرفوع متصل پر کسی اسم کا عطف تب ہوتا ہے جب ضمیر متصل کی تاکید ضمیر منفصل کے ساتھ لائی جائے اور یہاں تاکید نہیں ہے۔

(۵) جہاں مفعول معہ ہونا اور عطف کرنا دونوں ممتنع ہوں جیسے: ایک شعر ہے

❁ عَلَفْتُهَا تِبْنًا وَمَآءً بَارِدًا ❁

اس میں مَآءً بَارِدًا کا تِبْنًا پر عطف بھی ممتنع ہے کیونکہ عطف مشارکت کا تقاضا کرتا ہے اور یہاں مشارکت نہیں ہے۔ اس لئے کہ چارہ ہونے میں پانی بھوسے کا شریک نہیں ہے اور یہاں مَآءً بَارِدًا کا مفعول معہ ہونا بھی ممتنع ہے اس لئے کہ چارے میں پانی بھوسے کا ساتھی نہیں ہوتا اور مفعول معہ تو فعل کے مصول کا ساتھی ہوتا ہے تو اس لئے اس میں واؤ کے بعد ایک فعل مقدر ہے اور مَآءً بَارِدًا اس کا مفعول ہے اور اصل عبارت یوں ہوگی عَلَفْتُهَا تِبْنًا وَسَقَيْتُهَا مَآءً بَارِدًا اور اس میں جملہ کا عطف جملہ پر ہے اور آیت کریمہ فَاَنْجَيْنٰهُ وَمَنْ مَّعَهٗ جَمِيْعًا میں مَنْ مَّعَهٗ اَغْرَقْنَا کا مفعول معہ بھی ہو سکتا ہے اور ہٗ ضمیر منصوب پر اس کا عطف بھی جائز ہے۔ تو اس میں دونوں صورتیں جائز ہیں اور مفعول معہ کی باقی تفصیل کتب نحو میں دیکھئے۔

فائدہ نمبر (۳۴) برائے اسم تفضیل:

اسم تفضیل کا استعمال تین (۳) طریقوں پر ہوتا ہے

(۱) الف اور لام کے ساتھ اور اس صورت میں اس کے ساتھ مِنْ جارہ کا استعمال ممتنع ہے لہٰذا یوں نہیں کہا جائے گا فُلَانٌ اَلْاَفْضَلُ مِنْ فُلَانٍ اور اس صورت میں افراد اور تثنیہ اور جمع اور تذکیر و تانیث کے اعتبار سے اسم تفضیل اپنے قائل کے مطابق ہوگا اس لئے کہ اس صورت میں یہ قائل کی صفت ہوتا ہے اور صفت کی موصوف کے ساتھ ان مذکورہ چیزوں میں مطابقت ضروری ہے۔

(۲) اسم تفضیل مضاف ہو کر استعمال ہو پھر اگر یہ نکرہ کی طرف مضاف ہو تو یہ ہمیشہ مفرد اور مذکر ہوگا اور مِنْ جارہ اس کے

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

ساتھ متبع ہو گا اور اگر معرفہ کی طرف مضاف ہو تو بھی اس کے ساتھ مِنْ جارہ متبع ہو گا لیکن اس میں دو صورتیں جائز ہوں گی (۱) اسم تفضیل مفرد ہو اس کا موصوف مفرد ہو یا تثنیہ ہو یا جمع ہو۔ (۲) اور اس میں یہ بھی جائز ہے کہ اسم تفضیل موصوف کے مطابق ہو جیسے: زَيْدٌ اَفْضَلُ الْقَوْمِ اور اَلزَّيْدَانِ اَفْضَلَا الْقَوْمِ اور اَلزَّيْدُوْنَ اَفْضَلُوا الْقَوْمِ۔

(۳) اسم تفضیل کے استعمال کا تیسرا طریقہ یہ ہے کہ یہ مِنْ کے ساتھ استعمال ہو اور اس صورت میں اسم تفضیل ہمیشہ مفرد استعمال ہو گا اس کا موصوف مذکر ہو، مؤنث ہو، واحد ہو، تثنیہ ہو یا جمع ہو جیسا بھی ہو۔

فائدہ نمبر (۳۵) برائے کَانَ:

کَانَ کی تین (۳) قسمیں ہیں (۱) کَانَ ناقصہ (۲) کَانَ تامہ (۳) کَانَ زائدہ

کَانَ ناقصہ اسم کو رفع اور خبر کو نصب دیتا ہے اور یہ اس پر دلالت ہے کہ اس کی خبر اس کے اسم کے لئے زمانہ ماضی میں ثابت ہے۔

اور کَانَ تامہ وہ ہے جو فاعل کے ساتھ تام ہو جاتا ہے اور خبر کا محتاج نہیں ہوتا اور یہ ثَبَتَ اور وَجَدَ اور حَصَلَ کے معنی میں ہوتا ہے جیسے: وَاِنْ كَانَ ذُوْ عُسْرَةٍ اور یہ وَاِنْ وُجِدَ ذُوْ عُسْرَةٍ کے معنی میں ہے۔ اور کَانَ زائدہ وہ ہے جو تاکید کے لئے آتا ہے اور تاکید کے علاوہ کسی چیز کا فائدہ نہیں دیتا جیسے قرآن میں ہے وَمَا عَلِيْمٌ بِمَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ یہ اصل میں بِمَا يَعْمَلُوْنَ ہے۔ اور كَانَ يَنْبَغِيْ کے معنی بھی آتا ہے جیسے: مَا يَكُوْنُ لَنَآ اَنْ نَّتَكَلَّمَ بِهٰذَا (ہمیں ایسی بات بولنا لائق اور سزاوار نہیں ہے)

❁ كَانَ کا استعمال قرآن میں پانچ (۵) طریقوں پر ہے ❁

(۱) ہمیشہ کے معنی میں جیسے: وَكَانَ اللّٰهُ عَلِيْمًا حَكِيْمًا میں ہے۔

(۲) ایسی ماضی کے معنی میں جو منقطع ہونے والی ہے جیسے: وَكَانَ فِي الْمَدِيْنَةِ تِسْعَةُ رَهْطٍ میں ہے۔

(۳) حال کے معنی میں جیسے: كُنْتُمْ خَيْرَ اُمَّةٍ میں ہے۔

(۴) استقبال کے معنی میں جیسے: وَيَخَافُوْنَ يَوْمًا كَانَ شَرُّهٗ مُسْتَطِيْرًا میں ہے۔

(۵) صَارَ کے معنی میں استعمال ہوتا ہے جیسے: وَكَانَ مِنَ الْكٰفِرِيْنَ میں ہے۔

فائدہ نمبر (۳۶) برائے حروف جر:

حروف جر مشہور ہیں اور حروف جر کی تین قسمیں ہیں (۱) اصلی (۲) زائد (۳) شبیہ بالزائد

حروف جر اصلی وہ ہیں جو کسی متعلق کے بھی محتاج ہوتے ہیں اور معنی اور اعراب کے اعتبار سے ان سے استغناء نہیں ہوتا جیسے: كَتَبْتُهٗ بِالْقَلَمِ میں بَاء ہے۔

حروف جر زائد وہ ہیں جو کسی متعلق کے محتاج نہیں ہوتے اور باعتبار معنی کے ان سے استغناء بھی نہیں ہوتا البتہ اعراب اور ترکیب کے اعتبار سے ان سے استغناء ہوتا ہے اور یہ صرف مضمون کلام کی تاکید کے لئے آتے ہیں جیسے: مَا جَآءَنَا مِنْ بَشِيْرٍ میں مِنْ ہے اور وَكَفٰى بِاللّٰهِ شَهِيْدًا میں بَاء حرف جر زائد ہے اور جو حروف جر زائد ہوتے ہیں وہ چار ہیں۔ مِنْ، بَاء، كَاف، لَام

اور شبیہ بالزائد وہ حروف جر ہیں جو کسی متعلق کے محتاج نہ ہوں لفظاً اور معنیً دونوں اعتبار سے ان سے استغناء نہ ہو۔ اور ایسے حرف جر چار ہیں۔ رُبَّ، خَلَا، عَدَا، حَاشَا

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

ان حروف جارہ زائدہ میں سے بَاء سب سے زیادہ زائد ہوتی ہے اور اس کا زائد ہونا پانچ (۵) جگہ میں ہوتا ہے۔

(۱) کَفٰی کے فاعل میں جیسے: وَكَفٰى بِاللّٰهِ وَكِيْلًا میں ہے۔

(۲) عامل طور پر مفعول بہ میں زائد ہوتی ہے جیسے قرآن میں ہے وَلَا تُلْقُوْا بِاَيْدِيْكُمْ اِلَى التَّهْلُكَةِ

(۳) مبتدا میں زائد ہوتی ہے جبکہ مبتدا حَسْبُكَ کے لفظ سے مشتق ہو جیسے: بِحَسْبِكَ دِرْهَمٌ میں ہے یا حرف بَاء لفظ نَاهِيْكَ کے بعد ہو جیسے: نَاهِيْكَ بِخَالِدٍ شُجَاعًا بِاَبَاء اِذَا مَا جَاءَ جَاءَ کے بعد ہو جیسے: خَرَجْتُ فَاِذَا بِالْاُسْتَاذِ یا كَيْفَ کے بعد ہو جیسے: كَيْفَ بِكَ اِذَا حُصِرَ كَذَا اس میں کاف ضمیر مبتدا ہے اور بَاء زائدہ ہے۔

(۴) اس حال میں بَاء زائد ہوتی ہے جس کا عامل منفی ہوتا ہے جیسے: فَمَا رَجَعْتُ بِخَائِبَةِ رِكَابٍ میں ہے

(۵) لَيْسَ اور مَا کی خبر میں بَاء زائد ہوتی ہے جیسے: اَلَيْسَ اللّٰهُ بِكَافٍ عَبْدَهٗ اور جیسے: وَمَا رَبُّكَ بِظَلَّامٍ لِّلْعَبِيْدِ اور اَنْ کی خبر میں بھی داخل ہوتی ہے اور زائد ہوتی ہے جیسے: اَوَلَمْ يَرَوْا اَنَّ اللّٰهَ الَّذِيْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ وَلَمْ يَعْيَ بِخَلْقِهِنَّ بِقٰدِرٍ عَلٰٓى اَنْ يُّحْيِۦَ الْمَوْتٰى میں ہے۔

فائدہ نمبر (۳۷) برائے اوزان مخصوصہ میں مذکر و مؤنث کی مساوات

کچھ وزن ایسے ہیں جن میں مذکر اور مؤنث برابر ہیں

(۱) وزن فَعُوْلٌ: جو فاعل کے معنی میں ہو جیسے: رَجُلٌ صَبُوْرٌ اور اِمْرَاَةٌ صَبُوْرٌ

(۲) وزن مِفْعَالٌ: جیسے: رَجُلٌ مِقْوَالٌ اور اِمْرَاَةٌ مِقْوَالٌ

(۳) وزن مِفْعِيْلٌ: جیسے: رَجُلٌ مِعْطِيْرٌ اور اِمْرَاَةٌ مِعْطِيْرٌ

(۴) وزن مِفْعَلٌ: جیسے: رَجُلٌ مِغْشَمٌ اور اِمْرَاَةٌ مِغْشَمٌ

(۵) وزن فَعِيْلٌ: جو صفت کے لئے ہو اور مفعول کے معنی میں ہو جیسے: اِمْرَاَةٌ جَرِيْحٌ اور رَجُلٌ جَرِيْحٌ اور جیسے قرآن میں ہے اِنَّ رَحْمَتَ اللّٰهِ قَرِيْبٌ مِّنَ الْمُحْسِنِيْنَ مگر یہ یاد رہے کہ وزن فَعِيْلٌ میں مذکر اور مؤنث اس وقت برابر ہوتے ہیں جب اس سے پہلے موصوف مذکور ہو۔ اور اگر اس سے پہلے موصوف نہ ہو تو پھر مؤنث کے ساتھ تائے تانیث لاحق ہوگی جیسے: بَنِي الْعَيْمَانِ سِتَّةٌ جَرْشِيٌّ وَقَرِيْلَةٌ۔

(۶) مصدر میں بھی مذکر و مؤنث برابر ہیں اور جب مصدر موصوف ہو تو اس میں بھی مذکر و مؤنث برابر ہوتے ہیں جیسے: هٰذَا قَوْلٌ حَقٌّ اور هٰذِهٖ قَضِيَّةٌ حَقٌّ اور کچھ لوگ جب مصدر کا موصوف مؤنث ہو تو مصدر پر تائے تانیث داخل کرتے ہیں یعنی کہتے ہیں قَضِيَّةٌ حَقَّةٌ یہ ان کی خطاء ہے اس سے بچنا چاہیے۔

فائدہ نمبر (۳۸) برائے افعال مقاربہ:

ان کا عمل افعال ناقصہ والا ہے اور ان افعال کی تین (۳) قسمیں ہیں

(۱) وہ افعال مقاربہ ہیں جو اس پر دلالت کرتے ہیں کہ خبر کا وقوع قریب ہے اور یہ کَادَ، كَرَبَ اور اَوْشَكَ ہیں۔

(۲) وہ افعال مقاربہ ہیں جو خبر کی امید پر دلالت کرتے ہیں جیسے: عَسٰى اور اِخْلَوْلَقَ ہیں۔

(۳) وہ افعال مقاربہ ہیں جو خبر میں شروع ہونے پر دلالت کرتے ہیں ان میں سے طَفِقَ اور جَعَلَ وغیرہ ہیں (ان کی باقی مباحث کتب نحو میں دیکھیں۔)

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

فائدہ نمبر(۳۹) برائے مبتدا و خبر:

مبتدا کی خبر جب جملہ ہو تو خبر کو مبتدا کے ساتھ ربط دینے والی چیزیں چار(۴) ہیں

(۱) ضمیر ہے بارز ہو یا مستتر جیسے: اَلْعِلْمُ مَرْتَعُهٗ وَخَيْمٌ

(۲) اسم اشارہ جیسے قرآن میں ہے وَلِبَاسُ التَّقْوٰى ذٰلِكَ خَيْرٌ

(۳) مبتدا کا اس کے لفظ کے ساتھ اعادہ کرنا جیسے: اَلْحَاقَّةُ مَا الْحَاقَّةُ

(۴) عموم: جیسے خَالِدٌ نِعْمَ الرَّجُلُ اس میں خَالِدٌ مبتدا ہے اور نِعْمَ الرَّجُلُ اس کی خبر ہے اور ربط دینے والی چیز عموم ہے۔

جب دو اسم معرفہ ہوں عام ہے معرفہ ہونے میں ان کا رتبہ برابر ہو جیسے: اَللّٰهُ رَبُّنَا میں ہے یا ان کا رتبہ مختلف ہو جیسے: زَيْدٌ اَلْفَاضِلُ میں ہے تو اس میں جو اسم پہلے ہو گا وہ مبتدا ہو گا اور عند البعض جو مشتق ہو گا وہ خبر ہو گا اگرچہ پہلے ہو جیسے: اَلْفَاضِلُ زَيْدٌ میں ہے۔ اور اگر دو اسم ایسے نکرہ ہوں کہ وہ دونوں مبتدا بن سکتے ہوں تو اس صورت میں بھی جو اسم پہلے ہو گا وہ مبتدا ہو گا جیسے: اَفْضَلُ مِنْكَ اَفْضَلُ مِنِّيْ میں ہے۔

اور اگر دو اسم معرفہ اور نکرہ میں مختلف ہوں اور پہلا اسم معرفہ ہو تو وہ مبتدا ہو گا اور دوسرا خبر ہو گا جیسے: زَيْدٌ قَائِمٌ میں ہے۔ اور اگر معرفہ اور نکرہ کے اعتبار سے جو دو اسم مختلف ہوں مگر ان میں سے پہلا نکرہ ہو اور اس کے مبتدا ہونے کو جائز کرنے والی کوئی چیز نہ ہو تو بالاتفاق پہلا اسم خبر ہو گا جیسے: خَزٌّ ثَوْبُكَ (ریشم ہے تیرا کپڑا) اور اگر پہلا اسم نکرہ ہو اس کے مبتدا ہونے کو جائز کرنے والا کوئی سبب موجود ہو تو اس صورت میں بھی عند الجمہور پہلا اسم خبر ہو گا، اور عند السیبویہ پہلا اسم مبتدا ہو گا جیسے: خَيْرٌ مِنْكَ زَيْدٌ میں عند الجمہور خَيْرٌ مِنْكَ خبر ہے اور عند السیبویہ مبتدا ہے اور زَيْدٌ اس کی خبر ہے۔

فائدہ: مبتدا میں اصل تو یہی ہے کہ وہ معرفہ ہوتا ہے لیکن اگر کسی طریقہ سے نکرہ میں تخصیص کر دی جائے تو پھر نکرہ مبتدا واقع ہو سکتا ہے۔

❁ پھر کئی مقامات ایسے ہیں جن میں نکرہ کا مبتدا واقع ہونا درست ہے ❁

(۱) نکرہ موصوفہ ہو جیسے: وَلَعَبْدٌ مُّؤْمِنٌ خَيْرٌ مِّنْ مُّشْرِكٍ میں ہے۔

(۲) نکرہ عمل کر رہا ہو جیسے: هَلْ مُسَافِرٌ اَخُوْكَ اس میں مُسَافِرٌ مبتدا کی قسم ثانی ہے۔

(۳) جہاں عطف ہو مگر اس میں شرط یہ ہے کہ معطوف یا معطوف علیہ میں کسی وجہ سے تخصیص ہو جیسے: قَوْلٌ مَّعْرُوْفٌ وَّمَغْفِرَةٌ خَيْرٌ مِّنْ صَدَقَةٍ يَّتْبَعُهَآ اَذًى اس میں مَغْفِرَةٌ نکرہ مبتدا ہے کیونکہ اس کا عطف نکرہ موصوفہ پر ہے۔

(۴) خبر ظرف ہو جیسے: لَدَيْنَا مَزِيْدٌ میں ہے یا خبر جار اور مجرور ہو جیسے: لِكُلِّ اَجَلٍ كِتَابٌ میں ہے۔

(۵) نکرہ عام ہو خواہ بذات خود عام ہو جیسے اسمائے استفہام وغیرہ میں یا کسی دوسرے کی وجہ سے عام ہو جیسے: مَا رَجُلٌ فِي الدَّارِ میں رَجُلٌ نکرہ عام ہے۔

(۶) نکرہ سے مراد بن خیثمی صاحب حقیقت ہو جیسے: مُؤْمِنٌ خَيْرٌ مِّنْ كَافِرٍ میں ہے۔

(۷) نکرہ فعل کے معنی میں ہو جیسے: وَيْلٌ لِّلْمُطَفِّفِيْنَ میں ہے اور اس میں بددعاء کا معنی ہے۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

(۸) نکرہ کے لئے خبر کا ثابت ہونا خوارقِ عادت میں سے ہو جیسے: شَجَرَةٌ سَجَدَتْ اور بَقَرَةٌ تَكَلَّمَتْ

(۹) نکرہ اِذَا مفاجاتیہ کے بعد واقع ہو جیسے: خَرَجْتُ فَإِذَا أَسَدٌ بِالْبَابِ

(۱۰) نکرہ جملہ حالیہ کے شروع میں واقع ہو جیسے ایک شعر ہے

❁ سَوَّيْنَا وَنَجْمٌ قَدْ أَضَاءَ فَمُضَى ❁ يَدَا مَحْيَاكَ أَخْفَى ضَوْءُهُ كُلَّ شَارِقِ ❁

تو اس شعر میں محلِ استشہاد نَجْمٌ قَدْ أَضَاءَ ہے اس میں نَجْمٌ مبتدا ہے جو کہ جملہ حالیہ کے شروع میں واقع ہے۔

(۱۱) نکرہ تفصیل کے لئے ہو جیسے امرؤ القیس کا شعر ہے

❁ فَأَقْبَلْتُ زَحْفًا عَلَى الرُّكَبَتَيْنِ ❁ فَثَوْبٌ نَسِيتُ وَثَوْبٌ أَجُرُّ ❁

اس شعر میں محلِ استشہاد ثَوْبٌ کا لفظ ہے۔

❁ **فائدہ:** چند مقامات میں مبتدا کو حذف کر دینا کثیر ہے ❁

(۱) جیسے: وَمَا أَدْرَاكَ مَا الْحُطَمَةُ نَارُ اللّٰهِ الْمُوقَدَةُ یہ اصل میں ھِيَ نَارُ اللّٰهِ۔۔۔ الخ ہے۔

(۲) فاء جزائیہ کے بعد جیسے: مَنْ عَمِلَ صَالِحًا فَلِنَفْسِهِ یہ اصل میں فَعَمَلُهُ لِنَفْسِهِ ہے۔

(۳) قول کے بعد جیسے: قَالُوْا أَسَاطِيْرُ الْأَوَّلِيْنَ یہ اصل میں ھِيَ أَسَاطِيْرُ الْأَوَّلِيْنَ ہے۔

(۴) اس چیز کے بعد کہ معنی میں خبر مبتدا کی صفت ہو جیسے: اَلتَّآئِبُوْنَ الْعٰبِدُوْنَ یہ اصل میں هُمُ التَّآئِبُوْنَ۔۔۔ الخ ہے اس میں اَلتَّآئِبُوْنَ هُمْ کی خبر ہے لیکن معنی میں اس کی صفت ہے۔

(۵) کبھی اس کے علاوہ بھی مبتدا کو حذف کیا جاتا ہے۔ جیسے: لَا يَغُرَّنَّكَ تَقَلُّبُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا فِي الْبِلَادِ مَتَاعٌ قَلِيْلٌ یہ اصل میں تَقَلُّبُهُمْ مَتَاعٌ قَلِيْلٌ ہے۔

فائدہ نمبر (۴۰) برائے حرف لَا:

حرف لَا کی کئی قسمیں ہیں

(۱) لَا حجازیہ: جو اسم کو رفع اور خبر کو نصب دیتا ہے۔

(۲) لَا جوابیہ: جو کسی سوال کے جواب میں واقع ہوتا ہے۔

(۳) لَا زائدہ: اور یہ تاکید کے لئے آتا ہے جیسے: مَا مَنَعَكَ أَلَّا تَسْجُدَ میں ہے۔

(۴) لَا عاطفہ

(۵) لَا نفی جنس

(۶) لَا نافیہ: جو مضارع اور ماضی اور استقبال کی نفی کے لئے آتا ہے۔

(۷) لَا ناہیہ: یہ مضارع کو جزم دیتا ہے۔

(۸) کبھی لَا غَیْرَ کے معنی میں اسم ہو کر بھی استعمال ہوتا ہے اور اس وقت اس کا اعراب اس کے مابعد میں ظاہر ہوتا ہے جیسے:

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

غَيْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَيْهِمْ وَلَا الضَّآلِّيْنَ اور لَا مَقْطُوْعَةٍ وَّلَا مَمْنُوْعَةٍ وغیرہ میں ہے۔

فائدہ نمبر (۴۱) برائے مَنْ:

مَنْ کی کئی قسمیں ہیں

(۱) مَنْ استفہامیہ: مَنْ استفہامیہ کے بعد جب اسم ہو تو یہ مبتدا بنتا ہے جیسے مَنْ رَّبُّكُمَا يٰمُوْسٰى اور یہ بھی جائز ہے کہ خبر مقدم ہو اور اسی طرح جب اس کے بعد فعل لازم ہو جیسے مَنْ جَآءَ عَلٰٓى اَخِيْهِ اَوَّلًا اسی طرح جب اس کے بعد ایسا فعل متعدی ہو جس کا مفعول مذکور ہو جیسے مَنْ فَعَلَ هٰذَا بِاٰلِهَتِنَا تو اس وقت بھی یہ مبتدا ہوتا ہے اور جب اس کے بعد ایسا فعل متعدی ہو جس کا مفعول مذکور نہ ہو تو اس وقت یہ مفعول بہ مقدم بنتا ہے جیسے مَنْ اَكْرَمَ الْاَمِيْرُ (امیر نے کس کا اکرام کیا ہے) اور جب اس کے بعد فعل ناقص ہو تو اس وقت خبر مقدم ہوتا ہے جیسے مَنْ كَانَ جَارُكَ (تیرا پڑوسی کون ہے)

(۲) مَنْ موصولہ ہے: جیسے: وَلَهٗٓ اَسْلَمَ مَنْ فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ میں ہے۔

(۳) مَنْ شرطیہ: جیسے: مَنْ يَّعْمَلْ سُوْٓءًا يُّجْزَ بِهٖ

(۴) مَنْ موصوفہ: جیسے: كَفٰى بِنَا فَضْلًا عَلٰى مَنْ غَيْرِنَا میں مَنْ موصوفہ ہے اور وَمِنَ النَّاسِ مَنْ يَّقُوْلُ میں بھی مَنْ موصوفہ ہو سکتا ہے اور کلمہ مَنْ مذکر و مؤنث نیز مفرد، تثنیہ و جمع سب کے لئے برابر ہے۔

فائدہ نمبر (۴۲) برائے نون:

نون کی دو (۲) قسمیں ہیں

(۱) اسم یہ جمع مؤنث کی ضمیر ہے جیسے: لِنِسَآءِ النَّبِيِّ لَسْتُنَّ میں ہے۔

(۲) وہ نون جو حرف ہے پھر اس کی دو (۲) قسمیں ہیں (۱) نون تاکید یہ کبھی ثقیلہ ہوتا ہے جیسے لَتُسْئَلُنَّ میں ہے اور کبھی خفیفہ ہوتا ہے جیسے لَنَسْفَعًا بِالنَّاصِيَةِ (۲) نون وقایہ یہ اسی ایاء متکلم کے ساتھ لاحق ہوتا ہے جس کو فعل نے یا حرف ناصب نے نصب دیا ہو جیسے فَاَعْبُدُنِيْ اور لَيْتَنِيْ كُنْتُ مَعَهُمْ میں ہے اسی طرح لَدُنْ کے مضاف الیہ ضمیر اور عَنْ اور مِنْ کے مجرور کے ساتھ بھی لاحق ہوتی ہے جیسے مِنْ لَّدُنِّيْ عُذْرًا اور مَآ اَغْنٰى عَنِّيْ مَالِيَهْ اور اَلْقِيْتُ عَلَيْكَ مَحَبَّةً مِّنِّيْ میں ہے

❁ ایک نون تنوین ہوتا ہے ❁

یہ وہ نون ہوتا ہے جو لکھنے میں نہیں آتا اور تلفظ میں قائم اور باقی ہوتا ہے اور اس کی پانچ اقسام ہیں (۱) تمکن (۲) تنکیر (۳) عوض (۴) مقابلہ (۵) ترنم ان اقسام کی تفصیل کے لئے کتب نحو کی طرف رجوع کیا جائے۔

فائدہ نمبر (۴۳) برائے اسمائے ظروف:

(۱) حَيْثُ: حَيْثُ ظرف مکان کے لئے آتا ہے اور یہ جملہ کی طرف مضاف ہوتا ہے اور اکثر اس کا مضاف الیہ جملہ فعلیہ ہوتا ہے جیسے قرآن میں ہے يَتَبَوَّاُ مِنْهَا حَيْثُ يَشَآءُ اور اگر اس کے بعد مفرد واقع ہو تو اس صورت میں یہ مبتدا ہوتا ہے اس کی

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

خبر محذوف ہوتی ہے جیسے اِجْلِسْ حَيْثُ خَالِدٌ یہ اصل میں حَيْثُ جَالِسٌ خَالِدٌ ہوگا۔ اور کبھی یہ حرف جر کے داخل ہونے کی وجہ سے محلاً مجرور ہوتا ہے۔ اور جب اس کے ساتھ کلمہ مَا متصل ہو جائے تو اس وقت یہ اسم شرط بن جاتا ہے جیسے حَيْثُمَا تَقْضِ أَقْضِ اور اس وقت یہ فعل شرط کا مفعول فیہ مقدم ہوتا ہے اور کبھی حَيْثُ مفعول بہ بھی واقع ہوتا ہے جیسے قرآن میں ہے لَنُبَوِّئَنَّهُمْ مِنَ الْجَنَّةِ حَيْثُ نَشَاءُ۔

(۲) إِذَا إِذَا یہ ظرف زمان ہے اور متضمن معنی شرط ہے اور جملہ فعلیہ پر داخل ہونے کے ساتھ خاص ہے اور یہ جواب کا محتاج ہوتا ہے اور اس کے جواب کی متعدد صورتیں ہیں۔ (۱) اس کا جواب فعل ہو جیسے: فَإِذَا جَاءَ أَمْرُ اللهِ قُضِيَ بِالْحَقِّ (۲) اس کا جواب جملہ اسمیہ ہو جس پر فاء داخل ہو جیسے: فَإِذَا نُقِرَ فِي النَّاقُورِ فَلَا أَنْسَابَ (۳) اس کا جواب جملہ انشائیہ ہو جس پر فاء داخل ہو جیسا کہ سورۃ النصر میں ہے فَسَبِّحْ بِحَمْدِ رَبِّكَ ۔۔۔ الخ (۴) کبھی جواب ایسا جملہ اسمیہ ہوگا جس پر إِذَا مفاجاتیہ داخل ہوگا جیسے إِذَا دَعَاكُمْ دَعْوَةً مِنَ الْأَرْضِ إِذَا أَنْتُمْ تَخْرُجُونَ۔ پھر محققین کے نزدیک إِذَا کو نصب فعل شرط دیا کرتا ہے یعنی یہ فعل شرط کا مفعول فیہ مقدم واقع ہوتا ہے اور فقیر نے اعراب القرآن میں اسی قول پر عمل کیا ہے۔ نیز إِذَا کی یہ خاصیت ہے کہ اس کی جزاء شرط پر مقدم نہیں ہو سکتی نیز یہ شرط کو جزم بھی نہیں دیتا۔

(۳) مُذْ (۴) مُنْذُ

❁ مُذْ اور مُنْذُ کی تین حالتیں ہیں ❁

(۱) ان کے بعد مجرور اسم واقع ہو اس صورت میں عند البعض یہ اسم اور مضاف ہوتے ہیں مگر صحیح قول یہ ہے کہ یہ اس وقت حرف جر ہوتے ہیں پھر اگر زمانہ ماضی ہو تو مِن کے معنی میں ہوتے ہیں جیسے: مَا رَأَيْتُهُ مُذْ يَوْمِ الْخَمِيسِ اور اگر زمانہ حال ہو تو فِي کے معنی میں ہوتے ہیں جیسے: مَا رَأَيْتُهُ مُذْ يَوْمِنَا اور اگر ان کا مدخول کوئی معدود ہو تو اس وقت مِن اور اِلیٰ دونوں کے معنی میں ہو سکتے ہیں جیسے: مَا رَأَيْتُهُ مُذْ ثَلَاثَةُ أَيَّامٍ

(۲) مُذْ اور مُنْذُ کی دوسری حالت یہ ہے کہ ان کے بعد مرفوع اسم واقع ہو جیسے مُذْ يَوْمُ الْخَمِيسِ اس حالت کے بارے میں اختلاف ہے (۱) مبرد اور فارسی وغیرہ کے نزدیک اس صورت میں یہ مبتدا ہوتے ہیں اور ما بعد خبر ہوتا ہے پھر اگر مدخول زمانہ ماضی ہو یا معدود چیز ہو تو اس وقت ان کا معنی انتہاء مدت ہوتا ہے اور اگر مدخول ماضی ہو تو ان کا معنی اوّل مدت وابتداء مدت ہوتا ہے۔ (۲) امام اخفش وزجاج وغیرہ کے نزدیک اس صورت میں یہ خبر اور ان کا ما بعد مبتدا ہوتا ہے اور اس وقت ان کا معنی وہ ایسے بَيْنَ کے لفظ ہوتے ہیں جو مضاف ہوتے ہیں لہٰذا ان حضرات کے نزدیک مَا لَقِيتُهُ مُذْ يَوْمَانِ کا معنی ہے بَيْنِي وَبَيْنَ لِقَائِهِ يَوْمَانِ (۳) اور اکثر اہل کوفہ کے نزدیک مُذْ اور مُنْذُ دوسری حالت میں ظرف ہیں جو کہ ایسے جملہ کی طرف مضاف ہیں جس کا فعل حذف کر کے اس کے فاعل کو باقی رکھا گیا ہے۔ لہٰذا مثال مذکور میں مُذْ يَوْمَانِ دراصل میں مُذْ كَانَ يَوْمَانِ ہے اور كَانَ تامہ بمعنی وُجِدَ ہے۔

(۳) مُذْ اور مُنْذُ کی تیسری حالت یہ ہے کہ ان کے بعد جملہ اسمیہ یا جملہ فعلیہ واقع ہو اس صورت میں یہ ظرف ہوتے ہیں

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

جو جملہ کی طرف مضاف ہوتے ہیں۔

فائدہ نمبر(۳۴) برائے اقسام جملہ:

جملہ کی صفاتی چھ (۶) قسمیں ہیں

(۱)جملہ مستانفہ (۲)جملہ سببیہ (۳)جملہ معلّلہ (۴)جملہ معطوفہ (۵)جملہ حالیہ (۶)جملہ معترضہ

جملہ معترضہ وہ ہوتا ہے جو دو چیزوں کے درمیان بے جوڑ واقع ہو جائے پھر جملہ معترضہ کا کل وقوع متعدد ہیں (۱) فعل اور فاعل کے درمیان واقع ہوتا ہے جیسے: قَالَ أَبُو حَنِيفَةَ رَحِمَهُ اللّٰهُ ۔۔۔ میں ہے۔ (۲) فعل اور اس کے مفعول کے درمیان واقع ہوتا ہے جیسے:

❁ وَقَدْ أَدْرَكْتُنِي وَالْحَوَادِثُ جُمَّةٌ ❁ أَسِنَّةُ قَوْمٍ لَا ظِمَاءٍ وَلَا عُزْلِ ❁

اس میں وَالْحَوَادِثُ جُمَّةٌ جملہ معترضہ ہے۔ (۳) مبتدا اور خبر کے درمیان واقع ہوتا ہے جیسے: وَمَا أَهْلَكَ النَّاسَ وَلَوْ حَرَصْتَ بِمُؤْمِنِينَ میں وَلَوْ حَرَصْتَ ہے۔ (۴) اس چیز کے درمیان واقع ہوتا ہے جس کی اصل مبتدا اور خبر ہے جیسے شاعر کا شعر ہے

❁ إِنَّ الثَّمَانِينَ وَبُلِّغْتَهَا ❁ قَدْ أَحْوَجَتْ سَمْعِي إِلَى تَرْجُمَانِ ❁

اس میں بُلِّغْتَهَا جملہ معترضہ ہے جو مبتدا اور خبر کے درمیان واقع ہے کیونکہ إِنَّ کے دخول سے پہلے الثَّمَانِينَ مبتدا ہے اور أَحْوَجَتْ خبر ہے۔ (۵) شرط اور جواب کے درمیان واقع ہوتا ہے جیسے

❁ لَعَمْرِي وَمَا عَمْرِي عَلَيَّ بِهَيِّنٍ ❁ لَئِنْ نَطَقَتْ بَطْلًا عَلَيَّ الْأَقَارِعُ ❁

میں ہے۔ (۶) قسم اور جواب قسم کے درمیان واقع ہوتا ہے۔ (۷) موصوف اور صفت کے درمیان واقع ہوتا ہے جیسے: وَإِنَّهُ لَقَسَمٌ لَوْ تَعْلَمُونَ عَظِيمٌ میں ہے۔ (۸) موصول اور صلہ کے درمیان واقع ہوتا ہے جیسے

❁ ذَاكَ الَّذِي وَأَبِيكَ يَعْرِفُ مَالِكًا ❁ وَالْحَقُّ يَدْفَعُ تَرْهَاتِ الْبَاطِلِ ❁

(۹) حرف استقبال اور فعل کے درمیان واقع ہوتا ہے جیسے:

❁ وَمَا أَدْرِي وَسَوْفَ يُخَالُ أَدْرِي ❁ أَقَوْمٌ آلُ حِصْنٍ أَمْ نِسَاءُ ❁

(۱۰) حرف نفی اور اس کی منفی کے درمیان واقع ہوتا ہے۔ (۱۱) دو مستقل جملوں کے درمیان واقع ہوتا ہے جیسے: وَوَصَّيْنَا الْإِنْسَانَ بِوَالِدَيْهِ حَمَلَتْهُ أُمُّهُ وَهْنًا عَلَى وَهْنٍ وَفِصَالُهُ فِي عَامَيْنِ ۔۔۔ الخ اس میں حَمَلَتْهُ أُمُّهُ جملہ معترضہ ہے۔ اور صاحب مغنی اللبیب نے جملہ معترضہ کی سترہ (۱۷) صورتیں ذکر کی ہیں باقی جملہ اقسام کی تعریفیں واضح ہیں لہٰذا ان کو ذکر نہیں کیا گیا۔

فائدہ نمبر(۳۵) برائے لٰکِنَّ:

لٰکِنَّ مشدد حرف مشبہ بالفعل ہے اور لٰکِنْ مخفف یہ کبھی حرف استدراک ہوتا ہے اور کبھی عطف کے لئے بھی آتا ہے اگر کوئی یوں کہے مَا قَامَ زَيْدٌ وَلٰكِنْ عَمْرٌو اس جیسی مثال کے بارے میں نحویوں کے چار (۴) اقوال ہیں۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

(۱) عند یونس: لٰكِنْ عاطفہ نہیں ہے بلکہ واؤ عاطفہ ہے اور یہ عطف مفرد علی المفرد ہے۔

(۲) عند ابن مالک: لٰكِنْ عاطفہ ہے اور یہ عطف جملہ علی الجملہ ہے جملہ معطوف کا کچھ حصہ محذوف ہے لہٰذا مَاقَامَ زَيْدٌ وَلٰكِنْ عَمْرٌو اصل میں وَلٰكِنْ قَامَ عَمْرٌو ہے وَلٰكِنْ رَسُوْلَ اللّٰهِ اصل میں وَلٰكِنْ كَانَ رَسُوْلَ اللّٰهِ ہے۔

(۳) عند ابن عصفور: لٰكِنْ عاطفہ ہے اور واؤ زائدہ اس کو لازم ہے۔

(۴) عند ابن کیسان: لٰكِنْ عاطفہ ہے اور واؤ زائدہ ہے اس کو لازم نہیں ہے۔

اور لٰكِنَّ مشدد جو کہ حرف مشبہ بالفعل ہے یہ اسم کو نصب اور خبر کو رفع دیتا ہے جیسا کہ تمام حروف مشبہ بالفعل کا یہی عمل ہے۔

فائدہ نمبر(۴۶) برائے لفظ غَيْرَ:

لفظ غَيْرَ ان اسماء میں سے ہے جن میں شدید ابہام ہے اس لئے اضافت کے باوجود یہ معرفہ نہیں ہوتا پھر جب لفظ غَيْرَ مضاف ہو تو پھر یہ دو (۲) طریقے سے استعمال ہوتا ہے (۱) یہ ہے کہ یہ نکرہ کی صفت ہو جیسے: رَبَّنَا أَخْرِجْنَا نَعْمَلْ صَالِحًا غَيْرَ الَّذِي كُنَّا نَعْمَلُ میں ہے اور اس کا یہی استعمال اصل ہے۔ (۲) یہ استثناء کے لئے استعمال ہو تو پھر اس کا اعراب اس اسم کے اعراب کی طرح ہوگا جو اِلَّا کے بعد واقع ہو جس کی تفصیل فقیر کی تالیف معارف التبشیر شرح تحریر میں مذکور ہے۔

اور اگر لفظ غَيْرَ دو متضاد چیزوں کے درمیان واقع ہو تو اس وقت یہ معرفہ ہو جاتا ہے چنانچہ علامہ سیوطی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ اسی وجہ سے غَيْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَيْهِمْ وَلَا الضَّآلِّيْنَ میں اس کو معرفہ کی صفت بنایا گیا ہے اور اگر لفظ غَيْرَ کی جگہ لَا نافیہ آنے کی صلاحیت ہو تو اس وقت یہ حال واقع ہوتا ہے۔

فائدہ نمبر(۴۷) برائے نون وقایہ:

نون وقایہ کا نام نون عماد بھی ہے اور یہ اس یاء متکلم سے پہلا آتا ہے جو تین (۳) چیزوں میں سے ایک کے ساتھ منصوب ہو۔

(۱) جو فعل کے ساتھ منصوب ہو جیسے: أَكْرَمَنِيْ زَيْدٌ (۲) اس یاء متکلم سے پہلے آتا ہے جو اسم فعل کی وجہ سے منصوب ہو جیسے: عَلَيْكَنِيْ بِمَعْنَى إِلْزَمْنِيْ (۳) اس یاء متکلم سے پہلے آتا ہے جو کسی حرف کی وجہ سے منصوب ہو جیسے: إِنَّنِيْ اور اسی طرح جو یاء متکلم مِنْ اور عَنْ حرف جر کی وجہ سے مجرور ہو اس کے ساتھ بھی آتا ہے اور اس کا نام نون وقایہ اس لئے ہے کہ وقایہ کا معنی ہے حفاظت کرنا اور بچانا اور یہ نون بھی فعل وغیرہ کو کسرہ سے محفوظ کرتا ہے۔

فائدہ نمبر(۴۸) ان جملوں کے بارے میں جو لَا مَحَلَّ لَهَا مِنَ الْإِعْرَابِ ہیں

چھ جملے ایسے ہیں جن کا کوئی محل اعراب نہیں ہے (۱) جملہ مفتتحہ (۲) جملہ مستانفہ (۳) جواب ندا کا جملہ (۴) جو جملہ موصول کا صلہ واقع ہو (۵) جو جملہ جواب قسم واقع ہو (۶) جو جملہ معترضہ ہو (۷) جو جملہ تفسیریہ ہو جیسے: وَأَوْحَيْنَا إِلٰى مُوْسٰى أَنْ أَلْقِ عَصَاكَ میں أَلْقِ عَصَاكَ ہے۔ (۸) جو جملہ بیتہ ہو جیسے: اَلْكَلِمَةُ عَلٰى ثَلَاثَةِ أَقْسَامٍ اِسْمٌ وَفِعْلٌ وَحَرْفٌ میں اِسْمٌ وَفِعْلٌ وَحَرْفٌ ہے۔ (۹) شرط غیر جازم کی جزاء جو جملہ واقع ہو۔ (۱۰) اور جملہ جو سابقہ جملوں میں سے کسی ایک کا تابع ہو۔

❁ اور جن جملوں کا کوئی محل اعراب ہوتا ہے اس کی سات (۷) قسمیں ہیں ❁

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

(۱)جو جملہ خبر واقع ہو اور اس کا محل مبتدا کی خبر میں رفع ہوتا ہے اور کان وغیرہ کی خبر کا محل نصب ہوتا ہے۔

(۲)جو جملہ حال واقع ہو اور اس کا محل نصب ہے جیسے: وَلَا تَمْنُنْ تَسْتَكْثِرُ

(۳)جو جملہ مفعول واقع ہو اور اس کا محل نصب ہے بشرطیکہ نائب فاعل نہ ہو۔

(۴)جو جملہ مضاف الیہ واقع ہو اور اس کا محل جر ہے اور جملہ کی طرف آٹھ (۸) چیزیں مضاف ہوتی ہیں (۱) اسماء الزمان (۲) حَيْثُ (۳) آیۃ بمعنی علامت (۴) ذُو (۵) كَلِمَةٌ (۶) رَيْثَ (۷) لفظ قول (۸) قَائِلٌ کا لفظ

(۵)وہ جملہ جو فاء کے بعد واقع ہو یا اِذَا کے بعد واقع ہو اور شرط جازم کی جزاء ہو جیسے: مَنْ يُّضْلِلِ اللّٰهُ فَلَا هَادِيَ لَهٗ

(۶)جو جملہ کسی مفرد کا تابع ہو مثلاً مفرد کی صفت ہو جیسے: مِنْ قَبْلِ اَنْ يَّاْتِيَ يَوْمٌ لَّا بَيْعٌ فِيْهِ میں لَا بَيْعٌ فِيْهِ يَوْمٌ کی صفت ہونے کی بناء پر محلاً مرفوع ہے یا کسی حرف کے ساتھ معطوف ہو جیسے: زَيْدٌ مُنْطَلِقٌ وَّاَبُوْهُ ذَاهِبٌ یہ فرض کیا جائے کہ واؤ کے ذریعہ صرف خبر پر عطف ہے۔

(۷)جو جملہ کسی ایسے جملہ کا تابع ہو جس کے لئے اعراب کا کوئی محل ہے۔

فائدہ نمبر(۴۹) برائے فرق بین الحال والتمیز

پانچ (۵) چیزوں میں حال اور تمیز جمع ہوتے ہیں وہ یہ ہیں

(۱)دونوں اسم ہوتے ہیں۔ (۲)دونوں نکرہ ہوتے ہیں۔ (۳)دونوں کلام میں زائد ہوتے ہیں بایں معنی کہ جملہ ان کے بغیر تام ہو جاتا ہے۔ (۴)دونوں منصوب ہوتے ہیں۔ (۵)دونوں ابہام دور کرتے ہیں۔

❁ حال اور تمیز میں سات (۷) چیزوں میں فرق ہے ❁

(۱)حال جملہ بھی ہوتا ہے جیسے رَاَيْتُ الْاَمِيْرَ وَهُوَ رَاكِبٌ میں وَهُوَ رَاكِبٌ جملہ اسمیہ خبریہ حال ہے اور ظرف بھی ہوتا ہے جیسے: رَاَيْتُ الْهِلَالَ بَيْنَ السَّحَابِ میں بَيْنَ السَّحَابِ مَوْجُوْدًا کا مفعول فیہ ہو کر اَلْهِلَالَ کا حال ہے۔ اور حال کبھی جار اور مجرور بھی ہوتا ہے جیسے: اَعْجَبَنِيْ السَّمَكُ فِي الْمَآءِ اور تمیز ہمیشہ اسم ہوتی ہے۔

(۲)کبھی حال پر کلام کا معنی مقصود موقوف ہوتا ہے جیسے: لَا تَقْرَبُوا الصَّلٰوةَ وَاَنْتُمْ سُكٰرٰى اور تمیز ایسی نہیں ہے۔

(۳)حال کسی چیز کی حالت کو بیان کرتا ہے اور تمیز ذات کو بیان کرتی ہے۔

(۴)حال متعدد بھی ہوتا ہے اور تمیز نہیں ہوتی۔

(۵)حال کا عامل جب فعل متصرف ہو یا ایسا شبہ فعل ہو جو فعل متصرف کے مشابہ ہو تو اس وقت حال اپنے عامل پر مقدم ہو سکتا ہے۔ جیسے: خُشَّعًا اَبْصَارُهُمْ يَخْرُجُوْنَ۔۔۔الخ میں خُشَّعًا اَبْصَارُهُمْ حال مقدم ہے اور تمیز اپنے عامل سے مقدم نہیں ہو سکتی۔

(۶)حال میں اصل یہ ہے کہ وہ مشتق ہوتا ہے اور تمیز میں اصل یہ ہے کہ وہ جامد ہوتی ہے اور کبھی حال بھی جامد ہوتا ہے جیسے: هٰذَا مَالُكَ ذَهَبًا اور کبھی تمیز مشتق بھی ہوتی ہے جیسے: لِلّٰهِ دَرُّهٗ فَارِسًا

(۷)حال اپنے عامل کے لئے مؤکد بھی ہوتا ہے جیسے: فَتَبَسَّمَ ضَاحِكًا میں ہے اور تمیز اس طرح نہیں ہوتی۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

فائدہ نمبر(۵۰) برائے کَمْ استفہامیہ و کَمْ خبریہ:

کَمْ استفہامیہ ہو یا خبریہ اس کے اپنے اعراب و ترکیب کی تفصیل یہ ہے کہ اگر کَمْ سے پہلے حرف جر ہو تو مجرور ہو گا اور جار ہا مجرور ظرف لغو فعل کا متعلق مقدم ہو گا جیسے: بِكَمْ دِرْهَمًا اِشْتَرَيْتَ (کتنے درہم کے ساتھ تو نے خریدا ہے) اور بِكَمْ طَالِبٍ اِجْتَهَدْتُ (کس قدر طالبوں کے لئے میں نے کوشش کی) اسی طرح اگر کَمْ سے پہلے مضاف ہو گا تو مجرور ہو گا جیسے: كِتَابَ كَمْ رَجُلًا أَخَذْتَ (کتنے مردوں کی کتاب تو نے لی ہے) اور عِلْمَ كَمْ أُسْتَاذًا كَتَبْتَ (کس قدر زیادہ استاذوں کا علم میں نے لکھا) کَمْ مُمَیِّز اپنی تمیز سے مل کر مضاف الیہ ہو گا مضاف یا مضاف الیہ مفعول بہ مقدم ہو گا

اور اگر کَمْ پر حرف جر اور مضاف داخل نہ ہو اور بعد والے فعل کا مفعول بہ محذوف ہو تو ایسا کَمْ بعد والے فعل کے عمل کے موافق منصوب ہو گا جیسے: كَمْ قَلَمًا بَرَيْتَ (کتنے قلم تو نے بنائے ہیں) وَكَمْ دُكَّانٍ اِشْتَرَيْتَ (کس قدر دکانیں میں نے خریدی ہیں) اس میں مُمَیِّز یا تمیز مفعول بہ مقدم ہے اور منصوب ہے۔ اور كَمْ إِنْبَاتًا أَنْبَتَ اللّٰهُ (کتنی بار اگانا اللہ نے اگایا) اور كَمْ إِنْبَاتٍ أَنْبَتَ اللّٰهُ (کس قدر اگانا اللہ نے اگایا ہے) اس میں مُمَیِّز یا تمیز مفعول مطلق ہونے کی وجہ سے منصوب ہے۔ اور كَمْ يَوْمًا اِعْتَكَفْتَ (کتنے دن تو نے اعتکاف کیا) وَكَمْ يَوْمٍ صُمْتَ (کس قدر دنوں میں روزہ رکھا میں نے) اس میں مُمَیِّز یا تمیز مفعول فیہ ہونے کی وجہ منصوب ہے۔

اور اگر كَمْ کے بعد والے فعل کا مفعول مذکور ہو جیسے: كَمْ رَجُلًا ضَرَبْتَهُ اور كَمْ غُلَامٍ مَلَكْتَهُ تو اس میں دو ترکیبیں ہو سکتی ہیں۔

(۱) یہ کہ اس کو ماضر عاملہ علی شریطۃ التفسیر میں سے بنایا جائے اور فعل مفسر اس کے بعد مقدر مانا جائے کیونکہ اگر اس سے پہلے مقدر کریں تو كَمْ کی صدارت فوت ہو جائے گی مثلاً كَمْ رَجُلًا ضَرَبْتَ ضَرَبْتَهُ پھر دوسرا ضَرَبْتَ اوّل ضَرَبْتَ کی تفسیر کر رہا ہے تو اوّل ضَرَبْتَ کو حذف کر دیا تو اب یہ مُمَیِّز یا تمیز مفعول بہ ہونے کی وجہ سے منصوب ہو گا اور فعل مقدر کا مفعول بہ ہو گا۔

(۲) اس میں دوسری صورت یہ ہے کہ اس کو ماضر عاملہ علی شریطۃ التفسیر میں سے نہ بنایا جائے تو پھر مُمَیِّز یا تمیز مل کر مبتدا ہو گا اور بعد والا جملہ اس کی خبر ہو گا اور اگر كَمْ کے بعد فعل نہ ہو بلکہ اسم ہو اور وہ اسم ظرف بھی نہ ہو تو تمیز یا تمیز محلاً مرفوع مبتدا ہو گا اور بعد والا اسم خبر ہو گا جیسے: كَمْ رَجُلًا أَخُوكَ (کتنے مرد تیرے بھائی ہیں) وَكَمْ طَالِبٍ مُجْتَهِدٌ (کس قدر طالب محنتی ہیں) اور اگر كَمْ کے بعد فعل نہ ہو اور كَمْ جس اسم پر داخل ہو وہ ظرف ہو تو مُمَیِّز یا تمیز خبر مقدم ہو گا اور بعد والا اسم مبتدا ہو گا جیسے: كَمْ يَوْمًا اِعْتِكَافُكَ (کتنے دن تیرا اعتکاف ہے) اور كَمْ شَهْرٍ صَوْمِي (کس قدر زیادہ میرا روزہ ہے)

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

ترکیب سُوْرَةُ الْفَاتِحَةِ مَعَ تَعَوُّذٍ وَتَسْمِيَه

اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اَعُوْذُ فعل اَنَا مستتر فاعل بِاللّٰهِ جار بالجر ور ظرف لغو متعلق اول ہوئے مِنَ جار اَلشَّيْطٰنِ موصوف اَلرَّجِيْمِ صفت، موصوف بصفت مجرور، جار بالجرور متعلق ثانی، فعل بفاعل و متعلقین جملہ فعلیہ انشائیہ ابتدائیہ ہوا۔ بَاء جار اِسْمِ مضاف اَللّٰهِ موصوف اَلرَّحْمٰنِ صفت اولیٰ اَلرَّحِيْمِ صفت ثانیہ موصوف بامفتین مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ مجرور، جار بالجرور متعلق ہوئے فعل محذوف اَبْتَدِئُ کے اَبْتَدِئُ فعل اَنَا مستتر فاعل و متعلق سے مل کر جملہ انشائیہ ابتدائیہ ہوا۔

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۝ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝ مٰلِكِ يَوْمِ الدِّيْنِ ۝ اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَاِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ ۝

آیت نمبر ۲، ۳، ۴ اَلْحَمْدُ مبتدا لام جار اَللّٰهِ موصوف رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ مرکب اضافی صفت اولیٰ اَلرَّحْمٰنِ صفت ثانیہ اَلرَّحِيْمِ صفت ثالثہ مَالِكِ يَوْمِ الدِّيْنِ مرکب اضافی صفت رابعہ موصوف باصفات اربعہ مجرور، جار بالجرور ظرف مستقر کَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ اِيَّاكَ ضمیر منصوب منفصل مفعول بہ مقدم نَعْبُدُ فعل نَحْنُ مستتر فاعل اور مفعول بہ مقدم سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ ہوا۔ وَ واو عاطفہ اِيَّاكَ ضمیر منصوب منفصل مفعول بہ مقدم نَسْتَعِيْنُ فعل نَحْنُ مستتر فاعل اور مفعول بہ مقدم سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف جملہ معطوف ہوا۔

اِهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ ۝ صِرَاطَ الَّذِيْنَ اَنْعَمْتَ عَلَيْهِمْ ۙ غَيْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَيْهِمْ وَلَا الضَّآلِّيْنَ ۝

آیت نمبر ۵، ۶، ۷ اِهْدِنَا فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل نَا ضمیر مفعول بہ اول اَلصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ مرکب توصیفی مبدل منہ صِرَاطَ مضاف اَلَّذِيْنَ اسم موصول اَنْعَمْتَ فعل تاء متکلم ضمیر فاعل عَلَيْهِمْ جار بالجرور متعلق ہوئے، فعل بفاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ صلہ موصول با صلہ موصوف غَيْرِ مضاف اَلْمَغْضُوْبِ اسم مفعول عَلَيْهِمْ جار بالجرور مل رفع من اَلْمَغْضُوْبِ کا نائب فاعل، اسم مفعول با نائب فاعل معطوف علیہ، وَاؤ عاطفہ لَا نافیہ اَلضَّآلِّيْنَ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ اَلَّذِيْنَ کی صفت، موصوف بصفت صِرَاطَ کا مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ بدل، مبدل منہ بامبدل مفعول بہ ثانی، فعل امر با فاعل و مفعولین جملہ انشائیہ امریہ ہوا۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

ترکیب سُوْرَةُ الْبَقَرَة

رکوع نمبر ۱

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ الٓمّٓ ۝

آیت نمبر ۱: الٓمّٓ خبر ہے مبتداء محذوف ھٰذِہٖ کی، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

ذٰلِكَ الْكِتٰبُ لَا رَيْبَ ۛ فِيْهِ ۛ هُدًى لِّلْمُتَّقِيْنَ ۝ الَّذِيْنَ يُؤْمِنُوْنَ بِالْغَيْبِ وَيُقِيْمُوْنَ الصَّلٰوةَ وَمِمَّا رَزَقْنٰهُمْ يُنْفِقُوْنَ ۝ وَالَّذِيْنَ يُؤْمِنُوْنَ بِمَآ اُنْزِلَ اِلَيْكَ وَمَآ اُنْزِلَ مِنْ قَبْلِكَ ۚ وَبِالْاٰخِرَةِ هُمْ يُوْقِنُوْنَ ۝

آیت نمبر ۲۴۵ مَنْ استفہامیہ مبتدا ذَا اسم اشارہ موصوف اَلَّذِیْ اسم موصول یُقْرِضُ فعل ھُوَ مستتر فاعل اَللّٰہَ مفعول بہ اول قَرْضًا حَسَنًا مرکب توصیفی مفعول بہ ثانی فعل اپنے فاعل و مفعولین سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر اِقْرَاضُهُ اللّٰهَ قَرْضًا حَسَنًا کے معنی میں ہو کر معطوف علیہ فَاء عاطفہ سببیہ یُضٰعِفَ فعل ھُوَ مستتر فاعل ہٗ ضمیر مفعول بہ اول لَهٗ جار با مجرور متعلق ہوئے اَضْعَافًا كَثِیْرَةً مرکب اضافی مفعول بہ ثانی فعل با فاعل و متعلق و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ بتاویل مصدر معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ موصول با صلہ موصوف کی صفت، موصوف با صفت خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ انشائیہ ہوا۔ واؤ استینافیہ اَللّٰهُ مبتدا یَقْبِضُ فعل ھُوَ ضمیر پوشیدہ فاعل سے مل کر معطوف علیہ ہوا وَ عاطفہ یَبْصُطُ فعل ھُوَ مستتر فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف علیہ ہوا وَ عاطفہ تُرْجَعُوْنَ فعل مجہول الف ضمیر نائب فاعل اِلَیْهِ متعلق مقدم سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ معطوفہ ہوا۔

اَلَمْ تَرَ اِلَى الْمَلَاِ مِنْۢ بَنِیْۤ اِسْرَآءِیْلَ مِنْۢ بَعْدِ مُوْسٰى ۘ اِذْ قَالُوْا لِنَبِیٍّ لَّهُمُ ابْعَثْ لَنَا مَلِكًا نُّقَاتِلْ فِیْ سَبِیْلِ اللّٰهِ ؕ قَالَ هَلْ عَسَیْتُمْ اِنْ كُتِبَ عَلَیْكُمُ الْقِتَالُ اَلَّا تُقَاتِلُوْا ؕ قَالُوْا وَ مَا لَنَاۤ اَلَّا نُقَاتِلَ فِیْ سَبِیْلِ اللّٰهِ وَ قَدْ اُخْرِجْنَا مِنْ دِیَارِنَا وَ اَبْنَآىِٕنَا ؕ فَلَمَّا كُتِبَ عَلَیْهِمُ الْقِتَالُ تَوَلَّوْا اِلَّا قَلِیْلًا مِّنْهُمْ ؕ وَ اللّٰهُ عَلِیْمٌۢ بِالظّٰلِمِیْنَ ۝

آیت نمبر ۲۴۶ ہمزہ استفہامیہ لَمْ حرف تَرَ فعل اَنْتَ ضمیر پوشیدہ فاعل اِلَی حرف جار اَلْمَلَاِ واؤ الف ماقبل مفتوح ہے مِنْ بَنِیْ اِسْرَآئِیْلَ ظرف مستقر کَائِنًا کے متعلق ہو کر حال واؤ الف ماقبل مفتوح ہے مِنْ حرف جار بَعْدِ مُوْسٰی مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور ظرف مستقر کَائِنًا کے متعلق ہو کر حال واؤ الف ماقبل مفتوح ہے اِذْ ظرف زمان مضاف قَالُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل لِاَ حرف جار نَبِیٍّ موصوف لَهُمُ ظرف مستقر کَائِنًا کے متعلق ہو کر صفت، موصوف با صفت مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل با فاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ قول ابْعَثْ فعل اَنْتَ ضمیر پوشیدہ فاعل لَنَا متعلق مَلِكًا مفعول بہ سے مل کر جملہ انشائیہ امریہ مقولہ، قول با مقولہ مضاف الیہ، مضاف با مضاف الیہ مفعول فیہ ہوا لفظ قِصَّةَ کا جو کہ اَلْمَلَاِ سے پہلے محذوف ہے، فعل با فاعل و متعلق جملہ انشائیہ استفہامیہ ہوا۔

نُّقَاتِلْ فعل نَحْنُ ضمیر پوشیدہ فاعل فِیْ سَبِیْلِ اللّٰهِ متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ جزاء ہے شرط محذوف اِنْ نَبْعَثْ لَنَا مَلِكًا کی شرط محذوف با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔ قَالَ فعل ھُوَ مستتر فاعل سے مل کر قَوْلٌ هَلْ حرف استفہام عَسَیْتُمْ فعل مقاربہ تُمْ ضمیر اس کا اسم اَنْ مصدریہ لَا تُقَاتِلُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ بتاویل مصدر خبر فعل مقاربہ با اسم و خبر جملہ فعلیہ انشائیہ مقولہ،

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

قول یا مقول جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا اِنْ شرطیہ کُتِبَ فعل مجہول عَلَيْكُمُ متعلق اَلْقِتَالُ نائب فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ شرط، اور جزاء محذوف ہے فَلَا تُقَاتِلُوْنَ اِلَى الْقِتَالِ، شرط با جزاء جملہ شرطیہ معترضہ ہوا

قَالُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ قول ہوا واؤ عاطفہ زائدہ مَا استفہامیہ مبتدا لَنَا ظرف مستقر متعلق ہو کے كَائِنٌ کے بأن ناصب لَا نُقَاتِلَ فعل نَحْنُ ضمیر پوشیدہ واؤ حال واؤ حالیہ قَدْ علامت فعل اُخْرِجْنَا فعل مجہول نَا ضمیر نائب فاعل وَمِنْ حرف جار دِيَارِنَا وَاَبْنَآئِنَا معطوف علیہ با معطوف مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے فعل مجہول با نائب فاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ محل، واؤ حال با حال لَا نُقَاتِلُ کا فاعل فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل با فاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ بتاویل مصدر منصوب بنزع الخافض مجرور، جار با مجرور كَائِنٌ کے متعلق محل كَائِنٌ اسم فاعل اپنے فاعل اور دونوں متعلق سے مل کر خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ انشائیہ مقولہ، قول با مقول جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا

فَاء استینافیہ لَمَّا شرطیہ مفعول فیہ مقدم كُتِبَ فعل مجہول عَلَيْهِمُ متعلق اَلْقِتَالُ نائب فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ شرط تَوَلَّوْا فعل واؤ ضمیر مستثنیٰ منہ اِلَّا حرف استثناء قَلِيْلًا مِّنْهُمْ موصوف بصفت مستثنیٰ، مستثنیٰ منہ با مستثنیٰ فاعل، فعل با فاعل جملہ فعلیہ خبریہ جزاء شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہوا سواؤ استینافیہ اَللّٰهُ مبتدا عَلِيْمٌ صفت مشبہ هُوَ مستتر فاعل بِالظّٰلِمِيْنَ متعلق سے مل کر شبہ جملہ خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا

وَقَالَ لَهُمْ نَبِيُّهُمْ اِنَّ اللّٰهَ قَدْ بَعَثَ لَكُمْ طَالُوْتَ مَلِكًا ؕ قَالُوْٓا اَنّٰى يَكُوْنُ لَهُ الْمُلْكُ عَلَيْنَا وَنَحْنُ اَحَقُّ بِالْمُلْكِ مِنْهُ وَلَمْ يُؤْتَ سَعَةً مِّنَ الْمَالِ ؕ قَالَ اِنَّ اللّٰهَ اصْطَفٰىهُ عَلَيْكُمْ وَزَادَهٗ بَسْطَةً فِي الْعِلْمِ وَالْجِسْمِ ؕ وَاللّٰهُ يُؤْتِيْ مُلْكَهٗ مَنْ يَّشَآءُ ؕ وَاللّٰهُ وَاسِعٌ عَلِيْمٌ ۝

آیت نمبر ۲۴۷: واؤ عاطفہ قَالَ فعل لَهُمْ جار با مجرور متعلق ہوئے نَبِيُّهُمْ مرکب اضافی فاعل، فعل با فاعل، متعلق جملہ فعلیہ خبریہ قول اِنَّ حرف تحقیق اَللّٰهَ اس کا اسم قَدْ علامت فعل بَعَثَ فعل هُوَ ضمیر پوشیدہ فاعل لَكُمْ جار با مجرور متعلق ہوئے طَالُوْتَ مفعول بہ، واؤ حال با حال مفعول بہ، فعل با فاعل و متعلق و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ اِنَّ کی خبر، اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ مقولہ، قول با مقول جملہ فعلیہ خبریہ معطوف ہوا

قَالُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ قول اَنّٰى یَكُوْنُ فعل ہ قص لَهُ ظرف مستقر كَائِنًا کے متعلق ہو کر خبر مقدم، اَلْمُلْكُ مصدر عَلَيْنَا متعلق مصدر با متعلق واؤ حال اَنّٰى كَائِنًا کا مفعول فیہ ہو کر حال اول واؤ حالیہ نَحْنُ ضمیر مبتدا، اَحَقُّ اسم تفضیل نَحْنُ ضمیر پوشیدہ فاعل بِالْمُلْكِ جار با مجرور متعلق اول صِفَةٌ جار با مجرور متعلق محل، اسم تفضیل با فاعل و متعلقین ثانیہ جملہ خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لَمْ یُؤْتَ فعل مجہول هُوَ ضمیر پوشیدہ نائب فاعل سَعَةً موصوف مِّنَ الْمَالِ ظرف مستقر كَائِنًا کے متعلق ہو کر صفت، موصوف بصفت مفعول بہ، فعل مجہول با نائب فاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف حال محل، واؤ حال با حالین یَكُوْنُ کا اسم یَكُوْنُ اپنے اسم اور خبر سے مل کر جملہ انشائیہ استفہامیہ مقولہ، قول با مقول جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

قَالَ فعل هُوَ ضمیر پوشیدہ فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ قول اِنَّ حرف تحقیق اَللّٰهَ اس کا اسم اِصْطَفٰى فعل هُوَ ضمیر پوشیدہ فاعل هٗ ضمیر مفعول بہ عَلَيْكُمْ جار ہا مجرور متعلق، فعل با فاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ زَادَ فعل هُوَ مستتر فاعل هُ ضمیر مفعول بہ اوّل بَسْطَةً موصوف فِي حرف جار الْعِلْمِ وَالْجِسْمِ معطوف علیہ با معطوف مجرور، جار ہا مجرور ظرف مستقر كَائِنَةً کے متعلق ہو کر صفت، موصوف با صفت مفعول بہ ثانی، فعل با فاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف اِنَّ کی خبر، اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ مقولہ، قول با مقولہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ واؤ عاطفہ اَللّٰهُ مبتدا يُؤْتِي فعل هُوَ ضمیر پوشیدہ فاعل مُلْكَهٗ مرکب اضافی مفعول بہ اوّل، مَنْ اسم موصول يَشَآءُ فعل هُوَ ضمیر پوشیدہ فاعل سے مل کر صلہ، موصول با صلہ مفعول بہ ثانی، فعل با فاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوفہ ہوا۔ واؤ اسْتِئْنَافِيَّةٌ اَللّٰهُ مبتدا وَاسِعٌ عَلِيْمٌ دو خبر، مبتدا با خبرین جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

وَقَالَ لَهُمْ نَبِيُّهُمْ اِنَّ اٰيَةَ مُلْكِهٖۤ اَنْ يَّاْتِيَكُمُ التَّابُوْتُ فِيْهِ سَكِيْنَةٌ مِّنْ رَّبِّكُمْ وَبَقِيَّةٌ مِّمَّا تَرَكَ اٰلُ مُوْسٰى وَاٰلُ هٰرُوْنَ تَحْمِلُهُ الْمَلٰٓئِكَةُ ؕ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيَةً لَّكُمْ اِنْ كُنْتُمْ مُّؤْمِنِيْنَ ۝

آیت نمبر ۲۴۸ واؤ عاطفہ قَالَ فعل ماضی لَهُمْ متعلق نَبِيُّهُمْ مرکب اضافی فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ قول اِنَّ حرف تحقیق اٰيَةَ مُلْكِهٖ مرکب اضافی اس کا اسم اَنْ مصدریہ ناصبہ يَّاْتِيَ فعل كُمُ ضمیر منصوب مفعول بہ مقدم اَلتَّابُوْتُ فاعل مؤخر فِيْهِ ظرف مستقر كَائِنَتَانِ کے متعلق ہو کر شبہ جملہ خبر مقدم سَكِيْنَةٌ موصوف مِنْ رَّبِّكُمْ ظرف مستقر كَائِنَةٌ کے متعلق ہو کر صفت، موصوف با صفت معطوف علیہ، واؤ عاطفہ بَقِيَّةٌ موصوف مِنْ حرف جار مَا اسم موصول تَرَكَ فعل اٰلُ مُوْسٰى مرکب اضافی معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اٰلُ هٰرُوْنَ مرکب اضافی معطوف، معطوف علیہ با معطوف فاعل، فعل با فاعل صلہ، موصول با صلہ مجرور، جار ہا مجرور كَائِنَةٌ کے متعلق ہو کر صفت، موصوف با صفت معطوف، معطوف علیہ با معطوف مبتدا مؤخر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ اَلتَّابُوْتُ کا حال اوّل، تَحْمِلُهُ فعل مضارع هُ ضمیر منصوب مفعول بہ، اَلْمَلٰٓئِكَةُ فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ حال ثانی، ذوالحال یا حالین يَاْتِيَ کا فاعل، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ بتاویل مصدر خبر اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ جملہ اسمیہ خبریہ مقولہ، قول با مقولہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

اِنَّ حرف تحقیق فِيْ ذٰلِكَ جار ہا مجرور ظرف مستقر كَائِنَةٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم لَاٰيَةً موصوف لَّكُمْ جار ہا مجرور ظرف مستقر كَائِنَةً کے متعلق ہو کر صفت، موصوف با صفت اِنَّ کا اسم مؤخر، اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ معللہ ہوا۔ اِنْ شرطیہ كُنْتُمْ فعل ناقص كُمْ ضمیر اس کا اسم مُّؤْمِنِيْنَ اس کی خبر، فعل ناقص با اسم و خبر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر شرط، جزاء محذوف ہے فَتَدَبَّرُوْا الْاَمْرَ شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

﴿ رکوع نمبر ۳۳ ﴾

فَلَمَّا فَصَلَ طَالُوْتُ بِالْجُنُوْدِ ۙ قَالَ اِنَّ اللّٰهَ مُبْتَلِيْكُمْ بِنَهَرٍ ۚ فَمَنْ شَرِبَ مِنْهُ فَلَيْسَ مِنِّيْ

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

وَمَنْ لَّمْ يَطْعَمْهُ فَاِنَّهٗ مِنِّيْٓ اِلَّا مَنِ اغْتَرَفَ غُرْفَةًۢ بِيَدِهٖ ۚ فَشَرِبُوْا مِنْهُ اِلَّا قَلِيْلًا مِّنْهُمْ ؕ فَلَمَّا جَاوَزَهٗ هُوَ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مَعَهٗ ۙ قَالُوْا لَا طَاقَةَ لَنَا الْيَوْمَ بِجَالُوْتَ وَجُنُوْدِهٖ ؕ قَالَ الَّذِيْنَ يَظُنُّوْنَ اَنَّهُمْ مُّلٰقُوا اللّٰهِ ۙ كَمْ مِّنْ فِئَةٍ قَلِيْلَةٍ غَلَبَتْ فِئَةً كَثِيْرَةًۢ بِاِذْنِ اللّٰهِ ؕ وَاللّٰهُ مَعَ الصّٰبِرِيْنَ ۝

آیت نمبر ۲۴۹ فَاء عاطفہ معطوف علیہ محذوف ہے اِقْرَبُوْا سَرَآئِرَ يُمْلَكِ طَالُوْتَ مَنْ شرطیہ مفعول فیہ مقدم مُتَّصِلٌ فعل طَالُوْتَ فاعل بِالْجُنُوْدِ متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ شرط فَقَالَ فعل هُوَ ضمیر پوشیدہ فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ قول اِنَّ حرف مُحَقِّقُ اللّٰهِ اس کا اسم مُبْتَلِيْكُمْ صیغہ صفت مضاف كُمْ ضمیر مضاف الیہ معنی مفعول بہ ہیں پھر جار مجرور متعلق ہوئے صیغہ صفت مضاف اپنے مضاف الیہ اور متعلق سے مل کر شبہ جملہ خبر اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ مقول، قول با مقولہ جزاء، شرط با جزاء معطوف، معطوف علیہ محذوف با معطوف جملہ معطوفہ ہوا۔

فَاء فصیحہ شرط محذوف ہے اِذَا كَانَ كَذٰلِكَ، مَنْ اسم شرط مبتدا شَرِبَ فعل هُوَ مستتر فاعل اور مِنْهُ متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ شرط فَاء جزائیہ لَيْسَ فعل ناقص هُوَ مستتر اسم مِنِّيْ ظرف مستقر كَائِنًا کے متعلق ہو کر خبر، فعل ناقص با اسم و خبر جملہ فعلیہ خبریہ جزاء شرط با جزاء مَنْ کی خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف علیہ ہوا واؤ عاطفہ مَنْ اسم شرط مبتدا لَمْ يَطْعَمْهُ فعل هُوَ ضمیر پوشیدہ فاعل هُ ضمیر منصوب مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ شرط فَاء جزائیہ اِنَّ حرف مُحَقِّقٌ ضمیر اس کا اسم مِنِّيْ ظرف مستقر كَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ جزاء شرط با جزاء مَنْ کی خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف شرط محذوف کی جزاء، شرط محذوف با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

اِلَّا حرف استثناء مَنِ اسم موصول اغْتَرَفَ فعل هُوَ مستتر فاعل غُرْفَةً موصوف بِيَدِهٖ ظرف مستقر كَائِنَةً کے متعلق ہو کر صفت، موصوف با صفت مفعول بہ یا مفعول مطلق، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول با صلہ مستثنیٰ ہے مَنْ شَرِبَ مِنْهُ سے فَاء فصیحہ شَرِبُوْا فعل واؤ ضمیر مستثنیٰ منہ بِاِلَّا حرف استثناء قَلِيْلًا موصوف مِّنْهُمْ جار با مجرور ظرف مستقر كَائِنًا کے متعلق ہو کر صفت، موصوف با صفت مستثنیٰ، مستثنیٰ منہ با مستثنیٰ فاعل مِنْهُ جار با مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے، فعل با فاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر جزاء ہے شرط محذوف اِذَا كَانَ كَذٰلِكَ کے لئے، شرط محذوف با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

فَاء استیناف لَمَّا شرطیہ مفعول فیہ مقدم جَاوَزَ فعل هُوَ ضمیر پوشیدہ مؤکد، هُوَ ضمیر تاکید، مؤکد با تاکید معطوف علیہ ہوا واؤ عاطفہ اَلَّذِيْنَ اسم موصول اٰمَنُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل مَعَهٗ مرکب اضافی مفعول فیہ، فعل با فاعل و مفعول فیہ جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر صلہ، موصول با صلہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف فاعل جَاوَزَ کے لئے هُ ضمیر منصوب مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ و مفعول فیہ جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر شرط، قَالُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل قول لَا نافی جنس طَاقَةَ اس کا اسم لَنَا جار با مجرور ظرف مستقر متعلق ہوئے كَائِنَةٌ کے كَائِنَةٌ صیغہ اسم فاعل ہی ضمیر اس کا فاعل اَلْيَوْمَ مفعول فیہ بِجَالُوْتَ وَجُنُوْدِهٖ معطوف علیہ با معطوف مجرور مجار با مجرور متعلق ثانی، اسم فاعل با

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

فاعل و متعلقین و مفعول فیہ شبہ جملہ ہو کر لَا کی خبر ملا اپنے اسم ہر خبر سے مل کر مقولہ، قول با مقولہ جزاء شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

قَالَ فعل اَلَّذِيْنَ اسم موصول يَظُنُّوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل اَنَّ حرف تحقیق هُمْ ضمیر اس کا اسم مُّلٰقُوا اللّٰهِ مرکب اضافی خبر اَنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ يَظُنُّوْنَ کے دو مفعول کے قائم مقام، فعل با فاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول با صلہ فاعل، فعل با فاعل جملہ فعلیہ خبریہ قول، كَمْ خبریہ ممیز من جارہ فِئَةٍ قَلِيْلَةٍ مرکب توصیفی مجرور، جار با مجرور تمیز، ممیز با تمیز مبتدا، غَلَبَتْ فعل ہی ضمیر فاعل فِئَةً كَثِيْرَةً مرکب توصیفی مفعول بہ بِاِذْنِ اللّٰهِ متعلق، فعل با فاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ مقولہ، قول با مقولہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا واؤ استیناف اَللّٰهُ مبتدا مَعَ الصّٰبِرِيْنَ مرکب اضافی يَظُنُّوْنَ کا مفعول فیہ ہو کر خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

وَلَمَّا بَرَزُوْا لِجَالُوْتَ وَجُنُوْدِهٖ قَالُوْا رَبَّنَآ اَفْرِغْ عَلَيْنَا صَبْرًا وَّثَبِّتْ اَقْدَامَنَا وَانْصُرْنَا عَلَى الْقَوْمِ الْكٰفِرِيْنَ ﴿۲۵۰﴾

آیت نمبر ۲۵۰ واؤ عاطفہ لَمَّا شرطیہ مفعول فیہ مقدم بَرَزُوْا فعل واؤ ضمیر اس کا فاعل لام جارہ جَالُوْتَ وَجُنُوْدِهٖ معطوف علیہ با معطوف مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل با فاعل و مفعول فیہ و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر شرط قَالُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر قول رَبَّنَآ اصل میں يَا رَبَّنَا ہے ادبیہ ندا ہے اَفْرِغْ فعل امر اَنْتَ ضمیر پوشیدہ فاعل عَلَيْنَا جار با مجرور متعلق صَبْرًا مفعول بہ، فعل با فاعل و متعلق و مفعول بہ جملہ انشائیہ امریہ ہو کر معطوف علیہ ہوا واؤ عاطفہ ثَبِّتْ فعل امر اَنْتَ ضمیر پوشیدہ فاعل اَقْدَامَنَا مرکب اضافی مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ انشائیہ امریہ ہو کر معطوف علیہ اول واؤ عاطفہ اِنْصُرْ فعل امر اَنْتَ ضمیر پوشیدہ فاعل نَا ضمیر مفعول بہ، عَلَى جارہ اَلْقَوْمِ الْكٰفِرِيْنَ مرکب توصیفی مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل با فاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ انشائیہ امریہ ہو کر معطوف علیٰ معطوف علیہ با معطوف فمن جواب ندا ہو ندا با جواب ندا مقولہ، قول با مقولہ جزاء شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

فَهَزَمُوْهُمْ بِاِذْنِ اللّٰهِ ۙ وَقَتَلَ دَاوٗدُ جَالُوْتَ وَاٰتٰىهُ اللّٰهُ الْمُلْكَ وَالْحِكْمَةَ وَعَلَّمَهٗ مِمَّا يَشَآءُ ؕ وَلَوْلَا دَفْعُ اللّٰهِ النَّاسَ بَعْضَهُمْ بِبَعْضٍ لَّفَسَدَتِ الْاَرْضُ وَلٰكِنَّ اللّٰهَ ذُوْ فَضْلٍ عَلَى الْعٰلَمِيْنَ ﴿۲۵۱﴾

آیت نمبر ۲۵۱ فَاء فصیحہ شرط محذوف ہے اِذَا عِشْتَ اَنْ تَعْرِفَ مَاذَا اَسْقَرَتْ عَنْهُ الْبَحْرُ كُلُّهٗ هَزَمُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل هُمْ ضمیر مفعول بہ باء جارہ اِذْنِ اللّٰهِ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور متعلق، فعل با فاعل و متعلق و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ جزاء شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہوا واؤ عاطفہ قَتَلَ فعل دَاوٗدُ فاعل جَالُوْتَ مفعول بہ، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ ہوا واؤ عاطفہ اٰتٰى فعل ہٗ ضمیر مفعول بہ اول اَللّٰهُ فاعل اَلْمُلْكَ وَالْحِكْمَةَ معطوف علیہ با معطوف مفعول بہ ثانی، فعل با فاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ معطوف اول واؤ عاطفہ عَلَّمَ فعل هُوَ ضمیر پوشیدہ فاعل ہٗ ضمیر مفعول بہ، مِنْ جارہ مَا يَشَآءُ موصول با صلہ مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل با فاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف ثانی، معطوف علیہ با معطوفین جملہ معطوفہ ہوا۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

واؤ استیناف لَوْ لا امتناعیہ متضمن معنی شرط وَدَفْعُ مصدر مضاف اَللّٰهِ مضاف الیہ معنی فاعل اَلنَّاسَ مبدل منہ بَعْضَهُمْ مرکب اضافی بدل مبدل منہ بابدل مفعول بہ بِبَعْضٍ جارمجرور متعلق ہوئے مصدر مضاف کے اپنے مضاف الیہ معنی فاعل اور مفعول بہ وہ متعلق شبہ جملہ مبتدا اور خبر محذوف ہے مَوْجُوْدٌ مبتدا خبر جملہ اسمیہ خبریہ شرط لام جوابیہ فَسَدَتِ الْاَرْضُ فعل با فاعل جملہ فعلیہ خبریہ جزاء شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا واؤ استیناف لٰكِنَّ حرف استدراک اَللّٰهَ اس کا اسم ذُوْ مضاف فَضْلٍ موصوف عَلَى الْعٰلَمِيْنَ ظرف مستقر کے متعلق ہو کر صفت، موصوف باصفت مضاف الیہ، مضاف باضاف الیہ خبر، لٰكِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

تِلْكَ اٰيٰتُ اللّٰهِ نَتْلُوْهَا عَلَيْكَ بِالْحَقِّ ۭ وَاِنَّكَ لَمِنَ الْمُرْسَلِيْنَ ۝

آیت نمبر ۲۵۲ تِلْكَ اسم اشارہ مبتدا اٰيٰتُ اللّٰهِ مرکب اضافی خبر اول نَتْلُوْ فعل نَحْنُ ضمیر فاعل هَا ضمیر مفعول بہ عَلَيْكَ جارمجرور متعلق ہوئے بِالْحَقِّ ظرف مستقر مُتَلَبِّسَةً کے متعلق ہو کر هَا ضمیر مفعول بہ سے مل کر حال ہے، فعل با فاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر حال، ذوالحال باحال خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اِنَّ حرف تحقیق کان ضمیر منصوب اس کا اسم لَامِنْ حرف جر مِنَ الْمُرْسَلِيْنَ ظرف مستقر کَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ معطوفہ ہوا۔

تِلْكَ الرُّسُلُ فَضَّلْنَا بَعْضَهُمْ عَلٰي بَعْضٍ ۘ مِنْهُمْ مَّنْ كَلَّمَ اللّٰهُ وَرَفَعَ بَعْضَهُمْ دَرَجٰتٍ ۭ وَاٰتَيْنَا عِيْسَى ابْنَ مَرْيَمَ الْبَيِّنٰتِ وَاَيَّدْنٰهُ بِرُوْحِ الْقُدُسِ ۭ وَلَوْ شَاۗءَ اللّٰهُ مَا اقْتَتَلَ الَّذِيْنَ مِنْۢ بَعْدِهِمْ مِّنْۢ بَعْدِ مَا جَاۗءَتْهُمُ الْبَيِّنٰتُ وَلٰكِنِ اخْتَلَفُوْا فَمِنْهُمْ مَّنْ اٰمَنَ وَمِنْهُمْ مَّنْ كَفَرَ ۭ وَلَوْ شَاۗءَ اللّٰهُ مَا اقْتَتَلُوْا ۠ وَلٰكِنَّ اللّٰهَ يَفْعَلُ مَا يُرِيْدُ ۝

آیت نمبر ۲۵۳ تِلْكَ اسم اشارہ موصوف اَلرُّسُلُ اس کی صفت، موصوف باصفت مبتدا فَضَّلْنَا فعل نَا ضمیر فاعل بَعْضَهُمْ مرکب اضافی مفعول بہ عَلٰي بَعْضٍ جارمجرور ظرف لغو متعلق ہوئے، فعل با فاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا مِنْهُمْ جارمجرور ظرف مستقر مَّنْ کے متعلق ہو کر خبر مقدم مَّنْ اسم موصول كَلَّمَ اللّٰهُ فعل با فاعل جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر معطوف علیہ ہوا واؤ عاطفہ رَفَعَ فعل هُوَ مستتر فاعل بَعْضَهُمْ مرکب اضافی مفعول بہ دَرَجٰتٍ منصوب بنزع الخافض اصل میں فی درجات ہے، جارمجرور متعلق ہوئے، فعل با فاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر معطوف ہوا واؤ عاطفہ اٰتَيْنَا فعل نَا ضمیر اس کا فاعل عِيْسَى مبدل منہ ابْنَ مَرْيَمَ مرکب اضافی بدل مبدل منہ بابدل مفعول بہ اول الْبَيِّنٰتِ مفعول بہ ثانی فعل با فاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر معطوف ثانی ہوا واؤ عاطفہ اَيَّدْنَا فعل نَا ضمیر فاعل هُ ضمیر مفعول بہ باء جارہ رُوْحِ الْقُدُسِ مرکب اضافی مجرور، جارمجرور ظرف لغو متعلق ہوئے، فعل با فاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر معطوف ثالث، معطوف علیہ اپنے تمام معطوفات سے مل کر صلہ، موصول باصلہ مبتدا ہوا موخر، مبتدا موخر با خبر مقدم جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

واؤ استیناف لَوْ شرطیہ شَاۗءَ اللّٰهُ فعل با فاعل جملہ فعلیہ خبریہ شرط مَا نافیہ اِقْتَتَلَ فعل اَلَّذِيْنَ اسم موصول مِنْۢ بَعْدِهِمْ ظرف

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

مستقر فعل محذوف اُبْقُوْا کے متعلق ہو کر صلہ، موصول باصلہ فاعل مِنْ جارہ بَعْدِ مضاف مضاف الیہ مصدر یہ جَآءَتْ فعل ھُمُ ضمیر مفعول بہ اَلْبَيِّنٰتُ فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ بتاویل مصدر مجرور، جارہا مجرور متعلق ہوئے فعل با فاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ جزاء شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا واؤ استیناف لٰكِنِ حرف استدراک اِخْتَلَفُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا

فَاٰمَنَ تفریعیہ مِنْهُمْ ظرف مستقر كَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم مَنْ اسم موصول اٰمَنَ فعل با هُوَ مستتر فاعل صلہ، موصول باصلہ مبتدا مؤخر، مبتدا مؤخر خبر مقدم سے مل کر معطوف علیہ ہوا واؤ عاطفہ مِنْهُمْ ظرف مستقر كَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم مَنْ اسم موصول كَفَرَ فعل با هُوَ مستتر فاعل صلہ، موصول باصلہ مبتدا مؤخر، مبتدا مؤخر با خبر مقدم جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر معطوف ہوا، معطوف علیہ با معطوف جملہ معطوفہ ہوا واؤ استیناف لَوْ شرطیہ شَآءَ اللّٰهُ فعل با فاعل جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر شرط، مَا نافیہ اِقْتَتَلُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر جزاء شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا واؤ استیناف لٰكِنَّ حرف استدراک اَللّٰهَ اس کا اسم يَفْعَلُ فعل هُوَ مستتر فاعل مَا اسم موصول يُرِيْدُ فعل با فاعل صلہ، موصول باصلہ مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر خبر لٰكِنَّ اپنے اسم اور خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا

﴿ رکوع نمبر ۳۴ ﴾

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اَنْفِقُوْا مِمَّا رَزَقْنٰكُمْ مِّنْ قَبْلِ اَنْ يَّاْتِيَ يَوْمٌ لَّا بَيْعٌ فِيْهِ وَلَا خُلَّةٌ وَّلَا شَفَاعَةٌ ۭ وَالْكٰفِرُوْنَ هُمُ الظّٰلِمُوْنَ ۝

آیت نمبر ۲۵۴ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا اس کی ترکیب کئی بار گزر چکی ہے، ہر یہ ندا ہے اَنْفِقُوْا فعل امر واؤ ضمیر فاعل مِنْ جارہا اسم موصول رَزَقْنٰكُمْ فعل نا ضمیر فاعل كُمْ ضمیر مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول باصلہ مجرور، جارہا مجرور ظرف لغو متعلق اول ہوئے مِنْ حرف جار قَبْلِ مضاف اَنْ مصدریہ ناصبہ يَّاْتِيَ فعل يَوْمٌ موصوف لَّا زائدہ بَيْعٌ معطوف علیہ ہوا واؤ عاطفہ لَّا زائدہ خُلَّةٌ معطوف اول ہوا واؤ عاطفہ لَّا زائدہ شَفَاعَةٌ معطوف ثانی معطوف علیہ با معطوفین مبتدا فِيْهِ ظرف مستقر كَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ صفت، موصوف باصفت يَّاْتِيَ کا فاعل فعل با فاعل جملہ فعلیہ خبریہ بتاویل مصدر مضاف الیہ، مضاف با مضاف الیہ مجرور، جارہا مجرور متعلق ثانی فعل با فاعل و متعلقین جملہ انشائیہ امریہ جواب ندا، ندا با جواب ندا، جملہ انشائیہ ندائیہ ہوا واؤ استیناف اَلْكٰفِرُوْنَ مبتدا هُمُ ضمیر فصل اَلظّٰلِمُوْنَ خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا

اَللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ اَلْحَيُّ الْقَيُّوْمُ ۚ لَا تَاْخُذُهٗ سِنَةٌ وَّلَا نَوْمٌ ۭ لَهٗ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ ۭ مَنْ ذَا الَّذِيْ يَشْفَعُ عِنْدَهٗٓ اِلَّا بِاِذْنِهٖ ۭ يَعْلَمُ مَا بَيْنَ اَيْدِيْهِمْ وَمَا خَلْفَهُمْ ۚ وَلَا يُحِيْطُوْنَ بِشَيْءٍ مِّنْ عِلْمِهٖٓ اِلَّا بِمَا شَاۗءَ ۚ وَسِعَ كُرْسِيُّهُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ ۚ وَلَا يَـــُٔـوْدُهٗ حِفْظُهُمَا ۚ وَهُوَ الْعَلِيُّ الْعَظِيْمُ ۝

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

آیت نمبر ۲۵۵: اَللّٰهُ مبتدا، لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ اس کی ترکیب دوسرے پارے میں گزر چکی ہے اور یہ جملہ اسمیہ خبریہ خبر ہے مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا اَلْحَیُّ " اَللّٰهُ کی خبر ثانی، اَلْقَیُّوْمُ" اَللّٰهُ کی خبر ثالث ہے لَا تَاْخُذُهٗ فعل ہٗ ضمیر منصوب مفعول بہ سِنَةٌ معطوف علیہ واؤ عاطفہ لَا زائدہ نَوْمٌ معطوف معطوف علیہ با معطوف فاعل، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ اَللّٰهُ کی خبر ثانی ہے لَهٗ ظرف مستقر کَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم مَا اسم موصول فِی السَّمٰوٰتِ ظرف مستقر فعل محذوف ثَبَتَ کے متعلق ہو کر صلہ، موصول با صلہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ مَا اسم موصول فِی الْاَرْضِ جار با مجرور ظرف مستقر فعل محذوف ثَبَتَ کے متعلق ہو کر صلہ، موصول با صلہ معطوف معطوف علیہ با معطوف مبتدا موخر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر اَللّٰهُ کی پانچویں خبر ہے۔

مَنْ استفہامیہ مبتدا ذَا اسم اشارہ مبدل منہ، اَلَّذِیْ اسم موصول یَشْفَعُ فعل هُوَ مستتر فاعل عِنْدَهٗ ظرف مرکب اضافی مفعول فیہ، فعل با فاعل و مفعول فیہ جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول با صلہ بدل، مبدل منہ با بدل خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا اِلَّا حرف استثناء بِاِذْنِهٖ ظرف مستقر مُتَلَبِّسًا کے متعلق ہو کر یَشْفَعُ کی هُوَ ضمیر فاعل سے حال ہے یَعْلَمُ فعل هُوَ مستتر فاعل مَا اسم موصول بَیْنَ اَیْدِیْهِمْ مرکب اضافی فعل محذوف ثَبَتَ کا مفعول فیہ ہو کر صلہ، موصول با صلہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ مَا اسم موصول خَلْفَهُمْ مرکب اضافی فعل محذوف ثَبَتَ کا مفعول فیہ ہو کر صلہ، موصول با صلہ معطوف علیہ، معطوف علیہ با معطوف مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لَا یُحِیْطُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل بِ حرف جار شَیْءٍ موصوف مِنْ عِلْمِهٖ ظرف مستقر کَائِنٌ کے متعلق ہو کر صفت، موصوف با صفت مجرور، جار با مجرور مبدل منہ اِلَّا حرف استثناء بِمَا حرف جار مَا شَآءَ موصول با صلہ مجرور، جار با مجرور بدل، مبدل منہ با بدل متعلق ہوئے فعل با فاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف اَللّٰهُ کی خبر سادس ہے وَسِعَ فعل كُرْسِيُّهُ مرکب اضافی فاعل اَلسَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ معطوف علیہ با معطوف مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ اَللّٰهُ کی خبر سابع ہے، مبتدا با اخبار سبعہ جملہ اسمیہ خبریہ ہوا واؤ عاطفہ لَا یَئُوْدُهٗ فعل ہٗ ضمیر منصوب متصل مفعول بہ حِفْظُهُمَا مرکب اضافی فاعل، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف ہوا واؤ عاطفہ هُوَ ضمیر مبتدا اَلْعَلِیُّ الْعَظِیْمُ دو خبر، مبتدا با خبرین جملہ اسمیہ خبریہ معطوف ہوا۔

لَآ اِكْرَاهَ فِی الدِّیْنِ ۙ قَدْ تَّبَیَّنَ الرُّشْدُ مِنَ الْغَیِّ ۚ فَمَنْ یَّكْفُرْ بِالطَّاغُوْتِ وَیُؤْمِنْۢ بِاللّٰهِ فَقَدِ اسْتَمْسَكَ بِالْعُرْوَةِ الْوُثْقٰی ۗ لَا انْفِصَامَ لَهَا ؕ وَاللّٰهُ سَمِیْعٌ عَلِیْمٌ ۝

آیت نمبر ۲۵۶: لَآ نفی جنس اِكْرَاهَ اس کا اسم فِی الدِّیْنِ ظرف مستقر کَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر، لَا اپنے اسم اور خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا قَدْ علامت فعل تَبَیَّنَ فعل اَلرُّشْدُ فاعل مِنَ الْغَیِّ متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ مطلہ ہوا فَاء فصیحہ مَنْ اسم شرط مبتدا یَكْفُرْ فعل هُوَ مستتر فاعل بِالطَّاغُوْتِ متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ یُؤْمِنْ فعل هُوَ مستتر فاعل بِاللّٰهِ متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف شرط فَاء جزائیہ قَدْ علامت فعل اِسْتَمْسَكَ فعل هُوَ ضمیر فاعل بِ حرف جار اَلْعُرْوَةِ الْوُثْقٰی مرکب توصیفی ذوالحال لَا نفی جنس اِنْفِصَامَ اس کا اسم لَهَا ظرف مستقر کَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر لَا اپنے اسم اور خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ حال ذوالحال باحال مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل با فاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ جزاء

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہو کر مَنْ کی خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ جزاء ہے شرط محذوف اِنْ کَانَ کَذٰلِکَ کی، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہو کر اعتراضیہ اَللّٰہُ مبتدا، سَمِیْعٌ عَلِیْمٌ دو خبر، مبتدا باخبرین جملہ اسمیہ خبریہ معترضہ ہوا۔

اَللّٰهُ وَلِيُّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا ۙ يُخْرِجُهُمْ مِّنَ الظُّلُمٰتِ اِلَى النُّوْرِ ۭ وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا اَوْلِيٰۗـــُٔهُمُ الطَّاغُوْتُ ۙ يُخْرِجُوْنَهُمْ مِّنَ النُّوْرِ اِلَى الظُّلُمٰتِ ۭ اُولٰۗىِٕكَ اَصْحٰبُ النَّارِ ۚ هُمْ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ ۝

آیت نمبر ۲۵۷ اَللّٰہُ مبتدا وَلِیُّ مضاف اَلَّذِیْنَ اٰمَنُوْا موصول باصلہ مضاف الیہ، مضاف علیہ باضافت خبر اول یُخْرِجُ فعل ھُوَ ضمیر مستتر فاعل ھُمْ ضمیر مفعول بہ مِنَ الظُّلُمٰتِ جار باجرور متعلق ہوئے اِلَی النُّوْرِ جار باجرور متعلق ثانی ہوئے، فعل بافاعل ومفعول بہ دو متعلقین جملہ فعلیہ خبریہ دوسری خبر، مبتدا باخبرین جملہ اسمیہ خبریہ معطوف علیہ ہوا واؤ عاطفہ اَلَّذِیْنَ کَفَرُوْا اسم موصول باصلہ مبتدا اَوْلِیٰٓئُھُمُ مرکب اضافی مبتدا اَلطَّاغُوْتُ خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر مبتدا اول کی خبر اول یُخْرِجُوْنَھُمْ فعل واؤ ضمیر فاعل ھُمْ ضمیر مفعول بہ مِنَ النُّوْرِ ظرف لغو متعلق اول ہوئے اِلَی الظُّلُمٰتِ جار باجرور متعلق ثانی ہوئے، فعل بافاعل ومفعول بہ دو متعلقین جملہ فعلیہ خبریہ خبر ثانی، مبتدا باخبرین جملہ اسمیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ باعطف جملہ معطوف ہوا۔

اُولٰٓئِکَ اَصْحٰبُ النَّارِ مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ حال اول ھُمْ ضمیر مبتدا خٰلِدُوْنَ اسم فاعل ھُمْ ضمیر بوشیدہ فاعل فِیْھَا متعلق مقدم سے مل کر شبہ جملہ ہو کر خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ حال ثانیہ ہوا حال ثانیہ یا حالین یُخْرِجُوْنَ کا فاعل ھُمْ ضمیر مفعول بہ مِنَ النُّوْرِ ظرف لغو متعلق اول ہوئے اِلَی الظُّلُمٰتِ جار باجرور متعلق ثانی ہوئے، فعل بافاعل ومفعول بہ دو متعلقین جملہ فعلیہ خبریہ خبر ثانی، مبتدا باخبرین جملہ اسمیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ باعطف جملہ معطوف ہوا۔

❁ رکوع نمبر ۳۵ ❁

اَلَمْ تَرَ اِلَى الَّذِيْ حَاۗجَّ اِبْرٰهٖمَ فِيْ رَبِّهٖٓ اَنْ اٰتٰىهُ اللّٰهُ الْمُلْكَ ۘ اِذْ قَالَ اِبْرٰهٖمُ رَبِّيَ الَّذِيْ يُحْيٖ وَيُمِيْتُ ۙ قَالَ اَنَا اُحْيٖ وَاُمِيْتُ ۭ قَالَ اِبْرٰهٖمُ فَاِنَّ اللّٰهَ يَاْتِيْ بِالشَّمْسِ مِنَ الْمَشْرِقِ فَاْتِ بِهَا مِنَ الْمَغْرِبِ فَبُهِتَ الَّذِيْ كَفَرَ ۭ وَاللّٰهُ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الظّٰلِمِيْنَ ۝

آیت نمبر ۲۵۸ ہمزہ استفہامیہ لَمْ تَرَ فعل اَنْتَ ضمیر بوشیدہ ان کا فاعل اِلَی حرف جار اَلَّذِیْ اسم موصول حَآجَّ فعل ھُوَ مستتر فاعل اِبْرٰھٖمَ مفعول بہ فِیْ رَبِّہٖ جار باجرور متعلق ہوئے اَنْ مصدریہ نامیانی فعل ہٗ ضمیر منصوب مفعول بہ اول اَللّٰہُ فاعل بافاعل مل کر مفعول بہ ثانی فعل بافاعل ومفعولین جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر تاویل مصدر مفعول لہ اِذْ ظرف زمان مضاف قَالَ فعل اِبْرٰھٖمُ فاعل، فعل بافاعل جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر قول رَبِّیَ مرکب اضافی مبتدا اَلَّذِیْ اسم موصول یُحْیٖ فعل ھُوَ مستتر فاعل، فعل بافاعل معطوف علیہ ہوا واؤ عاطفہ یُمِیْتُ فعل ھُوَ مستتر فاعل سے مل کر معطوف معطوف علیہ باعطف صلہ موصول باصلہ خبر، مبتدا باخبر مقولہ، قول باقولہ مضاف الیہ، مضاف الیہ باعطف الیہ مفعول بہ ہوا فعل حَآجَّ کے لئے، فعل بافاعل ومفعول بہ ومتعلق ومفعول لہ ومفعول فیہ جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر صلہ موصول باصلہ مجرور، جار باجرور ظرف لغو متعلق ہو کر اٰتٰی کے لئے، فعل بافاعل ومتعلق جملہ فعلیہ انشائیہ استفہامیہ ہوا۔

قَالَ فعل بافاعل قول اَنَا ضمیر مبتدا اُحْیٖ فعل بافاعل معطوف علیہ ہوا واؤ عاطفہ اُمِیْتُ فعل بافاعل معطوف، معطوف علیہ باعطف خبر، مبتدا باخبر مقولہ، قول باقولہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ قَالَ فعل اِبْرٰھٖمُ فاعل سے مل کر قَالَ فعل اپنے فاعل سے مل کر قَالَ فعل اپنے فاعل سے مل کر جزاء فصیحہ شرط محذوف ہے اِذَا کُنْتَ

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

فَأْتِ بِهَا مِنَ الْمَغْرِبِ جار مجرور ظرف لغو متعلق ثانی ہوئے بِهَا میں ضمیر ہا مجرور مِنَ الْمَغْرِبِ جار مجرور ظرف لغو متعلق اوّل ہوئے فعل بافاعل و متعلقین جملہ انشائیہ امریہ ہو کر جزاء شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہو کر مقولہ قول باعمولہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

فَبُهِتَ فصیحہ اور اس کی شرط محذوف ہے اِنْ كُنْتَ تَزْعَمُ اَنَّكَ قَادِرٌ عَلٰى مَا تَفْعَلُ اِذْ اَتٰى فعل امر اَنْتَ ضمیر پوشیدہ اس کا فاعل بِهَا جار مجرور ظرف لغو متعلق اوّل ہوئے مِنَ الْمَغْرِبِ جار مجرور ظرف لغو متعلق ثانی ہوئے، فعل بافاعل و متعلقین جملہ انشائیہ امریہ ہو کر جزاء شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا فاء فصیحہ شرط محذوف ہے اِذَا كَانَ كَذٰلِكَ بُهِتَ فعل مجہول الَّذِيْ اسم موصول كَفَرَ فعل بافاعل صلہ موصول باصلہ نائب فاعل، فعل مجہول بنائب فاعل جزاء شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا واؤ استیناف اَللّٰهُ مبتدا لَا يَهْدِي فعل هُوَ مستتر فاعل الْقَوْمَ الظّٰلِمِيْنَ مرکب توصیفی مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر خبر، مبتدا خبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

اَوْ كَالَّذِيْ مَرَّ عَلٰى قَرْيَةٍ وَّهِيَ خَاوِيَةٌ عَلٰى عُرُوْشِهَا ۚ قَالَ اَنّٰى يُحْيٖ هٰذِهِ اللّٰهُ بَعْدَ مَوْتِهَا ۚ فَاَمَاتَهُ اللّٰهُ مِائَةَ عَامٍ ثُمَّ بَعَثَهُ ۭ قَالَ كَمْ لَبِثْتَ ۭ قَالَ لَبِثْتُ يَوْمًا اَوْ بَعْضَ يَوْمٍ ۭ قَالَ بَلْ لَّبِثْتَ مِائَةَ عَامٍ فَانْظُرْ اِلٰى طَعَامِكَ وَشَرَابِكَ لَمْ يَتَسَنَّهْ ۚ وَانْظُرْ اِلٰى حِمَارِكَ وَلِنَجْعَلَكَ اٰيَةً لِّلنَّاسِ ۚ وَانْظُرْ اِلَى الْعِظَامِ كَيْفَ نُنْشِزُهَا ثُمَّ نَكْسُوْهَا لَحْمًا ۭ فَلَمَّا تَبَيَّنَ لَهٗ ۙ قَالَ اَعْلَمُ اَنَّ اللّٰهَ عَلٰي كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ۝

لغت نمبر ۲۵۹: اَوْ حرف عطف كَالَّذِيْ اسم موصول مَرَّ فعل هُوَ مستتر فاعل عَلٰى حرف جار قَرْيَةٍ فعل بافاعل واؤ حالیہ هِيَ ضمیر مبتدا خَاوِيَةٌ اسم فاعل هِيَ ضمیر فاعل عَلٰى عُرُوْشِهَا متعلق سے مل کر شبہ جملہ ہو کر خبر، مبتدا خبر جملہ اسمیہ خبریہ حال، واؤ الحال باحال مجرور جار مجرور متعلق ہوئے، فعل با فاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ صفہ، موصول باصلہ مجرور جار مجرور متعلق ہوئے فعل محذوف اَوْ رَأَيْتَ سے۔ قَالَ فعل هُوَ مستتر فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ قول اَنّٰى بمعنی كَيْفَ كَلِمَةٌ کا مفعول فیہ ہو کر هٰذِهِ کا صلہ مقدم واؤ الحال باحال يُحْيٖ فعل کا مفعول بہ اَللّٰهُ فاعل بَعْدَ مَوْتِهَا مرکب اضافی مفعول فیہ، فعل بافاعل و مفعولین جملہ فعلیہ انشائیہ ہو کر مقولہ، قول باعمولہ معطوف علیہ فاء عاطفہ اَمَاتَ فعل هُ ضمیر مفعول بہ اَللّٰهُ فاعل مِائَةَ عَامٍ مرکب اضافی مفعول فیہ، فعل با فاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ ثُمَّ عاطفہ بَعَثَ فعل هُوَ ضمیر مستتر فاعل هُ ضمیر مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف پھر معطوف ہو کر معطوف علیہ بامعطوف جملہ معطوفہ ہوا۔

قَالَ فعل هُوَ مستتر فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ قول، كَمْ استفہامیہ ممیز اور اس کی تمیز وَقْتًا محذوف ہے ممیز بامیز مل کر منصوب مفعول بہ مقدم لَبِثْتَ فعل تَ ضمیر ظاہر فاعل اور مفعول فیہ مقدم سے مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ مقولہ، قول باعمولہ جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔ قَالَ فعل هُوَ مستتر فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر قول لَبِثْتُ فعل تُ مضمومہ ضمیر فاعل يَوْمًا اَوْ بَعْضَ يَوْمٍ معطوف علیہ

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

یا معطوف مفعول فیہ، فعل باء فاعل، مفعول فیہ جملہ فعلیہ خبریہ مقولہ، قول یا مقولہ جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا وقَالَ فعل ھُوَ مستتر فاعل سے مل کر قول بکّ حرف عطف معطوف علیہ محذوف ہے مَا لَبِثْتَ یَوْمًا اَوْ بَعْضَ یَوْمٍ لَبِثْتَ فعل تاء مفتوحہ ضمیر فاعل جو آلۃ تکلیم مرکب اضافی مفعول فیہ، فعل یا فاعل و مفعول فیہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف معطوف علیہ یا معطوف مقولہ، قول یا مقولہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

قَالَ فصیحہ اور اس کی شرط محذوف ہے اِذَا حَصَلَ لَکَ عِلْمُ طَمَانِیْنَۃٍ فِیْ اَمْرِ الْبَعْثِ فَالَ جزائیہ اُنْظُرْ فعل امر اَنْتَ ضمیر پوشیدہ فاعل اِلٰی حرف جار طَعَامِکَ وَشَرَابِکَ معطوف علیہ یا معطوف دونوں لَمْ یَتَسَنَّہْ فعل ھُوَ مستتر فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ حال ہوا فاعل یا حال مجرور جار یا مجرور متعلق ہوئے، فعل یا فاعل و متعلق جملہ فعلیہ انشائیہ امریہ معطوف علیہ ہوا واؤ عاطفہ اُنْظُرْ فعل امر اَنْتَ ضمیر پوشیدہ فاعل اِلٰی حِمَارِکَ جار یا مجرور متعلق ہوئے، فعل یا فاعل و متعلق جملہ انشائیہ امریہ معطوف، معطوف علیہ یا معطوف جملہ معطوفہ ہو کر جزاء شرط محذوف یا جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔ واؤ عاطفہ لام حرف جار برائے تعلیل نَجْعَلَ فعل نَحْنُ ضمیر پوشیدہ فاعل کاف ضمیر منصوب مفعول بہ اوّل اٰیَۃً موصوف لِلنَّاسِ ظرف مستقر کے متعلق ہو کر صفت، موصوف یا صفت مفعول بہ ثانی، فعل یا فاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ بتاویل مصدر مجرور، جار یا مجرور متعلق ہوئے فعل محذوف فَعَلْنَا ذٰلِکَ کُلَّہٗ کے، فعل یا فاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

واؤ عاطفہ اُنْظُرْ فعل اَنْتَ ضمیر پوشیدہ فاعل اِلٰی حرف جار اَلْعِظَامِ مبدل منہ کَیْفَ اسم استفہام نُنْشِزُھَا جملہ فعلیہ کا مفعول فیہ ہو کر حال مقدم، نُنْشِزُ فعل نَحْنُ ضمیر پوشیدہ فاعل ھَا ضمیر زوالحال موخر، زوالحال یا حال مفعول بہ، فعل یا فاعل و مفعول بہ جملہ انشائیہ استفہامیہ معطوف علیہ ثُمَّ حرف عطف نَکْسُوْھَا فعل نَحْنُ ضمیر پوشیدہ فاعل ھَا ضمیر منصوب مفعول بہ اوّل لَحْمًا مفعول بہ ثانی، فعل یا فاعل و مفعولین معطوف، معطوف علیہ یا معطوف بدل، مبدل منہ یا بدل مجرور، جار یا مجرور متعلق ہوئے اُنْظُرْ کے، فعل یا فاعل و متعلق جملہ انشائیہ امریہ معطوف ہوا۔

فَاء عاطفہ معطوف علیہ محذوف ہے اَنْشَزَھَا اللّٰہُ وَکَسَاھَا لَحْمًا فَاء شرطیہ مفعول فیہ مقدم تَبَیَّنَ فعل ھُوَ مستتر فاعل لَہٗ متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر شرط، قَالَ فعل ھُوَ مستتر فاعل سے مل کر قول اَعْلَمُ فعل اَنَا ضمیر پوشیدہ فاعل اَنَّ حرف تحقیق اللّٰہَ اس کا اسم عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ متعلق مقدم قَدِیْرٌ صیغہ صفت ھُوَ مستتر فاعل و متعلق سے مل کر خبر اَنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ اَعْلَمُ کے دو مفعول کے قائم مقام فعل با فاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ مقولہ، قول یا مقولہ جزاء شرط یا جزاء جملہ شرطیہ معطوف ہے، معطوف علیہ یا معطوف جملہ معطوفہ ہوا۔

وَاِذْ قَالَ اِبْرٰهٖمُ رَبِّ اَرِنِیْ كَیْفَ تُحْیِ الْمَوْتٰى ؕ قَالَ اَوَلَمْ تُؤْمِنْ ؕ قَالَ بَلٰى وَلٰكِنْ لِّیَطْمَىِٕنَّ
قَلْبِیْ ؕ قَالَ فَخُذْ اَرْبَعَةً مِّنَ الطَّیْرِ فَصُرْهُنَّ اِلَیْكَ ثُمَّ اجْعَلْ عَلٰى كُلِّ جَبَلٍ مِّنْهُنَّ جُزْءًا ثُمَّ
ادْعُهُنَّ یَاْتِیْنَكَ سَعْیًا ؕ وَاعْلَمْ اَنَّ اللّٰهَ عَزِیْزٌ حَكِیْمٌ ۝

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

آیت نمبر ۲۶۰ وَاِذْ اسْتِیْنَافِیہ اِذْ ظرف زمان مضاف قَالَ فعل اِبْرٰهٖمُ فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ قول یا مقولہ عمل میں یَارَبِّ منادیٰ ہے اور یہ منادیٰ ہے اَرِنِیْ فعل امر اَنْتَ ضمیر پوشیدہ فاعل نون وقایہ کا یاء ضمیر منصوب مفعول بہ اول، کَیْفَ کَافِیْنَ کا مفعول فیہ ہو کر حال مقدم، اَلْمَوْتٰی ذوالحال مؤخر، ذوالحال باحال مفعول بہ تُحْیِ فعل اَنْتَ ضمیر پوشیدہ فاعل، فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ استفہامیہ ہو کر محلاً منصوب اَرِنِیْ کا مفعول بہ ثانی، فعل با فاعل و مفعولین جملہ انشائیہ امریہ جواب ندا، ندا اور جواب ندا مقولہ، قول یا مقولہ مضاف الیہ، مضاف یا مضاف الیہ مفعول فیہ ہوا فعل محذوف اُذْکُرْ کا یا اُذْکُرْ فعل امر اَنْتَ ضمیر پوشیدہ فاعل، فعل با فاعل و مفعول یہ جملہ انشائیہ امریہ مستانفہ ہوا۔

قَالَ فعل هُوَ ضمیر پوشیدہ فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ قول، ہمزہ استفہامیہ واؤ عاطفہ معطوف علیہ محذوف ہے مِثْلُ مَفْ لَوْ یُؤْمِنْ فعل اَنْتَ ضمیر پوشیدہ فاعل سے مل کر معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ انشائیہ استفہامیہ مقولہ، قول یا مقولہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ قَالَ فعل هُوَ ضمیر فاعل سے مل کر قول بَلٰی حرف ایجاب مقولہ، قول یا مقولہ جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔ واؤ عاطفہ معطوف علیہ محذوف ہے سَاَلْتُکَ لٰکِنْ حرف استدراک عمل لام حرف جار تَطْمَئِنَّ فعل قَلْبِیْ مرکب اضافی فاعل سے مل کر بتاویل مصدر مجرورہ جار مجرور متعلق ہوا سَاَلْتُکَ کے، فعل با فاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف ہوا۔

قَالَ فعل هُوَ ضمیر پوشیدہ سے مل کر قول فاء فصیحہ اور شرط محذوف ہے اِذَا اَرَدْتَ مَعْرِفَۃَ کَیْفِیَّۃِ الْاِحْیَآءِ مُعَایَنَۃً فعل اَنْتَ ضمیر پوشیدہ فاعل اَرْبَعَۃً موصوف مِنَ الطَّیْرِ ظرف مستقر کَائِنَۃً کے متعلق ہو کر صفت، موصوف با صفت مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ انشائیہ امریہ معطوف علیہ فَاء عاطفہ خُذْ فعل اَنْتَ ضمیر پوشیدہ فاعل هُنَّ ضمیر منصوب ذوالحال اِلَیْکَ ظرف مستقر مَضْمُوْمَۃً کے متعلق ہو کر حال ذوالحال با حال مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ انشائیہ امریہ معطوف اوّل ثُمَّ حرف عطف اِجْعَلْ فعل اَنْتَ ضمیر پوشیدہ فاعل عَلٰی کُلِّ جَبَلٍ جار مجرور متعلق ہوئے اور یہ دونوں اِجْعَلْ کا مفعول ثانی ہے، مِنْهُنَّ ظرف مستقر جُزْءًا کے متعلق ہو کر حال مقدم، جُزْءًا ذوالحال مؤخر، ذوالحال با حال مفعول بہ اوّل، فعل با فاعل و مفعولین جملہ انشائیہ امریہ معطوف ثانی معطوف علیہ با معطوفین جزاء شرط با جزاء جملہ شرطیہ مقولہ، قول یا مقولہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

ثُمَّ حرف عطف اُدْعُ فعل اَنْتَ ضمیر پوشیدہ فاعل هُنَّ ضمیر منصوب مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ انشائیہ امریہ معطوف ہوا۔ یَاْتِیْنَ فعل نون مؤنثہ ضمیر فاعل کاف ضمیر منصوب مفعول بہ اور سَعْیًا بمعنی مَسَاعِیَاتٍ یَاْتِیْنَ کے فاعل سے حال ہے، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ جزاء ہے، شرط محذوف اِنْ تَدْعُوْهُنَّ کی، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔ واؤ عاطفہ اِعْلَمْ فعل اَنْتَ ضمیر پوشیدہ فاعل اَنَّ حرف تحقیق اَللّٰهَ کا اسم عَزِیْزٌ خبر حَکِیْمٌ خبر اَنَّ با اسم و خبر مل کر جملہ مصبہ خبریہ اِعْلَمْ کے دو مفعول کے قائم مقام، فعل با فاعل و مفعولین جملہ انشائیہ امریہ معطوف ہوا۔

رکوع ۳۰

مَثَلُ الَّذِیْنَ یُنْفِقُوْنَ اَمْوَالَهُمْ فِیْ سَبِیْلِ اللّٰهِ كَمَثَلِ حَبَّةٍ اَنْۢبَتَتْ سَبْعَ سَنَابِلَ فِیْ كُلِّ سُنْۢبُلَةٍ مِّائَةُ حَبَّةٍ ؕ وَاللّٰهُ یُضٰعِفُ لِمَنْ یَّشَآءُ ؕ وَاللّٰهُ وَاسِعٌ عَلِیْمٌ ۝

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

آیت نمبر ۲۶۱ مَثَلُ مضاف اَلَّذِيْنَ اسم موصول يُنْفِقُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل اَمْوَالَهُمْ مرکب اضافی مفعول بہ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ جار بامجرور متعلق ہوئے، فعل بافاعل ومفعول بہ، متعلق جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول باصلہ مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ مبتدا کَمَثَلِ حرف جار مَثَلِ مضاف حَبَّةٍ موصوف اَنْۢبَتَتْ فعل ہی ضمیر پوشیدہ فاعل سَبْعَ ممیز مضاف سَنَابِلَ موصوف فِيْ كُلِّ سُنْۢبُلَةٍ ظرف مستقر كَانَتْ کے متعلق ہو کر خبر مقدم مِائَةُ حَبَّةٍ مرکب اضافی مبتدا مؤخر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ صفت، موصوف باصفت مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ صفت، موصوف باصفت مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ مجرور، جار بامجرور ظرف مستقر كَانَتْ کے متعلق ہو کر خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا واؤ استیناف اَللّٰهُ مبتدا يُضٰعِفُ فعل ہُوَ مستتر فاعل لام حرف جار مَنْ يَّشَآءُ موصول باصلہ مجرور، جار بامجرور ظرف لغو متعلق ہوئے، فعل بافاعل ومتعلق جملہ فعلیہ خبریہ خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا واؤ عاطفہ اَللّٰهُ مبتدا وَاسِعٌ عَلِيْمٌ دو خبر، مبتدا باخبرین جملہ اسمیہ خبریہ معطوف ہوا

اَلَّذِيْنَ يُنْفِقُوْنَ اَمْوَالَهُمْ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ثُمَّ لَا يُتْبِعُوْنَ مَآ اَنْفَقُوْا مَنًّا وَّلَآ اَذًى ۙ لَّهُمْ اَجْرُهُمْ عِنْدَ رَبِّهِمْ ۚ وَلَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ ۝

آیت نمبر ۲۶۲ اَلَّذِيْنَ اسم موصول يُنْفِقُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل اَمْوَالَهُمْ مرکب اضافی مفعول بہ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ جار بامجرور متعلق ہوئے، فعل بافاعل ومفعول بہ، متعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ ثُمَّ حرف عطف لَا يُتْبِعُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل مَا اسم موصول اَنْفَقُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر صلہ، موصول باصلہ مفعول بہ اوّل مَنًّا معطوف علیہ ہوا واؤ عاطفہ لَآ نافیہ اَذًى معطوف، معطوف علیہ بامعطوف مفعول بہ ثانی، فعل بافاعل ومفعولین جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف صلہ، موصول باصلہ مبتدا لَهُمْ ظرف مستقر يُتْبِعُوْنَ کے متعلق ہو کر خبر مقدم اَجْرُهُمْ مضاف ہُمْ ضمیر مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ عِنْدَ رَبِّهِمْ مرکب اضافی لَا يُتْبِعُوْنَ کا مفعول فیہ ہو کر حال، مذاحال بامال مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ مبتدا مؤخر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ اَلَّذِيْنَ کی خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا وَلَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ اس کی ترکیب آیت نمبر ۲۷ میں گذر چکی ہے۔

قَوْلٌ مَّعْرُوْفٌ وَّمَغْفِرَةٌ خَيْرٌ مِّنْ صَدَقَةٍ يَّتْبَعُهَآ اَذًى ۗ وَاللّٰهُ غَنِيٌّ حَلِيْمٌ ۝

آیت نمبر ۲۶۳ قَوْلٌ مَّعْرُوْفٌ مرکب توصیفی معطوف علیہ ہوا واؤ عاطفہ مَغْفِرَةٌ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف مبتدا خَيْرٌ اسم تفضیل هُمَا ضمیر پوشیدہ فاعل مِنْ حرف جار صَدَقَةٍ موصوف يَّتْبَعُهَآ فعل هَا ضمیر منصوب مفعول بہ اَذًى فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ صفت، موصوف باصفت مجرور، جار بامجرور متعلق ہوئے اسم تفضیل کے، اسم تفضیل بافاعل ومتعلق شبہ جملہ ہو کر خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا واؤ استیناف اَللّٰهُ مبتدا غَنِيٌّ حَلِيْمٌ دو خبر، مبتدا باخبرین جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تُبْطِلُوْا صَدَقٰتِكُمْ بِالْمَنِّ وَالْاَذٰى ۙ كَالَّذِيْ يُنْفِقُ مَالَهٗ رِئَآءَ النَّاسِ وَلَا يُؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ ۭ فَمَثَلُهٗ كَمَثَلِ صَفْوَانٍ عَلَيْهِ تُرَابٌ فَاَصَابَهٗ وَابِلٌ فَتَرَكَهٗ صَلْدًا ۭ لَا يَقْدِرُوْنَ عَلٰي شَيْءٍ مِّمَّا كَسَبُوْا ۭ وَاللّٰهُ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الْكٰفِرِيْنَ ۝

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

آیت نمبر ۲۶۴ یٰٓاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا اس کی ترکیب متعدد بار گزر چکی ہے اور یہ عادت ہے لَا تُبْطِلُوْا فعل نہی واؤ ضمیر فاعل صَدَقٰتِكُمْ مرکب اضافی مفعول بہ بِالْمَنِّ حرف جار اَلْمَنِّ وَالْاَذٰى معطوف علیہ با معطوف مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے، کاف حرف جار اَلَّذِیْ اسم موصول یُنْفِقُ فعل هُوَ مستتر فاعل مَالَهٗ مرکب اضافی مفعول بہ رِئَآءَ النَّاسِ مرکب اضافی مفعول لہ، فعل با فاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ واؤ عاطفہ لَا یُؤْمِنُ فعل هُوَ مستتر فاعل با حرف جار اَللّٰهِ معطوف علیہ واؤ عاطفہ اَلْیَوْمِ الْاٰخِرِ مرکب توصیفی معطوف، معطوف علیہ با معطوف مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل با فاعل، متعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف صلہ، موصول با صلہ مجرور، جار با مجرور ظرف مستقر كَالَّذِیْنَ کے متعلق ہو کر بواسطہ موصوف محذوف اِنْطَالًا کے لَا تُبْطِلُوْا کا مفعول مطلق، فعل با فاعل و مفعول بہ و متعلق و مفعول مطلق جملہ انشائیہ نہیے جواب ندا، پھر منادا جواب ندا، جملہ انشائیہ ندائیہ ہوا۔

فَمَثَلُهٗ مرکب اضافی مبتدا، کاف حرف جار مَثَلِ مضاف صَفْوَانٍ موصوف عَلَیْهِ ظرف مستقر متعلق ہوا فعل محذوف اِسْتَقَرَّ کا مجرور، اس کا فاعل، فعل با فاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ فاء عاطفہ اَصَابَهٗ فعل ہٗ ضمیر منصوب مفعول بہ اوّل وَابِلٌ مفعول بہ ثانی فعل با فاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ معطوف ثانی معطوف علیہ با معطوفین صَفْوَانٍ کی صفت، موصوف با صفت مَثَلِ کا مضاف الیہ، مضاف با مضاف الیہ مجرور، جار با مجرور ظرف مستقر كَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

لَا یَقْدِرُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل عَلٰى حرف جار شَیْءٍ موصوف مِمَّا حرف جار مَا اسم موصول كَسَبُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول با صلہ مجرور، جار با مجرور ظرف مستقر شَیْءٍ کے متعلق ہو کر صفت، موصوف با صفت مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل با فاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا واؤ استیناف اللّٰهُ مبتدا لَا یَهْدِی فعل هُوَ مستتر فاعل اَلْقَوْمَ الْكٰفِرِیْنَ مرکب توصیفی مفعول بہ، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

وَمَثَلُ الَّذِیْنَ یُنْفِقُوْنَ اَمْوَالَهُمُ ابْتِغَآءَ مَرْضَاتِ اللّٰهِ وَتَثْبِیْتًا مِّنْ اَنْفُسِهِمْ كَمَثَلِ جَنَّةٍۭ بِرَبْوَةٍ اَصَابَهَا وَابِلٌ فَاٰتَتْ اُكُلَهَا ضِعْفَیْنِ ۚ فَاِنْ لَّمْ یُصِبْهَا وَابِلٌ فَطَلٌّ ؕ وَاللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ بَصِیْرٌ ۝

آیت نمبر ۲۶۵ واؤ عاطفہ مَثَلُ مضاف اَلَّذِیْنَ اسم موصول یُنْفِقُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل اَمْوَالَهُمُ مرکب اضافی مفعول بہ اِبْتِغَآءَ مَرْضَاتِ اللّٰهِ مرکب اضافی معطوف علیہ، واؤ عاطفہ تَثْبِیْتًا موصوف مِّنْ اَنْفُسِهِمْ كَائِنًا کے متعلق ہو کر صفت، موصوف با صفت معطوف، معطوف علیہ با معطوف مفعول لہ، فعل با فاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول با صلہ مضاف الیہ، مضاف با مضاف الیہ مبتدا، کاف حرف جار مَثَلِ مضاف جَنَّةٍ موصوف بِاء حرف جار رَبْوَةٍ موصوف اَصَابَ فعل هَا ضمیر منصوب مفعول بہ، وَابِلٌ فاعل، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ فاء عاطفہ اٰتَتْ فعل هِیَ مستتر فاعل اُكُلَهَا مرکب اضافی ذوالحال ضِعْفَیْنِ حال، ذوالحال با حال مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف رَبْوَةٍ کی صفت، موصوف با صفت مجرور،

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

جار مجرور ظرف مستقر کَائِنَةٌ کے متعلق ہو کر جَنَّةٌ کی صفت، موصوف باصفت مضاف الیہ، مضاف یا مضاف الیہ مجرور، جار مجرور ظرف مستقر کَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف ہوا فَاؤہ استینافیہ اِنْ شرطیہ لَمْ یُصِبْ فعل ھَا ضمیر منصوب مفعول بہ، وَابِلٌ فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ شرط فَاؤہ جزائیہ طَلٌّ خبر ہے مبتدا محذوف اَلَّذِیْ یُصِیْبُھَا کی، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ مستانفہ ہوا

اَیَوَدُّ اَحَدُکُمْ اَنْ تَکُوْنَ لَهٗ جَنَّةٌ مِّنْ نَّخِیْلٍ وَّاَعْنَابٍ تَجْرِیْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ لَهٗ فِیْهَا مِنْ کُلِّ الثَّمَرٰتِ وَاَصَابَهُ الْکِبَرُ وَلَهٗ ذُرِّیَّةٌ ضُعَفَآءُ ۪ فَاَصَابَهَآ اِعْصَارٌ فِیْهِ نَارٌ فَاحْتَرَقَتْ ؕ کَذٰلِکَ یُبَیِّنُ اللّٰهُ لَکُمُ الْاٰیٰتِ لَعَلَّکُمْ تَتَفَکَّرُوْنَ ﴿۲۶۶﴾

آیت نمبر ۲۶۶ اَلْف ھمزہ حرف استفہام یَوَدُّ فعل اَحَدُکُمْ مرکب اضافی فاعل اَنْ مصدریہ تَکُوْنَ فعل ناقص لَهٗ ظرف مستقر کَائِنَةٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم جَنَّةٌ موصوف مِنْ حرف جار نَّخِیْلٍ وَّاَعْنَابٍ معطوف علیہ با معطوف مجرور، جار مجرور ظرف مستقر کَائِنَةٌ کے متعلق ہو کر صفت اول فعل تَجْرِیْ فعل مِنْ تَحْتِهَا جار مجرور متعلق ہو کر اَلْاَنْهٰرُ فاعل، فعل با فاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ جَنَّةٌ کی صفت ثانیہ لَهٗ جار مجرور ظرف مستقر کَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم فِیْهَا ظرف مستقر کَائِنًا کے متعلق ہو کر حال مقدم، مِنْ جار زائد کُلِّ الثَّمَرٰتِ مرکب اضافی مجرور محلاً مرفوع ذوالحال مؤخر، ذوالحال بحال مبتدا مؤخر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ جَنَّةٌ کی تیسری صفت، موصوف بصفات ثلثہ تَکُوْنُ کا اسم مؤخر، فعل ناقص با اسم و خبر جملہ فعلیہ خبریہ بتاویل مصدر یَوَدُّ کا مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ انشائیہ استفہامیہ ہوا

واؤ حالیہ اَصَابَ فعل اَلْکِبَرُ فاعل مؤخر ہٗ ضمیر منصوب ذوالحال، واؤ حالیہ لَهٗ ظرف مستقر کَائِنَةٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم ذُرِّیَّةٌ ضُعَفَآءُ مرکب توصیفی مبتدا مؤخر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ حال ذوالحال بحال اَصَابَ کا مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ فَاؤہ عاطفہ اَصَابَ فعل ھَا ضمیر منصوب مفعول بہ اِعْصَارٌ موصوف فِیْهِ نَارٌ ظرف مستقر کَائِنَةٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم، نَارٌ مبتدا مؤخر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ صفت، موصوف باصفت ناقل۔ فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ فَاؤہ عاطفہ اِحْتَرَقَتْ فعل ھِیَ مستتر فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف پھر معطوف علیہ اول کا معطوف، معطوف علیہ با معطوف یَوَدُّ کے فاعل سے حال ہے۔ کَذٰلِکَ جار مجرور یُبَیِّنُ کے متعلق ہو کر واسطہ موصوف محذوف تَبْیِیْنًا کے مفعول مطلق مقدم یُبَیِّنُ فعل اَللّٰهُ فاعل اَلْاٰیٰتِ مفعول بہ لَکُمْ جار مجرور ضمیر ذوالحال لَعَلَّکُمْ تَتَفَکَّرُوْنَ جملہ اسمیہ انشائیہ ترجیہ محلاً منصوب حال ذوالحال باحال مجرور، جار مجرور متعلق ہوئے، فعل با فاعل و متعلق و مفعول بہ، مفعول مطلق مقدم جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا

﴿ رکوع نمبر ۳۷ ﴾

یٰۤاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْۤا اَنْفِقُوْا مِنْ طَیِّبٰتِ مَا کَسَبْتُمْ وَمِمَّاۤ اَخْرَجْنَا لَکُمْ مِّنَ الْاَرْضِ ۪ وَلَا تَیَمَّمُوا الْخَبِیْثَ مِنْهُ تُنْفِقُوْنَ وَلَسْتُمْ بِاٰخِذِیْهِ اِلَّاۤ اَنْ تُغْمِضُوْا فِیْهِ ؕ وَاعْلَمُوْۤا اَنَّ اللّٰهَ

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

غَنِيٌّ حَمِيْدٌ ﴿۲۶۷﴾

آیت نمبر ۲۶۷: یٰٓاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا اس کی ترکیب متعدد بار گزر چکی ہے اور یہ ندا ہے اَنْفِقُوْا فعل امر واؤ ضمیر فاعل مِنْ حرف جار طَیِّبٰتِ مضاف مَا کَسَبْتُمْ موصول باصلہ مضاف الیہ، مضاف باضاف الیہ مجرور، جار با مجرور معطوف علیہ ہوا وَاؤ عاطفہ مِنْ حرف جار مَا اسم موصول اَخْرَجْنَا فعل نَا ضمیر فاعل لَکُمْ متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول باصلہ وَاؤ عاطفہ مِنَ الْاَرْضِ ظرف مستقر کَآئِنًا کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال باحال مجرور، جار با مجرور معطوف، معطوف علیہ با مضاف متعلق، فعل با فاعل و متعلق جملہ انشائیہ امریہ معطوف علیہ ہوا وَ لَا تَیَمَّمُوا فعل واؤ ضمیر ذوالحال تُنْفِقُوْنَ فعل واؤ ضمیر ذوالحال ہوا واؤ حالیہ اَنْتُمْ فعل ناقص ضمیر اس کا اسم بِاٰخِذِیْهِ زائدہ اِلَّآ اَنْ تُغْمِضُوْا فِیْهِ مرکب استثنائی مفرغ مجرور محلاً منصوب خبر وَاعْلَمُوْٓا حرف استثنا اَنَّ ناصبہ تُغْمِضُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل فِیْهِ متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ بتاویل مصدر منصوب بنزع خافض ہے اور یہ اصل میں بِاَنْ ... الخ ہے، جار با مجرور اٰخِذِیْ میں کے متعلق ہے، فعل ناقص با اسم و خبر جملہ فعلیہ خبریہ حال ذوالحال باحال تُنْفِقُوْنَ کا فاعل، فعل با فاعل جملہ فعلیہ خبریہ حال، ذوالحال باحال لَا تَیَمَّمُوْا کا فاعل اَلْخَبِیْثَ ذوالحال مِنْهُ ظرف مستقر کَآئِنًا کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال باحال مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ انشائیہ نہیہ معطوف، معطوف علیہ یا معطوف علیہ کا جواب، ندا با جواب ندا جملہ انشائیہ ندائیہ ہوا واؤ اعْلَمُوْٓا فعل امر واؤ ضمیر فاعل اَنَّ حرف تحقیق اَللّٰهَ اس کا اسم غَنِیٌّ حَمِیْدٌ دو خبر اَنَّ با اسم و خبر مل جملہ اسمیہ خبریہ اِعْلَمُوْا کے دو مفعول کے قائم مقام، فعل امر با فاعل و مفعولین جملہ انشائیہ امریہ مستانفہ ہوا۔

اَلشَّیْطٰنُ یَعِدُکُمُ الْفَقْرَ وَ یَاْمُرُکُمْ بِالْفَحْشَآءِ ۚ وَ اللّٰهُ یَعِدُکُمْ مَّغْفِرَةً مِّنْهُ وَ فَضْلًا ؕ وَاللّٰهُ وَاسِعٌ عَلِیْمٌ ﴿۲۶۸﴾ یُّؤْتِی الْحِكْمَةَ مَنْ یَّشَآءُ ۚ وَ مَنْ یُّؤْتَ الْحِكْمَةَ فَقَدْ اُوْتِیَ خَیْرًا كَثِیْرًا ؕ وَمَا یَذَّكَّرُ اِلَّاۤ اُولُوا الْاَلْبَابِ ﴿۲۶۹﴾

آیت نمبر ۲۶۸، ۲۶۹: اَلشَّیْطٰنُ مبتدا یَعِدُ فعل هُوَ ضمیر پوشیدہ فاعل کُمُ ضمیر مفعول بہ اول، اَلْفَقْرَ مفعول بہ ثانی سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ ہوا وَاؤ عاطفہ یَاْمُرُ فعل هُوَ ضمیر پوشیدہ فاعل کُمْ ضمیر مفعول بہ بِالْفَحْشَآءِ متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ معطوف علیہ ہوا وَاؤ عاطفہ اَللّٰهُ مبتدا یَعِدُ فعل هُوَ ضمیر پوشیدہ فاعل کُمْ منصوب مفعول بہ اول مَّغْفِرَةً موصوف مِّنْهُ وَفَضْلًا کے متعلق ہو کر صفت، موصوف با صفت معطوف علیہ ہوا وَاؤ عاطفہ فَضْلًا معطوف، معطوف علیہ با معطوف مفعول بہ ثانی فعل با فاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف معطوف علیہ با معطوف جملہ معطوفہ ہوا واؤ استینافیہ اَللّٰهُ مبتدا وَاسِعٌ عَلِیْمٌ اس کی دو خبر یُؤْتِی فعل هُوَ ضمیر پوشیدہ فاعل اَلْحِكْمَةَ مفعول بہ اول مَنْ یَّشَآءُ موصول باصلہ مفعول بہ ثانی، فعل با فاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ تیسری خبر، مبتدا با اخبار ثلاثہ جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

واؤ استینافیہ مَنْ شرطیہ مبتدا یُؤْتَ فعل مجہول هُوَ ضمیر پوشیدہ نائب فاعل اَلْحِكْمَةَ مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ شرط فَاء جزائیہ قَدْ علامت فعل اُوْتِیَ فعل مجہول هُوَ ضمیر نائب فاعل خَیْرًا كَثِیْرًا مرکب توصیفی مفعول بہ، فعل مجہول با نائب فاعل و مفعول بہ جملہ

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

فعلیہ خبریہ جزاء شرط باجزاء جملہ شرطیہ مَنْ کی خبر، مبتدا خبر جملہ اسمیہ خبر متاخر ہوا واؤ عاطفہ مَا نافیہ يَتَذَكَّرُ فعل اِلَّا حرف اُولُوا الْاَلْبَابِ مرکب بمعنی مستثنیٰ مفرغ فاعل، فعل با فاعل جملہ فعلیہ خبریہ معطوف ہوا

تُعَلِّمُوْنَ فعل واؤ ضمیر اس کا فاعل ھُنَّ ضمیر منصوب مفعول بہ مِنْ جار مَا موصولہ عَلَّمَکُمُ فعل کُمْ ضمیر مفعول بہ اَللّٰہُ فاعل، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر صلہ، موصول باصلہ مجرور، جار بامجرور تُعَلِّمُوْنَ کے متعلق ہوئے، فعل بافاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ عَلَّمْتُمْ کی ضمیر فاعل سے حال ہوا۔ فَاء فصیحہ اور اس کی شرط محذوف ہے اِذَا کَانَ الْاَمْرُ کَذٰلِکَ، یا اِنْ عَلَّمْتُمْ شَیْئًا مِنَ الْحَیَوَانِ، کُلُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل مِنْ جارہ مَا موصولہ اَمْسَکْنَ فعل نون متکونہ اس کا فاعل عَلَیْکُمْ جار بامجرور متعلق ہوئے، فعل بافاعل و متعلق صلہ، موصول باصلہ مجرور، جار بامجرور کُلُوْا کے متعلق ہوئے فعل با فاعل و متعلق جملہ انشائیہ ہو کر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اُذْکُرُوْا فعل امر واؤ ضمیر اس کا فاعل اِسْمَ اللّٰہِ مرکب اضافی مفعول بہ عَلَیْہِ جار بامجرور متعلق ہوئے، فعل بافاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ انشائیہ ہو کر معطوف اوّل، واؤ عاطفہ اِتَّقُوْا فعل امر واؤ ضمیر فاعل اَللّٰہَ اسم الجلالہ مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ انشائیہ ہو کر معطوف ثانی، معطوف علیہ بامعطوفین جزاء، شرط محذوف باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔ اِنَّ حرف تحقیق اَللّٰہَ اسم الجلالہ اس کا اسم سَرِیْعُ الْحِسَابِ مرکب اضافی خبر اِنَّ باسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

اَلْیَوْمَ اُحِلَّ لَکُمُ الطَّیِّبٰتُ ؕ وَ طَعَامُ الَّذِیْنَ اُوْتُوا الْکِتٰبَ حِلٌّ لَّکُمْ ۪ وَ طَعَامُکُمْ حِلٌّ لَّهُمْ ۫ وَ الْمُحْصَنٰتُ مِنَ الْمُؤْمِنٰتِ وَ الْمُحْصَنٰتُ مِنَ الَّذِیْنَ اُوْتُوا الْکِتٰبَ مِنْ قَبْلِکُمْ اِذَاۤ اٰتَیْتُمُوْهُنَّ اُجُوْرَهُنَّ مُحْصِنِیْنَ غَیْرَ مُسٰفِحِیْنَ وَ لَا مُتَّخِذِیْۤ اَخْدَانٍ ؕ وَ مَنْ یَّکْفُرْ بِالْاِیْمَانِ فَقَدْ حَبِطَ عَمَلُهٗ ۫ وَ هُوَ فِی الْاٰخِرَةِ مِنَ الْخٰسِرِیْنَ ۝

آیت نمبر ۵: اَلْیَوْمَ مفعول فیہ مقدم اُحِلَّ فعل مجہول لَکُمُ متعلق اَلطَّیِّبٰتُ نائب فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ واؤ استیناف طَعَامُ مضاف اَلَّذِیْنَ اسم موصول اُوْتُوا فعل مجہول واؤ ضمیر نائب فاعل اَلْکِتٰبَ مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ صلہ، موصول باصلہ طَعَامُ کا مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ مبتداء حِلٌّ مصدر لَکُمْ متعلق سے مل کر خبر، مبتدا خبر جملہ اسمیہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ طَعَامُکُمْ مرکب اضافی مبتداء حِلٌّ مصدر لَهُمْ متعلق سے مل کر معطوف، معطوف علیہ بامعطوف جملہ مستانفہ ہوا۔

واؤ عاطفہ اَلْمُحْصَنٰتُ ذوالحال مِنَ الْمُؤْمِنٰتِ ظرف مستقر کَائِنَاتٍ کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال باحال معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اَلْمُحْصَنٰتُ ذوالحال مِنَ حرف جار اَلَّذِیْنَ اسم موصول اُوْتُوا فعل مجہول واؤ ضمیر ذوالحال مِنْ قَبْلِکُمْ ظرف مستقر کَائِنِیْنَ کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال باحال نائب فاعل اَلْکِتٰبَ مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ صلہ، موصول باصلہ مجرور، جار بامجرور ظرف مستقر کَائِنَاتٍ کے متعلق ہو کر حال ذوالحال باحال معطوف، معطوف علیہ بامعطوف مبتداء اور خبر محذوف ہے حِلٌّ لَّکُمْ، حِلٌّ مصدر لَکُمْ جار بامجرور متعلق ہوئے اِذَا ظرف زمان مضاف اٰتَیْتُمُوْ فعل ھُنَّ ضمیر ذوالحال مُحْصِنِیْنَ اسم فاعل اَنْتُمْ مستتر فاعل سے مل کر حال اولیٰ، غَیْرَ مُسٰفِحِیْنَ مرکب اضافی معطوف علیہ واؤ عاطفہ لَا زائدہ مُتَّخِذِیْۤ اَخْدَانٍ مرکب اضافی معطوف، معطوف علیہ بامعطوف حال دوم، ذوالحال یا حالین اٰتَیْتُمْ کا فاعل ھُنَّ ضمیر مفعول بہ اوّل اُجُوْرَھُنَّ مرکب اضافی مفعول بہ ثانی، فعل بافاعل و مفعولین اِذَا کا مضاف الیہ۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

مضاف با مضاف الیہ جملہ کا مفعول فیہ، مصدر با متعلق و مفعول فیہ خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

واؤ استینافیہ مَنْ اسم شرط مبتدا یَكْفُرْ فعل هُوَ مستتر فاعل بِالْاِيْمَانِ ظرف لغو متعلق سے مل کر شرط مقام جزائیہ قَدْ علامت فعل، حَبِطَ فعل عَمَلُهٗ مرکب اضافی فاعل سے مل کر معطوف علیہ واؤ عاطفہ هُوَ ضمیر مبتدا فِي الْاٰخِرَةِ ظرف مستقر كَائِنٌ کا متعلق اول، مِنَ الْخٰسِرِيْنَ متعلق ثانی كَائِنٌ اسم فاعل با هُوَ مستتر فاعل و متعلقین شبہ جملہ ہو کر خبر، مبتدا با خبر معطوف، معطوف علیہ با معطوف جزاء، شرط با جزاء مَنْ کی خبر، مبتدا با خبر جملہ مستانفہ ہوا۔

﴿ رکوع نمبر ۲ ﴾

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِذَا قُمْتُمْ اِلَى الصَّلٰوةِ فَاغْسِلُوْا وُجُوْهَكُمْ وَاَيْدِيَكُمْ اِلَى الْمَرَافِقِ وَامْسَحُوْا بِرُءُوْسِكُمْ وَاَرْجُلَكُمْ اِلَى الْكَعْبَيْنِ ؕ وَاِنْ كُنْتُمْ جُنُبًا فَاطَّهَّرُوْا ؕ وَاِنْ كُنْتُمْ مَّرْضٰٓى اَوْ عَلٰى سَفَرٍ اَوْ جَآءَ اَحَدٌ مِّنْكُمْ مِّنَ الْغَآئِطِ اَوْ لٰمَسْتُمُ النِّسَآءَ فَلَمْ تَجِدُوْا مَآءً فَتَيَمَّمُوْا صَعِيْدًا طَيِّبًا فَامْسَحُوْا بِوُجُوْهِكُمْ وَاَيْدِيْكُمْ مِّنْهُ ؕ مَا يُرِيْدُ اللّٰهُ لِيَجْعَلَ عَلَيْكُمْ مِّنْ حَرَجٍ وَّلٰكِنْ يُّرِيْدُ لِيُطَهِّرَكُمْ وَلِيُتِمَّ نِعْمَتَهٗ عَلَيْكُمْ لَعَلَّكُمْ تَشْكُرُوْنَ ۝

آیت نمبر ۶ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا اس کی ترکیب متعدد بار گزر چکی ہے اور یہ نداء ہے اِذَا شرطیہ مفعول فیہ مقدم قُمْتُمْ فعل ثُمْ ضمیر فاعل اِلَى الصَّلٰوةِ متعلق سے مل کر شرط مقام جزائیہ اِغْسِلُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل وُجُوْهَكُمْ مرکب اضافی معطوف علیہ واؤ عاطفہ اَيْدِيَكُمْ مرکب اضافی معطوف، معطوف علیہ با معطوف مفعول بہ اِلَى الْمَرَافِقِ ظرف لغو متعلق ہوئے، فعل با فاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ انشائیہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ امْسَحُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل بِرُءُوْسِكُمْ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل با فاعل و متعلق جملہ انشائیہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف جزاء، شرط با جزاء نداء کا جواب، نداء با جواب نداء جملہ انشائیہ ندائیہ ہوا۔

واؤ عاطفہ اَرْجُلَكُمْ مرکب اضافی بواسطہ عطف اِغْسِلُوْا کا مفعول بہ اِلَى الْكَعْبَيْنِ بواسطہ عطف کے اِغْسِلُوْا کے متعلق ہوئے واؤ عاطفہ اِنْ حرف شرط كُنْتُمْ فعل ناقص ثُمْ ضمیر اسم جُنُبًا خبر سے مل کر شرط مقام جزائیہ اِطَّهَّرُوْا فعل امر واؤ ضمیر فاعل جزاء شرط با جزاء جملہ شرطیہ معطوف ہوا، واؤ عاطفہ اِنْ حرف شرط كُنْتُمْ فعل ناقص ثُمْ ضمیر اس کا اسم مَّرْضٰٓى معطوف علیہ، اَوْ عاطفہ عَلٰى سَفَرٍ ظرف مستقر كَائِنِيْنَ کے متعلق ہو کر معطوف، معطوف علیہ با معطوف خبر، فعل ناقص با اسم و خبر جملہ فعلیہ معطوف علیہ، اَوْ عاطفہ جَآءَ فعل اَحَدٌ موصوف مِّنْكُمْ ظرف مستقر كَائِنٌ کے متعلق ہو کر صفت، موصوف با صفت فاعل مِّنَ الْغَآئِطِ ظرف لغو متعلق ہوئے، فعل با فاعل و متعلق معطوف اول، اَوْ عاطفہ لٰمَسْتُمُ فعل ثُمْ ضمیر فاعل النِّسَآءَ مفعول بہ سے مل کر معطوف علیہ مقام عاطفہ لَمْ تَجِدُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل مَآءً مفعول بہ سے مل کر معطوف، معطوف علیہ با معطوف معطوف ثانی، معطوف علیہ با معطوفین شرط مقام جزائیہ

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

تَيَمَّمُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل صَعِيْدًا طَيِّبًا مرکب توصیفی مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ انشائیہ معطوف علیہ فَاء عاطفہ امْسَحُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل بِرُءُوْسِكُمْ جارہ وَاَيْدِيْكُمْ مرکب اضافی معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اَيْدِيْكُمْ مرکب اضافی معطوف، معطوف علیہ با معطوف مفعول بہ مِنْهُ ظرف لغو متعلق ہوئے، فعل بافاعل و مفعول بہ و متعلق معطوف، معطوف علیہ با معطوف جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

مَا نَافیہ يُرِيْدُ فعل اَللّٰهُ اسم الجلالہ فاعل لَامِ جارہ برائے تعلیل اور اس کے بعد اَنْ مقدر ہے يَجْعَلَ فعل هُوَ مستتر فاعل عَلَيْكُمْ ظرف لغو متعلق ہوئے، مِنْ جارہ زائدہ حَرَجٍ لفظاً مجرور محلاً منصوب مفعول بہ، فعل بافاعل و متعلق و مفعول بہ جملہ فعلیہ بتاویل مصدر مجرور، جارہا مجرور يُرِيْدُ کے متعلق ہوئے، فعل بافاعل و متعلق جملہ فعلیہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لٰكِنْ حرف استدراک مہملہ يُرِيْدُ فعل هُوَ مستتر فاعل لَامِ حرف جارہ و تعلیلیہ اور اس کے بعد اَنْ مقدر ہے يُطَهِّرَ فعل هُوَ مستتر فاعل كُمْ ضمیر مفعول بہ سے مل کر بتاویل مصدر مجرور، جارہا مجرور معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لَامِ حرف جر و تعلیلی اور اس کے بعد اَنْ مقدر ہے لِيُتِمَّ فعل هُوَ مستتر فاعل نِعْمَتَهٗ مرکب اضافی مفعول بہ، عَلَيْ حرف جر كُمْ ضمیر اور الحال لَعَلَّ حرف ترجی كُمْ ضمیر اس کا اسم تَشْكُرُوْنَ فعل با واؤ ضمیر فاعل خبر لَعَلَّ با اسم و خبر ترجی الشُّكْرِ کی تاویل میں ہو کر حال، ذوالحال باحال مجرور، جارہا مجرور لِيُتِمَّ کے متعلق ہوئے، فعل بافاعل و مفعول بہ و متعلق بتاویل مصدر مجرور، جارہا مجرور معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ مَا يُرِيْدُ پر معطوف ہوا۔

وَاذْكُرُوْا نِعْمَةَ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ وَمِيْثَاقَهُ الَّذِيْ وَاثَقَكُمْ بِهٖٓ ۙ اِذْ قُلْتُمْ سَمِعْنَا وَاَطَعْنَا ۡ وَاتَّقُوا اللّٰهَ ۭ اِنَّ اللّٰهَ عَلِيْمٌۢ بِذَاتِ الصُّدُوْرِ ۝

آیت نمبر ۷ وَاذْكُرُوْا واؤ استیناف اُذْكُرُوْا فعل امر واؤ ضمیر فاعل نِعْمَةَ مصدر مضاف اَللّٰهِ اسم الجلالہ مضاف الیہ معنی فاعل عَلَيْكُمْ متعلق ہوئے، مصدر با مضاف الیہ و متعلق شبہ جملہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ مِيْثَاقَهُ مرکب اضافی موصوف اَلَّذِيْ اسم موصول وَاثَقَ فعل هُوَ مستتر فاعل كُمْ ضمیر مفعول بہ بِهٖ ظرف لغو متعلق ہوئے، فعل بافاعل و مفعول بہ و متعلق صلہ، موصول باصلہ صفت، موصوف باصفت معطوف، معطوف علیہ با معطوف اُذْكُرُوْا کا مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ انشائیہ معطوفہ ہوا اِذْ مضاف قُلْتُمْ فعل تُمْ ضمیر فاعل سے مل کر قول سَمِعْنَا فعل نَا ضمیر فاعل سے مل کر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اَطَعْنَا فعل نَا ضمیر فاعل سے مل کر معطوف، معطوف علیہ با معطوف مقولہ، قول با مقولہ مضاف الیہ، مضاف با مضاف الیہ وَاثَقَ کا مفعول فیہ ہے۔ واؤ استیناف اِتَّقُوا فعل واؤ ضمیر فاعل اَللّٰهَ اسم الجلالہ مفعول بہ سے مل کر جملہ مستانفہ ہوا اِنَّ حرف تحقیق اَللّٰهَ اسم الجلالہ عَلِيْمٌۢ صیغہ صفت هُوَ مستتر فاعل بِذَاتِ الصُّدُوْرِ متعلق سے مل کر خبر اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ معللہ ہوا۔

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا كُوْنُوْا قَوّٰمِيْنَ لِلّٰهِ شُهَدَاۗءَ بِالْقِسْطِ ۡ وَلَا يَجْرِمَنَّكُمْ شَنَاٰنُ قَوْمٍ عَلٰٓى اَلَّا تَعْدِلُوْا ۭ اِعْدِلُوْا ۣ هُوَ اَقْرَبُ لِلتَّقْوٰى ۡ وَاتَّقُوا اللّٰهَ ۭ اِنَّ اللّٰهَ خَبِيْرٌۢ بِمَا تَعْمَلُوْنَ ۝

آیت نمبر ۸ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا ای ترکیب متعدد بار گزر چکی ہے اور یہ ندا ہے كُوْنُوْا فعل امر ناقص واؤ ضمیر اس کا اسم قَوّٰمِيْنَ صیغہ مبالغہ اَنْتُمْ مستتر فاعل لِلّٰهِ ظرف لغو متعلق سے مل کر شبہ جملہ خبر اول شُهَدَاۗءَ اسم فاعل اَنْتُمْ مستتر فاعل بِالْقِسْطِ متعلق سے مل

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

کرشبہ جملہ خبر ثانی فعل ناقص با اسم وخبرین جملہ انشائیہ معطوف علیہ واؤ عاطفہ لَا یَجْرِمَنَّ فعل کُمْ ضمیر مفعول بہ شَنَاٰنُ قَوْمٍ مرکب اضافی فاعل عَلٰی حرف جار اَنْ حرف مصدری ونصب لَا تَعْدِلُوْا فعل باواؤ ضمیر فاعل سے مل کر تاویل مصدر مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل با فاعل ومفعول بہ ومتعلق جملہ انشائیہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف عدما کا جواب، عدما جواب عدما جملہ انشائیہ عدمیہ ہوا۔

اِعْدِلُوْا فعل امر باواؤ ضمیر فاعل جملہ انشائیہ ہوا ھُوَ ضمیر مبتدا اَقْرَبُ اسم تفضیل ھُوَ مستتر فاعل لِلتَّقْوٰی متعلق سے مل کر خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ معللہ ہوا۔ وَاتَّقُوا اللّٰہَ کی ترکیب آیت نمبر ۷ میں دیکھئے اِنَّ حرف مشبہ بالفعل اَللّٰہَ اسم الجلالہ اس کا اسم خَبِیْرٌ صیغہ صفت ھُوَ مستتر فاعل بِمَا حرف جار مَا تَعْمَلُوْنَ موصول باصلہ مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے، صیغہ صفت با فاعل ومتعلق خبر اِنَّ با اسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ معللہ ہوا۔

وَعَدَ اللّٰهُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ لَهُمْ مَّغْفِرَةٌ وَّاَجْرٌ عَظِيْمٌ ۝

آیت نمبر ۹ وَعَدَ فعل اَللّٰہُ اسم الجلالہ فاعل اَلَّذِیْنَ اسم موصول اٰمَنُوْا فعل باواؤ ضمیر فاعل معطوف علیہ واؤ عاطفہ عَمِلُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل اَلصّٰلِحٰتِ مفعول بہ سے مل کر معطوف، معطوف علیہ با معطوف صلہ، موصول باصلہ مفعول بہ اول، لَھُمْ ظرف مستقر کَائِنَانِ کے متعلق ہو کر خبر مقدم مَغْفِرَةٌ معطوف علیہ واؤ عاطفہ اَجْرٌ عَظِیْمٌ مرکب توصیفی معطوف، معطوف علیہ با معطوف مبتدا موخر، مبتدا با خبر ملا منصوب مفعول بہ ثانی، فعل با فاعل ومفعولین جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَكَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَآ اُولٰٓئِكَ اَصْحٰبُ الْجَحِيْمِ ۝

آیت نمبر ۱۰ وَ واؤ استیناف اَلَّذِیْنَ اسم موصول کَفَرُوْا فعل باواؤ ضمیر فاعل معطوف علیہ واؤ عاطفہ کَذَّبُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل بِاٰیٰتِنَا متعلق سے مل کر معطوف، معطوف علیہ با معطوف صلہ، موصول باصلہ مبتدا اُولٰٓئِکَ اسم اشارہ مبتدا ثانی اَصْحٰبُ الْجَحِیْمِ مرکب اضافی خبر، مبتدا با خبر مبتدا اول کی خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اذْكُرُوْا نِعْمَتَ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ اِذْ هَمَّ قَوْمٌ اَنْ يَّبْسُطُوْٓا اِلَيْكُمْ اَيْدِيَهُمْ فَكَفَّ اَيْدِيَهُمْ عَنْكُمْ ۚ وَاتَّقُوا اللّٰهَ ۭ وَعَلَى اللّٰهِ فَلْيَتَوَكَّلِ الْمُؤْمِنُوْنَ ۝

آیت نمبر ۱۱ یٰٓاَیُّھَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا کی ترکیب متعدد بار گزر چکی ہے اور یہ ندا ہے اُذْکُرُوْا فعل امر واؤ ضمیر فاعل نِعْمَةَ مضاف اَللّٰہِ اسم الجلالہ مضاف الیہ مضاف عَلَیْکُمْ ظرف لغو متعلق ہوئے اِذْ مضاف ھَمَّ فعل قَوْمٌ فاعل اَنْ حرف مصدری ونصب یَّبْسُطُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل اِلَیْکُمْ ظرف لغو متعلق ہوئے اَیْدِیَھُمْ مرکب اضافی مفعول بہ، فعل با فاعل ومتعلق ومفعول بہ بتاویل مصدر نِعْمَةَ کا مفعول فیہ، مصدر اپنے مضاف الیہ ومتعلق ومفعول فیہ سے مل کر اُذْکُرُوْا کا مفعول بہ، فعل با فاعل ومفعول بہ عدما کا جواب عدما جواب عدما جملہ انشائیہ ہوا فَاء عاطفہ کَفَّ فعل ھُوَ مستتر فاعل اَیْدِیَھُمْ مرکب اضافی مفعول بہ عَنْکُمْ متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ ھَمَّ پر معطوف ہے۔

واؤ استیناف اِتَّقُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل اَللّٰہَ اسم الجلالہ مفعول بہ سے مل کر جملہ مستانفہ ہوا واؤ عاطفہ فَاء فصیحہ ہوا اس کی شرط محذوف

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

ہے اِذَا کَانَ الْاَمْرُ کَذَالِکَ، یا اِنْ تَوَکَّلَ النَّاسُ عَلٰی غَیْرِ اللّٰہِ لِیَتَوَکَّلْ فعل اَلْمُؤْمِنُوْنَ فاعل عَلَی اللّٰہِ متعلق سے مل کر جملہ انشائیہ جزاء شرط یا جزاء جملہ شرطیہ مستانفہ ہوا۔

❁ رکوع نمبر ۳ ❁

وَلَقَدْ اَخَذَ اللّٰهُ مِيْثَاقَ بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ ۚ وَبَعَثْنَا مِنْهُمُ اثْنَيْ عَشَرَ نَقِيْبًا ۭ وَقَالَ اللّٰهُ اِنِّىْ مَعَكُمْ ۭ لَىِٕنْ اَقَمْتُمُ الصَّلٰوةَ وَاٰتَيْتُمُ الزَّكٰوةَ وَاٰمَنْتُمْ بِرُسُلِيْ وَعَزَّرْتُمُوْهُمْ وَاَقْرَضْتُمُ اللّٰهَ قَرْضًا حَسَنًا لَّاُكَفِّرَنَّ عَنْكُمْ سَيِّاٰتِكُمْ وَلَاُدْخِلَنَّكُمْ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ ۚ فَمَنْ كَفَرَ بَعْدَ ذٰلِكَ مِنْكُمْ فَقَدْ ضَلَّ سَوَآءَ السَّبِيْلِ ⑫

لغت ترجمہ ۱ واؤ استینا فیہ لام موطئہ للقسم اور قسم محذوف ہے قَدْ علامت فعل اَخَذَ فعل اَللّٰہُ اسم الجلالہ فاعل مِیْثَاقَ بَنِیْٓ اِسْرَآءِیْلَ مرکب اضافی مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ جملہ فعلیہ معطوف علیہ واؤ عاطفہ بَعَثْنَا فعل نَا ضمیر فاعل مِنْهُمُ ظرف مستقر کَائِنِیْنَ کے متعلق ہو کر حال مقدم اِثْنَیْ عَشَرَ ذا الحال مؤخر ہو ذوالحال باحال نَقِیْبًا تمیز، تمیز باتمیز بَعَثْنَا کا مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ معطوف اوّل، واؤ عاطفہ قَالَ فعل اَللّٰہُ اسم الجلالہ فاعل سے مل کر قول اِنِّیْ حرف تحقیق یاء ضمیر اس کا اسم مَعَکُمْ مرکب اضافی کَائِنٌ کا مفعول فیہ ہو کر خبر اِنَّ با اسم وخبر مقولہ، قول با مقولہ معطوف ثانی، معطوف علیہ با معطوفین قسم کا جواب، قسم باجواب قسم جملہ انشائیہ قسمیہ ہوا۔

لام موطئہ للقسم اور قسم محذوف ہے اِنْ حرف شرط اَقَمْتُمْ فعل تُمْ ضمیر فاعل اَلصَّلٰوۃَ مفعول بہ سے مل کر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اٰتَیْتُمُ فعل تُمْ ضمیر فاعل اَلزَّکٰوۃَ مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ معطوف اوّل، واؤ عاطفہ اٰمَنْتُمْ فعل تُمْ ضمیر فاعل بِرُسُلِیْ متعلق سے مل کر معطوف ثانی، واؤ عاطفہ عَزَّرْتُمُوْ فعل تُمْ ضمیر فاعل ھُمْ ضمیر منصوب مفعول بہ سے مل کر معطوف ثالث، واؤ عاطفہ اَقْرَضْتُمُ فعل تُمْ ضمیر فاعل اَللّٰہَ اسم الجلالہ مفعول بہ قَرْضًا حَسَنًا مرکب توصیفی مفعول مطلق، فعل بافاعل ومفعولین جملہ فعلیہ معطوف رابع، معطوف علیہ با معطوفات اربعہ شرط لام جوابیہ اُکَفِّرَنَّ فعل اَنَا مستتر فاعل عَنْکُمْ ظرف لغو متعلق ہوئے، سَیِّاٰتِکُمْ مرکب اضافی مفعول بہ، فعل با فاعل ومتعلق ومفعول بہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لام جوابیہ اُدْخِلَنَّ فعل اَنَا ضمیر فاعل کُمْ ضمیر مفعول بہ اوّل جَنّٰتٍ موصول تَجْرِیْ فعل مِنْ تَحْتِهَا متعلق اَلْاَنْهٰرُ فاعل سے صفت، موصوف باصفت اُدْخِلَنَّ کا مفعول بہ ثانی، فعل بافاعل ومفعولین معطوف، معطوف علیہ با معطوف قسم کا جواب، قسم باجواب قسم جملہ انشائیہ قسمیہ ہوا، اور شرط کی جزاء محذوف ہے۔ فَاء استیناف مَنْ اسم شرط مبتداء کَفَرَ فعل ھُوَ مستتر ذوالحال مِنْکُمْ ظرف مستقر کَائِنًا کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال باحال فاعل بَعْدَ ذٰلِکَ مرکب اضافی مفعول فیہ، فعل با فاعل ومفعول فیہ جملہ فعلیہ شرط فَاء جزائیہ قَدْ علامت فعل، ضَلَّ فعل ھُوَ مستتر فاعل سَوَآءَ السَّبِیْلِ مرکب اضافی مفعول بہ سے مل کر جزاء، شرط با جزاء مَنْ کی خبر، مبتداء با خبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

فَبِمَا نَقْضِهِمْ مِّيْثَاقَهُمْ لَعَنّٰهُمْ وَجَعَلْنَا قُلُوْبَهُمْ قٰسِيَةً ۚ يُحَرِّفُوْنَ الْكَلِمَ عَنْ

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

مَوَاضِعِهٖ ۙ وَ نَسُوْا حَظًّا مِّمَّا ذُكِّرُوْا بِهٖ ۚ وَ لَا تَزَالُ تَطَّلِعُ عَلٰى خَآئِنَةٍ مِّنْهُمْ اِلَّا قَلِيْلًا مِّنْهُمْ فَاعْفُ عَنْهُمْ وَ اصْفَحْ ؕ اِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ الْمُحْسِنِيْنَ ۝

آیت نمبر ۱۳: فَاء استینافیہ بِمَا حرف جار مَا زائدہ نَقْضِ مصدر مضاف ھِمْ ضمیر مضاف الیہ مِنْ فاعل مِيْثَاقَھُمْ مرکب اضافی مفعول بہ، مصدر مضاف باضافت الیہ ومفعول بہ مجرور، جار باجرور متعلق مقدم لَعَنَّا فعل نَا ضمیر فاعل ھُمْ ضمیر مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ ومتعلق مقدم جملہ فعلیہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ جَعَلْنَا فعل نَا ضمیر فاعل قُلُوْبَھُمْ مرکب اضافی مفعول بہ اوّل قَاسِيَةً مفعول بہ ثانی سے مل کر معطوف، معطوف علیہ باعطوف جملہ مستانفہ ہوا يُحَرِّفُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل الْكَلِمَ مفعول بہ، عَنْ جارہ مَوَاضِعِهٖ مرکب اضافی مجرور، جار باجرور متعلق ہوئے، فعل بافاعل ومفعول بہ ومتعلق جملہ فعلیہ مستانفہ یا لَعَنّٰھُمْ کی ضمیر مفعول بہ سے حال ہوا۔

واؤ عاطفہ نَسُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل حَظًّا موصوف مِنْ جارہ مَا موصولہ ذُكِّرُوْا فعل مجہول واؤ ضمیر نائب فاعل بِهٖ جار باجرور متعلق ہوئے، فعل مجہول بانائب فاعل ومتعلق جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول باصلہ مجرور، جار باجرور كَائِنًا کے متعلق ہو کر حَظًّا کی صفت، موصوف باصفت مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر اس کا عطف ہے يُحَرِّفُوْنَ پر۔ واؤ عاطفہ لَا تَزَالُ فعل ناقص اَنْتَ ضمیر مستتر اس کا اسم تَطَّلِعُ فعل اَنْتَ ضمیر مستتر فاعل عَلٰى جارہ خَآئِنَةٍ موصوف كَائِنَةٍ کے متعلق ہو کر صفت، موصوف باصفت مجرور، جار باجرور تَطَّلِعُ کے متعلق ہوئے، اِلَّا حرف استثناء قَلِيْلًا موصوف مِنْھُمْ جار باجرور كَائِنًا کے متعلق ہو کر صفت، موصوف باصفت مِنْھُمْ کی ھُمْ ضمیر سے مستثنیٰ ہے، فعل بافاعل ومتعلق جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر خبر، فعل ناقص با اسم وخبر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

فَاء فصیحہ اور اس کی شرط محذوف ہے اِذَا كَانَ الْاَمْرُ كَذٰلِكَ یا اِنْ تَابُوْا وَاَصْلَحُوْا اَعْفُ فعل امر با اَنْتَ ضمیر فاعل عَنْھُمْ جار باجرور متعلق ہوئے، فعل بافاعل ومتعلق جملہ انشائیہ ہو کر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اِصْفَحْ فعل امر با اَنْتَ ضمیر فاعل معطوف، معطوف علیہ باعطوف جزاء، شرط محذوف باجزاء جملہ شرطیہ ہوا اِنَّ حرف مشبہ بالفعل اَللّٰهَ اسم الجلالہ اس کا اسم يُحِبُّ فعل ھُوَ مستتر فاعل الْمُحْسِنِيْنَ مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ خبر اِنَّ باسمہ وخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

وَ مِنَ الَّذِيْنَ قَالُوْٓا اِنَّا نَصٰرٰٓى اَخَذْنَا مِيْثَاقَهُمْ فَنَسُوْا حَظًّا مِّمَّا ذُكِّرُوْا بِهٖ ۠ فَاَغْرَيْنَا بَيْنَهُمُ الْعَدَاوَةَ وَ الْبَغْضَآءَ اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ ؕ وَ سَوْفَ يُنَبِّئُهُمُ اللّٰهُ بِمَا كَانُوْا يَصْنَعُوْنَ ۝

آیت نمبر ۱۴: واؤ استینافیہ مِنَ حرف جار الَّذِيْنَ اسم موصول قَالُوْا فعل باواؤ ضمیر فاعل قول اِنَّ حرف تحقیق نَا ضمیر اس کا اسم نَصَارٰى خبر سے مل کر مقولہ، قول باقول صلہ، موصول باصلہ مجرور، جار باجرور متعلق مقدم اَخَذْنَا کے، اَخَذْنَا فعل نَا ضمیر فاعل مِيْثَاقَھُمْ مرکب اضافی مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ ومتعلق معطوف علیہ فَاء عاطفہ نَسُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل حَظًّا موصوف مِنْ حرف جارمَا اسم موصول ذُكِّرُوْا فعل مجہول واؤ ضمیر نائب فاعل بِهٖ متعلق سے مل کر صلہ، موصول باصلہ مجرور، جار باجرور كَائِنًا کے متعلق ہو کر صفت، موصوف باصفت نَسُوْا کا مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ جملہ فعلیہ معطوف اوّل فَاء عاطفہ اَغْرَيْنَا فعل نَا ضمیر فاعل

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

بَيْنَهُمُ مرکب اضافی مفعول فیہ، اَلْعَدَاوَةَ وَالْبَغْضَآءَ معطوف علیہ با معطوف ذوالحال اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ ظرف مستقر كَائِنَيْنِ کے متعلق ہو کر حال ذوالحال یا حال مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعولین جملہ فعلیہ معطوف ثانی، معطوف علیہ با معطوفین جملہ معطوف ہوا واؤ استیناف سَوْفَ علامت فعل يُنَبِّئُ فعل هُمُ ضمیر منصوب مفعول بہ اَللّٰهُ اسم الجلالہ فاعل بِمَا حرف جار مَا اسم موصول كَانُوْا فعل ناقص واؤ ضمیر اس کا اسم يَصْنَعُوْنَ فعل با واؤ ضمیر فاعل خبر، فعل ناقص با اسم و خبر صلہ، موصول با صلہ مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل با فاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

يٰٓاَهْلَ الْكِتٰبِ قَدْ جَآءَكُمْ رَسُوْلُنَا يُبَيِّنُ لَكُمْ كَثِيْرًا مِّمَّا كُنْتُمْ تُخْفُوْنَ مِنَ الْكِتٰبِ وَ يَعْفُوْا عَنْ كَثِيْرٍ ۬ قَدْ جَآءَكُمْ مِّنَ اللّٰهِ نُوْرٌ وَّ كِتٰبٌ مُّبِيْنٌ ۙ﴿۱۵﴾ يَّهْدِيْ بِهِ اللّٰهُ مَنِ اتَّبَعَ رِضْوَانَهٗ سُبُلَ السَّلٰمِ وَ يُخْرِجُهُمْ مِّنَ الظُّلُمٰتِ اِلَى النُّوْرِ بِاِذْنِهٖ وَ يَهْدِيْهِمْ اِلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ﴿۱۶﴾

آیت نمبر ۱۵ تا ۱۶ يٰٓ حرف ندا اَدْعُوْ فعل کے قائم مقام، اَدْعُوْ فعل اَنَا مستتر فاعل اَهْلَ الْكِتٰبِ منادای مضاف مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ انشائیہ ندا، قَدْ علامت فعل، جَآءَ فعل كُمْ ضمیر مفعول بہ رَسُوْلُنَا مرکب اضافی ذوالحال يُبَيِّنُ فعل هُوَ ضمیر فاعل لَكُمْ جار با مجرور متعلق ہوئے، كَثِيْرًا موصوف مِنْ جارہ مَا موصولہ كُنْتُمْ فعل ناقص تُمْ ضمیر اس کا اسم تُخْفُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل هَا ضمیر منصوب محذوف ذوالحال مِنَ الْكِتٰبِ جار با مجرور كَائِنًا کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال یا حال مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر خبر، فعل ناقص با اسم و خبر صلہ، موصول با صلہ مجرور، جار با مجرور ظرف مستقر كَائِنًا کے متعلق ہو کر صفت، موصوف با صفت يُبَيِّنُ کا مفعول بہ، فعل با فاعل و متعلق و مفعول بہ معطوف علیہ واؤ عاطفہ يَعْفُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل عَنْ كَثِيْرٍ جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل با فاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر معطوف، معطوف علیہ با معطوف رَسُوْلُنَا کا حال، ذوالحال یا حال جَآءَ کا فاعل، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر جواب ندا ندا با جواب ندا جملہ انشائیہ ہوا قَدْ علامت فعل، جَآءَ فعل هُوَ ضمیر فاعل كُمْ ضمیر مفعول بہ مِنَ اللّٰهِ جار با مجرور كَائِنًا کے متعلق ہو کر حال مقدم نُوْرٌ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ كِتٰبٌ مُّبِيْنٌ مرکب توصیفی پھر موصوف يَهْدِيْ فعل بِهٖ جار با مجرور متعلق ہوئے اَللّٰهُ اسم الجلالہ فاعل مَنِ اسم موصول اِتَّبَعَ فعل هُوَ مستتر فاعل رِضْوَانَهٗ مرکب اضافی مفعول بہ اوّل سُبُلَ السَّلٰمِ مرکب اضافی مفعول بہ ثانی، فعل با فاعل و مفعولین جملہ فعلیہ صلہ، موصول با صلہ اِتَّبَعَ کا مفعول بہ، فعل با فاعل و متعلق و مفعول بہ جملہ فعلیہ معطوف علیہ واؤ عاطفہ يُخْرِجُ فعل هُوَ مستتر فاعل هُمْ ضمیر مفعول بہ مِنَ الظُّلُمٰتِ ظرف لغو متعلق اوّل اِلَى النُّوْرِ ظرف لغو متعلق ثانی بِاِذْنِهٖ مُتَعَلِّقًا کے متعلق ہو کر يُخْرِجُ کی ضمیر فاعل سے حال ہے، فعل با فاعل و مفعول بہ و متعلقین جملہ فعلیہ معطوف اوّل، واؤ عاطفہ يَهْدِيْ فعل هُوَ مستتر فاعل هُمْ ضمیر منصوب مفعول بہ اِلٰى حرف جار صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ مرکب توصیفی مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل با فاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ فعلیہ معطوف ثانی، معطوف علیہ با معطوفین كِتٰبٌ کی صفت، موصوف با صفت نُوْرٌ کے لئے معطوف، معطوف علیہ با معطوف ذوالحال مؤخر، ذوالحال یا حال جَآءَ کا فاعل، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

مستانفہ ہوا۔

لَقَدْ كَفَرَ الَّذِيْنَ قَالُوْٓا اِنَّ اللّٰهَ هُوَ الْمَسِيْحُ ابْنُ مَرْيَمَ ۭ قُلْ فَمَنْ يَّمْلِكُ مِنَ اللّٰهِ شَيْـــًٔا اِنْ اَرَادَ اَنْ يُّهْلِكَ الْمَسِيْحَ ابْنَ مَرْيَمَ وَاُمَّهٗ وَمَنْ فِي الْاَرْضِ جَمِيْعًا ۭ وَلِلّٰهِ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَمَا بَيْنَهُمَا ۭ يَخْلُقُ مَا يَشَاۗءُ ۭ وَاللّٰهُ عَلٰي كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ۝

آیت نمبر ۱۷: لام موطئہ قسم قَدْ علامت فعل كَفَرَ فعل اَلَّذِيْنَ اسم موصول قَالُوْٓا فعل بالواؤ ضمیر فاعل جملہ فعلیہ قول اِنَّ حرف تحقیق اَللّٰهَ اسم الجلالہ اسم هُوَ ضمیر فصل اَلْمَسِيْحُ موصوف اِبْنُ مَرْيَمَ مرکب اضافی صفت، موصوف بصفت اِنَّ کی خبر، اِنَّ با اسم و خبر مقولہ، قول با مقولہ صلہ، موصول باصلہ كَفَرَ کا فاعل، فعل با فاعل قسم کا جواب، قسم باجواب قسم جملہ انشائیہ قسمیہ ہوا قُلْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل سے مل کر قول فاء عاطفہ اور معطوف علیہ محذوف ہے کَذَّبُوْا (حاشیہ جمل) مَنْ اسم استفہام مبتدا يَمْلِكُ فعل هُوَ مستتر فاعل مِنَ اللّٰهِ متعلق شَيْـــًٔا مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبر، مبتدا با خبر شرط مقدم اِنْ حرف شرط اَرَادَ فعل هُوَ مستتر فاعل اَنْ حرف مصدری و نصب يُّهْلِكَ فعل هُوَ مستتر فاعل اَلْمَسِيْحَ ابْنَ مَرْيَمَ مرکب توصیفی معطوف علیہ وَاُمَّهٗ مرکب اضافی معطوف اول، واؤ عاطفہ مَنْ اسم موصول فِي الْاَرْضِ ظرف مستقر فعل محذوف ثَبَتَ کے متعلق ہو کر صلہ، موصول باصلہ ذوالحال جَمِيْعًا حال، ذوالحال باحال معطوف ثانی، معطوف علیہ با معطوفین يُّهْلِكَ کا مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ بتاویل مصدر اَرَادَ کا مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ شرط مؤخر، شرط باجزاء معطوف، معطوف علیہ با معطوف مقولہ، قول با مقولہ جملہ انشائیہ ہوا۔

واؤ استینافیہ لِلّٰهِ ظرف مستقر كَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم مُلْكُ مضاف اَلسَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ معطوف علیہ با معطوف مضاف الیہ، مضاف الیہ مبتدا مؤخر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا يَخْلُقُ فعل هُوَ مستتر فاعل مَا يَشَاۗءُ موصول باصلہ مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ معللہ ہوا واؤ استینافیہ اَللّٰهُ اسم الجلالہ مبتدا قَدِيْرٌ صیغہ صفت هُوَ مستتر فاعل عَلٰي كُلِّ شَيْءٍ متعلق مقدم سے مل کر خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ مستانفہ ہوا۔

وَقَالَتِ الْيَهُوْدُ وَالنَّصٰرٰى نَحْنُ اَبْنٰٓؤُا اللّٰهِ وَاَحِبَّاۗؤُهٗ ۭ قُلْ فَلِمَ يُعَذِّبُكُمْ بِذُنُوْبِكُمْ ۭ بَلْ اَنْتُمْ بَشَرٌ مِّمَّنْ خَلَقَ ۭ يَغْفِرُ لِمَنْ يَّشَاۗءُ وَيُعَذِّبُ مَنْ يَّشَاۗءُ ۭ وَلِلّٰهِ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَمَا بَيْنَهُمَا ۡ وَاِلَيْهِ الْمَصِيْرُ ۝

آیت نمبر ۱۸: واؤ استینافیہ قَالَتْ فعل اَلْيَهُوْدُ وَالنَّصٰرٰى معطوف علیہ با معطوف فاعل، فعل با فاعل قول، نَحْنُ ضمیر مبتدا اَبْنٰٓؤُا اللّٰهِ مرکب اضافی معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اَحِبَّاۗؤُهٗ مرکب اضافی معطوف، معطوف علیہ با معطوف خبر، مبتدا با خبر مقولہ، قول با مقولہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا قُلْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل سے مل کر قول فاء فصیحہ اور اس کی شرط محذوف ہے اِنْ كَانَ الْاَمْرُ كَمَا تَزْعُمُوْنَ جملہ با مجرور متعلق مقدم يُعَذِّبُكُمْ فعل هُوَ مستتر فاعل كُمْ ضمیر منصوب مفعول بہ بِذُنُوْبِكُمْ متعلق سے مل کر جملہ انشائیہ جزاء، شرط باجزاء مقولہ، قول با مقولہ جملہ انشائیہ ہوا بَلْ حرف عطف اس کا معطوف علیہ محذوف ہے لَيْسَتْ ذَوَاتُكُمْ كَمَا زَعَمْتُمْ اَنْتُمْ ضمیر

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

مبتدا بَشِيْرٌ موصوف مِنْ حرف جار مَنْ خَلَقَ موصول باصلہ مجرور، جار با مجرور ظرف مستقر كَائِنٌ کے متعلق صفت، موصوف باصفت خبر، مبتدا با خبر معطوف، معطوف علیہ یا معطوف جملہ معطوفہ ہوا۔

يَغْفِرُ فعل هُوَ مستتر فاعل لِمَنْ حرف جار مَنْ يَّشَآءُ موصول باصلہ مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل با فاعل و متعلق معطوف علیہ، واؤ عاطفہ يُعَذِّبُ فعل هُوَ مستتر فاعل مَنْ يَّشَآءُ موصول باصلہ مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ مستانفہ ہوا۔ واؤ استیناف لِلّٰهِ ظرف مستقر كَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم، مُلْكُ مضاف اَلسَّمٰوٰتِ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اَلْاَرْضِ معطوف اوّل، واؤ عاطفہ مَا اسم موصول بَيْنَهُمَا مرکب اضافی فعل محذوف ثَبَتَ کا مفعول فیہ ہو کر صلہ، موصول باصلہ معطوف ثانی، معطوف علیہ با معطوفین مضاف الیہ، مضاف با مضاف الیہ مبتدا مؤخر، مبتدا با خبر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اِلَيْهِ ظرف مستقر كَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم، اَلْمَصِيْرُ مبتدا مؤخر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ معطوف، معطوف علیہ یا معطوف جملہ مستانفہ ہوا۔

يٰٓاَهْلَ الْكِتٰبِ قَدْ جَآءَكُمْ رَسُوْلُنَا يُبَيِّنُ لَكُمْ عَلٰى فَتْرَةٍ مِّنَ الرُّسُلِ اَنْ تَقُوْلُوْا مَا جَآءَنَا مِنْۢ بَشِيْرٍ وَّلَا نَذِيْرٍ ۫ فَقَدْ جَآءَكُمْ بَشِيْرٌ وَّنَذِيْرٌ ۭ وَاللّٰهُ عَلٰي كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ۝

آیت نمبر ۱۹: يٰٓاَهْلَ الْكِتٰبِ کی ترکیب آیت نمبر ۱۵ میں گزری ہے اور یہ نداء ہے قَدْ علامت فعل، جَآءَ فعل كُمْ ضمیر منصوب مفعول بہ رَسُوْلُنَا مرکب اضافی ذوالحال يُبَيِّنُ فعل هُوَ مستتر فاعل لَكُمْ جار با مجرور متعلق ہوئے، عَلٰى حرف جار فَتْرَةٍ موصوف مِّنَ الرُّسُلِ ظرف مستقر كَائِنَةٍ کے متعلق ہو کر صفت، موصوف باصفت مجرور، جار با مجرور يُبَيِّنُ کے متعلق ثانی ہوئے، اَنْ حرف مصدری و نصب تَقُوْلُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر قول معنا فیہ جَآءَ فعل نَا ضمیر منصوب مفعول بہ مِنْ حرف جار زائد بَشِيْرٍ معطوف علیہ واؤ عاطفہ لَا زائدہ نَذِيْرٍ معطوف، معطوف علیہ با معطوف لفظاً مجرور محلاً مرفوع فاعل، فعل با فاعل و مفعول بہ مقولہ، قول با مقولہ بتاویل مصدر يُبَيِّنُ کا مفعول لہ، فعل با فاعل و متعلقین و مفعول لہ رَسُوْلُنَا کا حال، ذوالحال با حال جَآءَ کا فاعل، فعل با فاعل و مفعول بہ نداء کا جواب، نداء با جواب نداء جملہ انشائیہ ندائیہ ہوا۔ فَاء فصیحہ اور اس کی شرط محذوف ہے اِذَا اعْتَذَرْتُمْ بِذٰلِكَ قَدْ علامت فعل جَآءَ فعل كُمْ ضمیر مفعول بہ بَشِيْرٌ وَّنَذِيْرٌ معطوف علیہ با معطوف فاعل، فعل با فاعل و مفعول بہ جزاء، شرط محذوف با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔ وَاللّٰهُ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ کی ترکیب آیت نمبر ۱۷ میں گزر چکی ہے۔

❁ رکوع نمبر ۳ ❁

وَاِذْ قَالَ مُوْسٰى لِقَوْمِهٖ يٰقَوْمِ اذْكُرُوْا نِعْمَةَ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ اِذْ جَعَلَ فِيْكُمْ اَنْۢبِيَآءَ وَجَعَلَكُمْ مُّلُوْكًا ۠ وَّاٰتٰىكُمْ مَّا لَمْ يُؤْتِ اَحَدًا مِّنَ الْعٰلَمِيْنَ ۝

آیت نمبر ۲۰: وَاِذْ استیناف یا اِذْ مضاف قَالَ فعل مُوْسٰى فاعل لِقَوْمِهٖ جار با مجرور متعلق، فعل با فاعل و متعلق قول، يٰقَوْمِ اصل میں يَا قَوْمِيْ تھا اور یہ نداء ہے، اُذْكُرُوْا فعل امر واؤ ضمیر فاعل نِعْمَةَ مصدر مضاف اَللّٰهِ اسم الجلالہ مضاف الیہ معنی فاعل عَلَيْكُمْ جار با مجرور مصدر کے متعلق ہوئے، اِذْ مضاف جَعَلَ فعل هُوَ مستتر فاعل فِيْكُمْ جار با مجرور ظرف مستقر محلاً منصوب مفعول بہ اوّل، اَنْۢبِيَآءَ مفعول بہ

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

ثانی، فعل با فاعل و مفعولین جملہ فعلیہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ جَعَلَ فعل هُوَ مستتر فاعل كُمْ ضمیر مفعول بہ اول، مُلُوْكًا مفعول بہ ثانی فعل با فاعل و مفعولین جملہ فعلیہ معطوف اول، واؤ عاطفہ اٰتٰى فعل هُوَ مستتر فاعل كُمْ ضمیر مفعول بہ اول، مَا موصولہ لَمْ يُؤْتِ فعل هُوَ ضمیر فاعل اَحَدًا موصوف مِّنَ الْعٰلَمِيْنَ ظرف مستقر كَائِنًا کے متعلق ہو کر صفت، موصوف با صفت لَمْ يُؤْتِ کا مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ صلہ، موصول با صلہ مفعول ثانی، فعل با فاعل و مفعولین معطوف ثانی، معطوف علیہ با معطوفین اِذْ کا مضاف الیہ، مضاف با مضاف الیہ مفعول فیہ نِعْمَةَ کا نِعْمَةَ مصدر مضاف با مضاف الیہ و متعلق و مفعول فیہ اُذْكُرُوْا کا مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ ندا کا جواب، ندا با جواب ندا مقولہ، قول با مقولہ اِذْ کا مضاف الیہ، مضاف با مضاف الیہ مفعول فیہ ہوا فعل محذوف اُذْكُرْ کا اُذْكُرُوْا فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل و مفعول فیہ سے مل کر جملہ انشائیہ ہوا۔

يٰقَوْمِ ادْخُلُوا الْاَرْضَ الْمُقَدَّسَةَ الَّتِيْ كَتَبَ اللّٰهُ لَكُمْ وَلَا تَرْتَدُّوْا عَلٰٓى اَدْبَارِكُمْ فَتَنْقَلِبُوْا خٰسِرِيْنَ ﴿۲۱﴾

آیت نمبر ۲۱ يٰقَوْمِ اصل میں يَا قَوْمِيْ ہے اور یہ ندا ہے اُدْخُلُوْا فعل امر واؤ ضمیر فاعل اَلْاَرْضَ موصوف اَلْمُقَدَّسَةَ صفت اول اَلَّتِيْ اسم موصول كَتَبَ فعل اَللّٰهُ اسم الجلالہ فاعل لَكُمْ جار با مجرور متعلق، فعل با فاعل و متعلق جملہ فعلیہ صلہ، موصول با صلہ صفت ثانی، موصوف با صفتین اُدْخُلُوْا کا مفعول بہ، فعل امر با فاعل و مفعول بہ جملہ انشائیہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لَا تَرْتَدُّوْا فعل نہی واؤ ضمیر فاعل الحال عَلٰٓى اَدْبَارِكُمْ جار با مجرور كَائِنِيْنَ کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال با حال ذی حال، فعل با فاعل جملہ انشائیہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف جواب ندا، ندا با جواب ندا جملہ انشائیہ ہوا۔ فَاء عاطفہ تَنْقَلِبُوْا فعل واؤ ضمیر ذوالحال خٰسِرِيْنَ حال، ذوالحال با حال قاعل، فعل با فاعل جملہ فعلیہ ہو کر اس کا عطف تَرْتَدُّوْا سے حاصل ہونے والے مصدر پر ہے۔

قَالُوْا يٰمُوْسٰٓى اِنَّ فِيْهَا قَوْمًا جَبَّارِيْنَ ۚ وَاِنَّا لَنْ نَّدْخُلَهَا حَتّٰى يَخْرُجُوْا مِنْهَا ۚ فَاِنْ يَّخْرُجُوْا مِنْهَا فَاِنَّا دٰخِلُوْنَ ﴿۲۲﴾

آیت نمبر ۲۲ قَالُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل قول، یاء حرف ندا اُدْعُوْ کے قائم مقام، اُدْعُوْ فعل اَنَا مستتر فاعل مُوْسٰى محلاً منصوب مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ ندا، اِنَّ حرف تحقیق فِيْهَا ظرف مستقر كَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم قَوْمًا جَبَّارِيْنَ مرکب توصیفی اسم مؤخر اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اِنَّا حرف تحقیق نَا ضمیر اس کا اسم لَنْ نَّدْخُلَ فعل نَحْنُ مستتر فاعل هَا ضمیر منصوب مفعول بہ حَتّٰى حرف غایت و جر يَخْرُجُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل مِنْهَا متعلق سے مل کر تاویل مصدر مجرور (کیونکہ حَتّٰى کے بعد اَنْ مقدر ہے) جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل با فاعل و مفعول بہ و متعلق خبر اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف ندا کا جواب، ندا با جواب ندا مقولہ، قول با مقولہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ فَاء استیناف اِنْ حرف شرط يَخْرُجُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل مِنْهَا متعلق سے مل کر شرط فَاء جزائیہ اِنَّ حرف تحقیق نَا ضمیر اس کا اسم دَاخِلُوْنَ اسم فاعل نَحْنُ مستتر فاعل سے مل کر خبر اِنَّ با اسم و خبر جزاء شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

قَالَ رَجُلٰنِ مِنَ الَّذِيْنَ يَخَافُوْنَ اَنْعَمَ اللّٰهُ عَلَيْهِمَا ادْخُلُوْا عَلَيْهِمُ الْبَابَ ۚ فَاِذَا دَخَلْتُمُوْهُ فَاِنَّكُمْ غٰلِبُوْنَ ۚ وَعَلَى اللّٰهِ فَتَوَكَّلُوْٓا اِنْ كُنْتُمْ مُّؤْمِنِيْنَ ﴿۲۳﴾

آیت نمبر ۲۳: قَالَ فعل رَجُلٰنِ موصوف مِنَ حرف جار اَلَّذِيْنَ اسم موصول يَخَافُوْنَ فعل بادا ضمیر فاعل صلہ، موصول باصلہ مجرور، جار باجرور کَائِنَانِ کے متعلق ہو کر صفت اولیٰ، اَنْعَمَ فعل اَللّٰهُ اسم الجلالہ فاعل عَلَيْهِمَا متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ صفت ثانیہ، موصوف باصفتین قَالَ کا فاعل، فعل با فاعل قول ادْخُلُوْا فعل امر وا ضمیر فاعل عَلَيْهِمُ متعلق اَلْبَابَ مفعول بہ سے مل کر جملہ انشائیہ مقولہ، قول باقول جملہ انشائیہ ہوا۔

فَاء استیناف اِذَا شرطیہ منصوب فیہ مقدم دَخَلْتُمُوْهُ فعل تُمْ ضمیر فاعل هُ ضمیر مفعول بہ سے مل کر شرط فَاء جزائیہ اِنَّ حرف تحقیق كُمْ ضمیر اس کا اسم غَالِبُوْنَ اسم فاعل اَنْتُمْ مستتر فاعل سے مل کر خبر اِنَّ با اسم وخبر جزاء شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔ واؤ استیناف عَلَى اللّٰهِ متعلق مقدم تَوَكَّلُوْا کا، فَاء جزائیہ تَوَكَّلُوْا فعل بادا ضمیر فاعل و متعلق مقدم سے مل کر معطوف ہے اور معطوف علیہ تُثَبِّطُوْا محذوف ہے پھر معطوف علیہ با معطوف دال بر جزاء، اِنْ حرف شرط كُنْتُمْ فعل ناقص تُمْ ضمیر اسم اور مُّؤْمِنِيْنَ خبر سے مل کر شرط، شرط اپنے دال بر جزاء مقدم سے مل کر جملہ شرطیہ ہوا۔

قَالُوْا يٰمُوْسٰٓى اِنَّا لَنْ نَّدْخُلَهَآ اَبَدًا مَّا دَامُوْا فِيْهَا فَاذْهَبْ اَنْتَ وَرَبُّكَ فَقَاتِلَآ اِنَّا هٰهُنَا قٰعِدُوْنَ ﴿۲۴﴾

آیت نمبر ۲۴: قَالُوْا فعل بادا ضمیر فاعل قول يٰمُوْسٰى یہ منادا ہے اِنَّ حرف تحقیق نَا ضمیر اس کا اسم لَنْ نَّدْخُلَ فعل لَحْنُ مستتر فاعل هَا ضمیر مفعول بہ اَبَدًا مبدل منہ مَا ظرفیہ دَامُوْا فعل ناقص واؤ ضمیر اس کا اسم فِيْهَا ظرف مستقر کَائِنِيْنَ کے متعلق ہو کر خبر، فعل ناقص با اسم وخبر بتاویل مصدر بدل، مبدل منہ با بدل مفعول فیہ، فعل با فاعل ومفعولین جملہ فعلیہ اِنَّ کی خبر اِنَّ با اسم وخبر منادا کا جواب منادا باجواب منادا مقولہ، قول باقولہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ فَاء فصیحہ اور اس کی شرط محذوف ہے اِذَا كَانَ الْاَمْرُ كَذٰلِكَ یا اِنْ اَرَدْتَّ قِتَالًا اِذْهَبْ فعل امر اَنْتَ مستتر مؤکد اَنْتَ مرفوع منفصل تاکید، مؤکد با تاکید معطوف علیہ واؤ عاطفہ رَبُّكَ مرکب اضافی معطوف، معطوف علیہ با معطوف فاعل، فعل با فاعل معطوف علیہ فَاء عاطفہ فَقَاتِلَا فعل امر الف ضمیر فاعل سے مل کر معطوف، معطوف علیہ با معطوف جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔ اِنَّ حرف تحقیق نَا ضمیر اس کا اسم قَاعِدُوْنَ اسم فاعل لَحْنُ مستتر فاعل هٰهُنَا مفعول فیہ مقدم سے مل کر خبر اِنَّ با اسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ مقولہ ہوا۔

قَالَ رَبِّ اِنِّيْ لَآ اَمْلِكُ اِلَّا نَفْسِيْ وَاَخِيْ فَافْرُقْ بَيْنَنَا وَبَيْنَ الْقَوْمِ الْفٰسِقِيْنَ ﴿۲۵﴾

آیت نمبر ۲۵: قَالَ فعل هُوَ مستتر فاعل سے مل کر قول رَبِّ اصل میں یَا رَبِّیْ ہے ادیہ منادا ہے اِنَّ حرف تحقیق یاء ضمیر اس کا اسم لَآ اَمْلِكُ فعل اَنَا مستتر فاعل اِلَّا حرف استثناء نَفْسِيْ مرکب اضافی معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اَخِيْ مرکب اضافی معطوف، معطوف علیہ با معطوف مستثنیٰ مفرغ مفعول بہ، فعل با فاعل ومفعول بہ خبر اِنَّ با اسم وخبر جواب منادا، منادا باجواب منادا مقولہ، قول باقولہ جملہ فعلیہ

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

خبریہ ہو۔ فَاء عاطفہ اُفْرُقْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل بَيْنَنَا مرکب اضافی معطوف علیہ ہوا وَاء عاطفہ بَيْنَ مضاف اَلْقَوْمِ الْفَاسِقِيْنَ مرکب توصیفی مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ معطوف، معطوف علیہ یا معطوف مفعول فیہ، فعل با فاعل و مفعول فیہ جملہ انشائیہ معطوفہ ہوا۔

قَالَ فَاِنَّهَا مُحَرَّمَةٌ عَلَيْهِمْ اَرْبَعِيْنَ سَنَةً ۚ يَتِيْهُوْنَ فِي الْاَرْضِ ۗ فَلَا تَاْسَ عَلَى الْقَوْمِ الْفٰسِقِيْنَ ۝

آیت نمبر ۲۶: قَالَ فعل هُوَ مستتر فاعل سے مل کر قول مقالہ فصیحہ اور شرط محذوف ہے اِنْ كُنْتَ صَدَقْتَنَا بِهِمْ اِنَّ حرف تحقیق هَا ضمیر اس کا اسم مُحَرَّمَةٌ اسم مفعول هِيَ مستتر نائب فاعل عَلٰى حرف جارہ هِمْ ضمیر ذوالحال يَتِيْهُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل فِي الْاَرْضِ متعلق سے مل کر حال، ذوالحال با حال مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے اَرْبَعِيْنَ سَنَةً ممیز با تمیز مفعول فیہ، اسم مفعول با نائب فاعل و متعلق و مفعول لیہ خبر اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ جزاء شرط محذوف با جزاء مقولہ، قول با مقولہ جملہ فعلیہ خبریہ ہو۔ فَاء فصیحہ اور شرط محذوف ہے اِذَا عَرَفْتَ هٰذَا، لَا تَاْسَ فعل نہی اَنْتَ مستتر فاعل عَلٰى جارہ اَلْقَوْمِ الْفَاسِقِيْنَ مرکب توصیفی مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل با فاعل و متعلق جملہ انشائیہ جزاء، شرط محذوف با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

❁ رکوع نمبر ۵ ❁

وَاتْلُ عَلَيْهِمْ نَبَاَ ابْنَيْ اٰدَمَ بِالْحَقِّ ۘ اِذْ قَرَّبَا قُرْبَانًا فَتُقُبِّلَ مِنْ اَحَدِهِمَا وَلَمْ يُتَقَبَّلْ مِنَ الْاٰخَرِ ۭ قَالَ لَاَقْتُلَنَّكَ ۭ قَالَ اِنَّمَا يَتَقَبَّلُ اللّٰهُ مِنَ الْمُتَّقِيْنَ ۝

آیت نمبر ۲۷: وَاؤ استیناف اُتْلُ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل عَلَيْهِمْ ظرف لغو متعلق ہوئے نَبَاَ مصدر مضاف اِبْنَيْ اٰدَمَ مرکب اضافی مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ مفعول بہ بِالْحَقِّ ظرف مستقر مُتَلَبِّسًا کے متعلق ہو کر اُتْلُ کی ضمیر فاعل سے حال ہے، فعل با فاعل و متعلق و مفعول بہ جملہ انشائیہ مستانفہ ہوا۔ اِذْ مضاف قَرَّبَا فعل الف ضمیر فاعل قُرْبَانًا مفعول مطلق سے مل کر معطوف علیہ فَاء عاطفہ تُقُبِّلَ فعل مجہول هُوَ مستتر نائب فاعل مِنْ اَحَدِهِمَا متعلق سے مل کر معطوف علیہ ہوا وَاء عاطفہ لَمْ يُتَقَبَّلْ فعل مجہول هُوَ مستتر نائب فاعل مِنَ الْاٰخَرِ متعلق سے مل کر معطوف، معطوف علیہ با معطوف پھر معطوف، معطوف علیہ با معطوف مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ مفعول لیہ نَبَاَ مصدر کا۔ قَالَ فعل هُوَ مستتر فاعل سے مل کر قول لَام موطئہ للقسم اور قسم محذوف ہے لَاَقْتُلَنَّ فعل اَنَا مستتر فاعل کی ضمیر منصوب مفعول بہ سے مل کر جواب قسم، قسم با جواب قسم مقولہ، قول با مقولہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ قَالَ فعل هُوَ مستتر سے مل کر قول اِنَّ کھوفہ اور مَا کافہ يَتَقَبَّلُ فعل اَللّٰهُ اسم الجلالہ فاعل مِنَ الْمُتَّقِيْنَ متعلق سے مل کر مقولہ، قول با مقولہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

لَىِٕنْۢ بَسَطْتَّ اِلَيَّ يَدَكَ لِتَقْتُلَنِيْ مَآ اَنَا بِبَاسِطٍ يَّدِيَ اِلَيْكَ لِاَقْتُلَكَ ۚ اِنِّىْٓ اَخَافُ اللّٰهَ رَبَّ الْعٰلَمِيْنَ ۝

آیت نمبر ۲۸: لَام موطئہ للقسم اور قسم محذوف ہے اِنْ حرف شرط بَسَطْتَ فعل تاء مفتوحہ ضمیر فاعل اِلَيَّ جار با مجرور متعلق اول يَدَكَ کاف مرکب اضافی مفعول بہ لَام جارہ برائے تعلیل اور اس کے بعد اَنْ مقدر ہے تَقْتُلَ فعل اَنْتَ مستتر فاعل نون وقایہ یاء ضمیر منصوب

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

مفعول بہ سے مل کر بتاویل مصدر مجرور، جارمجرور متعلق ثانی ہوئے، فعل بافاعل ومفعول بہ ومتعلقین شرط، مَا تجاریہ اَنَا ضمیر اسم بناء حرف جار زائدہ بَاسِطٍ اسم فاعل اَنَا مستتر فاعل یَدِیَ مرکب اضافی مفعول بہ اِلَیْکَ متعلق اوّل ہوئے، لام حرف جار اور اس کے بعد اَنْ مقدر ہے اَقْتُلَ فعل اَنَا مستتر فاعل کاف ضمیر مفعول بہ سے مل کر بتاویل مصدر مجرور، جارمجرور متعلق ثانی ہوئے، اسم فاعل بافاعل ومفعول بہ ومتعلقین شبہ جملہ لفظاً مجرور محلاً منصوب خبر بِبَاسِطٍ اسم وخبر جواب قسم، قسم باجواب قسم جملہ انشائیہ قسمیہ ہوا اور شرط کی جزاء محذوف ہے اِنِّیْ حرف تحقیق یَاء ضمیر اس کا اسم اَخَافُ فعل اَنَا مستتر فاعل اللّٰہَ موصوف یا مبدل منہ رَبَّ الْعٰلَمِیْنَ مرکب اضافی صفت یا بدل دونوں مل کر ملحول بہ، تینوں مل کر خبر اِنَّ بااسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

اِنِّیْٓ اُرِیْدُ اَنْ تَبُوْٓءَ بِاِثْمِیْ وَاِثْمِكَ فَتَكُوْنَ مِنْ اَصْحٰبِ النَّارِ ۚ وَذٰلِكَ جَزٰٓؤُا الظّٰلِمِیْنَ ۝

لغت نمبر ۲۹: اِنَّ حرف تحقیق یَاء ضمیر محلاً منصوب اس کا اسم اُرِیْدُ فعل اَنَا مستتر اس کا فاعل اَنْ حرف مصدری ونصب تَبُوْٓءَ فعل اَنْتَ ضمیر مستتر وجوباً حال بَاء حرف جار اِثْمِیْ مرکب اضافی معطوف علیہ واؤ عاطفہ اِثْمِکَ مرکب اضافی معطوف، معطوف علیہ بامعطوف مجرور، جارمجرور ظرف مستقر کَائِنًا کے متعلق ہو کر حال، وذالحال باحال فاعل، فعل بافاعل جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ مقام عاطفہ فَتَکُوْنَ فعل ناقص اَنْتَ مستتر اس کا اسم مِنْ اَصْحٰبِ النَّارِ جارمجرور ظرف مستقر کَائِنًا کے متعلق ہو کر خبر، فعل ناقص بااسم وخبر معطوف، معطوف علیہ بامعطوف بتاویل مصدر مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ اِنَّ کی خبر اِنَّ بااسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا واؤ استیناف ذَالِکَ اسم اشارہ مبتدا جَزٰٓؤُا الظّٰلِمِیْنَ مرکب اضافی خبر، مبتدا بخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

فَطَوَّعَتْ لَهٗ نَفْسُهٗ قَتْلَ اَخِیْهِ فَقَتَلَهٗ فَاَصْبَحَ مِنَ الْخٰسِرِیْنَ ۝ فَبَعَثَ اللّٰهُ غُرَابًا یَّبْحَثُ فِی الْاَرْضِ لِیُرِیَهٗ كَیْفَ یُوَارِیْ سَوْءَةَ اَخِیْهِ ۭ قَالَ یٰوَیْلَتٰٓى اَعَجَزْتُ اَنْ اَكُوْنَ مِثْلَ هٰذَا الْغُرَابِ فَاُوَارِیَ سَوْءَةَ اَخِیْ ۚ فَاَصْبَحَ مِنَ النّٰدِمِیْنَ ۝

لغت نمبر ۳۰، ۳۱: فَاء استیناف طَوَّعَتْ فعل لَهٗ جارمجرور متعلق نَفْسُهٗ مرکب اضافی فاعل قَتْلَ اَخِیْهِ مرکب اضافی مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ ومتعلق جملہ فعلیہ معطوف علیہ فَاء عاطفہ اَصْبَحَ فعل ناقص هُوَ ضمیر مستتر اس کا اسم مِنَ الْخٰسِرِیْنَ ظرف مستقر کَائِنًا کے متعلق ہو کر خبر، فعل ناقص بااسم وخبر جملہ فعلیہ معطوف ثانی فَاء عاطفہ بَعَثَ فعل اَللّٰہُ اسم الجلالہ فاعل غُرَابًا موصوف یَبْحَثُ فعل هُوَ مستتر فاعل فِی الْاَرْضِ جار بامجرور متعلق اوّل ہوئے، لام جارہ برائے تعلیل اور اس کے بعد اَنْ مقدر ہے یُرِیَ فعل هُوَ مستتر فاعل ہٗ ضمیر منصوب مفعول بہ کَیْفَ کَائِنًا کا مفعول فیہ ہو کر یُوَارِیْ کے فاعل کا حال مقدم یُوَارِیْ فعل هُوَ مستتر فاعل سَوْءَةَ اَخِیْهِ مرکب اضافی مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ محلاً منصوب مفعول ثانی، فعل بافاعل ومفعولین بتاویل مصدر مجرور، جار بامجرور یَبْحَثُ کے متعلق ثانی ہوئے، فعل بافاعل ومتعلقین جملہ فعلیہ غُرَابًا کی صفت، موصوف بصفت بَعَثَ کا ملحول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ جملہ فعلیہ معطوف ثالث، معطوف علیہ بامعطوفات ثلاثہ جملہ معطوفہ ہوا۔

قَالَ فعل هُوَ مستتر فاعل سے مل کر قول، یَاء حرف نداء اُدْعُوْ کے قائم مقام، اُدْعُوْ فعل اَنَا ضمیر مستتر فاعل وَیْلَتٰى مرکب اضافی

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ ندا، ھمزہ حرف استفہام عَجَزْتُ فعل تاء مضمومہ ضمیر فاعل اَنْ حرف مصدری و نصب اَکُوْنَ فعل ناقص اَنَا مستتر اس کا اسم مِثْلَ ھٰذَا الْغُرَابِ مرکب اضافی خبر، فعل ناقص با اسم و خبر معطوف علیہ فَاَوَارِیَ فعل اَنَا مستتر فاعل سَوْءَۃَ اَخِیْ مرکب اضافی مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف بتاویل مصدر منصوب بنزع الخافض مجرور، جار یا مجرور عَجَزْتُ کے متعلق ہوئے، فعل با فاعل و متعلق جملہ انشائیہ ندا کا جواب، ندا با جواب ندا مقول، قول با مقول جملہ فعلیہ خبریہ ہوا فَاَصْبَحَ فعل ناقص ھُوَ مستتر اس کا اسم مِنَ النّٰدِمِیْنَ کَائِنًا کے متعلق ہو کر خبر، فعل ناقص با اسم و خبر جملہ فعلیہ مستانفہ ہوا۔

مِنْ اَجْلِ ذٰلِكَ ۚ كَتَبْنَا عَلٰى بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ اَنَّهٗ مَنْ قَتَلَ نَفْسًۢا بِغَيْرِ نَفْسٍ اَوْ فَسَادٍ فِي الْاَرْضِ فَكَاَنَّمَا قَتَلَ النَّاسَ جَمِيْعًا ۭ وَمَنْ اَحْيَاهَا فَكَاَنَّمَآ اَحْيَا النَّاسَ جَمِيْعًا ۭ وَلَقَدْ جَاۗءَتْهُمْ رُسُلُنَا بِالْبَيِّنٰتِ ۡ ثُمَّ اِنَّ كَثِيْرًا مِّنْهُمْ بَعْدَ ذٰلِكَ فِي الْاَرْضِ لَمُسْرِفُوْنَ ۝

آیت نمبر ۳۲ مِنْ حرف جار اَجْلِ ذَالِكَ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور متعلق اول مقدم کَتَبْنَا فعل نَا ضمیر فاعل عَلٰى بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ ظرف لغو متعلق ثانی اَنَّ حرف تحقیق ہٗ ضمیر اس کا اسم مَنْ اسم شرط مبتداء قَتَلَ فعل ھُوَ مستتر فاعل نَفْسًۢا مفعول بہ قام حرف جار غَيْرِ نَفْسٍ مرکب اضافی معطوف علیہ اَوْ عاطفہ فَسَادٍ موصوف فِي الْاَرْضِ ظرف مستقر كَائِنٌ کے متعلق ہو کر صفت، موصوف باصفت معطوف، معطوف علیہ با معطوف مجرور، جار با مجرور قَتَلَ کے متعلق ہوئے، فعل با فاعل و مفعول بہ و متعلق شرط فَاء جزائیہ كَاَنَّ کھوذ مَا کافہ قَتَلَ فعل ھُوَ مستتر فاعل اَلنَّاسَ ذوالحال جَمِيْعًا حال، ذوالحال با حال مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ جزاء، شرط یا جزاء مَنْ کی خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ مَنْ اسم شرط مبتداء اَحْيَا فعل با ہٗ ضمیر فاعل ھُوَ مستتر فاعل ھَا ضمیر مفعول بہ سے مل کر شرط، فاء جزائیہ كَاَنَّ کھوذ مَا کافہ اَحْيَا فعل ھُوَ مستتر فاعل اَلنَّاسَ ذوالحال جَمِيْعًا حال، ذوالحال با حال مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ مَنْ کی خبر، مبتدا با خبر معطوف، معطوف علیہ با معطوف اَنَّ کی خبر مَا نَّ با اسم و خبر كَتَبْنَا کا مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ و متعلقین جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

واؤ استینافیہ لَام موطئہ لقسم اور قسم محذوف ہے قَدْ علامت فعل جَآءَتْ فعل ھُمْ ضمیر مفعول بہ رُسُلُنَا مرکب اضافی فاعل بِالْبَيِّنٰتِ متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ جواب قسم، قسم با جواب قسم جملہ قسمیہ ہوا ثُمَّ عاطفہ اِنَّ حرف تحقیق كَثِيْرًا موصوف مِّنْهُمْ كَائِنًا کے متعلق ہو کر صفت، موصوف باصفت ذوالحال بَعْدَ ذَالِكَ مرکب اضافی كَائِنًا کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال با حال اِنَّ کا اسم فِي الْاَرْضِ جار با مجرور متعلق مقدم، لَام مزحلقہ مُسْرِفُوْنَ اسم فاعل ھُمْ ضمیر مستتر فاعل و متعلق مقدم سے مل کر خبر اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ جواب قسم پر معطوف ہے۔

اِنَّمَا جَزٰۗؤُا الَّذِيْنَ يُحَارِبُوْنَ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ وَيَسْعَوْنَ فِي الْاَرْضِ فَسَادًا اَنْ يُّقَتَّلُوْٓا اَوْ

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

يُصَلَّبُوْٓا اَوْ تُقَطَّعَ اَيْدِيْهِمْ وَ اَرْجُلُهُمْ مِّنْ خِلَافٍ اَوْ يُنْفَوْا مِنَ الْاَرْضِ ۭ ذٰلِكَ لَهُمْ خِزْيٌ فِي الدُّنْيَا وَلَهُمْ فِي الْاٰخِرَةِ عَذَابٌ عَظِيْمٌ ۝

آیت نمبر ۳۳ اِنَّ مخفف من کافہ جَزٰٓؤُا مضاف اَلَّذِيْنَ اسم موصول يُحَارِبُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل اَللّٰهَ اسم الجلالہ معطوف علیہ واؤ عاطفہ رَسُوْلَهٗ مرکب اضافی معطوف، معطوف علیہ یا معطوف مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ معطوف علیہ واؤ عاطفہ يَسْعَوْنَ فعل واؤ ضمیر ذوالحال فَسَادًا مُفْسِدِيْنَ کے معنی میں ہو کر حال ذوالحال یا حال فاعل فِي الْاَرْضِ جار یا مجرور متعلق ہوئے فعل با فاعل و متعلق جملہ فعلیہ معطوف، معطوف علیہ یا معطوف صلہ، موصول با صلہ جَزٰٓؤُا کا مضاف الیہ، مضاف با مضاف الیہ مبتدا اَنْ حرف مصدری و نصب يُّقَتَّلُوْٓا فعل مجہول با واؤ ضمیر نائب فاعل معطوف علیہ، اَوْ عاطفہ يُصَلَّبُوْٓا فعل مجہول با واؤ ضمیر نائب فاعل معطوف اول، اَوْ عاطفہ تُقَطَّعَ فعل مجہول اَيْدِيْهِمْ مرکب اضافی معطوف علیہ واؤ عاطفہ اَرْجُلُهُمْ مرکب اضافی معطوف، معطوف علیہ یا معطوف ذوالحال مِّنْ خِلَافٍ جار یا مجرور تُقَطَّعَ کے متعلق ہو کر حال ذوالحال یا حال نائب فاعل، فعل مجہول با نائب فاعل معطوف ثانی، اَوْ عاطفہ يُنْفَوْا فعل مجہول واؤ ضمیر نائب فاعل مِنَ الْاَرْضِ جار یا مجرور متعلق ہوئے، فعل مجہول با نائب فاعل و متعلق معطوف ثالث، معطوف علیہ یا معطوفات ثلاثہ بتاویل مصدر خبر، مبتدا یا خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

ذٰلِكَ اسم اشارہ مبتدا لَهُمْ جار یا مجرور ظرف مستقر كَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم، خِزْيٌ موصوف فِي الدُّنْيَا جار یا مجرور كَائِنٌ کے متعلق ہو کر صفت، موصوف با صفت مبتدا مؤخر، مبتدا یا خبر ذٰلِكَ کی خبر، مبتدا یا خبر جملہ اسمیہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لام جار هُمْ ضمیر ذوالحال فِي الْاٰخِرَةِ ظرف مستقر كَائِنِيْنَ کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال با حال مجرور، جار یا مجرور ظرف مستقر كَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم عَذَابٌ عَظِيْمٌ مرکب توصیفی مبتدا مؤخر، مبتدا یا خبر معطوف، معطوف علیہ یا معطوف جملہ مستانفہ ہوا۔

اِلَّا الَّذِيْنَ تَابُوْا مِنْ قَبْلِ اَنْ تَقْدِرُوْا عَلَيْهِمْ ۚ فَاعْلَمُوْٓا اَنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ۝

آیت نمبر ۳۴ اِلَّا حرف استثناء اَلَّذِيْنَ اسم موصول تَابُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل مِنْ جارہ قَبْلِ مضاف اَنْ حرف مصدری و نصب تَقْدِرُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل عَلَيْهِمْ جار یا مجرور تَقْدِرُوْا کے متعلق ہوئے، فعل با فاعل و متعلق جملہ فعلیہ بتاویل مصدر مضاف الیہ، مضاف با مضاف الیہ مجرور، جار یا مجرور تَابُوْا کے متعلق ہوئے، فعل با فاعل و متعلق صلہ، موصول با صلہ یہ مستثنیٰ ہے ذٰلِكَ لَهُمْ خِزْيٌ کی هُمْ ضمیر سے۔ قاعدہ فصیحہ اور شرط محذوف ہے اِنْ تَقْبِلُوْا تَوْبَتَهُمْ یا اِعْلَمُوْا فعل امر واؤ ضمیر فاعل اَنَّ حرف تحقیق اَللّٰهَ اسم الجلالہ اس کا اسم، غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ دو خبر اَنَّ یا اسم و خبر ین جملہ اسمیہ ہو کر اِعْلَمُوْا کے دو مفعول کے قائم مقام، فعل با فاعل و مفعولین جملہ انشائیہ جزاء شرط محذوف یا جزاء جملہ مستانفہ ہوا۔

❁ رکوع نمبر ۶ ❁

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اتَّقُوا اللّٰهَ وَابْتَغُوْٓا اِلَيْهِ الْوَسِيْلَةَ وَجَاهِدُوْا فِيْ سَبِيْلِهٖ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ ۝

آیت نمبر ۳۵: يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا اس کی ترکیب متعدد بار گزر چکی ہے اور یہ منادیٰ ہے اِتَّقُوْا فعل امر واؤ ضمیر فاعل اَللّٰهَ اسم

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

الجلالہ مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ انشائیہ معطوف علیہ واؤ عاطفہ اِبْتَغُوْا فعل امر واؤ ضمیر فاعل اِلَيْهِ جار با مجرور متعلق ہوئے اَلْوَسِيْلَةَ مفعول بہ، فعل با فاعل و متعلق و مفعول بہ جملہ انشائیہ معطوف اوّل واؤ عاطفہ جَاهِدُوْا فعل امر واؤ ضمیر فاعل فِيْ سَبِيْلِهٖ جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل با فاعل و متعلق جملہ انشائیہ ہو کر معطوف ثانی، معطوف علیہ با معطوفین ندا کا جواب منادا جواب ندا و جملہ انشائیہ ہوا لَعَلَّ حرف ترجی كُمْ ضمیر منصوب اس کا اسم تُفْلِحُوْنَ فعل با واؤ ضمیر فاعل خبر لَعَلَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ انشائیہ ہو کر رَجَاءَ الْفَلَاحِ کے مضاف الیہ سے مل کر حال ہے اِتَّقُوْا کی واؤ ضمیر سے۔

اِنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لَوْ اَنَّ لَهُمْ مَّا فِي الْاَرْضِ جَمِيْعًا وَّمِثْلَهٗ مَعَهٗ لِيَفْتَدُوْا بِهٖ مِنْ عَذَابِ يَوْمِ الْقِيٰمَةِ مَا تُقُبِّلَ مِنْهُمْ ۚ وَلَهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ۝

آیت نمبر ۳۶: اِنَّ حرف تحقیق اَلَّذِيْنَ اسم موصول كَفَرُوْا فعل با واؤ ضمیر فاعل صلہ، موصول با صلہ اِنَّ کا اسم لَوْ شرطیہ اَنَّ حرف تحقیق لَهُمْ جار با مجرور ظرف مستقر كَائِنٌ کے متعلق ہو کر اِنَّ کی خبر مقدم مَا موصولہ فِي الْاَرْضِ جار با مجرور ظرف مستقر ثَبَتَ کے متعلق ہو کر صلہ، موصول با صلہ ذوالحال جَمِيْعًا حال، ذوالحال با حال معطوف علیہ واؤ عاطفہ مِثْلَهٗ مرکب اضافی ذوالحال مَعَهٗ مرکب اضافی مفعول فیہ ہوا ظرف مستقر كَائِنًا کا، كَائِنًا اسم فاعل با فاعل و مفعول فیہ حال، ذوالحال با حال معطوف، معطوف علیہ با معطوف اَنَّ کا اسم مؤخر با اَنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر ذعل ہوا فعل محذوف ثَبَتَ کا، لام تعلیلیہ ہوا اس کے بعد اَنْ مقدر ہے يَفْتَدُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل بِهٖ جار با مجرور متعلق اوّل، مِنْ جارہ عَذَابِ يَوْمِ الْقِيٰمَةِ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور متعلق ثانی ہوئے، فعل با فاعل و متعلقین جملہ فعلیہ بتاویل مصدر مجرور، جار با مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے ثَبَتَ کے، فعل با فاعل و متعلق جملہ فعلیہ ہو کر شرط، مَا تُقُبِّلَ فعل مجہول هُوَ ضمیر جنس فاعل مِنْهُمْ جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل مجہول با نائب فاعل و متعلق جملہ فعلیہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لَهُمْ جار با مجرور ظرف مستقر كَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم عَذَابٌ اَلِيْمٌ مرکب توصیفی مبتدا مؤخر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف جزاء شرط با جزاء اِنَّ کی خبر اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

يُرِيْدُوْنَ اَنْ يَّخْرُجُوْا مِنَ النَّارِ وَمَا هُمْ بِخٰرِجِيْنَ مِنْهَا ۡ وَلَهُمْ عَذَابٌ مُّقِيْمٌ ۝

آیت نمبر ۳۷: يُرِيْدُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل اَنْ حرف مصدری و نصب يَخْرُجُوْا فعل واؤ ضمیر ذوالحال واؤ عاطفہ مَا حجازیہ هُمْ ضمیر اس کا اسم بِاء جارہ خٰرِجِيْنَ اسم فاعل هُمْ ضمیر فاعل عَنْهَا متعلق سے مل کر خبر، مَا با اسم و خبر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لَهُمْ جار با مجرور ظرف مستقر ہو کر خبر مقدم عَذَابٌ مُّقِيْمٌ مرکب توصیفی مبتدا مؤخر، مبتدا با خبر معطوف، معطوف علیہ با معطوف حال، ذوالحال با حال يَخْرُجُوْا کا فاعل مِنَ النَّارِ جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل با فاعل و متعلق جملہ فعلیہ بتاویل مصدر يُرِيْدُوْنَ کا مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

وَالسَّارِقُ وَالسَّارِقَةُ فَاقْطَعُوْٓا اَيْدِيَهُمَا جَزَآءًۢ بِمَا كَسَبَا نَكَالًا مِّنَ اللّٰهِ ۭ وَاللّٰهُ عَزِيْزٌ حَكِيْمٌ ۝

آیت نمبر ۳۸: واؤ استینافیہ الف لام اسم موصول سَارِقُ اسم فاعل با هُوَ ضمیر مستتر فاعل صلہ، موصول با صلہ معطوف علیہ، واؤ

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

عاطفہ الف لام اسم موصول سَارِقَةُ اسم فاعل ہا ھی ضمیر مستتر فاعل صلہ، موصول باصلہ معطوف، معطوف علیہ یا معطوف مبتدا متضمن شرط، فاء جزائیہ اِقْطَعُوْا فعل امر واؤ ضمیر فاعل اَیْدِیَهُمَا مرکب اضافی مفعول بہ جَزَآءً مصدر بنا جارہ مَا مصدریہ کَسَبَا فعل با الف ضمیر فاعل مصدر کے معنی میں ہو کر مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے، مصدر اپنے متعلق سے مل کر مبدل منہ، نَكَالًا موصوف مِنَ اللّٰهِ ظرف مستقر کَائِنًا کے متعلق ہو کر صفت، موصوف باصفت بدل، مبدل منہ بابدل مفعول لہ، فعل با فاعل و مفعولین قائم مقام جزاء خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ مستانفہ ہوا واؤ استیناف اَللّٰهُ اسم الجلالہ مبتدا، عَزِيْزٌ حَكِيْمٌ دو خبر، مبتدا با خبرین جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

فَمَنْ تَابَ مِنْۢ بَعْدِ ظُلْمِهٖ وَاَصْلَحَ فَاِنَّ اللّٰهَ يَتُوْبُ عَلَيْهِ ؕ اِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ۝۳۹

آیت نمبر ۳۹ فاء استینافیہ مَنْ اسم شرط مبتدا تَابَ فعل هُوَ مستتر فاعل مِنْ جارہ بَعْدِ مضاف ظُلْمِهٖ مرکب اضافی مضاف الیہ، مضاف با مضاف الیہ مجرور، جار مجرور متعلق ہوئے، فعل با فاعل و متعلق جملہ فعلیہ معطوف علیہ واؤ عاطفہ اَصْلَحَ فعل با هُوَ مستتر فاعل معطوف، معطوف علیہ با معطوف شرط، فاء جزائیہ اِنَّ حرف تحقیق اَللّٰهَ اسم الجلالہ اس کا اسم يَتُوْبُ فعل هُوَ مستتر فاعل عَلَيْهِ متعلق سے مل کر خبر اِنَّ با اسم و خبر جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہو کر مَنْ کی خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا اِنَّ حرف تحقیق اَللّٰهَ اسم غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ دو خبر اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ معللہ ہوا۔

اَلَمْ تَعْلَمْ اَنَّ اللّٰهَ لَهٗ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ يُعَذِّبُ مَنْ يَّشَآءُ وَيَغْفِرُ لِمَنْ يَّشَآءُ ؕ وَاللّٰهُ عَلٰى كُلِّ شَیْءٍ قَدِيْرٌ ۝۴۰

آیت نمبر ۴۰ ہمزہ استفہام لَمْ تَعْلَمْ فعل اَنْتَ ضمیر مستتر فاعل اَنَّ حرف تحقیق اَللّٰهَ اسم الجلالہ اس کا اسم لَهٗ جار با مجرور ظرف مستقر کَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم مُلْكُ مضاف اَلسَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ معطوف علیہ با معطوف مضاف الیہ، مضاف با مضاف الیہ مبتدا مؤخر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ ہو کر اَنَّ کی خبر اول، يُعَذِّبُ فعل هُوَ مستتر فاعل مَنْ موصولہ يَّشَآءُ فعل با هُوَ ضمیر مستتر فاعل صلہ، موصول باصلہ مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ يَغْفِرُ فعل واؤ ضمیر فاعل لِمَنْ جارہ مَنْ موصولہ يَّشَآءُ فعل با هُوَ ضمیر مستتر فاعل صلہ، موصول باصلہ مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل با فاعل و متعلق معطوف، معطوف علیہ با معطوف اَنَّ کی دوسری خبر، اَنَّ با اسم و خبرین جملہ اسمیہ ہو کر لَمْ تَعْلَمْ کے دو مفعول کے قائم مقام، فعل با فاعل و مفعولین جملہ انشائیہ استفہامیہ ہوا واؤ استیناف اَللّٰهَ اسم الجلالہ مبتدا، عَلٰى جارہ كُلِّ شَیْءٍ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور متعلق مقدم قَدِيْرٌ صیغہ صفت با هُوَ مستتر فاعل و متعلق مقدم خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

يٰۤاَيُّهَا الرَّسُوْلُ لَا يَحْزُنْكَ الَّذِيْنَ يُسَارِعُوْنَ فِى الْكُفْرِ مِنَ الَّذِيْنَ قَالُوْۤا اٰمَنَّا بِاَفْوَاهِهِمْ وَلَمْ تُؤْمِنْ قُلُوْبُهُمْ ۛ وَمِنَ الَّذِيْنَ هَادُوْا ۛ سَمّٰعُوْنَ لِلْكَذِبِ سَمّٰعُوْنَ لِقَوْمٍ اٰخَرِيْنَ ۙ لَمْ يَاْتُوْكَ ؕ يُحَرِّفُوْنَ الْكَلِمَ مِنْۢ بَعْدِ مَوَاضِعِهٖ ۚ يَقُوْلُوْنَ اِنْ اُوْتِيْتُمْ هٰذَا فَخُذُوْهُ وَاِنْ لَّمْ

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

تُؤْتُوْهُ فَاحْذَرُوْا ؕ وَ مَنْ يُّرِدِ اللّٰهُ فِتْنَتَهٗ فَلَنْ تَمْلِكَ لَهٗ مِنَ اللّٰهِ شَيْـًٔا ؕ اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ لَمْ يُرِدِ اللّٰهُ اَنْ يُّطَهِّرَ قُلُوْبَهُمْ ؕ لَهُمْ فِي الدُّنْيَا خِزْيٌ ۖ وَّ لَهُمْ فِي الْاٰخِرَةِ عَذَابٌ عَظِيْمٌ ۝

آیت نمبر ۴۱ یٰٓاَیُّهَا حرف ندا، ایّ منادیٰ مبنی علی الضم، ہا حرف تنبیہ، اَلرَّسُوْلُ صفت، موصوف باصفت منصوب بہ نعت، لَا یَحْزُنْكَ فعل کاف ضمیر مفعول بہ، اَلَّذِیْنَ اسم موصول یُسَارِعُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل فِی الْكُفْرِ جار مجرور متعلق ہوئے، فعل با فاعل و متعلق صلہ، موصول باصلہ ذوالحال مِنَ جار مجرور اَلَّذِیْنَ اسم موصول قَالُوْٓا فعل واؤ ضمیر فاعل بِاَفْوَاهِهِمْ مرکب اضافی مجرور، جار مجرور متعلق ہوئے، فعل با فاعل و متعلق قول، اٰمَنَّا فعل با نا ضمیر فاعل مقولہ، قول با مقولہ صلہ، موصول باصلہ مجرور، جار مجرور ظرف مستقر کَاِئِنِیْنَ کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال یا حال لَا یَحْزُنْكَ کا فاعل، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ ندا کا جواب، ندا با جواب ندا جملہ انشائیہ ندائیہ ہوا۔

واؤ حالیہ لَمْ تُؤْمِنْ فعل قُلُوْبُهُمْ مرکب اضافی فاعل، فعل با فاعل جملہ فعلیہ ہو کر حال ہے قَالُوْا کی واؤ ضمیر سے۔ واؤ عاطفہ مِنَ جار اَلَّذِیْنَ اسم موصول هَادُوْا فعل با واؤ ضمیر فاعل صلہ، موصول باصلہ مجرور، جار با مجرور ظرف مستقر کَاِئِنُوْنَ کے متعلق ہو کر خبر مقدم سَمّٰعُوْنَ صیغہ مبالغہ هُمْ ضمیر مستتر فاعل لِلْكَذِبِ جار با مجرور متعلق ہوئے، صیغہ صفت با فاعل و متعلق مبدل منہ سَمّٰعُوْنَ صیغہ مبالغہ هُمْ ضمیر مستتر فاعل لِاَجْلِ جارہ قَوْمٍ موصوف اٰخَرِیْنَ اسم فاعل هاهُمْ ضمیر فاعل صفت اوّل لَمْ یَاْتُوْا فعل هُوَ ضمیر مستتر فاعل كَ ضمیر مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ صفت ثانیہ یُحَرِّفُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل اَلْكَلِمَ ذوالحال مِنْ جارہ بَعْدِ هَوَاطِئِهٖ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور کَاِئِنًا کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال با حال یُحَرِّفُوْنَ کا مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ قَوْمٍ کی صفت ثالثہ، موصوف باصفات ثلاثہ مجرور، جار با مجرور سَمّٰعُوْنَ کے متعلق ہوئے، صیغہ مبالغہ با فاعل و متعلق بدل، مبدل منہ یا بدل مبتدا موخر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

یَقُوْلُوْنَ فعل با واؤ ضمیر فاعل قول، اِنْ شرطیہ اُوْتِیْتُمْ فعل مجہول تُمْ ضمیر نائب فاعل هٰذَا اسم اشارہ مفعول بہ، فعل مجہول با نائب فاعل و مفعول بہ شرط، فَاء جزائیہ خُذُوْا فعل امر واؤ ضمیر فاعل هُ ضمیر منصوب مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ جزاء، شرط با جزاء معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اِنْ شرطیہ لَمْ تُؤْتَوْهُ فعل مجہول واؤ ضمیر نائب فاعل هُ ضمیر مفعول بہ، فعل مجہول با نائب فاعل و مفعول بہ شرط، فَاء جزائیہ اِحْذَرُوْا فعل امر با واؤ ضمیر فاعل جزاء، شرط با جزاء معطوف، معطوف علیہ با معطوف مقولہ، قول با مقولہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

واؤ استینافیہ مَنْ شرطیہ مبتدا یُّرِدِ فعل اَللّٰهُ اسم الجلالہ فاعل فِتْنَتَهٗ مرکب اضافی مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ شرط، فَاء جزائیہ لَنْ تَمْلِكَ فعل اَنْتَ مستتر فاعل لَهٗ جار با مجرور متعلق ہوئے، مِنَ اللّٰهِ جار با مجرور ظرف مستقر شَیْـًٔا کے متعلق ہو کر حال مقدم ذوالحال مؤخر، ذوالحال با حال لَنْ تَمْلِكَ کا مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ و متعلق جزاء، شرط با جزاء مَنْ کی خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

اُولٰٓئِكَ اسم اشارہ مبتدا اَلَّذِیْنَ اسم موصول لَمْ یُرِدِ فعل اَللّٰهُ اسم الجلالہ فاعل اَنْ حرف مصدری و نصب یُّطَهِّرَ فعل هُوَ ضمیر فاعل قُلُوْبَهُمْ مرکب اضافی مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ بتاویل مصدر لَمْ یُرِدِ کا مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ صلہ، موصول

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

باصلہ خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ لَهُمْ جار باالمجرور ظرف مستقر كَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم فِي الدُّنْيَا جار باالمجرور ظرف مستقر كَائِنًا کے متعلق ہو کر حال مقدم، خِزْيٌ ذوالحال مؤخر، ذوالحال باحال مبتدا مؤخر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ ہو کر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لَهُمْ جار باالمجرور ظرف مستقر كَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم فِي الْآخِرَةِ جار باالمجرور ظرف مستقر كَائِنًا کے متعلق ہو کر حال مقدم عَذَابٌ عَظِيمٌ مرکب توصیفی ذوالحال مؤخر، ذوالحال باحال مبتدا مؤخر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ ہو کر معطوف، معطوف علیہ باالمعطوف یہ خبر ہے أُولَٰئِكَ کے لئے

سَمّٰعُوْنَ لِلْكَذِبِ اَكّٰلُوْنَ لِلسُّحْتِ ؕ فَاِنْ جَآءُوْكَ فَاحْكُمْ بَيْنَهُمْ اَوْ اَعْرِضْ عَنْهُمْ ۚ وَاِنْ تُعْرِضْ عَنْهُمْ فَلَنْ يَّضُرُّوْكَ شَيْـًٔا ؕ وَاِنْ حَكَمْتَ فَاحْكُمْ بَيْنَهُمْ بِالْقِسْطِ ؕ اِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ الْمُقْسِطِيْنَ ۝

آیت نمبر ۴۲ سَمّٰعُوْنَ صیغہ مبالغہ هُمْ ضمیر مستتر فاعل لِلْكَذِبِ جار باالمجرور متعلق ہوئے، صیغہ مبالغہ بافاعل و متعلق خبر اول ہے مبتدا محذوف هُمْ کی، اَكّٰلُوْنَ صیغہ مبالغہ هُمْ ضمیر مستتر فاعل لِلسُّحْتِ جار باالمجرور متعلق ہوئے، صیغہ مبالغہ بافاعل و متعلق خبر ثانی ہے مبتدا محذوف هُمْ ضمیر کے لئے۔ فَاء استیناف اِنْ شرطیہ جَآءُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل کاف ضمیر مفعول بہ سے مل کر شرط، فَاء جزائیہ اُحْكُمْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل بَيْنَهُمْ مرکب اضافی مفعول فیہ، فعل با فاعل و مفعول فیہ جملہ فعلیہ معطوف علیہ، اَوْ عاطفہ اَعْرِضْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل عَنْهُمْ جار باالمجرور متعلق ہوئے، فعل با فاعل و متعلق معطوف، معطوف علیہ باالمعطوف جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ مستانفہ ہوا۔

واؤ عاطفہ اِنْ شرطیہ تُعْرِضْ فعل اَنْتَ مستتر فاعل عَنْهُمْ جار باالمجرور متعلق ہوئے، فعل بافاعل و متعلق شرط، فَاء جزائیہ لَنْ يَّضُرُّوْا فعل واؤ ضمیر فاعل کاف ضمیر مفعول بہ شَيْـًٔا یہ شَيْئًا مِنَ الضَّرِّ کے معنی میں ہو کر مفعول مطلق، فعل با فاعل و مفعول بہ و مفعول مطلق جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اِنْ شرطیہ حَكَمْتَ فعل تاء مفتوحہ فاعل شرط، فَاء جزائیہ اُحْكُمْ فعل امر اَنْتَ ضمیر ذوالحال بِالْقِسْطِ جار باالمجرور مُتَعَلِّقًا کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال باحال فاعل بَيْنَهُمْ مرکب اضافی مفعول فیہ، فعل بافاعل و مفعول فیہ جزاء، شرط باجزاء معطوف، معطوف علیہ باالمعطوف جملہ معطوفہ ہوا۔ اِنَّ حرف مشبہ بالفعل اللّٰهَ اسم الجلالہ اس کا اسم يُحِبُّ فعل هُوَ مستتر فاعل الْمُقْسِطِيْنَ مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ اِنَّ کی خبر اِنَّ باسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ معللہ ہوا۔

وَكَيْفَ يُحَكِّمُوْنَكَ وَعِنْدَهُمُ التَّوْرٰىةُ فِيْهَا حُكْمُ اللّٰهِ ثُمَّ يَتَوَلَّوْنَ مِنْۢ بَعْدِ ذٰلِكَ ؕ وَمَآ اُولٰٓئِكَ بِالْمُؤْمِنِيْنَ ۝

آیت نمبر ۴۳ واؤ استیناف كَيْفَ کَائِنَيْنِ کا مفعول فیہ ہو کر حال، ذوالحال یاحال فاعل کاف ضمیر مفعول بہ واؤ حالیہ عِنْدَهُمُ مرکب اضافی كَائِنَةٌ کا مفعول فیہ ہو کر خبر مقدم اَلتَّوْرٰةُ ذوالحال فِيْهَا كَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم حُكْمُ اللّٰهِ مرکب اضافی مبتدا مؤخر، مبتدا باخبر حال، ذوالحال باحال مبتدا مؤخر، مبتدا باخبر يُحَكِّمُوْنَ کے ضمیر فاعل کا حال ہے يُحَكِّمُوْنَ فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ انشائیہ معطوف علیہ ثُمَّ حرف عطف يَتَوَلَّوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل مِنْۢ بَعْدِ ذٰلِكَ متعلق سے مل کر

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

معطوف، معطوف علیہ یا معطوف جملہ مستانفہ ہو۔ واؤ استینافیہ ھَا تنبیہ اُولٰٓئِکَ اس کا اسم یاء ماقبل زائدہ اَلْمُؤْمِنِیْنَ نکرہ مجرور نائباً منصوب خبر مقدم با اسم و خبر جملہ اسمیہ مستانفہ ہو۔

❁ رکوع نمبر ۷ ❁

اِنَّآ اَنْزَلْنَا التَّوْرٰىةَ فِيْهَا هُدًى وَّنُوْرٌ ۚ يَحْكُمُ بِهَا النَّبِيُّوْنَ الَّذِيْنَ اَسْلَمُوْا لِلَّذِيْنَ هَادُوْا وَ الرَّبّٰنِيُّوْنَ وَالْاَحْبَارُ بِمَا اسْتُحْفِظُوْا مِنْ كِتٰبِ اللّٰهِ وَكَانُوْا عَلَيْهِ شُهَدَآءَ ۚ فَلَا تَخْشَوُا النَّاسَ وَاخْشَوْنِ وَلَا تَشْتَرُوْا بِاٰيٰتِيْ ثَمَنًا قَلِيْلًا ۭ وَمَنْ لَّمْ يَحْكُمْ بِمَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْكٰفِرُوْنَ ۝

آیت نمبر ۴۴ اِنَّ حرف تحقیق نَا ضمیر اس کا اسم اَنْزَلْنَا فعل نَا ضمیر فاعل اَلتَّوْرٰۃَ ذوالحال فِیْھَا ظرف مستقر کَائِنًا کے متعلق ہو کر خبر مقدم ھُدًی وَّنُوْرٌ معطوف علیہ با معطوف مبتدا موخر، مبتدا با خبر اَلتَّوْرٰۃَ کا حال اول یَحْکُمُ فعل بِھَا جار با مجرور متعلق اَلنَّبِیُّوْنَ موصوف اَلَّذِیْنَ اسم موصول ھَادُوْا فعل با واؤ ضمیر فاعل صلہ، موصول با صلہ مجرور، جار با مجرور متعلق ثانی ہوئے، فعل با فاعل و متعلقین حال ثانی، ذوالحال با حالین اَنْزَلْنَا کا مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ خبر اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہو۔ واؤ عاطفہ اَلرَّبّٰنِیُّوْنَ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اَلْاَحْبَارُ معطوف، معطوف علیہ با معطوف اَلنَّبِیُّوْنَ پر معطوف ہے۔

بَاء حرف جار مَا مصدریہ اُسْتُحْفِظُوْا فعل مجہول واؤ ضمیر نائب فاعل مِنْ کِتٰبِ اللّٰہِ متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ کَانُوْا فعل ناقص واؤ ضمیر اس کا اسم شُھَدَآءَ اسم فاعل ھُمْ ضمیر مستتر فاعل عَلَیْہِ متعلق مقدم سے مل کر خبر، فعل ناقص با اسم و خبر معطوف، معطوف علیہ با معطوف بتاویل مصدر مجرور، جار با مجرور یہ بھی یَحْکُمُ کے متعلق ہوئے۔ فَاء فصیحہ اور اس کی شرط محذوف ہے اِذَا عَرَفْتُمْ ھٰذَا، لَا تَخْشَوُا فعل نہی واؤ ضمیر فاعل اَلنَّاسَ مفعول بہ سے مل کر جملہ انشائیہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اِخْشَوْا فعل واؤ ضمیر فاعل نون وقایہ یاء ضمیر محذوف مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ معطوف اول ہوا واؤ عاطفہ لَا تَشْتَرُوْا فعل نہی واؤ ضمیر فاعل بِاٰیٰتِیْ متعلق ثَمَنًا قَلِیْلًا مرکب توصیفی مفعول بہ سے مل کر جملہ انشائیہ معطوف ثانی، معطوف علیہ با معطوفین جزاء شرط محذوف با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔ واؤ استینافیہ مَنْ اسم شرط مبتدا لَمْ یَحْکُمْ فعل ھُوَ مستتر فاعل بَاء جار مَا اَنْزَلَ اللّٰہُ فعل با فاعل صلہ، موصول با صلہ مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل با فاعل و متعلق شرط، فَاء جزائیہ اُولٰٓئِکَ مبتدا ھُمْ ضمیر فصل اَلْکٰفِرُوْنَ خبر، مبتدا با خبر جزاء، شرط با جزاء مَنْ کی خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ مستانفہ ہو۔

وَكَتَبْنَا عَلَيْهِمْ فِيْهَآ اَنَّ النَّفْسَ بِالنَّفْسِ ۙ وَالْعَيْنَ بِالْعَيْنِ وَالْاَنْفَ بِالْاَنْفِ وَالْاُذُنَ بِالْاُذُنِ وَالسِّنَّ بِالسِّنِّ ۙ وَالْجُرُوْحَ قِصَاصٌ ۭ فَمَنْ تَصَدَّقَ بِهٖ فَهُوَ كَفَّارَةٌ لَّهٗ ۭ وَمَنْ لَّمْ يَحْكُمْ بِمَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الظّٰلِمُوْنَ ۝

آیت نمبر ۴۵ واؤ عاطفہ کَتَبْنَا فعل نَا ضمیر فاعل عَلَیْھِمْ جار با مجرور متعلق اول فِیْھَا جار با مجرور متعلق ثانی اَنَّ حرف تحقیق

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

اَلنَّفْسَ اَنَّ کا اسم بِالنَّفْسِ ظرف مستقر مَقْتُوْلَةٌ کے متعلق ہو کر خبر اَنَّ با اسم و خبر کَتَبْنَا کا مفعول بہ فعل با فاعل و مفعول بہ و متعلقین جملہ فعلیہ خبریہ ہوا واؤ عاطفہ اَلْعَيْنَ مَفْقُوْءٌ بِالْعَيْنِ کی تاویل میں ہو کر اَلنَّفْسَ بِالنَّفْسِ کا معطوف اول ہوا وَالْاَنْفَ بِالْاَنْفِ مَجْدُوْعٌ بِالْاَنْفِ کی تاویل میں ہو کر معطوف ثانی ہوا وَالْاُذُنَ بِالْاُذُنِ بِالْاُذُنِ مَصْلُوْمٌ بِالْاُذُنِ کی تاویل میں ہو کر معطوف ثالث ہوا وَالسِّنَّ بِالسِّنِ بِہ اَلسِّنَّ مَقْلُوْعٌ بِالسِّنِّ کی تاویل میں ہو کر معطوف رابع ہے، واؤ عاطفہ اَلْجُرُوْحَ بواسطہ عطف کے اَنَّ کا اسم قِصَاصٌ بواسطہ عطف کے اَنَّ کی خبر، اَنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

فَاء استینافیہ مَنْ اسم شرط مبتدا تَصَدَّقَ فعل هُوَ مستتر فاعل بِهٖ متعلق سے مل کر شرط، فَاء جزائیہ هُوَ مبتدا كَفَّارَةٌ موصوف لَهٗ كائنة کے متعلق ہو کر صفت، موصوف با صفت خبر، مبتدا با خبر جزاء، شرط با جزاء، مَنْ کی خبر، مبتدا با خبر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ مَنْ اسم شرط مبتدا لَمْ يَحْكُمْ بِمَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الظّٰلِمُوْنَ کی ترکیب لَمْ يَحْكُمْ بِمَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْكٰفِرُوْنَ کی مثل ہے دیکھئے آیت نمبر ۴۴ اور یہ شرط اور جزاء مَنْ کی خبر ہے، مبتدا با خبر معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ معطوفہ مستانفہ ہوا۔

وَقَفَّيْنَا عَلٰٓى اٰثَارِهِمْ بِعِيْسَى ابْنِ مَرْيَمَ مُصَدِّقًا لِّمَا بَيْنَ يَدَيْهِ مِنَ التَّوْرٰىةِ ۠ وَاٰتَيْنٰهُ الْاِنْجِيْلَ فِيْهِ هُدًى وَّنُوْرٌ ۙ وَّمُصَدِّقًا لِّمَا بَيْنَ يَدَيْهِ مِنَ التَّوْرٰىةِ وَهُدًى وَّمَوْعِظَةً لِّلْمُتَّقِيْنَ ۝

آیت نمبر ۴۶ واؤ استینافیہ قَفَّيْنَا فعل نَا ضمیر فاعل عَلٰٓى جارہ اٰثَارِهِمْ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور متعلق اول، بِاء جارہ عِيْسٰى موصوف ابْنِ مَرْيَمَ مرکب اضافی صفت، موصوف با صفت ذوالحال مُصَدِّقًا اسم فاعل هُوَ مستتر فاعل لَام جارہ مَا موصول بَيْنَ مضاف يَدَيْهِ مرکب اضافی مضاف الیہ، مضاف با مضاف الیہ مفعول فیہ ہوا ثَبَتَ کا، فعل با فاعل و مفعول فیہ صلہ، موصول با صلہ ذوالحال مِنَ التَّوْرٰىةِ جار با مجرور ظرف مستقر كَائِنًا کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال با حال مجرور، جار با مجرور مُصَدِّقًا کے متعلق ہوئے، اسم فاعل با فاعل و متعلق حال، ذوالحال با حال مجرور، جار با مجرور متعلق ثانی، فعل با فاعل و متعلقین جملہ فعلیہ ہو کر معطوف علیہ ہوا واؤ عاطفہ اٰتَيْنَا فعل نَا ضمیر فاعل هُ ضمیر مفعول بہ اول، اَلْاِنْجِيْلَ ذوالحال فِيْهِ جار با مجرور ظرف مستقر كَائِنًا کے متعلق ہو کر خبر مقدم هُدًى وَّنُوْرٌ معطوف علیہ با معطوف مبتدا مؤخر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ ہو کر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ مُصَدِّقًا اسم فاعل هُوَ ضمیر مستتر فاعل لَام جارہ مَا موصول بَيْنَ يَدَيْهِ مرکب اضافی مفعول فیہ ہوا فعل محذوف ثَبَتَ کا ثَبَتَ فعل با هُوَ ضمیر فاعل و مفعول فیہ صلہ، موصول با صلہ ذوالحال مِنَ التَّوْرٰىةِ جار با مجرور كَائِنًا کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال با حال مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے، اسم فاعل با فاعل و متعلق معطوف علیہ ہوا واؤ عاطفہ هُدًى پہلا معطوف ہوا واؤ عاطفہ مَوْعِظَةً موصوف لِّلْمُتَّقِيْنَ جار با مجرور ظرف مستقر كَائِنَةً کے متعلق ہو کر صفت، موصوف با صفت معطوف ثانی، معطوف علیہ با معطوفین جملہ کے معنی میں ہو کر معطوف، معطوف علیہ با معطوف حال، ذوالحال با حال مفعول بہ ثانی، فعل با فاعل و مفعولین جملہ فعلیہ ہو کر معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ معطوفہ ہوا۔

وَلْيَحْكُمْ اَهْلُ الْاِنْجِيْلِ بِمَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ فِيْهِ ۭ وَمَنْ لَّمْ يَحْكُمْ بِمَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ فَاُولٰٓئِكَ

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

هُمُ الْفٰسِقُوْنَ ۝۴۷

آیت نمبر ۴۷ واؤ استینافیہ لِيَحْكُمْ فعل امر اَهْلُ الْاِنْجِيْلِ مرکب اضافی فاعل بناء جاء ما موصولہ اَنْزَلَ فعل اللّٰهُ اسم الجلالہ فاعل فِيْهِ جار مجرور متعلق ہوئے، فعل با فاعل و متعلق جملہ فعلیہ ہو کر صلہ، موصول با صلہ مجرور، جار مجرور لِيَحْكُمْ کے متعلق ہوئے، فعل امر با فاعل و متعلق جملہ انشائیہ مستانفہ ہوا۔ واؤ استینافیہ مَنْ لَّمْ يَحْكُمْ بِمَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْفٰسِقُوْنَ کی ترکیب مَنْ لَّمْ يَحْكُمْ بِمَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْكٰفِرُوْنَ کی مثل ہے دیکھئے آیت نمبر ۴۴ اور یہ جملہ مستانفہ ہے۔

وَ اَنْزَلْنَآ اِلَيْكَ الْكِتٰبَ بِالْحَقِّ مُصَدِّقًا لِّمَا بَيْنَ يَدَيْهِ مِنَ الْكِتٰبِ وَ مُهَيْمِنًا عَلَيْهِ فَاحْكُمْ بَيْنَهُمْ بِمَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ وَلَا تَتَّبِعْ اَهْوَآءَهُمْ عَمَّا جَآءَكَ مِنَ الْحَقِّ لِكُلٍّ جَعَلْنَا مِنْكُمْ شِرْعَةً وَّ مِنْهَاجًا ؕ وَلَوْ شَآءَ اللّٰهُ لَجَعَلَكُمْ اُمَّةً وَّاحِدَةً وَّ لٰكِنْ لِّيَبْلُوَكُمْ فِيْ مَآ اٰتٰىكُمْ فَاسْتَبِقُوا الْخَيْرٰتِ ؕ اِلَى اللّٰهِ مَرْجِعُكُمْ جَمِيْعًا فَيُنَبِّئُكُمْ بِمَا كُنْتُمْ فِيْهِ تَخْتَلِفُوْنَ ۝۴۸

آیت نمبر ۴۸ واؤ عاطفہ اَنْزَلْنَا فعل نَا ضمیر فاعل اِلَيْكَ جار مجرور متعلق ہوئے اَلْكِتٰبَ ذوالحال بِالْحَقِّ جار مجرور ظرف مستقر مُتَلَبِّسًا کے متعلق ہو کر حال اوّل، مُصَدِّقًا اسم فاعل ھُوَ ضمیر مستتر فاعل لِّمَا جارہ ما موصولہ بَيْنَ يَدَيْهِ مرکب اضافی مفعول فیہ ہوا فعل محذوف ثَبَتَ کا، فعل با فاعل و مفعول فیہ صلہ، موصول با صلہ ذوالحال مِنَ الْكِتٰبِ جار مجرور كَائِنًا کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال با حال مجرور، جار مجرور مُصَدِّقًا کے متعلق ہوئے، اسم فاعل با فاعل و متعلق معطوف علیہ، واؤ عاطفہ مُهَيْمِنًا اسم فاعل ھُوَ ضمیر مستتر فاعل عَلَيْهِ جار مجرور متعلق، اسم فاعل با فاعل و متعلق معطوف، معطوف علیہ با معطوف اَلْكِتٰبَ کا حال ثانی، ذوالحال با حالین مفعول بہ، فعل با فاعل و متعلق و مفعول بہ جملہ فعلیہ معطوفہ ہوا۔

فَاحْكُمْ بَيْنَهُمْ اور اس کی شرط محذوف ہے اِذَا كَانَ الْاَمْرُ كَذٰلِكَ یا اِنْ سَئِلْتَ اَحْكُمْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل بَيْنَهُمْ مرکب اضافی مفعول فیہ بناء جاء ما موصولہ اَنْزَلَ اللّٰهُ فعل با فاعل صلہ، موصول با صلہ مجرور، جار مجرور اَحْكُمْ کے متعلق ہوئے، فعل با فاعل و مفعول فیہ و متعلق جزاء شرط محذوف با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔ واؤ عاطفہ لَا تَتَّبِعْ فعل نہی اَنْتَ ضمیر ذوالحال عَنْ جارہ ما موصولہ جَآءَ فعل ھُوَ مستتر ذوالحال مِنَ الْحَقِّ جار مجرور ظرف مستقر مُنْحَرِفًا کے متعلق ہو کر حال ذوالحال با حال فاعل اَهْوَآءَهُمْ مرکب اضافی مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ انشائیہ معطوفہ ہوا۔ لِكُلٍّ جارہ کُلٌّ اصل میں لِكُلِّ اُمَّةٍ ہے کُلٌّ مضاف اُمَّةٍ موصوف مِنْكُمْ جار مجرور ظرف مستقر كَائِنَةً کے متعلق ہو کر صفت، موصوف بصفت مضاف الیہ، مضاف با مضاف الیہ مجرور، جار مجرور متعلق مقدم جَعَلْنَا کے، جَعَلْنَا فعل نَا ضمیر فاعل شِرْعَةً وَّ مِنْهَاجًا معطوف علیہ با معطوف مفعول بہ، فعل با فاعل و متعلق و مفعول بہ جملہ فعلیہ ہوا۔

واؤ عاطفہ لَوْ شرطیہ شَآءَ فعل با اَللّٰهُ اسم الجلالہ فاعل شرط، لام تاکید یہ جَعَلَ فعل ھُوَ مستتر فاعل كُمْ ضمیر مفعول بہ اوّل اُمَّةً وَّاحِدَةً مرکب توصیفی ذوالحال واؤ عاطفہ لٰكِنْ استدراکیہ مہمل لام جارہ یَبْلُوَ فعل ھُوَ مستتر فاعل كُمْ ضمیر مفعول بہ فِيْ جارہ ما موصولہ اٰتٰى

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

فعل ھُوَ مستتر فاعل کُمْ ضمیر مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ صلہ، موصول باصلہ مجرور، جار باجرور یَبْلُوَکُمْ کے متعلق، فعل بافاعل ومفعول بہ ومتعلق جملہ فعلیہ بتاویل مصدر مجرور، جار باجرور متعلق ہوئے فعل محذوف اَرْشَادَ کے، اَرْشَادَ فعل باھُوَ فاعل ومتعلق حال، ذوالحال باحال جَمِیْعًا کا مفعول ثانی، فعل بافاعل ومفعولین جزاء شرط، جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

فَاسْتَبِقُوا الخیرات کی شرط محذوف ہے اِذَا کَانَ الْاَمْرُ کَذٰلِکَ، یہ اِنْ کُنْتُمْ فِیْ مَوْضِعِ الْاِخْتِبَارِ بِاسْتَبِقُوْا فعل امر واؤ ضمیر فاعل اَلْخَیْرَاتِ مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ جزاء، شرط محذوف باجزاء جملہ شرطیہ ہوا اِلَی اللّٰہِ جار باجرور ظرف مستقر کَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم، مَرْجِعُ مضاف کُمْ ضمیر ذوالحال، جَمِیْعًا حال، ذوالحال باحال مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ مبتدا موخر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ معطلہ ہوا۔

فَاُنَبِّئُکُمْ فعل ھُوَ مستتر فاعل کُمْ ضمیر مفعول بہ بآء جارہ مَا موصولہ کُنْتُمْ فعل ناقص تُمْ ضمیر اس کا اسم فِیْہِ جار باجرور متعلق مقدم تَخْتَلِفُوْنَ کے، تَخْتَلِفُوْنَ فعل بواؤ ضمیر فاعل ومتعلق مقدم خبر، فعل ناقص بااسم وخبر صلہ، موصول باصلہ مجرور، جار باجرور اُنَبِّئُ کے متعلق ہوئے، فعل بافاعل ومفعول بہ ومتعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوفہ ہوا۔

وَاَنِ احْكُمْ بَيْنَهُمْ بِمَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ وَلَا تَتَّبِعْ اَهْوَآءَهُمْ وَاحْذَرْهُمْ اَنْ يَّفْتِنُوْكَ عَنْۢ بَعْضِ مَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ اِلَيْكَ ۭ فَاِنْ تَوَلَّوْا فَاعْلَمْ اَنَّمَا يُرِيْدُ اللّٰهُ اَنْ يُّصِيْبَهُمْ بِبَعْضِ ذُنُوْبِهِمْ ۭ وَاِنَّ كَثِيْرًا مِّنَ النَّاسِ لَفٰسِقُوْنَ ۝

آیت نمبر ۴۹ واؤ استینافیہ اَنِ حرف مصدری ونصب اُحْکُمْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل بَیْنَھُمْ مرکب اضافی مفعول فیہ بآء جارہ مَا اسم موصول اَنْزَلَ فعل اَللّٰہُ اسم الجلالہ فاعل سے مل کر صلہ، موصول باصلہ مجرور، جار باجرور اُحْکُمْ کے متعلق ہوئے، فعل بافاعل ومفعول فیہ ومتعلق معطوف علیہ واؤ عاطفہ لَا تَتَّبِعْ فعل نہی اَنْتَ مستتر فاعل اَھْوَآءَھُمْ مرکب اضافی مفعول بہ سے مل کر جملہ انشائیہ معطوف اوّل واؤ عاطفہ اِحْذَرْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل ھُمْ ضمیر مفعول بہ اَنْ حرف مصدری ونصب یَفْتِنُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل کَ ضمیر مفعول بہ عَنْ حرف جار بَعْضِ مضاف مَا اسم موصول اَنْزَلَ فعل اَللّٰہُ اسم الجلالہ فاعل اِلَیْکَ متعلق سے مل کر صلہ، موصول باصلہ بَعْضِ کا مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ مجرور، جار باجرور یَفْتِنُوْا کے متعلق ہوئے، فعل بافاعل ومفعول بہ ومتعلق بتاویل مصدر منصوب بنزع الخافض اور یہ اصل میں عَنْ اَنْ ... الخ ہے جار باجرور اِحْذَرْ کے متعلق ہوئے، فعل بافاعل ومفعول بہ ومتعلق جملہ انشائیہ معطوف ثانی معطوف علیہ یا معطوفین بتاویل مصدر فعل محذوف وَضَیَّعْنَا کا مفعول بہ ثانی ہے۔

فَاِنْ استینافیہ اِنْ حرف شرط تَوَلَّوْا فعل بواؤ ضمیر فاعل شرط، فَاعْلَمْ جزائیہ اِعْلَمْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل اَنَّ کو قائم مقام کافہ یُرِیْدُ فعل اَللّٰہُ اسم الجلالہ فاعل اَنْ حرف مصدری ونصب یُصِیْبَ فعل ھُوَ مستتر فاعل ھُمْ ضمیر مفعول بہ بآء جارہ بَعْضِ ذُنُوْبِھِمْ مرکب اضافی مجرور، جار باجرور یُرِیْدُ کے متعلق ہوئے، فعل بافاعل ومفعول بہ ومتعلق اِعْلَمْ کے دو مفعول کے قائم مقام، فعل بافاعل ومفعولین جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔ واؤ استینافیہ اِنَّ حرف تحقیق کَثِیْرًا موصوف مِنَ النَّاسِ ظرف مستقر کَائِنًا کے متعلق ہو کر صفت، موصول باصفت اسم لَامہ لحقہ فَاسِقُوْنَ اسم فاعل ھُمْ مستتر فاعل سے مل کر شبہ جملہ خبر، اِنَّ بااسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

أَفَحُكْمَ الْجَاهِلِيَّةِ يَبْغُونَ ۚ وَمَنْ أَحْسَنُ مِنَ اللَّهِ حُكْمًا لِّقَوْمٍ يُوقِنُونَ ﴿٥٠﴾

آیت نمبر ۵۰ اَفَ ہمزہ حرف استفہام فَاء عاطفہ اور معطوف علیہ محذوف ہے یَتَوَلَّوْنَ عَنْ حُكْمِكَ، فعل بافاعل و متعلق جملہ انشائیہ معطوف علیہ یَبْغُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل حُكْمَ الْجَاهِلِيَّةِ مرکب اضافی مفعول بہ مقدم، فعل بافاعل و مفعول بہ مقدم معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ مستانفہ انشائیہ ہوا واؤ استینافیہ مَنْ اسم استفہام مبتدا اَحْسَنُ اسم تفضیل هُوَ مستتر فاعل مِنَ اللّٰهِ ظرف لغو متعلق ہوئے، حُكْمًا تمیز لام بمعنی عِنْدَ، قَوْمٍ يُوْقِنُوْنَ مرکب توصیفی لفظاً مجرور معنیً مضاف الیہ، پھر اَحْسَنُ کے متعلق ہوئے، اسم تفضیل با فاعل و تمیز و متعلقین شبہ جملہ خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ انشائیہ مستانفہ ہوا۔

❁ رکوع نمبر ۸ ❁

يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا لَا تَتَّخِذُوا الْيَهُودَ وَالنَّصَارَىٰ أَوْلِيَاءَ ۘ بَعْضُهُمْ أَوْلِيَاءُ بَعْضٍ ۚ وَمَنْ يَتَوَلَّهُمْ مِنْكُمْ فَإِنَّهُ مِنْهُمْ ۗ إِنَّ اللَّهَ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الظَّالِمِينَ ﴿٥١﴾

آیت نمبر ۵۱ اَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا کی ترکیب متعدد بار گزر چکی ہے، ادات ندا ہے لَا تَتَّخِذُوْا فعل نہی، واؤ ضمیر فاعل اَلْيَهُوْدَ وَالنَّصَارٰى معطوف علیہ با معطوف مفعول بہ اول، اَوْلِيَآءَ موصوف بَعْضُهُمْ مرکب اضافی مبتدا اَوْلِيَآءُ بَعْضٍ مرکب اضافی خبر، مبتدا با خبر صفت، موصوف با صفت مفعول بہ ثانی، فعل با فاعل و مفعولین جملہ انشائیہ نداء کا جواب، ندا با جواب ندا جملہ ندائیہ ہوا واؤ استینافیہ مَنْ اسم شرط مبتدا يَتَوَلَّ فعل هُوَ مستتر ذوالحال مِنْكُمْ ظرف مستقر كَائِنًا کے متعلق ہو کر ذوالحال با حال فَاِنَّهٗ ضمیر مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ شرط، فَاء جزائیہ اِنَّ حرف تحقیق هٗ ضمیر اس کا اسم مِنْهُمْ ظرف مستقر كَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر اِنَّ با اسم و خبر جزاء، شرط با جزاء مَنْ کی خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا اِنَّ حرف تحقیق اَللّٰهَ اسم الجلالہ اس کا اسم لَا يَهْدِي فعل هُوَ مستتر فاعل اَلْقَوْمَ الظّٰلِمِيْنَ مرکب توصیفی مفعول بہ سے مل کر خبر اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ معطلہ ہوا۔

فَتَرَى الَّذِينَ فِي قُلُوبِهِم مَّرَضٌ يُسَارِعُونَ فِيهِمْ يَقُولُونَ نَخْشَىٰ أَن تُصِيبَنَا دَائِرَةٌ ۚ فَعَسَى اللَّهُ أَن يَأْتِيَ بِالْفَتْحِ أَوْ أَمْرٍ مِّنْ عِندِهِ فَيُصْبِحُوا عَلَىٰ مَا أَسَرُّوا فِي أَنفُسِهِمْ نَادِمِينَ ﴿٥٢﴾

آیت نمبر ۵۲ فَاء عاطفہ تَرَى فعل اَنْتَ مستتر فاعل اَلَّذِيْنَ اسم موصول فِيْ قُلُوْبِهِمْ ظرف مستقر كَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم مَّرَضٌ مبتدا مؤخر، مبتدا با خبر صلہ، موصول با صلہ مفعول بہ اول يُسَارِعُوْنَ فعل واؤ ضمیر ذوالحال يَقُوْلُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر قول، نَخْشٰى فعل نَحْنُ مستتر فاعل اَنْ حرف مصدری وَنَصْبُ فعل نَا ضمیر مفعول بہ دَآئِرَةٌ فاعل سے مل کر تاویل مصدر نَخْشٰى کا مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ مقولہ، قول با مقولہ حال، ذوالحال با حال يُسَارِعُوْنَ کا فاعل فِيْهِمْ ظرف لغو متعلق ہوئے، فعل با فاعل و متعلق محلاً منصوب تَرٰى کا مفعول بہ ثانی، فعل با فاعل و مفعولین جملہ معطوفہ ہوا۔

فَاء استینافیہ عَسٰى فعل مقارب اَللّٰهُ اسم الجلالہ اس کا اسم اَنْ حرف مصدری وَنَصْبُ يَاْتِيَ فعل هُوَ مستتر فاعل بِاء حرف جار اَلْفَتْحِ

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

معطوف علیہ ہاؤ حرف عاطفہ اَمْرٍ موصوف مِنْ عِنْدِهٖ ظرف مستقر کَائِنٌ کے متعلق ہو کر صفت، موصوف باصفت معطوف معطوف علیہ بامعطوف مجرور، جار بامجرور یَاْتِیَ کے متعلق ہوئے، فعل بافاعل و متعلق معطوف علیہ، فاء عاطفہ یُصْبِحُوْا فعل ناقص واؤ ضمیر اس کا اسم عَلٰی حرف جار مَا اسم موصول اَسَرُّوْا فعل واؤ ضمیر فاعل فِیْ اَنْفُسِهِمْ متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ صلہ، موصول باصلہ مجرور، جار بامجرور متعلق مقدم نٰدِمِیْنَ اسم ناقص شَیْءٌ مستتر فاعل و متعلق مقدم سے مل کر خبر، فعل ناقص با اسم و خبر معطوف، معطوف علیہ بامعطوف بتاویل مصدر عَلٰی کی خبر، عَسٰی با اسم و خبر جملہ انشائیہ مستانفہ ہوا۔

وَ يَقُوْلُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اَهٰٓؤُلَآءِ الَّذِيْنَ اَقْسَمُوْا بِاللّٰهِ جَهْدَ اَيْمَانِهِمْ ۙ اِنَّهُمْ لَمَعَكُمْ ؕ حَبِطَتْ اَعْمَالُهُمْ فَاَصْبَحُوْا خٰسِرِيْنَ ۝

آیت نمبر ۵۳: واؤ استینافیہ یَقُوْلُ فعل الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا موصول باصلہ فاعل، فعل بافاعل قول ہوا، ہمزہ حرف استفہام ہٰٓؤُلَآءِ اسم اشارہ مبتدا الَّذِیْنَ اسم موصول اَقْسَمُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل باصلہ جَهْدَ اَیْمَانِهِمْ مرکب اضافی اسم فاعل کے معنی میں ہو کر حال، ذوالحال باحال فاعل بِاللّٰهِ ظرف لغو متعلق ہوئے، فعل بافاعل و متعلق صلہ، موصول باصلہ خبر، مبتدا بخبر مقولہ، قول بامقولہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ حَبِطَتْ فعل اَعْمَالُهُمْ مرکب اضافی فاعل سے مل کر معطوف علیہ، فاء عاطفہ اَصْبَحُوْا فعل ناقص واؤ ضمیر اسم خٰسِرِیْنَ خبر سے مل کر معطوف، معطوف علیہ بامعطوف جملہ مستانفہ ہوا۔

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مَنْ يَّرْتَدَّ مِنْكُمْ عَنْ دِيْنِهٖ فَسَوْفَ يَاْتِي اللّٰهُ بِقَوْمٍ يُّحِبُّهُمْ وَ يُحِبُّوْنَهٗٓ ۙ اَذِلَّةٍ عَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ اَعِزَّةٍ عَلَى الْكٰفِرِيْنَ ۫ يُجَاهِدُوْنَ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَ لَا يَخَافُوْنَ لَوْمَةَ لَآئِمٍ ؕ ذٰلِكَ فَضْلُ اللّٰهِ يُؤْتِيْهِ مَنْ يَّشَآءُ ؕ وَ اللّٰهُ وَاسِعٌ عَلِيْمٌ ۝

آیت نمبر ۵۴: یٰٓاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا کی ترکیب متعدد بار گزر چکی ہے اور یہ نداء ہے مَنْ اسم شرط مبتدا یَّرْتَدَّ فعل هُوَ مستتر ذوالحال مِنْكُمْ ظرف مستقر کَائِنًا کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال باحال فاعل عَنْ دِیْنِهٖ ظرف لغو متعلق ہوئے، فعل بافاعل و متعلق جملہ فعلیہ شرط، فاء جزائیہ سَوْفَ علامت فعل یَاْتِی فعل اَللّٰهُ اسم الجلالہ فاعل بَاء حرف جار قَوْمٍ موصوف یُحِبُّ فعل هُوَ مستتر فاعل هُمْ مفعول بہ سے مل کر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ یُحِبُّوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل ہٗ ضمیر مفعول بہ سے مل کر معطوف، معطوف علیہ بامعطوف قَوْمٍ کی صفت اولیٰ، اَذِلَّةٍ صیغہ صفت هُمْ مستتر فاعل عَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ متعلق سے مل کر شبہ جملہ صفت ثانیہ اَعِزَّةٍ صیغہ صفت مشبہ هُمْ مستتر فاعل عَلَى الْكٰفِرِيْنَ متعلق سے مل کر شبہ جملہ صفت ثالثہ یُجَاهِدُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل فِیْ سَبِیْلِ اللّٰهِ متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ معطوف علیہ واؤ عاطفہ لَا یَخَافُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل لَوْمَةَ لَآئِمٍ مرکب اضافی مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف صفت رابعہ، موصوف باصفات اربعہ مجرور، جار بامجرور یَاْتِی کے متعلق ہوئے، فعل بافاعل و متعلق جملہ فعلیہ جزاء، شرط باجزاء مَنْ کی خبر، مبتدا بخبر نداء کا جواب، نداء باجواب نداء جملہ ندائیہ ہوا۔

ذٰلِكَ اسم اشارہ مبتدا، فَضْلُ اللّٰهِ مرکب اضافی خبر اول یُؤْتِیْ فعل هُوَ مستتر فاعل ہٖ ضمیر مفعول بہ اول، مَنْ یَّشَآءُ موصول

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

باصلہ مفعول بہ ثانی، فعل با فاعل و مفعولین خبر اولیٰ، مبتدا با خبرین جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ واؤ استینافیہ اَللّٰہُ اسم الجلالہ مبتدا، وَاسِعٌ عَلِیْمٌ دو خبر، مبتدا با خبرین جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

اِنَّمَا وَلِیُّکُمُ اللّٰہُ وَ رَسُوْلُہٗ وَ الَّذِیْنَ اٰمَنُوا الَّذِیْنَ یُقِیْمُوْنَ الصَّلٰوۃَ وَ یُؤْتُوْنَ الزَّکٰوۃَ وَ ھُمْ رٰکِعُوْنَ ﴿۵۵﴾

آیت نمبر ۵۵ اِنَّ حرف مَا کافہ وَلِیُّکُمْ مرکب اضافی مبتدا اَللّٰہُ اسم الجلالہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ رَسُوْلُہٗ مرکب اضافی معطوف اوّل، واؤ عاطفہ اَلَّذِیْنَ اٰمَنُوْا موصول باصلہ مبدل منہ اَلَّذِیْنَ اسم موصول یُقِیْمُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل اَلصَّلٰوۃَ مفعول بہ سے مل کر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ یُؤْتُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل اَلزَّکٰوۃَ مفعول بہ سے مل کر معطوف اوّل، واؤ عاطفہ ھُمْ ضمیر مبتدا رٰکِعُوْنَ اسم فاعل ھُمْ مستتر فاعل سے مل کر خبر، مبتدا با خبر معطوف ثانی، معطوف علیہ یا معطوف اَلَّذِیْنَ کا صلہ، موصول باصلہ بدل، مبدل منہ یا اوّل معطوف ثانی، معطوف علیہ یا معطوفین خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

وَمَنْ یَّتَوَلَّ اللّٰہَ وَرَسُوْلَہٗ وَالَّذِیْنَ اٰمَنُوْا فَاِنَّ حِزْبَ اللّٰہِ ھُمُ الْغٰلِبُوْنَ ﴿۵۶﴾

آیت نمبر ۵۶ واؤ استینافیہ مَنْ اسم شرط مبتدا یَتَوَلَّ فعل ھُوَ مستتر فاعل اَللّٰہَ اسم الجلالہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ رَسُوْلَہٗ مرکب اضافی معطوف اوّل، واؤ عاطفہ اَلَّذِیْنَ اٰمَنُوْا موصول باصلہ معطوف علیٰ معطوف علیہ یا معطوفین مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ شرط، فاء جزائیہ اِنَّ حرف تحقیق حِزْبَ اللّٰہِ مرکب اضافی اس کا اسم ھُمْ ضمیر فصل اَلْغَالِبُوْنَ خبر، اِنَّ با اسم و خبر جزاء، شرط با جزاء مَنْ کی خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ مستانفہ ہوا۔

❁ رکوع نمبر ۹ ❁

یٰٓاَیُّھَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا لَا تَتَّخِذُوا الَّذِیْنَ اتَّخَذُوْا دِیْنَکُمْ ھُزُوًا وَّ لَعِبًا مِّنَ الَّذِیْنَ اُوْتُوا الْکِتٰبَ مِنْ قَبْلِکُمْ وَالْکُفَّارَ اَوْلِیَآءَ ۚ وَاتَّقُوا اللّٰہَ اِنْ کُنْتُمْ مُّؤْمِنِیْنَ ﴿۵۷﴾

آیت نمبر ۵۷ یٰٓاَیُّھَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا کی ترکیب متعدد بار گزر چکی ہے اور یہ ندا ہے لَا تَتَّخِذُوْا فعل نہی واؤ ضمیر فاعل اَلَّذِیْنَ اسم موصول اِتَّخَذُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل دِیْنَکُمْ مرکب اضافی مفعول بہ اوّل ھُزُوًا وَّلَعِبًا معطوف علیہ با معطوف مفعول ثانی، فعل با فاعل و مفعولین صلہ، موصول باصلہ ذوالحال مِنَ حرف جار اَلَّذِیْنَ اسم موصول اُوْتُوا فعل مجہول واؤ ضمیر نائب فاعل اَلْکِتٰبَ مفعول بہ مِنْ قَبْلِکُمْ متعلق سے مل کر صلہ، موصول باصلہ مجرور، جار با مجرور ظرف مستقر یَتَّخِذُوْنَ کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال با حال معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اَلْکُفَّارَ معطوف، معطوف علیہ یا معطوف لَا تَتَّخِذُوْا کا مفعول بہ اوّل اَوْلِیَآءَ مفعول ثانی، فعل با فاعل و مفعولین جملہ انشائیہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اتَّقُوْا فعل امر واؤ ضمیر فاعل اَللّٰہَ اسم الجلالہ مفعول بہ سے مل کر دال بر جزاء اِنْ حرف شرط کُنْتُمْ فعل ناقص ضمیر اس کا اسم مُّؤْمِنِیْنَ اسم فاعل کُنْتُمْ مستتر فاعل سے مل کر خبر، فعل ناقص با اسم و خبر شرط مؤخر، شرط دال بر جزاء سے مل کر معطوف علیہ یا معطوف ندا کا جواب، ندا با جواب جملہ ندائیہ ہوا۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

وَاِذَا نَادَيْتُمْ اِلَى الصَّلٰوةِ اتَّخَذُوْهَا هُزُوًا وَّلَعِبًا ؕ ذٰلِكَ بِاَنَّهُمْ قَوْمٌ لَّا يَعْقِلُوْنَ ﴿۵۸﴾

آیت نمبر ۵۸: واؤ عاطفہ اِذَا شرطیہ مفعول فیہ مقدم نَادَيْتُمْ فعل تُمْ ضمیر فاعل اِلَى الصَّلٰوةِ متعلق سے مل کر شرط اِتَّخَذُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل هَا ضمیر مفعول بہ اوّل هُزُوًا وَّلَعِبًا معطوف علیہ یا معطوف مفعول ثانی، فعل بافاعل ومفعولین جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ اِتَّخَذُوْا پر معطوف ہے ذٰلِكَ اسم اشارہ مبتدا باء حرف جار اَنَّ حرف تحقیق هُمْ ضمیر اس کا اسم قَوْمٌ موصوف لَّا يَعْقِلُوْنَ فعل یا واؤ ضمیر فاعل صفت، موصوف بصفت خبر اَنَّ با اسم وخبر بتاویل مفرد مجرور، جار ا مجرور ظرف مستقر كَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر، مبتدا خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

قُلْ يٰۤاَهْلَ الْكِتٰبِ هَلْ تَنْقِمُوْنَ مِنَّاۤ اِلَّاۤ اَنْ اٰمَنَّا بِاللّٰهِ وَمَاۤ اُنْزِلَ اِلَيْنَا وَمَاۤ اُنْزِلَ مِنْ قَبْلُ ۙ وَاَنَّ اَكْثَرَكُمْ فٰسِقُوْنَ ﴿۵۹﴾

آیت نمبر ۵۹: قُلْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل سے مل کر قول، یٰۤ اَهْلَ حرف ندا اَدْعُوْ کے قائم مقام، اَدْعُوْ فعل اَنَا مستتر فاعل اَهْلَ الْكِتٰبِ منادیٰ مضاف مفعول بہ، فعل با فاعل ومفعول بہ جملہ انشائیہ ندائیہ ہوا هَلْ حرف استفہام انکاری تَنْقِمُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل مِنَّاۤ ظرف لغو متعلق ہوئے با اِلَّاۤ حرف استثناء اَنْ حرف مصدری ونصب اٰمَنَّا فعل نَا ضمیر فاعل باء حرف جار اللّٰهِ اسم الجلالہ معطوف علیہ واؤ عاطفہ مَا اسم موصول اُنْزِلَ فعل مجہول هُوَ مستتر نائب فاعل اِلَيْنَا متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ صلہ، موصول باصلہ معطوف اوّل واؤ عاطفہ مَا اسم موصول اُنْزِلَ فعل مجہول هُوَ مستتر نائب فاعل مِنْ قَبْلُ متعلق سے مل کر صلہ، موصول باصلہ معطوف ثانی، واؤ عاطفہ اَنَّ حرف تحقیق اَكْثَرَكُمْ مرکب اضافی اسم فٰسِقُوْنَ خبر اَنَّ با اسم وخبر بتاویل مفرد معطوف ثالث، معطوف علیہ یا معطوفات ثلاثہ مجرور، جار ا مجرور اٰمَنَّا کے متعلق ہوئے، فعل با فاعل ومتعلق بتاویل مصدر مستثنیٰ مفرغ مفعول بہ، فعل بافاعل ومتعلق ومفعول بہ جملہ انشائیہ ندا کا جواب، ندا با جواب ندا جملہ انشائیہ ندائیہ ہو کر مقول، قول با مقول جملہ انشائیہ امریہ ہوا۔

قُلْ هَلْ اُنَبِّئُكُمْ بِشَرٍّ مِّنْ ذٰلِكَ مَثُوْبَةً عِنْدَ اللّٰهِ ؕ مَنْ لَّعَنَهُ اللّٰهُ وَغَضِبَ عَلَيْهِ وَجَعَلَ مِنْهُمُ الْقِرَدَةَ وَالْخَنَازِيْرَ وَعَبَدَ الطَّاغُوْتَ ؕ اُولٰٓئِكَ شَرٌّ مَّكَانًا وَّاَضَلُّ عَنْ سَوَآءِ السَّبِيْلِ ﴿۶۰﴾

آیت نمبر ۶۰: قُلْ فعل امر اَنْتَ مستتر سے مل کر قول، هَلْ حرف استفہام اُنَبِّئُ فعل اَنَا مستتر فاعل كُمْ ضمیر مفعول بہ باء جارہ شَرٍّ اسم تفضیل هُوَ مستتر فاعل مِنْ ذٰلِكَ متعلق مَثُوْبَةً تمیز سے مل کر مجرور، جار ا مجرور موصوف عِنْدَ اللّٰهِ مرکب اضافی كَائِنٌ کا مفعول فیہ ہو کر صفت، موصوف باصفت مجرور، جار ا مجرور اُنَبِّئُ کے متعلق ہوئے، فعل با فاعل ومفعول بہ ومتعلق جملہ انشائیہ مقولہ، قول با مقولہ جملہ انشائیہ ہوا۔ مَنْ اسم موصول لَعَنَ فعل هُ ضمیر مفعول بہ، اَللّٰهُ اسم الجلالہ فاعل سے مل کر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ غَضِبَ فعل هُوَ مستتر فاعل عَلَيْهِ متعلق سے مل کر معطوف اوّل، واؤ عاطفہ جَعَلَ فعل هُوَ مستتر فاعل مِنْهُمُ ظرف مستقر لغو منصوب مفعول بہ اوّل الْقِرَدَةَ وَالْخَنَازِيْرَ معطوف علیہ یا معطوف مفعول بہ ثانی، فعل با فاعل ومفعولین معطوف ثانی، واؤ عاطفہ عَبَدَ فعل هُوَ مستتر فاعل الطَّاغُوْتَ

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

مفعول بہ سے مل کر معطوف ثالث، معطوف علیہ با معطوفات ثلاثہ صلہ خبر ہے مبتدا محذوف ھُوَ کی، یا ھُمْ سے بدل ہے۔ اُولٰٓئِکَ اسم اشارہ مبتدا، شَرٌّ اسم تفضیل ھُمْ مستتر فاعل مَکَانًا تمیز سے مل کر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اَضَلُّ اسم تفضیل ھُمْ مستتر فاعل عَنْ حرف جار سَوَآءِ السَّبِیْلِ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے، اسم تفضیل با فاعل و متعلق شبہ جملہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

وَ اِذَا جَآءُوْكُمْ قَالُوْٓا اٰمَنَّا وَ قَدْ دَّخَلُوْا بِالْكُفْرِ وَ هُمْ قَدْ خَرَجُوْا بِهٖ ؕ وَ اللّٰهُ اَعْلَمُ بِمَا كَانُوْا یَكْتُمُوْنَ ﴿۶۱﴾

آیت نمبر ۶۱ واؤ استیناف اِذَا شرطیہ مضاف فیہ مقدم جَآءُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل کُمْ ضمیر مفعول بہ سے مل کر شرط، قَالُوْا فعل واؤ ضمیر ذوالحال واؤ حالیہ قَدْ علامت فعل دَخَلُوْا فعل واؤ ضمیر ذوالحال بِالْکُفْرِ ظرف مستقر مُتَلَبِّسِیْنَ کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال با حال فاعل، فعل با فاعل جملہ فعلیہ حال اولیٰ، واؤ حالیہ ھُمْ ضمیر مبتدا قَدْ حرف تحقیق خَرَجُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل بِهٖ متعلق سے مل کر خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ حال دوم ذوالحال با حالین قَالُوْا کا فاعل، فعل با فاعل قول اٰمَنَّا فعل نَا ضمیر فاعل سے مل کر مقولہ، مقول با مقولہ جزاء شرط با جزاء جملہ شرطیہ مستانفہ ہوا۔ واؤ استیناف اِنَّ حرف مشبہ بالفعل اللّٰهُ مبتدا اَعْلَمُ اسم تفضیل هُوَ مستتر فاعل بِمَا جملہ ما اسم موصول كَانُوْا فعل ناقص واؤ ضمیر اسم یَكْتُمُوْنَ فعل با واؤ ضمیر فاعل خبر، فعل ناقص با اسم و خبر صلہ، موصول با صلہ مجرور، جار با مجرور متعلق با اسم تفضیل با فاعل و متعلق خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

وَ تَرٰى كَثِیْرًا مِّنْهُمْ یُسَارِعُوْنَ فِی الْاِثْمِ وَ الْعُدْوَانِ وَ اَكْلِهِمُ السُّحْتَ ؕ لَبِئْسَ مَا كَانُوْا یَعْمَلُوْنَ ﴿۶۲﴾

آیت نمبر ۶۲ واؤ استیناف تَرٰی فعل اَنْتَ مستتر فاعل کَثِیْرًا موصوف مِنْهُمْ ظرف مستقر کَائِنًا کے متعلق ہو کر صفت، موصوف با صفت مفعول بہ اول یُسَارِعُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل فِی حرف جار اَلْاِثْمِ مجرور معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اَلْعُدْوَانِ معطوف اول، واؤ عاطفہ اَکْلِ مصدر مضاف ہِمْ ضمیر مضاف الیہ معنی فاعل اَلسُّحْتَ مفعول بہ مصدر اپنے مضاف الیہ معنی فاعل و مفعول بہ سے مل کر معطوف ثانی، معطوف علیہ با معطوفین مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل با فاعل و متعلق جملہ فعلیہ تَرٰی کا مفعول بہ ثانی، فعل با فاعل و مفعولین جملہ فعلیہ مستانفہ ہوا۔ لَام موطئہ للقسم ابن قسم محذوف ہے بِئْسَ فعل الذم مَا اسم موصول كَانُوْا فعل ناقص واؤ ضمیر اس کا اسم یَعْمَلُوْنَ فعل با واؤ ضمیر فاعل خبر، فعل ناقص با اسم و خبر صلہ، موصول با صلہ بِئْسَ کا فاعل، فعل با فاعل خبر مبتدا مخصوص بالذم محذوف ہے عَمَلُهُمْ، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

لَوْ لَا یَنْهٰىهُمُ الرَّبّٰنِیُّوْنَ وَ الْاَحْبَارُ عَنْ قَوْلِهِمُ الْاِثْمَ وَ اَكْلِهِمُ السُّحْتَ ؕ لَبِئْسَ مَا كَانُوْا یَصْنَعُوْنَ ﴿۶۳﴾

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

آیت نمبر ۶۳: لَوْلَا تحضیضیہ یَنْهٰهُمُ فعل هُمْ ضمیر مفعول بہ اَلرَّبَّانِيُّوْنَ وَالْاَحْبَارُ معطوف علیہ با معطوف فاعل عَنْ جارہ قَوْلِهِمُ مصدر مضاف هِمْ ضمیر مضاف الیہ معنیٰ فاعل اَلْاِثْمَ مفعول بہ سے مل کر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اَكْلِهِمُ مصدر مضاف هِمْ ضمیر مضاف الیہ معنیٰ فاعل اَلسُّحْتَ مفعول بہ سے مل کر معطوف، معطوف علیہ با معطوف مجرور، جار با مجرور یَنْهٰهُمْ کے متعلق ہوئے، فعل با فاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ لَبِئْسَ مَا كَانُوْا يَصْنَعُوْنَ کی ترکیب لَبِئْسَ مَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ کی مثل ہے دیکھئے آیت نمبر ۶۲ میں۔

وَقَالَتِ الْيَهُوْدُ يَدُ اللّٰهِ مَغْلُوْلَةٌ ۚ غُلَّتْ اَيْدِيْهِمْ وَلُعِنُوْا بِمَا قَالُوْا ۘ بَلْ يَدٰهُ مَبْسُوْطَتٰنِ ۙ يُنْفِقُ كَيْفَ يَشَآءُ ۭ وَلَيَزِيْدَنَّ كَثِيْرًا مِّنْهُمْ مَّآ اُنْزِلَ اِلَيْكَ مِنْ رَّبِّكَ طُغْيَانًا وَّكُفْرًا ۭ وَاَلْقَيْنَا بَيْنَهُمُ الْعَدَاوَةَ وَالْبَغْضَاۗءَ اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ ۭ كُلَّمَآ اَوْقَدُوْا نَارًا لِّلْحَرْبِ اَطْفَاَهَا اللّٰهُ ۙ وَيَسْعَوْنَ فِي الْاَرْضِ فَسَادًا ۭ وَاللّٰهُ لَا يُحِبُّ الْمُفْسِدِيْنَ ۝

آیت نمبر ۶۴: واؤ استینافیہ قَالَتْ فعل اَلْيَهُوْدُ فاعل سے مل کر قول يَدُ اللّٰهِ مرکب اضافی مبتدا، مَغْلُوْلَةٌ اسم مفعول بمعنی مستتر نائب فاعل سے مل کر خبر، مبتدا با خبر مقولہ، قول با مقولہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ غُلَّتْ فعل مجہول اَيْدِيْهِمْ مرکب اضافی نائب فاعل سے مل کر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لُعِنُوْا فعل مجہول واؤ ضمیر نائب فاعل بِمَا حرف جار مَا مصدریہ قَالُوْا فعل با واؤ ضمیر فاعل بتاویل مصدر مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل مجہول با نائب فاعل و متعلق معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ معطوفہ دعائیہ ہوا۔ بَلْ حرف عطف و اضراب يَدٰهُ مرکب اضافی مبتدا، مَبْسُوْطَتٰنِ اسم مفعول هُمَا مستتر نائب فاعل سے مل کر شبہ جملہ خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

يُنْفِقُ فعل هُوَ مستتر فاعل سے مل کر جزاء مقدم كَيْفَ شرطیہ كَائِنًا کا مفعول فیہ ہو کر حال مقدم يَشَآءُ فعل هُوَ مستتر ذوالحال مؤخر، ذوالحال با حال فاعل، فعل با فاعل شرط مؤخر، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔ واؤ استینافیہ لَام موطئہ القسم اور قسم محذوف ہے يَزِيْدَنَّ فعل كَثِيْرًا موصوف مِنْهُمْ حرف مستقر كَائِنًا کے متعلق ہو کر صفت، موصوف با صفت مفعول بہ اوّل طُغْيَانًا وَّكُفْرًا معطوف علیہ با معطوف مفعول ثانی، مَا اسم موصول اُنْزِلَ فعل مجہول هُوَ مستتر نائب فاعل اِلَيْكَ متعلق اوّل مِنْ رَّبِّكَ متعلق ثانی سے مل کر صلہ، موصول با صلہ يَزِيْدَنَّ کا فاعل، فعل با فاعل و مفعولین قسم کا جواب، قسم با جواب قسم جملہ انشائیہ قسمیہ ہوا۔

واؤ استینافیہ اَلْقَيْنَا فعل نَا ضمیر فاعل اَلْعَدَاوَةَ وَالْبَغْضَاۗءَ معطوف علیہ با معطوف ذوالحال اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ ظرف مستقر كَائِنِيْنَ کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال با حال مفعول بہ بَيْنَهُمُ مرکب اضافی مفعول فیہ، فعل با فاعل و مفعول بہ و مفعول فیہ جملہ مستانفہ ہوا۔ كُلَّمَا حرف زمان متضمن معنی شرط مفعول فیہ مقدم اَوْقَدُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل نَارًا مفعول بہ لِلْحَرْبِ متعلق سے مل کر شرط اَطْفَاَهَا فعل هَا ضمیر مفعول بہ اَللّٰهُ اسم الجلالہ فاعل سے مل کر جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔ واؤ عاطفہ يَسْعَوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل فِي الْاَرْضِ متعلق فَسَادًا مفعول لہ سے مل کر جملہ فعلیہ معطوفہ ہوا۔ واؤ استینافیہ اَللّٰهُ اسم الجلالہ مبتدا لَا يُحِبُّ فعل هُوَ مستتر با فاعل اَلْمُفْسِدِيْنَ مفعول بہ سے مل کر خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

وَلَوْ اَنَّ اَهْلَ الْكِتٰبِ اٰمَنُوْا وَاتَّقَوْا لَكَفَّرْنَا عَنْهُمْ سَيِّاٰتِهِمْ وَلَاَدْخَلْنٰهُمْ جَنّٰتِ النَّعِيْمِ ﴿۶۵﴾

آیت نمبر ۶۵ واؤ استیناف لَوْ حرف شرط اَنَّ حرف تحقیق اَهْلَ الْكِتٰبِ مرکب اضافی اس کا اسم اٰمَنُوْا فعل یا واؤ ضمیر فاعل معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اتَّقَوْا فعل یا واؤ ضمیر فاعل معطوف، پھر معطوف علیہ با معطوف خبر اَنَّ با اسم و خبر تاویل مفرد فاعل ہوا، فعل محذوف ثَبَتَ کا، فعل با فاعل جملہ فعلیہ شرط، لام جوابیہ كَفَّرْنَا فعل نَا ضمیر فاعل عَنْهُمْ متعلق سَيِّاٰتِهِمْ مرکب اضافی مفعول بہ سے مل کر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لام جوابیہ اَدْخَلْنَا فعل نَا ضمیر فاعل هُمْ ضمیر مفعول بہ اوّل جَنّٰتِ النَّعِيْمِ مرکب اضافی مفعول بہ ثانی فعل با فاعل و مفعولین جملہ فعلیہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ مستانفہ ہوا۔

وَلَوْ اَنَّهُمْ اَقَامُوا التَّوْرٰىةَ وَالْاِنْجِيْلَ وَمَآ اُنْزِلَ اِلَيْهِمْ مِّنْ رَّبِّهِمْ لَاَكَلُوْا مِنْ فَوْقِهِمْ وَمِنْ تَحْتِ اَرْجُلِهِمْ ؕ مِنْهُمْ اُمَّةٌ مُّقْتَصِدَةٌ ؕ وَكَثِيْرٌ مِّنْهُمْ سَآءَ مَا يَعْمَلُوْنَ ﴿۶۶﴾

آیت نمبر ۶۶ واؤ استیناف لَوْ حرف شرط اَنَّ حرف تحقیق هُمْ ضمیر اس کا اسم اَقَامُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل اَلتَّوْرٰىةَ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اَلْاِنْجِيْلَ معطوف اوّل، واؤ عاطفہ مَا اسم موصول اُنْزِلَ فعل مجہول هُوَ مستتر نائب فاعل اِلَيْهِمْ متعلق سے مل کر صلہ، موصول با صلہ ذوالحال مِنْ رَّبِّهِمْ ظرف مستقر كَائِنًا کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال با حال معطوف ثانی معطوف علیہ با معطوفین اَقَامُوْا کا مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبر اَنَّ با اسم و خبر تاویل مفرد فعل محذوف ثَبَتَ کا فاعل، فعل با فاعل جملہ فعلیہ شرط، لام جوابیہ اَكَلُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل مِنْ فَوْقِهِمْ جار با مجرور معطوف علیہ، واؤ عاطفہ مِنْ جارہ تَحْتِ اَرْجُلِهِمْ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور معطوف، معطوف علیہ با معطوف اَكَلُوْا کے متعلق ہوئے، فعل با فاعل و متعلق جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

مِنْهُمْ ظرف مستقر كَائِنَةٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم اُمَّةٌ مُّقْتَصِدَةٌ مرکب توصیفی مبتدا مؤخر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ كَثِيْرٌ موصوف مِنْهُمْ ظرف مستقر كَائِنٌ کے متعلق ہو کر صفت، موصوف با صفت مبتدا سَآءَ فعل مَا اسم موصول يَعْمَلُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر صلہ، موصول با صلہ فاعل، فعل با فاعل خبر ہے اور مبتدا مخصوص بالذم محذوف ہے عَمَلُهُمْ مبتدا با خبر مبتدا اوّل کی خبر، مبتدا با خبر معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ مستانفہ ہوا۔

❁ رکوع نمبر ۱۰ ❁

يٰٓاَيُّهَا الرَّسُوْلُ بَلِّغْ مَآ اُنْزِلَ اِلَيْكَ مِنْ رَّبِّكَ ؕ وَاِنْ لَّمْ تَفْعَلْ فَمَا بَلَّغْتَ رِسَالَتَهٗ ؕ وَاللّٰهُ يَعْصِمُكَ مِنَ النَّاسِ ؕ اِنَّ اللّٰهَ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الْكٰفِرِيْنَ ﴿۶۷﴾

آیت نمبر ۶۷ یٰا حرف ندا اَدْعُوْ کے قائم مقام، اَدْعُوْ فعل اَنَا مستتر فاعل، اَیُّ موصوف هَا برائے تنبیہ اَلرَّسُوْلُ صفت، موصوف با صفت محلاً منصوب مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ ندا بَلِّغْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل مَا اسم موصول اُنْزِلَ فعل مجہول هُوَ مستتر نائب فاعل اِلَيْكَ متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ صلہ، موصول با صلہ ذوالحال مِنْ رَّبِّكَ ظرف مستقر كَائِنًا کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال با حال بَلِّغْ کا مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ ندا کا جواب، ندا با جواب ندا جملہ انشائیہ ندائیہ ہوا، واؤ استیناف یا عاطفہ اِنْ حرف

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

شرط لَمْ تَفْعَلْ فعل اَنْتَ مستتر فاعل سے مل کر شرط، فَمَا جزائیہ مَا نافیہ بَلَّغْتَ فعل تاء مفتوحہ فاعل رِسَالَتَهٗ مرکب اضافی مفعول بہ سے مل کر جزاء شرط باجزاء جملہ شرطیہ مستانفہ ہوا۔ وَاؤ استیناف اَللّٰهُ اسم الجلالہ مبتدا یَعْصِمُ فعل هُوَ مستتر فاعل کَ ضمیر مفعول بہ مِنَ النَّاسِ متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ مستانفہ ہوا۔ اِنَّ حرف مشبہ بالفعل اَللّٰهَ اسم الجلالہ اس کا اسم لَا یَهْدِی فعل هُوَ مستتر فاعل اَلْقَوْمَ الْكٰفِرِيْنَ مرکب توصیفی مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ جملہ فعلیہ خبر اِنَّ باسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

قُلْ يٰٓاَهْلَ الْكِتٰبِ لَسْتُمْ عَلٰى شَيْءٍ حَتّٰى تُقِيْمُوا التَّوْرٰىةَ وَالْاِنْجِيْلَ وَمَآ اُنْزِلَ اِلَيْكُمْ مِّنْ رَّبِّكُمْ ؕ وَلَيَزِيْدَنَّ كَثِيْرًا مِّنْهُمْ مَّآ اُنْزِلَ اِلَيْكَ مِنْ رَّبِّكَ طُغْيَانًا وَّكُفْرًا ۚ فَلَا تَاْسَ عَلَى الْقَوْمِ الْكٰفِرِيْنَ ﴿۶۸﴾

آیت نمبر ۶۸ قُلْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل سے مل کر قول یٰٓاَ حرف ندا اَهْلَ الْكِتٰبِ منادی مضاف مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ ندا، لَسْتُمْ فعل ناقص تُمْ ضمیر اس کا اسم عَلٰى شَيْءٍ ظرف مستقر كَائِنِيْنَ کے متعلق ہو کر خبر، حَتّٰى حرف جار اور اس کے بعد اَنْ مقدر ہے تُقِيْمُوا فعل وَاؤ ضمیر فاعل اَلتَّوْرٰىةَ معطوف علیہ، وَاؤ عاطفہ اَلْاِنْجِيْلَ معطوف اوّل، وَاؤ عاطفہ مَا اسم موصول اُنْزِلَ فعل مجہول هُوَ مستتر نائب فاعل اِلَيْكُمْ متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ صلہ، موصول باصلہ ذوالحال مِّنْ رَّبِّكُمْ ظرف مستقر كَائِنًا کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال باحال معطوف ثانی، معطوف علیہ یا معطوفین بتاویل مصدر مجرور، جار ومجرور لَسْتُمْ کی خبر کے متعلق ہوئے، فعل ناقص با اسم وخبر متعلق جملہ فعلیہ جواب ندا، ندا باجواب جملہ انشائیہ ندائیہ ہوا۔ وَلَيَزِيْدَنَّ كَثِيْرًا مِّنْهُمْ مَّآ اُنْزِلَ اِلَيْكَ مِنْ رَّبِّكَ طُغْيَانًا وَّكُفْرًا کی ترکیب آیت نمبر ۶۴ میں دیکھئے۔ فَاء فصیحہ اور اس کی شرط محذوف ہے اِذَا عَلِمْتَ هٰذَا یا اِنْ حَصَلَ لَهُمْ ذٰلِكَ لَا تَاْسَ فعل نہی اَنْتَ مستتر فاعل عَلٰى حرف جار اَلْقَوْمِ الْكَافِرِيْنَ مرکب توصیفی مجرور، جار ومجرور متعلق ہوئے، فعل بافاعل ومتعلق جزاء شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

اِنَّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَالَّذِيْنَ هَادُوْا وَالصّٰبِـُٔوْنَ وَالنَّصٰرٰى مَنْ اٰمَنَ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ وَعَمِلَ صَالِحًا فَلَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ ﴿۶۹﴾

آیت نمبر ۶۹ اِنَّ حرف مشبہ بالفعل اَلَّذِيْنَ اسم موصول اٰمَنُوْا فعل باواؤ ضمیر فاعل صلہ، موصول باصلہ معطوف علیہ، وَاؤ عاطفہ اَلَّذِيْنَ اسم موصول هَادُوْا فعل باواؤ ضمیر فاعل صلہ، موصول باصلہ معطوف اوّل، وَاؤ عاطفہ اَلصّٰبِـُٔوْنَ مبتدا ہے اور اس کی خبر محذوف ہے حُكْمُهُمْ كَذٰلِكَ مبتدا باخبر معطوف ثالث، معطوف علیہ یا معطوفات ثلاثہ مبدل منہ، مَنْ اسم موصول اٰمَنَ فعل هُوَ مستتر فاعل بَاء حرف جار اَللّٰهِ اسم الجلالہ معطوف علیہ، وَاؤ عاطفہ اَلْيَوْمِ الْاٰخِرِ مرکب توصیفی معطوف، معطوف علیہ یا معطوف مجرور، جار ومجرور اٰمَنَ کے متعلق ہوئے، فعل بافاعل ومتعلق جملہ فعلیہ معطوف علیہ، وَاؤ عاطفہ عَمِلَ فعل هُوَ مستتر فاعل صَالِحًا مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ معطوف، معطوف علیہ یا معطوف صلہ، موصول باصلہ بدل، مبدل منہ یا بدل اِنَّ کا اسم متضمن معنی شرط فَاء جزائیہ لَا نافیہ خَوْفٌ مبتدا، عَلَيْهِمْ ظرف مستقر كَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ معطوف علیہ، وَاؤ عاطفہ لَا نافیہ هُمْ ضمیر

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

مبتدا یَحْزَنُوْنَ فعل باواؤ ضمیر فاعل خبر، مبتدا با خبر معطوف معطوف علیہ با معطوف خبر اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

لَقَدْ اَخَذْنَا مِيْثَاقَ بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ وَاَرْسَلْنَآ اِلَيْهِمْ رُسُلًا ۭ كُلَّمَا جَاۗءَهُمْ رَسُوْلٌۢ بِمَا لَا تَهْوٰٓى اَنْفُسُهُمْ ۙ فَرِيْقًا كَذَّبُوْا وَفَرِيْقًا يَّقْتُلُوْنَ ۝

آیت نمبر ۷۰: لام موطئہ لقسم اور قسم محذوف ہے قَدْ حرف تحقیق اَخَذْنَا فعل نَا ضمیر فاعل مِيْثَاقَ بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ مرکب اضافی مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اَرْسَلْنَا فعل نَا ضمیر فاعل اِلَيْهِمْ ظرف لغو متعلق ہوئے رُسُلًا مفعول بہ، فعل با فاعل و متعلق و مفعول بہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف قسم کا جواب، قسم با جواب قسم جملہ انشائیہ قسمیہ ہوا۔ كُلَّمَا ظرف زمان متضمن معنی شرط مفعول فیہ متقدم جَاۗءَ فعل هُمْ ضمیر منصوب مفعول بہ مقدم رَسُوْلٌ فاعل بَا حرف جار مَا اسم موصول لَا تَهْوٰٓى فعل اَنْفُسُهُمْ مرکب اضافی فاعل سے مل کر صلہ، موصول باصلہ مجرور، جار با مجرور جَاۗءَ کے متعلق ہوئے، فعل با فاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ فعلیہ شرط، اور اس کی جزاء محذوف ہے عَصَوْهُ شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔ فَرِيْقًا كَذَّبُوْا کا مفعول بہ مقدم ہے، كَذَّبُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل اور مفعول بہ مقدم سے مل کر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ فَرِيْقًا مفعول بہ مقدم يَقْتُلُوْنَ کا، يَقْتُلُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل و مفعول بہ مقدم سے مل کر معطوف، معطوف علیہ با معطوف جزاء، شرط با جزاء جملہ مستانفہ ہوا۔

وَحَسِبُوْٓا اَلَّا تَكُوْنَ فِتْنَةٌ فَعَمُوْا وَصَمُّوْا ثُمَّ تَابَ اللّٰهُ عَلَيْهِمْ ثُمَّ عَمُوْا وَصَمُّوْا كَثِيْرٌ مِّنْهُمْ ۭ وَاللّٰهُ بَصِيْرٌۢ بِمَا يَعْمَلُوْنَ ۝

آیت نمبر ۷۱: واؤ عاطفہ حَسِبُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل اَنْ حرف مصدری و نصب لَا تَكُوْنَ فعل ناقص فِتْنَةٌ فاعل سے مل کر تاویل مصدر مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ معطوف علیہ فَاء عاطفہ عَمُوْا فعل با واؤ ضمیر فاعل جملہ فعلیہ معطوف اوّل، واؤ عاطفہ صَمُّوْا فعل با واؤ ضمیر فاعل جملہ فعلیہ معطوف ثانی، ثُمَّ عاطفہ تَابَ فعل اَللّٰهُ اسم الجلالہ فاعل عَلَيْهِمْ متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ معطوف علیہ، ثُمَّ عاطفہ عَمُوْا فعل واؤ ضمیر مبدل منہ كَثِيْرٌ مِّنْهُمْ بدل، مبدل منہ با بدل فاعل، فعل با فاعل معطوف اوّل، واؤ عاطفہ صَمُّوْا فعل واؤ ضمیر مبدل منہ كَثِيْرٌ موصوف مِّنْهُمْ ظرف مستقر كَثِيْرٌ کے متعلق ہو کر صفت، موصوف با صفت بدل، مبدل منہ با بدل فاعل، فعل با فاعل معطوف ثانی، معطوف علیہ با معطوفین حَسِبُوْا کا معطوف ثالث، معطوف علیہ با معطوفات ثلاثہ جملہ معطوفہ ہوا۔ واؤ استینافیہ اَللّٰهُ اسم الجلالہ مبتدا بَصِيْرٌ صیغہ صفت هُوَ مستتر فاعل بَاء جارہ مَا اسم موصول يَعْمَلُوْنَ فعل با واؤ ضمیر فاعل صلہ، موصول باصلہ مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے، صیغہ صفت با فاعل و متعلق شبہ جملہ خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ مستانفہ ہوا۔

لَقَدْ كَفَرَ الَّذِيْنَ قَالُوْٓا اِنَّ اللّٰهَ هُوَ الْمَسِيْحُ ابْنُ مَرْيَمَ ۭ وَقَالَ الْمَسِيْحُ يٰبَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ اعْبُدُوا اللّٰهَ رَبِّيْ وَرَبَّكُمْ ۭ اِنَّهٗ مَنْ يُّشْرِكْ بِاللّٰهِ فَقَدْ حَرَّمَ اللّٰهُ عَلَيْهِ الْجَنَّةَ وَمَاْوٰىهُ النَّارُ ۭ وَمَا لِلظّٰلِمِيْنَ مِنْ اَنْصَارٍ ۝

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

آیت نمبر ۷۲: لَامِ مُوَطِّئَہ لِلْقَسَم اور قسم محذوف ہے قَدْ علامت فعل كَفَرَ فعل اَلَّذِيْنَ اسم موصول قَالُوْا فعل باواؤ ضمیر فاعل قول اِنَّ حرف تحقیق اَللّٰهَ اسم الجلالہ اس کا اسم هُوَ ضمیر مبتدا اَلْمَسِيْحُ مبدل منہ ابْنُ مَرْيَمَ مرکب اضافی بدل، مبدل منہ بابدل خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ خبر اِنَّ با اسم وخبر مقولہ، قول بامقولہ صلہ، موصول باصلہ كَفَرَ کا فاعل، فعل بافاعل قسم کا جواب، قسم باجواب قسم جملہ انشائیہ ہو لہٰذا واؤ حالیہ قَالَ فعل اَلْمَسِيْحُ فاعل سے مل کر قول، یَا حرف نداء اُدْعُوْ کے قائم مقام، اُدْعُوْ فعل اَنَا ضمیر مستتر فاعل بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ مرکب اضافی مفعول بہ سے مل کر نداء، اُعْبُدُوْا فعل امر واؤ ضمیر فاعل اَللّٰهَ اسم الجلالہ مبدل منہ رَبِّيْ مرکب اضافی معطوف علیہ واؤ عاطفہ رَبَّكُمْ مرکب اضافی معطوف، معطوف علیہ باعطف بدل، مبدل منہ بابدل مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ جملہ انشائیہ نداء کا جواب، نداء باجواب نداء مقولہ، قول بامقولہ قَالُوْا کی واؤ ضمیر فاعل سے حال ہے۔

اِنَّ حرف تحقیق هٗ ضمیر اس کا اسم مَنْ اسم شرط مبتدا يُشْرِكْ فعل هُوَ مستتر فاعل بِاللّٰهِ متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ شرط، فَقَدْ جزائیہ قَدْ علامت فعل حَرَّمَ فعل اَللّٰهُ اسم الجلالہ فاعل عَلَيْهِ متعلق اَلْجَنَّةَ مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ جزاء، شرط باجزاء مَنْ کی خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ اِنَّ کی خبر اِنَّ با اسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہو لہٰذا واؤ استینافیہ مَاْوٰهُ مرکب اضافی مبتدا اَلنَّارُ خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ مَا لِلظّٰلِمِيْنَ ظرف مستقر كَائِنُوْنَ کے متعلق ہو کر خبر مقدم مِنْ حرف جار زائد اَنْصَارٍ لفظاً مجرور محلاً مرفوع خبر، مبتدا باخبر معطوف، معطوف علیہ باعطف جملہ مستانفہ ہوا۔

اَوَعَجِبْتُمْ اَنْ جَآءَكُمْ ذِكْرٌ مِّنْ رَّبِّكُمْ عَلٰى رَجُلٍ مِّنْكُمْ لِيُنْذِرَكُمْ ۭ وَاذْكُرُوْٓا اِذْ جَعَلَكُمْ خُلَفَاۗءَ مِنْۢ بَعْدِ قَوْمِ نُوْحٍ وَّزَادَكُمْ فِي الْخَلْقِ بَصْۜطَةً ۚ فَاذْكُرُوْٓا اٰلَاۗءَ اللّٰهِ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ ۝

آیت نمبر ۶۹: اَوَعَجِبْتُمْ اَنْ جَآءَكُمْ ذِكْرٌ مِّنْ رَّبِّكُمْ عَلٰى رَجُلٍ مِّنْكُمْ لِيُنْذِرَكُمْ کی ترکیب آیت نمبر ۶۳ میں گزر چکی ہے واؤ عاطفہ اور معطوف علیہ محذوف ہے تقدیر یوں ہوگی اَكَذَّبْتُمْ وَاذْكُرُوْا فعل امر واؤ ضمیر فاعل اِذْ ظرف زمان مضاف جَعَلَكُمْ فعل هُوَ مستتر فاعل كُمْ ضمیر مفعول بہ اول خُلَفَاۗءَ موصوف مِنْۢ جار بَعْدِ قَوْمِ نُوْحٍ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور كَائِنَةً کے متعلق ہو کر صفت، موصوف باصفت مفعول ثانی فعل با فاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ زَادَ فعل هُوَ مستتر فاعل كُمْ ضمیر مفعول بہ اول فِي الْخَلْقِ ظرف مستقر كَائِنَةً کے متعلق ہو کر حال مقدم بَصْۜطَةً واؤ الحاق ماحق، واؤ الحاق باحال مفعول بہ ثانی، فعل با فاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف اِذْ کا مضاف الیہ، مضاف با مضاف الیہ مفعول فیہ ہوا اُذْكُرُوْا فعل با فاعل و مفعول فیہ جملہ انشائیہ امریہ ہو کر معطوف ہے اور معطوف علیہ محذوف ہے تقدیر یوں ہوئی اَكَذَّبْتُمْ فَاذْكُرُوْا اَمْرِكُمْ فَاء فصیحہ اور شرط محذوف ہے اِذَا عَرَفْتُمْ وَتَذَكَّرْتُمْ اُذْكُرُوْا فعل امر واؤ ضمیر فاعل اٰلَاۗءَ اللّٰهِ مرکب اضافی مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ انشائیہ امریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ مستانفہ ہوا لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ جملہ اسمیہ انشائیہ ہو کر رَاجِيًا الْفَلَاحَ کی تاویل میں ہو کر اُذْكُرُوْا کی ضمیر فاعل سے حال ہے۔

قَالُوْٓا اَجِئْتَنَا لِنَعْبُدَ اللّٰهَ وَحْدَهٗ وَنَذَرَ مَا كَانَ يَعْبُدُ اٰبَاۗؤُنَا ۚ فَاْتِنَا بِمَا تَعِدُنَآ اِنْ كُنْتَ مِنَ الصّٰدِقِيْنَ ۝

آیت نمبر ۷۰: قَالُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر قول، ہمزہ حرف استفہام جِئْتَ فعل تَا ضمیر فاعل نَا ضمیر مفعول بہ لام جار تعلیلیہ اور اس کے بعد اَنْ مقدر ہے لِنَعْبُدَ فعل نَحْنُ مستتر فاعل لفظ اَللّٰهَ واؤ الحاق وَحْدَهٗ مرکب اضافی مُتَوَحِّدًا کے معنی میں ہو کر حال، واؤ الحاق باحال مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ نَذَرَ فعل نَحْنُ مستتر فاعل مَا موصولہ كَانَ فعل ناقص هُوَ مستتر اسم يَعْبُدُ فعل اٰبَاۗؤُنَا مرکب اضافی فاعل دونوں مل کر خبر، فعل ناقص با اسم و خبر صلہ، موصول باصلہ نَذَرَ کا مفعول بہ، پھر یہ تینوں مل کر معطوف، معطوف علیہ با معطوف بتاویل مصدر مجرور، جار با مجرور جِئْتَ کے متعلق ہوئے، فعل با فاعل و مفعول بہ و متعلق

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

جملہ انشائیہ مقولہ، قول باقولہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

فَلَمَّا نصیر ہوا شرط محذوف ہے اِذَا عَبَدْنَا مَا كَانَ يَعْبُدُ اٰبَآؤُنَا (ہو فقیر) يَا اِنْ كُنْتَ صَادِقًا بِمَا تَقُوْلُ بِاٰيَةٍ فعل امر آتَ مستتر فاعل نَا ضمیر مفعول بہ، یاء جارہ مَا موصول تَعِدُ فعل آتَ مستتر فاعل نَا ضمیر مفعول بہ، تینوں مل کر صلہ، موصول باصلہ مجرور، جارہ مجرور متعلق ہوئے، فعل بافاعل ومفعول بہ ومتعلق جملہ انشائیہ امریہ جزاء شرط محذوف باجزاء جملہ شرطیہ ہوا اِنْ شرطیہ كُنْتَ فعل ناقص تاء متوحہ اس کا اسم مِنَ الصّٰدِقِيْنَ ظرف مستقر ہو کر كَانَ کے متعلق ہو کر خبر، فعل ناقص با اسم وخبر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر شرط، جزاء محذوف ہے فَاْتِنَا بِمَا تَعِدُنَا، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

قَالَ قَدْ وَقَعَ عَلَيْكُمْ مِّنْ رَّبِّكُمْ رِجْسٌ وَّ غَضَبٌ ۚ اَتُجَادِلُوْنَنِيْ فِيْٓ اَسْمَآءٍ سَمَّيْتُمُوْهَآ اَنْتُمْ وَ اٰبَآؤُكُمْ مَّا نَزَّلَ اللّٰهُ بِهَا مِنْ سُلْطٰنٍ ۭ فَانْتَظِرُوْٓا اِنِّيْ مَعَكُمْ مِّنَ الْمُنْتَظِرِيْنَ ۝

آیت نمبر ۷۱: قَالَ فعل ھُوَ مستتر فاعل سے مل کر قول مقدر علامت فعل مقولہ، وَقَعَ فعل عَلَيْكُمْ جارہ مجرور متعلق ہوئے مِنْ رَّبِّكُمْ ظرف مستقر رِجْسٌ کے متعلق ہو کر حال مقدم وَّغَضَبٌ معطوف علیہ باعطف ذوالحال موخر، ذوالحال باحال فاعل، فعل بافاعل ومتعلق مقولہ، قول باقولہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ ہمزہ حرف استفہام تُجَادِلُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل نون وقایہ کا یاء ضمیر مفعول بہ فِيْٓ جارہ اَسْمَآءٍ موصوف سَمَّيْتُمُوْهَآ فعل تُمْ ضمیر مؤکد اَنْتُمْ تاکید، مؤکد باتاکید معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اٰبَآؤُكُمْ مرکب اضافی معطوف، معطوف علیہ باعطف فاعل ھَا ضمیر مفعول بہ، تینوں مل کر اَسْمَآءٍ کی صفت اولیٰ مَّا نافیہ نَزَّلَ فعل لفظ اللّٰهُ فاعل بِهَا ظرف لغو ہو کر متعلق ہوئے، مِنْ جارہ زائدہ سُلْطٰنٍ لفظاً منصوب محلاً مفعول بہ، چاروں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر اَسْمَآءٍ کی صفت ثانیہ، موصوف باصفتین مجرور، جارہ مجرور تُجَادِلُوْنَ کے متعلق ہوئے، فعل بافاعل ومفعول بہ ومتعلق مل کر جملہ انشائیہ استفہامیہ ہوا۔

فَلَمَّا نصیر ہوا شرط محذوف ہے اِذَا وَقَعَ عَلَيْكُمْ رِجْسٌ وَّغَضَبٌ مِّنْ رَّبِّكُمْ اِنْتَظِرُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر جزاء شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا اِنِّيْ حرف تحقیق یاء ضمیر اس کا اسم مَعَكُمْ مرکب اضافی مفعول فیہ مقدم مِّنَ جارہ الْمُنْتَظِرِيْنَ اسم فاعل هُمْ مستتر فاعل، مفعول فیہ مقدم سے مل کر خبر، اِنَّ باسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ مطلقہ ہوا۔

فَاَنْجَيْنٰهُ وَالَّذِيْنَ مَعَهٗ بِرَحْمَةٍ مِّنَّا وَ قَطَعْنَا دَابِرَ الَّذِيْنَ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا وَ مَا كَانُوْا مُؤْمِنِيْنَ ۝

آیت نمبر ۷۲: فَاَ عاطفہ اور معطوف علیہ محذوف ہے فَوَقَعَ مَا وَقَعَ اَنْجَيْنَا فعل نَا ضمیر فاعل هُ ضمیر منصوب معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اَلَّذِيْنَ اسم موصول مَعَهٗ مرکب اضافی اٰمَنُوْا کا مفعول فیہ ہو کر صلہ، موصول باصلہ معطوف، معطوف علیہ باعطف اَنْجَيْنَا کا مفعول بہ، یاء جارہ رَحْمَةٍ موصوف مِنَّا ظرف مستقر كَائِنَةٍ کے متعلق ہو کر صفت، دونوں مل کر مجرور، جارہ مجرور اَنْجَيْنَا کے متعلق ہوئے، فعل بافاعل ومفعول بہ ومتعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف اول واؤ عاطفہ قَطَعْنَا فعل نَا ضمیر فاعل دَابِرَ مضاف اَلَّذِيْنَ اسم موصول كَذَّبُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل بِاٰيٰتِنَا ظرف لغو ہو کر متعلق ہوئے، تینوں مل کر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ مَا نافیہ كَانُوْا فعل ناقص واؤ ضمیر اس

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

کا اسم مُؤْمِنِيْنَ اسم فاعل هُمْ مستتر فعل سے مل کر خبر، فعل ناقص با اسم و خبر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ یا معطوف جملہ موصول یا صلہ اٰيٰتِيْ کا مضاف الیہ، مضاف یا مضاف الیہ فَتَقَطَّعْنَا کا مفعول بہ، تینوں مل کر معطوف جملہ معطوف علیہ محذوف یا معطوفین جملہ معطوفہ ہوا۔

رکوع نمبر ۱۰

وَاِلٰى ثَمُوْدَ اَخَاهُمْ صٰلِحًا ۘ قَالَ يٰقَوْمِ اعْبُدُوا اللّٰهَ مَا لَكُمْ مِّنْ اِلٰهٍ غَيْرُهٗ ۭ قَدْ جَاۗءَتْكُمْ بَيِّنَةٌ مِّنْ رَّبِّكُمْ ۭ هٰذِهٖ نَاقَةُ اللّٰهِ لَكُمْ اٰيَةً فَذَرُوْهَا تَاْكُلْ فِيْٓ اَرْضِ اللّٰهِ وَلَا تَمَسُّوْهَا بِسُوْۗءٍ فَيَاْخُذَكُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ۝

آیت نمبر ۷۳ واؤ عاطفہ وَاِلٰى ثَمُوْدَ اَخَاهُمْ صٰلِحًا قَالَ يٰقَوْمِ اعْبُدُوا اللّٰهَ مَا لَكُمْ مِّنْ اِلٰهٍ غَيْرُهٗ اس کی ترکیب وَاِلٰى عَادٍ اَخَاهُمْ هُوْدًا قَالَ يٰقَوْمِ اعْبُدُوا اللّٰهَ مَا لَكُمْ مِّنْ اِلٰهٍ غَيْرُهٗ کی مثل ہے جو آیت نمبر ۶۵ میں گزر چکی ہے۔ قَدْ علامت فعل، جَاۗءَتْ فعل كُمْ ضمیر مفعول بہ بَيِّنَةٌ موصوف مِّنْ رَّبِّكُمْ ظرف مستقر كَائِنَةٌ کے متعلق ہو کر صفت، موصوف با صفت فاعل، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ هٰذِهٖ اسم اشارہ مبتدا، نَاقَةُ اللّٰهِ و الحال اٰيَةً حال، ذو الحال با حال خبر لَكُمْ ظرف مستقر ہو کر كَائِنَةٌ کے متعلق ہو کر خبر ثانی، مبتدا با خبرین جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

فَاء فصیحہ اور شرط محذوف ہے اِنْ كَانَتْ هٰذِهٖ نَاقَةُ اللّٰهِ (الخ تقدیر) يا اِنْ كُنْتُمْ اَهْلًا بِالْاِيْمَانِ مَذْرُوْا فعل امر واؤ ضمیر فاعل هَا ضمیر مفعول بہ، تینوں مل کر جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔ تَاْكُلْ فعل فِيْ اَرْضِ اللّٰهِ جار با مجرور مستقر فاعل کے متعلق ہوئے، فعل با فاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ جزاء ہے شرط محذوف اِنْ تَذَرُوْهَا کی، کیونکہ یہ جواب امر ہے، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔ واؤ عاطفہ لَا تَمَسُّوْا فعل نہی واؤ ضمیر فاعل هَا ضمیر مفعول بِسُوْۗءٍ جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل با فاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ انشائیہ ذَرُوْا پر معطوف ہے اور یہ لَا يَكُنْ مَسُّكُمْ اِيَّاهَا بِسُوْۗءٍ کی تاویل میں ہے۔ فَاء سببیہ عاطفہ اور اس کے بعد اَنْ مقدر ہے يَاْخُذَ فعل كُمْ ضمیر مفعول بہ عَذَابٌ اَلِيْمٌ مرکب توصیفی فاعل، تینوں مل کر تاویل مصدر معطوف ہے مَسُّكُمْ پر۔

وَاذْكُرُوْٓا اِذْ جَعَلَكُمْ خُلَفَاۗءَ مِنْۢ بَعْدِ عَادٍ وَّبَوَّاَكُمْ فِي الْاَرْضِ تَتَّخِذُوْنَ مِنْ سُهُوْلِهَا قُصُوْرًا وَّتَنْحِتُوْنَ الْجِبَالَ بُيُوْتًا ۚ فَاذْكُرُوْٓا اٰلَاۗءَ اللّٰهِ وَلَا تَعْثَوْا فِي الْاَرْضِ مُفْسِدِيْنَ ۝

آیت نمبر ۷۴ واؤ عاطفہ اذْكُرُوْا فعل امر واؤ ضمیر فاعل اِذْ ظرف زمان مضاف جَعَلَ فعل هُوَ مستتر فاعل كُمْ ضمیر منصوب مفعول بہ اول خُلَفَاۗءَ موصوف مِنْۢ بَعْدِ عَادٍ جار با مجرور كَائِنَةٌ کے متعلق ہو کر صفت، موصوف با صفت مفعول بہ ثانی، فعل با فاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ ہوا۔ واؤ عاطفہ بَوَّاَ فعل هُوَ مستتر فاعل فِي الْاَرْضِ جار با مجرور متعلق ہوئے، كُمْ ضمیر منصوب ذو الحال تَتَّخِذُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل مِنْ سُهُوْلِهَا ظرف لغو ہو کر متعلق ہوئے قُصُوْرًا مفعول بہ، دونوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ تَنْحِتُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل الْجِبَالَ منصوب بنزع الخافض مِنَ الْجِبَالِ کی اصل میں ہو کر متعلق ہوئے بُيُوْتًا مفعول بہ، جار مجرور

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

مل کر معطوف، معطوف علیہ یا معطوف کُمْ ضمیر کا حال ذوالحال باحال ہوا کا مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ یا معطوف اِذْ کا مضاف الیہ، مضاف با مضاف الیہ اُذْکُرُوْا کا مفعول فیہ، فعل با فاعل و مفعول فیہ جملہ انشائیہ معطوفہ ہوا۔

قَالُوْا فصیحہ ہوا اس کی شرط محذوف ہے اِذَا اَنْعَمَ اللّٰهُ عَلَيْكُمْ بِعِصْيَانِكُمْ (از تقدیر) اُذْکُرُوْا فعل امر واؤ ضمیر فاعل الآء اللّٰهِ مرکب اضافی مفعول بہ، تینوں مل کر جملہ انشائیہ معطوف علیہ ہوا وَلَا تَعْثَوْا فعل نہی واؤ ضمیر ذوالحال مُفْسِدِيْنَ اسم فاعل اَلْاَرْضِ مستتر فاعل، اسم فاعل اپنے فاعل سے مل کر حال ذوالحال باحال فَاعِلٌ فِي الْاَرْضِ جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل با فاعل و متعلق جملہ انشائیہ معطوف، معطوف علیہ یا معطوف جزاء، شرط محذوف جزا سے مل کر جملہ شرطیہ ہوا۔

قَالَ الْمَلَاُ الَّذِيْنَ اسْتَكْبَرُوْا مِنْ قَوْمِهٖ لِلَّذِيْنَ اسْتُضْعِفُوْا لِمَنْ اٰمَنَ مِنْهُمْ اَتَعْلَمُوْنَ اَنَّ صٰلِحًا مُّرْسَلٌ مِّنْ رَّبِّهٖ ؕ قَالُوْۤا اِنَّا بِمَاۤ اُرْسِلَ بِهٖ مُؤْمِنُوْنَ ۝

آیت نصیر ۷۵ قَالَ فعل اَلْمَلَاُ موصوف اَلَّذِيْنَ اسم موصول اِسْتَكْبَرُوْا فعل واؤ ضمیر ذوالحال مِنْ قَوْمِهٖ ظرف مستقر کَائِنِيْنَ کے متعلق ہو کر حال ذوالحال باحال فاعل، فعل با فاعل صلہ، موصول باصلہ صفت، موصوف باصفت قَالَ کا فاعل لام جارہ لِلَّذِيْنَ اسم موصول اُسْتُضْعِفُوْا فعل مجہول واؤ ضمیر نائب فاعل سے مل کر صلہ، موصول باصلہ مجرور، جار با مجرور مبدل منہ لام جارہ مَنْ موصولہ اٰمَنَ فعل هُوَ مستتر ذوالحال مِنْهُمْ ظرف مستقر ہو کر مَنْ کے متعلق ہو کر حال ذوالحال باحال اٰمَنَ کا فاعل، فعل با فاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول باصلہ مجرور، جار با مجرور بدل، مبدل منہ با بدل ظرف لغو ہو کر قَالَ کے متعلق ہوئے، فعل با فاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ قول، ہمزہ حرف استفہام تَعْلَمُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل اَنَّ حرف تحقیق صٰلِحًا اس کا اسم هُوَ مستتر نائب فاعل مِنْ رَّبِّهٖ جار با مجرور متعلق ہوئے، اسم مفعول با نائب فاعل و متعلق خبر، اَنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ تَعْلَمُوْنَ کے دو مفعول کے قائم مقام، فعل با فاعل و مفعولین جملہ انشائیہ استفہامیہ مقولہ، قول با مقولہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

قَالُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر قول اِنَّ حرف تحقیق نَا ضمیر اس کا اسم بکار جارہ مَا موصول اُرْسِلَ فعل مجہول هُوَ مستتر نائب فاعل بِهٖ جار با مجرور متعلق ہوئے، تینوں مل کر صلہ، موصول باصلہ مجرور، جار با مجرور متعلق مقدم ہوئے مُؤْمِنُوْنَ اسم فاعل نَحْنُ مستتر فاعل و متعلق مقدم سے مل کر شبہ جملہ ہو کر خبر اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ مقولہ، قول با مقولہ جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

قَالَ الَّذِيْنَ اسْتَكْبَرُوْۤا اِنَّا بِالَّذِيْۤ اٰمَنْتُمْ بِهٖ كٰفِرُوْنَ ۝

آیت نصیر ۷۶ قَالَ فعل اَلَّذِيْنَ اسم موصول اِسْتَكْبَرُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر صلہ، موصول با صلہ فاعل، فعل با فاعل جملہ فعلیہ خبریہ قول اِنَّ حرف تحقیق نَا ضمیر اس کا اسم بکار جارہ اَلَّذِيْ اسم موصول اٰمَنْتُمْ فعل تُمْ ضمیر فاعل بِهٖ جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل با فاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول باصلہ مجرور، جار با مجرور متعلق مقدم كٰفِرُوْنَ اسم فاعل نَحْنُ مستتر فاعل و متعلق مقدم سے مل کر خبر اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ مقولہ، قول با مقولہ جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

فَعَقَرُوا النَّاقَةَ وَعَتَوْا عَنْ أَمْرِ رَبِّهِمْ وَقَالُوا يٰصٰلِحُ ائْتِنَا بِمَا تَعِدُنَآ إِنْ كُنْتَ مِنَ الْمُرْسَلِيْنَ ۝

آیت نمبر ۷۷: فاء فصیحہ اور شرط محذوف ہے فَاسْتَكْبَرُوْا وَكَفَرُوْا (الاعراف) فَعَقَرُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل اَلنَّاقَةَ مفعول بہ، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ عَتَوْا فعل واؤ ضمیر فاعل عَنْ جار اَمْرِ رَبِّهِمْ مرکب اضافی مجرور، جار مجرور ظرف مستقر مُسْتَكْبِرِيْنَ کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال یا عامل اعنی فعل با فاعل جملہ فعلیہ خبریہ معطوف اول ہوا واؤ عاطفہ قَالُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر قول بتاویل حرف ندا اُدْعُوْ کے قائم مقام، اُدْعُوْ فعل اَنْتَ مستتر فاعل صَالِحُ منادیٰ مفرد معرفہ مبنی علی الضم محلاً منصوب مفعول بہ، تینوں مل کر جملہ انشائیہ ہو کر ندا، ائْتِ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل نَا ضمیر مفعول بہ بتاویل جار مجرور مَا موصولہ تَعِدُ فعل اَنْتَ مستتر فاعل، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول با صلہ مجرور، جار مجرور اِئْتِ کے متعلق ہوئے، فعل با فاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ انشائیہ امریہ ندا کا جواب، ندا با جواب ندا مقولہ، قول با مقولہ معطوف ثانی، معطوف علیہ یا معطوف جزاء شرط محذوف جزاء سے مل کر جملہ شرطیہ ہوا اِنْ كُنْتَ مِنَ الْمُرْسَلِيْنَ کی ترکیب اِنْ كُنْتَ مِنَ الصّٰدِقِيْنَ کی مثل ہے آیت نمبر ۶۶ میں دیکھیں۔

فَأَخَذَتْهُمُ الرَّجْفَةُ فَأَصْبَحُوْا فِيْ دَارِهِمْ جٰثِمِيْنَ ۝

آیت نمبر ۷۸: فاء عاطفہ اَخَذَتْ فعل هُمُ ضمیر منصوب مفعول بہ اَلرَّجْفَةُ فاعل، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، فاء عاطفہ اَصْبَحُوْا فعل ناقص واؤ ضمیر اس کا اسم فِيْ دَارِ هِمْ ظرف لغو ہو کر متعلق مقدم ہوئے جٰثِمِيْنَ اسم فاعل هُمْ مستتر فاعل و متعلق مقدم سے مل کر خبر، فعل ناقص با اسم و خبر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ یا معطوف جملہ معطوف ہوا۔

فَتَوَلّٰى عَنْهُمْ وَقَالَ يٰقَوْمِ لَقَدْ أَبْلَغْتُكُمْ رِسَالَةَ رَبِّيْ وَنَصَحْتُ لَكُمْ وَلٰكِنْ لَّا تُحِبُّوْنَ النّٰصِحِيْنَ ۝

آیت نمبر ۷۹: فاء عاطفہ تَوَلّٰى فعل هُوَ مستتر فاعل عَنْهُمْ جار مجرور متعلق ہوئے، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ قَالَ فعل هُوَ مستتر فاعل سے مل کر قول بتاویل یٰقَوْمِ یہ اصل میں یَا قَوْمِیْ ہے ادریہ منادیٰ مضاف اور قسم محذوف ہے قد علامت قسم اَبْلَغْتُ فعل تاء مضمومہ فاعل كُمْ ضمیر مفعول بہ اوّل رِسَالَةَ رَبِّيْ مرکب اضافی مفعول بہ ثانی فعل با فاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ نَصَحْتُ فعل تاء مضمومہ فاعل لَكُمْ جار مجرور متعلق ہوئے، تینوں مل کر معطوف، معطوف علیہ یا معطوف قسم کا جواب، قسم با جواب قسم ندا کا جواب، ندا با جواب ندا مقولہ، قول با مقولہ معطوف، معطوف علیہ یا معطوف جملہ معطوفہ ہوا۔ واؤ عاطفہ لٰكِنْ حرف استدراک مہملہ لَّا تُحِبُّوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل اَلنّٰصِحِيْنَ مفعول بہ، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوفہ ہوا۔

وَلُوْطًا إِذْ قَالَ لِقَوْمِهٖٓ أَتَأْتُوْنَ الْفَاحِشَةَ مَا سَبَقَكُمْ بِهَا مِنْ أَحَدٍ مِّنَ الْعٰلَمِيْنَ ۝

آیت نمبر ۸۰: واؤ استینافیہ لُوْطًا مفعول بہ ہے فعل محذوف اُذْكُرْ وا کا، اِذْ ظرف زمان مضاف قَالَ فعل هُوَ مستتر فاعل لِقَوْمِهٖٓ جار

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

باجر ور متعلق ہوئے، فعل بافاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ قول، ھمزہ حرف استفہام تَاْتُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل اَلْفَاحِشَةَ مفعول بہ، تینوں مل کر جملہ انشائیہ ہو کر مقولہ، قول بامقولہ اِذْ کا مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ اَذْکُرْ کا مفعول فیہ، فعل بافاعل و مفعول بہ و مفعول فیہ جملہ انشائیہ امریہ ہوا۔ مَا نافیہ سَبَقَ فعل کُمْ ضمیر منصوب مفعول بہ بِهَا جار باجر ور متعلق ہوئے مِنْ جارہ زائدہ اَحَدٍ مجرور لفظاً مرفوع موصوف مِنَ الْعٰلَمِيْنَ جار باجر ور ظرف مستقر کَائِنٌ کے متعلق ہو کر صفت، موصوف بصفت فاعل، فعل با فاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا یا تَاْتُوْنَ کی ضمیر فاعل سے حال ہوا۔

اِنَّكُمْ لَتَاْتُوْنَ الرِّجَالَ شَهْوَةً مِّنْ دُوْنِ النِّسَآءِ ؕ بَلْ اَنْتُمْ قَوْمٌ مُّسْرِفُوْنَ ﴿۸۱﴾

آیت نمبر ۸۱: اِنَّ حرف تحقیق کُمْ ضمیر اس کا اسم لَامزحلقہ تَاْتُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل اَلرِّجَالَ مفعول بہ، شَهْوَةً مفعول لہ مِنْ دُوْنِ النِّسَآءِ جار باجر ور ظرف مستقر ہو کر تَاْتُوْنَ کی ضمیر فاعل سے حال ہے یا اَلرِّجَالَ سے حال ہے، فعل بافاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ خبر اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔ بَلْ حرف عطف و اضراب اَنْتُمْ ضمیر مبتدا قَوْمٌ مُّسْرِفُوْنَ مرکب توصیفی خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

وَمَا كَانَ جَوَابَ قَوْمِهٖۤ اِلَّاۤ اَنْ قَالُوْۤا اَخْرِجُوْهُمْ مِّنْ قَرْيَتِكُمْ ۚ اِنَّهُمْ اُنَاسٌ يَّتَطَهَّرُوْنَ ﴿۸۲﴾

www.KitaboSunnat.com

آیت نمبر ۸۲: واؤ استینافیہ مَا نافیہ کَانَ فعل ناقص جَوَابَ قَوْمِهٖ مرکب اضافی خبر مقدم اِلَّا حرف استثنا اَنْ مصدریہ قَالُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر قول، اَخْرِجُوْا فعل امر واؤ ضمیر فاعل هُمْ ضمیر مفعول بہ مِنْ قَرْيَتِكُمْ ظرف لغو ہو کر متعلق ہوئے، چاروں مل کر جملہ انشائیہ مقولہ، قول بامقولہ بتاویل مصدر کَانَ کا اسم مؤخر، فعل ناقص با اسم و خبر جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔ اِنَّ حرف تحقیق هُمْ ضمیر اسم اُنَاسٌ موصوف يَتَطَهَّرُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ صفت، موصوف بصفت خبر اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ معللہ ہوا۔

فَاَنْجَيْنٰهُ وَاَهْلَهٗۤ اِلَّا امْرَاَتَهٗ ۖ كَانَتْ مِنَ الْغٰبِرِيْنَ ﴿۸۳﴾

آیت نمبر ۸۳: فَاء عاطفہ اور معطوف علیہ محذوف ہے نَزَّلَ عَلَيْهِمُ الْعَذَابَ اَنْجَيْنَا فعل نَا ضمیر فاعل هٗ ضمیر مفعول بہ واؤ بمعنی مَعَ " اَهْلَهٗ مرکب اضافی مستثنیٰ منہ اِلَّا حرف استثنا امْرَاَتَهٗ مرکب اضافی مستثنیٰ، مستثنیٰ منہ با مستثنیٰ مفعول معہ، فعل بافاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ مستانفہ ہوا۔ كَانَتْ فعل ناقص هِيَ ضمیر اس کا اسم مِنَ الْغٰبِرِيْنَ ظرف مستقر ہو کر كَائِنَةً کے متعلق ہو کر خبر، فعل ناقص با اسم و خبر جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

وَاَمْطَرْنَا عَلَيْهِمْ مَّطَرًا ؕ فَانْظُرْ كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الْمُجْرِمِيْنَ ﴿۸۴﴾

آیت نمبر ۸۴: واؤ استینافیہ یا حالیہ اَمْطَرْنَا فعل نَا ضمیر فاعل عَلَيْهِمْ جار باجر ور متعلق ہوئے مَطَرًا مفعول بہ چاروں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا یا اَلْغٰبِرِيْنَ میں ضمیر فاعل سے حال ہوا۔ فَاء استینافیہ اُنْظُرْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل كَيْفَ ظرف زمان كَانَ

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

کا مفعول فیہ ہو کر خبر مقدم کَانَ فعل ناقص عَاقِبَةُ الْمُجْرِمِيْنَ مرکب اضافی اسم مؤخر، فعل ناقص با اسم و خبر مقدم جملہ انشائیہ استفہامیہ ہو کر اُنْظُرْ کا مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ انشائیہ امریہ ہوا۔

❁ رکوع نمبر ۱۱ ❁

وَ اِلٰى مَدْيَنَ اَخَاهُمْ شُعَيْبًا ؕ قَالَ يٰقَوْمِ اعْبُدُوا اللّٰهَ مَا لَكُمْ مِّنْ اِلٰهٍ غَيْرُهٗ ؕ قَدْ جَآءَتْكُمْ بَيِّنَةٌ مِّنْ رَّبِّكُمْ فَاَوْفُوا الْكَيْلَ وَ الْمِيْزَانَ وَ لَا تَبْخَسُوا النَّاسَ اَشْيَآءَهُمْ وَ لَا تُفْسِدُوْا فِى الْاَرْضِ بَعْدَ اِصْلَاحِهَا ؕ ذٰلِكُمْ خَيْرٌ لَّكُمْ اِنْ كُنْتُمْ مُّؤْمِنِيْنَ ۚ

آیت نمبر ۸۵ وَاِلٰى مَدْيَنَ اَخَاهُمْ شُعَيْبًا قَالَ يٰقَوْمِ اعْبُدُوا اللّٰهَ مَا لَكُمْ مِّنْ اِلٰهٍ غَيْرُهٗ قَدْ جَآءَتْكُمْ بَيِّنَةٌ مِّنْ رَّبِّكُمْ کی ترکیب آیت نمبر ۷۳ میں دیکھئے۔

فَاَوْفُوا فصیحہ اور شرط محذوف ہے اِذَا جَآءَتْكُمْ مُهَاجِرَةٌ اَوْ جَبَتِ الْاُخْتُ بِمَا اَمَرْتُكُمْ بِهٖ فَاَوْفُوْا فعل امر واؤ ضمیر فاعل اَلْكَيْلَ وَالْمِيْزَانَ معطوف علیہ با معطوف مفعول بہ تینوں مل کر جملہ انشائیہ امریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لَا تَبْخَسُوْا فعل نہی واؤ ضمیر فاعل اَلنَّاسَ مفعول بہ اَوَّلَ اَشْيَآءَهُمْ مرکب اضافی مفعول بہ ثانی فعل با فاعل و مفعولین جملہ انشائیہ معطوف اوّل، واؤ عاطفہ لَا تُفْسِدُوْا فعل نہی واؤ ضمیر فاعل فِي الْاَرْضِ جار با مجرور متعلق ہوئے بَعْدَ اِصْلَاحِهَا مرکب اضافی مفعول فیہ، فعل با فاعل و متعلق و مفعول فیہ جملہ انشائیہ معطوف ثانی، معطوف علیہ با معطوفین جزاء شرط محذوف جزا سے مل کر جملہ شرطیہ ہوا۔

ذٰلِكُمْ اسم اشارہ مبتدا خَيْرٌ اسم تفضیل هُوَ مستتر فاعل لَّكُمْ جار با مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے، تینوں مل کر خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ معلل ہوا، اِنْ حرف شرط كُنْتُمْ فعل ناقص كُمْ ضمیر اس کا اسم مُّؤْمِنِيْنَ اسم فاعل اَنْتُمْ ضمیر فاعل سے مل کر خبر، فعل ناقص با اسم و خبر جملہ فعلیہ خبریہ شرط، اور جزاء محذوف ہے فَبَادِرُوْا اِلَى الْاِيْمَانِ شرط با جزا و جملہ شرطیہ ہوا۔

وَلَا تَقْعُدُوْا بِكُلِّ صِرَاطٍ تُوْعِدُوْنَ وَ تَصُدُّوْنَ عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ مَنْ اٰمَنَ بِهٖ وَ تَبْغُوْنَهَا عِوَجًا ۚ وَاذْكُرُوْٓا اِذْ كُنْتُمْ قَلِيْلًا فَكَثَّرَكُمْ ۚ وَانْظُرُوْا كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الْمُفْسِدِيْنَ ۝

آیت نمبر ۸۶ وَلَا تَقْعُدُوْا معطوف لَا تَقْعُدُوْا فعل نہی واؤ ضمیر فاعل بِكُلِّ صِرَاطٍ مرکب اضافی مجرور، دونوں مل کر متعلق ہوئے تُوْعِدُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ تَصُدُّوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ جار با مجرور متعلق ہوئے مَنْ موصولہ اٰمَنَ فعل هُوَ مستتر فاعل بِهٖ جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل با فاعل و متعلق صلہ، موصول با صلہ مفعول بہ تَصُدُّوْنَ فعل با فاعل و متعلق و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف اوّل، واؤ عاطفہ تَبْغُوْنَهَا فعل واؤ ضمیر فاعل هَا ضمیر منصوب بنزع الخافض اس کی اصل فِيْهَا ہے متعلق ہوئے عِوَجًا مفعول بہ، چاروں مل کر معطوف ثانی، معطوف علیہ با معطوفین حال ذوالحال با عامل فاعل، فعل نہی با فاعل و متعلق جملہ انشائیہ نہیہ معطوف ہوا۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

واؤ عاطفہ اُذْکُرُوْا فعل امر واؤ ضمیر فاعل اِذْ ظرف زمان مضاف کُنْتُمْ فعل ناقص ثُمَّ ضمیر اسم قَلِیْلًا خبر، فعل ناقص با اسم وخبر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ فَاؤ عاطفہ کَثَّرَ فعل ھُوَ مستتر فاعل کُمْ ضمیر مفعول بہ، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ بالمعطوف اِذْ کا مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ اُذْکُرُوْا کا مفعول فیہ، فعل با فاعل ومفعول فیہ جملہ فعلیہ انشائیہ امریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اُنْظُرُوْا کَیْفَ کَانَ عَاقِبَۃُ الْمُفْسِدِیْنَ کی ترکیب اُنْظُرُوْا کَیْفَ کَانَ عَاقِبَۃُ الْمُجْرِمِیْنَ پر قیاس کرلو دیکھیں آیت نمبر ۸۴ اور یہ معطوف ہے معطوف علیہ با معطوف جملہ لَا تَقْعُدُوْا پر معطوف ہے۔

وَاِنْ كَانَ طَآىِٕفَةٌ مِّنْكُمْ اٰمَنُوْا بِالَّذِیْۤ اُرْسِلْتُ بِهٖ وَطَآىِٕفَةٌ لَّمْ یُؤْمِنُوْا فَاصْبِرُوْا حَتّٰى یَحْكُمَ اللّٰهُ بَیْنَنَا ۚ وَهُوَ خَیْرُ الْحٰكِمِیْنَ ۝

آیت نمبر ۸۷ واؤ استیناف اِنْ شرطیہ کَانَ فعل ناقص طَآئِفَۃٌ موصوف مِنْکُمْ ظرف مستقر کَانَۃٌ کے متعلق ہو کر صفت، موصوف بصفت کَانَ کا اسم اٰمَنُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل بآء جارہ الَّذِیْ اسم موصول اُرْسِلْتُ فعل مجہول تَاء مضمومہ نائب فاعل بِہٖ جار مجرور متعلق ہوئے، فعل با فاعل ومتعلق جملہ فعلیہ خبریہ موصول باصلہ مجرور، جار با مجرور اٰمَنُوْا کے متعلق ہوئے، فعل با فاعل ومتعلق جملہ فعلیہ خبریہ کَانَ کی خبر، فعل ناقص با اسم وخبر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر شرط ہوا واؤ عاطفہ طَآئِفَۃٌ یہ کَانَ کے اسم پر معطوف ہے لَمْ یُؤْمِنُوْا یہ کَانَ کی خبر پر معطوف ہے فَاء جزائیہ اِصْبِرُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل حَتّٰی حرف غایت وجر اور اس کے بعد اَنْ مقدر ہے یَحْکُمَ فعل لفظ اَللّٰہُ فاعل بَیْنَنَا مرکب اضافی مفعول فیہ، فعل با فاعل ومفعول فیہ جملہ فعلیہ خبریہ بتاویل مصدر مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل امر با فاعل ومتعلق جملہ انشائیہ امریہ جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہوا واؤ عاطفہ یا استیناف ھُوَ ضمیر مبتدا خَیْرُ الْحَاکِمِیْنَ مرکب اضافی خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ لفظ اَللّٰہُ سے حال ہے یا جملہ مستانفہ ہوا۔

❁ ❁ بِحَمْدِہٖ تَعَالٰی ۲۶ شعبان ۱۴۳۷ھ کو پارہ ۹ کی ترکیب لکھنا شروع کی ہے ❁ ❁

قَالَ الْمَلَاُ الَّذِیْنَ اسْتَكْبَرُوْا مِنْ قَوْمِهٖ لَنُخْرِجَنَّكَ یٰشُعَیْبُ وَالَّذِیْنَ اٰمَنُوْا مَعَكَ مِنْ قَرْیَتِنَاۤ اَوْ لَتَعُوْدُنَّ فِیْ مِلَّتِنَا ؕ قَالَ اَوَلَوْ كُنَّا كٰرِهِیْنَ ۝

آیت نمبر ۸۸ قَالَ الْمَلَاُ الَّذِیْنَ اسْتَکْبَرُوْا مِنْ قَوْمِہٖ کی ترکیب آیت نمبر ۷۵ میں دیکھئے اور یہ قول ہے لَامِ موطئہ للقسم اور قسم محذوف ہے نُخْرِجَنَّ فعل نَحْنُ مستتر فاعل کَافِ ضمیر معطوف علیہ ہوا واؤ عاطفہ اَلَّذِیْنَ اسم موصول اٰمَنُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل مَعَکَ مرکب اضافی مفعول فیہ سے مل کر صلہ، موصول باصلہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف مفعول بہ مِنْ قَرْیَتِنَا جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل با فاعل ومفعول بہ ومتعلق جملہ فعلیہ خبریہ جواب قسم قسم با جواب قسم معطوف علیہ بآء عاطفہ لَامِ موطئہ للقسم اور قسم محذوف ہے لَتَعُوْدُنَّ فعل واؤ محذوفہ لالتقاء الساکنین فاعل فِیْ مِلَّتِنَا جار با مجرور متعلق ہوئے، تینوں مل کر جواب قسم قسم با جواب قسم معطوف، معطوف علیہ با معطوف جواب ندا محذوف یٰشُعَیْبُ جملہ انشائیہ ندائیہ ہو کر ندا موخر، ندا با جواب ندا مقولہ، قول با مقولہ جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔ قَالَ فعل ھُوَ مستتر فاعل سے مل کر قول، ھمزہ حرف استفہام واؤ اعتراضیہ (درمذہب رضی) لَوْ شرطیہ کُنَّا فعل

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

ناقص ناصمیر اسم کَارِهِيْنَ اسم فاعل نَحْنُ مستتر فاعل سے مل کر خبر فعل ناقص با اسم وخبر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر شرط، جزاء محذوف ہے نَعُوْدُ شرط با جزاء مقولہ، قول با مقول جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

قَدِ افْتَرَيْنَا عَلَى اللّٰهِ كَذِبًا اِنْ عُدْنَا فِيْ مِلَّتِكُمْ بَعْدَ اِذْ نَجّٰىنَا اللّٰهُ مِنْهَا ؕ وَمَا يَكُوْنُ لَنَاۤ اَنْ نَّعُوْدَ فِيْهَاۤ اِلَّاۤ اَنْ يَّشَآءَ اللّٰهُ رَبُّنَا ؕ وَسِعَ رَبُّنَا كُلَّ شَيْءٍ عِلْمًا ؕ عَلَى اللّٰهِ تَوَكَّلْنَا ؕ رَبَّنَا افْتَحْ بَيْنَنَا وَبَيْنَ قَوْمِنَا بِالْحَقِّ وَاَنْتَ خَيْرُ الْفٰتِحِيْنَ ﴿۸۹﴾

آیت نمبر ۸۹ قَدْ علامت فعل اِفْتَرَيْنَا فعل نَا ضمیر فاعل عَلَى اللّٰهِ ظرف لغو ہو کر متعلق ہوئے كَذِبًا مفعول بہ، فعل با فاعل ومتعلق ومفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا اِنْ شرطیہ عُدْنَا فعل نَا ضمیر فاعل فِيْ مِلَّتِكُمْ ظرف لغو ہو کر متعلق ہوئے بَعْدَ مضاف اِذْ ظرف زمان مضاف نَجّٰى فعل نَا ضمیر مفعول بہ لفظ اللّٰهُ فاعل مِنْهَا جار ومجرور متعلق ہوئے سبھوں مل کر اِذْ کا مضاف الیہ، مضاف با مضاف الیہ بَعْدَ کا مضاف الیہ، مضاف با مضاف الیہ عُدْنَا کا مفعول فیہ، فعل با فاعل ومتعلق ومفعول فیہ جملہ فعلیہ خبریہ شرط، جزاء محذوف ہے فَقَدِ افْتَرَيْنَا عَلَى اللّٰهِ كَذِبًا، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

واؤ استینافیہ مَا نافیہ يَكُوْنُ فعل با قص لَنَا ظرف مستقر كَائِنًا کے متعلق ہو کر خبر مقدم اَنْ حرف مصدری، ونصب نَعُوْدَ فعل نَحْنُ مستتر فاعل فِيْهَا متعلق ہوئے، اِلَّا حرف استثناء اَنْ حرف مصدری، ونصب يَّشَآءَ فعل اللّٰهُ مبدل منہ رَبُّنَا مرکب اضافی بدل، مبدل منہ بابدل فاعل، فعل با فاعل بتاویل مصدر وَقْتَ محذوف مضاف کا مضاف الیہ، مضاف با مضاف الیہ مستثنیٰ مفرغ ہو کر مفعول فیہ لِنَعُوْدَ کا فعل با فاعل ومتعلق ومفعول فیہ جملہ فعلیہ خبریہ بتاویل مصدر اسم موخر، فعل ناقص با اسم وخبر جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

وَسِعَ فعل رَبُّنَا مرکب اضافی فاعل كُلَّ شَيْءٍ مرکب اضافی مفعول بہ عِلْمًا تمیز، فعل با فاعل ومفعول بہ وتمیز جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا عَلَى اللّٰهِ ظرف لغو ہو کر متعلق مقدم تَوَكَّلْنَا فعل نَا ضمیر فاعل ومتعلق مقدم سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا رَبَّنَا یہ اصل میں یَا رَبَّنَا ہے اور یہ حذف ہے اِفْتَحْ فعل امر اَنْتَ مستتر ذوالحال واؤ حالیہ اَنْتَ مبتدا خَيْرُ الْفٰتِحِيْنَ مرکب اضافی خبر، مبتدا با خبر حال، ذوالحال با حال فاعل بَيْنَنَا مرکب اضافی معطوف علیہ ہوا واؤ عاطفہ بَيْنَ قَوْمِنَا مرکب اضافی معطوف معطوف علیہ با معطوف مفعول فیہ بِالْحَقِّ ظرف لغو ہو کر متعلق ہوئے، فعل با فاعل ومفعول فیہ ومتعلق جملہ انشائیہ جواب ندا، ندا وجواب ندا جملہ انشائیہ ندائیہ ہوا۔

وَقَالَ الْمَلَاُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا مِنْ قَوْمِهٖ لَئِنِ اتَّبَعْتُمْ شُعَيْبًا اِنَّكُمْ اِذًا لَّخٰسِرُوْنَ ﴿۹۰﴾

آیت نمبر ۹۰ واؤ استینافیہ قَالَ الْمَلَاُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا مِنْ قَوْمِهٖ اس کی ترکیب آیت نمبر ۶۶ میں دیکھیں، یہ قول ہے لَامِ موطئہ لقسم اِنْ حرف شرط اِتَّبَعْتُمْ فعل کُمْ ضمیر فاعل شُعَيْبًا مفعول بہ، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر شرط اِنَّ حرف تحقیق کُمْ ضمیر اس کا اسم اِذًا حرف جزاء وجواب عمل لَامِ موطئہ لقسم لَّخٰسِرُوْنَ اسم فاعل اَنْتُمْ ضمیر فاعل سے مل کر خبر اِنَّ با اسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ جواب قسم ہے اور شرط کی جزاء محذوف ہے۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

فَاَخَذَتْهُمُ الرَّجْفَةُ فَاَصْبَحُوْا فِیْ دَارِهِمْ جٰثِمِیْنَ ﴿۹۱﴾

آیت نمبر ۹۱: فَاء عاطفہ اَخَذَتْهُمُ الرَّجْفَةُ فَاَصْبَحُوْا فِیْ دَارِهِمْ جٰثِمِیْنَ کی ترکیب آیت نمبر ۷۸ میں دیکھیں۔

اَلَّذِیْنَ كَذَّبُوْا شُعَیْبًا كَاَنْ لَّمْ یَغْنَوْا فِیْهَا ۚ اَلَّذِیْنَ كَذَّبُوْا شُعَیْبًا كَانُوْا هُمُ الْخٰسِرِیْنَ ﴿۹۲﴾

آیت نمبر ۹۲: اَلَّذِیْنَ اسم موصول كَذَّبُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل شُعَیْبًا مفعول بہ، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول باصلہ مبتدا كَاَنْ مخففہ من الثقلہ ضمیر شان اس کا اسم لَّمْ یَغْنَوْا فعل واؤ ضمیر فاعل فِیْهَا جار مجرور متعلق ہوئے، فعل با فاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ خبر كَاَنْ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا اَلَّذِیْنَ كَذَّبُوْا شُعَیْبًا موصول باصلہ مبتدا كَانُوْا فعل ناقص واؤ ضمیر اس کا اسم هُمُ ضمیر فصل الْخٰسِرِیْنَ خبر، فعل ناقص با اسم و خبر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

فَتَوَلّٰى عَنْهُمْ وَقَالَ یٰقَوْمِ لَقَدْ اَبْلَغْتُكُمْ رِسٰلٰتِ رَبِّیْ وَنَصَحْتُ لَكُمْ ۚ فَكَیْفَ اٰسٰى عَلٰى قَوْمٍ كٰفِرِیْنَ ﴿۹۳﴾

آیت نمبر ۹۳: فَاء عاطفہ تَوَلّٰى عَنْهُمْ وَقَالَ یٰقَوْمِ لَقَدْ اَبْلَغْتُكُمْ رِسٰلٰتِ رَبِّیْ وَنَصَحْتُ لَكُمْ کی ترکیب آیت نمبر ۷۹ میں دیکھیں۔ فَاء استیناف كَیْفَ ظرف زمان مکانی کا مفعول فیہ ہو کر اٰسٰی کی ضمیر فاعل کا حال مقدم ہے اٰسٰی فعل اَنَا مستتر فاعل عَلٰی جارہ قَوْمٍ موصول كٰفِرِیْنَ اسم فاعل هُمْ مستتر فاعل سے مل کر صفت، موصوف باصفت مجرور، جار با مجرور اٰسٰی کے متعلق ہوئے، فعل با فاعل و متعلق جملہ فعلیہ انشائیہ استفہامیہ ہوا۔

﴿ رکوع نمبر ۱۲ ﴾

وَمَاۤ اَرْسَلْنَا فِیْ قَرْیَةٍ مِّنْ نَّبِیٍّ اِلَّاۤ اَخَذْنَاۤ اَهْلَهَا بِالْبَاْسَآءِ وَالضَّرَّآءِ لَعَلَّهُمْ یَضَّرَّعُوْنَ ﴿۹۴﴾

آیت نمبر ۹۴: واؤ استیناف مَا نافیہ اَرْسَلْنَا فعل نا ضمیر فاعل فِیْ قَرْیَةٍ جار مجرور متعلق ہوئے، مِنْ جارہ زائدہ نَّبِیٍّ محلاً منصوب مفعول بہ اِلَّا حرف استثناء اَخَذْنَا فعل نا ضمیر فاعل اَهْلَهَا مرکب اضافی مفعول بہ بَاْسَآءِ جارہ الْبَاْسَآءِ وَالضَّرَّآءِ معطوف علیہ با معطوف مجرور، جار با مجرور اَخَذْنَا کے متعلق ہوئے، فعل با فاعل و مفعول بہ متعلق جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر مستثنیٰ مفرغ حال ہے اور مستثنیٰ منہ محذوف ہے، فعل با فاعل و متعلق و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا لَعَلَّ حرف ترجی هُمْ ضمیر اس کا اسم یَضَّرَّعُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر خبر لَعَلَّ با اسم و خبر اپنی التضرع کی تاویل میں ہو کر اَهْلَهَا سے حال ہے۔

ثُمَّ بَدَّلْنَا مَكَانَ السَّیِّئَةِ الْحَسَنَةَ حَتّٰى عَفَوْا وَّقَالُوْا قَدْ مَسَّ اٰبَآءَنَا الضَّرَّآءُ وَالسَّرَّآءُ فَاَخَذْنٰهُمْ بَغْتَةً وَّهُمْ لَا یَشْعُرُوْنَ ﴿۹۵﴾

آیت نمبر ۹۵: ثُمَّ عاطفہ بَدَّلْنَا فعل نا ضمیر فاعل مَكَانَ السَّیِّئَةِ مرکب اضافی مفعول بہ اول اَلْحَسَنَةَ مفعول بہ ثانی، حَتّٰی حرف

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

غایت وجر عَفَوْا فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر معطوف علیہ واؤ عاطفہ قَالُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر قول محذوف علامت نصب فعل مَسَّ فعل اٰبَآءَنَا مرکب اضافی مفعول بہ مقدم اَلضَّرَّآءُ وَالسَّرَّآءُ معطوف علیہ با معطوف فاعل، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ مقولہ قول با مقولہ معطوف اول مقام عاطفہ اَخَذْنَا فعل نا ضمیر فاعل هُمْ ضمیر مفعول واؤ حالیہ هُمْ ضمیر مبتدا لَا یَشْعُرُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ حال ذوالحال با حال مفعول بہ بَغْتَةً بواسطہ موصوف محذوف اَخْذًا کے مفعول مطلق ہوا فعل با فاعل و مفعول بہ و مفعول مطلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف ثانی معطوف علیہ با معطوفین بتاویل مصدر مجرور، جار با مجرور بِمَا کے متعلق ہوئے، فعل با فاعل و مفعولین و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

وَلَوْ اَنَّ اَهْلَ الْقُرٰٓى اٰمَنُوْا وَاتَّقَوْا لَفَتَحْنَا عَلَيْهِمْ بَرَكٰتٍ مِّنَ السَّمَآءِ وَالْاَرْضِ وَلٰكِنْ كَذَّبُوْا فَاَخَذْنٰهُمْ بِمَا كَانُوْا يَكْسِبُوْنَ ﴿۹۶﴾

آیت نمبر ۹۶ واؤ استیناف لَوْ شرطیہ اَنَّ حرف تحقیق اَهْلَ الْقُرٰى مرکب اضافی اسم اٰمَنُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر معطوف علیہ ہوا واؤ عاطفہ اتَّقَوْا فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر معطوف، معطوف علیہ با معطوف خبر اَنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر بتاویل مفرد فعل محذوف ثَبَتَ کا فاعل ہوا فعل با فاعل جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر شرط لام جواب فَتَحْنَا فعل نا ضمیر فاعل عَلَيْهِمْ جار با مجرور متعلق ہوئے بَرَكٰتٍ موصوف مِّنَ جارہ اَلسَّمَآءِ وَالْاَرْضِ معطوف علیہ با معطوف مجرور، جار با مجرور ظرف مستقر لَكِنَّ کے متعلق ہو کر صفت، موصوف با صفت فَتَحْنَا کا مفعول بہ، فعل با فاعل و متعلق و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ جزاء شرط با جزاء جملہ شرطیہ متاخرہ ہوا۔

واؤ حالیہ لٰكِنْ حرف استدراک جملہ كَذَّبُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ مقام عاطفہ اَخَذْنَا فعل نا ضمیر فاعل هُمْ ضمیر مفعول بہ بِمَا جارہ مَا مصدریہ كَانُوْا فعل ناقص واؤ ضمیر اس کا اسم يَكْسِبُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر خبر، فعل ناقص با اسم و خبر جملہ فعلیہ خبریہ بتاویل مصدر مجرور، جار با مجرور اَخَذْنَا کے متعلق ہوئے، فعل با فاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف فَتَحْنَا کی ضمیر فاعل سے حال ہے۔

اَفَاَمِنَ اَهْلُ الْقُرٰٓى اَنْ يَّاْتِيَهُمْ بَاْسُنَا بَيَاتًا وَّهُمْ نَآئِمُوْنَ ﴿۹۷﴾ اَوَاَمِنَ اَهْلُ الْقُرٰٓى اَنْ يَّاْتِيَهُمْ بَاْسُنَا ضُحًى وَّهُمْ يَلْعَبُوْنَ ﴿۹۸﴾

آیت نمبر ۹۷، ۹۸ ہمزہ حرف استفہام فَاَمِنَ عاطفہ اس کا عطف ہے اَخَذْنَاهُمْ بَغْتَةً پر، اَمِنَ فعل اَهْلُ الْقُرٰى مرکب اضافی فاعل اَنْ حرف مصدری و نصب يَّاْتِيَ فعل هُمْ ضمیر منصوب ذوالحال واؤ حالیہ هُمْ نَآئِمُوْنَ مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر حال ذوالحال با حال مفعول بہ بَاْسُنَا مرکب اضافی فاعل بَيَاتًا ضمیر منصوب سے دوسرا حال ہے، فعل با فاعل و مفعول بہ بتاویل مصدر اَمِنَ کا مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ انشائیہ معطوف علیہ، اَوَ عاطفہ اَمِنَ اَهْلُ الْقُرٰى اَنْ يَّاْتِيَهُمْ بَاْسُنَا ضُحًى وَّهُمْ يَلْعَبُوْنَ کی ترکیب اوپر والی آیت کی طرح ہے اور یہ معطوف ہے، معطوف علیہ با معطوف جملہ معطوفہ ہوا۔

اَفَاَمِنُوْا مَكْرَ اللّٰهِ ۚ فَلَا يَاْمَنُ مَكْرَ اللّٰهِ اِلَّا الْقَوْمُ الْخٰسِرُوْنَ ﴿۹۹﴾

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

آیت نمبر ۹۹: ہمزہ حرف استفہام فاء عاطفہ اور معطوف علیہ محذوف ہے ہَلْ یَوْمِنُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل مَکْرَ اللّٰہِ مرکب اضافی مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ معطوف ہے فاء استیناف لَا یَاْمَنُ فعل مَکْرَ اللّٰہِ مرکب اضافی مفعول بہ، اِلَّا حرف استثناء اَلْقَوْمُ الْخٰسِرُوْنَ مرکب توصیفی فاعل، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

﴿ رکوع نمبر ۱۳ ﴾

اَوَلَمْ یَهْدِ لِلَّذِیْنَ یَرِثُوْنَ الْاَرْضَ مِنْۢ بَعْدِ اَهْلِهَاۤ اَنْ لَّوْ نَشَآءُ اَصَبْنٰهُمْ بِذُنُوْبِهِمْ ۚ وَنَطْبَعُ عَلٰی قُلُوْبِهِمْ فَهُمْ لَا یَسْمَعُوْنَ ۝

آیت نمبر ۱۰۰: ہمزہ حرف استفہام واؤ عاطفہ لَمْ یَهْدِ فعل لام جارہ اَلَّذِیْنَ اسم موصول یَرِثُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل اَلْاَرْضَ مفعول بہ مِنْ جارہ بَعْدِ اَهْلِهَا مرکب اضافی مجرور جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل با فاعل و مفعول بہ متعلق جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول با صلہ مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے اَنْ مخففہ من الثقلہ ضمیر شان مقدر اسم لَوْ شرطیہ نَشَآءُ فعل نَحْنُ مستتر فاعل سے مل کر شرط اَصَبْنٰهُمْ فعل با ضمیر فاعل هُمْ ضمیر مفعول بہ بِذُنُوْبِهِمْ جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل با فاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ جزاء شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہو کر خبر اَنْ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر نَطْبَعُ فعل با فاعل، فعل با فاعل و متعلق جملہ انشائیہ معطوفہ ہوا واؤ استیناف نَطْبَعُ فعل نَحْنُ مستتر فاعل عَلٰی حرف جر قُلُوْبِهِمْ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے تینوں مل کر معطوف علیہ فاء عاطفہ هُمْ ضمیر مبتدا لَا یَسْمَعُوْنَ فعل با واؤ ضمیر فاعل خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ مستانفہ ہوا۔

تِلْكَ الْقُرٰی نَقُصُّ عَلَیْكَ مِنْ اَنْۢبَآىِٕهَا ۚ وَلَقَدْ جَآءَتْهُمْ رُسُلُهُمْ بِالْبَیِّنٰتِ ۫ فَمَا كَانُوْا لِیُؤْمِنُوْا بِمَا كَذَّبُوْا مِنْ قَبْلُ ؕ كَذٰلِكَ یَطْبَعُ اللّٰهُ عَلٰی قُلُوْبِ الْكٰفِرِیْنَ ۝

آیت نمبر ۱۰۱: اِسْمِ اشارہ تِلْكَ الْقُرٰی مرکب توصیفی مبتدا نَقُصُّ فعل نَحْنُ مستتر فاعل عَلَیْكَ جار با مجرور متعلق اول ہوئے مِنْ جارہ اَنْۢبَآىِٕهَا مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور متعلق ثانی ہوئے، فعل با فاعل و متعلقین جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا واؤ استیناف لَقَدْ حرف لام موطئہ للقسم قد علامت فعل جَآءَتْ فعل هُمْ ضمیر مفعول بہ رُسُلُهُمْ مرکب اضافی فاعل بِالْبَیِّنٰتِ جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل با فاعل و مفعول بہ و متعلق قسم کا جواب قسم با جواب قسم جملہ انشائیہ قسمیہ ہوا۔

فاء عاطفہ مَا نافیہ كَانُوْا فعل ناقص واؤ ضمیر اس کا اسم لِیُؤْمِنُوْا اس کے بعد اَنْ مقدر ہے یُؤْمِنُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل بَا حرف جر مَا موصولہ كَذَّبُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل مِنْ قَبْلُ جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل با فاعل و متعلق بتاویل مصدر مجرور، جار با مجرور كَانُوْا کے متعلق ہو کر خبر، فعل ناقص با اسم و خبر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا كَذٰلِكَ ظرف مستقر كَانُوْا کے متعلق ہو کر واسطہ موصوف محذوف نَبَیًّا کے مفعول مطلق مقدم ہوئے یَطْبَعُ فعل لفظ اَللّٰهُ فاعل عَلٰی جارہ قُلُوْبِ الْكٰفِرِیْنَ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے فعل با فاعل و متعلق و مفعول مطلق جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

وَمَا وَجَدْنَا لِاَكْثَرِهِمْ مِّنْ عَهْدٍ ۚ وَاِنْ وَّجَدْنَاۤ اَكْثَرَهُمْ لَفٰسِقِیْنَ ۝

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

آیت نمبر ۱۰۳: واؤ استیناف مَا نافیہ وَجَدْنَا فعل نَا ضمیر فاعل لِاَکْثَرِهِمْ مرکب اضافی بمرور، جار با بمرور متعلق ہوئے مِنْ جارہ زائدہ عَهْدٍ فلا منصوب مفعول بہ، فعل بافاعل و متعلق و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ واؤ عاطفہ اِنْ مخففہ من الثقلہ ضمیر شان مقدر اس کا اسم وَجَدْنَا فعل نَا ضمیر فاعل اَکْثَرَهُمْ مرکب اضافی مفعول بہ اوّل لام فارقہ فٰسِقِیْنَ مفعول بہ ثانی، فعل بافاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ معترضہ ہوا۔

ثُمَّ بَعَثْنَا مِنْۢ بَعْدِهِمْ مُّوْسٰى بِاٰيٰتِنَآ اِلٰى فِرْعَوْنَ وَ مَلَا۟ئِهٖ فَظَلَمُوْا بِهَا ۚ فَانْظُرْ كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الْمُفْسِدِيْنَ ۝

آیت نمبر ۱۰۳: ثُمَّ حرف عطف بَعَثْنَا فعل نَا ضمیر فاعل مِنْ بَعْدِهِمْ ظرف مستقر کَائِنًا کے متعلق ہو کر حال مقدم مُوْسٰی ذوالحال سوخر، ذوالحال باحال مفعول بہ بِاٰیٰتِنَا جار با بمرور متعلق اوّل ہوئے اِلٰی جار فِرْعَوْنَ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ مَلَائِهٖ معطوف، معطوف علیہ با معطوف بمرور، جار با بمرور متعلق ثانی ہوئے، فعل بافاعل و مفعول بہ و متعلقین جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، فاء عاطفہ فَظَلَمُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل بِهَا جار با بمرور متعلق ہوئے، فعل با فاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ معطوفہ ہوا۔ فَانْظُرْ كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الْمُفْسِدِيْنَ کی ترکیب آٹھویں پارے کے آخر میں دیکھیں۔

وَ قَالَ مُوْسٰى يٰفِرْعَوْنُ اِنِّیْ رَسُوْلٌ مِّنْ رَّبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۝

آیت نمبر ۱۰۴: واؤ استیناف قَالَ مُوْسٰی فعل با فاعل جملہ فعلیہ خبریہ قول، یَا فِرْعَوْنُ ندا ہے یَا حرف تحقیق یاء ضمیر اس کا اسم رَسُوْلٌ موصوف مِنْ رَّبِّ الْعَالَمِیْنَ ظرف مستقر کَائِنٌ کے متعلق ہو کر صفت، موصوف باصفت خبر اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ جواب ندا، ندا با جواب ندا مقولہ، قول با مقولہ جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

حَقِيْقٌ عَلٰٓى اَنْ لَّاۤ اَقُوْلَ عَلَى اللّٰهِ اِلَّا الْحَقَّ ؕ قَدْ جِئْتُكُمْ بِبَيِّنَةٍ مِّنْ رَّبِّكُمْ فَاَرْسِلْ مَعِیَ بَنِیْۤ اِسْرَآءِيْلَ ۝

آیت نمبر ۱۰۵: حَقِیْقٌ صیغہ صفت ہُوَ مستتر فاعل عَلٰی حرف جار اَنْ حرف مصدری و نصب لَا اَقُوْلَ فعل اَنَا مستتر فاعل عَلَی اللّٰهِ جار با بمرور متعلق ہوئے، اِلَّا حرف استثناء اَلْحَقَّ بواسطہ موصوف محذوف اَلْقَوْلَ کے مفعول مطلق، فعل با فاعل و متعلق و مفعول مطلق جملہ فعلیہ خبریہ بتاویل مصدر بمرور، جار با بمرور متعلق ہوئے، صیغہ صفت با فاعل و متعلق خبر ہے اَنَا کی جو مبتدا محذوف ہے، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

قَدْ علامت فعل جِئْتُ فعل تاء مضمومہ فاعل کُمْ ضمیر مفعول بہ بِبَاء جارہ بَیِّنَةٍ موصوف مِنْ رَّبِّكُمْ ظرف مستقر کَائِنَةٍ کے متعلق ہو کر صفت، موصوف باصفت بمرور، جار با بمرور متعلق ہوئے، فعل با فاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ رَسُوْلٌ کی صفت ثانیہ ہے۔ فاء فصیحہ اور اس کی شرط محذوف ہے اِذَا اسْتَمَعْتَ کَلَامِیْ فَاَرْسِلْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل مَعِیَ مرکب اضافی مفعول بہ بَنِیْۤ اِسْرَآءِیْلَ مرکب اضافی مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعولین جملہ انشائیہ امریہ جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

قَالَ اِنْ كُنْتَ جِئْتَ بِاٰيَةٍ فَاْتِ بِهَآ اِنْ كُنْتَ مِنَ الصّٰدِقِيْنَ ۝

آیت نمبر ۱۰۶ قَالَ فعل هُوَ مستتر فاعل سے مل کر قول بان حرف شرط كُنْتَ فعل ناقص تاء مفتوحہ اسم جِئْتَ فعل تاء مفتوحہ فاعل بِاٰيَةٍ جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل با فاعل و متعلق خبر، فعل ناقص با اسم و خبر جملہ فعلیہ خبریہ شرط فَاْتِ جزاء امر انت مستتر فاعل بِهَا جار با مجرور متعلق ہوئے فعل با فاعل و متعلق جملہ انشائیہ جزاء، شرط با جزاء مقولہ، قول با مقولہ جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔ اِنْ حرف شرط كُنْتَ فعل ناقص تاء مفتوحہ اس کا اسم مِنَ الصّٰدِقِيْنَ جار با مجرور كَانَ کے متعلق ہو کر خبر، فعل ناقص با اسم و خبر جملہ فعلیہ خبریہ شرط اور جزاء محذوف ہے فَاْتِ بِهَا، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

فَاَلْقٰى عَصَاهُ فَاِذَا هِيَ ثُعْبَانٌ مُّبِيْنٌ ۝

آیت نمبر ۱۰۷ فَاَ عاطفہ اَلْقٰى فعل هُوَ مستتر فاعل عَصَاهُ مرکب اضافی مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ فَاَ عاطفہ اِذَا مفاجاتیہ جملہ هِيَ ضمیر مبتدا ثُعْبَانٌ مُّبِيْنٌ مرکب توصیفی خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ معطوفہ ہوا۔

وَنَزَعَ يَدَهٗ فَاِذَا هِيَ بَيْضَآءُ لِلنّٰظِرِيْنَ ۝

آیت نمبر ۱۰۸ وَ واو عاطفہ نَزَعَ فعل هُوَ مستتر فاعل يَدَهٗ مرکب اضافی مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ فَاَ عاطفہ اِذَا مفاجاتیہ جملہ هِيَ ضمیر مبتدا بَيْضَآءُ موصوف لِلنّٰظِرِيْنَ ظرف مستقر كَائِنَةٌ کے متعلق ہو کر صفت، موصوف با صفت خبر، مبتدا با خبر معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ معطوفہ ہوا۔

❁ رکوع نمبر ۱۴ ❁

قَالَ الْمَلَاُ مِنْ قَوْمِ فِرْعَوْنَ اِنَّ هٰذَا لَسٰحِرٌ عَلِيْمٌ ۝ يُّرِيْدُ اَنْ يُّخْرِجَكُمْ مِّنْ اَرْضِكُمْ ۚ فَمَاذَا تَاْمُرُوْنَ ۝

آیت نمبر ۱۰۹، ۱۱۰ قَالَ فعل اَلْمَلَاُ وال مِنْ جارہ قَوْمِ فِرْعَوْنَ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور كَائِنًا کے متعلق ہو کر حال، وال با حال فاعل، فعل با فاعل جملہ فعلیہ خبریہ قول اِنَّ حرف تحقیق هٰذَا اس کا اسم لام مزحلقہ بِمَا جِرٌّ موصوف عَلِيْمٌ صیغہ صفت هُوَ مستتر فاعل سے مل کر صفت اولیٰ، يُّرِيْدُ فعل هُوَ مستتر فاعل اَنْ حرف مصدری و نصب يُّخْرِجَ فعل هُوَ مستتر فاعل كُمْ ضمیر مفعول بہ مِنْ اَرْضِكُمْ جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل با فاعل و مفعول بہ متعلق بتاویل مصدر يُّرِيْدُ کا مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ صفت ثانیہ، موصوف با صفتین اِنَّ کی خبر اِنَّ با اسم و خبر مقولہ، قول با مقولہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا فَاَ عاطفہ مَا استفہامیہ مبتدا ذَا بمعنی الَّذِيْ اسم موصول تَاْمُرُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر صلہ، موصول بصلہ خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ انشائیہ استفہامیہ ہوا۔

قَالُوْٓا اَرْجِهْ وَاَخَاهُ وَاَرْسِلْ فِي الْمَدَآئِنِ حٰشِرِيْنَ ۝

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

آیت نمبر ۱۱۰ قَالُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر قول، یٰمُوْسٰٓی منادیٰ مضاف امر اَلْقِ مستتر فاعل یا ضمیر مفعول بہ واؤ بمعنی مَعَ اَلْقَاءُ مرکب اضافی مفعول معہ، فعل با فاعل و مفعولین جملہ انشائیہ امریہ معطوف علیہ واؤ عاطفہ اِمَّا بسیط فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل فِی الْمَدَآئِنِ ظرف لغو ہو کر متعلق ہوئے حٰشِرِیْنَ بواسطہ موصوف محذوف رِجَالًا کے مفعول بہ، فعل با فاعل و متعلق و مفعول بہ جملہ انشائیہ امریہ معطوف، معطوف علیہ یا معطوف مقولہ، قول با مقول جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

یَاْتُوْكَ بِكُلِّ سَحَّارٍ عَلِيْمٍ ﴿۱۱۲﴾

آیت نمبر ۱۱۲ یَاْتُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل کَ ضمیر منصوب مفعول بہ باء جارہ کُلِّ مضاف سَحَّارٍ عَلِيْمٍ مرکب توصیفی مضاف الیہ، مضاف با مضاف الیہ مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل با فاعل و مفعول بہ و متعلق جزاء شرط محذوف اِنْ تُرْسِلَ حٰشِرِیْنَ کی، کیونکہ یہ جواب امر ہونے کی وجہ سے مجزوم ہے، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

وَجَآءَ السَّحَرَةُ فِرْعَوْنَ قَالُوْٓا اِنَّ لَنَا لَاَجْرًا اِنْ كُنَّا نَحْنُ الْغٰلِبِيْنَ ﴿۱۱۳﴾

آیت نمبر ۱۱۳ واؤ استیناف جَآءَ فعل اَلسَّحَرَةُ فاعل فِرْعَوْنَ مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا قَالُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر قول، اِنَّ حرف مشبہ لَنَا ظرف مستقر ہو کر لَاَجْرًا کے متعلق ہو کر خبر مقدم لَام مزحلقہ اَجْرًا اسم مؤخر اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ مقولہ، قول با مقولہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا اِنْ حرف شرط كُنَّا فعل با قص نَا ضمیر اس کا اسم نَحْنُ ضمیر فصل اَلْغٰلِبِيْنَ خبر، فعل ناقص با اسم و خبر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر شرط، اور جزاء محذوف ہے اِنَّ لَنَا اَجْرًا، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

قَالَ نَعَمْ وَاِنَّكُمْ لَمِنَ الْمُقَرَّبِيْنَ ﴿۱۱۴﴾

آیت نمبر ۱۱۴ قَالَ فعل ہُوَ مستتر فاعل سے مل کر قول، نَعَمْ حرف ایجاب مقولہ، قول با مقولہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا واؤ عاطفہ اِنَّ حرف مشبہ كُمْ ضمیر اس کا اسم لَام مزحلقہ مِنَ مجرورہ، جار با مجرور ظرف مستقر اَلْمُقَرَّبِيْنَ کے متعلق ہو کر خبر اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف ہے اور معطوف علیہ محذوف ہے اِنَّ لَكُمْ لَاَجْرًا جس کے قائم مقام نَعَمْ ہے۔

قَالُوْا يٰمُوْسٰٓى اِمَّآ اَنْ تُلْقِيَ وَاِمَّآ اَنْ نَّكُوْنَ نَحْنُ الْمُلْقِيْنَ ﴿۱۱۵﴾

آیت نمبر ۱۱۵ قَالُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر قول، یٰمُوْسٰی یہ جملہ فعلیہ ہو کر ندا ہے اِمَّا تردیدیہ اَنْ حرف مصدری و نصب تُلْقِيَ فعل اَنْتَ مستتر فاعل سے مل کر مصدر کے معنی میں ہو کر مبتدا ہے، اور خبر محذوف ہے مَطْلُوْبُكَ ہے، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف علیہ واؤ نائبہ اِمَّا ماقبلہ اَنْ حرف مصدری و نصب نَّكُوْنَ فعل با قص نَحْنُ مستتر اسم نَحْنُ ضمیر منفصل برائے فصل اَلْمُلْقِيْنَ خبر، فعل با قص با اسم و خبر بنا و یل مصدر مبتدا اور خبر محذوف ہے مَطْلُوْبُكَ ہے، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ یا معطوف جواب ندا، ندا با جواب ندا جملہ انشائیہ ندائیہ ہوا۔

قَالَ اَلْقُوْا ۚ فَلَمَّآ اَلْقَوْا سَحَرُوْٓا اَعْيُنَ النَّاسِ وَاسْتَرْهَبُوْهُمْ وَجَآءُوْ بِسِحْرٍ عَظِيْمٍ ﴿۱۱۶﴾

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

آیت نمبر ۱۱۶: قَالَ فعل هُوَ مستتر فاعل سے مل کر قول، اَلْقُوْا فعل امر واؤ ضمیر فاعل سے مل کر جملہ انشائیہ مقولہ، قول با مقولہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ فَاء استیناف لَمَّا متضمن معنی شرط مفعول فیہ مقدم اَلْقَوْا فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر شرط سَحَرُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل اَعْيُنَ النَّاسِ مرکب اضافی مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ ہوا واؤ عاطفہ اِسْتَرْهَبُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل هُمْ ضمیر مفعول بہ، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف اول ہوا واؤ عاطفہ جَآءُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل بِاء جارہ سِحْرٍ عَظِيْمٍ مرکب توصیفی مجرور، دونوں مل کر متعلق ہوئے فعل با فاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف ثانی، معطوف علیہ با معطوفین جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

وَ اَوْحَيْنَآ اِلٰى مُوْسٰٓى اَنْ اَلْقِ عَصَاكَ ۚ فَاِذَا هِيَ تَلْقَفُ مَا يَاْفِكُوْنَ ﴿۱۱۷﴾ فَوَقَعَ الْحَقُّ وَ بَطَلَ مَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿۱۱۸﴾

آیت نمبر ۱۱۷، ۱۱۸: واؤ استیناف اَوْحَيْنَا فعل نَا ضمیر فاعل اِلٰى مُوْسٰى جار با مجرور متعلق ہوئے اَنْ حرف مصدری و نصب اَلْقِ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل عَصَاكَ مرکب اضافی مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ بتاویل مصدر اَوْحَيْنَا کا مفعول بہ، چاروں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔ فَاء عاطفہ معطوف علیہ محذوف ہے اَلْقٰهَا اِذَا مفاجاتیہ هِيَ ضمیر مبتدا تَلْقَفُ فعل هِيَ مستتر فاعل مَا موصولہ يَاْفِكُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل، دونوں مل کر صلہ، موصول با صلہ مفعول بہ، تینوں مل کر خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف ہے فَاء عاطفہ وَقَعَ فعل اَلْحَقُّ فاعل، دونوں سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ ہوا واؤ عاطفہ بَطَلَ فعل مَا اسم موصول كَانُوْا فعل ناقص واؤ ضمیر اس کا اسم يَعْمَلُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر خبر، فعل ناقص با اسم و خبر صلہ، موصول با صلہ بَطَلَ کا فاعل، فعل با فاعل معطوف معطوف علیہ با معطوف جملہ معطوفہ ہوا۔

فَغُلِبُوْا هُنَالِكَ وَ انْقَلَبُوْا صٰغِرِيْنَ ﴿۱۱۹﴾ وَ اُلْقِيَ السَّحَرَةُ سٰجِدِيْنَ ﴿۱۲۰﴾

آیت نمبر ۱۱۹، ۱۲۰: فَاء عاطفہ غُلِبُوْا فعل مجہول واؤ ضمیر نائب فاعل هُنَالِكَ ظرف مکان مغلوب فیہ، فعل مجہول با نائب فاعل و مغلوب فیہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ ہوا واؤ عاطفہ اِنْقَلَبُوْا فعل واؤ ضمیر ذوالحال صٰغِرِيْنَ حال، ذوالحال با حال فاعل، دونوں مل کر معطوف اول ہوا واؤ عاطفہ اُلْقِيَ فعل مجہول اَلسَّحَرَةُ ذوالحال سٰجِدِيْنَ حال، ذوالحال با حال نائب فاعل، دونوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف ثانی، معطوف علیہ با معطوفین جملہ معطوفہ ہوا۔

قَالُوْٓا اٰمَنَّا بِرَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿۱۲۱﴾ رَبِّ مُوْسٰى وَ هٰرُوْنَ ﴿۱۲۲﴾

آیت نمبر ۱۲۱، ۱۲۲: قَالُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر قول، اٰمَنَّا فعل نَا ضمیر فاعل بِاء جارہ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ مرکب اضافی موصوف رَبِّ مضاف مُوْسٰى وَهٰرُوْنَ معطوف علیہ با معطوف مضاف الیہ، مرکب اضافی صفت، موصوف با صفت مجرور، جار با مجرور اٰمَنَّا سے متعلق ہوئے، فعل با فاعل و متعلق مقولہ، قول با مقولہ جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

قَالَ فِرْعَوْنُ اٰمَنْتُمْ بِهٖ قَبْلَ اَنْ اٰذَنَ لَكُمْ ۚ اِنَّ هٰذَا لَمَكْرٌ مَّكَرْتُمُوْهُ فِي الْمَدِيْنَةِ

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

لِتُخْرِجُوْا مِنْهَآ اَهْلَهَا ۚ فَسَوْفَ تَعْلَمُوْنَ ۝

آیت نمبر ۱۲۳: قَالَ فعل فِرْعَوْنُ فاعل سے مل کر قول ہوا اٰمَنْتُمْ فعل بِهٖ جار مجرور متعلق ہوئے قَبْلَ مضاف اَنْ حرف مصدری ونصب اٰذَنَ فعل لَكُمْ جار مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے، فعل با فاعل و متعلق بتاویل مصدر مضاف الیہ، مضاف باضاف الیہ مفعول فیہ، فعل با فاعل و متعلق و مفعول فیہ جملہ فعلیہ خبریہ مقولہ، قول با مقولہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

اِنَّ حرف تحقیق هٰذَا اسم اشارہ اسم لام مذکورہ موصوف مَكْرٌ فعل تُمُوْهَا ضمیر فاعل هُ ضمیر مفعول بہ فِي الْمَدِيْنَةِ جار مجرور متعلق اول ہوئے، لام جارہ تعلیلیہ اس کے بعد اَنْ مقدر ہے تُخْرِجُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل مِنْهَا جار مجرور ظرف لغو ہو کر متعلق ہوئے، اَهْلَهَا مرکب اضافی مفعول بہ، فعل با فاعل و متعلق و مفعول بہ بتاویل مصدر مجرور، جار مجرور مَكْرٌ کے متعلق ثانی ہوئے، فعل با فاعل و مفعول بہ و متعلقین مَكْرٌ کی صفت، موصوف باصفت خبر اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔ فاء فصیحہ اور شرط محذوف ہے اِنْ فَعَلْتُمْ، سَوْفَ علامت استقبال تَعْلَمُوْنَ فعل با واؤ ضمیر فاعل جزاء، شرط محذوف با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

لَاُقَطِّعَنَّ اَيْدِيَكُمْ وَاَرْجُلَكُمْ مِّنْ خِلَافٍ ثُمَّ لَاُصَلِّبَنَّكُمْ اَجْمَعِيْنَ ۝

آیت نمبر ۱۲۴: لَاُ موطئہ للقسم اور قسم محذوف ہے اُقَطِّعَنَّ فعل اَنَا مستتر فاعل اَيْدِيَكُمْ مرکب اضافی معطوف علیہ واؤ عاطفہ اَرْجُلَكُمْ مرکب اضافی معطوف، معطوف علیہ با معطوف مفعول بہ مِنْ خِلَافٍ جار مجرور متعلق ہوئے، فعل با فاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ جواب قسم، قسم با جواب قسم معطوف علیہ ثُمَّ عاطفہ لَاُ موطئہ للقسم اور قسم محذوف ہے اُصَلِّبَنَّ فعل اَنَا مستتر فاعل كُمْ ضمیر مؤکد اَجْمَعِيْنَ تاکید، مؤکد با تاکید مفعول بہ، تینوں مل کر جواب قسم، قسم با جواب قسم معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ مستانفہ ہوا۔

قَالُوْٓا اِنَّآ اِلٰى رَبِّنَا مُنْقَلِبُوْنَ ۝

آیت نمبر ۱۲۵: قَالُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر قول اِنَّ حرف تحقیق نَا ضمیر اس کا اسم اِلٰى رَبِّنَا ظرف لغو ہو کر متعلق مقدم مُنْقَلِبُوْنَ اسم فاعل نَحْنُ مستتر فاعل و متعلق مقدم سے مل کر خبر اِنَّ با اسم و خبر مقولہ، قول با مقولہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

وَمَا تَنْقِمُ مِنَّآ اِلَّآ اَنْ اٰمَنَّا بِاٰيٰتِ رَبِّنَا لَمَّا جَآءَتْنَا ۭ رَبَّنَآ اَفْرِغْ عَلَيْنَا صَبْرًا وَّتَوَفَّنَا مُسْلِمِيْنَ ۝

آیت نمبر ۱۲۶: واؤ عاطفہ مَا نافیہ تَنْقِمُ فعل اَنْتَ مستتر فاعل مِنَّا جار مجرور متعلق ہوئے اِلَّا حرف استثناء اَنْ حرف مصدری ونصب اٰمَنَّا فعل نَا ضمیر فاعل بِاٰيٰتِ رَبِّنَا جار مجرور متعلق ہوئے لَمَّا ظرف زمان مضاف جَآءَتْ فعل هِيَ مستتر فاعل نَا ضمیر مفعول بہ، تینوں مل کر مضاف الیہ، مضاف باضاف الیہ مفعول فیہ، فعل با فاعل و متعلق و مفعول فیہ جملہ فعلیہ خبریہ بتاویل مصدر مستثنیٰ مفرغ ہو کر مفعول لہ، فعل با فاعل و متعلق و مفعول لہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف ہے قَالُوْا کے مقولہ پر۔ رَبَّنَا اصل میں يَا رَبَّنَا ہے اور یہ ندا ہے اَفْرِغْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل عَلَيْنَا ظرف لغو ہو کر متعلق ہوئے، صَبْرًا مفعول بہ، فعل با فاعل و متعلق و مفعول بہ جملہ انشائیہ

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

معطوف علیہ ہوا واؤ عاطفہ ذَرْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل نَا ضمیر مفعول وَالْمَلَا مجرور ہوا لفظ مِنْ حال ہذا الحال یا حال مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ انشائیہ معطوف معطوف علیہ یا معطوف ندا کا جواب، ندا با جواب ندا جملہ انشائیہ ندائیہ ہوا۔

❁ رکوع نمبر ۱۵ ❁

وَقَالَ الْمَلَاُ مِنْ قَوْمِ فِرْعَوْنَ اَتَذَرُ مُوْسٰى وَقَوْمَهٗ لِيُفْسِدُوْا فِي الْاَرْضِ وَيَذَرَكَ وَاٰلِهَتَكَ ۭ قَالَ سَنُقَتِّلُ اَبْنَاۗءَهُمْ وَنَسْتَحْيٖ نِسَاۗءَهُمْ ۚ وَاِنَّا فَوْقَهُمْ قٰهِرُوْنَ ۝

آیت نمبر ۵۰ واؤ استینافیہ لَوْ شرطیہ تَرٰی فعل آنْتَ مستتر فاعل اِذْ مضاف یَتَوَفَّی فعل اَلَّذِیْنَ اسم موصول کَفَرُوْا فعل با واؤ ضمیر فاعل صلہ، موصول با صلہ مفعول بہ مقدم اَلْمَلٰٓئِکَۃُ فاعل یَضْرِبُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل وُجُوْهَهُمْ مرکب اضافی معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اَدْبَارَهُمْ مرکب اضافی معطوف، معطوف علیہ با معطوف مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ حال، ذو الحال با حال یَتَوَفَّی کا فاعل، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ مضاف الیہ، مضاف یا مضاف الیہ لَوْ کا مفعول فیہ، فعل با فاعل و مفعول فیہ جملہ فعلیہ خبریہ شرط اور جزاء محذوف ہے لَرَاَیْتَ اَمْرًا عَظِیْمًا شرط یا جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔ واؤ عاطفہ ذُوْقُوْا فعل امر واؤ ضمیر فاعل عَذَابَ الْحَرِیْقِ مرکب اضافی مفعول بہ، تینوں مل کر جملہ انشائیہ یَقُوْلُوْنَ محذوف کا مقولہ ہے، قول یا مقولہ یَضْرِبُوْنَ پر معطوف ہے۔

ذٰلِكَ بِمَا قَدَّمَتْ اَيْدِيْكُمْ وَاَنَّ اللّٰهَ لَيْسَ بِظَلَّامٍ لِّلْعَبِيْدِ ۝

آیت نمبر ۵۱ ذٰلِکَ اسم اشارہ مبتدا بناء جارہ مَا اسم موصول قَدَّمَتْ فعل اَیْدِیْکُمْ مرکب اضافی فاعل، فعل با فاعل جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول با صلہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اَنَّ حرف تحقیق اَللّٰهَ اسم الجلالہ اس کا اسم لَیْسَ فعل ناقص هُوَ مستتر اس کا اسم بناء جارہ زائدہ ظَلَّامٍ صیغہ مبالغہ هُوَ مستتر فاعل لِلْعَبِیْدِ جار یا مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے، صیغہ مبالغہ با فاعل و متعلق شبہ جملہ ہو کر ظَلَّامٍ منصوب خبر، لَیْسَ با اسم و خبر جملہ فعلیہ خبریہ اَنَّ کی خبر اَنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ تاویل مفرد معطوف، معطوف علیہ با معطوف مجرور، جار یا مجرور ظرف مستقر یَقُوْلُوْنَ کے متعلق ہو کر ذٰلِکَ کی خبر، مبتدا یا خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

كَدَاْبِ اٰلِ فِرْعَوْنَ ۙ وَالَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ ۭ كَفَرُوْا بِاٰيٰتِ اللّٰهِ فَاَخَذَهُمُ اللّٰهُ بِذُنُوْبِهِمْ ۭ اِنَّ اللّٰهَ قَوِيٌّ شَدِيْدُ الْعِقَابِ ۝

آیت نمبر ۵۲ کَافِ جارہ دَاْبِ مضاف اٰلِ فِرْعَوْنَ مرکب اضافی معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اَلَّذِیْنَ اسم موصول مِنْ جارہ قَبْلِهِمْ مرکب اضافی مجرور، جار یا مجرور ظرف مستقر کَفَرُوْا کے متعلق ہو کر صلہ، موصول با صلہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف مضاف الیہ، مضاف با مضاف الیہ مجرور، جار یا مجرور ظرف مستقر کَائِنِیْنَ کے متعلق ہو کر مبتدا محذوف دَاْبُهُمْ کی خبر، مبتدا یا خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ کَفَرُوْا فعل با واؤ ضمیر فاعل بناء جارہ بِاٰیٰتِ اللّٰهِ مرکب اضافی مجرور، جار یا مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے، فعل با فاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ عقاء عاطفہ اَخَذَ فعل هُمُ ضمیر مفعول بہ اَللّٰهُ اسم الجلالہ فاعل بناء جارہ ذُنُوْبِهِمْ مرکب اضافی مجرور، جار یا مجرور متعلق ہوئے، چاروں مل

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ یا معطوف دَأْبِ اٰلِ فِرْعَوْنَ ۔۔۔ الخ کا بیان اور تفسیر ہے۔ اِنَّ حرف تحقیق اَللّٰهَ اسم الجلالہ اسم قَوِيٌّ خبر اول شَدِيْدُ الْعِقَابِ خبر ثانی اِنَّ با اسم و خبرین جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

ذٰلِكَ بِاَنَّ اللّٰهَ لَمْ يَكُ مُغَيِّرًا نِّعْمَةً اَنْعَمَهَا عَلٰى قَوْمٍ حَتّٰى يُغَيِّرُوْا مَا بِاَنْفُسِهِمْ ۙ وَاَنَّ اللّٰهَ سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ ۝

آیت نمبر ۵۳: ذٰلِكَ اسم اشارہ مبتدا بناء جادہ اَنَّ حرف تحقیق اَللّٰهَ اسم الجلالہ اس کا اسم لَمْ يَكُ فعل ناقص مُغَيِّرًا اسم فاعل ھُوَ مستتر فاعل نِّعْمَةً موصوف اَنْعَمَ فعل ھُوَ مستتر فاعل هَا ضمیر مفعول بہ عَلٰى قَوْمٍ جار با مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے، فعل با فاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ صفت، موصوف با صفت مفعول بہ، حَتّٰى حرف غایت و جر اور اس کے بعد اَنْ مقدر ہے يُغَيِّرُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل مَا اسم موصول بناء جادہ اَنْفُسِهِمْ مرکب اضافی مجرور جار با مجرور ظرف مستقر ثَبَتَ کے متعلق ہو کر صلہ، موصول با صلہ مفعول بہ، تینوں مل کر تاویل مصدر مجرور جار با مجرور مُغَيِّرًا کے متعلق ہوئے، اسم فاعل با فاعل و مفعول بہ و متعلق شبہ جملہ ہو کر خبر اَنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف علیہ ہوا واؤ عاطفہ اَنَّ حرف تحقیق اَللّٰهَ اسم الجلالہ اسم سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ دو خبر اَنَّ با اسم و خبرین جملہ اسمیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف مجرور، جار با مجرور ظرف مستقر كَائِنٌ کے متعلق ہو کر ذٰلِكَ کی خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

كَدَاْبِ اٰلِ فِرْعَوْنَ ۙ وَالَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ ۭ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِ رَبِّهِمْ فَاَهْلَكْنٰهُمْ بِذُنُوْبِهِمْ وَاَغْرَقْنَآ اٰلَ فِرْعَوْنَ ۚ وَكُلٌّ كَانُوْا ظٰلِمِيْنَ ۝

آیت نمبر ۵۴: كَدَاْبِ اٰلِ فِرْعَوْنَ وَالَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ کی ترکیب اوپر آیت نمبر ۵۲ میں گذر چکی ہے كَذَّبُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل بناء جادہ اٰيٰتِ رَبِّهِمْ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے، فعل با فاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ فَاَهْلَكْنٰهُمْ فعل نا ضمیر فاعل هُمْ ضمیر مفعول بہ بناء جادہ ذُنُوْبِهِمْ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے، فعل با فاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف اول ہوا واؤ عاطفہ اَغْرَقْنَا فعل نا ضمیر فاعل اٰلَ فِرْعَوْنَ مرکب اضافی مفعول بہ، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف ثانی معطوف علیہ با معطوف مِنْ دَأْبِ اٰلِ فِرْعَوْنَ ۔۔۔ الخ کا تفسیر اور بیان ہے۔ واؤ عاطفہ كُلٌّ مبتدا كَانُوْا فعل ناقص واؤ ضمیر اسم ظٰلِمِيْنَ اسم فاعل هُمْ مستتر فاعل سے مل کر خبر، فعل ناقص با اسم و خبر جملہ فعلیہ خبریہ خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

سوال: كُلٌّ نکرہ ہے اس کا مبتدا بننا کیسے درست ہے مبتدا تو معرفہ ہوتا ہے۔

جواب: كُلٌّ اصل میں كُلُّهُمْ تھا لہٰذا یہ ضمیر کی طرف مضاف ہونے کی وجہ سے معرفہ ہے پھر مضاف الیہ کو حذف کر کے اس کے عوض تنوین لائی گئی ہے۔

اِنَّ شَرَّ الدَّوَآبِّ عِنْدَ اللّٰهِ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا فَهُمْ لَا يُؤْمِنُوْنَ ۝

آیت نمبر ۵۵: اِنَّ حرف تحقیق شَرَّ الدَّوَآبِّ مرکب اضافی ذوالحال عِنْدَ اللّٰهِ مرکب اضافی ثابتًا کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال با حال اَلَّذِيْنَ كَفَرُوْا موصول با صلہ خبر، اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ فَاءِ فصیحہ اور شرط محذوف ہے اِذَا كَانَ الْاَمْرُ كَذٰلِكَ هُمْ

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

ضمیر مبتدا لَا يُؤْمِنُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ جزاء شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

اَلَّذِيْنَ عٰهَدْتَّ مِنْهُمْ ثُمَّ يَنْقُضُوْنَ عَهْدَهُمْ فِيْ كُلِّ مَرَّةٍ وَّهُمْ لَا يَتَّقُوْنَ

آیت نمبر ۵۶: اَلَّذِيْنَ اسم موصول عٰهَدْتَّ فعل تاء مفتوحہ فاعل دونوں مل کر صلہ، موصول با صلہ اَلَّذِيْنَ كَفَرُوْا سے بدل ہے مِنْهُمْ ظرف مستقر كَالَّذِيْنَ کے متعلق ہو کر موصول کی طرف لوٹنے والی ضمیر محذوف سے حال ہے، ثُمَّ حاطفہ يَنْقُضُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل عَهْدَهُمْ مرکب اضافی مفعول بہ فِيْ ہر كُلِّ مَرَّةٍ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور يَنْقُضُوْنَ کے متعلق ہوئے، فعل با فاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ هُمْ ضمیر مبتدا لَا يَتَّقُوْنَ فعل با واؤ ضمیر فاعل خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف عٰهَدْتَّ پر معطوف ہے۔

فَاِمَّا تَثْقَفَنَّهُمْ فِي الْحَرْبِ فَشَرِّدْ بِهِمْ مَّنْ خَلْفَهُمْ لَعَلَّهُمْ يَذَّكَّرُوْنَ ﴿۵۷﴾

آیت نمبر ۵۷: فَاء عاطفہ اِنْ حرف شرط مَا زائدہ تَثْقَفَنَّ فعل اَنْتَ مستتر فاعل هُمْ ضمیر مفعول بہ فِي الْحَرْبِ جار با مجرور متعلق ہو کے چاروں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر شرط فَاء جزائیہ شَرِّدْ فعل اَنْتَ مستتر فاعل بِهِمْ جار با مجرور متعلق ہو کے مَنْ اسم موصول خَلْفَهُمْ مرکب اضافی فعل محذوف ثَبَتَ کا مفعول فیہ ہو کر صلہ، موصول با صلہ مفعول بہ، چاروں مل کر جملہ انشائیہ جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔ لَعَلَّ حرف ترجی هُمْ ضمیر اس کا اسم يَذَّكَّرُوْنَ فعل با واؤ ضمیر فاعل جملہ فعلیہ خبر، لَعَلَّ با اسم و خبر جملہ انشائیہ زائیہ تَذَّكَّرُوْنَ هُمْ کی تاویل میں ہو کر شَرِّدْ کی ضمیر فاعل سے حال ہے یا جملہ تعلیلیہ ہے۔

وَاِمَّا تَخَافَنَّ مِنْ قَوْمٍ خِيَانَةً فَانْۢبِذْ اِلَيْهِمْ عَلٰى سَوَآءٍ ؕ اِنَّ اللّٰهَ لَا يُحِبُّ الْخَآئِنِيْنَ ﴿۵۸﴾

آیت نمبر ۵۸: واؤ عاطفہ یا استینافیہ اِنْ حرف شرط مَا زائدہ تَخَافَنَّ فعل اَنْتَ مستتر فاعل مِنْ قَوْمٍ جار با مجرور متعلق ہوئے خِيَانَةً مفعول بہ، چاروں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ شرط فَاء جزائیہ اِنْبِذْ فعل اَمر اَنْتَ مستتر فاعل اِلَيْهِمْ جار با مجرور متعلق ہوئے، اور عَلٰى سَوَآءٍ ظرف مستقر اِنْبِذْ کے متعلق ہو کر اِنْبِذْ کے فاعل اور اِلَيْهِمْ کی ضمیر دونوں سے حال ہے، فعل امر با فاعل و متعلق جملہ امریہ انشائیہ جزاء، شرط با جزاء جملہ اولیٰ پر معطوف ہے یا جملہ مستانفہ ہے اِنَّ حرف تحقیق اَللّٰهَ اسم الجلالہ اسم لَا يُحِبُّ فعل هُوَ مستتر فاعل اَلْخَآئِنِيْنَ مفعول بہ، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ خبر اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ معللہ ہوا۔

﴿ رکوع نمبر ۸ ﴾

وَلَا يَحْسَبَنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا سَبَقُوْا ؕ اِنَّهُمْ لَا يُعْجِزُوْنَ ﴿۵۹﴾

آیت نمبر ۵۹: واؤ عاطفہ لَا يَحْسَبَنَّ فعل اَلَّذِيْنَ كَفَرُوْا موصول با صلہ فاعل، مفعول اول محذوف ہے یعنی اَنْفُسَهُمْ سَبَقُوْا فعل با واؤ ضمیر فاعل جملہ فعلیہ خبریہ مَا منصوب مفعول بہ ہوئی، فعل با فاعل و مفعولین جملہ انشائیہ اِنْبِذْ پر معطوف ہے اِنَّ حرف تحقیق هُمْ ضمیر اسم لَا يُعْجِزُوْنَ فعل با واؤ ضمیر فاعل جملہ فعلیہ خبریہ خبر اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ معللہ ہوا۔

وَاَعِدُّوْا لَهُمْ مَّا اسْتَطَعْتُمْ مِّنْ قُوَّةٍ وَّمِنْ رِّبَاطِ الْخَيْلِ تُرْهِبُوْنَ بِهٖ عَدُوَّ اللّٰهِ وَعَدُوَّكُمْ وَ

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

أُخَرِيْنَ مِنْ دُوْنِهِمْ ۚ لَا تَعْلَمُوْنَهُمْ ۚ اَللّٰهُ يَعْلَمُهُمْ ۚ وَمَا تُنْفِقُوْا مِنْ شَيْءٍ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ يُوَفَّ إِلَيْكُمْ وَأَنْتُمْ لَا تُظْلَمُوْنَ ﴿٦٠﴾

آیت نمبر ۶۰ :واؤ عاطفہ اَعِدُّوْا فعل امر واؤ ضمیر فاعل لَهُمْ جار ہا مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے مَا اسم موصول اِسْتَطَعْتُمْ فعل با فاعل جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول با صلہ مذ الحال مِنْ قُوَّةٍ جار ہا مجرور معطوف علیہ ہوا واؤ عاطف مِنْ حرف جار رِبَاطِ الْخَيْلِ مرکب اضافی مجرور، جار ہا مجرور معطوف، معطوف علیہ با معطوف ظرف مستقر كَائِنًا کے متعلق ہو کر حال مذ الحال با حال اَعِدُّوْا کا مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ انشائیہ معطوف ہوا۔

تُرْهِبُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل بِهٖ جار ہا مجرور متعلق ہوئے، عَدُوَّ اللّٰهِ مرکب اضافی معطوف علیہ، واؤ عاطف عَدُوَّكُمْ مرکب اضافی معطوف اول، واؤ عاطف اٰخَرِيْنَ موصوف مِنْ جامد دُوْنِهِمْ مرکب اضافی مجرور، جار ہا مجرور ظرف مستقر كَائِنِيْنَ کے متعلق ہو کر صفت اول، لَا تَعْلَمُوْنَهُمْ فعل با واؤ ضمیر فاعل جملہ فعلیہ خبریہ صفت ثانیہ، موصوف با صفتین معطوف علی، معطوف علیہ با معطوف مِنْ تُرْهِبُوْنَ کا مفعول بہ، فعل با فاعل و متعلق و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ اَعِدُّوْا کی ضمیر فاعل سے حال ہے، اَللّٰهُ مبتدا يَعْلَمُهُمْ فعل هُوَ مستتر فاعل هُمْ ضمیر مفعول بہ، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ اٰخَرِيْنَ کی صفت ثالثہ ہے یا جملہ مستانفہ ہے۔

واؤ استیناف یہ مَا اسم شرط مفعول بہ مقدم تُنْفِقُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل مِنْ تبعیضیہ ظرف مستقر كَائِنًا کے متعلق ہو کر مَا اسم شرط کا حال ہے فِيْ جار ہ سَبِيْلِ اللّٰهِ مرکب اضافی مجرور، جار ہا مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے، فعل با فاعل و مفعول بہ مقدم و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ شرط، يُوَفَّ فعل مجہول هُوَ مستتر نائب فاعل إِلَيْكُمْ جار ہا مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطف یہ مالیہ اَنْتُمْ ضمیر مبتدا لَا تُظْلَمُوْنَ فعل مجہول واؤ ضمیر نائب فاعل سے مل کر خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف ہے یا اِلَيْكُمْ کی كُمْ ضمیر سے حال ہے، معطوف علیہ با معطوف جزاء شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

وَإِنْ جَنَحُوْا لِلسَّلْمِ فَاجْنَحْ لَهَا وَتَوَكَّلْ عَلَى اللّٰهِ ۚ إِنَّهُ هُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ﴿٦١﴾

آیت نمبر ۶۱ :واؤ عاطف اِنْ حرف شرط جَنَحُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل لِلسَّلْمِ جار ہا مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر شرط مقام جزا میں اِجْنَحْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل لَهَا جار ہا مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے، تینوں مل کر جملہ انشائیہ معطوف علیہ، واؤ عاطف تَوَكَّلْ فعل اَنْتَ مستتر فاعل عَلَى اللّٰهِ جار ہا مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے، تینوں مل کر جملہ انشائیہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف جزاء شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔ اِنَّ حرف تحقیق هُ ضمیر اس کا اسم هُوَ ضمیر مبتدا السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ دو خبر، مبتدا با خبر ثانی جملہ اسمیہ خبریہ خبر اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ معطلہ ہوا۔

وَإِنْ يُّرِيْدُوْٓا أَنْ يَّخْدَعُوْكَ فَإِنَّ حَسْبَكَ اللّٰهُ ۚ هُوَ الَّذِيْٓ أَيَّدَكَ بِنَصْرِهٖ وَبِالْمُؤْمِنِيْنَ ﴿٦٢﴾ وَأَلَّفَ بَيْنَ قُلُوْبِهِمْ ۚ لَوْ أَنْفَقْتَ مَا فِي الْأَرْضِ جَمِيْعًا مَّا أَلَّفْتَ بَيْنَ قُلُوْبِهِمْ وَلٰكِنَّ اللّٰهَ أَلَّفَ بَيْنَهُمْ ۚ إِنَّهُ عَزِيْزٌ حَكِيْمٌ ﴿٦٣﴾

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

آیت نمبر ۶۳: واؤ عاطفہ اِنْ حرف شرط یُرِیْدُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل اَنْ حرف مصدری و نصب یَّخْدَعُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل کی ضمیر مفعول بہ، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ بتاویل مصدر مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ شرط فَقَدْ جزا اِنَّ حرف تحقیق حَسْبَكَ مرکب اضافی اسم اللّٰهُ خبر اِنَّ بااسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ جزاء شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا هُوَ ضمیر مبتدا الَّذِیْٓ اسم موصول اَیَّدَ فعل هُوَ مستتر فاعل کی ضمیر مفعول بہ بالجملہ نَصْرِہٖ مرکب اضافی مجرور، جار بامجرور معطوف علیہ واؤ عاطفہ بِالْمُؤْمِنِیْنَ جار بامجرور معطوف، معطوف علیہ بامعطوف ظرف لغو متعلق ہوئے، فعل بافاعل و مفعول بہ و متعلق مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ۔ واؤ عاطفہ اَلَّفَ فعل هُوَ مستتر فاعل بَیْنَ قُلُوْبِهِمْ مرکب اضافی مفعول بہ، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف صلہ، موصول با صلہ خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ یا معطوفہ ہوا لَوْ حرف شرط اَنْفَقْتَ فعل تاے مخاطبہ فاعل مَا اسم موصول فِی الْاَرْضِ جار بامجرور ظرف مستقر فعل محذوف ثَبَتَ کے متعلق ہو کر صلہ، موصول با صلہ مل کر حال ہوا فعل بافاعل و مفعول بہ مل کر جملہ فعلیہ خبریہ شرط مَا کَانَ فعل تاے مخاطبہ فاعل بَیْنَ قُلُوْبِهِمْ مرکب اضافی مفعول بہ، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لٰكِنَّ حرف مشبہ بالفعل اللّٰهَ اسم الجلالہ اَلَّفَ فعل هُوَ مستتر فاعل بَیْنَهُمْ مرکب اضافی مفعول بہ، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ خبر، حرف مشبہ بالفعل با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف جزاء شرط باجزاء جملہ شرطیہ مستانفہ ہوا اِنَّ حرف تحقیق هٗ ضمیر اسم عَزِیْزٌ حَكِیْمٌ دو خبر اِنَّ بااسم و خبرین جملہ اسمیہ خبریہ معللہ ہوا۔

یٰٓاَیُّهَا النَّبِیُّ حَسْبُكَ اللّٰهُ وَ مَنِ اتَّبَعَكَ مِنَ الْمُؤْمِنِیْنَ ﴿۶۴﴾

آیت نمبر ۶۴: یٰٓاَیُّهَا حرف ندا اَدْعُوْ کے میم بمقام اَدْعُوْ فعل اَنَا مستتر فاعل اَیُّ موصوف هَا برائے تنبیہ اَلنَّبِیُّ صفت، موصوف بصفت مَنْصوب مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ انشائیہ ندا حَسْبُكَ مرکب اضافی مبتدا اَللّٰهُ اسم الجلالہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ مَنِ اسم موصول اِتَّبَعَ فعل هُوَ مستتر ذوالحال مِنَ الْمُؤْمِنِیْنَ ظرف مستقر کَائِنًا کے متعلق ہو کر حال ذوالحال بامعہ حال فاعل کی ضمیر مفعول بہ، تینوں مل کر صلہ، موصول با صلہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ندا کا جواب، ندا مع جواب جملہ انشائیہ ندائیہ ہوا۔

﴿ رکوع نمبر ۹ ﴾

یٰٓاَیُّهَا النَّبِیُّ حَرِّضِ الْمُؤْمِنِیْنَ عَلَی الْقِتَالِ ؕ اِنْ یَّكُنْ مِّنْكُمْ عِشْرُوْنَ صٰبِرُوْنَ یَغْلِبُوْا مِائَتَیْنِ ۚ وَ اِنْ یَّكُنْ مِّنْكُمْ مِّائَةٌ یَّغْلِبُوْٓا اَلْفًا مِّنَ الَّذِیْنَ كَفَرُوْا بِاَنَّهُمْ قَوْمٌ لَّا یَفْقَهُوْنَ ﴿۶۵﴾

آیت نمبر ۶۵: یٰٓاَیُّهَا النَّبِیُّ کی ترکیب اوپر کی آیت میں گذر چکی ہے۔ حَرِّضِ فعل اَنْتَ مستتر فاعل عَلَی الْمُؤْمِنِیْنَ جار بامجرور ظرف لغو متعلق ہوئے، تینوں مل کر جملہ انشائیہ ندا کا جواب، ندا مع جواب جملہ انشائیہ ہوا اِنْ حرف شرط یَّكُنْ فعل ناقص مِّنْكُمْ ظرف مستقر کَائِنِیْنَ کے متعلق ہو کر خبر مقدم عِشْرُوْنَ صَابِرُوْنَ مرکب توصیفی اسم مؤخر، فعل ناقص با اسم و خبر جملہ فعلیہ خبریہ

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

ہو کر شرط یَغْلِبُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل مِائَتَیْنِ مفعول بہ، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ معطوف علیہ ہوا واؤ عاطفہ اِنْ حرف شرط یَّكُنْ فعل ناقص مِّنْكُمْ ظرف مستقر كَائِنَةً کے متعلق ہو کر خبر مقدم مِائَةٌ اسم مؤخر، فعل ناقص با اسم و خبر جملہ فعلیہ خبریہ شرط، یَغْلِبُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل اَلْفًا موصوف مِّنَ جار، اَلَّذِيْنَ كَفَرُوْا موصول با صلہ مجرور، جار با مجرور ظرف مستقر كَائِنًا کے متعلق ہو کر صفت، موصوف با صفت مفعول بہ بنا جارہ اَنَّ حرف تحقیق هُمْ ضمیر اس کا اسم قَوْمٌ موصوف لَّا يَفْقَهُوْنَ فعل با واؤ ضمیر فاعل صفت، موصوف با صفت خبر مان اَنَّ با اسم و خبر تاویل مفرد مجرور، جار با مجرور يَغْلِبُوْا کے متعلق ہوئے، فعل با فاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ جزاء شرط با جزاء جملہ شرطیہ معطوف معطوف علیہ با معطوف جملہ معطوف ہوا۔

اَلْـٰٔنَ خَفَّفَ اللّٰهُ عَنْكُمْ وَعَلِمَ اَنَّ فِيْكُمْ ضَعْفًا ؕ فَاِنْ يَّكُنْ مِّنْكُمْ مِّائَةٌ صَابِرَةٌ يَّغْلِبُوْا مِائَتَيْنِ ۚ وَاِنْ يَّكُنْ مِّنْكُمْ اَلْفٌ يَّغْلِبُوْٓا اَلْفَيْنِ بِاِذْنِ اللّٰهِ ؕ وَاللّٰهُ مَعَ الصّٰبِرِيْنَ ۝

آیت نمبر ۶۶: اَلْـٰٔنَ ظرف زمان معمول فیہ مقدم خَفَّفَ فعل اَللّٰهُ اسم الجلالہ فاعل عَنْكُمْ جار با مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے، چاروں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ ہوا واؤ عاطفہ عَلِمَ فعل هُوَ مستتر فاعل اَنَّ حرف تحقیق فِيْكُمْ جار با مجرور ظرف مستقر كَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم ضَعْفًا اسم مؤخر، اَنَّ با اسم و خبر دو مفعول بہ کے قائم مقام، فعل با فاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ معطوفہ ہوا۔ فَاء استینافیہ اِنْ حرف شرط يَّكُنْ فعل ناقص مِّنْكُمْ ظرف مستقر كَائِنَةً کے متعلق ہو کر خبر مقدم مِائَةٌ صَابِرَةٌ مرکب توصیفی اسم مؤخر، فعل ناقص با اسم و خبر جملہ فعلیہ خبریہ شرط، يَغْلِبُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل مِائَتَيْنِ مفعول بہ، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ معطوف علیہ ہوا واؤ عاطفہ اِنْ حرف شرط مِّنْكُمْ ظرف مستقر كَائِنًا کے متعلق ہو کر خبر مقدم اَلْفٌ اسم مؤخر، فعل ناقص با اسم و خبر جملہ فعلیہ خبریہ شرط، يَغْلِبُوْٓا فعل واؤ ضمیر فاعل اَلْفَيْنِ مفعول بہ بنا جارہ بِاِذْنِ اللّٰهِ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے، چاروں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ معطوف ہوا۔ واؤ استینافیہ اَللّٰهُ اسم الجلالہ مبتدا، مَعَ الصّٰبِرِيْنَ مرکب اضافی كَائِنٌ کا مفعول فیہ ہو کر خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

مَا كَانَ لِنَبِيٍّ اَنْ يَّكُوْنَ لَهٗٓ اَسْرٰى حَتّٰى يُثْخِنَ فِى الْاَرْضِ ؕ تُرِيْدُوْنَ عَرَضَ الدُّنْيَا ۖ وَاللّٰهُ يُرِيْدُ الْاٰخِرَةَ ؕ وَاللّٰهُ عَزِيْزٌ حَكِيْمٌ ۝

آیت نمبر ۶۷: مَا كَانَ فعل ناقص لِنَبِيٍّ ظرف مستقر كَائِنًا کے متعلق ہو کر خبر مقدم اَنْ حرف مصدری و نصب يَّكُوْنَ فعل ناقص لَهٗٓ ظرف مستقر كَائِنَةً کے متعلق ہو کر خبر مقدم اَسْرٰى اسم مؤخر، فعل ناقص با اسم و خبر جملہ فعلیہ خبریہ تاویل مصدر علامہ فوہی کان کا اسم مؤخر حَتّٰى حرف غایت و جر اس کے بعد اَنْ مقدر ہے يُثْخِنَ فعل هُوَ مستتر فاعل فِى الْاَرْضِ جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل با فاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ تاویل مصدر مجرور، جار با مجرور كَانَ کے متعلق ہوئے، فعل ناقص با اسم و خبر و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ تُرِيْدُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل عَرَضَ الدُّنْيَا مرکب اضافی مفعول بہ، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ ہوا واؤ عاطفہ اَللّٰهُ مبتدا يُرِيْدُ

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

فعل ھُوَ مستتر فاعل اَلْاٰخِرَۃَ مفعول بہ، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ یا معطوف جملہ معطوفہ مستانفہ ہو لہ واؤ اِسْتِیْنَافِیَہ اَللّٰہُ مبتدا عَزِیْزٌ حَکِیْمٌ دو خبر، مبتدا یا خبرین جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہو لہ

لَوْلَا كِتٰبٌ مِّنَ اللّٰهِ سَبَقَ لَمَسَّكُمْ فِيْمَآ اَخَذْتُمْ عَذَابٌ عَظِيْمٌ ﴿۶۸﴾

آیت نمبر ۶۸ لَوْلَا حرف امتناع لِکِتٰبٌ موصوف مِنَ اللّٰہِ ظرف مستقر لِکِتٰبٌ کے متعلق ہو کر صفت اولیٰ سَبَقَ فعل ھُوَ مستتر فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ صفت ثانیہ موصوف یا صفتین مبتدا، اور خبر محذوف ہے مَوْجُوْدٌ مبتدا یا خبر جملہ اسمیہ خبریہ شرط لَوْلَا جوابہ مَسَّ فعل کُمْ ضمیر مفعول بہ فِیْ حرف جار مَا اسم موصول اَخَذْتُمْ فعل با فاعل صلہ، موصول با صلہ مجرور، جار با مجرور ظرف لغو مَسَّ کے متعلق ہوئے عَذَابٌ عَظِیْمٌ مرکب توصیفی فاعل، فعل با فاعل و متعلق و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

فَكُلُوْا مِمَّا غَنِمْتُمْ حَلٰلًا طَيِّبًا ۖ وَّاتَّقُوا اللّٰهَ ۭ اِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿۶۹﴾

آیت نمبر ۶۹ فَاء فصیحہ اور شرط محذوف ہے اِذَا اَبَحْتُ لَکُمُ الْغَنَائِمَ، کُلُوْا فعل امر واؤ ضمیر فاعل مِنْ جارہ مَا اسم موصول غَنِمْتُمْ فعل با فاعل جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول با صلہ مجرور، جار با مجرور متعلق ہو کے حَلٰلًا طَیِّبًا موصوف محذوف کُلًا کی دو صفت ہیں، موصوف با صفتین مفعول مطلق ہے، فعل با فاعل و متعلق و مفعول مطلق جملہ انشائیہ جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہو لہ واؤ عاطفہ اِتَّقُوْا فعل امر واؤ ضمیر فاعل اَللّٰہَ اسم الجلالہ مفعول بہ، تینوں مل کر جملہ انشائیہ کُلُوْا پر معطوف ہے اِنَّ حرف تحقیق اَللّٰہَ اسم الجلالہ اس کا اسم غَفُوْرٌ رَّحِیْمٌ دو خبر اِنَّ با اسم و خبرین جملہ اسمیہ خبریہ مؤکدہ ہو لہ

﴿ رکوع نمبر ۱۰ ﴾

يٰٓاَيُّهَا النَّبِيُّ قُلْ لِّمَنْ فِيْٓ اَيْدِيْكُمْ مِّنَ الْاَسْرٰٓى ۙ اِنْ يَّعْلَمِ اللّٰهُ فِيْ قُلُوْبِكُمْ خَيْرًا يُّؤْتِكُمْ خَيْرًا مِّمَّآ اُخِذَ مِنْكُمْ وَيَغْفِرْ لَكُمْ ۭ وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿۷۰﴾

آیت نمبر ۷۰: یٰٓاَیُّھَا النَّبِیُّ اس کی ترکیب آیت نمبر ۶۵ میں دیکھئے اور یہ ندا ہے قُلْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل لِاَمر جارہ مَنْ اسم موصول فِیْ حرف جار اَیْدِیْکُمْ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور ظرف مستقر ثَبَتَ فعل محذوف کے متعلق ہو کر صلہ، موصول با صلہ ذوالحال مِنَ الْاَسْرٰی جار با مجرور ظرف مستقر کَائِنًا کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال با حال مجرور، جار با مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے، فعل با فاعل و متعلق جملہ انشائیہ امریہ قول اِنْ حرف شرط یَعْلَمِ فعل اَللّٰہُ فاعل فِیْ قُلُوْبِکُمْ جار با مجرور متعلق ہوئے خَیْرًا مفعول بہ، چاروں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر شرط، یُؤْتِ فعل اور یہ اصل میں یُؤْتِیُ ہے ھُوَ مستتر فاعل خَیْرًا اسم تفضیل ھُوَ مستتر فاعل مِنْ جارہ مَا موصول اُخِذَ فعل مجہول ھُوَ مستتر نائب فاعل مِنْکُمْ ظرف لغو متعلق ہوئے، فعل مجہول با نائب فاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول با صلہ مجرورہ جار با مجرور متعلق ہوئے، اسم تفضیل با فاعل و متعلق شبہ جملہ ہو کر یُؤْتِ کا مفعول بہ ثانی، فعل با فاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ یَغْفِرْ فعل ھُوَ مستتر فاعل لَکُمْ جار با مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ یا معطوف جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ مقولہ، قول با مقولہ جواب ندا، ندا با جواب جملہ انشائیہ ندائیہ مستانفہ ہو لہ واؤ اِسْتِیْنَافِیَہ لفظ اَللّٰہُ مبتدا غَفُوْرٌ رَّحِیْمٌ دو

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

خبر، مبتدا باخبر ان جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا

وَ اِنْ يُّرِيْدُوْا خِيَانَتَكَ فَقَدْ خَانُوا اللّٰهَ مِنْ قَبْلُ فَاَمْكَنَ مِنْهُمْ ؕ وَ اللّٰهُ عَلِيْمٌ حَكِيْمٌ ۝

آیت نمبر ۷۱ : واؤ عاطفہ اِنْ حرف شرط يُرِيْدُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل خِيَانَتَكَ مرکب اضافی مفعول بہ، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر شرط، فَاء جزائیہ قَدْ علامت فعل خَانُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل اَللّٰهَ مفعول بہ مِنْ قَبْلُ ظرف لغو متعلق ہوئے، فعل با فاعل ومفعول بہ ومتعلق مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ فَاء عاطفہ اَمْكَنَ فعل ھُوَ مستتر فاعل مِنْهُمْ جار با مجرور متعلق ہوئے، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف جزاء شرط با جزاء جملہ شرطیہ معطوفہ ہوا

اِنَّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَ هَاجَرُوْا وَ جٰهَدُوْا بِاَمْوَالِهِمْ وَ اَنْفُسِهِمْ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَ الَّذِيْنَ اٰوَوْا وَّ نَصَرُوْۤا اُولٰٓئِكَ بَعْضُهُمْ اَوْلِيَآءُ بَعْضٍ ؕ وَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَ لَمْ يُهَاجِرُوْا مَا لَكُمْ مِّنْ وَّلَايَتِهِمْ مِّنْ شَيْءٍ حَتّٰى يُهَاجِرُوْا ۚ وَ اِنِ اسْتَنْصَرُوْكُمْ فِي الدِّيْنِ فَعَلَيْكُمُ النَّصْرُ اِلَّا عَلٰى قَوْمٍ بَيْنَكُمْ وَ بَيْنَهُمْ مِّيْثَاقٌ ؕ وَ اللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ بَصِيْرٌ ۝

آیت نمبر ۷۲ : اِنَّ حرف تحقیق اَلَّذِيْنَ اسم موصول اٰمَنُوْا فعل با واؤ ضمیر فاعل معطوف علیہ ہوا واؤ عاطفہ هَاجَرُوْا فعل با واؤ ضمیر با فاعل جملہ فعلیہ خبریہ معطوف اول ہوا واؤ عاطفہ جٰهَدُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل فِيْ جارہ سَبِيْلِ اللّٰهِ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف ثانی معطوف علیہ با معطوفین صلہ موصول با صلہ معطوف علیہ ہوا واؤ عاطفہ اَلَّذِيْنَ اسم موصول اٰوَوْا واؤ فعل با واؤ ضمیر فاعل جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ نَصَرُوْۤا فعل با واؤ ضمیر فاعل جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف صلہ موصول با صلہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف اِنَّ کا اسم اُولٰٓئِكَ اسم اشارہ مبتدا بَعْضُهُمْ مرکب اضافی ہو کر مبتدا اَوْلِيَآءُ بَعْضٍ مرکب اضافی خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ اُولٰٓئِكَ کی خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر اِنَّ کی خبر، اِنَّ با اسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا

واؤ عاطفہ اَلَّذِيْنَ اسم موصول اٰمَنُوْا فعل با واؤ ضمیر فاعل جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لَمْ يُهَاجِرُوْا فعل با واؤ ضمیر فاعل جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف صلہ، موصول با صلہ مبتدا، مَا نافیہ لَكُمْ ظرف مستقر كَائِنًا کے متعلق ہو کر خبر مقدم مِنْ جارہ وَلَايَتِهِمْ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور كَائِنًا کے متعلق ہو کر حال مقدم مِنْ جارہ زائدہ شَيْءٍ مجرور لفظاً مرفوع محلاً اسم ما موخر، ذوالحال با حال مبتدا موخر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ اَلَّذِيْنَ کی خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ اَلَّذِيْنَ پر معطوف ہے۔

حَتّٰى حرف غایت وجر اور اس کے بعد اَن مقدر ہے يُهَاجِرُوْا فعل با واؤ ضمیر با عمل جملہ فعلیہ خبریہ بتاویل مصدر مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے معنی فعل کے جو مَا نافیہ سے سمجھا جا رہا ہے، یعنی اِن نفت کے متعلق ہے۔ واؤ عاطفہ اِنِ حرف شرط اِسْتَنْصَرُوْكُمْ فعل واؤ ضمیر فاعل كُمْ ضمیر مفعول بہ فِي الدِّيْنِ جار با مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے، فعل با فاعل ومفعول بہ ومتعلق جملہ فعلیہ خبریہ شرط، فَاء جزائیہ عَلَيْكُمُ ظرف مستقر كَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم اَلنَّصْرُ مستثنیٰ منہ اِلَّا حرف استثناء عَلٰى جارہ قَوْمٍ موصوف بَيْنَكُمْ مرکب اضافی

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

معطوف علیہ ہوا واؤ عاطفہ لَيْسَ لَهُمْ مرکب اضافی معطوف، معطوف علیہ یا معطوف كُلِّ کا مفعول فیہ ہو کر خبر مقدم مِّنْ شَيْءٍ مبتدا موخر، مبتدا یا خبر جملہ اسمیہ خبریہ صفت، موصوف یا صفت مجرور، جار یا مجرور متعلق ہوئے مستقر الْمَضْرُوْرُ کے، مستقر منہ یا مستقر مبتدا موخر، مبتدا یا خبر جملہ اسمیہ خبریہ جزاء، شرط یا جزاء جملہ شرطیہ معطوف ہوا واؤ استینافیہ اَللّٰهُ مبتدا، بِمَا جار مجرور موصول تَعْمَلُوْنَ فعل با واؤ ضمیر فاعل جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول با صلہ مجرور، جار یا مجرور ظرف لغو متعلق مقدم ہوئے بَصِيْرٌ صیغہ صفت هُوَ مستتر فاعل اور متعلق مقدم سے مل کر شبہ جملہ ہو کر خبر، مبتدا یا خبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْا بَعْضُهُمْ اَوْلِيَآءُ بَعْضٍ ۭ اِلَّا تَفْعَلُوْهُ تَكُنْ فِتْنَةٌ فِي الْاَرْضِ وَفَسَادٌ كَبِيْرٌ ۝

آیت نمبر ۷۳: واؤ استینافیہ الَّذِيْنَ اسم موصول كَفَرُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر صلہ، موصول با صلہ مبتدا بَعْضُهُمْ مرکب اضافی مبتدا ثانی اَوْلِيَآءُ بَعْضٍ مرکب اضافی خبر، مبتدا یا خبر جملہ اسمیہ خبریہ مبتدا اول کی خبر، مبتدا یا خبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا اِلَّا حرف شرط لَا لامد تَفْعَلُوْهُ فعل واؤ ضمیر فاعل ہٗ ضمیر مفعول بہ، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ شرط تَكُنْ فعل تام فِتْنَةٌ معطوف علیہ ہوا واؤ عاطفہ فَسَادٌ كَبِيْرٌ مرکب توصیفی معطوف، معطوف علیہ یا معطوف فاعل فِي الْاَرْضِ جار یا مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے، فعل یا فاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ جزاء شرط یا جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَهَاجَرُوْا وَجٰهَدُوْا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَالَّذِيْنَ اٰوَوْا وَّنَصَرُوْٓا اُولٰۗىِٕكَ هُمُ الْمُؤْمِنُوْنَ حَقًّا ۭ لَهُمْ مَّغْفِرَةٌ وَّرِزْقٌ كَرِيْمٌ ۝

آیت نمبر ۷۴: واؤ عاطفہ الَّذِيْنَ اسم موصول اٰمَنُوْا فعل با واؤ ضمیر فاعل جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ ہوا واؤ عاطفہ هَاجَرُوْا فعل با واؤ ضمیر فاعل معطوف اول ہوا واؤ عاطفہ جٰهَدُوْا فعل با واؤ ضمیر فاعل فِيْ جار سَبِيْلِ اللّٰهِ مرکب اضافی مجرور، جار یا مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے، فعل یا فاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف ثانی، معطوف علیہ یا معطوفین صلہ، موصول با صلہ معطوف علیہ ہوا واؤ عاطفہ الَّذِيْنَ اسم موصول اٰوَوْا فعل با واؤ ضمیر فاعل جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ ہوا واؤ عاطفہ نَصَرُوْٓا فعل با واؤ ضمیر فاعل جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ یا معطوف صلہ، موصول با صلہ معطوف، معطوف علیہ یا معطوف مبتدا اول، اُولٰۗىِٕكَ اسم اشارہ مبتدا ثانی هُمُ ضمیر فصل الْمُؤْمِنُوْنَ اسم فاعل هُمْ مستتر فاعل حَقًّا بواسطہ موصوف محذوف اِيْمَانًا کے مفعول مطلق، اسم فاعل با فاعل و مفعول مطلق مبتدا ثانی کی خبر، مبتدا یا خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر مبتدا اول کی خبر، مبتدا یا خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا لَهُمْ جار یا مجرور ظرف مستقر ثَابِتٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم مَّغْفِرَةٌ معطوف علیہ ہوا واؤ عاطفہ رِزْقٌ كَرِيْمٌ مرکب توصیفی معطوف، معطوف علیہ یا معطوف مبتدا موخر، مبتدا یا خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مِنْۢ بَعْدُ وَهَاجَرُوْا وَجٰهَدُوْا مَعَكُمْ فَاُولٰۗىِٕكَ مِنْكُمْ ۭ وَاُولُوا الْاَرْحَامِ بَعْضُهُمْ اَوْلٰى بِبَعْضٍ فِيْ كِتٰبِ اللّٰهِ ۭ اِنَّ اللّٰهَ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمٌ ۝

آیت نمبر ۷۵: واؤ عاطفہ الَّذِيْنَ اسم موصول اٰمَنُوْا فعل با واؤ ضمیر فاعل مِنْۢ بَعْدُ ظرف لغو متعلق ہوئے فعل یا فاعل و متعلق جملہ

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

فعلیہ خبریہ معطوف علیہ ہوا واو عاطفہ هَاجَرُوْا فعل بادوا ضمیر فاعل جملہ فعلیہ خبریہ معطوف اول ہوا واو عاطفہ جٰهَدُوْا فعل واو ضمیر ذوالحال مَعَكُمْ مرکب اضافی فَاُولٰٓئِكَ کا معمول فیہ ہو کر حال، ذوالحال باحال فاعل، فعل بافاعل جملہ فعلیہ خبریہ معطوف ثانی، معطوف علیہ بامعطوف فیہ صلہ، موصول باصلہ مبتدا متضمن معنی شرط ہے مقام جزا میں أُولٰٓئِكَ اسم اشارہ مبتدا، مِنْكُمْ ظرف مستقر كَائِنُوْنَ کے متعلق ہو کر خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ خبر قائم مقام جزاء، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف ہوا واو عاطفہ أُولُوا الْاَرْحَامِ مرکب اضافی مبتدا اول بَعْضُهُمْ مرکب اضافی مبتدا ثانی، اُولُوا اسم تفضیل ہُوَ مستتر فاعل بِبَعْضٍ جار مجرور متعلق ہوئے، اسم تفضیل بافاعل و متعلق شبہ جملہ خبر، مبتدا باخبر مبتدا اول کی خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا لفظ جار كِتٰبِ اللّٰهِ مرکب اضافی مجرور، جار مجرور ظرف مستقر كَائِنِيْنَ کے متعلق ہو کر مبتدا محذوف هٰذَا الْحُكْمُ کی خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا اِنَّ حرف تحقیق اَللّٰهَ اسم الجلالہ اسم بِكُلِّ جار مجرور عَلِيْمٌ مرکب اضافی مجرور مجاز بامجرور متعلق مقدم عَلِيْمٌ صیغہ صفت ہُوَ مستتر فاعل و متعلق مقدم سے مل کر خبر اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

ترکیب سُوْرَةُ التَّوْبَة

رکوع نمبر ۱

بَرَآءَةٌ مِّنَ اللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖٓ اِلَى الَّذِيْنَ عٰهَدْتُّمْ مِّنَ الْمُشْرِكِيْنَ ۝

آیت نمبر ۱: بَرَآءَةٌ موصوف مِنَ حرف جار اَللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ معطوف علیہ با معطوف مجرور، جار با مجرور ظرف مستقر كَائِنَةٌ کے متعلق ہوئے اِلَى جار وَالَّذِيْنَ عٰهَدْتُّمْ موصول با صلہ واؤ العاطفہ مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ جار با مجرور ظرف مستقر كَائِنَةٌ کے متعلق ہو کر حال، واؤ الحال با من مجرور، جار با مجرور ظرف لغو متعلق ثانی ہوئے، اسم فاعل ہی ضمیر فاعل و متعلقین سے مل کر شبہ جملہ ہو کر بَرَآءَةٌ کی صفت، موصوف با صفت مبتدا محذوف ہی کی خبر ہے، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

فَسِيْحُوْا فِي الْاَرْضِ اَرْبَعَةَ اَشْهُرٍ وَّاعْلَمُوْٓا اَنَّكُمْ غَيْرُ مُعْجِزِي اللّٰهِ ۙ وَاَنَّ اللّٰهَ مُخْزِي الْكٰفِرِيْنَ ۝

آیت نمبر ۲: فَاء فصیحہ اور شرط محذوف ہے اِذَا كَانَ الْاَمْرُ كَذٰلِكَ، سِيْحُوْا فعل امر واؤ ضمیر فاعل فِي الْاَرْضِ جار با مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے اَرْبَعَةَ اَشْهُرٍ ممیز با تمیز مفعول فیہ، فعل با فاعل و متعلق و مفعول فیہ جملہ انشائیہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اِعْلَمُوْٓا فعل امر واؤ ضمیر فاعل اَنَّ حرف تحقیق كُمْ ضمیر اس کا اسم غَيْرُ مُعْجِزِي اللّٰهِ مرکب اضافی خبر مَآ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف علیہ ہوا واؤ عاطفہ اَنَّ حرف تحقیق اَللّٰهَ اسم الجلالہ اس کا اسم مُخْزِي الْكٰفِرِيْنَ مرکب اضافی خبر اَنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف بتاویل مفرد با اِعْلَمُوْٓا کے دو مفعول بہ کے قائم مقام، فعل با فاعل و مفعولین جملہ انشائیہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف قول محذوف قُوْلُوْٓا اَيُّهَا الْمُسْلِمُوْنَ لِلْمُشْرِكِيْنَ کا مقولہ، قول با مقولہ جزاء شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

وَاَذَانٌ مِّنَ اللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖٓ اِلَى النَّاسِ يَوْمَ الْحَجِّ الْاَكْبَرِ اَنَّ اللّٰهَ بَرِيْٓءٌ مِّنَ الْمُشْرِكِيْنَ ۙ وَرَسُوْلُهٗ ۭ فَاِنْ تُبْتُمْ فَهُوَ خَيْرٌ لَّكُمْ ۚ وَاِنْ تَوَلَّيْتُمْ فَاعْلَمُوْٓا اَنَّكُمْ غَيْرُ مُعْجِزِي اللّٰهِ ۭ وَبَشِّرِ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا بِعَذَابٍ اَلِيْمٍ ۝

آیت نمبر ۳: واؤ عاطفہ اَذَانٌ موصوف مِنَ حرف جار اَللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ معطوف علیہ با معطوف مجرور، جار با مجرور ظرف مستقر كَائِنٌ کے متعلق ہوئے اِلَى النَّاسِ جار با مجرور ظرف لغو كَائِنٌ کے متعلق ثانی ہوئے يَوْمَ مضاف الْحَجِّ الْاَكْبَرِ مرکب توصیفی مضاف الیہ، مضاف با مضاف الیہ مفعول فیہ كَائِنٌ اسم و عمل ہُوَ مستتر فاعل، اسم فاعل با فاعل و متعلقین شبہ جملہ ہو کر اَذَانٌ کی صفت، موصوف با صفت مبتدا، اَنَّ حرف تحقیق اَللّٰهَ اسم الجلالہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ رَسُوْلُهٗ مرکب اضافی معطوف، معطوف علیہ با معطوف، اسم بَرِيْٓءٌ صیغہ صفت ہُوَ مستتر عامل مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ جار با مجرور متعلق ہوئے، تینوں مل کر خبر مَآ با اسم و خبر بتاویل مفرد خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا فَاء استیناف اِنْ حرف شرط تُبْتُمْ فعل با فاعل جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر شرط فَاء جزائیہ هُوَ ضمیر مبتدا خَيْرٌ اسم تفضیل هُوَ مستتر فاعل لَّكُمْ جار با

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

مجرور متعلق ہوئے، تینوں مل کر خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ جزاء شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہو کر معطوف علیہ ہوا واؤ عاطفہ اِنْ حرف شرط تَوَلَّيْتُمْ فعل با فاعل جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر شرط فَاعْلَمُوْٓا فعل امر واؤ ضمیر فاعل اَنَّ حرف تحقیق كُمْ ضمیر اسم غَيْرُ مضاف مُعْجِزِي اللّٰهِ مرکب اضافی مضاف الیہ، مضاف با مضاف الیہ خبر اَنَّ با اسم و خبر تاویل مفرد مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ انشائیہ جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ معطوفہ ہوا واؤ استینافیہ بَشِّرِ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل الَّذِيْنَ كَفَرُوْا موصول با صلہ مفعول بہ بِعَذَابٍ جارہ مجرور اَلِيْمٍ مرکب توصیفی مجرور، جار با مجرور ظرف لغو بَشِّرْ کے متعلق ہوئے، چاروں مل کر جملہ انشائیہ استینافیہ ہوا۔

اِلَّا الَّذِيْنَ عٰهَدْتُّمْ مِّنَ الْمُشْرِكِيْنَ ثُمَّ لَمْ يَنْقُصُوْكُمْ شَيْـًٔا وَّلَمْ يُظَاهِرُوْا عَلَيْكُمْ اَحَدًا فَاَتِمُّوْٓا اِلَيْهِمْ عَهْدَهُمْ اِلٰى مُدَّتِهِمْ ؕ اِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ الْمُتَّقِيْنَ ۝

آیت نمبر ۴: اِلَّا حرف استثناء بمعنی لٰکِنَّ، اَلَّذِيْنَ اسم موصول عٰهَدْتُّمْ فعل با فاعل هُمْ ضمیر منصوب محذوف ذوالحال مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ ظرف مستقر کا یِیْنَ کے متعلق ہو کر حال ذوالحال یا حال مضاف، فعل و فاعل و مفعول بہ مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، ثُمَّ حرف عطف لَمْ يَنْقُصُوْا فعل واؤ ضمیر و عامل كُمْ ضمیر مفعول بہ اول شَيْـًٔا مفعول بہ ثانی، چاروں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف اول ہوا واؤ عاطفہ لَمْ يُظَاهِرُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل عَلَيْكُمْ جار مجرور مل کر ظرف لغو متعلق ہوئے اَحَدًا مفعول بہ چاروں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف ثانی، معطوف علیہ با معطوفین صلہ، موصول با صلہ متضمن معنی شرط مبتدا، فَاَتِمُّوْٓا فعل امر واؤ ضمیر فاعل اِلَيْهِمْ جار با مجرور مبدل منہ اِلٰى مُدَّتِهِمْ جار با مجرور بدل، مبدل منہ با بدل ظرف لغو متعلق ہوئے، عَهْدَهُمْ مرکب اضافی مفعول بہ، فعل و فاعل و متعلق و مفعول بہ مل کر خبر تو مقام جزاء، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا اِنَّ حرف تحقیق اللّٰهَ لفظ الجلالۃ مبتدا يُحِبُّ فعل هُوَ مستتر فاعل الْمُتَّقِيْنَ مفعول بہ، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر خبر بِاَنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ مؤولہ ہوا۔

فَاِذَا انْسَلَخَ الْاَشْهُرُ الْحُرُمُ فَاقْتُلُوا الْمُشْرِكِيْنَ حَيْثُ وَجَدْتُّمُوْهُمْ وَخُذُوْهُمْ وَاحْصُرُوْهُمْ وَاقْعُدُوْا لَهُمْ كُلَّ مَرْصَدٍ ۚ فَاِنْ تَابُوْا وَاَقَامُوا الصَّلٰوةَ وَاٰتَوُا الزَّكٰوةَ فَخَلُّوْا سَبِيْلَهُمْ ؕ اِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ۝

آیت نمبر ۵: فَاء استینافیہ اِذَا شرطیہ مفعول فیہ مقدم اِنْسَلَخَ فعل الْاَشْهُرُ الْحُرُمُ مرکب توصیفی فاعل، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر شرط فَاء جزائیہ اُقْتُلُوْا فعل امر واؤ ضمیر فاعل الْمُشْرِكِيْنَ مفعول بہ حَيْثُ مضاف وَجَدْتُّمْ فعل تُمْ ضمیر فاعل هُمْ ضمیر مفعول بہ، تینوں مل کر مضاف الیہ، مجرور مرکب اضافی مفعول فیہ، فعل با فاعل و مفعولین جملہ انشائیہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ خُذُوْا فعل امر واؤ ضمیر فاعل هُمْ ضمیر مفعول بہ، تینوں مل کر جملہ انشائیہ معطوف اول، واؤ عاطفہ اُحْصُرُوْا فعل امر واؤ ضمیر فاعل هُمْ ضمیر مفعول بہ، تینوں مل کر جملہ انشائیہ معطوف ثانی، واؤ عاطفہ اُقْعُدُوْا فعل امر واؤ ضمیر فاعل لَهُمْ جار با مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے، كُلَّ مَرْصَدٍ مرکب اضافی عند البعض مفعول فیہ اور عند البعض بواسطہ موصوف محذوف قُعُوْدًا کا مفعول مطلق، فعل با فاعل و متعلق و مفعول جملہ انشائیہ معطوف ثالث،

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

معطوف علیہ یا معطوفات ثلاثہ جزاء شرط یا جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

فَاَقَامُوا استینافیہ اِنْ حرف شرط ثَابُوْا فعل بافاعل جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ ہوا وَ عاطفہ اَقَامُوا فعل واؤ ضمیر فاعل اَلصَّلٰوةَ مفعول بہ، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف اول ہوا وَ عاطفہ اٰتَوُا فعل واؤ ضمیر فاعل اَلزَّكٰوةَ مفعول بہ، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف ثانی ہوا معطوف علیہ یا معطوفین ثم شرط مقام جزائیہ خَلُّوْا فعل امر واؤ ضمیر فاعل سَبِيْلَهُمْ مرکب اضافی مفعول بہ، تینوں مل کر جملہ انشائیہ جزاء شرط یا جزاء جملہ شرطیہ ہوا اِنَّ حرف مشبہ بالفعل اللّٰهَ اسم غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ دو خبر اِنَّ یا اسم و خبرین جملہ اسمیہ خبریہ معللہ ہوا۔

وَ اِنْ اَحَدٌ مِّنَ الْمُشْرِكِيْنَ اسْتَجَارَكَ فَاَجِرْهُ حَتّٰى يَسْمَعَ كَلٰمَ اللّٰهِ ثُمَّ اَبْلِغْهُ مَاْمَنَهٗ ذٰلِكَ بِاَنَّهُمْ قَوْمٌ لَّا يَعْلَمُوْنَ ۝۶

آیت نمبر ۶: واؤ استینافیہ اِنْ حرف شرط اَحَدٌ موصوف مِّنَ الْمُشْرِكِيْنَ ظرف مستقر کَائِنٌ کے متعلق ہو کر صفت، موصوف یا صفت فعل محذوف اِسْتَجَارَ کا فاعل، فعل بافاعل جملہ فعلیہ خبریہ مفسرہ اِسْتَجَارَ فعل هُوَ مستتر فاعل کَ مفعول بہ، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ مفسر، مفسر یا مفسر شرط مقام جزائیہ اَجِرْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل هُ ضمیر مفعول بہ، حَتّٰى حرف غایت و جر اور اس کے بعد اَنْ مقدر ہے يَسْمَعَ فعل هُوَ مستتر فاعل كَلٰمَ اللّٰهِ مرکب اضافی مفعول بہ، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ تاویل مصدر مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل بافاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ انشائیہ معطوف علیہ، ثُمَّ عاطفہ اَبْلِغْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل هُ ضمیر مفعول بہ اول مَاْمَنَهٗ مرکب اضافی مفعول بہ ثانی، فعل بافاعل و مفعولین جملہ انشائیہ امریہ معطوف، معطوف علیہ یا معطوف جزاء، شرط یا جزاء جملہ شرطیہ فَاَبْلِغْهُ پر معطوف ہوا۔ ذٰلِكَ اسم اشارہ مبتدا باء جار اَنَّ حرف تحقیق هُمْ ضمیر اس کا اسم قَوْمٌ موصوف لَّا يَعْلَمُوْنَ فعل بافاعل ضمیر فاعل صفت، موصوف یا صفت خبر اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ تاویل مفرد مجرور، جار با مجرور كَائِنٌ کے متعلق ہو کر ذٰلِكَ کی خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

❁ رکوع نمبر ۲ ❁

كَيْفَ يَكُوْنُ لِلْمُشْرِكِيْنَ عَهْدٌ عِنْدَ اللّٰهِ وَ عِنْدَ رَسُوْلِهٖۤ اِلَّا الَّذِيْنَ عٰهَدْتُّمْ عِنْدَ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ ۚ فَمَا اسْتَقَامُوْا لَكُمْ فَاسْتَقِيْمُوْا لَهُمْ ؕ اِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ الْمُتَّقِيْنَ ۝۷

آیت نمبر ۷: كَيْفَ ظرف زمان يَكُوْنُ فعل ناقص لِلْمُشْرِكِيْنَ ظرف مستقر كَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم عَهْدٌ موصوف عِنْدَ اللّٰهِ مرکب اضافی معطوف علیہ ہوا وَ عاطفہ عِنْدَ رَسُوْلِهٖ مرکب اضافی معطوف، دونوں مل کر كَائِنٌ کا مفعول فیہ ہو کر صفت، موصوف یا صفت ذوالحال كَيْفَ ظرف زمان كَائِنًا کا مفعول فیہ ہو کر حال مقدم، ذوالحال یا حال یَكُوْنُ کا اسم مؤخر، فعل ناقص با اسم و خبر جملہ فعلیہ انشائیہ استفہامیہ ہوا۔ اِلَّا حرف استثناء بمعنی لٰكِنَّ اَلَّذِيْنَ اسم موصول عٰهَدْتُّمْ فعل بافاعل عِنْدَ مضاف اَلْمَسْجِدِ الْحَرَامِ مرکب توصیفی مضاف الیہ، پھر مرکب اضافی مفعول فیہ، فعل بافاعل و مفعول فیہ جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول با صلہ متضمن معنی شرط مبتدا مقام جزائیہ فَا مصدریہ ظرفیہ اِسْتَقَامُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل لَكُمْ جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل بافاعل و متعلق تاویل مصدر مضاف الیہ مُدَّتْ مضاف محذوف کا، مضاف با مضاف الیہ مفعول فیہ مقدم مقام تاکید کیلئے ہے (حاشیہ جلالین) اِسْتَقِيْمُوْا فعل امر واؤ ضمیر فاعل لَهُمْ جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل بافاعل

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

متعلق و مفعول فیہ مقدم جملہ انشائیہ خبر قائم مقام جزاء مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

كَيْفَ وَإِنْ يَظْهَرُوا عَلَيْكُمْ لَا يَرْقُبُوا فِيكُمْ إِلًّا وَلَا ذِمَّةً ۚ يُرْضُونَكُمْ بِأَفْوَاهِهِمْ وَتَأْبَىٰ قُلُوبُهُمْ وَأَكْثَرُهُمْ فَاسِقُونَ ۝

آیت نمبر ۸: کَیْفَ یہ اصل میں کَیْفَ یَکُوْنُ لَھُمْ عَھْدٌ ہے یَکُوْنُ فعل ناقص لَھُمْ ظرف مستقر کَائِنًا کے متعلق ہو کر خبر مقدم عَھْدٌ واؤ الحال کَیْفَ ظرف زمان کَائِنًا کا منصوب فیہ ہو کر حال، واؤ الحال باعمال اسم موخر، فعل ناقص با اسم و خبر جملہ فعلیہ انشائیہ ہوا۔ واؤ حالیہ اِنْ حرف شرط یَظْھَرُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل عَلَیْکُمْ جار با مجرور متعلق ہوئے، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر شرط، لَا یَرْقُبُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل فِیْکُمْ جار با مجرور متعلق ہوئے اِلًّا معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لَا لائمہ، ذِمَّةً معطوف دونوں مل کر مفعول بہ، فعل با فاعل و متعلق و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ حال ہے لَھُمْ کی ضمیر ھُمْ سے یُرْضُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل کُمْ ضمیر مفعول بہ بِاَفْوَاھِھِمْ جار با مجرور متعلق ہوئے، چاروں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ تَاْبٰی فعل قُلُوْبُھُمْ مرکب اضافی فاعل، فعل با فاعل معطوف اول ہوا واؤ عاطفہ اَکْثَرُھُمْ مرکب اضافی مبتدا، فَاسِقُوْنَ اسم فاعل ھُمْ مستترہ فاعل سے مل کر خبر، مبتدا با خبر معطوف ثانی معطوف علیہ با معطوفین جملہ معطوفہ ہوا۔

اِشْتَرَوْا بِاٰيٰتِ اللّٰهِ ثَمَنًا قَلِيلًا فَصَدُّوا عَنْ سَبِيلِهِ ۚ إِنَّهُمْ سَاءَ مَا كَانُوا يَعْمَلُونَ ۝

آیت نمبر ۹: اِشْتَرَوْا فعل واؤ ضمیر فاعل بآء جارہ اٰیٰتِ اللّٰہِ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے ثَمَنًا قَلِیْلًا مرکب توصیفی مفعول بہ، چاروں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، فاء عاطفہ صَدُّوْا فعل واؤ ضمیر فاعل عَنْ سَبِیْلِہٖ جار با مجرور متعلق ہوئے، تینوں مل کر معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ معطوفہ ہوا۔ اِنَّ حرف تحقیق ھُمْ ضمیر اس کا اسم سَآءَ فعل ذم مَا اسم موصول کَانُوْا فعل ناقص واؤ ضمیر اسم یَعْمَلُوْنَ فعل با واؤ ضمیر فاعل جملہ فعلیہ خبریہ خبر، فعل ناقص با اسم و خبر صلہ، موصول با صلہ فاعل، فعل ذم بفاعل جملہ فعلیہ انشائیہ خبر، مخصوص بالذم مبتدا محذوف ہے عَمَلُھُمْ، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ انشائیہ ہو کر اِنَّ کی خبر اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

لَا يَرْقُبُونَ فِي مُؤْمِنٍ إِلًّا وَلَا ذِمَّةً ۚ وَأُولَٰئِكَ هُمُ الْمُعْتَدُونَ ۝

آیت نمبر ۱۰: لَا یَرْقُبُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل فِیْ مُؤْمِنٍ جار با مجرور متعلق ہوئے اِلًّا وَلَا ذِمَّةً معطوف علیہ با معطوف مفعول بہ، چاروں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اُولٰٓئِکَ اسم اشارہ مبتدا ھُمْ ضمیر برائے فصل الْمُعْتَدُوْنَ اسم فاعل ھُمْ مستترہ فاعل سے مل کر خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ معطوفہ ہوا۔

فَإِنْ تَابُوا وَأَقَامُوا الصَّلَاةَ وَآتَوُا الزَّكَاةَ فَإِخْوَانُكُمْ فِي الدِّينِ ۗ وَنُفَصِّلُ الْآيَاتِ لِقَوْمٍ يَعْلَمُونَ ۝

آیت نمبر ۱۱: فَاء استیناف اِنْ حرف شرط اِنْ تَابُوْا وَ اَقَامُوا الصَّلٰوۃَ وَ اٰتَوُا الزَّکٰوۃَ کی ترکیب آیت نمبر ۵ میں گزر چکی ہے اور یہ شرط ہے فَاء جزائیہ اِخْوَانُکُمْ مرکب اضافی واؤ الحال فِی الدِّیْنِ ظرف مستقر کَائِنِیْنَ کے متعلق ہو کر حال، واؤ الحال باعمال مبتدا محذوف ھُمْ

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

کی خبر ہے، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہوا، واؤ اعتراضیہ نَحْنُ مستتر فاعل نُفَصِّلُ فعل الْآيَاتِ مفعول بہ لام جارہ قَوْمٍ موصوف يَعْلَمُونَ فعل با واؤ ضمیر فاعل صفت، موصوف باصفت مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے فعل با فاعل و مفعول بہ، متعلق جملہ فعلیہ خبریہ معترضہ ہوا۔

وَإِنْ نَّكَثُوْٓا اَيْمَانَهُمْ مِّنْۢ بَعْدِ عَهْدِهِمْ وَطَعَنُوْا فِيْ دِيْنِكُمْ فَقَاتِلُوْٓا اَىِٕمَّةَ الْكُفْرِ ۙ اِنَّهُمْ لَآ اَيْمَانَ لَهُمْ لَعَلَّهُمْ يَنْتَهُوْنَ ﴿۱۲﴾

آیت نمبر ۱۲: واؤ عاطفہ اِنْ حرف شرط نَكَثُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل اَيْمَانَهُمْ مرکب اضافی مفعول بہ، مِنْ جارہ بَعْدِ عَهْدِهِمْ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے چاروں مل کر جملہ فعلیہ معطوف علیہ ہوا واؤ عاطفہ طَعَنُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل فِيْ دِيْنِكُمْ جار با مجرور متعلق ہوئے، تینوں مل کر معطوف، معطوف علیہ با معطوف شرط مقام جزائیہ قَاتِلُوْا فعل امر واؤ ضمیر فاعل اَىِٕمَّةَ الْكُفْرِ مرکب اضافی مفعول بہ، تینوں مل کر جملہ انشائیہ جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہوا، اِنَّ حرف تحقیق هُمْ ضمیر اسم لَا نافی جنس اَيْمَانَ اس کا اسم لَهُمْ ظرف مستقر کائنۃ کے متعلق ہو کر خبر لا اپنے اسم و خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر اِنَّ کی خبر، اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ معللہ ہوا لَعَلَّ حرف ترجی هُمْ ضمیر اس کا اسم يَنْتَهُوْنَ فعل با واؤ ضمیر فاعل لَعَلَّ کی خبر لَعَلَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ انشائیہ رابعۃ اِنْتِهَاءِهِمْ کی تاویل میں ہو کر قَاتِلُوْا کی ضمیر فاعل سے حال ہے۔

اَلَا تُقَاتِلُوْنَ قَوْمًا نَّكَثُوْٓا اَيْمَانَهُمْ وَهَمُّوْا بِاِخْرَاجِ الرَّسُوْلِ وَهُمْ بَدَءُوْكُمْ اَوَّلَ مَرَّةٍ ۭ اَتَخْشَوْنَهُمْ ۚ فَاللّٰهُ اَحَقُّ اَنْ تَخْشَوْهُ اِنْ كُنْتُمْ مُّؤْمِنِيْنَ ﴿۱۳﴾

آیت نمبر ۱۳: هَمْزہ حرف استفہام لَا تُقَاتِلُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل قَوْمًا موصوف نَكَثُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل اَيْمَانَهُمْ مرکب اضافی مفعول بہ، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ هَمُّوْا فعل واؤ ضمیر فاعل باء جارہ اِخْرَاجِ الرَّسُوْلِ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف اول ہوا واؤ عاطفہ هُمْ ضمیر مبتدا بَدَءُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل كُمْ ضمیر مفعول بہ، اَوَّلَ مَرَّةٍ مرکب اضافی مفعول فیہ چاروں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف ثانی، معطوف علیہ با معطوفین صفت، موصوف باصفت تُقَاتِلُوْنَ کا مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ انشائیہ استفہامیہ ہوا۔

هَمْزہ حرف استفہام تَخْشَوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل هُمْ ضمیر مفعول بہ، تینوں مل کر جملہ انشائیہ استفہامیہ ہوا فاء فصیحہ اور اس کی شرط محذوف ہے فَاللّٰهُ مبدل منہ فَ حرف مصدری و نصب تَخْشَوْهُ فعل واؤ ضمیر فاعل هُ ضمیر مفعول بہ، تینوں مل کر تاویل مصدر بدل الاشتمال، مبدل منہ با بدل مبتدا اَحَقُّ اسم تفضیل هُوَ مستتر فاعل سے مل کر شبہ جملہ ہو کر خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر جزاء، شرط محذوف با جزاء محذوف جملہ شرطیہ ہوا اِنْ حرف شرط كُنْتُمْ فعل ناقص تُمْ ضمیر اس کا اسم مُّؤْمِنِيْنَ اسم فاعل اَنْتُمْ مستتر فاعل سے مل کر شبہ جملہ ہو کر خبر، فعل ناقص با اسم و خبر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر شرط، جزاء محذوف ہے فَاللّٰهُ اَحَقُّ اَنْ تَخْشَوْهُ، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

قَاتِلُوْهُمْ يُعَذِّبْهُمُ اللّٰهُ بِاَيْدِيْكُمْ وَيُخْزِهِمْ وَيَنْصُرْكُمْ عَلَيْهِمْ وَيَشْفِ صُدُوْرَ

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

قَوْمٍ مُّؤْمِنِيْنَ ۝ وَيُذْهِبْ غَيْظَ قُلُوْبِهِمْ ۭ وَيَتُوْبُ اللّٰهُ عَلٰي مَنْ يَّشَاۗءُ ۭ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌ حَكِيْمٌ ۝

آیت نمبر ۱۴ قَاتِلُوْا فعل امر واؤ ضمیر فاعل هُمْ ضمیر مفعول بہ، تینوں مل کر جملہ انشائیہ امریہ ہوا۔ يُعَذِّبْ فعل مضارع هُمْ ضمیر مفعول بہ لفظ اللّٰهُ فاعل باء جارہ اَيْدِيْكُمْ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے، فعل با فاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ يُخْزِهِمْ اصل میں يُخْزِيْ ہے فعل مضارع مجزوم هُوَ مستتر فاعل هُمْ ضمیر مفعول بہ، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف اوّل ہوا واؤ عاطفہ يَنْصُرْكُمْ فعل كُمْ ضمیر مفعول بہ عَلَيْهِمْ ظرف لغو متعلق ہوئے، چاروں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف ثانی ہوا واؤ عاطفہ يَشْفِ فعل هُوَ مستتر فاعل صُدُوْرَ مضاف قَوْمٍ مُّؤْمِنِيْنَ مرکب توصیفی مضاف الیہ، مضاف با مضاف الیہ مفعول بہ، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف ثالث ہوا واؤ عاطفہ يُذْهِبْ فعل هُمْ مستتر فاعل غَيْظَ قُلُوْبِهِمْ مرکب اضافی مفعول بہ، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف رابع، معطوف علیہ با معطوفات ما بعد جواب امر اور جزا ہے شرط محذوف اِنْ تُقَاتِلُوْهُمْ کی، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

واؤ استینافیہ يَتُوْبُ فعل لفظ اللّٰهُ فاعل عَلٰي جارہ مَنْ اسم موصول يَّشَاۗءُ فعل هُوَ مستتر فاعل سے مل کر صلہ، موصول با صلہ مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل با فاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔ واؤ استینافیہ اَللّٰهُ مبتدا عَلِيْمٌ حَكِيْمٌ دو خبر، مبتدا با خبرین جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

اَمْ حَسِبْتُمْ اَنْ تُتْرَكُوْا وَلَمَّا يَعْلَمِ اللّٰهُ الَّذِيْنَ جٰهَدُوْا مِنْكُمْ وَلَمْ يَتَّخِذُوْا مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ وَلَا رَسُوْلِهٖ وَلَا الْمُؤْمِنِيْنَ وَلِيْجَةً ۭ وَاللّٰهُ خَبِيْرٌۢ بِمَا تَعْمَلُوْنَ ۝

آیت نمبر ۱۶ اَمْ منقطعہ بمعنی بلکہ "حَسِبْتُمْ فعل تُمْ ضمیر فاعل اَنْ حرف مصدری و نصب تُتْرَكُوْا فعل مجہول واؤ ضمیر نائب فاعل، واؤ حالیہ لَمَّا حرف جزم يَعْلَمِ فعل لفظ اللّٰهُ فاعل اَلَّذِيْنَ اسم موصول جٰهَدُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل مِنْكُمْ تَابِعِيْنَ کے متعلق ہو کر جٰهَدُوْا کی ضمیر فاعل سے حال ہے، فعل با فاعل جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لَمْ يَتَّخِذُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل مِنْ حرف جر دُوْنِ مضاف اَللّٰهِ معطوف علیہ ہوا واؤ عاطفہ لَا زائدہ رَسُوْلِهٖ مرکب اضافی معطوف اول، واؤ عاطفہ لَا زائدہ الْمُؤْمِنِيْنَ معطوف ثانی، معطوف علیہ با معطوفین مضاف الیہ، مضاف با مضاف الیہ مجرور، جار با مجرور يَتَّخِذُوْا کے متعلق ہوئے وَلِيْجَةً مفعول بہ، فعل با فاعل و متعلق و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف صلہ، موصول با صلہ يَعْلَمِ کا مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ حالیہ ہوا حال با صاحب حال تُتْرَكُوْا کا، فعل مجہول با نائب فاعل جملہ فعلیہ خبریہ بتاویل مصدر حَسِبْتُمْ کے دو مفعول کے قائم مقام، فعل با فاعل و مفعولین ملفظا جملہ انشائیہ معنی جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

واؤ استینافیہ لفظ اللّٰهُ مبتدا خَبِيْرٌ صیغہ صفت هُوَ مستتر فاعل باء جارہ مَا موصولہ تَعْمَلُوْنَ فعل با واؤ ضمیر فاعل جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول با صلہ مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے، صیغہ صفت با فاعل و متعلق شبہ جملہ ہو کر خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

رکوع نمبر ۳

مَا كَانَ لِلْمُشْرِكِيْنَ اَنْ يَّعْمُرُوْا مَسٰجِدَ اللّٰهِ شٰهِدِيْنَ عَلٰٓى اَنْفُسِهِمْ بِالْكُفْرِ ۭ اُولٰۗىِٕكَ حَبِطَتْ اَعْمَالُهُمْ ۚ وَفِي النَّارِ هُمْ خٰلِدُوْنَ ۝

آیت نمبر ۱۷: اِنْ مَا فِیْ کَانَ فعل ناقص لِلْمُشْرِکِیْنَ جار ہا مجرور ظرف مستقر کَانَ کے متعلق ہو کر خبر مقدم اَنْ حرف مصدری و نصب یَعْمُرُوْا فعل واؤ ضمیر واؤ الحال شٰهِدِيْنَ اسم فاعل هُمْ مستترًا فاعل عَلٰٓى اَنْفُسِهِمْ جار ہا مجرور ظرف لغو متعلق اول ہوئے بِالْكُفْرِ ظرف لغو متعلق ثانی ہوئے، اسم فاعل با فاعل و متعلقین حال، واؤ الحال با حال مَسٰجِدَ اللّٰهِ مرکب اضافی مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ حالیہ، حال مفرد ہو کر مفعول بہ ہوا۔ اُولٰۗىِٕكَ اسم اشارہ مبتدا، حَبِطَتْ فعل اَعْمَالُهُمْ مرکب اضافی فاعل، دونوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف علیہ ہوا واؤ عاطفہ فِي النَّارِ ظرف لغو خٰلِدُوْنَ کے متعلق مقدم ہوئے هُمْ ضمیر مبتدا، خٰلِدُوْنَ اسم فاعل هُمْ مستترًا فاعل و متعلق مقدم سے مل کر شبہ جملہ ہو کر خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ معطوف مُعْطَفہ ہوا۔

اِنَّمَا يَعْمُرُ مَسٰجِدَ اللّٰهِ مَنْ اٰمَنَ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ وَاَقَامَ الصَّلٰوةَ وَاٰتَى الزَّكٰوةَ وَلَمْ يَخْشَ اِلَّا اللّٰهَ فَعَسٰٓى اُولٰۗىِٕكَ اَنْ يَّكُوْنُوْا مِنَ الْمُهْتَدِيْنَ ۝

آیت نمبر ۱۸: اِنَّمَا حرف تحقیق کفوہ عما کافہ ہے یَعْمُرُ فعل مَسٰجِدَ اللّٰهِ مرکب اضافی مفعول بہ مقدم مَنْ اسم موصول اٰمَنَ فعل هُوَ مستترًا فاعل باللہ جارہ لفظ اللہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ الْيَوْمِ الْاٰخِرِ مرکب توصیفی معطوف، معطوف علیہ با معطوف مجرور، جار ہا مجرور متعلق ہوئے، فعل با فاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اَقَامَ فعل هُوَ مستترًا فاعل الصَّلٰوةَ مفعول بہ، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف اول ہوا واؤ عاطفہ اٰتَى فعل هُوَ ضمیر مستترًا فاعل الزَّكٰوةَ مفعول بہ، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف ثانی، واؤ عاطفہ لَمْ يَخْشَ فعل هُوَ مستترًا فاعل اِلَّا حرف استثناء اَللّٰهَ مستثنیٰ مفرغ مفعول بہ، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف ثالث، معطوف علیہ با معطوفات ثلاثہ صلہ، موصول با صلہ یَعْمُرُ کا فاعل، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔ فَاء فصیحہ اور شرط محذوف ہے اِذَا كَانَ الْاَمْرُ كَذٰلِكَ، عَسٰٓى فعل مقارب اُولٰۗىِٕكَ اس کا اسم اَنْ حرف مصدری و نصب يَّكُوْنُوْا فعل ناقص واؤ ضمیر اسم مِنَ الْمُهْتَدِيْنَ ظرف مستقر كَانَ کے متعلق ہو کر خبر، فعل ناقص با اسم و خبر جملہ فعلیہ خبریہ بتاویل مصدر مؤلا منصوب خبر، فعل مقارب با اسم و خبر جملہ فعلیہ انشائیہ جزاء و شرط محذوف با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

اَجَعَلْتُمْ سِقَايَةَ الْحَاۗجِّ وَعِمَارَةَ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ كَمَنْ اٰمَنَ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ وَجٰهَدَ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ۭ لَا يَسْتَوٗنَ عِنْدَ اللّٰهِ ۭ وَاللّٰهُ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الظّٰلِمِيْنَ ۝

آیت نمبر ۱۹: ہمزہ حرف استفہام جَعَلْتُمْ فعل ثُمْ ضمیر فاعل سِقَايَةَ الْحَاۗجِّ مرکب اضافی معطوف علیہ، واؤ عاطفہ عِمَارَةَ مضاف الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ مرکب توصیفی مضاف الیہ، مضاف با مضاف الیہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف بواسطہ مضاف محذوف لفظ اھل

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

ثُمَّ جَعَلْنٰكُمْ خَلٰٓئِفَ فِي الْاَرْضِ مِنْۢ بَعْدِهِمْ لِنَنْظُرَ كَيْفَ تَعْمَلُوْنَ ﴿۱۴﴾

آیت نمبر ۱۴: ثُمَّ عاطفہ جَعَلْنَا فعل نَا ضمیر فاعل كُمْ ضمیر مفعول بہ خَلٰٓئِفَ موصوف فِي الْاَرْضِ ظرف مستقر كَائِنَةً کے متعلق ہو کر صفت، موصوف باصفت مفعول ثانی مِنْۢ بَعْدِهِمْ ظرف لغو متعلق اول ہونے کا مع جارہ تعلیلیہ اور اس کے بعد اَنْ مقدر ہے لِنَنْظُرَ فعل نَحْنُ مستتر فاعل كَيْفَ كَائِنًا کا منصوب فیہ ہو کر بواسطہ موصوف محذوف عَمَلًا کے مفعول مطلق مقدم تَعْمَلُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل و مفعول مطلق مقدم سے مل کر محلاً منصوب لِنَنْظُرَ کا مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ بتاویل مصدر مجرور، جار با مجرور جَعَلْنَا کے متعلق ثانی ہوئے، فعل با فاعل و مفعولین و متعلقین جملہ فعلیہ خبریہ اَهْلَكْنَا پر معطوف ہے۔

وَاِذَا تُتْلٰى عَلَيْهِمْ اٰيَاتُنَا بَيِّنٰتٍ ۙ قَالَ الَّذِيْنَ لَا يَرْجُوْنَ لِقَآءَنَا ائْتِ بِقُرْاٰنٍ غَيْرِ هٰذَآ اَوْ بَدِّلْهُ ؕ قُلْ مَا يَكُوْنُ لِيْٓ اَنْ اُبَدِّلَهٗ مِنْ تِلْقَآئِ نَفْسِيْ ۚ اِنْ اَتَّبِعُ اِلَّا مَا يُوْحٰٓى اِلَيَّ ۚ اِنِّيْٓ اَخَافُ اِنْ عَصَيْتُ رَبِّيْ عَذَابَ يَوْمٍ عَظِيْمٍ ﴿۱۵﴾

آیت نمبر ۱۵: واؤ عاطفہ اِذَا شرطیہ مفعول فیہ مقدم تُتْلٰى فعل مجہول عَلَيْهِمْ ظرف لغو متعلق ہو کے اٰيَاتُنَا مرکب اضافی ذوالحال بَيِّنٰتٍ حال، ذوالحال باحال نائب فاعل، فعل مجہول بانائب فاعل و متعلق و مفعول فیہ مقدم جملہ فعلیہ خبریہ شرط قَالَ فعل اَلَّذِيْنَ اسم موصول لَا يَرْجُوْنَ لِقَآءَنَا فعل با فاعل و مفعول بہ سے مل کر صلہ، موصول باصلہ فاعل، فعل با فاعل جملہ فعلیہ خبریہ قول، ائْتِ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل بِاٰءٍ جارہ قُرْاٰنٍ موصوف غَيْرِ هٰذَآ مرکب اضافی صفت، موصوف باصفت مجرور، جار با مجرور ائْتِ کے متعلق ہوئے، فعل با فاعل و متعلق جملہ انشائیہ معطوف علیہ اَوْ عاطفہ بَدِّلْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل هُ ضمیر مفعول بہ، تینوں مل کر جملہ انشائیہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف مقولہ، قول با مقولہ جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

قُلْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل سے مل کر قول، مَا نافیہ يَكُوْنُ فعل ناقص لِيْ ظرف مستقر كَائِنًا کے متعلق ہو کر خبر مقدم اَنْ حرف مصدری و نصب اُبَدِّلَ فعل اَنَا مستتر فاعل هُ ضمیر منصوب مفعول بہ مِنْ جارہ تِلْقَآئِ نَفْسِيْ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور اُبَدِّلَ کے متعلق ہوئے، فعل و فاعل و مفعول بہ و متعلق بتاویل مصدر اسم مؤخر، فعل ناقص با اسم و خبر جملہ فعلیہ خبریہ مقولہ، قول با مقولہ جملہ انشائیہ امریہ ہوا۔

اِنْ نافیہ اَتَّبِعُ فعل با اَنَا مستتر فاعل اِلَّا حرف استثناء مَا اسم موصول يُوْحٰى فعل مجہول هُوَ مستتر نائب فاعل اِلَيَّ ظرف لغو متعلق ہوئے، تینوں مل کر صلہ، موصول باصلہ مستثنیٰ مفرغ مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معللہ ہوا۔ (مظہری) اِنَّ حرف تحقیق بِاَءٍ ضمیر اسم اَخَافُ فعل اَنَا مستتر فاعل عَذَابَ مضاف يَوْمٍ عَظِيْمٍ مرکب توصیفی مضاف الیہ، مرکب اضافی مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ خبر اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ دال بر جزاء، اِنْ شرطیہ عَصَيْتُ فعل تَاءِ مضمومہ ضمیر فاعل رَبِّيْ مرکب اضافی مفعول بہ، تینوں مل کر شرط، اور جزاء محذوف ہے فَاِنِّيْٓ اَخَافُ عَذَابَ اللّٰهِ شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

قُلْ لَّوْ شَآءَ اللّٰهُ مَا تَلَوْتُهٗ عَلَيْكُمْ وَلَآ اَدْرٰىكُمْ بِهٖ ۖ فَقَدْ لَبِثْتُ فِيْكُمْ عُمُرًا مِّنْ قَبْلِهٖ ؕ

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

أَفَلَا تَعْقِلُوْنَ ﴿۱۶﴾

آیت نمبر ۱۶: قُلْ فعل امر انت مستتر فاعل سے مل کر قول لَوْ شرطیہ شَآءَ اللّٰهُ فعل بافاعل جملہ فعلیہ خبریہ شرط مَا نافیہ تَلَوْتُهٗ فعل تاء مضمومہ ضمیر فاعل ہٗ ضمیر منصوب مفعول بہ عَلَيْكُمْ ظرف لغو متعلق ہوئے، چاروں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لَآ زائدہ اَدْرٰى فعل هُوَ مستتر فاعل كُمْ ضمیر مفعول بہ اور یہ ظرف لغو متعلق ہوئے، چاروں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ یا معطوف جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ مقولہ، قول با مقولہ جملہ انشائیہ ہوا۔ فَقَدْ تعلیلیہ قَدْ علامت فعل لَبِثْتُ فعل تاء مضمومہ ضمیر فاعل فِيْكُمْ ظرف مستقر ضمیر فاعل سے حال ہے عُمُرًا مفعول بہ مِنْ قَبْلِهٖ ظرف لغو متعلق ہوئے، چاروں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطلہ ہوا۔ هَمْزَہ حرف استفہام فَاء عاطفہ اور معطوف علیہ محذوف ہے اور وہ لَا تَتَفَكَّرُوْنَ ہے (تقدیر) لَا تَعْقِلُوْنَ فعل باواؤ ضمیر فاعل جملہ انشائیہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ معطوفہ انشائیہ ہوا۔

فَمَنْ اَظْلَمُ مِمَّنِ افْتَرٰى عَلَى اللّٰهِ كَذِبًا اَوْ كَذَّبَ بِاٰيٰتِهٖ ؕ اِنَّهٗ لَا يُفْلِحُ الْمُجْرِمُوْنَ ﴿۱۷﴾

آیت نمبر ۱۷: فَاء استینافیہ مَنْ اسم استفہام مبتدا اَظْلَمُ اسم تفضیل هُوَ مستتر فاعل مِنْ جارہ مَنِ موصولہ اِفْتَرٰى فعل هُوَ مستتر فاعل عَلَى اللّٰهِ ظرف لغو متعلق ہوئے كَذِبًا مفعول بہ، چاروں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ ہوا۔ اَوْ عاطفہ كَذَّبَ فعل هُوَ مستتر فاعل بِاٰيٰتِهٖ ظرف لغو متعلق ہوئے، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف مَنْ کا صلہ، موصول با صلہ مجرور، جار با مجرور اَظْلَمُ کے متعلق ہوئے، اسم تفضیل با فاعل و متعلق شبہ جملہ ہو کر خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ انشائیہ ہوا۔ اِنَّ حرف تحقیق ہٗ ضمیر اس کا اسم لَا يُفْلِحُ الْمُجْرِمُوْنَ فعل با فاعل جملہ فعلیہ خبریہ خبر اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ معللہ ہوا۔

وَيَعْبُدُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ مَا لَا يَضُرُّهُمْ وَلَا يَنْفَعُهُمْ وَيَقُوْلُوْنَ هٰٓؤُلَآءِ شُفَعَآؤُنَا عِنْدَ اللّٰهِ ؕ قُلْ اَتُنَبِّـُٔوْنَ اللّٰهَ بِمَا لَا يَعْلَمُ فِي السَّمٰوٰتِ وَلَا فِي الْاَرْضِ ؕ سُبْحٰنَهٗ وَتَعٰلٰى عَمَّا يُشْرِكُوْنَ ﴿۱۸﴾

آیت نمبر ۱۸: واؤ استینافیہ يَعْبُدُوْنَ فعل واؤ ضمیر ذوالحال مِنْ جارہ دُوْنِ اللّٰهِ مرکب اضافی حال مذوالحال باحال فاعل مَا موصولہ لَا يَضُرُّ فعل هُوَ مستتر فاعل هُمْ ضمیر مفعول بہ، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لَا يَنْفَعُهُمْ فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، دونوں مل کر صلہ، موصول با صلہ مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ واؤ عاطفہ يَقُوْلُوْنَ فعل باواؤ ضمیر فاعل جملہ فعلیہ خبریہ قول، هٰٓؤُلَآءِ اسم اشارہ مبتدا، شُفَعَآؤُنَا مرکب اضافی ذوالحال عِنْدَ اللّٰهِ ظرف مستقر كَائِنَةً کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال با حال خبر، مبتدا با خبر مقولہ، قول با مقولہ جملہ فعلیہ خبریہ يَعْبُدُوْنَ پر معطوف ہے۔ قُلْ فعل امر انت مستتر فاعل سے مل کر قول، هَمْزَہ استفہامیہ تُنَبِّـُٔوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل لفظاً اَللّٰهَ مفعول بہ بِاَء جارہ مَا موصولہ لَا يَعْلَمُ فعل هُوَ مستتر فاعل ہٗ ضمیر محذوف ذوالحال، فِي السَّمٰوٰتِ جار با مجرور معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لَا زائدہ فِي الْاَرْضِ جار با مجرور معطوف، معطوف علیہ با معطوف ظرف مستقر كَائِنًا کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال با حال لَا يَعْلَمُ کا مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ صلہ، موصول با صلہ مجرور، جار با مجرور تُنَبِّـُٔوْنَ کے متعلق ہوئے،

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

فعل با فاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ انشائیہ مقولہ، قول با مقولہ جملہ انشائیہ ہوا۔ سُبْحٰنَكَ مرکب اضافی مفعول مطلق ہوا فعل محذوف سَبَّحْنَاكَ کا، فعل با فاعل و مفعول مطلق معطوف علیہ، واؤ عاطفہ تَعْلَمُ فعل هُوَ مستتر فاعل عَنْ جار، غَنَا یَشْرِ کُوْنَ موصول با صلہ مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل با فاعل و متعلق معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ معطوفہ معترضہ ہوا۔

وَ مَا كَانَ النَّاسُ اِلَّاۤ اُمَّةً وَّاحِدَةً فَاخْتَلَفُوْا ؕ وَ لَوْ لَا كَلِمَةٌ سَبَقَتْ مِنْ رَّبِّكَ لَقُضِیَ بَیْنَهُمْ فِیْمَا فِیْهِ یَخْتَلِفُوْنَ ﴿۱۹﴾

آیت نمبر ۱۹: واؤ استیناف مَا نافیہ كَانَ فعل ناقص اَلنَّاسُ اسم اِلَّا حرف استثناء اُمَّةً وَّاحِدَةً مرکب توصیفی مستثنیٰ مفرغ خبر، فعل ناقص با اسم و خبر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، فَاء عاطفہ اِخْتَلَفُوْا فعل با واؤ ضمیر فاعل جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ معطوفہ ہوا۔ واؤ عاطفہ لَوْلَا امتناعیہ كَلِمَةٌ موصوف سَبَقَتْ فعل هِیَ مستتر فاعل مِنْ رَّبِّكَ جار با مجرور متعلق ہوئے، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ صفت، موصوف با صفت مبتداء خبر محذوف ہے مَوْجُوْدَةٌ، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ شرط، لَامر جوابیہ قُضِیَ فعل مجہول هُوَ مستتر راجع بسوئے اَلْاَمْرُ نائب فاعل بَیْنَهُمْ مرکب اضافی مفعول فیہ فِیْ حرف جار مَا موصول فِیْهِ جار با مجرور ظرف لغو متعلق مقدم ہوئے، یَخْتَلِفُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل اور متعلق مقدم سے مل کر صلہ، موصول با صلہ مجرور، جار با مجرور قُضِیَ کے متعلق ہوئے، فعل مجہول با نائب فاعل و مفعول فیہ و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

وَ یَقُوْلُوْنَ لَوْ لَاۤ اُنْزِلَ عَلَیْهِ اٰیَةٌ مِّنْ رَّبِّهٖ ۚ فَقُلْ اِنَّمَا الْغَیْبُ لِلّٰهِ فَانْتَظِرُوْا ۚ اِنِّیْ مَعَكُمْ مِّنَ الْمُنْتَظِرِیْنَ ﴿۲۰﴾

آیت نمبر ۲۰ واؤ عاطفہ یَقُوْلُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر قول لَوْلَا حرف تحضیض اُنْزِلَ فعل مجہول عَلَیْهِ جار با مجرور متعلق ہوئے اٰیَةٌ موصوف مِّنْ رَّبِّهٖ ظرف مستقر كَائِنَةٌ کے متعلق ہو کر صفت، موصوف با صفت نائب فاعل، فعل مجہول با نائب فاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ مقولہ، قول با مقولہ جملہ فعلیہ خبریہ یَعْبُدُوْنَ پر معطوف ہے، فَاء فصیحہ اور اس کی شرط محذوف ہے اِذَا طَلَبُوْا مِنْكَ الْاٰیَةَ (فقیر) قُلْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل سے مل کر قول اِنَّ حرف تحقیق کھوذہ مَا كَانَ الْغَیْبُ مبتدا، لِلّٰهِ ظرف مستقر كَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر، مبتدا با خبر مقولہ، قول با مقولہ جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔ فَاء فصیحہ اور اس کی شرط محذوف ہے اِذَا كَانَ الْاَمْرُ كَذٰلِكَ اِنْتَظِرُوْا فعل امر واؤ ضمیر فاعل سے مل کر جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔ اِنَّ حرف تحقیق یَاء ضمیر اس کا اسم مَعَكُمْ مرکب اضافی مفعول فیہ مقدم مِنَ حرف جار اَلْمُنْتَظِرِیْنَ اسم فاعل هُمْ مستتر فاعل و مفعول مقدم سے مل کر مجرور، جار با مجرور ظرف مستقر كَائِنًا کے متعلق ہو کر خبر، اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ معللہ ہوا۔

❁ رکوع نمبر ۳ ❁

وَ اِذَاۤ اَذَقْنَا النَّاسَ رَحْمَةً مِّنْۢ بَعْدِ ضَرَّآءَ مَسَّتْهُمْ اِذَا لَهُمْ مَّكْرٌ فِیْۤ اٰیَاتِنَا ؕ قُلِ اللّٰهُ اَسْرَعُ مَكْرًا ؕ اِنَّ رُسُلَنَا یَكْتُبُوْنَ مَا تَمْكُرُوْنَ ﴿۲۱﴾

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

آیت نمبر ۲۱: واؤ استینافیہ اِذَا شرطیہ مفعول فیہ مقدم اَذَقْنَا فعل نَا ضمیر فاعل النَّاسَ مفعول بہ اوّل رَحْمَةً مفعول بہ ثانی مِنْ جارہ بَعْدِ مضاف ضَرَّآءَ موصوف مَسَّتْ فعل ھِیْ مستتر فاعل ھُمْ ضمیر مفعول بہ، تینوں مل کر صفت، موصوف باصفت مضاف الیہ، مرکب اضافی مجرور، جار بامجرور اَذَقْنَا کے متعلق ہوئے، فعل بافاعل و متعلق و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ شرط، اِذَا مفاجاتیہ لَھُمْ کے متعلق کا مفعول فیہ لَھُمْ ظرف مستقر کَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم مَّكْرٌ موصوف فِیْ اٰیَاتِنَا ظرف مستقر کَائِنٌ کے متعلق ہو کر صفت، موصوف باصفت مبتدا مؤخر، مبتدا باخبر جزاء، شرط باجزاء، جملہ شرطیہ ہوا۔

قُلِ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل سے مل کر قول، اَللّٰهُ مبتدا، اَسْرَعُ اسم تفضیل هُوَ مستتر فاعل مَكْرًا تمیز، تینوں مل کر خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ مقولہ، قول بامقولہ جملہ انشائیہ ہوا۔ اِنَّ حرف تحقیق رُسُلَنَا مرکب اضافی اسم يَكْتُبُوْنَ فعل باواؤ ضمیر فاعل مَا موصولہ تَمْكُرُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر صلہ، موصول باصلہ مفعول بہ، تینوں مل کر خبر اِنَّ باسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ معللہ ہوا۔

هُوَ الَّذِیْ یُسَیِّرُكُمْ فِی الْبَرِّ وَ الْبَحْرِ ؕ حَتّٰۤی اِذَا كُنْتُمْ فِی الْفُلْكِ ۚ وَ جَرَیْنَ بِهِمْ بِرِیْحٍ طَیِّبَةٍ وَّ فَرِحُوْا بِهَا جَآءَتْهَا رِیْحٌ عَاصِفٌ وَّ جَآءَهُمُ الْمَوْجُ مِنْ كُلِّ مَكَانٍ وَّ ظَنُّوْۤا اَنَّهُمْ اُحِیْطَ بِهِمْ ۙ دَعَوُا اللّٰهَ مُخْلِصِیْنَ لَهُ الدِّیْنَ ۚ لَىِٕنْ اَنْجَیْتَنَا مِنْ هٰذِهٖ لَنَكُوْنَنَّ مِنَ الشّٰكِرِیْنَ ﴿۲۲﴾

آیت نمبر ۲۲: هُوَ ضمیر مبتدا الَّذِیْ اسم موصول یُسَیِّرُ فعل هُوَ مستتر فاعل كُمْ ضمیر مفعول بہ، فِی جارہ الْبَرِّ وَ الْبَحْرِ معطوف علیہ باعطوف مجرور، جار بامجرور متعلق ہوئے، چاروں مل کر صلہ، موصول باصلہ خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔ حَتّٰی حرف غایت وابتدائیہ اِذَا شرطیہ مفعول فیہ مقدم كُنْتُمْ فعل ناقص تُمْ ضمیر اسم فِی الْفُلْكِ ظرف مستقر كَائِنِیْنَ کے متعلق ہو کر خبر، فعل ناقص باسم و خبر معطوف علیہ ہوا واؤ عاطفہ جَرَیْنَ فعل لون مفتوحہ ضمیر فاعل بِهِمْ ظرف لغو متعلق ہوئے، باء جارہ رِیْحٍ طَیِّبَةٍ مرکب توصیفی مجرور، جار بامجرور ظرف مستقر مُسَیَّرَاتٍ کے متعلق ہو کر جَرَیْنَ کی ضمیر فاعل سے حال ہے، فعل بافاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف اوّل، واؤ عاطفہ فَرِحُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل بِهَا جار بامجرور متعلق ہوئے، تینوں مل کر معطوف ثانی، معطوف علیہ باعطوفین شرط جَآءَتْ فعل هَا ضمیر مفعول بہ رِیْحٌ عَاصِفٌ مرکب توصیفی فاعل، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ ہوا واؤ عاطفہ جَآءَ فعل هُمْ ضمیر مفعول بہ اَلْمَوْجُ فاعل مِنْ كُلِّ مَكَانٍ جار بامجرور متعلق ہوئے، چاروں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف اوّل ہوا واؤ عاطفہ ظَنُّوْا فعل واؤ ضمیر فاعل، اَنَّ حرف تحقیق هُمْ ضمیر اس کا اسم اُحِیْطَ فعل مجہول بِهِمْ جار بامجرور محل رفع میں نائب فاعل، دونوں مل کر خبر، اَنَّ باسم و خبر ظَنُّوْا کے دو مفعول کے قائم مقام، فعل بافاعل و مفعولین مبدل منہ دَعَوُا فعل واؤ ضمیر ذوالحال مُخْلِصِیْنَ اسم فاعل هُمْ مستتر فاعل لَهُ جار بامجرور متعلق ہوئے اَلدِّیْنَ مفعول بہ، اسم فاعل بافاعل و متعلق و مفعول بہ حال، ذوالحال باحال فاعل، لفظ اَللّٰهَ مفعول بہ، تینوں مل کر بدل الاشتمال، مبدل منہ بابدل جَآءَتْ کا معطوف ثانی، معطوف علیہ باعطوفین جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

لَامِ موطئہ لقسم اور قسم محذوف ہے اِنْ حرف شرط اَنْجَیْتَ فعل تَاء مفتوحہ ضمیر فاعل نَا ضمیر مفعول بہ، مِنْ هٰذِهٖ جار بامجرور متعلق

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

ہوئے، چاروں مل کر شرط لاَمر جوابیہ تَکُوْنَنَّ فعل ناقص نَحْنُ مستتر اسم مِنَ الشّٰکِرِیْنَ ظرف مستقر کَائِنِیْنَ کے متعلق ہو کر خبر، فعل ناقص با اسم و خبر قسم محذوف کا جواب ہے اور شرط کی جزاء محذوف ہے، قسم با جواب قسم قَالُوْا محذوف کا مقولہ ہو کر دَعْوٰاھُمْ کی ضمیر فاعل سے حال ہے۔

فَلَمَّآ اَنْجٰىهُمْ اِذَا هُمْ يَبْغُوْنَ فِي الْاَرْضِ بِغَيْرِ الْحَقِّ ۭ يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ اِنَّمَا بَغْيُكُمْ عَلٰٓى اَنْفُسِكُمْ ۙ مَّتَاعَ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ۡ ثُمَّ اِلَيْنَا مَرْجِعُكُمْ فَنُنَبِّئُكُمْ بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ۝

آیت نمبر ۲۳: فَاء عاطفہ لَمَّا متضمن معنی شرط مفعول فیہ مقدم اَنْجٰی فعل ھُوَ مستتر فاعل ھُمْ ضمیر مفعول بہ، چاروں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ شرط، اِذَا مفاجاتیہ یَبْغُوْنَ کا مفعول فیہ مقدم ھُمْ ضمیر مبتدا یَبْغُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل فِی الْاَرْضِ ظرف لغو متعلق ہوئے بِغَیْرِ الْحَقِّ ظرف مستقر مُبْطِلِیْنَ کے متعلق ہو کر یَبْغُوْنَ کی ضمیر فاعل سے حال ہے، فعل با فاعل و متعلق و مفعول فیہ مقدم خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہوا یٰٓاَیُّھَا حرف نداء اَدْعُوْ فعل اَنَا مستتر فاعل اَیُّ موصوف ھَا برائے تنبیہ اَلنَّاسُ صفت، موصوف با صفت محلاً منصوب مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ انشائیہ ہو کر نداء، اِنَّ حرف تحقیق کفوف مَا کافہ بَغْیُکُمْ مرکب اضافی مبتدا عَلٰٓی اَنْفُسِکُمْ ظرف مستقر کَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر، مبتدا با خبر نداء کا جواب، نداء با جواب جملہ انشائیہ ندائیہ ہوا۔

مَتَاعَ مضاف اَلْحَیٰوۃِ الدُّنْیَا مرکب توصیفی مضاف الیہ، پھر مرکب اضافی فعل محذوف تَتَمَتَّعُوْنَ کا مفعول مطلق ہے یا تَبْتَغُوْنَ محذوف کا مفعول بہ ہے ثُمَّ عاطفہ اِلَیْنَا ظرف مستقر کَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم، مَرْجِعُکُمْ مرکب اضافی مبتدا مؤخر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف علیہ، فَاء عاطفہ نُنَبِّئُ فعل نَحْنُ مستتر فاعل کُمْ ضمیر مفعول بہ بِمَا جارہ مَا موصولہ کُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ فعل ناقص با اسم و خبر جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول با صلہ مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل با فاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ معطوفہ ہوا۔

اِنَّمَا مَثَلُ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا كَمَاۗءٍ اَنْزَلْنٰهُ مِنَ السَّمَاۗءِ فَاخْتَلَطَ بِهٖ نَبَاتُ الْاَرْضِ مِمَّا يَاْكُلُ النَّاسُ وَالْاَنْعَامُ ۭ حَتّٰٓى اِذَآ اَخَذَتِ الْاَرْضُ زُخْرُفَهَا وَازَّيَّنَتْ وَظَنَّ اَهْلُهَآ اَنَّهُمْ قٰدِرُوْنَ عَلَيْهَآ ۙ اَتٰىهَآ اَمْرُنَا لَيْلًا اَوْ نَهَارًا فَجَعَلْنٰهَا حَصِيْدًا كَاَنْ لَّمْ تَغْنَ بِالْاَمْسِ ۭ كَذٰلِكَ نُفَصِّلُ الْاٰيٰتِ لِقَوْمٍ يَّتَفَكَّرُوْنَ ۝

آیت نمبر ۲۴: اِنَّمَا میں اِنَّ کفوفہ اور مَا کافہ ہے مَثَلُ مضاف اَلْحَیٰوۃِ الدُّنْیَا مرکب توصیفی مضاف الیہ، پھر مرکب اضافی مبتدا ہوا کاف جارہ مَآءٍ موصوف اَنْزَلْنَا فعل نَا ضمیر فاعل ہٗ ضمیر مفعول بہ مِنَ السَّمَآءِ ظرف لغو متعلق ہوئے چاروں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، فَاء عاطفہ اخْتَلَطَ فعل بِہٖ ظرف لغو متعلق ہوئے، نَبَاتُ الْاَرْضِ مرکب اضافی ذوالحال، مِنْ جارہ مَا موصولہ یَاْکُلُ فعل

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

النَّاسُ وَالْأَنْعَامُ معطوف علیہ یا معطوف فاعل، فعل بافاعل صلہ، موصول باصلہ مجرور، جار باجرور كَائِنًا کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال باحال اخْتَلَطَ کا فاعل، فعل بافاعل و متعلق معطوف، معطوف علیہ یا معطوف مَآءٍ کی صفت، موصوف باصفت مجرور، جار باجرور ظرف مستقر كَائِنًا کے متعلق ہو کر خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

حَتّٰٓى ابتدائیہ اِذَآ شرطیہ مفعول فیہ مقدم اَخَذَتِ فعل الْاَرْضُ فاعل زُخْرُفَهَا مرکب اضافی مفعول بہ، چاروں مل کر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ زَيَّنَتْ فعل هِيَ ضمیر فاعل سے مل کر معطوف اول ہوا واؤ عاطفہ ظَنَّ فعل اَهْلُهَا مرکب اضافی فاعل اَنَّ حرف تحقیق هُمْ ضمیر اسم قٰدِرُوْنَ اسم فاعل هُوَ مستتر فاعل عَلَيْهَا جار باجرور متعلق، تینوں مل کر خبر اَنَّ بااسم و خبر ظَنَّ کے دو مفعول کے قائم مقام، فعل بافاعل و مفعولین معطوف اولیٰ، معطوف علیہ یا معطوفین شرط اَتٰىهَآ فعل هَا ضمیر مفعول بہ اَمْرُنَا مرکب اضافی فاعل لَيْلًا اَوْ نَهَارًا معطوف علیہ یا معطوف مفعول فیہ، چاروں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، فَاء عاطفہ جَعَلْنٰهَا فعل نَا ضمیر فاعل هَا ضمیر مفعول بہ اول حَصِيْدًا موصوف كَاَنْ حرف تشبیہ مخففہ من الثقلہ هَا ضمیر مقدر اس کا اسم لَمْ تَغْنَ فعل هِيَ مستتر فاعل بِالْاَمْسِ ظرف لغو متعلق ہوئے، تینوں مل کر خبر، حرف تشبیہ بااسم و خبر صفت، موصوف باصفت جَعَلْنَا کا مفعول بہ ثانی، فعل بافاعل و مفعولین معطوف، معطوف علیہ یا معطوفین جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔ كَذٰلِكَ ظرف مستقر كَائِنًا کے متعلق ہو کر بواسطہ موصوف محذوف تَفْصِيْلًا کے مفعول مطلق مقدم نُفَصِّلُ فعل نَحْنُ مستتر فاعل الْاٰيٰتِ مفعول بہ لام جارہ قَوْمٍ موصوف يَّتَفَكَّرُوْنَ فعل باواؤ ضمیر فاعل جملہ فعلیہ خبریہ صفت، موصوف باصفت مجرور، جار باجرور متعلق ہوئے، فعل بافاعل و مفعولین و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

وَاللّٰهُ يَدْعُوْٓا اِلٰى دَارِ السَّلٰمِ ۭ وَيَهْدِيْ مَنْ يَّشَاۗءُ اِلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ۝

آیت نمبر ۲۵: واؤ استینافیہ اَللّٰهُ مبتدا، يَدْعُوْا فعل هُوَ مستتر فاعل اِلٰى دَارِ السَّلٰمِ ظرف لغو متعلق ہوئے، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ يَهْدِيْ فعل هُوَ مستتر فاعل مَنْ يَّشَاۗءُ موصول باصلہ مفعول بہ، اِلٰى جارہ صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ مرکب توصیفی مجرور، پھر یہ ظرف لغو يَهْدِيْ کے متعلق ہوئے، چاروں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ یا معطوف خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

لِلَّذِيْنَ اَحْسَنُوا الْحُسْنٰى وَزِيَادَةٌ ۭ وَلَا يَرْهَقُ وُجُوْهَهُمْ قَتَرٌ وَّلَا ذِلَّةٌ ۭ اُولٰۗىِٕكَ اَصْحٰبُ الْجَنَّةِ ۚ هُمْ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ ۝

آیت نمبر ۲۶: لام جارہ اَلَّذِيْنَ اَحْسَنُوْا موصول باصلہ مجرور، جار باجرور كَائِنَانِ کے متعلق ہو کر خبر مقدم الْحُسْنٰى وَزِيَادَةٌ معطوف علیہ یا معطوف مبتدا موخر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ واؤ حالیہ یا عاطفہ لَا يَرْهَقُ فعل وُجُوْهَهُمْ مرکب اضافی مفعول بہ مقدم قَتَرٌ وَّلَا ذِلَّةٌ معطوف علیہ یا معطوف فاعل، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف یا حالیہ ہوا۔ اُولٰۗىِٕكَ اسم اشارہ مبتدا، اَصْحٰبُ الْجَنَّةِ مرکب اضافی خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔ هُمْ ضمیر مبتدا، فِيْهَا ظرف لغو متعلق مقدم ہوئے خٰلِدُوْنَ اسم فاعل هُمْ مستتر فاعل سے مل کر خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

وَالَّذِيْنَ كَسَبُوا السَّيِّاٰتِ جَزَآءُ سَيِّئَةٍ بِمِثْلِهَا ۙ وَتَرْهَقُهُمْ ذِلَّةٌ ۭ مَا لَهُمْ مِّنَ اللّٰهِ مِنْ عَاصِمٍ ۚ كَاَنَّمَآ اُغْشِيَتْ وُجُوْهُهُمْ قِطَعًا مِّنَ الَّيْلِ مُظْلِمًا ۭ اُولٰۗىِٕكَ اَصْحٰبُ النَّارِ ۚ هُمْ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ ۝

آیت نمبر ۲۷ : واؤ عاطفہ اَلَّذِيْنَ اسم موصول كَسَبُوا فعل واؤ ضمیر فاعل السَّيِّاٰتِ مفعول بہ جَزَآءُ مصدر مضاف سَيِّئَةٍ مضاف الیہ بِمِثْلِهَا مصدر کے متعلق ہوئے، تینوں مل کر خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ واؤ عاطفہ تَرْهَقُ فعل هُمْ ضمیر مفعول بہ ذِلَّةٌ فاعل، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ مَا نافیہ لَهُمْ ظرف مستقر كَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم، مِنَ اللّٰهِ ظرف لغو متعلق مقدم، مِنْ جارہ زائدہ عَاصِمٍ اسم فاعل ہُوَ مستتر فاعل و متعلق مقدم سے مل کر مبتدا موخر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا كَاَنَّ حرف تشبیہ مَا کافہ اُغْشِيَتْ فعل مجہول وُجُوْهُهُمْ مرکب اضافی نائب فاعل قِطَعًا موصوف مِنَ الَّيْلِ ظرف مستقر كَائِنَةً کے متعلق ہو کر صفت، موصوف باصفت مفعول بہ مُظْلِمًا الَّيْلِ سے حال ہے فعل مجہول بانائب فاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔ اُولٰۗىِٕكَ اَصْحٰبُ النَّارِ هُمْ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ کی ترکیب اُولٰۗىِٕكَ اَصْحٰبُ الْجَنَّةِ هُمْ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ کی مثل ہے آیت نمبر ۲۶ میں دیکھئے۔

وَيَوْمَ نَحْشُرُهُمْ جَمِيْعًا ثُمَّ نَقُوْلُ لِلَّذِيْنَ اَشْرَكُوْا مَكَانَكُمْ اَنْتُمْ وَشُرَكَاۗؤُكُمْ ۚ فَزَيَّلْنَا بَيْنَهُمْ وَقَالَ شُرَكَاۗؤُهُمْ مَّا كُنْتُمْ اِيَّانَا تَعْبُدُوْنَ ۝

آیت نمبر ۲۸ : واؤ استینافیہ يَوْمَ مضاف نَحْشُرُ فعل نَحْنُ مستتر فاعل هُمْ ضمیر ذوالحال جَمِيْعًا حال، دونوں مل کر مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، ثُمَّ عاطفہ نَقُوْلُ فعل نَحْنُ مستتر فاعل، لام جارہ الَّذِيْنَ اَشْرَكُوْا موصول باصلہ مجرور، جار با مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے، فعل با فاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ قول مَكَانَكُمْ مرکب اضافی فعل محذوف اِلْزَمُوْا کا مفعول بہ ہے اِلْزَمُوْا فعل با واؤ ضمیر فاعل و مفعول بہ جملہ انشائیہ مقولہ، قول با مقولہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف مضاف الیہ، مرکب اضافی فعل محذوف ذَكِّرْهُمْ یا خَوِّفْهُمْ کا مفعول بہ ہے (روح المعانی) اَنْتُمْ اِلْزَمُوْا کی ضمیر فاعل جو مَكَانَكُمْ کی طرف منتقل ہے اس کی تاکید ہے شُرَكَاۗؤُكُمْ کا اس پر عطف ہے۔ فَاء استینافیہ زَيَّلْنَا فعل نَا ضمیر فاعل بَيْنَهُمْ مرکب اضافی مفعول بہ، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ قَالَ فعل شُرَكَاۗؤُهُمْ مرکب اضافی فاعل، دونوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ قول مَا نافیہ كُنْتُمْ فعل ناقص تُمْ ضمیر اسم اِيَّانَا ضمیر منصوب مفعول بہ مقدم تَعْبُدُوْنَ فعل با واؤ ضمیر فاعل و مفعول بہ مقدم جملہ فعلیہ خبریہ مقولہ، قول با مقولہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ معطوفہ مستانفہ ہوا۔

فَكَفٰى بِاللّٰهِ شَهِيْدًۢا بَيْنَنَا وَبَيْنَكُمْ اِنْ كُنَّا عَنْ عِبَادَتِكُمْ لَغٰفِلِيْنَ ۝

آیت نمبر ۲۹ : فَاء استینافیہ كَفٰى فعل بِاللّٰهِ باء جارہ زائدہ لفظاً اللّٰهِ محلاً مرفوع فاعل شَهِيْدًۢا صیغہ صفت هُوَ مستتر فاعل بَيْنَنَا مرکب اضافی معطوف علیہ، واؤ عاطفہ بَيْنَكُمْ مرکب اضافی معطوف، معطوف علیہ با معطوف مفعول بہ، تینوں مل کر اَللّٰهِ اسم الجلالہ کا حال یا تمیز ہے،

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

فعل بافاعل جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔ اِنْ مخففہ من الثقلہ ضمیر محذوف شان اس کا اسم کُنَّا فعل ناقص نا ضمیر اس کا اسم عَنْ جارہ عِبَادَتِكُمْ مرکب اضافی مجرور، جار بامجرور متعلق مقدم ہوئے، لام فارقہ غٰفِلِيْنَ اسم فاعل نَحْنُ مستتر فاعل و متعلق مقدم سے مل کر خبر، فعل ناقص باسم و خبر اِنْ مخففہ من الثقلہ کی خبر، اِنْ باسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ مُعْتَرِضَہ ہوا۔

هُنَالِكَ تَبْلُوْا كُلُّ نَفْسٍ مَّآ اَسْلَفَتْ وَ رُدُّوْٓا اِلَى اللّٰهِ مَوْلٰىهُمُ الْحَقِّ وَ ضَلَّ عَنْهُمْ مَّا كَانُوْا يَفْتَرُوْنَ ۝

آیت نمبر ۳۰: هُنَالِكَ ظرف مکان مفعول بہ مقدم تَبْلُوْا فعل كُلُّ نَفْسٍ مرکب اضافی فاعل مؤخر مَّا اسم موصول اَسْلَفَتْ فعل ہو مستتر فاعل سے مل کر صلہ، موصول باصلہ مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ ہوا وَاؤ عاطفہ رُدُّوْا فعل مجہول واؤ ضمیر نائب فاعل اِلٰى جارہ اللّٰهِ مبدل منہ مَوْلٰىهُمُ مرکب اضافی موصوف اَلْحَقِّ صفت، موصوف باصفت بدل، مبدل منہ بابدل مجرور، جار بامجرور ظرف لغو رُدُّوْا کے متعلق ہوئے، فعل مجہول بانائب فاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف اول ہوا وَاؤ عاطفہ ضَلَّ فعل عَنْهُمْ جار بامجرور ظرف لغو متعلق ہوئے مَّا اسم موصول كَانُوْا فعل ناقص واؤ ضمیر اس کا اسم يَفْتَرُوْنَ فعل بافاعل ضمیر خبر، فعل ناقص باسم و خبر صلہ، موصول باصلہ فاعل، فعل بافاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف ثانی، معطوف علیہ بامعطوفین جملہ معطوفہ ہوا۔

❁ رکوع نمبر ۴ ❁

قُلْ مَنْ يَّرْزُقُكُمْ مِّنَ السَّمَآءِ وَ الْاَرْضِ اَمَّنْ يَّمْلِكُ السَّمْعَ وَ الْاَبْصَارَ وَ مَنْ يُّخْرِجُ الْحَيَّ مِنَ الْمَيِّتِ وَ يُخْرِجُ الْمَيِّتَ مِنَ الْحَيِّ وَ مَنْ يُّدَبِّرُ الْاَمْرَ ؕ فَسَيَقُوْلُوْنَ اللّٰهُ ۚ فَقُلْ اَفَلَا تَتَّقُوْنَ ۝

آیت نمبر ۳۱: قُلْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل سے مل کر قول مَنْ استفہامیہ مبتدا يَّرْزُقُ فعل هُوَ مستتر فاعل كُمْ ضمیر مفعول بہ، مِنْ جارہ السَّمَآءِ وَ الْاَرْضِ معطوف علیہ بامعطوف مجرور، جار بامجرور ظرف لغو يَّرْزُقُ کے متعلق ہوئے، چاروں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ خبر، مبتدا بامخبر جملہ اسمیہ انشائیہ مقولہ، قول بامقولہ جملہ انشائیہ مستانفہ ہوا۔ ھمزہ حرف استفہام مَنْ اسم استفہام مبتدا يَّمْلِكُ فعل هُوَ مستتر فاعل السَّمْعَ وَ الْاَبْصَارَ معطوف علیہ بامعطوف مفعول بہ، تینوں مل کر خبر، مبتدا بامخبر جملہ اسمیہ انشائیہ معطوف علیہ ہوا وَاؤ عاطفہ مَنْ استفہامیہ مبتدا، يُّخْرِجُ فعل هُوَ مستتر فاعل الْحَيَّ مفعول بہ، مِنَ الْمَيِّتِ جار بامجرور متعلق ہوئے، چاروں مل کر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ يُخْرِجُ فعل هُوَ مستتر فاعل الْمَيِّتَ مفعول بہ، مِنَ الْحَيِّ ظرف لغو متعلق ہوئے، چاروں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف خبر، مبتدا بامخبر جملہ اسمیہ انشائیہ معطوف اول، واؤ عاطفہ مَنْ اسم استفہام مبتدا، يُدَبِّرُ فعل هُوَ مستتر فاعل الْاَمْرَ مفعول بہ، تینوں مل کر خبر، مبتدا بامخبر جملہ اسمیہ انشائیہ معطوف ثانی، معطوف علیہ بامعطوفین جملہ معطوفہ قول کا مقولہ ہوا، فَاء فصیحہ اور شرط محذوف ہے اِنْ سَئَلْتَهُمْ اس میں علامت فعل يَقُوْلُوْنَ فعل بافاعل ضمیر فاعل جملہ فعلیہ خبریہ قول، اَللّٰهُ مبتدا محذوف هُوَ کی خبر ہے، مبتدا بامخبر جملہ اسمیہ خبریہ مقولہ، قول بامقولہ جملہ فعلیہ خبریہ جزاء، شرط محذوف باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔ فَاء فصیحہ اور شرط محذوف ہے اِذَا كَانَ الْاَمْرُ كَذٰلِكَ، قُلْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل سے

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

مل کر قول، ھمزہ حرف استفہام فاء عاطفہ اور معطوف علیہ محذوف ہے لَا تَخَافُوْنَ اللّٰهَ لَا تَتَّقُوْنَ فعل بامع واؤ ضمیر فاعل معطوف، معطوف علیہ بامعطوف مقولہ، قول بامقولہ جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

فَذٰلِكُمُ اللّٰهُ رَبُّكُمُ الْحَقُّ ۚ فَمَاذَا بَعْدَ الْحَقِّ اِلَّا الضَّلٰلُ ۖ فَاَنّٰى تُصْرَفُوْنَ ﴿۳۲﴾

آیت نمبر ۳۲: فَاء استینافیہ ذٰلِكُمُ اللّٰهُ مرکب توصیفی مبتدا رَبُّكُمُ مرکب اضافی موصوف اَلْحَقُّ صفت، موصوف باصفت خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ فَاء عاطفہ مَا اسم استفہام مبتدا ذَا اسم موصول بَعْدَ الْحَقِّ مرکب اضافی فعل محذوف ثَبَتَ کا مفعول فیہ، فعل بافاعل و مفعول فیہ صلہ، موصول باصلہ خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ انشائیہ ہوا۔ اِلَّا حرف استثناء الضَّلٰلُ ذَا سے بدل ہے، فَاء عاطفہ اَنّٰى بمعنی اَیْنَ کا تُصْرَفُوْنَ کا مفعول فیہ ہو کر حال مقدم ہے، تُصْرَفُوْنَ فعل مجہول واؤ ضمیر نائب فاعل سے مل کر جملہ انشائیہ ہوا۔

كَذٰلِكَ حَقَّتْ كَلِمَتُ رَبِّكَ عَلَى الَّذِيْنَ فَسَقُوْٓا اَنَّهُمْ لَا يُؤْمِنُوْنَ ﴿۳۳﴾

آیت نمبر ۳۳: كَذٰلِكَ ظرف مستقر كَائِنًا کے متعلق ہو کر بواسطہ موصوف محذوف حَقًّا کے مفعول مطلق مقدم حَقَّتْ فعل كَلِمَتُ رَبِّكَ مرکب اضافی مبدل منہ اَنَّ حرف تحقیق هُمْ ضمیر اسم لَا يُؤْمِنُوْنَ فعل باواؤ ضمیر فاعل خبر، اَنَّ بااسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ بدل مبدل منہ بابدل حَقَّتْ کا فاعل، عَلَى جارہ الَّذِيْنَ فَسَقُوْا موصول باصلہ مجرور، جار بامجرور متعلق ہوئے، فعل بافاعل و متعلق و مفعول مطلق مقدم جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

قُلْ هَلْ مِنْ شُرَكَآئِكُمْ مَّنْ يَّبْدَؤُا الْخَلْقَ ثُمَّ يُعِيْدُهٗ ۭ قُلِ اللّٰهُ يَبْدَؤُا الْخَلْقَ ثُمَّ يُعِيْدُهٗ فَاَنّٰى تُؤْفَكُوْنَ ﴿۳۴﴾

آیت نمبر ۳۴: قُلْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل سے مل کر قول هَلْ حرف استفہام مِنْ جارہ شُرَكَآئِكُمْ مرکب اضافی مجرور، جار بامجرور ظرف مستقر كَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم مَنْ اسم موصول يَبْدَؤُا فعل هُوَ مستتر فاعل الْخَلْقَ مفعول بہ، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ ثُمَّ عاطفہ يُعِيْدُ فعل هُوَ مستتر فاعل هٗ ضمیر مفعول بہ، تینوں مل کر معطوف، معطوف علیہ بامعطوف صلہ، موصول باصلہ مبتدا مؤخر، مبتدا باخبر مقولہ، قول بامقولہ جملہ انشائیہ ہوا۔ قُلْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل سے مل کر قول، اَللّٰهُ مبتدا يَبْدَؤُا فعل هُوَ مستتر فاعل الْخَلْقَ مفعول بہ، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ ثُمَّ عاطفہ يُعِيْدُ فعل هُوَ مستتر فاعل هٗ ضمیر مفعول بہ، تینوں مل کر معطوف، معطوف علیہ بامعطوف خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ مقولہ، قول بامقولہ جملہ انشائیہ ہوا۔ فَاء عاطفہ اَنّٰى استفہامیہ كَائِنِيْنَ کا منصوب فیہ ہو کر تُؤْفَكُوْنَ کی ضمیر نائب فاعل سے حال مقدم تُؤْفَكُوْنَ فعل مجہول واؤ ضمیر نائب فاعل، دونوں مل کر جملہ انشائیہ ہوا۔

قُلْ هَلْ مِنْ شُرَكَآئِكُمْ مَّنْ يَّهْدِيْٓ اِلَى الْحَقِّ ۭ قُلِ اللّٰهُ يَهْدِيْ لِلْحَقِّ ۭ اَفَمَنْ يَّهْدِيْٓ اِلَى الْحَقِّ اَحَقُّ اَنْ يُّتَّبَعَ اَمَّنْ لَّا يَهِدِّيْٓ اِلَّآ اَنْ يُّهْدٰى ۚ فَمَا لَكُمْ ۡ كَيْفَ تَحْكُمُوْنَ ﴿۳۵﴾

آیت نمبر ۳۵: قُلْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل سے مل کر جملہ انشائیہ قول هَلْ حرف استفہام مِنْ شُرَكَآئِكُمْ ظرف مستقر كَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم مَنْ اسم موصول يَهْدِيْ فعل هُوَ مستتر فاعل اِلَى الْحَقِّ ظرف لغو متعلق ہوئے، تینوں مل کر صلہ، موصول باصلہ

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

مبتدا موخر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ انشائیہ مقولہ، قول با مقولہ جملہ انشائیہ ہوا۔ قُلْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل سے مل کر قول، اَللّٰهُ مبتدا یَهْدِیْ فعل هُوَ مستتر فاعل لِلْحَقِّ ظرف لغو متعلق ہونے، تینوں مل کر خبر، مبتدا با خبر مقولہ، قول با مقولہ جملہ انشائیہ ہوا۔

هَمزہ حرف استفہام فَاء حرف تفصیل مَنْ اسم موصول یَهْدِیْ فعل هُوَ مستتر فاعل اِلَى الْحَقِّ ظرف لغو متعلق ہوئے، تینوں مل کر صلہ، موصول با صلہ مبتدا اَحَقُّ اسم تفضیل مضاف اَنْ حرف مصدری و نصب یُّتَّبَعَ فعل مجہول هُوَ مستتر نائب فاعل سے مل کر تاویل مصدر مضاف الیہ، مرکب اضافی خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ انشائیہ معطوف علیہ، اَوْ عاطفہ مَنْ اسم موصول لَا یَهِدِّیْ فعل هُوَ مستتر فاعل اِلَّا حرف استثناء اَنْ حرف مصدری و نصب یُهْدٰی فعل مجہول هُوَ مستتر نائب فاعل، دونوں مل کر تاویل مصدر وقت مضاف محذوف کا مضاف الیہ، دونوں مل کر مستثنیٰ مفرغ مفعول فیہ، فعل با فاعل و مفعول فیہ جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول با صلہ مبتدا، اور خبر محذوف ہے اَحَقُّ اَنْ یُّتَّبَعَ، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ انشائیہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ معطوفہ ہوا۔ فَاء استینافیہ مَا اسم استفہام مبتدا لَكُمْ ظرف مستقر كَائِنًا کے متعلق ہو کر خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ انشائیہ مستانفہ ہوا۔ كَيْفَ كَائِنًا کا مفعول فیہ ہو کر بواسطہ موصوف محذوف حُكْمًا کے مفعول مطلق مقدم تَحْكُمُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل و متعلق مقدم سے مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ ہوا۔

وَمَا يَتَّبِعُ اَكْثَرُهُمْ اِلَّا ظَنًّا ؕ اِنَّ الظَّنَّ لَا يُغْنِيْ مِنَ الْحَقِّ شَيْـًٔا ؕ اِنَّ اللّٰهَ عَلِيْمٌۢ بِمَا يَفْعَلُوْنَ ﴿۳۶﴾

آیت نمبر ۳۶: واؤ استیناف مَا نافیہ يَتَّبِعُ فعل اَكْثَرُهُمْ مرکب اضافی فاعل اِلَّا حرف استثناء ظَنًّا مستثنیٰ مفرغ مفعول بہ، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔ اِنَّ حرف تحقیق الظَّنَّ اسم لَا يُغْنِيْ فعل هُوَ مستتر فاعل مِنَ الْحَقِّ ظرف مستقر كَائِنًا کے متعلق ہو کر حال مقدم شَيْـًٔا ذوالحال مؤخر، ذوالحال با حال مفعول بہ، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر خبر اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ اِنَّ حرف تحقیق لفظ اَللّٰهَ اسم عَلِيْمٌ صیغہ صفت هُوَ مستتر فاعل بَا جارہ مَا مصدریہ يَفْعَلُوْنَ فعل با واؤ ضمیر فاعل بتاویل مصدر مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے، صفت مشبہ با فاعل اور متعلق شبہ جملہ ہو کر خبر اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

وَمَا كَانَ هٰذَا الْقُرْاٰنُ اَنْ يُّفْتَرٰى مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ وَلٰكِنْ تَصْدِيْقَ الَّذِيْ بَيْنَ يَدَيْهِ وَتَفْصِيْلَ الْكِتٰبِ لَا رَيْبَ فِيْهِ مِنْ رَّبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿۳۷﴾

آیت نمبر ۳۷: واؤ استیناف مَا نافیہ كَانَ فعل ناقص هٰذَا الْقُرْاٰنُ مرکب توصیفی اسم اَنْ حرف مصدری و نصب يُّفْتَرٰى فعل مجہول هُوَ مستتر نائب فاعل مِنْ جارہ دُوْنِ اللّٰهِ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل مجہول با نائب فاعل و متعلق بتاویل مصدر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لٰكِنْ مخففہ مہملہ تَصْدِيْقَ مضاف اَلَّذِيْ اسم موصول بَيْنَ يَدَيْهِ مرکب اضافی مفعول فیہ ہوا فعل محذوف ثَبَتَ کا، فعل با فاعل و مفعول فیہ صلہ، موصول با صلہ مضاف الیہ، مضاف با مضاف الیہ معطوف اول، واؤ عاطفہ تَفْصِيْلَ مصدر مضاف الْكِتٰبِ مضاف الیہ مرکب اضافی ذوالحال مِنْ رَّبِّ الْعٰلَمِيْنَ ظرف مستقر كَائِنًا کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال با حال معطوف ثانی معطوف علیہ با معطوف تینوں کان کی خبر، فعل ناقص با اسم و خبر جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔ لَا نفی جنس رَيْبَ اس کا اسم فِيْهِ ظرف مستقر كَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر، لا نفی جنس

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

باسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ معترضہ ہوا۔

أَمْ يَقُولُونَ افْتَرَاهُ ۖ قُلْ فَأْتُوا بِسُورَةٍ مِّثْلِهِ وَادْعُوا مَنِ اسْتَطَعْتُم مِّن دُونِ اللَّهِ إِن كُنتُمْ صَادِقِينَ ﴿٣٨﴾

آیت نمبر ۳۸: أَمْ عاطفہ منقطعہ بمعنی بَلْ يَقُوْلُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ قول افْتَرٰى فعل هُوَ مستتر فاعل ہٗ ضمیر مفعول بہ، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ مقولہ، قول باقولہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ قُلْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل سے مل کر قول فَاْتُوْا فصیحہ اور اس کی شرط محذوف ہے اِنْ كَانَ الْاَمْرُ كَمَا تَقُوْلُوْنَ اِئْتُوْا فعل امر واؤ ضمیر فاعل بِاء جارہ سُوْرَةٍ موصوف مِثْلِهٖ مرکب اضافی صفت، موصوف باصفت مجرور، دونوں مل کر متعلق ہوئے، فعل باقاعل و متعلق جملہ انشائیہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اُدْعُوْا فعل امر واؤ ضمیر فاعل مَنِ اسم موصول اِسْتَطَعْتُمْ فعل وفاعل مل کر صلہ، موصول باصلہ ذوالحال، مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ ظرف مستقر كَائِنًا کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال باحال اُدْعُوْا کا مفعول بہ، فعل وفاعل ومفعول بہ مل کر جملہ انشائیہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف شرط محذوف کی جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ مقولہ، قول باقولہ جملہ انشائیہ ہوا۔ اِنْ حرف شرط كُنْتُمْ فعل ناقص ثُمْ ضمیر اس کا اسم صٰدِقِيْنَ اسم فاعل اَنْتُمْ مستتر فاعل سے مل کر شبہ جملہ ہو کر خبر، فعل ناقص باسم وخبر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر شرط اور جزاء محذوف ہے فَاْتُوْا یا اُدْعُوْا، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

بَلْ كَذَّبُوا بِمَا لَمْ يُحِيطُوا بِعِلْمِهِ وَلَمَّا يَأْتِهِمْ تَأْوِيلُهُ ۚ كَذَٰلِكَ كَذَّبَ الَّذِينَ مِن قَبْلِهِمْ فَانظُرْ كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الظَّالِمِينَ ﴿٣٩﴾

آیت نمبر ۳۹: بَلْ حرف عطف برائے اضراب كَذَّبُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ بِاء جارہ مَا اسم موصول لَمْ يُحِيْطُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل بِاء جارہ عِلْمِهٖ مرکب اضافی مجرور، جار بامجرور متعلق ہوئے، فعل باقاعل و متعلق صلہ، موصول باصلہ مجرور، جار باجرور كَذَّبُوْا کے متعلق ہوئے، فعل باقاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔ واؤ حالیہ لَمَّا جازمہ يَاْتِ فعل هِمْ ضمیر مفعول بہ تَاْوِيْلُهٗ مرکب اضافی فاعل، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر لَمْ يُحِيْطُوْا کی ضمیر فاعل سے حال ہے۔ كَذٰلِكَ جار باجرور كَائِنًا کے متعلق ہوئے، كَائِنًا اسم فاعل اس میں هُوَ ضمیر فاعل، اسم فاعل باقاعل شبہ جملہ ہو کر بواسطہ موصوف محذوف تَكْذِيْبًا کے مفعول مطلق مقدم، كَذَّبَ فعل اَلَّذِيْنَ اسم موصول مِنْ قَبْلِهِمْ جار باجرور ظرف مستقر فعل محذوف مَضَوْا کے متعلق ہو کر صلہ، موصول باصلہ فاعل، فعل باقاعل ومفعول مطلق جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔ فَاء فصیحہ اور اس کی شرط محذوف ہے اِذَا كَذَّبَ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ فَانْظُرْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل كَيْفَ كَانَ كَائِنًا کا مفعول فیہ ہو کر كَانَ کی خبر مقدم، كَانَ فعل ناقص عَاقِبَةُ الظّٰلِمِيْنَ مرکب اضافی اسم، فعل ناقص باسم وخبر جملہ فعلیہ انشائیہ ہو کر جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

وَمِنْهُم مَّن يُؤْمِنُ بِهِ وَمِنْهُم مَّن لَّا يُؤْمِنُ بِهِ ۚ وَرَبُّكَ أَعْلَمُ بِالْمُفْسِدِينَ ﴿٤٠﴾

آیت نمبر ۴۰: وَاؤ استینافیہ مِنْهُمْ ظرف مستقر كَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم مَنْ اسم موصول يُؤْمِنُ فعل هُوَ مستتر فاعل بِهٖ ظرف لغو متعلق ہوئے، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول باصلہ مبتدا موخر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ مِنْهُمْ

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

ظرف مستقر کَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم، مَنْ اسم موصول لَا یُؤْمِنُ فعل هُوَ مستتر فاعل بِهٖ حرف جر متعلق ہو کے، تینوں مل کر صلہ، موصول با صلہ مبتدا مؤخر، مبتدا با خبر معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ معطوفہ ہوا واؤ استینافیہ رَبُّكَ مرکب اضافی مبتدا اَعْلَمُ اسم تفضیل هُوَ مستتر فاعل بِالْمُفْسِدِیْنَ ظرف لغو متعلق ہوئے، تینوں مل کر خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

❁ رکوع نمبر ۵ ❁

وَاِنْ كَذَّبُوْكَ فَقُلْ لِّیْ عَمَلِیْ وَلَكُمْ عَمَلُكُمْ ۚ اَنْتُمْ بَرِیْٓـُٔوْنَ مِمَّآ اَعْمَلُ وَاَنَا بَرِیْٓءٌ مِّمَّا تَعْمَلُوْنَ ﴿۴۱﴾

آیت نمبر ۴۱: واؤ عاطفہ یا استینافیہ كَذَّبُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل کاف ضمیر مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ شرط فَاء جزائیہ قُلْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل سے مل کر قول، لِیْ جار با مجرور کَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم عَمَلِیْ مضاف و مضاف الیہ مل کر مبتدا مؤخر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لَكُمْ جار با مجرور کَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم عَمَلُكُمْ مضاف و مضاف الیہ مل کر مبتدا مؤخر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر معطوف، معطوف علیہ با معطوف مقولہ، قول با مقولہ جزاء، شرط با جزاء، جملہ شرطیہ ہوا اَنْتُمْ مبتدا بَرِیْٓـُٔوْنَ صیغہ صفت اس میں اَنْتُمْ مستتر فاعل مِنْ حرف جار مَا موصولہ اَعْمَلُ فعل اَنَا مستتر فاعل، فعل با فاعل صلہ، موصول با صلہ مجرور، جار با مجرور صیغہ صفت کے متعلق ہوئے، صیغہ صفت با فاعل و متعلق خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اَنَا مبتدا، بَرِیْٓءٌ صیغہ صفت اس میں اَنَا ضمیر مستتر فاعل، مِمَّا حرف جر مَا موصولہ تَعْمَلُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل، فعل با فاعل صلہ، موصول با صلہ مجرور، جار با مجرور صیغہ صفت کے متعلق ہوئے، صیغہ صفت با فاعل و متعلق خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ معطوفہ ہوا۔

وَمِنْهُمْ مَّنْ یَّسْتَمِعُوْنَ اِلَیْكَ ۚ اَفَاَنْتَ تُسْمِعُ الصُّمَّ وَلَوْ كَانُوْا لَا یَعْقِلُوْنَ ﴿۴۲﴾

آیت نمبر ۴۲: واؤ عاطفہ مِنْهُمْ ظرف مستقر کَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم مَنْ اسم موصول یَسْتَمِعُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل اِلَیْكَ جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل با فاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول با صلہ مبتدا مؤخر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ هَمزہ حرف استفہام فَاء عاطفہ اور معطوف علیہ محذوف ہے یَسْتَمِعُوْنَ اِلَیْكَ (روح المعانی) اَنْتَ ضمیر مبتدا تُسْمِعُ فعل اَنْتَ مستتر فاعل اَلصُّمَّ مفعول بہ، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ خبر، مبتدا با خبر معطوف، معطوف علیہ محذوف با معطوف جملہ انشائیہ معطوفہ ہوا واؤ حالیہ لَوْ شرطیہ كَانُوْا فعل ناقص واؤ ضمیر اسم لَا یَعْقِلُوْنَ فعل با واؤ ضمیر فاعل جملہ فعلیہ خبریہ خبر، فعل ناقص با اسم و خبر شرط اور جزاء محذوف ہے اَنْتَ تُسْمِعُ الصُّمَّ، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہو کر اَلصُّمَّ سے حال ہے۔

وَمِنْهُمْ مَّنْ یَّنْظُرُ اِلَیْكَ ۚ اَفَاَنْتَ تَهْدِی الْعُمْیَ وَلَوْ كَانُوْا لَا یُبْصِرُوْنَ ﴿۴۳﴾

آیت نمبر ۴۳: واؤ عاطفہ مِنْهُمْ ظرف مستقر کَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم مَنْ اسم موصول یَنْظُرُ فعل هُوَ مستتر فاعل اِلَیْكَ جار با مجرور متعلق ہوئے، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول با صلہ مبتدا مؤخر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوفہ ہوا۔ هَمزہ حرف استفہام

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

فَاء عاطفہ اَمَّنْ ضمیر مبتدا لَا نافیہ یَهِدِّیْ فعل اَلَّا حرف مستثنیٰ اِلَّا فعل مستثنیٰ منصوب فاعل ھُوَ مستتر مفعول بہ، تینوں مل کر خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ انشائیہ معطوف، معطوف علیہ محذوف ھُمْ یَعْمَهُوْنَ اپنے معطوف سے مل کر جملہ معطوفہ ہوا۔ واؤ حالیہ لَوْ شرطیہ کَانُوْا فعل ناقص واؤ ضمیر اسم لَا یُبْصِرُوْنَ فعل با واؤ ضمیر فاعل خبر، فعل ناقص با اسم و خبر شرط اور جزاء محذوف ہے اَلَّا یَهِدِّیْ اِلَّا یُهْدٰی، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہو کر اَلْحَقُّ سے حال ہے۔

اِنَّ اللّٰهَ لَا یَظْلِمُ النَّاسَ شَیْـًٔا وَّلٰكِنَّ النَّاسَ اَنْفُسَهُمْ یَظْلِمُوْنَ ﴿۴۴﴾

آیت نمبر ۴۴: اِنَّ حرف تحقیق لفظ اَللّٰهَ اسم لَا یَظْلِمُ فعل ھُوَ مستتر فاعل النَّاسَ مفعول بہ اول، شَیْـًٔا مفعول بہ ثانی، فعل با فاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ خبر بہ اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔ واؤ حالیہ یا عاطفہ لٰكِنَّ حرف استدراک النَّاسَ اس کا اسم اَنْفُسَهُمْ مرکب اضافی مفعول بہ مقدم یَظْلِمُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل اور مفعول بہ مقدم سے مل کر خبر، لٰكِنَّ اپنے اسم اور خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر النَّاسَ کا حال ہے یا جملہ مستانفہ پر معطوف ہے۔

وَیَوْمَ یَحْشُرُهُمْ كَاَنْ لَّمْ یَلْبَثُوْۤا اِلَّا سَاعَةً مِّنَ النَّهَارِ یَتَعَارَفُوْنَ بَیْنَهُمْ ؕ قَدْ خَسِرَ الَّذِیْنَ كَذَّبُوْا بِلِقَآءِ اللّٰهِ وَمَا كَانُوْا مُهْتَدِیْنَ ﴿۴۵﴾

آیت نمبر ۴۵: واؤ استینافیہ یَوْمَ مضاف یَحْشُرُ فعل ھُوَ مستتر فاعل ھُمْ ضمیر ذوالحال كَاَنْ مخففہ من المثقلہ ضمیر اس کا اسم لَمْ یَلْبَثُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل اِلَّا حرف استثناء سَاعَةً موصوف مِنَ النَّهَارِ ظرف مستقر كَائِنَةً کے متعلق ہو کر صفت، موصوف با صفت مفعول فیہ، فعل با فاعل و مفعول فیہ كَاَنْ کی خبر، كَاَنْ با اسم و خبر حال، ذوالحال با حال مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ یَوْمَ کا مضاف الیہ، مضاف با مضاف الیہ یَتَعَارَفُوْنَ کا مفعول فیہ مقدم، یَتَعَارَفُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل بَیْنَهُمْ مرکب اضافی مفعول فیہ ثانی، فعل با فاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔ قَدْ علامت فعل خَسِرَ فعل اَلَّذِیْنَ اسم موصول كَذَّبُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل با، جارہ لِقَآءِ اللّٰهِ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے، فعل با فاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول با صلہ فاعل، فعل با فاعل جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ مَا نافیہ كَانُوْا فعل ناقص واؤ ضمیر اسم مُهْتَدِیْنَ اسم فاعل ھُمْ مستتر فاعل سے مل کر خبر، فعل ناقص با اسم و خبر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ معطوفہ ہوا۔

وَاِمَّا نُرِیَنَّكَ بَعْضَ الَّذِیْ نَعِدُهُمْ اَوْ نَتَوَفَّیَنَّكَ فَاِلَیْنَا مَرْجِعُهُمْ ثُمَّ اللّٰهُ شَهِیْدٌ عَلٰی مَا یَفْعَلُوْنَ ﴿۴۶﴾

آیت نمبر ۴۶: واؤ عاطفہ اِنْ شرطیہ مَا زائدہ نُرِیَنَّ فعل نَحْنُ مستتر فاعل كاف ضمیر مفعول بہ اول بَعْضَ مضاف اَلَّذِیْ اسم موصول نَعِدُ فعل نَحْنُ مستتر فاعل ھُمْ ضمیر منصوب مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ صلہ، موصول با صلہ مضاف الیہ، مضاف با مضاف الیہ مفعول بہ ثانی فعل با فاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ اَوْ عاطفہ نَتَوَفَّیَنَّ فعل نَحْنُ مستتر فاعل كاف ضمیر منصوب مفعول بہ، تینوں مل کر معطوف، معطوف علیہ با معطوف شرط جزائیہ اِلَیْنَا جار با مجرور ظرف مستقر كَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم مَرْجِعُهُمْ مرکب اضافی مبتدا مؤخر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف علیہ، ثُمَّ عاطفہ لفظ اَللّٰهُ مبتدا، شَهِیْدٌ صیغہ صفت ھُوَ مستتر فاعل عَلٰی جارہ مَا موصولہ

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

یَفْعَلُوْنَ فعل باواؤ ضمیر فاعل صلہ، موصول باصلہ مجرور، جار باالمجرور شَهِيْدٌ کے متعلق ہوئے، صیغہ صفت باالفاعل و متعلق خبر، مبتدا باخبر معطوف، معطوف علیہ باالمعطوف جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

وَلِكُلِّ اُمَّةٍ رَّسُوْلٌ ۚ فَاِذَا جَآءَ رَسُوْلُهُمْ قُضِيَ بَيْنَهُمْ بِالْقِسْطِ وَهُمْ لَا يُظْلَمُوْنَ ﴿۴۷﴾

آیت نمبر ۴۷: واؤ عاطفہ لام جارہ كُلِّ اُمَّةٍ مرکب اضافی مجرور، جار باالمجرور ظرف مستقر كَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم رَّسُوْلٌ مبتدا موخر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف علیہ فَاء عاطفہ اِذَا شرطیہ مفعول فیہ مقدم جَآءَ فعل رَسُوْلُهُمْ مرکب اضافی فاعل، فعل بافاعل و مفعول فیہ جملہ فعلیہ خبریہ شرط، قُضِيَ فعل مجہول هُوَ مستتر واؤ عاطفہ بَيْنَهُمْ مرکب اضافی مفعول فیہ بِالْقِسْطِ ظرف مستقر كَائِنًا کے متعلق ہو کر قُضِيَ کی ضمیر سے حال ہے، فعل مجہول باناب فاعل و متعلق و مفعول فیہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ ہوا واؤ عاطفہ هُمْ ضمیر مبتدا لَا يُظْلَمُوْنَ فعل مجہول واؤ ضمیر نائب فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ خبر، مبتدا باخبر معطوف، معطوف علیہ باالمعطوف جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہو کر معطوف، معطوف علیہ باالمعطوف جملہ معطوفہ ہوا۔

وَيَقُوْلُوْنَ مَتٰى هٰذَا الْوَعْدُ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ﴿۴۸﴾

آیت نمبر ۴۸: واؤ استینافیہ يَقُوْلُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ قول مَتٰى استفہامیہ كَائِنٌ کا مفعول فیہ ہو کر خبر مقدم هٰذَا الْوَعْدُ مرکب توصیفی مبتدا موخر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ انشائیہ ہو کر مقول، قول باالمقول جملہ فعلیہ خبریہ ہوا اِنْ حرف شرط كُنْتُمْ فعل ناقص كُمْ ضمیر اس کا اسم صٰدِقِيْنَ اسم فاعل اَنْتُمْ مستتر فاعل سے مل کر خبر، فعل ناقص باسم و خبر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر شرط، اور جزاء محذوف ہے فَمَتٰى هٰذَا الْوَعْدُ، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

قُلْ لَّآ اَمْلِكُ لِنَفْسِيْ ضَرًّا وَّلَا نَفْعًا اِلَّا مَا شَآءَ اللّٰهُ ۭ لِكُلِّ اُمَّةٍ اَجَلٌ ۭ اِذَا جَآءَ اَجَلُهُمْ فَلَا يَسْتَاْخِرُوْنَ سَاعَةً وَّلَا يَسْتَقْدِمُوْنَ ﴿۴۹﴾

آیت نمبر ۴۹: قُلْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل سے مل کر جملہ انشائیہ ہو کر قول، لَآ اَمْلِكُ فعل اَنَا مستتر فاعل لِنَفْسِيْ جار باالمجرور متعلق ہوئے ضَرًّا معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لَا زائدہ نَفْعًا معطوف، معطوف علیہ باالمعطوف مفعول بہ، فعل بافاعل و متعلق و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ مقولہ، قول باالمقولہ جملہ انشائیہ امریہ ہوا اِلَّا حرف استثناء بمعنی لٰکِنَّ، مَا اسم موصول شَآءَ فعل لفظ اللّٰهُ فاعل، فعل بافاعل جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول باصلہ مبتدا، خبر محذوف ہے كَائِنٌ، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا لِكُلِّ اُمَّةٍ مرکب اضافی مجرور، جار باالمجرور ظرف مستقر كَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم اَجَلٌ مبتدا موخر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوفہ ہوا اِذَا شرطیہ مفعول فیہ مقدم جَآءَ فعل اَجَلُهُمْ مرکب اضافی فاعل، فعل بافاعل و مفعول فیہ جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر شرط، فَاء جزائیہ لَا يَسْتَاْخِرُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل سَاعَةً مفعول فیہ، فعل بافاعل و مفعول فیہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ ہوا واؤ عاطفہ لَا يَسْتَقْدِمُوْنَ فعل باواؤ ضمیر فاعل جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ باالمعطوف جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

قُلْ اَرَءَيْتُمْ اِنْ اَتٰىكُمْ عَذَابُهٗ بَيَاتًا اَوْ نَهَارًا مَّاذَا يَسْتَعْجِلُ مِنْهُ الْمُجْرِمُوْنَ ﴿۵۰﴾

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

آیت نمبر ۵۰: قُلْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل سے مل کر قول ہوا اَرَءَيْتُمْ بمعنی اَخْبِرُوْنِیْ اَخْبِرُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل نون وقایہ کا یاء ضمیر مفعول بہ اول مَاذَا بمعنی اَیُّ شَیْءٍ مفعول بہ مقدم یَسْتَعْجِلُ فعل مِنْهُ ظرف لغو متعلق ہوئے الْمُجْرِمُوْنَ فاعل، چاروں مل کر جملہ انشائیہ استفہامیہ ہو کر مفعول بہ ثانی، فعل بافاعل و مفعولین مقولہ، قول بامقولہ جملہ انشائیہ امریہ ہوا اِنْ حرف شرط اَتٰىكُمْ فعل کُمْ ضمیر مفعول بہ عَذَابُهٗ مرکب اضافی فاعل بَيَاتًا اَوْ نَهَارًا معطوف علیہ با معطوف مفعول فیہ، فعل بافاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر شرط، اور جزاء محذوف ہے تَنْدَمُوْنَ عَلٰى اِسْتِعْجَالِكُمْ الْعَذَابَ شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

اَثُمَّ اِذَا مَا وَقَعَ اٰمَنْتُمْ بِهٖ ؕ آٰلْـٰٔنَ وَ قَدْ كُنْتُمْ بِهٖ تَسْتَعْجِلُوْنَ ﴿۵۱﴾

آیت نمبر ۵۱: هَمزہ حرف استفہام ثُمَّ حرف عطف اِذَا شرطیہ مفعول فیہ مقدم مَا زائدہ وَقَعَ فعل هُوَ مستتر فاعل، تینوں مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ ہو کر شرط اٰمَنْتُمْ فعل ثُمْ ضمیر فاعل بِهٖ جار با مجرور متعلق ہوئے، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہو کر شرط اول کی جزاء محذوف پر معطوف ہے۔ هَمزہ حرف استفہام آٰلْـٰٔنَ مفعول فیہ ہے فعل محذوف اٰمَنْتُمْ بِهٖ کا، فعل بافاعل و مفعول فیہ جملہ انشائیہ استفہامیہ ہوا۔ واؤ حالیہ قَدْ علامت فعل کُنْتُمْ فعل ناقص ثُمْ ضمیر اسم بِهٖ جار با مجرور متعلق مقدم ہوئے تَسْتَعْجِلُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل و متعلق مقدم سے مل کر خبر، فعل ناقص با اسم و خبر جملہ فعلیہ خبریہ حال ہے اٰمَنْتُمْ کی ضمیر فاعل سے۔

ثُمَّ قِيْلَ لِلَّذِيْنَ ظَلَمُوْا ذُوْقُوْا عَذَابَ الْخُلْدِ ۚ هَلْ تُجْزَوْنَ اِلَّا بِمَا كُنْتُمْ تَكْسِبُوْنَ ﴿۵۲﴾

آیت نمبر ۵۲: ثُمَّ عاطفہ قِيْلَ فعل مجہول هُوَ مستتر نائب فاعل لام جارہ اَلَّذِيْنَ اسم موصول ظَلَمُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر صلہ، موصول با صلہ مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل مجہول با نائب فاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ قول ذُوْقُوْا فعل امر واؤ ضمیر فاعل عَذَابَ الْخُلْدِ مرکب اضافی مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ انشائیہ مقولہ، قول بامقولہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف ہوا۔ هَلْ حرف استفہام تُجْزَوْنَ فعل مجہول واؤ ضمیر نائب فاعل اِلَّا حرف استثناء بِاء جارہ مَا موصولہ كُنْتُمْ فعل ناقص تُمْ ضمیر اس کا اسم تَكْسِبُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر خبر، فعل ناقص با اسم و خبر صلہ، موصول با صلہ مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل مجہول با نائب فاعل و متعلق جملہ انشائیہ استفہامیہ مُعَلَّلہ ہوا۔

وَ يَسْتَنْۢبِـُٔوْنَكَ اَحَقٌّ هُوَ ؕ قُلْ اِيْ وَ رَبِّيْۤ اِنَّهٗ لَحَقٌّ ؕ وَ مَاۤ اَنْتُمْ بِمُعْجِزِيْنَ ﴿۵۳﴾

آیت نمبر ۵۳: واؤ استینافیہ يَسْتَنْۢبِـُٔوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل کاف ضمیر منصوب مفعول بہ اول هَمزہ حرف استفہام حَقٌّ خبر مقدم هُوَ مبتدا مؤخر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ انشائیہ مفعول بہ ثانی، فعل بافاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔ قُلْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل سے مل کر قول اِیْ حرف ایجاب واؤ قسمیہ جارہ رَبِّیْۤ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور فعل محذوف اُقْسِمُ کے متعلق ہوئے اُقْسِمُ فعل اَنَا مستتر فاعل و متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ ہو کر قسم اِنَّ حرف تحقیق هٗ ضمیر اسم لام مزحلقہ حَقٌّ خبر اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر جواب قسم، قسم با جواب قسم جملہ انشائیہ قسمیہ ہوا۔ واؤ عاطفہ مَا نافیہ اَنْتُمْ ضمیر اس کا اسم بِاء جارہ زائدہ مُعْجِزِيْنَ اسم فاعل اَنْتُمْ مستتر فاعل سے

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

مل کر فلا منصوب خبر، ما مجازیہ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ جواب قسم پر معطوف ہے۔

❁ رکوع نمبر ۶ ❁

وَ لَوْ اَنَّ لِكُلِّ نَفْسٍ ظَلَمَتْ مَا فِي الْاَرْضِ لَافْتَدَتْ بِهٖ ؕ وَ اَسَرُّوا النَّدَامَةَ لَمَّا رَاَوُا الْعَذَابَ ۚ وَ قُضِيَ بَيْنَهُمْ بِالْقِسْطِ وَهُمْ لَا يُظْلَمُوْنَ ﴿۵۴﴾

آیت نمبر ۵۴: واؤ استینافیہ لَوْ حرف شرط اَنَّ حرف تحقیق لَامِ جارہ كُلِّ مضاف نَفْسٍ موصوف ظَلَمَتْ فعل ھِیَ مستتر فاعل سے مل کر صفت، موصوف با صفت مضاف الیہ، مضاف با مضاف الیہ مجرور، جار با مجرور ظرف مستقر كَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم، مَا اسم موصول فِي الْاَرْضِ ظرف مستقر فعل محذوف ثَبَتَ کے متعلق ہو کر صلہ، موصول با صلہ اسم مؤخر، اِنَّ با اسم و خبر بتاویل مفرد فعل محذوف ثَبَتَ کا فاعل ہوا، فعل با فاعل جملہ فعلیہ خبریہ شرط، لَامِ جوابیہ اِفْتَدَتْ فعل ھِیَ مستتر فاعل بِهٖ جار با مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

واؤ عاطفہ اَسَرُّوْا فعل واؤ ضمیر فاعل النَّدَامَةَ مفعول بہ لَمَّا ظرفیہ مضاف رَاَوُا فعل واؤ ضمیر فاعل الْعَذَابَ مفعول بہ، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ مضاف الیہ، مضاف با مضاف الیہ اَسَرُّوا کا مفعول فیہ، فعل با فاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ واؤ عاطفہ قُضِيَ فعل مجہول ھُوَ مستتر نائب فاعل بَيْنَهُمْ مرکب اضافی مفعول فیہ بِالْقِسْطِ ظرف مستقر كَائِنًا کے متعلق ہو کر قُضِيَ کی ضمیر نائب فاعل سے حال ہے، فعل مجہول با نائب فاعل و مفعول فیہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ ھُمْ ضمیر مبتدا، لَا يُظْلَمُوْنَ فعل مجہول با واؤ ضمیر نائب فاعل جملہ فعلیہ خبریہ خبر، مبتدا با خبر معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ معطوفہ ہوا۔

اَلَآ اِنَّ لِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضِ ؕ اَلَآ اِنَّ وَعْدَ اللّٰهِ حَقٌّ وَّ لٰكِنَّ اَكْثَرَهُمْ لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿۵۵﴾

آیت نمبر ۵۵: اَلَا حرف تنبیہ اِنَّ حرف مشبہ بالفعل لِلّٰهِ ظرف مستقر كَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم مَا اسم موصول فِي السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضِ معطوف علیہ با معطوف مجرور، جار با مجرور ظرف مستقر فعل محذوف ثَبَتَ کے متعلق ہو کر صلہ، موصول با صلہ فلا منصوب اسم مؤخر، اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔ اَلَا حرف تنبیہ اِنَّ حرف تحقیق وَعْدَ اللّٰهِ مرکب اضافی اسم حَقٌّ خبر، اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ واؤ عاطفہ لٰكِنَّ حرف استدراک اَكْثَرَهُمْ مرکب اضافی اسم لَا يَعْلَمُوْنَ فعل با واؤ ضمیر فاعل خبر، لٰكِنَّ اپنے اسم و خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

هُوَ يُحْيٖ وَ يُمِيْتُ وَ اِلَيْهِ تُرْجَعُوْنَ ﴿۵۶﴾

آیت نمبر ۵۶: ھُوَ ضمیر مبتدا، يُحْيٖ فعل ھُوَ مستتر فاعل سے مل کر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ يُمِيْتُ فعل ھُوَ مستتر فاعل سے مل کر معطوف، معطوف علیہ با معطوف خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اِلَيْهِ ظرف لغو متعلق مقدم ہوئے تُرْجَعُوْنَ فعل مجہول واؤ ضمیر نائب فاعل، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ معطوفہ ہوا۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ قَدْ جَآءَتْكُمْ مَّوْعِظَةٌ مِّنْ رَّبِّكُمْ وَشِفَآءٌ لِّمَا فِي الصُّدُوْرِ ۙ وَهُدًى وَّ رَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ ﴿٥٧﴾

آیت نمبر ۵۷: یَاء حرف نداء اُدْعُوْ کے قائم مقام، اُدْعُوْ فعل اَنَا ضمیر مستتر فاعل اَیُّ موصوف هَا برائے تنبیہ اَلنَّاسُ صفت، موصوف باصفت مل کر منصوب مفعول بہ، تینوں مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ ہو کر نداء قَدْ علامت فعل جَآءَتْ فعل كُمْ ضمیر منصوب مفعول بہ مَّوْعِظَةٌ موصوف مِنْ جارہ رَبِّكُمْ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور ظرف مستقر كَائِنَةٌ کے متعلق ہو کر صفت، موصوف باصفت معطوف عَلَیہ، واؤ عاطفہ شِفَآءٌ موصوف لَامِ جارہ مَا اسم موصول فِي الصُّدُوْرِ ظرف مستقر فعل محذوف ثَبَتَ کے متعلق ہو کر صلہ، موصول باصلہ مجرور، جار با مجرور كَائِنٌ کے متعلق ہو کر صفت، موصوف باصفت معطوف اوّل واؤ عاطفہ هُدًى معطوف ثانی، واؤ عاطفہ رَحْمَةٌ موصوف لِلْمُؤْمِنِيْنَ ظرف مستقر كَائِنَةٌ کے متعلق ہو کر صفت، موصوف باصفت معطوف ثالث، معطوف علیہ با معطوفات ثلاثہ فاعل، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ ندا کا جواب، ندا با جواب جملہ انشائیہ ندائیہ ہوا۔

قُلْ بِفَضْلِ اللّٰهِ وَبِرَحْمَتِهٖ فَبِذٰلِكَ فَلْيَفْرَحُوْا ؕ هُوَ خَيْرٌ مِّمَّا يَجْمَعُوْنَ ﴿٥٨﴾

آیت نمبر ۵۸: قُلْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل سے مل کر قول، بَاء جارہ فَضْلِ اللّٰهِ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور معطوف علیہ، واؤ عاطفہ بَاء جارہ رَحْمَتِهٖ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور معطوف، معطوف علیہ با معطوف متعلق ہوئے فعل محذوف يَفْرَحُوْا کے لِيَفْرَحُوْا فعل امر واؤ ضمیر فاعل اور متعلق سے مل کر مقولہ، قول با مقولہ جملہ انشائیہ امریہ ہوا۔ فَاء فصیحہ اور اس کی شرط محذوف ہے اِنْ فَرِحُوْا بِشَيْءٍ، بِذٰلِكَ جار با مجرور متعلق مقدم ہوئے، فَاء زائدہ لِيَفْرَحُوْا فعل امر واؤ ضمیر فاعل اور متعلق مقدم سے مل کر جزاء، شرط محذوف جزاء سے مل کر جملہ شرطیہ ہوا۔ هُوَ ضمیر مبتدا خَيْرٌ اسم تفضیل هُوَ مستتر فاعل مِنْ جارہ مَا اسم موصول يَجْمَعُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر صلہ، موصول باصلہ مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے، اسم تفضیل با فاعل و متعلق شبہ جملہ ہو کر خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

قُلْ اَرَءَيْتُمْ مَّآ اَنْزَلَ اللّٰهُ لَكُمْ مِّنْ رِّزْقٍ فَجَعَلْتُمْ مِّنْهُ حَرَامًا وَّحَلٰلًا ؕ قُلْ آٰللّٰهُ اَذِنَ لَكُمْ اَمْ عَلَى اللّٰهِ تَفْتَرُوْنَ ﴿٥٩﴾

آیت نمبر ۵۹: قُلْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل سے مل کر قول، هَمزہ حرف استفہام رَءَيْتُمْ فعل كُمْ ضمیر فاعل مَا موصولہ اَنْزَلَ فعل لفظ اَللّٰهُ فاعل لَكُمْ ظرف لغو متعلق ہوئے، فعل با فاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول باصلہ ذوالحال مِنْ رِّزْقٍ ظرف مستقر كَائِنًا کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال با حال مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ انشائیہ مقولہ، قول با مقولہ جملہ انشائیہ امریہ ہوا۔ فَاء عاطفہ جَعَلْتُمْ فعل تُمْ ضمیر فاعل مِنْهُ جار با مجرور متعلق ہوئے حَرَامًا وَّحَلٰلًا معطوف علیہ با معطوف مفعول بہ، فعل با فاعل و متعلق و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ اَنْزَلَ پر معطوف ہے۔ قُلْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل سے مل کر قول، هَمزہ حرف استفہام آٰللّٰهُ مبتدا، اَذِنَ فعل هُوَ مستتر فاعل لَكُمْ ظرف لغو متعلق ہوئے، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ انشائیہ معطوف علیہ، اَمْ عاطفہ عَلَى اللّٰهِ جار با مجرور ظرف لغو متعلق مقدم تَفْتَرُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل و متعلق مقدم سے مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف مقولہ، قول

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

یا مقولہ جملہ انشائیہ امریہ ہوا۔

وَ مَا ظَنُّ الَّذِيْنَ يَفْتَرُوْنَ عَلَى اللّٰهِ الْكَذِبَ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ ؕ اِنَّ اللّٰهَ لَذُوْ فَضْلٍ عَلَى النَّاسِ وَ لٰكِنَّ اَكْثَرَهُمْ لَا يَشْكُرُوْنَ ۝

آیت نمبر ۶۰: واؤ استینافیہ مَا استفہامیہ مبتدا ظَنُّ مصدر مضاف اَلَّذِيْنَ اسم موصول يَفْتَرُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل عَلَى اللّٰهِ جار مجرور متعلق ہوئے الْكَذِبَ مفعول بہ، چاروں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول باصلہ ظَنُّ کا مضاف الیہ معنی فاعل يَوْمَ الْقِيٰمَةِ مرکب اضافی ظَنُّ کا مفعول فیہ، مصدر مضاف اپنے مضاف الیہ معنی فاعل و مفعول فیہ سے مل کر خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ انشائیہ مستانفہ ہوا۔ اِنَّ حرف تحقیق لفظ اللّٰهَ اسم لام مزحلقہ ذُو مضاف فَضْلٍ مصدر عَلَى النَّاسِ ظرف لغو مصدر کے متعلق ہوئے، مصدر با متعلق مضاف الیہ، مضاف با مضاف الیہ خبر اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ واؤ عاطفہ لٰكِنَّ حرف استدراک اَكْثَرَهُمْ مرکب اضافی اس کا اسم لَا يَشْكُرُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر خبر، لٰكِنَّ اپنے اسم اور خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

❁ رکوع نمبر ۷ ❁

وَ مَا تَكُوْنُ فِيْ شَاْنٍ وَّ مَا تَتْلُوْا مِنْهُ مِنْ قُرْاٰنٍ وَّ لَا تَعْمَلُوْنَ مِنْ عَمَلٍ اِلَّا كُنَّا عَلَيْكُمْ شُهُوْدًا اِذْ تُفِيْضُوْنَ فِيْهِ ؕ وَ مَا يَعْزُبُ عَنْ رَّبِّكَ مِنْ مِّثْقَالِ ذَرَّةٍ فِي الْاَرْضِ وَ لَا فِي السَّمَآءِ وَ لَاۤ اَصْغَرَ مِنْ ذٰلِكَ وَ لَاۤ اَكْبَرَ اِلَّا فِيْ كِتٰبٍ مُّبِيْنٍ ۝

آیت نمبر ۶۱: واؤ استینافیہ مَا نافیہ تَكُوْنُ فعل ناقص اَنْتَ مستتر اس کا اسم فِيْ شَاْنٍ جار مجرور ظرف مستقر كَائِنًا کے متعلق ہو کر خبر، فعل ناقص با اسم و خبر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ مَا نافیہ تَتْلُوْا فعل اَنْتَ مستتر فاعل صِلَةُ جار مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے مِنْ جارہ زائدہ قُرْاٰنٍ لفظاً مجرور محلاً منصوب مفعول بہ، فعل با فاعل و متعلق و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف اول، واؤ عاطفہ لَا تَعْمَلُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل مِنْ جارہ عَمَلٍ محلاً منصوب مفعول بہ، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف ثانی، معطوف علیہ با معطوفین جملہ معطوفہ ہوا۔

اِلَّا حرف استثناء كُنَّا فعل ناقص نا ضمیر اس کا اسم عَلَيْكُمْ جار مجرور متعلق مقدم شُهُوْدًا اسم فاعل نَحْنُ مستتر فاعل اِذْ مضاف تُفِيْضُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل فِيْهِ ظرف لغو متعلق ہوئے، تینوں مل کر مضاف الیہ، مضاف با مضاف الیہ مفعول فیہ، اسم فاعل با فاعل و متعلق مقدم و مفعول فیہ خبر، فعل ناقص با اسم و خبر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر حال ہے لَا تَعْمَلُوْنَ کی ضمیر فاعل سے۔ واؤ عاطفہ مَا نافیہ يَعْزُبُ فعل عَنْ رَّبِّكَ جار مجرور متعلق ہوئے مِنْ جارہ مِّثْقَالِ ذَرَّةٍ مرکب اضافی موصوف فِي الْاَرْضِ ظرف لغو معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لَا زائدہ فِي السَّمَآءِ جار مجرور معطوف، معطوف علیہ با معطوف کے متعلق ہو کر صفت، موصوف با صفت لفظاً مجرور محلاً مرفوع فاعل، فعل با فاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف ہوا۔ واؤ استینافیہ لَا نفی جنس اَصْغَرَ اسم تفضیل هُوَ مستتر فاعل مِنْ ذٰلِكَ ظرف لغو متعلق ہوئے، تینوں مل کر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لَا زائدہ اَكْبَرَ اسم تفضیل هُوَ مستتر فاعل سے مل کر معطوف، معطوف علیہ با معطوف لا نفی جنس کا اسم، اِلَّا حرف

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

استثناء فِيْ جارہ كِتٰبٍ مُّبِيْنٍ مرکب توصیفی مجرور، جارہا مجرور ظرف مستقر كَائِنَانِ کے متعلق ہو کر خبر، لَا نفی جنس با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

اَلَآ اِنَّ اَوْلِيَآءَ اللّٰهِ لَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ ﴿۶۲﴾

آیت نمبر ۶۲: اَلَا حرف تنبیہ اِنَّ حرف تحقیق اَوْلِيَآءَ اللّٰهِ مرکب اضافی اس کا اسم لَا نافیہ خَوْفٌ مبتدا عَلَيْهِمْ ظرف مستقر كَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لَا نافیہ هُمْ ضمیر مبتدا يَحْزَنُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف خبر اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَكَانُوْا يَتَّقُوْنَ ﴿۶۳﴾ لَهُمُ الْبُشْرٰى فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا وَفِي الْاٰخِرَةِ ؕ لَا تَبْدِيْلَ لِكَلِمٰتِ اللّٰهِ ؕ ذٰلِكَ هُوَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ ﴿۶۴﴾

آیت نمبر ۶۳، ۶۴: اَلَّذِيْنَ اسم موصول اٰمَنُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ كَانُوْا فعل ناقص واؤ ضمیر اس کا اسم يَتَّقُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر خبر، فعل ناقص با اسم و خبر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف صلہ، موصول با صلہ مبتدا لَهُمُ ظرف مستقر كَائِنَةٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم اَلْبُشْرٰى ذوالحال فِي حرف جار الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا مرکب توصیفی مجرور، جارہا مجرور معطوف علیہ، واؤ عاطفہ فِي الْاٰخِرَةِ جارہا مجرور معطوف، معطوف علیہ با معطوف ظرف مستقر كَائِنًا کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال با حال مبتدا موخر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر مبتدا اول کی خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ لَا نفی جنس تَبْدِيْلَ اس کا اسم لَا مع جارہ لِكَلِمٰتِ اللّٰهِ مرکب اضافی مجرور، جارہا مجرور ظرف مستقر كَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر، لَا نفی جنس با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ ذٰلِكَ اسم اشارہ مبتدا هُوَ ضمیر فصل اَلْفَوْزُ الْعَظِيْمُ مرکب توصیفی خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

وَلَا يَحْزُنْكَ قَوْلُهُمْ ؘ اِنَّ الْعِزَّةَ لِلّٰهِ جَمِيْعًا ؕ هُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ﴿۶۵﴾

آیت نمبر ۶۵: واؤ استینافیہ لَا يَحْزُنْ فعل نہی کاف ضمیر مفعول بہ قَوْلُهُمْ مرکب اضافی فاعل، تینوں مل کر جملہ انشائیہ نہیہ ہوا۔ اِنَّ حرف تحقیق الْعِزَّةَ مؤکد جَمِيْعًا تاکید، دونوں مل کر اسم لِلّٰهِ ظرف مستقر كَائِنَةٌ کے متعلق ہو کر خبر با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ معللہ ہوا۔ هُوَ ضمیر مبتدا السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ دو خبر، مبتدا با خبرین جملہ اسمیہ خبریہ مُعَلِّلہ ہوا۔

اَلَآ اِنَّ لِلّٰهِ مَنْ فِي السَّمٰوٰتِ وَمَنْ فِي الْاَرْضِ ؕ وَمَا يَتَّبِعُ الَّذِيْنَ يَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ شُرَكَآءَ ؕ اِنْ يَّتَّبِعُوْنَ اِلَّا الظَّنَّ وَاِنْ هُمْ اِلَّا يَخْرُصُوْنَ ﴿۶۶﴾

آیت نمبر ۶۶: اَلَا حرف تنبیہ اِنَّ حرف تحقیق لِلّٰهِ جارہا مجرور ظرف مستقر كَائِنَانِ کے متعلق ہو کر خبر مقدم مَنْ اسم موصول فِي السَّمٰوٰتِ ظرف مستقر فعل محذوف ثَبَتَ کے متعلق ہو کر صلہ، موصول با صلہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ مَنْ اسم موصول فِي الْاَرْضِ ظرف مستقر فعل محذوف ثَبَتَ کے متعلق ہو کر صلہ، موصول با صلہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف اسم موخر اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ واؤ عاطفہ مَا نافیہ يَتَّبِعُ فعل اَلَّذِيْنَ اسم موصول يَدْعُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل مِنْ حرف جار دُوْنِ اللّٰهِ مرکب اضافی مجرور، جارہا مجرور كَائِنَةً

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

کے متعلق ہو کر حال مقدم شُرَكَآءَ ذوالحال مؤخر، ذوالحال باحال مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ صلہ، موصول باصلہ یَتَّبِعُ کا فاعل، فعل با فاعل جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ اِنْ نافیہ یَتَّبِعُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل اِلَّا حرف استثناء الظَّنَّ مستثنیٰ مفرغ مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ ہوا واؤ عاطفہ اِنْ نافیہ هُمْ ضمیر مبتداء اِلَّا حرف استثناء یَخْرُصُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر معطوف، معطوف علیہ یا معطوف جملہ معطوف ہوا۔

هُوَ الَّذِیْ جَعَلَ لَكُمُ الَّیْلَ لِتَسْكُنُوْا فِیْهِ وَ النَّهَارَ مُبْصِرًا ؕ اِنَّ فِیْ ذٰلِكَ لَاٰیٰتٍ لِّقَوْمٍ یَّسْمَعُوْنَ ﴿۶۷﴾

آیت نمبر ۶۷: هُوَ ضمیر مبتداء اَلَّذِیْ اسم موصول جَعَلَ فعل هُوَ مستتر فاعل لَكُمُ جار ہا مجرور متعلق ہوئے اَلَّیْلَ مفعول بہ لام جارہ تعلیلیہ اور اس کے بعد اَنْ مقدر ہے تَسْكُنُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل فِیْهِ جار ہا مجرور متعلق ہوئے، تینوں مل کر بتاویل مصدر مجرور، جار ہا مجرور جَعَلَ کے متعلق ثانی ہوئے، فعل بافاعل و مفعول بہ و متعلقین جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول باصلہ خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔ واؤ عاطفہ اَلنَّهَارَ ذوالحال مُبْصِرًا حال، ذوالحال باحال اَلَّیْلَ پر معطوف ہے اِنَّ حرف تحقیق فِیْ ذٰلِكَ ظرف مستقر کَائِنَاتٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم لَاٰیٰتٍ موصوف لام جارہ قَوْمٍ موصوف یَّسْمَعُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر صفت، موصوف باصفت مجرور، جار ہا مجرور ظرف مستقر کَائِنَاتٍ کے متعلق ہو کر صفت، موصوف باصفت اسم مؤخر، اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

قَالُوا اتَّخَذَ اللّٰهُ وَلَدًا سُبْحٰنَهٗ ؕ هُوَ الْغَنِیُّ ؕ لَهٗ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَ مَا فِی الْاَرْضِ ؕ اِنْ عِنْدَكُمْ مِّنْ سُلْطٰنٍۭ بِهٰذَا ؕ اَتَقُوْلُوْنَ عَلَی اللّٰهِ مَا لَا تَعْلَمُوْنَ ﴿۶۸﴾

آیت نمبر ۶۸: قَالُوْا فعل باواؤ ضمیر فاعل جملہ فعلیہ خبریہ قول، اِتَّخَذَ فعل لفظ اللّٰهُ فاعل وَلَدًا مفعول بہ، تینوں مل کر مقولہ، قول با مقولہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا سُبْحٰنَهٗ مفعول مطلق ہے فعل محذوف سَبَّحْنَا کا، فعل بافاعل، مفعول مطلق جملہ فعلیہ خبریہ ہوا هُوَ مبتداء الْغَنِیُّ خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا لَهٗ ظرف مستقر کَائِنَانِ کے متعلق ہو کر خبر مقدم مَا موصول فِی السَّمٰوٰتِ جار ہا مجرور ثَبَتَ کے متعلق ہو کر صلہ، موصول باصلہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ مَا موصول فِی الْاَرْضِ جار ہا مجرور ثَبَتَ کے متعلق ہو کر صلہ، موصول باصلہ معطوف، معطوف علیہ یا معطوف مبتدا مؤخر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

اِنْ نافیہ عِنْدَكُمْ مضاف الیہ مضاف کَائِنٌ کا مفعول فیہ ہو کر خبر مقدم مِنْ جار زائد سُلْطٰنٍ لفظاً مجرور محلاً مرفوع موصوف بِهٰذَا جار ہا مجرور ظرف مستقر کَائِنٌ کے متعلق ہو کر صفت، موصوف باصفت مبتدا مؤخر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔ ھمزہ حرف استفہام تَقُوْلُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل عَلَی اللّٰهِ جار ہا مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے، مَا موصولہ لَا تَعْلَمُوْنَ فعل باواؤ ضمیر فاعل جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول باصلہ مفعول بہ، فعل بافاعل و متعلق و مفعول بہ جملہ انشائیہ استفہامیہ ہوا۔

قُلْ اِنَّ الَّذِیْنَ یَفْتَرُوْنَ عَلَی اللّٰهِ الْكَذِبَ لَا یُفْلِحُوْنَ ﴿۶۹﴾

آیت نمبر ۶۹: قُلْ فعل اَنْتَ مستتر فاعل سے مل کر قول، اِنَّ حرف تحقیق اَلَّذِیْنَ اسم موصول یَفْتَرُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل عَلَی

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

اللہ جار بامجرور متعلق ہوئے اَلْکَذِبَ متعول بہ، چاروں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول باصلہ اسم، لَا یُفْلِحُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ خبر اِنَّ باسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ مقولہ، قول بامقولہ جملہ انشائیہ ہوا

مَتَاعٌ فِی الدُّنْیَا ثُمَّ اِلَیْنَا مَرْجِعُهُمْ ثُمَّ نُذِیْقُهُمُ الْعَذَابَ الشَّدِیْدَ بِمَا كَانُوْا یَكْفُرُوْنَ ۝

آیت نمبر ۷۰: مَتَاعٌ موصوف فِی الدُّنْیَا ظرف مستقر کَائِنٌ کے متعلق ہو کر صفت، موصوف باصفت خبر ہے مبتدا محذوف ھُوَ کی، مبتدا باخبر معطوف علیہ، ثُمَّ حرف عطف اِلَیْنَا جار بامجرور کَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم مَرْجِعُهُمْ مرکب اضافی مبتدا مؤخر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف اول، ثُمَّ حرف عطف نُذِیْقُ فعل نَحْنُ ضمیر فاعل هُمْ ضمیر مفعول بہ اول اَلْعَذَابَ الشَّدِیْدَ مرکب توصیفی مفعول بہ ثانی، بِمَا جارہ مَا مصدریہ كَانُوْا فعل ناقص واؤ ضمیر اس کا اسم یَكْفُرُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل، فعل بافاعل فعل ناقص کی خبر، فعل ناقص باسم وخبر بتاویل مصدر مجرور، جار بامجرور نُذِیْقُ کے متعلق ہوئے، نُذِیْقُ فعل اپنے فاعل اور دونوں مفعول بہ اور متعلق سے مل کر معطوف ثانی معطوف علیہ بامعطوفین جملہ معطوفہ ہوا۔

﴿ رکوع نمبر ۸ ﴾

وَاتْلُ عَلَیْهِمْ نَبَاَ نُوْحٍ ۘ اِذْ قَالَ لِقَوْمِهٖ یٰقَوْمِ اِنْ كَانَ كَبُرَ عَلَیْكُمْ مَّقَامِیْ وَتَذْكِیْرِیْ بِاٰیٰتِ اللّٰهِ فَعَلَى اللّٰهِ تَوَكَّلْتُ فَاَجْمِعُوْٓا اَمْرَكُمْ وَشُرَكَآءَكُمْ ثُمَّ لَا یَكُنْ اَمْرُكُمْ عَلَیْكُمْ غُمَّةً ثُمَّ اقْضُوْٓا اِلَیَّ وَلَا تُنْظِرُوْنِ ۝

آیت نمبر ۷۱: واؤ استینافیہ اُتْلُ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل عَلَیْهِمْ جار بامجرور متعلق ہوئے نَبَاَ نُوْحٍ مرکب اضافی مفعول بہ، اِذْ ظرف زمان مضاف قَالَ فعل هُوَ مستتر فاعل لِاَمر جارہ قَوْمِهٖ مرکب اضافی مجرور، جار بامجرور متعلق ہوئے، فعل بافاعل ومتعلق جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر قول یٰقَوْمِ اصل میں یَا قَوْمِیْ ہے اور یہ نداء ہے اِنْ حرف شرط كَانَ فعل ناقص ضمیر شان اس کا اسم كَبُرَ فعل عَلَیْكُمْ جار بامجرور متعلق ہوئے مَقَامِیْ مرکب اضافی معطوف علیہ سواؤ عاطفہ تَذْكِیْرِیْ مصدر مضاف یَاء ضمیر مضاف الیہ معنی فاعل یَاء جارہ اٰیٰتِ اللّٰهِ مرکب اضافی مجرور، جار بامجرور متعلق ہوئے، مصدر اپنے مضاف الیہ معنی فاعل اور متعلق سے مل کر معطوف، دونوں مل کر فاعل، فعل بافاعل ومتعلق جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر خبر، فعل ناقص باسم وخبر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر شرط، فَاء جزائیہ عَلَى اللّٰهِ جار بامجرور متعلق مقدم ہوئے تَوَكَّلْتُ فعل تاء مضمومہ فاعل، فعل بافاعل ومتعلق مقدم جملہ فعلیہ خبریہ جزاء، شرط باجزاء نداء کا جواب، نداء باجواب مقولہ، قول باقولہ مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ بدل الاشتمال، مبدل منہ بابدل اُتْلُ کا مفعول بہ، فعل امر اپنے فاعل ومتعلق ومفعول بہ سے مل کر جملہ انشائیہ امریہ ہوا۔

فَاء فصیحہ اور شرط محذوف ہے اِنْ اَنْ كَانَ الْاَمْرُ كَذٰلِكَ فَاَجْمِعُوْا فعل امر واؤ ضمیر فاعل اَمْرَكُمْ مرکب اضافی مفعول بہ سواؤ بمعنی مَعَ شُرَكَآءَكُمْ مرکب اضافی مفعول معہ، فعل بافاعل ومفعولین جملہ انشائیہ معطوف علیہ، ثُمَّ عاطفہ لَا یَكُنْ فعل ناقص نبی اَمْرُكُمْ مرکب اضافی اس کا اسم، عَلَیْكُمْ جار بامجرور كَائِنَةً کے متعلق ہو کر حال مقدم، غُمَّةً ذوالحال مؤخر، ذوالحال باحال خبر، فعل ناقص باسم وخبر جملہ انشائیہ

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

معطوف اول، ثُمَّ عاطفہ اُقْضُوْا فعل امر واؤ ضمیر فاعل اِلَیَّ جار ما مجرور متعلق ہوئے، تینوں مل کر جملہ انشائیہ معطوف ثانی واؤ عاطفہ لَا تُنْظِرُوْنِ فعل نہی واؤ ضمیر فاعل نون وقایہ کا یاء ضمیر محذوف مفعول بہ، تینوں مل کر جملہ انشائیہ معطوف ثالث، معطوف علیہ با معطوفات ثلاثہ جزاء، شرط محذوف باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

فَاِنْ تَوَلَّيْتُمْ فَمَا سَاَلْتُكُمْ مِّنْ اَجْرٍ ؕ اِنْ اَجْرِيَ اِلَّا عَلَى اللّٰهِ ۙ وَ اُمِرْتُ اَنْ اَكُوْنَ مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ ﴿۷۲﴾

آیت نمبر ۷۲: فَاء استینافیہ اِنْ حرف شرط تَوَلَّيْتُمْ فعل بافاعل جملہ فعلیہ خبریہ شرط، اور جزاء محذوف ہے ھَلَكْتُمْ (مظہری) شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔ فَاء تعلیلیہ مَا نافیہ سَاَلْتُ فعل تاء مضمومہ فاعل كُمْ ضمیر مفعول بہ مِنْ جارہ زائدہ اَجْرٍ لفظاً مجرور محلاً منصوب مفعول بہ ثانی، چاروں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معللہ ہوا۔ اِنْ نافیہ اَجْرِيَ مرکب اضافی مبتداء اِلَّا حرف استثناء عَلَى اللّٰهِ جار ما مجرور ظرف مستقر كَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اُمِرْتُ فعل مجہول تاء مضمومہ نائب فاعل اَنْ حرف مصدری و نصب اَكُوْنَ فعل ناقص اَنَا مستتر اس کا اسم مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ ظرف مستقر كَائِنًا کے متعلق ہو کر خبر، فعل ناقص با اسم و خبر جملہ فعلیہ خبریہ بتاویل مصدر منصوب بنزع الخافض ہے اور اصل میں بِاَنْ ہے، جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل مجہول با نائب فاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، دونوں مل کر جملہ معطوفہ مُطْلَقہ ہوا۔

فَكَذَّبُوْهُ فَنَجَّيْنٰهُ وَ مَنْ مَّعَهٗ فِي الْفُلْكِ وَ جَعَلْنٰهُمْ خَلٰٓئِفَ وَ اَغْرَقْنَا الَّذِيْنَ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا ۚ فَانْظُرْ كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الْمُنْذَرِيْنَ ﴿۷۳﴾

آیت نمبر ۷۳: فَاء عاطفہ كَذَّبُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل هُ ضمیر مفعول بہ، تینوں مل کر معطوف علیہ، فَاء عاطفہ نَجَّيْنَا فعل نَا ضمیر فاعل هُ ضمیر مفعول بہ، واؤ بمعنی مَعَ مَنْ موصول مَعَهٗ مرکب اضافی فعل محذوف ثَبَتَ کا مفعول فیہ ہو کر صلہ، موصول با صلہ مفعول معہ فِي الْفُلْكِ جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل با فاعل و مفعولین و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف اول، واؤ عاطفہ جَعَلْنَا فعل نَا ضمیر فاعل هُمْ ضمیر مفعول بہ اول خَلٰٓئِفَ مفعول بہ ثانی، فعل با فاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ معطوف ثانی واؤ عاطفہ اَغْرَقْنَا فعل نَا ضمیر فاعل اَلَّذِيْنَ اسم موصول كَذَّبُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل، بِاٰيٰتِنَا مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل با فاعل و متعلق صلہ، موصول با صلہ اَغْرَقْنَا کا مفعول بہ، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف ثالث، معطوف علیہ با معطوفات ثلاثہ جملہ معطوفہ ہوا۔

فَاء فصیحہ اور شرط محذوف ہے اِذَا كَانَ الْاَمْرُ كَذٰلِكَ اُنْظُرْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل كَيْفَ ظرف زمان كَانَ کا مفعول فیہ ہو کر خبر مقدم كَانَ فعل ناقص عَاقِبَةُ الْمُنْذَرِيْنَ مرکب اضافی اسم، فعل ناقص با اسم و خبر جملہ فعلیہ انشائیہ ہو کر محلاً منصوب مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ انشائیہ جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

ثُمَّ بَعَثْنَا مِنْۢ بَعْدِهٖ رُسُلًا اِلٰى قَوْمِهِمْ فَجَآءُوْهُمْ بِالْبَيِّنٰتِ فَمَا كَانُوْا لِيُؤْمِنُوْا بِمَا كَذَّبُوْا بِهٖ مِنْ قَبْلُ ؕ كَذٰلِكَ نَطْبَعُ عَلٰى قُلُوْبِ الْمُعْتَدِيْنَ ﴿۷۴﴾

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

آیت نمبر ۷۵: ثُمَّ عاطفہ بَعَثْنَا فعل نَا ضمیر فاعل مِنْۢ بَعْدِهٖ كَائِنَةً کے متعلق ہو کر حال مقدم رُسُلًا موصوف اِلٰى قَوْمِهٖ مَبْعُوْثِيْنَ کے متعلق ہو کر صفت، موصوف باصفت ذوالحال مؤخر مذوالحال باحال مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، فَاء عاطفہ جَآءُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل هُمْ ضمیر مفعول بہ بِالْبَيِّنٰتِ جار بامجرور متعلق ہوئے، چاروں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف اوّل، فَاء عاطفہ مَا نافیہ كَانُوْا فعل ناقص واؤ ضمیر اسم لِيُؤْمِنُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل بِمَا جار ومَا موصولہ كَذَّبُوْا فعل واؤ ضمیر ذوالحال مِنْ قَبْلُ ظرف مستقر كَائِنِيْنَ کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال باحال فاعل بِہٖ جار بامجرور متعلق ہوئے، تینوں مل کر صلہ، موصول باصلہ مجرور، جار بامجرور متعلق ہوئے، فعل بافاعل ومتعلق بتاویل مصدر مجرور، جار بامجرور كَائِنِيْنَ کے متعلق ہو کر خبر، فعل ناقص باسم وخبر معطوف ثانی، معطوف علیہ بامعطوفین جملہ معطوفہ ہوا۔ كَذٰلِكَ ظرف مستقر كَائِنًا کے متعلق ہو کر بواسطہ موصوف محذوف طَبْعًا کے مفعول مطلق مقدم نَطْبَعُ فعل نَحْنُ مستتر فاعل عَلٰى حرف جار قُلُوْبِ الْمُعْتَدِيْنَ مرکب اضافی مجرور، جار بامجرور متعلق ہوئے، فعل بافاعل ومفعول مطلق جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

ثُمَّ بَعَثْنَا مِنْۢ بَعْدِهِمْ مُّوْسٰى وَ هٰرُوْنَ اِلٰى فِرْعَوْنَ وَمَلَا۟ئِهٖ بِاٰيٰتِنَا فَاسْتَكْبَرُوْا وَ كَانُوْا قَوْمًا مُّجْرِمِيْنَ ﴿۷۵﴾

آیت نمبر ۷۵: ثُمَّ عاطفہ بَعَثْنَا فعل نَا ضمیر فاعل مِنْۢ بَعْدِهِمْ ظرف مستقر كَائِنِيْنَ کے متعلق ہو کر حال مقدم مُّوْسٰى وَهٰرُوْنَ معطوف علیہ بامعطوف ذوالحال مؤخر، ذوالحال باحال مفعول بہ اِلٰى حرف جار فِرْعَوْنَ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ مَلَا۟ئِهٖ مرکب اضافی معطوف، معطوف علیہ بامعطوف مجرور، جار بامجرور متعلق ہوئے بِاٰيٰتِنَا ظرف مستقر مُتَلَبِّسِيْنَ کے متعلق ہو کر مُوْسٰى وَهٰرُوْنَ کا حال ہے، فعل بافاعل ومتعلق ومفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر معطوف علیہ، فَاء عاطفہ اسْتَكْبَرُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر معطوف اوّل، واؤ عاطفہ كَانُوْا فعل ناقص واؤ ضمیر اس کا اسم قَوْمًا مُّجْرِمِيْنَ مرکب توصیفی خبر، فعل ناقص باسم وخبر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف ثانی، معطوف علیہ بامعطوفین جملہ معطوفہ ہوا۔

فَلَمَّا جَآءَهُمُ الْحَقُّ مِنْ عِنْدِنَا قَالُوْٓا اِنَّ هٰذَا لَسِحْرٌ مُّبِيْنٌ ﴿۷۶﴾

آیت نمبر ۷۶: فَاء عاطفہ لَمَّا متضمن معنی شرط مفعول فیہ مقدم جَآءَ فعل هُمْ ضمیر منصوب مفعول بہ اَلْحَقُّ فاعل مِنْ جار عِنْدِنَا مرکب اضافی مجرور، جار بامجرور متعلق ہوئے، فعل بافاعل ومفعول بہ ومتعلق جملہ فعلیہ خبریہ شرط، قَالُوْٓا فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر قول اِنَّ حرف تحقیق هٰذَا اس کا اسم، لام مزحلقہ سِحْرٌ مُّبِيْنٌ مرکب توصیفی خبر اِنَّ با اسم وخبر مقولہ، قول با مقولہ جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

قَالَ مُوْسٰٓى اَتَقُوْلُوْنَ لِلْحَقِّ لَمَّا جَآءَكُمْ �ؕ اَسِحْرٌ هٰذَا ؕ وَلَا يُفْلِحُ السّٰحِرُوْنَ ﴿۷۷﴾

آیت نمبر ۷۷: قَالَ فعل مُوْسٰٓى فاعل، دونوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ قول، هَمزہ حرف استفہام تَقُوْلُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل لِلْحَقِّ جار بامجرور متعلق ہوئے لَمَّا حینیہ مضاف جَآءَ فعل هُ مستتر فاعل كُمْ ضمیر مفعول بہ، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ مفعول فیہ، فعل بافاعل ومتعلق ومفعول فیہ جملہ فعلیہ انشائیہ ہو کر قول هَمزہ استفہامیہ سِحْرٌ خبر مقدم هٰذَا مبتدا مؤخر، مبتدا با

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

خبر جملہ اسمیہ انشائیہ مقولہ، قول با مقولہ قول اول کا مقولہ، قول با مقولہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ واؤ حالیہ لَا يُفْلِحُ فعل السّٰحِرُوْنَ فاعل، دونوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر تَقُوْلُوْنَ کی ضمیر فاعل سے حال ہے۔

قَالُوْٓا اَجِئْتَنَا لِتَلْفِتَنَا عَمَّا وَجَدْنَا عَلَيْهِ اٰبَآءَنَا وَتَكُوْنَ لَكُمَا الْكِبْرِيَآءُ فِي الْاَرْضِ ۭ وَمَا نَحْنُ لَكُمَا بِمُؤْمِنِيْنَ ۝

آیت نمبر ۷۸: قَالُوْا فعل با واؤ ضمیر فاعل جملہ فعلیہ خبریہ قول ہمزہ حرف استفہام جِئْتَ فعل تاء مفتوحہ ضمیر فاعل نَا ضمیر مفعول بہ، لام جارہ تعلیلیہ اس کے بعد اَنْ مقدر ہے تَلْفِتَ فعل اَنْتَ مستتر فاعل نَا ضمیر مفعول بہ عَنْ جارہ مَا موصولہ وَجَدْنَا فعل نَا ضمیر فاعل عَلَيْهِ جار با مجرور متعلق ہوئے اٰبَآءَ نَا مرکب اضافی مفعول بہ، فعل با فاعل و متعلق و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول با صلہ مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل با فاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ ہوا واؤ عاطفہ تَكُوْنَ فعل ناقص لَكُمَا ظرف مستقر كَائِنًا کے متعلق ہو کر خبر مقدم اَلْكِبْرِيَآءُ ذوالحال فِي الْاَرْضِ ظرف مستقر كَائِنًا کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال با حال اسم مؤخر، فعل ناقص با اسم و خبر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف بتاویل مصدر مجرور، جار با مجرور جِئْتَ کے متعلق ہوئے، فعل با فاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ فعلیہ انشائیہ ہو کر مقولہ، قول با مقولہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ واؤ عاطفہ مَا مشابہ بِہ لَيْسَ نَحْنُ اس کا اسم لَكُمَا جار با مجرور متعلق مقدم ہوئے، بَاء جارہ زائدہ مُؤْمِنِيْنَ اسم فاعل نَحْنُ مستتر فاعل، اسم فاعل با فاعل و متعلق شبہ جملہ ہو کر خبر مَا حجازیہ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

وَقَالَ فِرْعَوْنُ ائْتُوْنِيْ بِكُلِّ سٰحِرٍ عَلِيْمٍ ۝

آیت نمبر ۷۹: واؤ استینافیہ قَالَ فعل فِرْعَوْنُ فاعل، فعل با فاعل جملہ فعلیہ خبریہ قول ائْتُوْا فعل امر واؤ ضمیر فاعل نون وقایہ کا یَاء ضمیر مفعول بہ بَاء جار كُلِّ مضاف سٰحِرٍ عَلِيْمٍ مرکب توصیفی مضاف الیہ، مضاف با مضاف الیہ مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل با فاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ انشائیہ مقولہ، قول با مقولہ جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

فَلَمَّا جَآءَ السَّحَرَةُ قَالَ لَهُمْ مُّوْسٰٓى اَلْقُوْا مَآ اَنْتُمْ مُّلْقُوْنَ ۝

آیت نمبر ۸۰: فَاء عاطفہ اور معطوف علیہ محذوف ہے فَاَتَوْا بِالسَّحَرَةِ اَلَمَّا متضمن معنی شرط مفعول فیہ مقدم جَآءَ فعل السَّحَرَةُ فاعل، دونوں مل کر شرط ہوا قَالَ فعل لَهُمْ ظرف لغو متعلق ہوئے مُوْسٰى فاعل، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر قول، اَلْقُوْا فعل امر واؤ ضمیر فاعل مَا اسم موصول اَنْتُمْ ضمیر مبتدا مُلْقُوْنَ اسم فاعل اَنْتُمْ مستتر فاعل سے مل کر خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ صلہ، موصول با صلہ اَلْقُوْا کا مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ انشائیہ مقولہ، قول با مقولہ جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہو کر معطوف، معطوف علیہ محذوف یا معطوف جملہ معطوفہ ہوا۔

فَلَمَّآ اَلْقَوْا قَالَ مُوْسٰى مَا جِئْتُمْ بِهِ ۙ السِّحْرُ ۭ اِنَّ اللّٰهَ سَيُبْطِلُهٗ ۭ اِنَّ اللّٰهَ لَا يُصْلِحُ عَمَلَ الْمُفْسِدِيْنَ ۝ وَيُحِقُّ اللّٰهُ الْحَقَّ بِكَلِمٰتِهٖ وَلَوْ كَرِهَ الْمُجْرِمُوْنَ ۝

آیت نمبر ۸۱، ۸۲: فَاء عاطفہ لَمَّا متضمن معنی شرط مفعول فیہ مقدم اَلْقَوْا فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر قول،

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

قَالَ فعل مُوْسٰی فاعل، دونوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ قول مَا موصولہ جِئْتُمْ فعل تُمْ ضمیر فاعل بِهٖ جار باہجرور متعلق ہوئے، تینوں مل کر صلہ، موصول باصلہ مبتدا اَلسِّحْرُ خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ مقولہ، قول بامقولہ جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا اِنَّ حرف تحقیق لفظ اَللّٰهَ اس کا اسم سین علامت فعل یُبْطِلُ فعل هُوَ مستتر فاعل هٗ ضمیر مفعول بہ، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر خبر اِنَّ باسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ معللہ ہوا اِنَّ حرف تحقیق لفظ اَللّٰهَ اسم لَا يُصْلِحُ فعل هُوَ مستتر فاعل عَمَلَ الْمُفْسِدِيْنَ مرکب اضافی مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ يُحِقُّ فعل لفظ اَللّٰهُ فاعل بِ۔ جارہ كَلِمٰتِهٖ مرکب اضافی مجرور، جار باہجرور متعلق ہوئے اَلْحَقَّ ذوالحال، واؤ حالیہ لَوْ شرطیہ كَرِهَ فعل اَلْمُجْرِمُوْنَ فاعل، فعل بافاعل جملہ فعلیہ خبریہ شرط، اور جزاء محذوف ہے يُحِقُّ اللّٰهُ الْحَقَّ بِكَلِمٰتِهٖ، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہو کر حال، ذوالحال باحال يُحِقُّ کا مفعول بہ، فعل بافاعل و متعلق (مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف خبر اِنَّ باسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ معللہ ہوا۔

﴿ رکوع نمبر ۹ ﴾

فَمَآ اٰمَنَ لِمُوْسٰٓى اِلَّا ذُرِّيَّةٌ مِّنْ قَوْمِهٖ عَلٰى خَوْفٍ مِّنْ فِرْعَوْنَ وَمَلَا۟ئِهِمْ اَنْ يَّفْتِنَهُمْ ؕ وَاِنَّ فِرْعَوْنَ لَعَالٍ فِى الْاَرْضِ ۚ وَاِنَّهٗ لَمِنَ الْمُسْرِفِيْنَ ﴿۸۳﴾

آیت نمبر ۸۳: فَاء عاطفہ اور معطوف علیہ محذوف ہے فَاَلْقٰى مُوْسٰى عَصَاهُ فَاِذَا هِىَ تَلْقَفُ مَا يَاْفِكُوْنَ ہمانا نیا اٰمَنَ فعل لِمُوْسٰى جار باہجرور متعلق ہوئے، اِلَّا حرف استثناء ذُرِّيَّةٌ موصوف مِنْ قَوْمِهٖ ظرف مستقر كَائِنَةٌ کے متعلق ہو کر صفت، موصوف باصفت ذوالحال، عَلٰى حرف جار خَوْفٍ مصدر مِنْ جارہ فِرْعَوْنَ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ مَلَا۟ئِهِمْ مرکب اضافی معطوف، دونوں مل کر مجرور، جار باہجرور متعلق ہوئے، اَنْ مصدریہ يَّفْتِنَهُمْ فعل هُوَ مستتر فاعل هُمْ ضمیر مفعول بہ، تینوں مل کر بتاویل مصدر مفعول لہ، مصدر باتعلق و مفعول لہ مجرور، جار باہجرور ظرف مستقر كَائِنَةٌ کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال باحال اٰمَنَ کا فاعل، فعل بافاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ محذوف بامعطوف جملہ معطوفہ ہوا۔ واؤ اعتراضیہ اِنَّ حرف تحقیق فِرْعَوْنَ اس کا اسم لَام مذ خلقہ عَالٍ اسم فاعل هُوَ مستتر فاعل فِى الْاَرْضِ ظرف لغو متعلق ہوئے، اسم فاعل بافاعل و متعلق خبر اِنَّ باسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ معترضہ ہوا۔ واؤ اعتراضیہ اِنَّ حرف تحقیق هٗ ضمیر اس کا اسم لَام مذ خلقہ مِنَ الْمُسْرِفِيْنَ ظرف مستقر كَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر اِنَّ باسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ معترضہ ہوا۔

وَقَالَ مُوْسٰى يٰقَوْمِ اِنْ كُنْتُمْ اٰمَنْتُمْ بِاللّٰهِ فَعَلَيْهِ تَوَكَّلُوْٓا۟ اِنْ كُنْتُمْ مُّسْلِمِيْنَ ﴿۸۴﴾

آیت نمبر ۸۴: واؤ عاطفہ قَالَ فعل مُوْسٰى فاعل، فعل بافاعل جملہ فعلیہ خبریہ قول يٰقَوْمِ اصل میں يَا قَوْمِىْ ہے اور یہ منادا ہے اِنْ حرف شرط كُنْتُمْ فعل ناقص تُمْ ضمیر اس کا اسم اٰمَنْتُمْ فعل تُمْ ضمیر فاعل بِاللّٰهِ ظرف لغو متعلق ہوئے، تینوں مل کر خبر، فعل ناقص باسم و خبر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر شرط، فَاء جزائیہ عَلَيْهِ جار باہجرور متعلق مقدم تَوَكَّلُوْٓا فعل واؤ ضمیر فاعل و متعلق مقدم سے مل کر جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہو کر ندا کا جواب، ندا باجواب ندا مقولہ، قول بامقولہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف ہوا۔ اِنْ حرف شرط كُنْتُمْ فعل ناقص تُمْ ضمیر اس کا اسم مُّسْلِمِيْنَ اسم فاعل اَنْتُمْ مستتر فاعل سے مل کر خبر، فعل ناقص باسم و خبر شرط، اور جزاء محذوف ہے فَتَوَكَّلُوْا عَلَيْهِ، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

فَقَالُوْا عَلَى اللّٰهِ تَوَكَّلْنَا ۚ رَبَّنَا لَا تَجْعَلْنَا فِتْنَةً لِّلْقَوْمِ الظّٰلِمِيْنَ ﴿۸۵﴾ وَ نَجِّنَا بِرَحْمَتِكَ مِنَ الْقَوْمِ الْكٰفِرِيْنَ ﴿۸۶﴾

آیت نمبر ۸۵، ۸۶ فاء عاطفہ قَالُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر قول عَلَى اللّٰهِ جار مجرور متعلق مقدم ہوئے تَوَكَّلْنَا فعل نا ضمیر فاعل، تینوں مل کر مقولہ، قول یا مقولہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا رَبَّنَا اصل میں یَا رَبَّنَا ہے اور یہ منادیٰ ہے لَا تَجْعَلْ فعل نہی اَنْتَ مستتر فاعل نا ضمیر مفعول بہ اول، فِتْنَةً موصوف لِّلْقَوْمِ الظّٰلِمِيْنَ مرکب توصیفی مجرور، جار مجرور ظرف مستقر كَائِنَةً کے متعلق ہو کر صفت، موصوف باصفت مفعول بہ ثانی، فعل با فاعل و مفعولین جملہ انشائیہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ نَجِّ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل نا ضمیر مفعول بہ بکام حرف جار رَحْمَتِكَ مرکب اضافی مجرور، جار مجرور متعلق اول ہوئے، مِنَ جارہ الْقَوْمِ الْكٰفِرِيْنَ مرکب توصیفی مجرور، جار مجرور متعلق ثانی ہوئے، فعل با فاعل و مفعول بہ و متعلقین جملہ انشائیہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف منادیٰ کا جواب، منادیٰ با جواب جملہ انشائیہ ندائیہ ہوا۔

وَ اَوْحَيْنَآ اِلٰى مُوْسٰى وَ اَخِيْهِ اَنْ تَبَوَّاٰ لِقَوْمِكُمَا بِمِصْرَ بُيُوْتًا وَّ اجْعَلُوْا بُيُوْتَكُمْ قِبْلَةً وَّ اَقِيْمُوا الصَّلٰوةَ ؕ وَ بَشِّرِ الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿۸۷﴾

آیت نمبر ۸۷ واؤ استینافیہ اَوْحَيْنَا فعل نا ضمیر فاعل اِلٰى حرف جار مُوْسٰى معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اَخِيْهِ مرکب اضافی معطوف، معطوف علیہ با معطوف مجرور، جار مجرور متعلق ہوئے، اَنْ مصدریہ تَبَوَّاٰ فعل امر الف ضمیر فاعل، لام جارہ قَوْمِكُمَا مرکب اضافی مجرور، جار مجرور متعلق ہوئے، بِمِصْرَ ظرف لغو متعلق ثانی ہوئے بُيُوْتًا مفعول بہ، فعل با فاعل و متعلقین و مفعول بہ جملہ انشائیہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اِجْعَلُوْا فعل امر واؤ ضمیر فاعل بُيُوْتَكُمْ مرکب اضافی مفعول بہ اول، قِبْلَةً مفعول بہ ثانی، فعل با فاعل و مفعولین جملہ انشائیہ معطوف اول، واؤ عاطفہ اَقِيْمُوا فعل امر واؤ ضمیر فاعل الصَّلٰوةَ مفعول بہ، تینوں مل کر جملہ انشائیہ معطوف ثانی، واؤ عاطفہ بَشِّرِ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل الْمُؤْمِنِيْنَ مفعول بہ، تینوں مل کر جملہ انشائیہ معطوف ثالث، معطوف علیہ با معطوفات ثلاثہ بتاویل مصدر اَوْحَيْنَا کا مفعول بہ، فعل با فاعل و متعلق و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

وَ قَالَ مُوْسٰى رَبَّنَآ اِنَّكَ اٰتَيْتَ فِرْعَوْنَ وَ مَلَاَهٗ زِيْنَةً وَّ اَمْوَالًا فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ۙ رَبَّنَا لِيُضِلُّوْا عَنْ سَبِيْلِكَ ۚ رَبَّنَا اطْمِسْ عَلٰٓى اَمْوَالِهِمْ وَ اشْدُدْ عَلٰى قُلُوْبِهِمْ فَلَا يُؤْمِنُوْا حَتّٰى يَرَوُا الْعَذَابَ الْاَلِيْمَ ﴿۸۸﴾

آیت نمبر ۸۸ واؤ استینافیہ قَالَ مُوْسٰى فعل با فاعل جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر قول رَبَّنَا یہ اصل میں یَا رَبَّنَا ہے اور یہ منادیٰ ہے اِنَّ حرف تحقیق کاف ضمیر اس کا اسم اٰتَيْتَ فعل تام مفتوحہ ضمیر فاعل فِرْعَوْنَ وَمَلَاَهٗ معطوف علیہ با معطوف مفعول اول زِيْنَةً وَّاَمْوَالًا معطوف علیہ با معطوف مفعول بہ ثانی فِي جارہ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا مرکب توصیفی مجرور، جار مجرور اٰتَيْتَ کے متعلق ہوئے، رَبَّنَا یہ اصل میں یَا رَبَّنَا ہے اور یہ پہلے رَبَّنَا کی تاکید ہے لَام جارہ تعلیلیہ اور اس کے بعد اَنْ مقدر ہے يُضِلُّوْا فعل واؤ ضمیر فاعل عَنْ جارہ سَبِيْلِكَ مرکب اضافی مجرور، جار مجرور متعلق ہوئے، تینوں مل کر بتاویل مصدر مجرور جار مجرور اٰتَيْتَ کے متعلق ثانی ہوئے، فعل با فاعل و مفعولین و متعلقین جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

خبر بِاِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ ندا کا جواب، ندا با جواب جملہ انشائیہ ہو کر مقولہ، قول با مقولہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوفہ ہوا۔

رَبَّنَا یہ اصل میں یَا رَبَّنَا ہے اور یہ ندا ہے اِنْطِمِسْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل عَلٰی جارہ اَمْوَالِهِمْ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل با فاعل و متعلق جملہ انشائیہ معطوف علیہ ہوا وَاعْطِفْ اُشْدُدْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل عَلٰی حرف جار قُلُوْبِهِمْ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل با فاعل و متعلق جملہ انشائیہ معطوف، معطوف علیہ یا معطوف ندا کا جواب، ندا با جواب جملہ انشائیہ ندائیہ معترضہ ہوا۔ فَاء عاطفہ لَا یُؤْمِنُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل حَتّٰی حرف غایت و جر اور اس کے بعد اَنْ مقدر ہے، یَرَوُا فعل واؤ ضمیر فاعل الْعَذَابَ الْاَلِیْمَ مرکب توصیفی مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ تاویل مصدر مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل با فاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ یُضِلُّوْا پر معطوف ہے (مظہری)

قَالَ قَدْ اُجِيْبَتْ دَّعْوَتُكُمَا فَاسْتَقِيْمَا وَلَا تَتَّبِعٰٓنِّ سَبِيْلَ الَّذِيْنَ لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿۸۹﴾

آیت نمبر ۸۹: قَالَ فعل هُوَ مستتر فاعل، دونوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ قول، قَدْ علامت فعل اُجِيْبَتْ فعل مجہول دَّعْوَتُكُمَا مرکب اضافی نائب فاعل، فعل مجہول با نائب فاعل مقولہ، قول با مقولہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ فَاء فصیحہ اور اس کی شرط محذوف ہے اِذَا كَانَ الْاَمْرُ كَذٰلِكَ اِسْتَقِيْمَا فعل امر الف ضمیر فاعل، دونوں مل کر جملہ انشائیہ معطوف علیہ ہوا وَاعْطِفْ لَا تَتَّبِعٰنِّ فعل نہی الف ضمیر فاعل سَبِيْلَ مضاف اَلَّذِيْنَ اسم موصول لَا یَعْلَمُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر صلہ، موصول با صلہ مضاف الیہ، مضاف با مضاف الیہ مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ انشائیہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف جزاء شرط محذوف با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

وَجٰوَزْنَا بِبَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ الْبَحْرَ فَاَتْبَعَهُمْ فِرْعَوْنُ وَجُنُوْدُهٗ بَغْيًا وَّعَدْوًا ؕ حَتّٰٓى اِذَآ اَدْرَكَهُ الْغَرَقُ ۙ قَالَ اٰمَنْتُ اَنَّهٗ لَآ اِلٰهَ اِلَّا الَّذِيْٓ اٰمَنَتْ بِهٖ بَنُوْٓا اِسْرَآءِيْلَ وَاَنَا مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ ﴿۹۰﴾

آیت نمبر ۹۰: واؤ استینافیہ جَاوَزْنَا فعل نَا ضمیر فاعل با جار بِبَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے اَلْبَحْرَ مفعول بہ، فعل با فاعل و متعلق و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ فَاء عاطفہ اَتْبَعَ فعل هُمْ ضمیر مفعول بہ فِرْعَوْنُ وَجُنُوْدُهٗ معطوف علیہ با معطوف فاعل، بَغْيًا وَّعَدْوًا معطوف علیہ با معطوف مفعول لہ، فعل با فاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ معطوفہ مستانفہ ہوا۔ حَتّٰى حرف غایت اِذَا شرطیہ مفعول فیہ مقدم اَدْرَكَ فعل هُ ضمیر مفعول بہ اَلْغَرَقُ فاعل، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر شرط، قَالَ فعل هُوَ مستتر فاعل سے مل کر قول، اٰمَنْتُ فعل تاء مضمومہ فاعل اَنَّ حرف تحقیق هُ ضمیر اس کا اسم لَا نافی جنس اِلٰهَ مبدل منہ اَلَّذِيْٓ اسم موصول اٰمَنَتْ فعل بِهٖ جار با مجرور متعلق ہوئے بَنُوْٓا اِسْرَآءِيْلَ مرکب اضافی فاعل، فعل با فاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول با صلہ بدل، مبدل منہ با بدل لَا کا اسم اور خبر محذوف ہے مَوْجُوْدٌ لَا اپنے اسم و خبر سے مل کر اَنَّ کی خبر اَنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ منصوب بنزع الخافض ہے یہ اصل میں بِاَنَّهٗ ہے، جار با مجرور اٰمَنْتُ کے متعلق ہوئے، فعل با فاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اَنَا ضمیر مبتدا مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ ظرف مستقر كَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ اٰمَنْتُ پر معطوف ہے

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

(روح المعانی) معطوف علیہ یا معطوف مقولہ، قول یا مقولہ جزاء، شرط یا جزاء جملہ شرطیہ ہوا

آلْـٰٔنَ وَ قَدْ عَصَيْتَ قَبْلُ وَ كُنْتَ مِنَ الْمُفْسِدِيْنَ ۝

آیت نمبر ۹۱: ہمزہ حرف استفہام آلْـٰٔنَ مفعول فیہ ہے فعل محذوف اٰمَنْتَ کا اٰمَنْتَ فعل تاء مفتوحہ ضمیر ذوالحال ہوا وَ حالیہ قَدْ علامت فعل عَصَيْتَ فعل تاء مفتوحہ فاعل قَبْلُ مفعول فیہ، فعل یا فاعل و مفعول فیہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ كُنْتَ فعل ناقص تاء مفتوحہ اس کا اسم مِنَ الْمُفْسِدِيْنَ ظرف مستقر كَائِنًا کے متعلق ہو کر خبر، فعل ناقص یا اسم و خبر معطوف، معطوف علیہ یا معطوف حال، ذوالحال یا حال اٰمَنْتَ کا فاعل، فعل یا فاعل و مفعول فیہ جملہ انشائیہ ہوا۔

فَالْيَوْمَ نُنَجِّيْكَ بِبَدَنِكَ لِتَكُوْنَ لِمَنْ خَلْفَكَ اٰيَةً ؕ وَ اِنَّ كَثِيْرًا مِّنَ النَّاسِ عَنْ اٰيٰتِنَا لَغٰفِلُوْنَ ۝

آیت نمبر ۹۲: فَاء استینافیہ اَلْيَوْمَ مفعول فیہ نُنَجِّيْ فعل نَحْنُ مستتر فاعل کی ضمیر ذوالحال بَاء جارہ بَدَنِكَ مرکب اضافی مجرور، جار یا مجرور ظرف مستقر مُصَاحِبًا کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال یا حال مفعول بہ، لام جارہ تعلیلیہ اور اس کے بعد اَنْ مقدر ہے تَكُوْنَ فعل ناقص اَنْتَ مستتر اسم لام جارہ مَنْ اسم موصول خَلْفَكَ مرکب اضافی فعل محذوف ثَبَتَ کا مفعول فیہ ہو کر صلہ، موصول با صلہ مجرور، جار یا مجرور ظرف مستقر كَائِنَةً کے متعلق ہو کر حال مقدم اٰيَةً ذوالحال مؤخر، ذوالحال یا حال خبر، فعل ناقص یا اسم و خبر جملہ فعلیہ خبریہ بتاویل مصدر مجرور، جار یا مجرور ظرف لغو نُنَجِّيْ کے متعلق ہوئے، فعل یا فاعل و مفعولین و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔ واؤ اعتراضیہ اِنَّ حرف تحقیق كَثِيْرًا موصوف مِنَ النَّاسِ ظرف مستقر كَائِنًا کے متعلق ہو کر صفت، موصوف با صفت اسم عَنْ حرف جار اٰيٰتِنَا مرکب اضافی مجرور، جار یا مجرور متعلق مقدم ہوئے لام مزحلقہ غٰفِلُوْنَ اسم فاعل هُمْ مستتر فاعل سے مل کر خبر اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ معترضہ ہوا۔

﴿ رکوع نمبر ۱۰ ﴾

وَ لَقَدْ بَوَّاْنَا بَنِيْۤ اِسْرَآءِيْلَ مُبَوَّاَ صِدْقٍ وَّ رَزَقْنٰهُمْ مِّنَ الطَّيِّبٰتِ ۚ فَمَا اخْتَلَفُوْا حَتّٰى جَآءَهُمُ الْعِلْمُ ؕ اِنَّ رَبَّكَ يَقْضِيْ بَيْنَهُمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ فِيْمَا كَانُوْا فِيْهِ يَخْتَلِفُوْنَ ۝

آیت نمبر ۹۳: واؤ استینافیہ لام موطئہ للقسم اور قسم محذوف ہے قَدْ علامت فعل بَوَّاْنَا فعل نَا ضمیر فاعل بَنِيْۤ اِسْرَآءِيْلَ مرکب اضافی مفعول بہ، مُبَوَّاَ صِدْقٍ مرکب اضافی مفعول مطلق، چاروں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ رَزَقْنَا فعل نَا ضمیر فاعل هُمْ ضمیر مفعول بہ مِنَ الطَّيِّبٰتِ جار یا مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے، چاروں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف اول، فَاء عاطفہ مَا نافیہ اِخْتَلَفُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل حَتّٰى حرف غایت و جر جَآءَ فعل هُمْ ضمیر مفعول بہ، اَلْعِلْمُ فاعل، تینوں مل کر محلاً مجرور، جار یا مجرور اِخْتَلَفُوْا کے متعلق ہوئے، فعل یا فاعل و متعلق معطوف ثانی، معطوف علیہ با معطوفین جواب قسم، قسم محذوف با جواب جملہ انشائیہ قسمیہ مستانفہ ہوا۔

اِنَّ حرف تحقیق رَبَّكَ مرکب اضافی اس کا اسم يَقْضِيْ فعل هُوَ مستتر فاعل بَيْنَهُمْ مرکب اضافی مفعول فیہ اول يَوْمَ الْقِيٰمَةِ مرکب اضافی مفعول فیہ ثانی، فِيْ حرف جار مَا اسم موصول كَانُوْا فعل ناقص واؤ ضمیر اسم، فِيْهِ يَخْتَلِفُوْنَ کی ترکیب آیت نمبر ۱۹ میں دیکھئے اور یہ

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

خبر ہے، فعل ناقص با اسم و خبر صلہ، موصول با صلہ مجرور، جار با مجرور یَقْضِیْ کے متعلق ہوئے، فعل با فاعل و مفعولین و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ خبر بِاَنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

فَاِنْ كُنْتَ فِيْ شَكٍّ مِّمَّآ اَنْزَلْنَآ اِلَيْكَ فَسْـَٔلِ الَّذِيْنَ يَقْرَءُوْنَ الْكِتٰبَ مِنْ قَبْلِكَ ۚ لَقَدْ جَآءَكَ الْحَقُّ مِنْ رَّبِّكَ فَلَا تَكُوْنَنَّ مِنَ الْمُمْتَرِيْنَ ﴿۹۴﴾

آیت نمبر ۹۴: فَاء استینافیہ اِنْ حرف شرط كُنْتَ فعل ناقص قَاء مفتوحہ اس کا اسم فِيْ حرف جار شَكٍّ موصوف مِنْ حرف جار مَا موصولہ اَنْزَلْنَا فعل نا ضمیر فاعل اِلَيْكَ جار با مجرور متعلق ہوئے، تینوں مل کر صلہ، موصول با صلہ مجرور، جار با مجرور ظرف مستقر كَائِنًا کے متعلق ہو کر شَكٍّ کی صفت، موصوف با صفت مجرور، جار با مجرور ظرف مستقر كَائِنًا کے متعلق ہو کر خبر، فعل ناقص با اسم و خبر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر شرط، فَاء جزائیہ اِسْئَلْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل اَلَّذِيْنَ اسم موصول يَقْرَءُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل الْكِتٰبَ مفعول بہ، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول با صلہ ذوالحال، مِنْ قَبْلِكَ ظرف مستقر كَائِنِيْنَ کے متعلق ہو کر حال ذوالحال با حال اِسْئَلْ کا مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ انشائیہ جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ مستانفہ ہوا۔

لَامٌ موطئہ للقسم اور قسم محذوف ہے قَدْ علامت فعل جَآءَ فعل كَاف ضمیر مفعول بہ الْحَقُّ فاعل مِنْ رَّبِّكَ جار با مجرور متعلق ہوئے، چاروں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ قسم کا جواب، قسم با جواب قسم جملہ انشائیہ قسمیہ ہوا۔ فَاء فصیحہ اور اس کی شرط محذوف ہے اِذَا كَانَ الْاَمْرُ كَذٰلِكَ، لَا تَكُوْنَنَّ فعل نہی اَنْتَ مستتر اس کا اسم مِنَ الْمُمْتَرِيْنَ ظرف مستقر كَائِنًا کے متعلق ہو کر خبر، فعل ناقص با اسم و خبر جملہ انشائیہ جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

وَلَا تَكُوْنَنَّ مِنَ الَّذِيْنَ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِ اللّٰهِ فَتَكُوْنَ مِنَ الْخٰسِرِيْنَ ﴿۹۵﴾

آیت نمبر ۹۵: واؤ عاطفہ لَا تَكُوْنَنَّ فعل نہی ناقص اَنْتَ مستتر اس کا اسم مِنَ جارہ اَلَّذِيْنَ اسم موصول كَذَّبُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل بَاء جارہ اٰيٰتِ اللّٰهِ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے، تینوں مل کر صلہ، موصول با صلہ مجرور، جار با مجرور ظرف مستقر كَائِنًا کے متعلق ہو کر خبر، فعل ناقص با اسم و خبر جملہ انشائیہ معطوفہ ہوا۔ فَاء سببیہ عاطفہ اور اس کے بعد اَنْ مقدر ہے تَكُوْنَ فعل ناقص اَنْتَ مستتر اس کا اسم مِنَ الْخٰسِرِيْنَ ظرف مستقر كَائِنًا کے متعلق ہو کر خبر، فعل ناقص با اسم و خبر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر تَكُوْنَكَ مِنَ الْخٰسِرِيْنَ کی تاویل میں ہو کر معطوف ہے اور معطوف علیہ جملہ سابقہ تَكُوْنَكَ مِنَ الَّذِيْنَ كَذَّبُوْا ہے۔

اِنَّ الَّذِيْنَ حَقَّتْ عَلَيْهِمْ كَلِمَتُ رَبِّكَ لَا يُؤْمِنُوْنَ ﴿۹۶﴾ وَلَوْ جَآءَتْهُمْ كُلُّ اٰيَةٍ حَتّٰى يَرَوُا الْعَذَابَ الْاَلِيْمَ ﴿۹۷﴾

آیت نمبر ۹۶، ۹۷: اِنَّ حرف تحقیق اَلَّذِيْنَ اسم موصول حَقَّتْ فعل عَلَيْهِمْ ظرف لغو متعلق ہوئے كَلِمَتُ رَبِّكَ مرکب اضافی فاعل، فعل با فاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول با صلہ اِنَّ کا اسم لَا يُؤْمِنُوْنَ فعل واؤ ضمیر ذوالحال واؤ حالیہ لَوْ شرطیہ جَآءَتْ فعل هُمْ ضمیر مفعول بہ كُلُّ اٰيَةٍ مرکب اضافی فاعل، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر شرط، جزاء محذوف ہے فَلَا يَنْفَعُهُمْ اِيْمَانُهُمْ، شرط با جزاء

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

13

حال، ذوالحال باحال لَا یُؤْمِنُوْنَ کا فاعل، حَتّٰی حرف غایت و جر اور اس کے بعد اَنْ مقدر ہے یَرَوُا فعل واؤ ضمیر فاعل الْعَذَابَ الْاَلِیْمَ مرکب توصیفی مفعول بہ، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ بتاویل مصدر مجرور، جار با مجرور لَا یُؤْمِنُوْنَ کے متعلق ہونے، فعل با فاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ اِنَّ کی خبر، اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

فَلَوْ لَا كَانَتْ قَرْيَةٌ اٰمَنَتْ فَنَفَعَهَآ اِيْمَانُهَآ اِلَّا قَوْمَ يُوْنُسَ ؕ لَمَّآ اٰمَنُوْا كَشَفْنَا عَنْهُمْ عَذَابَ الْخِزْيِ فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا وَمَتَّعْنٰهُمْ اِلٰى حِيْنٍ ۝

آیت نمبر ۹۸ : فَاء استینا فیہ لَوْلَا تحضیضیہ کَانَتْ فعل تام قَرْیَۃٌ موصوف اٰمَنَتْ فعل ھِیَ مستتر فاعل، دونوں مل کر معطوف علیہ، فَاء عاطفہ نَفَعَ فعل ھَا ضمیر منصوب مفعول بہ اِیْمَانُھَا مرکب اضافی فاعل، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ یا معطوف قَرْیَۃٌ کی صفت، موصوف با صفت فاعل، فعل با فاعل جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

اِلَّا حرف استثناء قَوْمَ یُوْنُسَ مرکب اضافی باعتبار معنی کے مستثنیٰ متصل ہے، تقدیر عبارت اس طرح ہوگی ھَلَّا اٰمَنَ اَھْلُ قَرْیَۃٍ وَالْجَمِیْعُ مُشْتَرِکُوْنَ فِی الْعِقَابِ، تو "قَوْمَ یُوْنُسَ" اَلْجَمِیْعُ سے مستثنیٰ ہے، لَمَّا شرطیہ اٰمَنُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ شرط، کَشَفْنَا فعل نَا ضمیر فاعل عَنْھُمْ جار با مجرور متعلق ہوئے عَذَابَ الْخِزْیِ مرکب اضافی ذوالحال فِی جار، اَلْحَیٰوۃِ الدُّنْیَا مرکب توصیفی مجرور، جار با مجرور ظرف مستقر کَائِنًا کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال باحال مفعول بہ، فعل با فاعل و متعلق و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ مَتَّعْنَا فعل نَا ضمیر فاعل ھُمْ ضمیر مفعول بہ اِلٰی حِیْنٍ جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل با فاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

وَلَوْ شَآءَ رَبُّكَ لَاٰمَنَ مَنْ فِي الْاَرْضِ كُلُّهُمْ جَمِيْعًا ؕ اَفَاَنْتَ تُكْرِهُ النَّاسَ حَتّٰى يَكُوْنُوْا مُؤْمِنِيْنَ ۝

آیت نمبر ۹۹ : واؤ استینا فیہ لَوْ شرطیہ شَآءَ فعل رَبُّکَ مرکب اضافی فاعل، فعل با فاعل شرط لَاٰمَنَ جوابیہ اٰمَنَ فعل مَنْ اسم موصول فِی الْاَرْضِ جار با مجرور فعل محذوف یَسْتَقِرُّ کے متعلق ہو کر صلہ موصول با صلہ مؤکد کُلُّھُمْ مرکب اضافی تاکید، مؤکد با تاکید ذوالحال جَمِیْعًا حال، ذوالحال باحال اٰمَنَ کا فاعل، فعل با فاعل جملہ فعلیہ خبریہ جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔ ھمزہ حرف استفہام فَاء عاطفہ اور معطوف علیہ محذوف ہے رَبُّکَ لَا یَشَآءُ فَذٰلِکَ (روح المعانی) اَنْتَ ضمیر مبتدا، تُکْرِہُ فعل اَنْتَ مستتر فاعل اَلنَّاسَ مفعول بہ حَتّٰی حرف غایت و جر اور اس کے بعد اَنْ مقدر ہے یَکُوْنُوْا فعل ناقص واؤ ضمیر اسم مُؤْمِنِیْنَ اسم فاعل ھُمْ مستتر فاعل سے مل کر خبر، فعل ناقص با اسم و خبر جملہ فعلیہ خبریہ بتاویل مصدر مجرور، جار با مجرور تُکْرِہُ کے متعلق ہونے، فعل با فاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ انشائیہ معطوف، معطوف علیہ محذوف با معطوف جملہ معطوفہ ہوا۔

وَمَا كَانَ لِنَفْسٍ اَنْ تُؤْمِنَ اِلَّا بِاِذْنِ اللّٰهِ ؕ وَيَجْعَلُ الرِّجْسَ عَلَى الَّذِيْنَ لَا يَعْقِلُوْنَ ۝

آیت نمبر ۱۰۰ : واؤ عاطفہ مَا نافیہ کَانَ فعل ناقص لِنَفْسٍ جار با مجرور ظرف مستقر کَائِنًا کے متعلق ہو کر خبر مقدم اَنْ حرف مصدری

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

ونصب يُؤْمِنَ فعل هِيَ مستتر فاعل إِلَّا حرف استثناء جارہ إِذْنِ اللّٰهِ مرکب اضافی مجرور، جار یا مجرور مستثنیٰ مفرغ متعلق ہوئے، فعل بافاعل ومتعلق جملہ فعلیہ خبریہ بتاویل مصدر اسم مؤخر، فعل ناقص باسم وخبر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ فَاء عاطفہ اور معطوف علیہ محذوف ہے يَأْذَنِ اللّٰهُ لِبَعْضِهِمْ فِي الْإِيْمَانِ يَجْعَلُ فعل هُوَ مستتر فاعل الرِّجْسَ مفعول بہ عَلَى جارہ الَّذِيْنَ اسم موصول لَا يَعْقِلُوْنَ فعل باواؤ ضمیر فاعل صلہ، موصول باصلہ مجرور، جار یا مجرور يَجْعَلُ کے متعلق ہوئے، فعل بافاعل ومفعول بہ ومتعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ یا معطوف جملہ معطوفہ ہوا۔

قُلِ انْظُرُوْا مَا ذَا فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ وَمَا تُغْنِي الْاٰيٰتُ وَالنُّذُرُ عَنْ قَوْمٍ لَّا يُؤْمِنُوْنَ ۝۱۰۱

آیت نمبر ۱۰۱: قُلْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل سے مل کر قول انْظُرُوْا فعل امر واؤ ضمیر فاعل مَاذَا استفہامیہ محلاً مرفوع مبتدا فِي جارہ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ معطوف علیہ یا معطوف مجرور، جار یا مجرور ظرف مستقر كَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر، مبتدا یا خبر جملہ اسمیہ انشائیہ محلاً منصوب انْظُرُوْا کا مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ جملہ انشائیہ مقولہ، قول یا مقولہ جملہ انشائیہ امریہ ہوا۔ واؤ حالیہ یا اعتراضیہ مَا نافیہ تُغْنِي فعل الْاٰيٰتُ وَالنُّذُرُ معطوف علیہ یا معطوف فاعل عَنْ حرف جار قَوْمٍ موصوف لَا يُؤْمِنُوْنَ فعل باواؤ ضمیر فاعل جملہ فعلیہ خبریہ صفت، موصوف باصفت مجرور، جار یا مجرور ظرف لغو تُغْنِي کے متعلق ہوئے، فعل بافاعل ومتعلق جملہ فعلیہ خبریہ انْظُرُوْا کی ضمیر فاعل سے حال ہے یا جملہ معترضہ ہے۔

فَهَلْ يَنْتَظِرُوْنَ اِلَّا مِثْلَ اَيَّامِ الَّذِيْنَ خَلَوْا مِنْ قَبْلِهِمْ ؕ قُلْ فَانْتَظِرُوْا اِنِّيْ مَعَكُمْ مِّنَ الْمُنْتَظِرِيْنَ ۝۱۰۲

آیت نمبر ۱۰۲: فَاء استینافیہ هَلْ حرف استفہام يَنْتَظِرُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل اِلَّا حرف استثناء مِثْلَ مضاف اَيَّامِ مضاف الیہ مضاف الَّذِيْنَ اسم موصول خَلَوْا فعل واؤ ضمیر فاعل مِنْ قَبْلِهِمْ جار یا مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے، فعل بافاعل ومتعلق صلہ، موصول باصلہ اَيَّامِ کا مضاف الیہ، مضاف یا مضاف الیہ مِثْلَ کا مضاف الیہ، مضاف یا مضاف الیہ مستثنیٰ مفرغ مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ جملہ انشائیہ استفہامیہ ہوا۔ قُلْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل سے مل کر قول فَاء فصیحہ اور اس کی شرط محذوف ہے اِذَا كَانَ الْاَمْرُ كَذٰلِكَ اِنْتَظِرُوْا فعل امر واؤ ضمیر فاعل سے مل کر جملہ انشائیہ جزاء، شرط یا جزاء جملہ شرطیہ مقولہ، قول یا مقولہ جملہ انشائیہ امریہ ہوا۔ اِنِّيْ حرف تحقیق یاء ضمیر ذوالحال مَعَكُمْ مرکب اضافی كَائِنًا کا مفعول فیہ ہو کر اِنَّ کا اسم مِنَ الْمُنْتَظِرِيْنَ جار یا مجرور ظرف مستقر كَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر اِنَّ یا اسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ معللہ ہوا۔

ثُمَّ نُنَجِّيْ رُسُلَنَا وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا كَذٰلِكَ ۚ حَقًّا عَلَيْنَا نُنْجِ الْمُؤْمِنِيْنَ ۝۱۰۳

آیت نمبر ۱۰۳: ثُمَّ عاطفہ اور معطوف علیہ محذوف ہے نُهْلِكُ الْاُمَمَ (مظہری) نُنَجِّيْ فعل نَحْنُ مستتر فاعل رُسُلَنَا مرکب اضافی معطوف علیہ، واؤ عاطفہ الَّذِيْنَ اسم موصول اٰمَنُوْا فعل باواؤ ضمیر فاعل جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول باصلہ معطوف، معطوف علیہ با

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

معطوف مفعول بہ، نُنَجِّیْ فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ محذوف با معطوف جملہ معطوفہ ہوا۔ کَذٰلِکَ ظرف مستقر کَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر، مبتدا محذوف اَلْاَمْرُ کی، مبتدا یا خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ حَقًّا مفعول مطلق ہے فعل محذوف یَحِقُّ کا عَلَیْنَا حَقًّا کے متعلق ہے یَحِقُّ فعل ھُوَ ضمیر فاعل اور مفعول مطلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معترضہ ہوا۔ نُنَجِّ فعل نَحْنُ مستتر فاعل اَلْمُؤْمِنِیْنَ مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ اور یہ بھی احتمال ہے کہ کَذٰلِکَ ظرف مستقر کَائِنًا کے متعلق ہو کر بواسطہ موصوف محذوف اِنْجَاءً کے نُنَجِّ کا مفعول مطلق ہو۔

❁ رکوع نمبر ۱۱ ❁

قُلْ یٰٓاَیُّهَا النَّاسُ اِنْ كُنْتُمْ فِیْ شَكٍّ مِّنْ دِیْنِیْ فَلَاۤ اَعْبُدُ الَّذِیْنَ تَعْبُدُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ وَ لٰكِنْ اَعْبُدُ اللّٰهَ الَّذِیْ یَتَوَفّٰىكُمْ ۖ وَ اُمِرْتُ اَنْ اَكُوْنَ مِنَ الْمُؤْمِنِیْنَ ۙ﴿۱۰۴﴾ وَ اَنْ اَقِمْ وَجْهَكَ لِلدِّیْنِ حَنِیْفًا ۚ وَ لَا تَكُوْنَنَّ مِنَ الْمُشْرِكِیْنَ ۚ﴿۱۰۵﴾

آیت نمبر ۱۰۴، ۱۰۵ : قُلْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل سے مل کر قول، یَا حرف نداء اَدْعُوْا کے قائم مقام، اَدْعُوْا فعل اَنَا مستتر فاعل اَیُّ موصوف هَا برائے تنبیہ اَلنَّاسُ صفت، موصوف باصفت مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ انشائیہ نداء، اِنْ حرف شرط كُنْتُمْ فعل ناقص تُمْ ضمیر اس کا اسم فِیْ جارہ شَكٍّ موصوف مِنْ جارہ دِیْنِیْ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور ظرف مستقر کَائِنِیْنَ کے متعلق ہو کر صفت، موصوف باصفت مجرور، جار با مجرور ظرف مستقر کَائِنِیْنَ کے متعلق ہو کر خبر، فعل ناقص با اسم و خبر جملہ فعلیہ خبریہ شرط، فَلَا جزائیہ لَا اَعْبُدُ فعل اَنَا مستتر فاعل اَلَّذِیْنَ اسم موصول تَعْبُدُوْنَ فعل با واؤ ضمیر فاعل صلہ، موصول با صلہ ذوالحال، مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ کَائِنِیْنَ کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال با حال مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لٰكِنْ حرف استدراک مہمل اَعْبُدُ فعل اَنَا مستتر فاعل اَللّٰهَ موصوف اَلَّذِیْ اسم موصول یَتَوَفّٰى فعل ھُوَ مستتر فاعل كُمْ ضمیر منصوب مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ صلہ، موصول با صلہ اَللّٰهَ کی صفت، موصوف باصفت اَعْبُدُ کا مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف نداء کا جواب، نداء با جواب نداء مقولہ، قول با مقولہ جملہ انشائیہ امریہ ہوا۔ واؤ عاطفہ اُمِرْتُ فعل مجہول تاء مضمومہ اس کا نائب فاعل اَنْ مصدریہ اَكُوْنَ فعل ناقص اَنَا مستتر اس کا اسم مِنَ الْمُؤْمِنِیْنَ ظرف مستقر کَائِنًا کے متعلق ہو کر خبر، فعل ناقص با اسم و خبر جملہ فعلیہ خبریہ بتاویل مصدر معطوف علیہ (مظہری) واؤ عاطفہ اَنْ مصدریہ ناصبہ اَقِمْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل وَجْهَكَ مرکب اضافی ذوالحال حَنِیْفًا حال، ذوالحال با حال مفعول بہ لِلدِّیْنِ جار با مجرور متعلق ہونے، فعل امر با فاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ انشائیہ معطوف، واؤ عاطفہ لَا تَكُوْنَنَّ فعل نہی ناقص اَنْتَ مستتر اسم مِنَ الْمُشْرِكِیْنَ جار با مجرور کَائِنًا کے متعلق ہو کر خبر، فعل ناقص با اسم و خبر جملہ انشائیہ معطوف ثانی، معطوف علیہ با معطوفین بتاویل مصدر اَنْ اَكُوْنَ پر معطوف، معطوف علیہ با معطوف منصوب بنزع الخافض اُمِرْتُ کے متعلق ہوئے، فعل مجہول با نائب فاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ اَعْبُدُ پر معطوف ہے

(فائدہ) وَاَنْ اَقِمْ ـــــ الخ کی ترکیب میں دوسرے احتمال بھی ہیں جن کو اعراب القرآن للدرویش میں دیکھئے

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

وَلَا تَدْعُ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ مَا لَا يَنْفَعُكَ وَلَا يَضُرُّكَ ۚ فَاِنْ فَعَلْتَ فَاِنَّكَ اِذًا مِّنَ الظّٰلِمِيْنَ ۝

آیت نمبر ۱۰۶: واؤ عاطفہ لَا نافیہ تَدْعُ فعل نہی اَنْتَ مستتر فاعل مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ ظرف مستقر کَائِنًا کے متعلق ہو کر حال مقدم مَا اسم موصول لَا يَنْفَعُ فعل هُوَ مستتر فاعل کاف ضمیر مفعول بہ، تینوں مل کر معطوف علیہ، معطوف علیہ با معطوف صلہ، موصول با صلہ ذوالحال مؤخر، ذوالحال با حال مفعول بہ، فعل نہی با فاعل و مفعول بہ جملہ انشائیہ معطوفہ ہوا یا مستانفہ ہوا۔ فَاِنْ تفصیلیہ (فقیر) اِنْ حرف شرط فَعَلْتَ فعل تاء ملفوظہ فاعل، فعل با فاعل جملہ فعلیہ خبریہ شرط، فَاِنَّكَ اِنَّ حرف تحقیق کاف ضمیر اس کا اسم اِذًا حرف جواب و جزاء مُهمل، مِنَ الظّٰلِمِيْنَ ظرف مستقر کَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

وَاِنْ يَّمْسَسْكَ اللّٰهُ بِضُرٍّ فَلَا كَاشِفَ لَهٗۤ اِلَّا هُوَ ۚ وَاِنْ يُّرِدْكَ بِخَيْرٍ فَلَا رَآدَّ لِفَضْلِهٖ ؕ يُصِيْبُ بِهٖ مَنْ يَّشَآءُ مِنْ عِبَادِهٖ ؕ وَهُوَ الْغَفُوْرُ الرَّحِيْمُ ۝

آیت نمبر ۱۰۷: واؤ عاطفہ اِنْ شرطیہ يَمْسَسْ فعل کاف ضمیر مفعول بہ لفظ اَللّٰهُ فاعل بِضُرٍّ جار با مجرور متعلق ہوئے چاروں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ شرط، فَاء جزائیہ لَا نافی جنس كَاشِفَ اسم لَهٗ ظرف مستقر کَائِنٌ کے متعلق ہوئے کَائِنٌ اسم فاعل هُوَ مستتر مبدل منہ اِلَّا حرف استثناء هُوَ ضمیر بدل، مبدل منہ با بدل فاعل، اسم فاعل با فاعل و متعلق خبر لَا نافی جنس با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہو کر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اِنْ حرف شرط يُرِدْ فعل هُوَ مستتر فاعل کاف ضمیر مفعول بہ بِخَيْرٍ جار با مجرور متعلق ہوئے، چاروں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ شرط، فَاء جزائیہ لَا نافی جنس رَآدَّ اس کا اسم لِفَضْلِهٖ جار با مجرور ظرف مستقر کَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر لَا نافی جنس با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ جزاء شرط با جزاء، جملہ شرطیہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ معطوفہ ہوا۔ يُصِيْبُ فعل هُوَ مستتر فاعل بِهٖ جار با مجرور متعلق ہوئے مَنْ اسم موصول يَّشَآءُ فعل هُوَ مستتر فاعل سے مل کر صلہ، موصول با صلہ ذوالحال، مِنْ عِبَادِهٖ ظرف مستقر کَائِنًا کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال با حال مفعول بہ، فعل با فاعل و متعلق و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔ واؤ استینافیہ یا عاطفہ هُوَ ضمیر مبتدا اَلْغَفُوْرُ الرَّحِيْمُ دو خبر، مبتدا با خبرین جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ یا يُصِيْبُ پر معطوف ہے۔

قُلْ يٰۤاَيُّهَا النَّاسُ قَدْ جَآءَكُمُ الْحَقُّ مِنْ رَّبِّكُمْ ۚ فَمَنِ اهْتَدٰى فَاِنَّمَا يَهْتَدِيْ لِنَفْسِهٖ ۚ وَمَنْ ضَلَّ فَاِنَّمَا يَضِلُّ عَلَيْهَا ۚ وَمَاۤ اَنَا عَلَيْكُمْ بِوَكِيْلٍ ۝

آیت نمبر ۱۰۸: قُلْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل سے مل کر قول يٰۤاَيُّهَا النَّاسُ اس کی ترکیب اسی رکوع کے شروع میں گزری ہے اور یہ ندا ہے قَدْ علامت تحقیق جَآءَ فعل كُمُ ضمیر مفعول بہ اَلْحَقُّ فاعل مِنْ رَّبِّكُمْ جار با مجرور متعلق ہوئے، چاروں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ندا کا جواب، ندا با جواب جملہ انشائیہ مقولہ، قول با مقولہ جملہ انشائیہ امریہ ہوا۔ فَاء فصیحہ اور اس کی شرط محذوف ہے اِذَا كَانَ الْاَمْرُ كَذٰلِكَ، مَنْ اسم شرط مبتدا اِهْتَدٰى فعل هُوَ مستتر فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ شرط، فَاء جزائیہ اِنَّ کلمہ، مَا کافہ يَهْتَدِيْ فعل هُوَ مستتر فاعل لِنَفْسِهٖ جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل با فاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہو کر مَنْ کی خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ شرط محذوف کی جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

واؤ عاطفہ مَنْ ضَلَّ فَاِنَّمَا یَضِلُّ عَلَیْهَا کا عطف مَنِ اهْتَدٰی پر ہے اور اس کی ترکیب بھی اسی کی ترکیب سے واضح ہے۔ واؤ عاطفہ مَا مشابہ بہ لَیْسَ اَنَا ضمیر اس کا اسم عَلَیْکُمْ جار باالمجرور وَکِیْلٍ کے متعلق مقدم ہوئے، بِاَ حرف جارہ زائدہ وَکِیْلٍ صیغہ صفت اَنَا مستتر فاعل، صیغہ صفت بافاعل و متعلق لفظاً مجرور محلاً مرفوع خبر، مَا قائمہ یہ با اسم ہو خبر جملہ اسمیہ خبریہ جواب ندا پر معطوف ہے۔

وَاتَّبِعْ مَا یُوْحٰۤی اِلَیْكَ وَاصْبِرْ حَتّٰی یَحْكُمَ اللّٰهُ ۚ وَهُوَ خَیْرُ الْحٰكِمِیْنَ ۝

آیت نمبر ۱۰۹ واؤ استینافیہ اِتَّبِعْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل مَا اسم موصول یُوْحٰی فعل مجہول هُوَ مستتر نائب فاعل اِلَیْكَ جار باالمجرور متعلق ہوئے، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول باصلہ مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ انشائیہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اِصْبِرْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل حَتّٰی حرف غایت و جر اور اس کے بعد اَنْ مقدر ہے یَحْكُمَ فعل اَللّٰهُ اسم الجلالہ فاعل، دونوں مل کر بتاویل مصدر مجرور، جار باالمجرور متعلق ہوئے، فعل بافاعل متعلق جملہ انشائیہ معطوف، معطوف علیہ یا معطوف جملہ معطوفہ مستانفہ ہوا اور یہ بھی احتمال ہے کہ واؤ عاطفہ ہو اور اِتَّبِعْ کا قُلْ پر عطف ہو۔ واؤ استینافیہ هُوَ ضمیر مبتدا خَیْرُ الْحٰكِمِیْنَ مرکب اضافی خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ (سورۂ یونس کی ترکیب بروز جمعہ بوقت صبح ۷:۳۰ پر ختم ہوئی ۱۱/۱۱/۲۰۱۶)

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

ترکیب سُوْرَةُ هُوْد

رکوع نمبر ۱

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ الٓرٰ ۚ كِتٰبٌ اُحْكِمَتْ اٰيٰتُهٗ ثُمَّ فُصِّلَتْ مِنْ لَّدُنْ حَكِيْمٍ خَبِيْرٍ ۙ﴿۱﴾

آیت نمبر ۱: اَلٓرٰ اس کی ترکیب سورۃ البقرۃ کے شروع میں دیکھئے۔ کِتٰبٌ موصوف اُحْكِمَتْ فعل مجہول اٰيٰتُهٗ مرکب اضافی نائب فاعل، فعل مجہول بانائب فاعل معطوف علیہ، ثُمَّ عاطفہ فُصِّلَتْ فعل مجہول ہی ضمیر نائب فاعل، مِنْ جارہ لَّدُنْ مضاف حَكِيْمٍ خَبِيْرٍ مرکب توصیفی مضاف الیہ، مضاف با مضاف الیہ مجرور، جار با مجرور متعلق ہونے، فعل مجہول بانائب فاعل، متعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف کِتٰبٌ کی صفت، موصوف باصفت خبر مبتدا محذوف هٰذَا کی، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

اَلَّا تَعْبُدُوْٓا اِلَّا اللّٰهَ ۭ اِنَّنِيْ لَكُمْ مِّنْهُ نَذِيْرٌ وَّبَشِيْرٌ ۙ﴿۲﴾

آیت نمبر ۲: اَنْ حرف مصدری و نصب لَا تَعْبُدُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل اِلَّا حرف استثناء لفظ اللّٰهَ مستثنیٰ مفرغ مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ انشائیہ بتاویل مصدر فُصِّلَتْ کا مفعول لہ ہے اِنَّ حرف تحقیق یَاء ضمیر اس کا اسم لَكُمْ ظرف لغو نَذِيْرٌ وَّبَشِيْرٌ کا متعلق مقدم ہے، مِنْهُ ظرف مستقر كَائِنًا کے متعلق ہو کر حال مقدم نَذِيْرٌ وَّبَشِيْرٌ معطوف علیہ با معطوف ذوالحال مؤخر، ذوالحال با حال اِنَّ کی خبر، اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ معللہ ہوا۔

وَّاَنِ اسْتَغْفِرُوْا رَبَّكُمْ ثُمَّ تُوْبُوْٓا اِلَيْهِ يُمَتِّعْكُمْ مَّتَاعًا حَسَنًا اِلٰٓى اَجَلٍ مُّسَمًّى وَّيُؤْتِ كُلَّ ذِيْ فَضْلٍ فَضْلَهٗ ۭ وَاِنْ تَوَلَّوْا فَاِنِّيْٓ اَخَافُ عَلَيْكُمْ عَذَابَ يَوْمٍ كَبِيْرٍ ۝﴿۳﴾

آیت نمبر ۳: واؤ عاطفہ اَنْ مصدریہ اِسْتَغْفِرُوْا فعل امر واؤ ضمیر فاعل رَبَّكُمْ مرکب اضافی مفعول بہ، تینوں مل کر جملہ انشائیہ معطوف ہوا۔ ثُمَّ عاطفہ تُوْبُوْا فعل امر واؤ ضمیر فاعل اِلَيْهِ جار با مجرور متعلق ہونے، تینوں مل کر جملہ انشائیہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف بتاویل مصدر اَلَّا تَعْبُدُوْا پر معطوف ہے

(**فائدہ**) یہ بھی جائز ہے کہ اَلَّا تَعْبُدُوْا منصوب علی الاغراء ہو اور فعل محذوف اِلْزَمُوْا کا مفعول بہ ہو۔

يُمَتِّعْكُمْ فعل هُوَ مستتر فاعل كُمْ ضمیر مفعول بہ مَّتَاعًا حَسَنًا مرکب توصیفی مفعول مطلق اِلٰى جارہ اَجَلٍ مُّسَمًّى مرکب توصیفی مجرور، جار با مجرور يُمَتِّعْكُمْ کے متعلق ہونے، فعل با فاعل و مفعولین و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ يُؤْتِ فعل هُوَ مستتر فاعل كُلَّ مضاف ذِيْ فَضْلٍ مرکب اضافی مضاف الیہ، مضاف با مضاف الیہ مفعول بہ اوّل فَضْلَهٗ مرکب اضافی مفعول بہ ثانی، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف جزاء ہے شرط محذوف وَاِنْ اسْتَغْفِرُوْا رَبَّكُمْ کی جس پر اِسْتَغْفِرُوْا رَبَّكُمْ دال ہے، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

واؤ استینا نیہ اِنْ حرف شرط تَوَلَّوْا فعل مضارع واؤ ضمیر فاعل دونوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر شرط، فَقَدْ جزائیہ اِنِّیْ حرف تحقیق یاء ضمیر اس کا اسم اَخَافُ فعل اَنَا مستتر فاعل عَلَیْکُمْ جار بامجرور متعلق ہوئے عَذَابَ مضاف یَوْمٍ کَبِیْرٍ مرکب توصیفی مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ مفعول بہ، فعل بافاعل و متعلق و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ خبر اِنَّ بااسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ مستانفہ ہوا۔

اِلَی اللّٰهِ مَرْجِعُكُمْ ۚ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ ۝

آیت نمبر۴: اِلَی اللّٰهِ ظرف مستقر کَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم مَرْجِعُکُمْ مرکب اضافی مبتدا موخر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔ واؤ عاطفہ هُوَ ضمیر مبتدا عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ ظرف لغو متعلق مقدم ہوئے قَدِیْرٌ کے، قَدِیْرٌ صیغہ صفت هُوَ مستتر فاعل، صیغہ صفت بافاعل و متعلق مقدم شبہ جملہ ہو کر خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

اَلَاۤ اِنَّهُمْ یَثْنُوْنَ صُدُوْرَهُمْ لِیَسْتَخْفُوْا مِنْهُ ؕ اَلَا حِیْنَ یَسْتَغْشُوْنَ ثِیَابَهُمْ ۙ یَعْلَمُ مَا یُسِرُّوْنَ وَمَا یُعْلِنُوْنَ ۚ اِنَّهٗ عَلِیْمٌۢ بِذَاتِ الصُّدُوْرِ ۝

آیت نمبر۵: اَلَا حرف تنبیہ اِنَّ حرف تحقیق هُمْ ضمیر اسم یَثْنُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل صُدُوْرَهُمْ مرکب اضافی مفعول بہ، لام جارہ تعلیلیہ اور اس کے بعد اَنْ مقدر ہے، یَسْتَخْفُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل مِنْهُ ظرف لغو متعلق ہوئے، تینوں مل کر بتاویل مصدر مجرور، جار بامجرور یَثْنُوْنَ کے متعلق ہوئے، فعل بافاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ خبر اِنَّ بااسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔ اَلَا حرف تنبیہ حِیْنَ مضاف یَسْتَغْشُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل ثِیَابَهُمْ مرکب اضافی مفعول بہ، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ مفعول فیہ مقدم ہوا یَعْلَمُ کا یَعْلَمُ فعل هُوَ مستتر فاعل مَا اسم موصول یُسِرُّوْنَ فعل بافاعل ضمیر فاعل صلہ، موصول باصلہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ مَا موصولہ یُعْلِنُوْنَ فعل بافاعل ضمیر فاعل جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول باصلہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف یَعْلَمُ کا مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ و مفعول فیہ مقدم جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔ اِنَّ حرف تحقیق هٗ ضمیر اس کا اسم عَلِیْمٌ صیغہ صفت هُوَ ضمیر اس کا فاعل بکم جار بذَاتِ الصُّدُوْرِ مرکب اضافی مجرور، جار بامجرور متعلق ہوئے، صیغہ صفت بافاعل و متعلق شبہ جملہ ہو کر خبر اِنَّ بااسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ معللہ ہوا۔

وَمَا مِنْ دَآبَّةٍ فِی الْاَرْضِ اِلَّا عَلَی اللّٰهِ رِزْقُهَا وَیَعْلَمُ مُسْتَقَرَّهَا وَمُسْتَوْدَعَهَا ؕ كُلٌّ فِیْ كِتٰبٍ مُّبِیْنٍ ۝

آیت نمبر۶: واؤ استینا نیہ مَا نافیہ مِنْ جارہ نائدہ دَآبَّةٍ موصوف فِی الْاَرْضِ ظرف مستقر کَائِنَةٌ کے متعلق ہو کر صفت، موصوف باصفت لفظاً مجرور محلاً مرفوع مبتدا، اِلَّا حرف استثناء عَلَی اللّٰهِ ظرف مستقر کَائِنٌ کے متعلق ہو کر مبتدا، رِزْقُهَا مرکب اضافی مبتدا موخر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ یَعْلَمُ فعل هُوَ مستتر فاعل مُسْتَقَرَّهَا مرکب اضافی معطوف علیہ، واؤ عاطفہ مُسْتَوْدَعَهَا مرکب اضافی معطوف، معطوف علیہ بامعطوف مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف (روح المعانی) معطوف علیہ بامعطوف دَآبَّةٍ کی خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔ كُلٌّ مبتدا اور اس کا مبتدا ہونا اس لئے صحیح ہے کہ اس میں عموم کا معنی ہے، فِیْ جارہ كِتٰبٍ

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

مُّبِیْنٌ مرکب توصیفی مجرور، جار یا مجرور ظرف مستقر کَانَ کے متعلق ہو کر خبر، مبتدا یا خبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ معللہ ہوا۔

وَهُوَ الَّذِیْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ فِیْ سِتَّةِ اَیَّامٍ وَّكَانَ عَرْشُهٗ عَلَى الْمَآءِ لِیَبْلُوَكُمْ اَیُّكُمْ اَحْسَنُ عَمَلًا ؕ وَلَىِٕنْ قُلْتَ اِنَّكُمْ مَّبْعُوْثُوْنَ مِنْۢ بَعْدِ الْمَوْتِ لَیَقُوْلَنَّ الَّذِیْنَ كَفَرُوْۤا اِنْ هٰذَاۤ اِلَّا سِحْرٌ مُّبِیْنٌ ۝

آیت نمبر ۷: واؤ عاطفہ هُوَ ضمیر مبتدا، اَلَّذِیْ اسم موصول خَلَقَ فعل هُوَ مستتر فاعل السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ معطوف علیہ با معطوف مفعول بہ، فِیْ جارہ سِتَّةِ اَیَّامٍ مرکب اضافی مجرور، جار یا مجرور متعلق ہوئے، فعل با فاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ واؤ عاطفہ (روح المعانی) كَانَ فعل ناقص عَرْشُهٗ مرکب اضافی اسم عَلَى الْمَآءِ ظرف مستقر كَانَ کے متعلق ہو کر خبر، فعل ناقص با اسم و خبر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ یا معطوف اَلَّذِیْ کا صلہ، موصول با صلہ هُوَ کی خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوفہ ہوا۔

لَامِ جار تعلیلیہ اور اس کے بعد اَنْ مقدر ہے یَبْلُوَ فعل هُوَ مستتر فاعل كُمْ ضمیر مفعول بہ اول اَیُّكُمْ مرکب اضافی مبتدا اَحْسَنُ اسم تفضیل هُوَ ضمیر اس کا فاعل عَمَلًا تمیز، اسم تفضیل با فاعل و تمیز خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ انشائیہ فَا منصوب مفعول بہ ثانی، فعل با فاعل و مفعولین جملہ انشائیہ بتاویل مصدر مجرور، جار یا مجرور ظرف لغو خَلَقَ کے متعلق ہوئے واؤ استینافیہ لَامِ موطئہ للقسم اور قسم محذوف ہے اِنْ شرطیہ قُلْتَ فعل تاء مفتوحہ فاعل، فعل با فاعل قول، اِنَّ حرف تحقیق كُمْ ضمیر اس کا اسم مَبْعُوْثُوْنَ اسم مفعول اَنْتُمْ ضمیر نائب فاعل، مِنْ حرف جر بَعْدِ الْمَوْتِ مرکب اضافی مجرور، جار یا مجرور متعلق ہوئے مَبْعُوْثُوْنَ کے، اسم مفعول با نائب فاعل و متعلق خبر اِنَّ با اسم و خبر مقولہ، قول با مقولہ جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر شرط لَامِ جوابیہ یَقُوْلَنَّ فعل اَلَّذِیْنَ كَفَرُوْا موصول با صلہ فاعل، فعل با فاعل قول، اِنْ نافیہ هٰذَاۤ اسم اشارہ مبتدا اِلَّا حرف استثناء سِحْرٌ مُّبِیْنٌ مرکب توصیفی خبر، مبتدا یا خبر مقولہ، قول با مقولہ جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہو کر جواب قسم، قسم محذوف با جواب قسم جملہ انشائیہ قسمیہ ہوا۔

وَلَىِٕنْ اَخَّرْنَا عَنْهُمُ الْعَذَابَ اِلٰۤى اُمَّةٍ مَّعْدُوْدَةٍ لَّیَقُوْلُنَّ مَا یَحْبِسُهٗ ؕ اَلَا یَوْمَ یَاْتِیْهِمْ لَیْسَ مَصْرُوْفًا عَنْهُمْ وَحَاقَ بِهِمْ مَّا كَانُوْا بِهٖ یَسْتَهْزِءُوْنَ ۝

آیت نمبر ۸: واؤ عاطفہ لَامِ موطئہ للقسم اور قسم محذوف ہے اِنْ حرف شرط اَخَّرْنَا فعل نا ضمیر فاعل عَنْهُمُ جار یا مجرور متعلق اول اَخَّرْنَا کے الْعَذَابَ مفعول بہ، اِلٰى حرف جار اُمَّةٍ مَّعْدُوْدَةٍ مرکب توصیفی مجرور، جار یا مجرور متعلق ثانی، فعل با فاعل و مفعول بہ و متعلقین جملہ فعلیہ خبریہ شرط لَامِ جوابیہ یَقُوْلُنَّ فعل واؤ محذوف لِاِلْتِقَآءِ السَّاكِنَیْنِ فاعل، فعل با فاعل قول، مَا استفہامیہ مبتدا یَحْبِسُ فعل هُوَ ضمیر فاعل هٗ ضمیر مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ خبر، مبتدا یا خبر جملہ انشائیہ استفہامیہ ہو کر مقولہ، قول با مقولہ جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہو کر جواب قسم، قسم محذوف با جواب قسم جملہ انشائیہ قسمیہ معطوفہ ہوا۔

اَلَا حرف تنبیہ یَوْمَ مضاف یَاْتِیْ فعل هُوَ ضمیر فاعل هِمْ ضمیر مفعول بہ، فعل فاعل اور مفعول بہ سے مل کر مضاف الیہ، مضاف با مضاف الیہ ملحوظ فیہ متقدم ہوا لَیْسَ کی خبر کا لَیْسَ فعل ناقص هُوَ ضمیر اس کا اسم مَصْرُوْفًا اسم مفعول هُوَ ضمیر نائب فاعل عَنْهُمْ جار

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

باجرور متعلق ہوئے، اسم مفعول بالنیابت فاعل و متعلق خبر، فعل ناقص باسم و خبر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ خَلَقَ فعل بِهِنَّ جار باجرور متعلق ہوئے مَا اسم موصول كَانُوْا فعل ناقص واؤ ضمیر اس کا اسم یہ جار باجرور متعلق مقدم ہوئے، يَسْتَهْزِءُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل اور متعلق مقدم سے مل کر خبر، فعل ناقص باسم و خبر صلہ، موصول باصلہ خَلَقَ کا فاعل، فعل بافاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ معطوف ہوا۔

❁ رکوع نمبر ۲ ❁

وَلَئِنْ اَذَقْنَا الْاِنْسَانَ مِنَّا رَحْمَةً ثُمَّ نَزَعْنٰهَا مِنْهُ اِنَّهٗ لَيَئُوْسٌ كَفُوْرٌ ۝

آیت نمبر ۹: واؤ عاطفہ لَامِ موطئہ لقسم اور قسم محذوف ہے اِنْ حرف شرط اَذَقْنَا فعل نَا ضمیر فاعل الْاِنْسَانَ مفعول بہ اول مِنَّا ظرف مستقر كَائِنَةً کے متعلق ہو کر حال مقدم رَحْمَةً ذوالحال موخر، ذوالحال باحال مفعول بہ ثانی، فعل بافاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ ثُمَّ عاطفہ نَزَعْنَا فعل نَا ضمیر فاعل هَا ضمیر مفعول بہ مِنْهُ جار باجرور متعلق ہوئے چاروں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف شرط، اور اس کی جزاء محذوف ہے جس پر جواب قسم دال ہے اِنَّ حرف تحقیق هٗ ضمیر اس کا اسم لَامِ مذحلقہ لَيَئُوْسٌ کَفُوْرٌ دو خبر اِنَّ باسم و خبرین جملہ اسمیہ خبریہ جواب قسم، قسم باجواب قسم جملہ قسمیہ ہوا۔

وَلَئِنْ اَذَقْنٰهُ نَعْمَآءَ بَعْدَ ضَرَّآءَ مَسَّتْهُ لَيَقُوْلَنَّ ذَهَبَ السَّيِّاٰتُ عَنِّيْ اِنَّهٗ لَفَرِحٌ فَخُوْرٌ ۝

آیت نمبر ۱۰: واؤ عاطفہ لَامِ موطئہ لقسم اور قسم محذوف ہے اِنْ حرف شرط اَذَقْنَا فعل نَا ضمیر فاعل هُ ضمیر منصوب مفعول بہ اول نَعْمَآءَ موصوف بَعْدَ مضاف ضَرَّآءَ موصوف مَسَّتْ فعل هِيَ مستتر فاعل هُ ضمیر مفعول بہ، تینوں مل کر صفت، موصوف باصفت مضاف الیہ، مضاف باضاف الیہ فعل محذوف ثَبَتَ کا مفعول فیہ ہو کر صفت، موصوف باصفت اَذَقْنَا کا مفعول بہ ثانی، فعل بافاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ شرط ہوا۔ لَامِ جوابیہ يَقُوْلَنَّ فعل هُوَ مستتر فاعل، فعل بافاعل جملہ فعلیہ خبریہ قول ذَهَبَ فعل السَّيِّاٰتُ فاعل عَنِّيْ جار باجرور متعلق ہوئے، فعل بافاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ مقولہ، قول باقولہ جواب قسم، قسم باجواب قسم جملہ انشائیہ قسمیہ معطوف ہوا اور جواب شرط محذوف ہے جس پر جواب قسم دال ہے اِنَّ حرف تحقیق هٗ ضمیر اس کا اسم لَامِ مذحلقہ فَرِحٌ فَخُوْرٌ دو خبر اِنَّ باسم و خبرین جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

اِلَّا الَّذِيْنَ صَبَرُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ اُولٰٓئِكَ لَهُمْ مَّغْفِرَةٌ وَّاَجْرٌ كَبِيْرٌ ۝

آیت نمبر ۱۱: اِلَّا حرف استثنا الَّذِيْنَ اسم موصول صَبَرُوْا فعل باواؤ ضمیر فاعل جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ عَمِلُوا فعل واؤ ضمیر فاعل الصّٰلِحٰتِ مفعول بہ، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف صلہ، موصول باصلہ اَلْاِنْسَانَ سے مستثنیٰ متصل ہے اُولٰٓئِكَ اسم اشارہ مبتدا لَهُمْ ظرف مستقر كَائِنَانِ کے متعلق ہو کر خبر مقدم مَّغْفِرَةٌ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اَجْرٌ كَبِيْرٌ مرکب توصیفی معطوف، معطوف علیہ با معطوف مبتدا موخر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ مبتدا اول کی خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

فَلَعَلَّكَ تَارِكٌ بَعْضَ مَا يُوحٰٓى اِلَيْكَ وَ ضَآىِٕقٌۢ بِهٖ صَدْرُكَ اَنْ يَّقُوْلُوْا لَوْلَآ اُنْزِلَ عَلَيْهِ كَنْزٌ اَوْ جَآءَ مَعَهٗ مَلَكٌ ؕ اِنَّمَآ اَنْتَ نَذِيْرٌ ؕ وَ اللّٰهُ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ وَّكِيْلٌ ﴿۱۲﴾

آیت نمبر ۱۲: فَاء استینافیہ لَعَلَّ حرف ترجی کاف ضمیر اس کا اسم تَارِكٌ اسم فاعل اَنْتَ مستتر فاعل بَعْضَ مضاف مَا اسم موصول يُوْحٰى فعل مجہول هُوَ مستتر نائب فاعل اِلَيْكَ جار یا مجرور متعلق ہوئے، فعل مجہول بانائب فاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول باصلہ مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ مفعول بہ، اسم فاعل بافاعل و مفعول بہ شبہ جملہ ہو کر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ ضَآىِٕقٌ اسم فاعل بِهٖ جار یا مجرور متعلق ہوئے صَدْرُكَ مرکب اضافی فاعل اَنْ حرف مصدری و نصب يَّقُوْلُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر قول، لَوْلَا تحضیضیہ اُنْزِلَ فعل مجہول عَلَيْهِ جار یا مجرور متعلق ہوئے كَنْزٌ فاعل، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ اَوْ عاطفہ جَآءَ فعل مَعَهٗ مرکب اضافی مفعول فیہ مَلَكٌ فاعل، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ یا معطوف مقولہ، قول یا مقولہ بتاویل مصدر لفظاً منصوب ضَآىِٕقٌ کا مفعول لہ، اسم فاعل بافاعل و متعلق و مفعول لہ شبہ جملہ ہو کر معطوف، معطوف علیہ یا معطوف لَعَلَّ کی خبر لَعَلَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ جملہ انشائیہ مستانفہ ہوا اِنَّ حرف تحقیق کاف مَا کاف اَنْتَ ضمیر مبتدا نَذِيْرٌ صیغہ صفت اَنْتَ مستتر فاعل سے مل کر شبہ جملہ ہو کر خبر، مبتدا یا خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ واؤ استینافیہ یا عاطفہ اَللّٰهُ مبتدا عَلٰى حرف جار كُلِّ شَيْءٍ مرکب اضافی مجرور، جار یا مجرور متعلق مقدم ہوئے وَّكِيْلٌ صیغہ صفت هُوَ مستتر فاعل لا، متعلق مقدم سے مل کر خبر، مبتدا یا خبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ یا جملہ اولیٰ پر معطوف ہے۔

اَمْ يَقُوْلُوْنَ افْتَرٰىهُ ؕ قُلْ فَاْتُوْا بِعَشْرِ سُوَرٍ مِّثْلِهٖ مُفْتَرَيٰتٍ وَّ ادْعُوْا مَنِ اسْتَطَعْتُمْ مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ﴿۱۳﴾

آیت نمبر ۱۳: اَمْ منقطعہ بمعنی بَلْ يَقُوْلُوْنَ فعل با واؤ ضمیر فاعل جملہ فعلیہ خبریہ قول، اِفْتَرٰى فعل هُوَ مستتر فاعل ہٗ ضمیر مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ مقولہ، قول یا مقولہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ قُلْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل سے مل کر جملہ انشائیہ قول، فَاء فصیحہ اور اس کی شرط محذوف ہے اِنْ كَانَ الْاَمْرُ كَمَا تَقُوْلُوْنَ (روح المعانی) اِئْتُوْا فعل امر واؤ ضمیر فاعل یَاء جارہ عَشْرِ سُوَرٍ مرکب اضافی موصوف مِثْلِهٖ مرکب اضافی صفت اولیٰ، مُفْتَرَيٰتٍ اسم مفعول هُنَّ مستتر نائب فاعل سے مل کر صفت ثانیہ، موصوف با صفتین مجرور، جار یا مجرور متعلق ہوئے، فعل امر بافاعل و متعلق جملہ انشائیہ امریہ معطوف علیہ ہوا واؤ عاطفہ اُدْعُوْا فعل امر واؤ ضمیر فاعل مَنِ اسم موصول اِسْتَطَعْتُمْ فعل تُمْ ضمیر فاعل، دونوں مل کر صلہ، موصول باصلہ ذوالحال مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ ظرف مستقر كَائِنًا کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال یا حال اُدْعُوْا کا مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ انشائیہ معطوف، معطوف علیہ یا معطوف جزاء، شرط یا جزاء جملہ شرطیہ مقولہ، قول یا مقولہ جملہ انشائیہ امریہ ہوا۔ اِنْ حرف شرط كُنْتُمْ فعل ناقص تُمْ ضمیر اس کا اسم صٰدِقِيْنَ اسم فاعل اَنْتُمْ مستتر فاعل سے مل کر خبر، فعل ناقص با اسم و خبر جملہ فعلیہ خبریہ شرط اور اس کی جزاء محذوف ہے جس پر سابق کلام دال ہے اور وہ فَاْتُوْا وَادْعُوْا ہے۔

فَاِلَّمْ يَسْتَجِيْبُوْا لَكُمْ فَاعْلَمُوْٓا اَنَّمَآ اُنْزِلَ بِعِلْمِ اللّٰهِ وَ اَنْ لَّآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ فَهَلْ اَنْتُمْ

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

مُّسْلِمُوْنَ ﴿۱۴﴾

آیت نمبر ۱۴: فَاِلَّمْ اِستینا فیہ اِنْ حرف شرط لَّمْ یَسْتَجِیْبُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل لَکُمْ جار با مجرور متعلق ہوئے، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ شرط فَاء جزائیہ اِعْلَمُوْٓا فعل امر واؤ ضمیر فاعل اَنَّ حرف تحقیق مخففہ مِنَ کاف اُنْزِلَ فعل مجہول ھُوَ مستتر ذوالحال بِعِلْمِ اللّٰہِ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور مُلْتَبِسًا کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال با حال نائب فاعل، فعل مجہول با نائب فاعل جملہ فعلیہ خبریہ اِعْلَمُوْٓا کے دو مفعول کے قائم مقام، فعل با فاعل و مفعولین جملہ انشائیہ جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔ واؤ عاطفہ اَنْ مخففہ من الثقلہ ضمیر شان مقدر اس کا اسم لا نفی جنس لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ کی ترکیب سورۃ المزمل میں دیکھئے اور یہ خبر ہے اَنْ مخففہ کی، اَنْ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ اَنَّمَا پر معطوف ہے۔ فَاء فصیحہ اور شرط محذوف ہے اِنْ اُنْزِلَ الْقُرْاٰنُ بِعِلْمِ اللّٰہِ ھَلْ حرف استفہام اَنْتُمْ ضمیر مبتدا، مُّسْلِمُوْنَ اسم فاعل اَنْتُمْ مستتر فاعل سے مل کر شبہ جملہ ہو کر خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ انشائیہ ہو کر جزاء، شرط محذوف با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

مَنْ كَانَ يُرِيْدُ الْحَيٰوةَ الدُّنْيَا وَزِيْنَتَهَا نُوَفِّ اِلَيْهِمْ اَعْمَالَهُمْ فِيْهَا وَهُمْ فِيْهَا لَا يُبْخَسُوْنَ ﴿۱۵﴾

آیت نمبر ۱۵: مَنْ اسم شرط مبتدا، کَانَ فعل ناقص ھُوَ مستتر اس کا اسم یُرِیْدُ فعل ھُوَ مستتر فاعل الْحَیٰوۃَ الدُّنْیَا مرکب توصیفی معطوف علیہ، واؤ عاطفہ زِیْنَتَھَا مرکب اضافی معطوف، معطوف علیہ با معطوف مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ شرط نُوَفِّ فعل نَحْنُ مستتر فاعل اِلَیْھِمْ جار با مجرور ظرف لغو متعلق ہو کر اَعْمَالَھُمْ مرکب اضافی ذوالحال فِیْھَا ظرف مستقر کَائِنَۃً کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال با حال مفعول بہ، فعل با فاعل و متعلق و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ جزاء، شرط با جزاء جملہ فعلیہ خبریہ مَنْ کی خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔ واؤ حالیہ ھُمْ ضمیر مبتدا فِیْھَا جار با مجرور متعلق مقدم ہو کر لَا یُبْخَسُوْنَ فعل مجہول واؤ ضمیر نائب فاعل، فعل مجہول با نائب فاعل و متعلق مقدم سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ اِلَیْھِمْ کی ھُمْ ضمیر سے حال ہے۔

اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ لَيْسَ لَهُمْ فِي الْاٰخِرَةِ اِلَّا النَّارُ ۖ وَحَبِطَ مَا صَنَعُوْا فِيْهَا وَبٰطِلٌ مَّا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿۱۶﴾

آیت نمبر ۱۶: اُولٰٓئِکَ اسم اشارہ مبتدا، اَلَّذِیْنَ اسم موصول لَیْسَ فعل ناقص لَھُمْ ظرف مستقر کَائِنَۃً کے متعلق ہو کر خبر مقدم فِی الْاٰخِرَۃِ ظرف مستقر کَائِنَۃً کے متعلق ہو کر حال مقدم اِلَّا حرف استثناء النَّارُ ذوالحال مؤخر، ذوالحال با حال اسم مؤخر، فعل ناقص با اسم و خبر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ واؤ عاطفہ حَبِطَ فعل مَا اسم موصول صَنَعُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل فِیْھَا جار با مجرور متعلق، تینوں مل کر صلہ موصول با صلہ فاعل، فعل با فاعل جملہ فعلیہ خبریہ معطوف اول، واؤ عاطفہ بٰطِلٌ اسم فاعل ھُوَ مستتر فاعل سے مل کر خبر مقدم مَا اسم موصول کَانُوْا فعل ناقص واؤ ضمیر اس کا اسم یَعْمَلُوْنَ فعل با واؤ ضمیر فاعل خبر، فعل ناقص با اسم و خبر صلہ، موصول با صلہ مبتدا مؤخر، مبتدا با خبر معطوف ثانی، معطوف علیہ با معطوف صلہ، موصول با صلہ اُولٰٓئِکَ کی خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

اَفَمَنْ كَانَ عَلٰى بَيِّنَةٍ مِّنْ رَّبِّهٖ وَيَتْلُوْهُ شَاهِدٌ مِّنْهُ وَمِنْ قَبْلِهٖ كِتٰبُ مُوْسٰٓى اِمَامًا وَّ

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

رَحْمَةً ۚ أُولَٰئِكَ يُؤْمِنُونَ بِهِ ۖ وَمَن يَكْفُرْ بِهِ مِنَ الْأَحْزَابِ فَالنَّارُ مَوْعِدُهُ ۚ فَلَا تَكُ فِي مِرْيَةٍ مِّنْهُ ۖ إِنَّهُ الْحَقُّ مِن رَّبِّكَ وَلَٰكِنَّ أَكْثَرَ النَّاسِ لَا يُؤْمِنُونَ ﴿١٧﴾

آیت نمبر ۱۷: اَفَمَنْ ہمزہ حرف استفہام فَاء استینافیہ مَنْ اسم موصول کَانَ فعل ناقص ھُوَ مستتر اس کا اسم عَلٰی حرف جار بَیِّنَةٍ موصول مِنْ رَّبِّهٖ ظرف مستقر کَائِنَةٍ کے متعلق ہو کر صفت، موصوف باصفت مجرور، جار باجرور کَانَ کے متعلق ہو کر خبر، فعل ناقص با اسم و خبر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ واؤ عاطفہ یَتْلُوْهُ فعل ۂ ضمیر مفعول بہ شَاهِدٌ موصوف مِّنْهُ ظرف مستقر کَائِنٌ کے متعلق ہو کر صفت، موصوف با صفت ذوالحال، واؤ حالیہ مِنْ قَبْلِهٖ ظرف مستقر کَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم مرکب مُوْسٰی مرکب اضافی ذوالحال اِمَامًا وَّرَحْمَةً معطوف علیہ با معطوف حال، ذوالحال باحال مبتدا موخر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ حال، ذوالحال باحال یَتْلُوْهُ کا فاعل، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف مَنْ کا صلہ، موصول باصلہ مبتدا، خبر محذوف ہے کَغَیْرِهٖ مبتدا باخبر جملہ اسمیہ انشائیہ ہوا۔

اُولٰٓئِكَ مبتدا، يُؤْمِنُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل بِهٖ جار باجرور متعلق ہوئے، تینوں مل کر خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ واؤ عاطفہ مَنْ اسم شرط مبتدا، يَّكْفُرْ فعل هُوَ ضمیر ذوالحال مِنَ الْاَحْزَابِ ظرف مستقر کَائِنًا کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال باحال فاعل، بِهٖ جار باجرور متعلق ہوئے، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ شرط، فَاء جزائیہ اَلنَّارُ مبتدا، مَوْعِدُهٗ مرکب اضافی خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ مَنْ کی خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

فَاء فصیحہ اور اس کی شرط محذوف ہے اِذَا كَانَ الْاَمْرُ كَذٰلِكَ، لَا تَكُ فعل نہی اَنْتَ مستتر اس کا اسم فِیْ جارہ مِرْيَةٍ موصوف مِّنْهُ ظرف مستقر کَائِنَةٍ کے متعلق ہو کر صفت، موصوف باصفت مجرور، جار باجرور ظرف مستقر کَائِنًا کے متعلق ہو کر خبر، فعل ناقص با اسم و خبر جملہ انشائیہ جزاء، شرط محذوف با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔ اِنَّ حرف تحقیق ۂ ضمیر اس کا اسم اَلْحَقُّ ذوالحال مِنْ رَّبِّكَ ظرف مستقر کَائِنًا کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال باحال اِنَّ کی خبر، اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ معللہ ہوا۔ واؤ حالیہ یا عاطفہ لٰكِنَّ حرف استدراک اَكْثَرَ النَّاسِ مرکب اضافی اسم لَا يُؤْمِنُوْنَ فعل با واؤ ضمیر فاعل جملہ فعلیہ خبریہ خبر، لٰكِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ اَلْحَقُّ سے حال ثانیہ ہے یا جملہ اولیٰ پر معطوف ہے۔

وَمَنْ أَظْلَمُ مِمَّنِ افْتَرَىٰ عَلَى اللَّهِ كَذِبًا ۚ أُولَٰئِكَ يُعْرَضُونَ عَلَىٰ رَبِّهِمْ وَيَقُولُ الْأَشْهَادُ هَٰؤُلَاءِ الَّذِينَ كَذَبُوا عَلَىٰ رَبِّهِمْ ۚ أَلَا لَعْنَةُ اللَّهِ عَلَى الظَّالِمِينَ ﴿١٨﴾ الَّذِينَ يَصُدُّونَ عَن سَبِيلِ اللَّهِ وَيَبْغُونَهَا عِوَجًا وَهُم بِالْآخِرَةِ هُمْ كَافِرُونَ ﴿١٩﴾

آیت نمبر ۱۸، ۱۹: واؤ استینافیہ مَنْ اسم استفہام مبتدا، اَظْلَمُ اسم تفضیل هُوَ مستتر فاعل مِنْ حرف جار مَنْ اسم موصول اِفْتَرٰی فعل هُوَ مستتر فاعل عَلَى اللّٰهِ جار باجرور متعلق ہوئے كَذِبًا مفعول بہ، چاروں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول باصلہ مجرور، جار باجرور اَظْلَمُ کے متعلق ہوئے، اسم تفضیل با فاعل و متعلق شبہ جملہ خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ انشائیہ مستانفہ ہوا۔ اُولٰٓئِكَ اسم اشارہ مبتدا، يُعْرَضُوْنَ فعل مجہول واؤ ضمیر نائب فاعل عَلٰى رَبِّهِمْ جار باجرور متعلق ہوئے، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ واؤ عاطفہ يَقُوْلُ فعل الْاَشْهَادُ فاعل،

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

دونوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ قول، هٰٓؤُلَآءِ اسم اشارہ مبتدا، اَلَّذِيْنَ اسم موصول كَذَبُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل عَلٰى رَبِّهِمْ جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل با فاعل و متعلق صلہ، موصول با صلہ خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ مقولہ، قول با مقولہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف أُولٰٓئِكَ کی خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

اَلَا حرف تنبیہ لَعْنَةُ اللّٰهِ مرکب اضافی مبتدا، عَلَى حرف جار الظّٰلِمِيْنَ مبدل منہ، اَلَّذِيْنَ اسم موصول يَصُدُّوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل عَنْ جارہ سَبِيْلِ اللّٰهِ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ ہوا واؤ عاطفہ يَبْغُوْنَهَا فعل واؤ ضمیر فاعل هَا ضمیر منصوب بنزع الخافض اصل میں فِيْهَا ہے، جار با مجرور متعلق ہوئے عِوَجًا مفعول بہ، چاروں مل کر معطوف اوّل، واؤ عاطفہ هُمْ ضمیر مبتدا، بِالْاٰخِرَةِ جار با مجرور متعلق مقدم هُمْ ضمیر پہلے هُمْ کی تاکید ہے كٰفِرُوْنَ اسم فاعل هُمْ ضمیر فاعل و متعلق مقدم سے مل کر خبر، مبتدا با خبر معطوف ثانی، معطوف علیہ با معطوفین اَلَّذِيْنَ کا صلہ، موصول با صلہ بدل، مبدل منہ با بدل مجرور، جار با مجرور كَانِئَةٌ کے متعلق ہو کر لَعْنَةُ اللّٰهِ کی خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

أُولٰٓئِكَ لَمْ يَكُوْنُوْا مُعْجِزِيْنَ فِي الْاَرْضِ وَمَا كَانَ لَهُمْ مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ مِنْ اَوْلِيَآءَ ۘ يُضٰعَفُ لَهُمُ الْعَذَابُ ۭ مَا كَانُوْا يَسْتَطِيْعُوْنَ السَّمْعَ وَمَا كَانُوْا يُبْصِرُوْنَ ۝

آیت نمبر ۲۰: أُولٰٓئِكَ اسم اشارہ مبتدا، لَمْ يَكُوْنُوْا فعل ناقص واؤ ضمیر اس کا اسم مُعْجِزِيْنَ اسم فاعل هُمْ مستتر ذوالحال فِي الْاَرْضِ كَانِئَيْنِ کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال با حال فاعل، اسم فاعل با فاعل خبر، فعل ناقص با اسم و خبر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ مَا نافیہ كَانَ فعل ناقص لَهُمْ ظرف مستقر كَانِئَةٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ ظرف مستقر كَانِئَةٌ کے متعلق ہو کر حال مقدم مِنْ جارہ زائدہ أَوْلِيَآءَ مجرور لفظاً مرفوع محلاً مؤخر، ذوالحال با حال اسم مؤخر، فعل ناقص با اسم و خبر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف خبر اوّل، يُضٰعَفُ فعل مجہول لَهُمُ متعلق ہوئے اَلْعَذَابُ نائب فاعل، فعل مجہول با نائب فاعل و متعلق أُولٰٓئِكَ کی دوسری خبر، مبتدا با خبرین جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ مَا نافیہ كَانُوْا فعل ناقص واؤ ضمیر اس کا اسم يَسْتَطِيْعُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل السَّمْعَ مفعول بہ، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ خبر، فعل ناقص با اسم و خبر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ ہوا واؤ عاطفہ مَا نافیہ كَانُوْا فعل ناقص واؤ ضمیر اس کا اسم يُبْصِرُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر خبر، فعل ناقص با اسم و خبر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ معطوفہ معللہ ہوا۔

أُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ خَسِرُوْٓا اَنْفُسَهُمْ وَضَلَّ عَنْهُمْ مَّا كَانُوْا يَفْتَرُوْنَ ۝

آیت نمبر ۲۱: أُولٰٓئِكَ اسم اشارہ مبتدا، اَلَّذِيْنَ اسم موصول خَسِرُوْٓا فعل واؤ ضمیر فاعل اَنْفُسَهُمْ مرکب اضافی مفعول بہ، تینوں مل کر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ ضَلَّ فعل عَنْهُمْ ظرف لغو متعلق ہوئے مَا موصولہ كَانُوْا فعل ناقص واؤ ضمیر اسم يَفْتَرُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر خبر، فعل ناقص با اسم و خبر صلہ، موصول با صلہ ضَلَّ کا فاعل، فعل با فاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف صلہ، موصول با صلہ أُولٰٓئِكَ کی خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

لَا جَرَمَ اَنَّهُمْ فِي الْاٰخِرَةِ هُمُ الْاَخْسَرُوْنَ ۝

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

آیت نمبر ۲۲: لَا نَافیہ جَرَمَ فعل اَنَّ حرف تحقیق هُمْ ضمیر ذوالحال فِی الْاٰخِرَةِ ظرف مستقر کَافِرُوْنَ کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال باحال اَنَّ کا اسم هُمْ ضمیر فصل الْاَخْسَرُوْنَ خبر، اَنَّ با اسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ بتاویل مفرد فاعل، فعل با فاعل جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

اِنَّ الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا وَ عَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ وَ اَخْبَتُوْۤا اِلٰى رَبِّهِمْ ۙ اُولٰٓئِكَ اَصْحٰبُ الْجَنَّةِ ۚ هُمْ فِیْهَا خٰلِدُوْنَ ﴿۲۳﴾

آیت نمبر ۲۳: اِنَّ حرف تحقیق اَلَّذِیْنَ اسم موصول اٰمَنُوْا فعل باواؤ ضمیر فاعل جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ عَمِلُوا فعل واؤ ضمیر فاعل الصّٰلِحٰتِ بواسطہ موصول محذوف اَلْاَعْمَالَ مفعول بہ، تینوں مل کر معطوف اول، واؤ عاطفہ اَخْبَتُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل اِلٰی رَبِّهِمْ جار ومجرور ظرف لغو متعلق ہوئے، فعل با فاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف ثانی، معطوف علیہ با معطوفین صلہ، موصول با صلہ اِنَّ کا اسم اُولٰٓئِكَ اسم اشارہ مبتدا، اَصْحٰبُ الْجَنَّةِ مرکب اضافی خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ اِنَّ کی خبر اِنَّ با اسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ هُمْ ضمیر مبتدا، فِیْهَا جار ومجرور متعلق مقدم خٰلِدُوْنَ اسم فاعل هُمْ ضمیر فاعل و متعلق مقدم سے مل کر خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ اُولٰٓئِكَ کی خبر ثانی ہے یا اَصْحٰبُ الْجَنَّةِ سے حال ہے۔

مَثَلُ الْفَرِیْقَیْنِ كَالْاَعْمٰى وَ الْاَصَمِّ وَ الْبَصِیْرِ وَ السَّمِیْعِ ؕ هَلْ یَسْتَوِیٰنِ مَثَلًا ؕ اَفَلَا تَذَكَّرُوْنَ ﴿۲۴﴾

آیت نمبر ۲۴: مَثَلُ الْفَرِیْقَیْنِ مرکب اضافی مبتدا، کاف حرف جار اَلْاَعْمٰى وَ الْاَصَمِّ وَ الْبَصِیْرِ وَ السَّمِیْعِ معطوف علیہ اپنے تینوں معطوفات سے مل کر مجرور، جار با مجرور ظرف مستقر کَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ هَلْ حرف استفہام یَسْتَوِیٰنِ فعل الف ضمیر فاعل مَثَلًا تمیز، فعل با فاعل و تمیز جملہ فعلیہ انشائیہ استفہامیہ ہوا۔ ھمزہ حرف استفہام فَاء عاطفہ لا نافیہ معطوف علیہ محذوف ہے تَغْفُلُوْنَ عَنْهُ (روح المعانی) لَا تَذَكَّرُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ جملہ انشائیہ ہو کر معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ انشائیہ معطوف ہوا۔

❁ رکوع نمبر ۳ ❁

وَ لَقَدْ اَرْسَلْنَا نُوْحًا اِلٰى قَوْمِهٖۤ اِنِّیْ لَكُمْ نَذِیْرٌ مُّبِیْنٌ ﴿۲۵﴾

آیت نمبر ۲۵: واؤ استیناف لام موطئہ لقسم اور قسم محذوف ہے قد علامت فعل اَرْسَلْنَا فعل نا ضمیر فاعل نُوْحًا مفعول بہ اِلٰی قَوْمِهٖ جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل با فاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ جواب قسم، قسم با جواب قسم جملہ انشائیہ قسمیہ ہوا۔ اِنِّیْ حرف تحقیق یاء ضمیر اس کا اسم لَكُمْ جار با مجرور متعلق مقدم ہوئے نَذِیْرٌ کے، نَذِیْرٌ صیغہ صفت اَنَا مستتر فاعل و متعلق مقدم سے مل کر موصوف مُّبِیْنٌ صفت، موصوف با صفت خبر اِنَّ با اسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر مقولہ ہے قَالَ لَهُمْ نُوْحٌ محذوف کا، قول با مقولہ جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر نُوْحًا سے حال ہے۔

اَنْ لَّا تَعْبُدُوْۤا اِلَّا اللّٰهَ ؕ اِنِّیْۤ اَخَافُ عَلَیْكُمْ عَذَابَ یَوْمٍ اَلِیْمٍ ﴿۲۶﴾

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

آیت نمبر ۲۶: اَنْ مصدریہ لَا تَعْبُدُوْا فعل نہی واؤ ضمیر فاعل اِلَّا حرف استثناء اَللّٰهَ مستثنیٰ مفرغ مفعول بہ، تینوں مل کر جملہ انشائیہ بتاویل مصدر منصوب بنزع الخافض یہ اصل میں بِاَنْ لَا ۔۔۔ الخ ہے جار بامجرور اَرْسَلْنَا کے متعلق ہوئے (روح المعانی) اِنِّیْ حرف تحقیق یاء ضمیر اس کا اسم اَخَافُ فعل اَنَا مستتر فاعل عَلَیْکُمْ ظرف لغو متعلق ہوئے عَذَابَ مضاف یَوْمٍ اَلِیْمٍ مرکب توصیفی مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ اِنَّ کی خبر، اِنَّ بااسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ مُعَلَّلہ ہوا۔

فَقَالَ الْمَلَاُ الَّذِیْنَ كَفَرُوْا مِنْ قَوْمِهٖ مَا نَرٰىكَ اِلَّا بَشَرًا مِّثْلَنَا وَ مَا نَرٰىكَ اتَّبَعَكَ اِلَّا الَّذِیْنَ هُمْ اَرَاذِلُنَا بَادِیَ الرَّاْیِ ۚ وَ مَا نَرٰى لَكُمْ عَلَیْنَا مِنْ فَضْلٍ بَلْ نَظُنُّكُمْ كٰذِبِیْنَ ﴿۲۷﴾

آیت نمبر ۲۷: فَاء عاطفہ قَالَ فعل اَلْمَلَاُ موصوف اَلَّذِیْنَ كَفَرُوْا موصول باصلہ ذوالحال مِنْ قَوْمِهٖ ظرف مستقر کَائِنًا کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال باحال فاعل، فعل بافاعل جملہ فعلیہ خبریہ قول، مَا نَافیہ نَرٰی فعل نَحْنُ مستتر فاعل کاف ضمیر منصوب مفعول بہ اول، اِلَّا حرف استثناء بَشَرًا موصوف مِثْلَنَا مرکب اضافی صفت، موصوف باصفت نَرٰی کا مفعول بہ ثانی، فعل بافاعل ومفعولین جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ مَا نَافیہ نَرٰی فعل نَحْنُ مستتر فاعل کاف ضمیر منصوب مفعول بہ اول، اِتَّبَعَ فعل کاف ضمیر منصوب مفعول بہ اول، اِلَّا حرف استثناء اَلَّذِیْنَ اسم موصول هُمْ ضمیر مبتدا، اَرَاذِلُنَا مرکب اضافی خبر، مبتدا بخبر جملہ اسمیہ خبریہ صلہ، موصول باصلہ اِتَّبَعَ کا فاعل، فعل بافاعل ومفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ مَا منصوب نَرٰی کا مفعول بہ ثانی، فعل بافاعل ومفعولین جملہ فعلیہ خبریہ معطوف اول، واؤ عاطفہ مَا نافیہ نَرٰی فعل نَحْنُ مستتر فاعل لَكُمْ جار بامجرور متعلق ہوئے عَلَیْنَا ظرف مستقر کَائِنًا کے متعلق ہو کر حال مقدم، مِنْ جارہ زائدہ فَضْلٍ لفظاً مجرور محلاً منصوب ذوالحال موخر، ذوالحال باحال نَرٰی کا مفعول بہ، فعل بافاعل ومتعلق ومفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف ثانی، بَلْ حرف عطف نَظُنُّ فعل قلب نَحْنُ مستتر فاعل كُمْ ضمیر مفعول بہ اول كٰذِبِیْنَ اسم فاعل اَنْتُمْ مستتر ضمیر فاعل سے مل کر مفعول بہ ثانی، فعل بافاعل ومفعولین جملہ فعلیہ خبریہ معطوف ثالث، معطوف علیہ بامعطوفات ثلاثہ مقولہ، قول بامقولہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف ہے اَرْسَلْنَا پر۔

قَالَ یٰقَوْمِ اَرَءَیْتُمْ اِنْ كُنْتُ عَلٰى بَیِّنَةٍ مِّنْ رَّبِّیْ وَ اٰتٰىنِیْ رَحْمَةً مِّنْ عِنْدِهٖ فَعُمِّیَتْ عَلَیْكُمْ ؕ اَنُلْزِمُكُمُوْهَا وَ اَنْتُمْ لَهَا كٰرِهُوْنَ ﴿۲۸﴾

آیت نمبر ۲۸: قَالَ فعل هُوَ مستتر فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ قول، یٰقَوْمِ یہ اصل میں یَا قَوْمِیْ ہے اور یہ نداء ہے اَرَءَیْتُمْ یعنی اَخْبِرُوْنِیْ ہے اور یہ فعل امر ہے واؤ ضمیر فاعل ہے اور مفعول بہ اول محذوف ہے بَیِّنَةٍ مِنْ رَبِّیْ اور بعد میں جملہ انشائیہ استفہامیہ مفعول بہ ثانی ہے، فعل بافاعل ومفعولین جملہ انشائیہ ندا کا جواب، ندا بامجواب جملہ انشائیہ ندائیہ ہو کر مقولہ، قول بامقولہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ اِنْ حرف شرط كُنْتُ فعل ناقص تاء مضمومہ اس کا اسم عَلٰی جار وبَیِّنَةٍ موصوف مِنْ رَبِّیْ ظرف مستقر کَائِنَةٍ کے متعلق ہو کر صفت، موصوف باصفت مجرور، جار بامجرور ظرف مستقر کَائِنًا کے متعلق ہو کر خبر، فعل ناقص بااسم وخبر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اٰتٰی فعل هُوَ مستتر فاعل نون وقایہ کا، یاء ضمیر مفعول بہ اول رَحْمَةً موصوف مِنْ عِنْدِهٖ ظرف مستقر کَائِنَةً کے متعلق ہو کر صفت، موصوف باصفت مفعول بہ ثانی،

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

فعل بافاعل ومفعولین جملہ فعلیہ خبریہ معطوف اوّل، فَاء عاطفہ عُمِّيَتْ فعل مجہول ھِيَ مستتر نائب فاعل عَلَيْكُمْ جار باالمجرور متعلق ہوئے، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف ثانی، معطوف علیہ باالمعطوفین شرط، اور جزاء محذوف ہے اَنُلْزِمُكُمُوْهَا "ھمزہ حرف استفہام نُلْزِمُ فعل نَحْنُ مستتر فاعل كُمْ ضمیر مفعول بہ اوّل هَا ضمیر مفعول بہ ثانی، چاروں مل کر جملہ انشائیہ استفہامیہ اَنُلْزِمُكُمُوْهَا کا مفعول بہ ثانی ہے جیسا کہ اوپر گزرا ہے واؤ حالیہ اَنْتُمْ ضمیر مبتداء لَهَا جار باالمجرور متعلق مقدم كٰرِهُوْنَ اسم فاعل اَنْتُمْ مستتر فاعل اور متعلق مقدم سے مل کر شبہ جملہ ہو کر خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ نُلْزِمُ کے مفعول بہ اوّل سے حال ہے۔

وَيٰقَوْمِ لَآ اَسْـَٔلُكُمْ عَلَيْهِ مَالًا ؕ اِنْ اَجْرِيَ اِلَّا عَلَى اللّٰهِ وَمَآ اَنَا بِطَارِدِ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا ؕ اِنَّهُمْ مُّلٰقُوْا رَبِّهِمْ وَلٰكِنِّيْٓ اَرٰىكُمْ قَوْمًا تَجْهَلُوْنَ ۝

آیت نمبر ۲۹: واؤ عاطفہ يٰقَوْمِ یہ اصل میں يَا قَوْمِي ہے اور یہ ندا ہے لَآ اَسْـَٔلُ فعل اَنَا مستتر فاعل كُمْ ضمیر مفعول بہ اوّل عَلَيْهِ جار باالمجرور متعلق ہوئے مَالًا مفعول بہ ثانی، فعل بافاعل ومفعولین ومتعلق جملہ فعلیہ خبریہ نداء کا جواب ہے، ندا باجواب جملہ انشائیہ ندائیہ معطوف ہوا اِنْ نافیہ اَجْرِيَ مرکب اضافی مبتدا اِلَّا حرف استثناء عَلَى اللّٰهِ جار باالمجرور مستثنیٰ مفرغ كَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف علیہ ہوا واؤ عاطفہ مَا حجازیہ اَنَا ضمیر اس کا اسم باء جارہ زائدہ طَارِدِ اسم فاعل اَنَا مستتر فاعل اَلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا موصول باصلہ مفعول بہ لفظاً مضاف الیہ، اسم فاعل مضاف باضاف الیہ لفظاً منصوب خبر، مَا حجازیہ باسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ باالمعطوف جملہ معطوفہ مُطْلِقہ ہوا۔

اِنَّ حرف تحقیق هُمْ ضمیر اس کا اسم مُلٰقُوْا صیغہ اسم فاعل مضاف رَبِّهِمْ مرکب اضافی مضاف الیہ، مضاف باضاف الیہ خبر اِنَّ باسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ معللہ ہوا واؤ عاطفہ لٰكِنِّيْ حرف استدراک يَا ضمیر اس کا اسم اَرٰى فعل اَنَا مستتر فاعل كُمْ ضمیر مفعول بہ اوّل، قَوْمًا موصوف تَجْهَلُوْنَ فعل باواؤ ضمیر فاعل جملہ فعلیہ خبریہ صفت، موصوف باصفت مفعول بہ ثانی، فعل بافاعل ومفعولین جملہ فعلیہ خبریہ لٰكِنَّ کی خبر، لٰكِنَّ باسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ جملہ اولیٰ پر معطوف ہے۔

وَيٰقَوْمِ مَنْ يَّنْصُرُنِيْ مِنَ اللّٰهِ اِنْ طَرَدْتُّهُمْ ؕ اَفَلَا تَذَكَّرُوْنَ ۝

آیت نمبر ۳۰: واؤ عاطفہ يٰقَوْمِ یہ اصل میں يَا قَوْمِي ہے اور یہ ندا ہے مَنْ اسم استفہام مبتدا، يَنْصُرُ فعل هُوَ مستتر فاعل نون وقایہ کا يَا ضمیر مفعول بہ مِنَ اللّٰهِ جار باالمجرور متعلق ہوئے، چاروں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ مَنْ کی خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ انشائیہ ندا کا جواب، ندا باجواب جملہ انشائیہ ندائیہ ہوا اِنْ حرف شرط طَرَدْتُّ فعل تاء مضمومہ اس کا فاعل هُمْ ضمیر منصوب مفعول بہ، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ شرط، اور جزاء محذوف ہے فَمَنْ يَّنْصُرُنِيْ شرط باجزاء جملہ شرطیہ مستانفہ ہوا۔ ھمزہ حرف استفہام فَاء عاطفہ اور معطوف علیہ محذوف ہے تَأْمُرُوْنِيْ بِطَرْدِهِمْ يَا تَجْهَلُوْنَ، لَا تَذَكَّرُوْنَ فعل باواؤ ضمیر فاعل جملہ فعلیہ انشائیہ معطوف، معطوف علیہ باالمعطوف جملہ معطوفہ انشائیہ ہوا۔

وَلَآ اَقُوْلُ لَكُمْ عِنْدِيْ خَزَآئِنُ اللّٰهِ وَلَآ اَعْلَمُ الْغَيْبَ وَلَآ اَقُوْلُ اِنِّيْ مَلَكٌ وَّلَآ اَقُوْلُ لِلَّذِيْنَ تَزْدَرِيْٓ اَعْيُنُكُمْ لَنْ يُّؤْتِيَهُمُ اللّٰهُ خَيْرًا ؕ اَللّٰهُ اَعْلَمُ بِمَا فِيْٓ اَنْفُسِهِمْ ۖ اِنِّيْٓ اِذًا

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

لَمِنَ الظّٰلِمِيْنَ ﴿۳۱﴾

آیت نمبر ۳۱: واؤ عاطفہ لَآ اَقُوْلُ فعل اَنَا مستتر فاعل لَكُمْ جار ہا مجرور متعلق ہوئے، فعل با فاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ قول، عِنْدِيْ مرکب اضافی كَآئِنَةٌ کا منصوب لیہ ہو کر خبر مقدم خَزَآئِنُ اللّٰهِ مرکب اضافی مبتدا موخر، مبتدا با خبر مقول، قول با مقول معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لَآ اس کے بعد فعل مقدر ہے اَقُوْلُ (مظہری وغیرہ) اور یہ قول ہے اَعْلَمُ الْغَيْبَ فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ مقولہ، قول با مقولہ معطوف اول ہوا واؤ عاطفہ لَآ اَقُوْلُ فعل اَنَا مستتر فاعل سے مل کر قول اِنِّيْ حرف تحقیق یَاء ضمیر اس کا اسم مَلَكٌ خبر اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ مقولہ، قول با مقولہ معطوف ثانی، واؤ عاطفہ لَآ اَقُوْلُ فعل اَنَا مستتر فاعل لَآ عاملہ جارہ اَلَّذِيْنَ اسم موصول تَزْدَرِيْ فعل اَعْيُنُكُمْ مرکب اضافی فاعل، فعل با فاعل جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول با صلہ مجرور، جار با مجرور لَآ اَقُوْلُ کے متعلق ہوئے، فعل با فاعل، متعلق جملہ فعلیہ خبریہ قول لَنْ يُّؤْتِيَ فعل هُمْ ضمیر مفعول بہ اول لفظ اللّٰهُ فاعل خَيْرًا مفعول بہ ثانی چاروں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ مقولہ، قول با مقولہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف ثالث، معطوف علیہ با معطوفات ثلاثہ جملہ معطوف ہوا۔

اَللّٰهُ مبتدا، اَعْلَمُ اسم تفضیل هُوَ مستتر فاعل بِمَا جار ما اسم موصول فِيْ اَنْفُسِهِمْ ظرف مستقر فعل محذوف ثَبَتَ کا متعلق ہو کر صلہ، موصول با صلہ مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے اسم تفضیل با فاعل، متعلق شبہ جملہ ہو کر خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ معترضہ ہوا اِنِّيْ حرف تحقیق یَاء ضمیر اس کا اسم اِذًا حرف جواب و جزاء مہمل لام مزحلقہ مِنَ الظّٰلِمِيْنَ ظرف مستقر لَمِنَ کے متعلق ہو کر خبر اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ معللہ ہوا۔

قَالُوْا يٰنُوْحُ قَدْ جٰدَلْتَنَا فَاَكْثَرْتَ جِدَالَنَا فَاْتِنَا بِمَا تَعِدُنَآ اِنْ كُنْتَ مِنَ الصّٰدِقِيْنَ ﴿۳۲﴾

آیت نمبر ۳۲: قَالُوْا فعل با واؤ ضمیر فاعل جملہ فعلیہ خبریہ قول یَاء حرف نداء اُدْعُوْ کے قائم مقام، اُدْعُوْ فعل اَنَا مستتر فاعل نُوْحُ منادیٰ مفرد معرفہ مبنی علی الضم منصوب مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ انشائیہ ندا، قَدْ علامت فعل جٰدَلْتَ فعل تاء مفتوحہ فاعل تَا ضمیر مفعول بہ، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ فَاء عاطفہ اَكْثَرْتَ فعل تاء مفتوحہ ضمیر فاعل جِدَالَنَا مرکب اضافی مفعول بہ، تینوں مل کر معطوف، معطوف علیہ با معطوف ندا کا جواب، ندا با جواب جملہ انشائیہ ندائیہ مقولہ، قول با مقولہ جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

فَاْتِنَا فصیحہ اور اس کی شرط محذوف ہے اِنْ كُنْتَ صَادِقًا اِئْتِ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل نَا ضمیر مفعول بہ مَا اسم موصول تَعِدُ فعل اَنْتَ مستتر فاعل نَا ضمیر مفعول بہ، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول با صلہ مجرور، جار با مجرور اِئْتِ کے متعلق ہوئے، فعل امر با فاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ انشائیہ جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہوا اِنْ حرف شرط كُنْتَ فعل ناقص تاء مفتوحہ اس کا اسم مِنَ الصّٰدِقِيْنَ ظرف مستقر كَآئِنًا کے متعلق ہو کر خبر، فعل ناقص با اسم و خبر جملہ فعلیہ خبریہ شرط، اور جزاء محذوف ہے فَاْتِنَا بِمَا تَعِدُنَا شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

قَالَ اِنَّمَا يَاْتِيْكُمْ بِهِ اللّٰهُ اِنْ شَآءَ وَمَآ اَنْتُمْ بِمُعْجِزِيْنَ ﴿۳۳﴾

آیت نمبر ۳۳: قَالَ فعل هُوَ مستتر فاعل سے مل کر قول اِنَّ حرف تحقیق کفوہ ما کافہ یَاْتِيْ فعل كُمْ ضمیر مفعول بہ بِهٖ جار با مجرور متعلق ہوئے لفظ اللّٰهُ فاعل، فعل با فاعل و متعلق و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ مقولہ، قول با مقولہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا اِنْ حرف شرط شَآءَ فعل هُوَ مستتر فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ شرط، اور جزاء محذوف ہے يَاْتِيْكُمْ بِهِ اللّٰهُ شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔ واؤ حالیہ مَا مشابہ "بہ لَيْسَ

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

اَنْتُمْ ضمیر اس کا اسم بِہَا جار زائدہ مُعْجِزِیْنَ اسم فاعل اَنْتُمْ مستتر فاعل سے مل کر محلاً منصوب خبر، مَا اپنے اسم و خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ یَاْتِیْکُمْ کی ضمیر مفعول بہ سے حال ہے۔

وَلَا يَنْفَعُكُمْ نُصْحِيْٓ اِنْ اَرَدْتُّ اَنْ اَنْصَحَ لَكُمْ اِنْ كَانَ اللّٰهُ يُرِيْدُ اَنْ يُّغْوِيَكُمْ ۭ هُوَ رَبُّكُمْ ۣ وَاِلَيْهِ تُرْجَعُوْنَ ۝

آیت نمبر ۳۴ واؤ عاطفہ لَا یَنْفَعُ فعل کُمْ ضمیر مفعول بہ نُصْحِیْ مرکب اضافی مرفوع تقدیراً فاعل، فعل با فاعل جملہ فعلیہ خبریہ یَاْتِیْکُمْ بِہِ اللّٰہُ پر معطوف ہے۔ اِنْ حرف شرط اَرَدْتُّ فعل تام مضمومہ فاعل اَنْ حرف مصدری و نصب اَنْصَحَ فعل اَنَا مستتر فاعل لَکُمْ جار با مجرور متعلق ہوئے، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ تاویل مصدر مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ شرط اوّل اِنْ حرف شرط کَانَ فعل ناقص لفظاً اَللّٰہُ اسم یُرِیْدُ فعل ھُوَ مستتر فاعل اَنْ حرف مصدری و نصب یُغْوِیَ فعل کُمْ ضمیر مفعول بہ، تینوں مل کر تاویل مصدر مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ کَانَ کی خبر، فعل ناقص با اسم و خبر جملہ فعلیہ خبریہ شرط ثانی اور اس کی جزاء محذوف ہے لَا یَنْفَعُکُمْ نُصْحِیْ شرط با جزاء جملہ شرطیہ شرط اوّل کی جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ مستانفہ ہوا۔ ھُوَ ضمیر مبتدا وَرَبُّکُمْ مرکب اضافی خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف علیہ سواؤ عاطفہ اِلَیْہِ جار با مجرور متعلق مقدم تُرْجَعُوْنَ فعل مجہول واؤ ضمیر نائب فاعل اور متعلق مقدم سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ معطوفہ ہوا۔

اَمْ يَقُوْلُوْنَ افْتَرٰىهُ ۭ قُلْ اِنِ افْتَرَيْتُهٗ فَعَلَيَّ اِجْرَامِيْ وَاَنَا بَرِيْۗءٌ مِّمَّا تُجْرِمُوْنَ ۝

آیت نمبر ۳۵: اَمْ منقطعہ یَقُوْلُوْنَ فعل با واؤ ضمیر فاعل جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ قُلْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل سے مل کر قول اِنْ حرف شرط اِفْتَرَیْتُ فعل تاء مضمومہ فاعل ہٗ ضمیر مفعول بہ، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر شرط، فَاء جزائیہ عَلَیَّ جار با مجرور کَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم اِجْرَامِیْ مرکب اضافی مبتدا مؤخر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف علیہ سواؤ عاطفہ اَنَا ضمیر مبتدا بَرِیْءٌ صیغہ صفت اَنَا مستتر فاعل مِنْ جارہ مَا موصولہ تُجْرِمُوْنَ فعل با واؤ ضمیر فاعل جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول با صلہ مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے، صیغہ صفت با فاعل و متعلق شبہ جملہ ہو کر خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ مقولہ، قول با مقولہ جملہ انشائیہ امریہ ہوا

۞ رکوع نمبر ۴ ۞

وَاُوْحِيَ اِلٰى نُوْحٍ اَنَّهٗ لَنْ يُّؤْمِنَ مِنْ قَوْمِكَ اِلَّا مَنْ قَدْ اٰمَنَ فَلَا تَبْتَىِٕسْ بِمَا كَانُوْا يَفْعَلُوْنَ ۚ وَاصْنَعِ الْفُلْكَ بِاَعْيُنِنَا وَوَحْيِنَا وَلَا تُخَاطِبْنِيْ فِي الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا ۚ اِنَّهُمْ مُّغْرَقُوْنَ ۝

آیت نمبر ۳۶، ۳۷: واؤ استیناف اُوْحِیَ فعل مجہول اِلٰی نُوْحٍ جار با مجرور متعلق ہوئے اَنَّ حرف تحقیق ہٗ ضمیر شان اس کا اسم لَنْ یُّؤْمِنَ فعل مِنْ قَوْمِکَ جار با مجرور متعلق ہوئے، اِلَّا حرف استثناء مَنْ اسم موصول قَدْ علامت فعل اٰمَنَ فعل ھُوَ مستتر فاعل، فعل با فاعل

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول باصلہ مستثنیٰ مفرغ لَنْ یُّؤْمِنَ کا فاعل، فعل بافاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ اَنَّ کی خبر، اَنَّ باسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ بتاویل مفرد اُوْحِیَ کا نائب فاعل، فعل مجہول بانائب فاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

فَلَا تَبْتَئِسْ کی شرط محذوف ہے اِذَا کَانَ الْاَمْرُ کَذٰلِکَ. لَا تَبْتَئِسْ فعل نہی اَنْتَ مستتر فاعل بِمَا جار وما موصولہ کَانُوْا فعل ناقص ھُمْ ضمیر اسم یَفْعَلُوْنَ فعل باواؤ ضمیر فاعل جملہ فعلیہ خبریہ خبر، فعل ناقص باسم و خبر جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول باصلہ مجرور بجار یا مجرور متعلق ہوئے، فعل نہی بافاعل و متعلق جملہ انشائیہ نہیہ معطوف علیہ ہوا واؤ عاطفہ اِصْنَعِ فعل امر اَنْتَ مستتر وذوالحال بَاء جار اَعْیُنِنَا امر کب اضافی معطوف علیہ ہوا واؤ عاطفہ وَحْیِنَا مرکب اضافی معطوف، معطوف علیہ با معطوف مجرور، جار با مجرور ظرف مستقر مُتَلَبِّسًا کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال باحال فاعل اَلْفُلْکَ مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ انشائیہ امریہ معطوف اول، واؤ عاطفہ لَا تُخَاطِبْ فعل نہی اَنْتَ مستتر فاعل نون وقایہ کا یَاء ضمیر مفعول بہ فِیْ حرف جار اَلَّذِیْنَ ظَلَمُوْا موصول باصلہ مجرور، جار با مجرور لَا تُخَاطِبْ کے متعلق ہوئے، فعل بافاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ انشائیہ نہیہ معطوف ثانی، معطوف علیہ با معطوفین شرط محذوف کی جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔ اِنَّ حرف تحقیق ھُمْ ضمیر اس کا اسم مُغْرَقُوْنَ اسم مفعول ھُمْ مستتر نائب فاعل، دونوں مل کر شبہ جملہ ہو کر خبر اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ معللہ ہوا۔

وَيَصْنَعُ الْفُلْكَ ۖ وَكُلَّمَا مَرَّ عَلَيْهِ مَلَأٌ مِّنْ قَوْمِهٖ سَخِرُوْا مِنْهُ ۭ قَالَ اِنْ تَسْخَرُوْا مِنَّا فَاِنَّا نَسْخَرُ مِنْكُمْ كَمَا تَسْخَرُوْنَ ۝

آیت نمبر ۳۸: واؤ استینافیہ یَصْنَعُ فعل ھُوَ مستتر فاعل اَلْفُلْکَ مفعول بہ، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔ واؤ حالیہ کُلَّمَا متضمن معنی شرط مفعول فیہ مقدم مَرَّ فعل عَلَیْہِ جار با مجرور متعلق ہو کے مَلَأٌ موصوف مِنْ قَوْمِہٖ ظرف مستقر کَائِنٌ کے متعلق ہو کر صفت، موصوف باصفت فاعل، فعل بافاعل و متعلق و مفعول فیہ مقدم جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر شرط، سَخِرُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل مِنْہُ جار با مجرور متعلق ہوئے، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہو کر یَصْنَعُ کی ضمیر فاعل سے حال ہے۔

قَالَ فعل ھُوَ مستتر فاعل سے مل کر قول اِنْ حرف شرط تَسْخَرُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل مِنَّا جار با مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے، فعل با فاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ شرط، فَاء جزائیہ اِنَّ حرف تحقیق نَا ضمیر اس کا اسم نَسْخَرُ فعل نَحْنُ مستتر فاعل مِنْکُمْ ظرف لغو متعلق ہوئے کَاف حرف جار مَا مصدریہ تَسْخَرُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل، فعل بافاعل جملہ فعلیہ خبریہ بتاویل مصدر مجرور، جار با مجرور ظرف مستقر کَائِنًا کے متعلق ہو کر بواسطہ موصوف محذوف سُخْرِیَّۃً کے نَسْخَرُ کا مفعول مطلق، فعل بافاعل و متعلق و مفعول مطلق جملہ فعلیہ خبریہ جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہو کر مقولہ، قول با مقولہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

فَسَوْفَ تَعْلَمُوْنَ ۙ مَنْ يَّاْتِيْهِ عَذَابٌ يُّخْزِيْهِ وَيَحِلُّ عَلَيْهِ عَذَابٌ مُّقِيْمٌ ۝

آیت نمبر ۳۹: فَاء عاطفہ سَوْفَ علامت فعل تَعْلَمُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل مَنْ موصولہ یَاْتِیْ فعل ہٖ ضمیر مفعول بہ عَذَابٌ موصوف یُخْزِیْ فعل ھُوَ مستتر فاعل ہٖ ضمیر مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ معطوف علیہ ہوا واؤ عاطفہ یَحِلُّ فعل عَلَیْہِ جار با مجرور متعلق ہوئے عَذَابٌ مُّقِیْمٌ مرکب توصیفی فاعل، فعل بافاعل و متعلق معطوف، معطوف علیہ با معطوف عَذَابٌ کی صفت، موصوف باصفت یَاْتِیْ کا فاعل، فعل با

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

فاعل و مفعول بہ صلہ، موصول باصلہ تَعْلَمُوْنَ کا مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف ہوا۔

حَتّٰٓى اِذَا جَآءَ اَمْرُنَا وَ فَارَ التَّنُّوْرُ ۙ قُلْنَا احْمِلْ فِيْهَا مِنْ كُلٍّ زَوْجَيْنِ اثْنَيْنِ وَ اَهْلَكَ اِلَّا مَنْ سَبَقَ عَلَيْهِ الْقَوْلُ وَ مَنْ اٰمَنَ ؕ وَ مَاۤ اٰمَنَ مَعَهٗۤ اِلَّا قَلِيْلٌ ۝

آیت نمبر ۴۰: حَتّٰی حرف غایت برائے ابتدا اِذَا شرطیہ مفعول فیہ مقدم جَآءَ فعل اَمْرُنَا مرکب اضافی فاعل، فعل بافاعل جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ ہوا وَاؤ عاطفہ فَارَ فعل اَلتَّنُّوْرُ فاعل، دونوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف شرط، قُلْنَا فعل نا ضمیر فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ قول اِحْمِلْ فعل امر انت مستتر فاعل فِيْهَا جار بامجرور متعلق ہوئے مِنْ كُلٍّ ظرف مستقر كَائِنَيْنِ کے متعلق ہو کر حال مقدم زَوْجَيْنِ موصوف اِثْنَيْنِ برائے تاکید، دونوں مل کر ذوالحال مؤخر، ذوالحال باحال معطوف علیہ ہوا وَاؤ عاطفہ اَهْلَكَ مرکب اضافی مستثنیٰ منہ اِلَّا حرف استثناء مَنْ اسم موصول سَبَقَ فعل عَلَيْهِ جار بامجرور متعلق ہوئے اَلْقَوْلُ فاعل، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ صلہ موصول باصلہ مستثنیٰ متصل، مستثنیٰ منہ بامستثنیٰ معطوف علیہ ہوا وَاؤ عاطفہ مَنْ اسم موصول اٰمَنَ فعل هُوَ مستتر فاعل، دونوں مل کر صلہ موصول باصلہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف اِحْمِلْ کا مفعول بہ، فعل بافاعل و متعلق و مفعول بہ جملہ انشائیہ مقولہ، قول بامقولہ جملہ فعلیہ خبریہ جزاء شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا وَاؤ استینافیہ (فقیر) مَا نافیہ اٰمَنَ فعل مَعَهٗ مرکب اضافی مفعول فیہ اِلَّا حرف استثناء قَلِيْلٌ مستثنیٰ مفرغ فاعل، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

وَ قَالَ ارْكَبُوْا فِيْهَا بِسْمِ اللّٰهِ مَجْرٖىهَا وَ مُرْسٰىهَا ؕ اِنَّ رَبِّيْ لَغَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ۝

آیت نمبر ۴۱: وَاؤ استیناف قَالَ فعل هُوَ مستتر فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ قول ارْكَبُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل بِسْمِ اللّٰهِ ظرف مستقر كَائِنَانِ کے متعلق ہو کر خبر مقدم مَجْرٖىهَا مرکب اضافی معطوف علیہ ہوا وَاؤ عاطفہ مُرْسٰىهَا مرکب اضافی معطوف، دونوں مل کر مبتدا مؤخر، مبتدا بامخبر جملہ اسمیہ خبریہ حال ہے فِيْهَا کی هَا ضمیر سے فِيْهَا جار بامجرور متعلق ہوئے، تینوں مل کر جملہ انشائیہ امریہ مقولہ، قول بامقولہ جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا اِنَّ حرف تحقیق رَبِّيْ مرکب اضافی اس کا اسم، لام مزحلقہ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ دو خبر اِنَّ بااسم و خبرین جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

وَ هِيَ تَجْرِيْ بِهِمْ فِيْ مَوْجٍ كَالْجِبَالِ ۫ وَ نَادٰى نُوْحُ ابْنَهٗ وَ كَانَ فِيْ مَعْزِلٍ يّٰبُنَيَّ ارْكَبْ مَّعَنَا وَ لَا تَكُنْ مَّعَ الْكٰفِرِيْنَ ۝

آیت نمبر ۴۲: وَاؤ استیناف (روح المعانی) هِيَ ضمیر مبتدا، تَجْرِيْ فعل هِيَ مستتر فاعل بِهِمْ جار بامجرور متعلق ہوئے (روح) فِيْ حرف جار مَوْجٍ موصوف كَالْجِبَالِ جار بامجرور ظرف مستقر كَائِنٍ کے متعلق ہو کر صفت، موصوف باصفت مجرور، جار بامجرور متعلق ثانی، فعل بافاعل و متعلقین جملہ فعلیہ خبریہ خبر، مبتدا بامخبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔ وَاؤ عاطفہ نَادٰى فعل نُوْحٌ فاعل اِبْنَهٗ مرکب اضافی ذوالحال، وَاؤ حالیہ كَانَ فعل ناقص هُوَ مستتر اس کا اسم فِيْ مَعْزِلٍ ظرف مستقر كَائِنًا کے متعلق ہو کر خبر، فعل ناقص بااسم و خبر جملہ فعلیہ خبریہ حال، ذوالحال باحال مفعول بہ، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوفہ ہوا۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

آیت نمبر ۸۸: قَالَ فعل هُوَ مستتر فاعل سے مل کر قول، يٰقَوْمِ یہ اصل میں يَا قَوْمِيْ ہے اور یہ نداء ہے، اَرَءَيْتُمْ بمعنی اَخْبِرُوْنِيْ، اَخْبِرُوْا فعل امر واؤ ضمیر فاعل نون وقایہ کا یاء ضمیر مفعول بہ اوّل اور مفعول بہ ثانی مقدر ہے اَفَاَشْوُبُ رِزْقِيْ بِالْحَرَامِ مِنَ الْبَخْسِ وَالتَّطْفِيْفِ، فعل با فاعل و مفعولین جملہ انشائیہ نداء کا جواب، نداء با جواب مقولہ، قول با مقولہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ اِنْ حرف شرط كُنْتُ فعل ناقص تاء مضموم اسم عَلٰى حرف جار بَيِّنَةٍ موصوف مِنْ رَّبِّيْ ظرف مستقر كَائِنَةٍ کے متعلق ہو کر صفت، موصوف با صفت مجرور، جار با مجرور كَائِنًا کے متعلق ہو کر خبر، فعل ناقص با اسم و خبر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ ہوا واؤ عاطفہ رَزَقَ فعل هُوَ مستتر فاعل نون وقایہ کا یاء ضمیر مفعول بہ مِنْهُ ظرف مستقر كَائِنًا کے متعلق ہو کر حال مقدم رِزْقًا حَسَنًا مرکب توصیفی ذوالحال مؤخر، ذوالحال با حال مفعول مطلق، فعل با فاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف شرط، اور جزاء محذوف ہے فَهَلْ يَجُوْزُ لِيْ اَنْ اَخُوْنَ فِيْ وَحْيِهٖ (مظہری) شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

واؤ استینافیہ مَا نافیہ اُرِيْدُ فعل اَنَا مستتر فاعل اَنْ حرف مصدری و نصب اُخَالِفَ فعل اَنَا مستتر فاعل كُمْ ضمیر مفعول بہ اِلٰى حرف جار مَا موصولہ اَنْهٰى فعل اَنَا مستتر فاعل كُمْ ضمیر مفعول بہ عَنْهُ جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل با فاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول با صلہ مجرور، جار با مجرور اُخَالِفَ کے متعلق ہوئے، فعل با فاعل و مفعول بہ و متعلق بتاویل مصدر اُرِيْدُ کا مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ اِنْ نافیہ اُرِيْدُ فعل اَنَا مستتر فاعل اِلَّا حرف استثناء اَلْاِصْلَاحَ مفعول بہ مَا وقتیہ مصدریہ اِسْتَطَعْتُ فعل با فاعل بتاویل مصدر وَقْتَ محذوف کا مضاف الیہ، مضاف با مضاف الیہ مفعول فیہ، فعل با فاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ مُطْلَقہ ہوا۔

واؤ عاطفہ مَا نافیہ تَوْفِيْقِيْ مرکب اضافی مبتداء اِلَّا حرف استثناء بِاللّٰهِ ظرف مستقر كَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ عَلَيْهِ جار با مجرور ظرف لغو متعلق مقدم ہوئے، تَوَكَّلْتُ فعل تاء مضموم ضمیر فاعل، متعلق مقدم سے مل کر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اِلَيْهِ جار با مجرور متعلق مقدم ہوئے، اُنِيْبُ فعل اَنَا مستتر فاعل، متعلق مقدم سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ معطوفہ ہوا۔

وَيٰقَوْمِ لَا يَجْرِمَنَّكُمْ شِقَاقِيْٓ اَنْ يُّصِيْبَكُمْ مِّثْلُ مَآ اَصَابَ قَوْمَ نُوْحٍ اَوْ قَوْمَ هُوْدٍ اَوْ قَوْمَ صٰلِحٍ ؕ وَمَا قَوْمُ لُوْطٍ مِّنْكُمْ بِبَعِيْدٍ ۝۸۹

آیت نمبر ۸۹: واؤ عاطفہ يَا قَوْمِ یہ اصل میں يَا قَوْمِيْ ہے اور یہ نداء ہے، لَا يَجْرِمَنَّ فعل نہی كُمْ ضمیر مفعول بہ اوّل شِقَاقِيْ

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

مرکب اضافی فاعل، اَنْ حرف مصدری و نصب یُصِیْبَ فعل کُمْ ضمیر منصوب مفعول بہ مِثْلُ مضاف مَا موصولہ اَصَابَ فعل ھُوَ مستتر فاعل قَوْمَ نُوْحٍ مرکب اضافی معطوف علیہ، اَوْ عاطفہ قَوْمَ ھُوْدٍ مرکب اضافی معطوف اول اَوْ عاطفہ قَوْمَ صٰلِحٍ مرکب اضافی معطوف ثانی، معطوف علیہ با معطوفین مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ صلہ، موصول با صلہ مضاف الیہ، مضاف با مضاف الیہ فاعل، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ بتاویل مصدر لَا یَجْرِمَنَّ کا مفعول بہ ثانی، فعل با فاعل و مفعولین جملہ فعلیہ انشائیہ نداء کا جواب، ندا با جواب جملہ انشائیہ ندائیہ ہوا۔ واؤ عاطفہ مَا قبل یہ قَوْمُ لُوْطٍ مرکب اضافی اس کا اسم مِنْكُمْ جار با مجرور متعلق مقدم ہوئے بِبَاْ جارہ زائدہ بِبَعِیْدٍ صیغہ صفت ھُوَ ضمیر فاعل، صیغہ صفت با فاعل و متعلق مقدم سے مل کر مَا کی خبر بعد اپنے اسم اور خبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ یا معترضہ ہوا۔

وَاسْتَغْفِرُوْا رَبَّكُمْ ثُمَّ تُوْبُوْٓا اِلَيْهِ ۭ اِنَّ رَبِّيْ رَحِيْمٌ وَّدُوْدٌ ۝

آیت نمبر ۹۰ واؤ عاطفہ اِسْتَغْفِرُوْا فعل امر واؤ ضمیر فاعل رَبَّكُمْ مرکب اضافی مفعول بہ، تینوں مل کر معطوف علیہ ثُمَّ عاطفہ تُوْبُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل اِلَيْهِ جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل با فاعل و متعلق سے مل کر معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ معطوفہ ہوا اِنَّ حرف مشبہ بالفعل رَبِّيْ مرکب اضافی اس کا اسم رَحِيْمٌ وَّدُوْدٌ دو خبر اِنَّ با اسم و خبرین جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

قَالُوْا يٰشُعَيْبُ مَا نَفْقَهُ كَثِيْرًا مِّمَّا تَقُوْلُ وَاِنَّا لَنَرٰىكَ فِيْنَا ضَعِيْفًا ۚ وَلَوْلَا رَهْطُكَ لَرَجَمْنٰكَ ۡ وَمَآ اَنْتَ عَلَيْنَا بِعَزِيْزٍ ۝

آیت نمبر ۹۱: قَالُوْا فعل با واؤ ضمیر فاعل جملہ فعلیہ خبریہ قول، یٰشُعَيْبُ یہ ندا ہے مَا نافیہ نَفْقَهُ فعل نَحْنُ مستتر فاعل كَثِيْرًا موصوف مِنْ جارہ مَا موصولہ تَقُوْلُ فعل اَنْتَ مستتر فاعل سے مل کر صلہ، موصول با صلہ مجرور، جار با مجرور ظرف مستقر كَائِنًا کے متعلق ہو کر صفت، موصوف با صفت مفعول بہ، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اِنَّا حرف تحقیق نَا ضمیر اس کا اسم لَامِ مدخلہ لَزَی فعل نَحْنُ مستتر فاعل کاف ضمیر منصوب مفعول بہ اول فِيْنَا ظرف لغو لَزَی کے متعلق ضَعِيْفًا مفعول بہ ثانی، فعل با فاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ خبر اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف مقولہ، قول با مقولہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ واؤ عاطفہ لَوْلَا امتناعیہ رَهْطُكَ مرکب اضافی مبتدا، اور خبر محذوف ہے مَوْجُوْدٌ مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ شرط لَامِ جوابیہ لَرَجَمْنٰكَ فعل نَا ضمیر فاعل کاف ضمیر منصوب مفعول بہ، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔ واؤ عاطفہ مَا حجازیہ اَنْتَ ضمیر مرفوع منفصل اسم عَلَيْنَا جار با مجرور متعلق مقدم ہوئے بِبَاْ جارہ زائدہ بِعَزِيْزٍ صیغہ صفت اَنْتَ مستتر فاعل و متعلق مقدم سے مل کر شبہ جملہ ہو کر خبر بعد اپنے اسم اور خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ معطوفہ ہوا۔

قَالَ يٰقَوْمِ اَرَهْطِيْٓ اَعَزُّ عَلَيْكُمْ مِّنَ اللّٰهِ ۭ وَاتَّخَذْتُمُوْهُ وَرَاۗءَكُمْ ظِهْرِيًّا ۭ اِنَّ رَبِّيْ بِمَا تَعْمَلُوْنَ مُحِيْطٌ ۝

آیت نمبر ۹۲: قَالَ فعل ھُوَ ضمیر مستتر فاعل سے مل کر قول یَا قَوْمِ یہ اصل میں یَا قَوْمِیْ ہے اور یہ ندا ہے، ھمزہ حرف استفہام

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

بِفُلٰی مرکب اضافی مبتداء اَعَزُّ اسم تفضیل هُوَ مستتر فاعل عَلَيْكُمْ جار بامجرور متعلق ہوئے مِنْ حرف جار لفظاً للضمیر والحال واؤ حالیہ اتَّخَذْتُمْ فعل کُمْ ضمیر فاعل ہٖ ضمیر مفعول بہ اول وَرَآءَكُمْ مرکب اضافی مفعول فیہ ظِهْرِيًّا مفعول بہ ثانی، فعل بافاعل ومفاعیل ثلاثہ جملہ فعلیہ خبریہ حال، ذوالحال باحال مجرور، جار بامجرور اَعَزُّ کے متعلق ثانی ہوئے، اسم تفضیل بافاعل ومتعلقین خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ انشائیہ نداء کا جواب، نداء باجواب جملہ انشائیہ ندائیہ ہو کر مقولہ، قول بامقولہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ اِنَّ حرف تحقیق رَبِّيْ مرکب اضافی اس کا اسم بِمَا جارہ مَا موصولہ تَعْمَلُوْنَ فعل بافاعل ضمیر فاعل صلہ، موصول باصلہ مجرور، جار بامجرور متعلق مقدم ہوئے مُحِيْطٌ اسم فاعل هُوَ مستتر فاعل ومتعلق مقدم سے مل کر خبر اِنَّ بااسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

وَيٰقَوْمِ اعْمَلُوْا عَلٰى مَكَانَتِكُمْ اِنِّيْ عَامِلٌ ؕ سَوْفَ تَعْلَمُوْنَ ۙ مَنْ يَّاْتِيْهِ عَذَابٌ يُّخْزِيْهِ وَمَنْ هُوَ كَاذِبٌ ؕ وَارْتَقِبُوْٓا اِنِّيْ مَعَكُمْ رَقِيْبٌ ﴿۹۳﴾

آیت نمبر ۹۳: واؤ عاطفہ يٰقَوْمِ یہ اصل میں يَا قَوْمِيْ ہے اور یہ نداء ہے، اِعْمَلُوْا فعل امر واؤ ضمیر ذوالحال عَلٰى مَكَانَتِكُمْ جار بامجرور ظرف مستقر عَامِلُوْنَ کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال باحال فاعل، فعل بافاعل جواب نداء، نداء باجواب جملہ انشائیہ معطوفہ ہوا۔ اِنِّيْ حرف تحقیق یاء ضمیر اس کا اسم عَامِلٌ اسم فاعل اَنَا مستتر فاعل سے مل کر خبر اِنَّ بااسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ سَوْفَ علامت فعل تَعْلَمُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل مَنْ موصولہ يَّاْتِيْهِ فعل ہٖ ضمیر مفعول بہ عَذَابٌ موصوف يُّخْزِيْ فعل هُ ضمیر فاعل ہٖ ضمیر مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ صفت، موصوف باصفت يَّاْتِيْهِ کا فاعل، فعل بافاعل ومفعول بہ سے مل کر صلہ، موصول باصلہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ مَنْ موصولہ هُوَ ضمیر مبتداء كَاذِبٌ خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر صلہ، موصول باصلہ معطوف، معطوف علیہ باعطوف تَعْلَمُوْنَ کا مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ واؤ عاطفہ اِرْتَقِبُوْٓا فعل واؤ ضمیر فاعل، فعل بافاعل جملہ انشائیہ معطوفہ ہوا۔ اِنِّيْ حرف تحقیق یاء ضمیر اس کا اسم مَعَكُمْ مرکب اضافی مفعول فیہ مقدم رَقِيْبٌ صیغہ صفت اس میں ضمیر اَنَا مستتر فاعل، صیغہ صفت بافاعل ومفعول فیہ مقدم سے مل کر خبر اِنَّ بااسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ مطلقہ ہوا۔

وَلَمَّا جَآءَ اَمْرُنَا نَجَّيْنَا شُعَيْبًا وَّالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مَعَهٗ بِرَحْمَةٍ مِّنَّا وَاَخَذَتِ الَّذِيْنَ ظَلَمُوا الصَّيْحَةُ فَاَصْبَحُوْا فِيْ دِيَارِهِمْ جٰثِمِيْنَ ﴿۹۴﴾

آیت نمبر ۹۴: وَلَمَّا جَآءَ اَمْرُنَا نَجَّيْنَا شُعَيْبًا وَّالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مَعَهٗ بِرَحْمَةٍ مِّنَّا اس کی ترکیب آیت نمبر ۶۶ میں دیکھیں واؤ عاطفہ اَخَذَتْ فعل الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا موصول باصلہ مفعول بہ الصَّيْحَةُ فاعل، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ مقام عاطفہ اَصْبَحُوْا فعل ناقص واؤ ضمیر اس کا اسم فِيْ دِيَارِهِمْ ظرف لغو متعلق مقدم ہوئے جٰثِمِيْنَ اسم هُمْ مستتر فاعل ومتعلق مقدم سے مل کر خبر، فعل ناقص بااسم وخبر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ باعطوف نَجَّيْنَا پر معطوف ہے۔

كَاَنْ لَّمْ يَغْنَوْا فِيْهَا ؕ اَلَا بُعْدًا لِّمَدْيَنَ كَمَا بَعِدَتْ ثَمُوْدُ ﴿۹۵﴾

آیت نمبر ۹۵: كَاَنْ لَّمْ يَغْنَوْا فِيْهَا اس کی ترکیب آیت نمبر ۶۸ میں دیکھیں اَلَا حرف تنبیہ بُعْدًا مفعول مطلق ہے فعل محذوف

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

بَعِدُوْا کا، لِمَدْيَنَ جار با مجرور فعل محذوف کے متعلق ہے، کاف جارہ مَا مصدریہ بَعِدَتْ فعل ثَمُوْدُ فاعل، فعل با فاعل جملہ فعلیہ خبریہ بتاویل مصدر مجرور، جار با مجرور کَاَنْ کے متعلق ہو کر بُعْدًا کی صفت ہے، فعل با فاعل و مفعول مطلق و متعلق جملہ انشائیہ امریہ ہوا۔

﴿ رکوع نمبر ۹ ﴾

وَلَقَدْ اَرْسَلْنَا مُوْسٰى بِاٰيٰتِنَا وَسُلْطٰنٍ مُّبِيْنٍ ﴿۹۶﴾

آیت نمبر ۹۶: واؤ استیناف لَام موطئہ لقسم اور قسم محذوف ہے قَدْ علامت فعل اَرْسَلْنَا فعل نَا ضمیر فاعل مُوْسٰی ذوالحال بِاٰیٰتِنَا جارہ اٰیٰتِنَا مرکب اضافی معطوف علیہ ہوا وَ عاطفہ سُلْطٰنٍ مُّبِیْنٍ مرکب توصیفی معطوف، دونوں مل کر مجرور، جار با مجرور ظرف مستقر مُتَلَبِّسًا کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال با حال مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

اِلٰى فِرْعَوْنَ وَمَلَا۟ئِهٖ فَاتَّبَعُوْۤا اَمْرَ فِرْعَوْنَ ۚ وَمَاۤ اَمْرُ فِرْعَوْنَ بِرَشِيْدٍ ﴿۹۷﴾

آیت نمبر ۹۷: اِلٰی حرف جار فِرْعَوْنَ وَمَلَائِہٖ معطوف علیہ با معطوف مجرور، جار با مجرور اَرْسَلْنَا کے متعلق ہوئے، فعل با فاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، فَاء عاطفہ اِتَّبَعُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل اَمْرَ فِرْعَوْنَ مرکب اضافی ذوالحال واؤ حالیہ مَا مشابہ "بہ لَیْسَ اَمْرُ فِرْعَوْنَ مرکب اضافی اسم بَاء جارہ زائدہ رَشِیْدٍ صیغہ صفت ھُوَ مستتر فاعل سے مل کر محلاً منصوب خبر، مَا حجازیہ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ حال، ذوالحال با حال اِتَّبَعُوْا کا مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف قسم کا جواب، قسم با جواب جملہ انشائیہ قسمیہ ہوا۔

يَقْدُمُ قَوْمَهٗ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ فَاَوْرَدَهُمُ النَّارَ ۭ وَبِئْسَ الْوِرْدُ الْمَوْرُوْدُ ﴿۹۸﴾

آیت نمبر ۹۸: یَقْدُمُ فعل ھُوَ مستتر فاعل قَوْمَہٗ مرکب اضافی مفعول بہ یَوْمَ الْقِیٰمَۃِ مرکب اضافی مفعول فیہ، فعل با فاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، فَاء عاطفہ اَوْرَدَ فعل ھُوَ مستتر فاعل ھُمُ ضمیر منصوب مفعول بہ اول اَلنَّارَ مفعول بہ ثانی، چاروں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ معطوفہ مستانفہ ہوا۔ واؤ حالیہ بِئْسَ فعل ذم اَلْوِرْدُ الْمَوْرُوْدُ مرکب توصیفی فاعل، فعل با فاعل جملہ فعلیہ انشائیہ خبر، اور مخصوص بالذم مبتدا محذوف ہے اَلنَّارُ مبتدا با خبر اَلنَّارَ سے حال ہے۔

وَاُتْبِعُوْا فِيْ هٰذِهٖ لَعْنَةً وَّيَوْمَ الْقِيٰمَةِ ۭ بِئْسَ الرِّفْدُ الْمَرْفُوْدُ ﴿۹۹﴾

آیت نمبر ۹۹: وَاُتْبِعُوْا فِیْ ھٰذِہٖ لَعْنَۃً وَّیَوْمَ الْقِیٰمَۃِ اس کی ترکیب آیت نمبر ۶۰ میں دیکھیں بِئْسَ فعل ذم اَلرِّفْدُ الْمَرْفُوْدُ مرکب توصیفی فاعل، فعل با فاعل جملہ فعلیہ انشائیہ خبر، اور مخصوص بالذم مبتدا محذوف ہے جَھَنَّمُ، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ انشائیہ مستانفہ ہوا۔

ذٰلِكَ مِنْ اَنْۢبَآءِ الْقُرٰى نَقُصُّهٗ عَلَيْكَ مِنْهَا قَآىِٕمٌ وَّحَصِيْدٌ ﴿۱۰۰﴾

آیت نمبر ۱۰۰: ذٰلِکَ اسم اشارہ مبتدا، مِنْ حرف جار اَنْبَآءِ الْقُرٰی مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور ظرف مستقر کَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر اول، نَقُصُّ فعل نَحْنُ مستتر فاعل ہٗ ضمیر منصوب مفعول بہ عَلَیْکَ جار با مجرور متعلق ہوئے، چاروں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ خبر ثانی، مبتدا با خبرین جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ مِنْھَا ظرف مستقر کَائِنَانِ کے متعلق ہو کر خبر مقدم قَآىِٕمٌ وَّحَصِيْدٌ معطوف علیہ با معطوف مبتدا موخر، مبتدا با

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

خبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا، اور عند البعض نَقُصُّهُ کی ضمیر مفعول بہ سے حال ہے۔

وَ مَا ظَلَمْنٰهُمْ وَ لٰكِنْ ظَلَمُوْۤا اَنْفُسَهُمْ فَمَاۤ اَغْنَتْ عَنْهُمْ اٰلِهَتُهُمُ الَّتِيْ يَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ مِنْ شَيْءٍ لَّمَّا جَآءَ اَمْرُ رَبِّكَ ؕ وَ مَا زَادُوْهُمْ غَيْرَ تَتْبِيْبٍ ۝

آیت نمبر ۱۰۱: واؤ استینافیہ یا عاطفہ مَا نافیہ ظَلَمْنٰ فعل نَا ضمیر فاعل هُمْ ضمیر منصوب ذوالحال واؤ حالیہ لٰكِنْ حرف استدراک ہمل ظَلَمُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل اَنْفُسَهُمْ مرکب اضافی مفعول بہ، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، فَاء عاطفہ مَا نافیہ اَغْنَتْ فعل عَنْهُمْ جار بامجرور متعلق ہوئے اٰلِهَتُهُمْ مرکب اضافی موصوف اَلَّتِيْ اسم موصول يَدْعُوْنَ فعل واؤ ضمیر ذوالحال مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ ظرف مستقر مُتَجَاوِزِيْنَ کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال یا حال فاعل، دونوں مل کر صلہ، موصول باصلہ اٰلِهَتُهُمْ کی صفت، موصوف باصفت اَغْنَتْ کا فاعل مِنْ جارہ زائدہ شَيْءٍ مجرور لفظاً منصوب مفعول بہ، اَغْنَتْ فعل بافاعل و متعلق و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف حال، ذوالحال یا حال ظَلَمْنٰ کا مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ لَمَّا حینیہ مضاف جَآءَ فعل اَمْرُ رَبِّكَ مرکب اضافی فاعل، دونوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ اَغْنَتْ کا مفعول فیہ ہے، واؤ عاطفہ مَا نافیہ زَادُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل هُمْ ضمیر مفعول بہ اول، غَيْرَ تَتْبِيْبٍ مرکب اضافی مفعول بہ ثانی، چاروں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ مَا اَغْنَتْ پر معطوف ہے۔

وَ كَذٰلِكَ اَخْذُ رَبِّكَ اِذَاۤ اَخَذَ الْقُرٰى وَ هِيَ ظَالِمَةٌ ؕ اِنَّ اَخْذَهٗۤ اَلِيْمٌ شَدِيْدٌ ۝

آیت نمبر ۱۰۲: واؤ عاطفہ كَذٰلِكَ ظرف مستقر كَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم اَخْذُ مصدر مضاف رَبِّكَ مرکب اضافی مضاف الیہ، اِذَا ظرف زمان مضاف اَخَذَ فعل هُوَ مستتر فاعل الْقُرٰى ذوالحال واؤ حالیہ هِيَ ضمیر مبتدا، ظَالِمَةٌ خبر، مبتدا بامبتدا خبر جملہ اسمیہ خبریہ حال ذوالحال باحال اَخَذَ کا مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ اِذَا کا مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ اَخْذُ کا مفعول فیہ، مصدر مضاف بامضاف الیہ و مفعول فیہ مبتدا مؤخر، مبتدا بامبتدا خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ اِنَّ حرف تحقیق اَخْذَهٗ مرکب اضافی اس کا اسم اَلِيْمٌ شَدِيْدٌ دو خبر اِنَّ بااسم و خبرین جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيَةً لِّمَنْ خَافَ عَذَابَ الْاٰخِرَةِ ؕ ذٰلِكَ يَوْمٌ مَّجْمُوْعٌ ۙ لَّهُ النَّاسُ وَ ذٰلِكَ يَوْمٌ مَّشْهُوْدٌ ۝

آیت نمبر ۱۰۳: اِنَّ حرف تحقیق فِيْ ذٰلِكَ ظرف مستقر كَائِنَةً کے متعلق ہو کر خبر مقدم لَاٰ مزحلقہ اٰيَةً موصوف لَامِ حرف جار مَنْ اسم موصول خَافَ فعل هُوَ مستتر فاعل عَذَابَ الْاٰخِرَةِ مرکب اضافی مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ صلہ، موصول باصلہ مجرور، جار بامجرور ظرف مستقر كَائِنَةً کے متعلق ہو کر اٰيَةً کی صفت، موصوف باصفت اسم مؤخر اِنَّ بااسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔ ذٰلِكَ اسم اشارہ مبتدا، يَوْمٌ موصوف مَّجْمُوْعٌ اسم مفعول لَهٗ جار بامجرور متعلق ہوئے النَّاسُ نائب فاعل، اسم مفعول بانائب فاعل و متعلق شبہ جملہ ہو کر يَوْمٌ کی صفت، موصوف باصفت خبر، مبتدا بامبتدا خبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف علیہ واؤ عاطفہ ذٰلِكَ اسم اشارہ مبتدا، يَوْمٌ مَّشْهُوْدٌ مرکب توصیفی خبر، مبتدا بامبتدا خبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف جملہ معطوفہ ہوا۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

وَمَا نُؤَخِّرُهٗٓ اِلَّا لِاَجَلٍ مَّعْدُوْدٍ ﴿۱۰۴﴾

آیت نمبر ۱۰۴: واؤ عاطفہ مَا نافیہ نُؤَخِّرُ فعل نَحْنُ مستتر فاعل ہٗ ضمیر مفعول بہ اِلَّا حرف استثناء لام جارہ اَجَلٍ مَّعْدُوْدٍ مرکب توصیفی مجرور، جار با مجرور مستثنیٰ مفرغ متعلق ہونے، فعل با فاعل و مفعول بہ متعلق جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

يَوْمَ يَاْتِ لَا تَكَلَّمُ نَفْسٌ اِلَّا بِاِذْنِهٖ ۚ فَمِنْهُمْ شَقِيٌّ وَّسَعِيْدٌ ﴿۱۰۵﴾

آیت نمبر ۱۰۵: يَوْمَ مضاف يَاْتِ فعل هُوَ مستتر فاعل، دونوں مل کر مضاف الیہ، مضاف با مضاف الیہ مفعول فیہ مقدم لَا تَكَلَّمُ فعل نَفْسٌ فاعل اِلَّا حرف استثناء بِاِذْنِهٖ جار با مجرور مستثنیٰ مفرغ ہو کر متعلق ہوئے، فعل با فاعل و مفعول فیہ و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ ہوا فاء تفریعیہ مِنْهُمْ ظرف مستقر كَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم شَقِيٌّ مبتدا مؤخر، مبتدا با خبر معطوف علیہ واؤ عاطفہ سَعِيْدٌ مبتدا اور اس کی خبر مِنْهُمْ محذوف ہے، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف، دونوں مل کر جملہ معطوفہ مُثْبِتَہ ہوا۔

فَاَمَّا الَّذِيْنَ شَقُوْا فَفِي النَّارِ لَهُمْ فِيْهَا زَفِيْرٌ وَّشَهِيْقٌ ﴿۱۰۶﴾

آیت نمبر ۱۰۶: فاء عاطفہ برائے تفصیل اَمَّا حرف شرط اَلَّذِيْنَ اسم موصول شَقُوْا فعل با واؤ ضمیر فاعل جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول با صلہ متضمن معنی شرط مبتدا فاء جزائیہ فِي النَّارِ ظرف مستقر كَائِنُوْنَ کے متعلق ہو کر خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا لام جارہ هُمْ ضمیر مجرور، جار با مجرور ظرف مستقر كَائِنًا کے متعلق ہو کر خبر مقدم فِيْهَا ظرف مستقر كَائِنِيْنَ کے متعلق ہو کر حال مقدم زَفِيْرٌ وَّ شَهِيْقٌ معطوف علیہ با معطوف ذوالحال مؤخر ہذوالحال با حال مبتدا مؤخر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

خٰلِدِيْنَ فِيْهَا مَا دَامَتِ السَّمٰوٰتُ وَالْاَرْضُ اِلَّا مَا شَآءَ رَبُّكَ ۭ اِنَّ رَبَّكَ فَعَّالٌ لِّمَا يُرِيْدُ ﴿۱۰۷﴾

آیت نمبر ۱۰۷: خٰلِدِيْنَ اسم فاعل هُمْ ضمیر پوشیدہ مستثنیٰ منہ اِلَّا حرف استثناء مَا بمعنی مَنْ اسم موصول شَآءَ فعل رَبُّكَ مرکب اضافی فاعل، دونوں مل کر صلہ، موصول با صلہ مستثنیٰ، مستثنیٰ منہ با مستثنیٰ خٰلِدِيْنَ کا فاعل فِيْهَا جار با مجرور متعلق ہوئے مَا مصدریہ دَامَتْ فعل السَّمٰوٰتُ وَالْاَرْضُ معطوف علیہ با معطوف فاعل، فعل با فاعل بتاویل مصدر وقت مضاف محذوف کا مضاف الیہ، مضاف با مضاف الیہ خٰلِدِيْنَ کا مفعول فیہ، اسم فاعل با فاعل و متعلق و مفعول فیہ حال ہے فِي النَّارِ کے متعلق كَائِنُوْنَ کی ضمیر فاعل سے اِنَّ حرف تحقیق رَبَّكَ مرکب اضافی اِنَّ کا اسم فَعَّالٌ صیغہ مبالغہ هُوَ مستتر فاعل لِّمَا اسم موصول يُرِيْدُ فعل هُوَ مستتر فاعل، دونوں مل کر صلہ، موصول با صلہ مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے، صیغہ مبالغہ با فاعل و متعلق شبہ جملہ ہو کر خبر اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ مُثْبِتَہ ہوا۔

وَاَمَّا الَّذِيْنَ سُعِدُوْا فَفِي الْجَنَّةِ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا مَا دَامَتِ السَّمٰوٰتُ وَالْاَرْضُ اِلَّا مَا شَآءَ رَبُّكَ ۭ عَطَاۗءً غَيْرَ مَجْذُوْذٍ ﴿۱۰۸﴾

آیت نمبر ۱۰۸: وَاَمَّا الَّذِيْنَ سُعِدُوْا فَفِي الْجَنَّةِ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا مَا دَامَتِ السَّمٰوٰتُ وَالْاَرْضُ اِلَّا مَا شَآءَ

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

رَبُّكَ اس کی ترکیب آیت نمبر ۱۰۶، ۱۰۷ کی ترکیب کے مطابق ہے عَطَآءً موصوف غَيْرَ مَجْذُوْذٍ مرکب توصیفی صفت، موصوف باصفت مفعول مطلق فعل محذوف لُعْطِیْ کا ــــ (روح المعانی)

فَلَا تَكُ فِيْ مِرْيَةٍ مِّمَّا يَعْبُدُ هٰٓؤُلَآءِ ۭ مَا يَعْبُدُوْنَ اِلَّا كَمَا يَعْبُدُ اٰبَاۗؤُهُمْ مِّنْ قَبْلُ ۭ وَاِنَّا لَمُوَفُّوْهُمْ نَصِيْبَهُمْ غَيْرَ مَنْقُوْصٍ ۝

آیت نمبر ۱۰۹: فَاء استینافیہ لَا تَكُ فعل نہی اَنْتَ مستتر فاعل فِیْ جارہ مِرْیَةٍ موصوف مِنْ جارہ مَا موصولہ یَعْبُدُ فعل هٰٓؤُلَآءِ اسم اشارہ فاعل، فعل بافاعل صلہ، موصول باصلہ مجرور جارا بمجرور ظرف مستقر كَائِنَةٍ کے متعلق ہو کر مِرْیَةٍ کی صفت، موصوف باصفت مجرور، جار بمجرور ظرف مستقر كَائِنًا کے متعلق ہو کر خبر، فعل ناقص باسم و خبر جملہ انشائیہ مستانفہ ہوا۔ مَا نافیہ یَعْبُدُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل اِلَّا حرف استثناء كَاف حرف جار مَا مصدریہ یَعْبُدُ فعل اٰبَاؤُهُمْ مرکب اضافی ذوالحال مِنْ قَبْلُ ظرف مستقر كَائِنِيْنَ کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال باحال فاعل، فعل بافاعل جملہ فعلیہ خبریہ بتاویل مصدر مجرور، جار بمجرور ظرف مستقر كَائِنَةً کے متعلق ہو کر مستثنیٰ مفرغ ہو کر عِبَادَةً موصول کے واسطہ سے مفعول مطلق، فعل بافاعل و مفعول مطلق جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔ (روح المعانی) واؤ عاطفہ اِنَّا حرف تحقیق نا ضمیر اس کا اسم لام مزحلقہ مُوَفُّوْا اسم فاعل مضاف هُمْ ضمیر مضاف الیہ نَصِيْبَهُمْ مرکب اضافی ذوالحال غَيْرَ مَنْقُوْصٍ میں مرکب اضافی حال، ذوالحال باحال مفعول بہ، اسم فاعل مضاف بامضاف الیہ و مفعول بہ شبہ جملہ ہو کر خبر اِنَّ باسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

❁ رکوع نمبر ۱۰ ❁

وَلَقَدْ اٰتَيْنَا مُوْسَى الْكِتٰبَ فَاخْتُلِفَ فِيْهِ ۭ وَلَوْلَا كَلِمَةٌ سَبَقَتْ مِنْ رَّبِّكَ لَقُضِيَ بَيْنَهُمْ ۭ وَاِنَّهُمْ لَفِيْ شَكٍّ مِّنْهُ مُرِيْبٍ ۝

آیت نمبر ۱۱۰: واؤ استینافیہ لَام موطئہ للقسم اور قسم محذوف ہے قَدْ علامت فعل اٰتَيْنَا فعل نا ضمیر فاعل مُوْسَى مفعول بہ اوّل الْكِتٰبَ مفعول بہ ثانی، چاروں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ فاء عاطفہ اُخْتُلِفَ فعل مجہول هُوَ مستتر نائب فاعل فِيْهِ جار بمجرور متعلق ہوئے، فعل مجہول بانائب فاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف قسم محذوف کا جواب، قسم باجواب جملہ انشائیہ قسمیہ ہوا۔ واؤ عاطفہ لَوْلَا امتناعیہ كَلِمَةٌ موصوف سَبَقَتْ فعل هِيَ مستتر فاعل مِنْ رَّبِّكَ جار بمجرور متعلق ہوئے، فعل بافاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ صفت، موصوف باصفت مبتدا اور خبر محذوف ہے هُوَ جُوْدُكَ مبتدا بامضاف الیہ خبر جملہ اسمیہ خبریہ شرط لَام جوابیہ قُضِيَ فعل مجہول هُوَ مستتر نائب فاعل بَيْنَ مضاف هُمْ ضمیر مضاف الیہ مرکب اضافی مفعول فیہ، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔ واؤ عاطفہ اِنَّ حرف تحقیق هُمْ ضمیر اسم لام مزحلقہ فِيْ حرف جار شَكٍّ موصوف مِنْهُ جار بمجرور ظرف مستقر كَائِنٍ کے متعلق ہو کر صفت اولیٰ مُرِيْبٍ صفت ثانیہ، موصوف باصفتین مجرور، جار بمجرور ظرف مستقر كَائِنُوْنَ کے متعلق ہو کر خبر اِنَّ باسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

وَاِنَّ كُلًّا لَّمَّا لَيُوَفِّيَنَّهُمْ رَبُّكَ اَعْمَالَهُمْ ۭ اِنَّهٗ بِمَا يَعْمَلُوْنَ خَبِيْرٌ ۝

آیت نمبر ۱۱۱: واؤ استینافیہ اِنَّ حرف تحقیق كُلًّا اس کا اسم اصل میں لَمَنْ مَا ہے، لام مزحلقہ مَنْ اسم موصول مَا زائدہ فعل

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

مقدر یُبْعَثُوْا (مظہری) فعل مجہول واؤ ضمیر نائب فاعل سے مل کر صلہ، موصول با صلہ خبر اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ (ملخص از مظہری)
لَامِ موطئہ للقسم اور قسم محذوف ہے لَيُوَفِّيَنَّ فعل هُمْ ضمیر مفعول بہ اول رَبُّكَ مرکب اضافی فاعل اَعْمَالَهُمْ مرکب اضافی مفعول بہ ثانی، فعل با فاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ جواب قسم، قسم با جواب قسم جملہ انشائیہ قسمیہ ہوا۔ اِنَّ حرف تحقیق هٗ ضمیر اس کا اسم بِمَا جارہ مَا یَعْمَلُوْنَ موصول با صلہ مجرور، جار با مجرور و متعلق مقدم خَبِيْرٌ صیغہ صفت هُوَ مستتر فاعل و متعلق مقدم سے مل کر خبر اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ معللہ ہوا۔

فَاسْتَقِمْ كَمَآ اُمِرْتَ وَمَنْ تَابَ مَعَكَ وَلَا تَطْغَوْا ۭ اِنَّهٗ بِمَا تَعْمَلُوْنَ بَصِيْرٌ ﴿۱۱۲﴾

آیت نمبر ۱۱۲ فَاء فصیحہ اور شرط محذوف ہے اِذَا كَانَ الْاَمْرُ كَذٰلِكَ فَاسْتَقِمْ فعل امر اَنْتَ مستتر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ مَنْ اسم موصول تَابَ فعل هُوَ مستتر فاعل مَعَكَ مرکب اضافی مفعول فیہ، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول با صلہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف فاعل، کاف حرف جار مَا مصدریہ اُمِرْتَ فعل مجہول تاء ضمیر مفتوحہ نائب فاعل، دونوں مل کر تاویل مصدر مجرور، جار با مجرور كَائِنَةً کے متعلق ہو کر بواسطہ موصوف محذوف اِسْتِقَامَةً کے مفعول مطلق، فعل با فاعل و مفعول مطلق جملہ انشائیہ معطوف علیہ واؤ عاطفہ لَا تَطْغَوْا فعل نہی واؤ ضمیر فاعل، دونوں مل کر جملہ انشائیہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

سوال: ضمیر مرفوع متصل پر کسی اسم کے عطف کرنے کی شرط یہ ہے کہ پہلے ضمیر مرفوع متصل کی ضمیر مرفوع منفصل کے ساتھ تاکید لائی جائے اور یہاں تاکید نہیں لائی گئی، تو پھر مَنْ تَابَ کا عطف اِسْتَقِمْ کی ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ پر کیسے کیا گیا ہے۔؟

جواب: یہاں تاکید لائے بغیر عطف اس لئے کیا گیا ہے کہ درمیان میں فاصلہ آگیا ہے۔ (فلا اشکال)

اِنَّهٗ بِمَا تَعْمَلُوْنَ بَصِيْرٌ کی ترکیب اِنَّهٗ بِمَا يَعْمَلُوْنَ خَبِيْرٌ کی طرح ہے جو آیت نمبر ۱۱۱ میں گزری ہے

وَلَا تَرْكَنُوْٓا اِلَى الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا فَتَمَسَّكُمُ النَّارُ ۙ وَمَا لَكُمْ مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ مِنْ اَوْلِيَآءَ ثُمَّ لَا تُنْصَرُوْنَ ﴿۱۱۳﴾

آیت نمبر ۱۱۳: واؤ عاطفہ لَا تَرْكَنُوْٓا اِلَى الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا یہ لَا يَكُوْنُ رُكُوْنُكُمْ اِلَى الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا کی تاویل میں ہے لَا يَكُوْنُ فعل نہی رُكُوْنُ مصدر مضاف كُمْ ضمیر مضاف الیہ اِلٰى حرف جار اَلَّذِيْنَ ظَلَمُوْا موصول با صلہ مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے، مصدر مضاف اپنے مضاف الیہ و متعلق سے مل کر معطوف علیہ فاء سببیہ اور اس کے بعد اَنْ مقدر ہے تَمَسَّ فعل كُمُ ضمیر مفعول بہ اَلنَّارُ فاعل، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ بتاویل مصدر معطوف، معطوف علیہ با معطوف لَا يَكُوْنُ کا فاعل، فعل با فاعل جملہ انشائیہ نہیہ ہوا۔ واؤ عاطفہ مَا نافیہ لَكُمْ ظرف مستقر كَائِنَةً کے متعلق ہو کر خبر مقدم مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ ظرف مستقر كَائِنَةً کے متعلق ہو کر حال مقدم مِنْ جارہ زائدہ اَوْلِيَآءَ لفظاً مجرور محلاً مرفوع ذوالحال مؤخر، ذوالحال یا حال مبتدا مؤخر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف علیہ، ثُمَّ عاطفہ لَا تُنْصَرُوْنَ فعل مجہول واؤ ضمیر نائب فاعل دونوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ معطوفہ مستانفہ ہوا۔

وَاَقِمِ الصَّلٰوةَ طَرَفَيِ النَّهَارِ وَزُلَفًا مِّنَ الَّيْلِ ۭ اِنَّ الْحَسَنٰتِ يُذْهِبْنَ السَّيِّاٰتِ ۭ ذٰلِكَ

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

ذِكْرٰى لِلذّٰكِرِيْنَ ۝

آیت نمبر ۱۱۴: واؤ استینافیہ اَقِمْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل الصَّلٰوةَ مفعول بہ طَرَفَيِ النَّهَارِ مرکب اضافی معطوف علیہ ہوا واؤ عاطفہ زُلَفًا موصوف مِنَ الَّيْلِ ظرف مستقر كَائِنَةً کے متعلق ہو کر صفت، موصوف باصفت معطوف، معطوف علیہ با معطوف اَقِمْ کا مفعول فیہ، فعل با فاعل و مفعولین جملہ انشائیہ امریہ ہوا اِنَّ حرف تحقیق اَلْحَسَنٰتِ اس کا اسم يُذْهِبْنَ فعل نون مستتر فاعل اَلسَّيِّاٰتِ مفعول بہ، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ خبر اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ معللہ ہوا ذٰلِكَ اسم اشارہ مبتدا ذِكْرٰى موصوف لِلذّٰكِرِيْنَ ظرف مستقر كَائِنَةٌ کے متعلق ہو کر صفت، موصوف باصفت خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

وَاصْبِرْ فَاِنَّ اللّٰهَ لَا يُضِيْعُ اَجْرَ الْمُحْسِنِيْنَ ۝

آیت نمبر ۱۱۵: واؤ عاطفہ اِصْبِرْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل سے مل کر جملہ انشائیہ اَقِمْ پر معطوف ہے۔ فاء تعلیلیہ اِنَّ حرف تحقیق لفظ اَللّٰهَ اسم، لَا يُضِيْعُ فعل هُوَ مستتر فاعل اَجْرَ الْمُحْسِنِيْنَ مرکب اضافی مفعول بہ، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ خبر اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ معللہ ہوا۔

فَلَوْلَا كَانَ مِنَ الْقُرُوْنِ مِنْ قَبْلِكُمْ اُولُوْا بَقِيَّةٍ يَّنْهَوْنَ عَنِ الْفَسَادِ فِي الْاَرْضِ اِلَّا قَلِيْلًا مِّمَّنْ اَنْجَيْنَا مِنْهُمْ وَاتَّبَعَ الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا مَآ اُتْرِفُوْا فِيْهِ وَكَانُوْا مُجْرِمِيْنَ ۝

آیت نمبر ۱۱۶: فاء استینافیہ لَوْلَا حرف تحضیض كَانَ فعل تامہ مِنَ حرف جار اَلْقُرُوْنِ ذوالحال مِنْ قَبْلِكُمْ ظرف مستقر كَائِنَةً کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال با حال مجرور، جار با مجرور كَانَ کے متعلق ہوئے اُولُوْا بَقِيَّةٍ مرکب اضافی موصوف يَنْهَوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل عَنِ حرف جار اَلْفَسَادِ مصدر فِي الْاَرْضِ جار با مجرور مصدر کے متعلق ہوئے، مصدر با متعلق عَنِ کا مجرور، جار با مجرور يَنْهَوْنَ کے متعلق ہوئے، تینوں مل کر صفت، موصوف باصفت كَانَ کا فاعل، فعل با فاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

اِلَّا حرف استثناء بمعنی لٰكِنَّ قَلِيْلًا موصوف مِمَّنْ حرف جار مَنْ اسم موصول اَنْجَيْنَا فعل نا ضمیر فاعل، فعل با فاعل صلہ، موصول با صلہ ذوالحال مِنْهُمْ ظرف مستقر كَائِنًا کے متعلق ہو کر حال ذوالحال با حال مِنْ کے لئے مجرور، جار با مجرور ظرف مستقر كَائِنًا کے متعلق ہو کر صفت، موصوف باصفت لٰكِنَّ کا اسم، اور خبر محذوف ہے نَهَوْا عَنِ الْفَسَادِ واؤ عاطفہ اور معطوف علیہ محذوف ہے فَلَمْ يَنْهَوْا عَنِ الْفَسَادِ اِتَّبَعَ فعل اَلَّذِيْنَ اسم موصول ظَلَمُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر صلہ، موصول با صلہ فاعل مَا موصولہ اسم موصول اُتْرِفُوْا فعل مجہول واؤ ضمیر نائب فاعل فِيْهِ جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل مجہول با نائب فاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ كَانُوْا فعل ناقص واؤ ضمیر اسم مُجْرِمِيْنَ اسم فاعل هُمْ ضمیر مستتر فاعل سے مل کر خبر، فعل ناقص با اسم و خبر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف صلہ، موصول با صلہ اِتَّبَعَ کا مفعول بہ، فعل با فاعل مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف ہے، معطوف علیہ محذوف با معطوف جملہ معطوفہ ہوا۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

وَ مَا كَانَ رَبُّكَ لِيُهْلِكَ الْقُرٰى بِظُلْمٍ وَّ اَهْلُهَا مُصْلِحُوْنَ ﴿۱۱۷﴾

آیت نمبر ۱۱۷: واؤ استینافیہ مَا نافیہ كَانَ فعل ناقص رَبُّكَ مرکب اضافی فاعل لام جحد یہ جارہ ادا اس کے بعد اَنْ مقدر ہے یُهْلِكَ فعل ھُوَ مستتر فاعل بِظُلْمٍ ظرف مستقر مُتَلَبِّسًا کے متعلق ہو کر یُهْلِكَ کی ضمیر فاعل سے حال ہے اَلْقُرٰى ذوالحال واؤ حالیہ اَهْلُهَا مرکب اضافی مبتدا، مُصْلِحُوْنَ اسم فاعل هُمْ مستتر فاعل سے مل کر خبر، مبتدا خبر جملہ اسمیہ خبریہ حال، ذوالحال باحال یُهْلِكَ کا مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ بتاویل مصدر مجرور، جار با مجرور ظرف مستقر مُرِيْدًا کے متعلق ہو کر كَانَ کی خبر، فعل ناقص با اسم و خبر جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

وَ لَوْ شَآءَ رَبُّكَ لَجَعَلَ النَّاسَ اُمَّةً وَّاحِدَةً وَّ لَا يَزَالُوْنَ مُخْتَلِفِيْنَ ﴿۱۱۸﴾ اِلَّا مَنْ رَّحِمَ رَبُّكَ ؕ وَ لِذٰلِكَ خَلَقَهُمْ ؕ وَ تَمَّتْ كَلِمَةُ رَبِّكَ لَاَمْلَـَٔنَّ جَهَنَّمَ مِنَ الْجِنَّةِ وَ النَّاسِ اَجْمَعِيْنَ ﴿۱۱۹﴾

آیت نمبر ۱۱۸، ۱۱۹: واؤ استینافیہ لَوْ حرف شرط شَآءَ فعل رَبُّكَ مرکب اضافی فاعل، دونوں مل کر شرط لام جوابیہ جَعَلَ فعل ھُوَ مستتر فاعل النَّاسَ مفعول بہ اول اُمَّةً وَّاحِدَةً مرکب توصیفی مفعول بہ ثانی، فعل با فاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لَا يَزَالُوْنَ فعل ناقص واؤ ضمیر مستثنیٰ منہ، اِلَّا حرف استثناء مَنْ اسم موصول رَحِمَ فعل رَبُّكَ مرکب اضافی فاعل، دونوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول با صلہ مستثنیٰ ہوا، مستثنیٰ منہ با مستثنیٰ لَا يَزَالُوْنَ کا اسم مُخْتَلِفِيْنَ اسم فاعل هُمْ مستتر فاعل سے مل کر خبر، فعل ناقص با اسم و خبر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف جزاء شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

واؤ استینافیہ لِذٰلِكَ جار با مجرور متعلق مقدم ہوئے خَلَقَ فعل هُوَ مستتر فاعل هُمْ ضمیر مفعول بہ، متعلق مقدم سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔ واؤ عاطفہ تَمَّتْ فعل كَلِمَةُ رَبِّكَ مرکب اضافی فاعل، فعل با فاعل جملہ فعلیہ خبریہ معطوفہ ہوا لام موطئۃ للقسم اور قسم محذوف ہے اَمْلَـَٔنَّ فعل با نا مستتر فاعل جَهَنَّمَ مفعول بہ مِنْ حرف جار الْجِنَّةِ وَالنَّاسِ معطوف علیہ با معطوف مؤکد، اَجْمَعِيْنَ تاکید، مؤکد با تاکید مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل با فاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ جواب قسم، قسم با جواب قسم جملہ انشائیہ قسمیہ ہوا۔

وَ كُلًّا نَّقُصُّ عَلَيْكَ مِنْ اَنْۢبَآءِ الرُّسُلِ مَا نُثَبِّتُ بِهٖ فُؤَادَكَ ۚ وَ جَآءَكَ فِيْ هٰذِهِ الْحَقُّ وَ مَوْعِظَةٌ وَّ ذِكْرٰى لِلْمُؤْمِنِيْنَ ﴿۱۲۰﴾

آیت نمبر ۱۲۰: واؤ عاطفہ كُلًّا موصوف مِنْ حرف جار اَنْۢبَآءِ الرُّسُلِ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور كُلًّا کے متعلق ہو کر صفت، موصوف با صفت مبدل منہ مَا اسم موصول نُثَبِّتُ فعل نَحْنُ مستتر فاعل بِهٖ جار با مجرور متعلق ہوئے فُؤَادَكَ مرکب اضافی مفعول بہ، چاروں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول با صلہ بدل، مبدل منہ با بدل مفعول بہ مقدم نَقُصُّ فعل نَحْنُ مستتر فاعل عَلَيْكَ جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل با فاعل و متعلق و مفعول بہ مقدم جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ واؤ حالیہ جَآءَ فعل كَ ضمیر مفعول بہ فِيْ هٰذِهِ جار با مجرور متعلق ہوئے الْحَقُّ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ مَوْعِظَةٌ معطوف اول، واؤ عاطفہ ذِكْرٰى موصوف لِلْمُؤْمِنِيْنَ ظرف مستقر كَائِنَةٌ کے متعلق ہو کر صفت، موصوف

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

باصفت معطوف تعالیٰ، معطوف علیہ یا معطوفین فاعل، فعل بافاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر اَنْبَآءِ الرُّسُلِ سے حال ہے۔

وَقُلْ لِّلَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ اعْمَلُوْا عَلٰى مَكَانَتِكُمْ اِنَّا عٰمِلُوْنَ ۝

آیت نمبر ۱۲۱: واؤ استینافیہ قُلْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل لَامر حرف جار اَلَّذِيْنَ اسم موصول لَا يُؤْمِنُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر صلہ، موصول باصلہ مجرور، جار بامجرور متعلق ہوئے، فعل بافاعل و متعلق جملہ انشائیہ ہو کر قول اِعْمَلُوْا فعل واؤ ضمیر واو الحال عَلٰى مَكَانَتِكُمْ کَائِنِيْنَ کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال باحال فاعل، فعل بافاعل مقولہ، قول بامقولہ جملہ انشائیہ امریہ ہوا۔ اِنَّ حرف تحقیق نَا ضمیر اسم عٰمِلُوْنَ اسم فاعل نَحْنُ مستتر فاعل، اسم فاعل بافاعل خبر اِنَّ بااسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ معللہ ہوا۔

وَانْتَظِرُوْا اِنَّا مُنْتَظِرُوْنَ ۝

آیت نمبر ۱۲۲: واؤ عاطفہ اِنْتَظِرُوْا فعل امر واؤ ضمیر فاعل سے مل کر جملہ انشائیہ اِعْمَلُوْا پر معطوف ہے اِنَّ حرف تحقیق نَا ضمیر اس کا اسم مُنْتَظِرُوْنَ اسم فاعل نَحْنُ مستتر فاعل سے مل کر خبر، اِنَّ بااسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ معللہ ہوا۔

وَلِلّٰهِ غَيْبُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَاِلَيْهِ يُرْجَعُ الْاَمْرُ كُلُّهٗ فَاعْبُدْهُ وَتَوَكَّلْ عَلَيْهِ ۭ وَمَا رَبُّكَ بِغَافِلٍ عَمَّا تَعْمَلُوْنَ ۝

آیت نمبر ۱۲۳: واؤ استینافیہ لِلّٰهِ ظرف مستقر کَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم غَيْبُ مضاف السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ معطوف علیہ یا معطوف مضاف الیہ، مرکب اضافی مبتدا مؤخر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اِلَيْهِ جار بامجرور متعلق مقدم ہوئے يُرْجَعُ فعل مجہول اَلْاَمْرُ مؤکد كُلُّهٗ مرکب اضافی تاکید، مؤکد بتاکید نائب فاعل، فعل مجہول بانائب فاعل، متعلق مقدم جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ یا معطوف جملہ معطوفہ ہوا۔ فاء فصیحہ اور شرط محذوف ہے اِذَا كَانَ الْاَمْرُ كَذٰلِكَ اُعْبُدْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل هُ ضمیر مفعول بہ، تینوں مل کر جملہ انشائیہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ تَوَكَّلْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل عَلَيْهِ جار بامجرور ظرف لغو متعلق ہوئے، فعل بافاعل و متعلق جملہ انشائیہ معطوف، معطوف علیہ یا معطوف شرط محذوف کی جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔ واؤ عاطفہ مَا نافیہ حجازیہ رَبُّكَ مرکب اضافی اس کا اسم بَاء حرف جار زائدہ غَافِلٍ اسم فاعل هُوَ مستتر فاعل عَمَّا جار مَا موصولہ تَعْمَلُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول باصلہ مجرور، جار بامجرور اسم فاعل کے متعلق ہوئے، اسم فاعل بافاعل و متعلق لفظاً مجرور محلاً منصوب خبر مَا اپنے اسم و خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

بِحَمْدِهٖ تَعَالٰی

(دو ربیع الاول بروز جمعہ ۱۴۳۸ھ بوقت صبح ۱۰:۴۵ پر سورۃ ھود کی ترکیب کی تکمیل ہوئی)

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

ترکیب سورۃ یوسف

رکوع نمبر ۱

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ الٓرٰ تِلْكَ اٰيٰتُ الْكِتٰبِ الْمُبِيْنِ ۝

آیت نمبر ۱: الٓرٰ اس کی ترکیب سورۃ البقرہ کی پہلی آیت میں دیکھیں تِلْكَ اسم اشارہ مبتدا اٰيٰتُ مضاف اَلْكِتٰبِ الْمُبِيْنِ مرکب توصیفی مضاف الیہ، مضاف با مضاف الیہ خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

اِنَّآ اَنْزَلْنٰهُ قُرْءٰنًا عَرَبِيًّا لَّعَلَّكُمْ تَعْقِلُوْنَ ۝

آیت نمبر ۲: اِنَّ حرف تحقیق نَا ضمیر اس کا اسم اَنْزَلْنَا فعل نَا ضمیر فاعل هُ ضمیر ذوالحال یا مبدل منہ قُرْءٰنًا عَرَبِيًّا مرکب توصیفی حال یا بدل ہونے کی حال یا حال مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ خبر، اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔ لَعَلَّ حرف ترجی كُمْ ضمیر اسم تَعْقِلُوْنَ فعل با واؤ ضمیر فاعل جملہ فعلیہ خبریہ خبر، لَعَلَّ با اسم و خبر جملہ انشائیہ ترجیہ رابجی عَقَلْتُكُمْ کی تاویل میں ہو کر اَنْزَلْنَا کی ضمیر فاعل سے حال ہے یا جملہ معللہ ہے۔

نَحْنُ نَقُصُّ عَلَيْكَ اَحْسَنَ الْقَصَصِ بِمَآ اَوْحَيْنَآ اِلَيْكَ هٰذَا الْقُرْاٰنَ ۖ وَاِنْ كُنْتَ مِنْ قَبْلِهٖ لَمِنَ الْغٰفِلِيْنَ ۝

آیت نمبر ۳: نَحْنُ ضمیر مبتدا، نَقُصُّ فعل نَحْنُ مستتر فاعل عَلَيْكَ جار با مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے اَحْسَنَ الْقَصَصِ مرکب اضافی مفعول بہ یا مفعول مطلق بناء حرف جار مَا مصدر یہ اَوْحَيْنَا فعل نَا ضمیر فاعل اِلَيْكَ جار با مجرور متعلق ہوئے هٰذَا الْقُرْاٰنَ مرکب توصیفی مفعول بہ، فعل با فاعل و متعلق و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ بتاویل مصدر مجرور، جار با مجرور نَقُصُّ کے متعلق ثانی ہوئے، فعل با فاعل و متعلقین و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔ واؤ عالیہ اِنْ مخففہ من الثقلہ ضمیر شان مقدر اسم كُنْتَ فعل ناقص ناء مفتوحہ ضمیر اسم مِنْ قَبْلِهٖ ظرف مستقر كَائِنًا کے متعلق ہو کر فعل ناقص کی ضمیر اسم سے حال ہے لام فارقہ مِنَ الْغٰفِلِيْنَ جار با مجرور كَائِنًا کے متعلق ہو کر خبر، فعل ناقص با اسم و خبر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر اِنْ کی خبر، اِنْ با اسم و خبر هٰذَا الْقُرْاٰنَ سے حال ہے۔

اِذْ قَالَ يُوْسُفُ لِاَبِيْهِ يٰٓاَبَتِ اِنِّيْ رَاَيْتُ اَحَدَ عَشَرَ كَوْكَبًا وَّالشَّمْسَ وَالْقَمَرَ رَاَيْتُهُمْ لِيْ سٰجِدِيْنَ ۝

www.KitaboSunnat.com

آیت نمبر ۴: اِذْ ظرف زمان مضاف قَالَ فعل يُوْسُفُ فاعل لِاَبِيْهِ جار مجرور، جار با مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے، فعل با فاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ قول بناء حرف ندا اَدْعُوْا فعل آنا ضمیر فاعل اَيَتِ اصل میں اَبِيْ تھا منادیٰ مضاف مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ انشائیہ ہو کر ندا، اِنَّ حرف تحقیق یاء ضمیر اس کا اسم رَاَيْتُ فعل تاء مضمومہ فاعل اَحَدَ عَشَرَ ممیز كَوْكَبًا تمیز، ممیز با تمیز معطوف علیہ، واؤ عاطفہ الشَّمْسَ معطوف اول، واؤ عاطفہ الْقَمَرَ دوسرا معطوف، معطوف علیہ با معطوفین

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

16

مفعول بہ، فعل یا فاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر اِنَّ کی خبر بِاِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر جواب ندا، ندا اپنا جواب جملہ انشائیہ ندائیہ ہو کر مقولہ، قول یا مقولہ اِذْ کا مضاف الیہ، پھر مرکب اضافی مفعول فیہ ہوا اُذْکُرْ فعل امر کا اُذْ کُرْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل، فعل یا فاعل و مفعول فیہ جملہ فعلیہ انشائیہ امریہ ہوا۔ رَاَیْتُ فعل تاء مضمومہ ضمیر فاعل ھُمْ ضمیر مفعول بہ اوّل، لِی جار یا مجرور متعلق مقدم ہوا سٰجِدِیْنَ کا سٰجِدِیْنَ اسم فاعل ھُمْ ضمیر مستتر فاعل، اسم فاعل یا فاعل و متعلق مقدم مفعول بہ ثانی، فعل یا فاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

قَالَ يٰبُنَيَّ لَا تَقْصُصْ رُءْيَاكَ عَلٰٓى اِخْوَتِكَ فَيَكِيْدُوْا لَكَ كَيْدًا ۭ اِنَّ الشَّيْطٰنَ لِلْاِنْسَانِ عَدُوٌّ مُّبِيْنٌ ۝

آیت نمبر ۵: قَالَ فعل ھُوَ مستتر فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ قول یٰبُنَیَّ ندا ہے لَا تَقْصُصْ فعل نہی اَنْتَ مستتر فاعل رُءْیَاکَ مرکب اضافی مفعول بہ، عَلٰی جار اِخْوَتِکَ مرکب اضافی مجرور، جار یا مجرور متعلق ہوئے، چاروں مل کر جملہ انشائیہ جواب ندا، ندا اپنا جواب جملہ انشائیہ ندائیہ مقولہ، قول یا مقولہ جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

فائدہ: لَا تَقْصُصْ رُءْیَاکَ عَلٰٓی اِخْوَتِکَ "یہ لَا یَکُنْ مِنْکَ قَصٌّ رُؤْیَاکَ عَلٰٓی اِخْوَتِکَ کی تاویل میں ہے۔

فَاء سببیہ عاطفہ یَکِیْدُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل لَکَ جار یا مجرور متعلق ہوئے کَیْدًا مفعول مطلق، چاروں مل کر تاویل مصدر قَصُّ رُؤْیَاکَ پر معطوف ہے۔ اِنَّ حرف تحقیق الشَّیْطٰنَ اس کا اسم لِلْاِنْسَانِ ظرف مستقر کَائِنًا کے متعلق ہو کر حال مقدم عَدُوٌّ مُّبِیْنٌ مرکب توصیفی ذوالحال مؤخر، ذوالحال یا حال خبر اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ معللہ ہوا۔

وَكَذٰلِكَ يَجْتَبِيْكَ رَبُّكَ وَيُعَلِّمُكَ مِنْ تَاْوِيْلِ الْاَحَادِيْثِ وَيُتِمُّ نِعْمَتَهٗ عَلَيْكَ وَعَلٰٓى اٰلِ يَعْقُوْبَ كَمَآ اَتَمَّهَا عَلٰٓى اَبَوَيْكَ مِنْ قَبْلُ اِبْرٰهِيْمَ وَاِسْحٰقَ ۭ اِنَّ رَبَّكَ عَلِيْمٌ حَكِيْمٌ ۝

آیت نمبر ۶: واؤ عاطفہ کَذٰلِکَ جار یا مجرور ظرف لغو ہو کر متعلق مقدم یَجْتَبِیْکَ فعل کاف ضمیر مفعول بہ رَبُّکَ مرکب اضافی فاعل، فعل یا فاعل و مفعول بہ و متعلق مقدم جملہ فعلیہ خبریہ جواب ندا پر معطوف ہے۔ واؤ استینافیہ یُعَلِّمُکَ فعل ھُوَ ضمیر فاعل کاف ضمیر مفعول بہ مِنْ حرف جار تَاْوِیْلِ الْاَحَادِیْثِ مرکب اضافی مجرور، جار یا مجرور متعلق ہوئے، فعل یا فاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر معطوف علیہ ہوا واؤ عاطفہ یُتِمُّ فعل ھُوَ مستتر فاعل نِعْمَتَہٗ مرکب اضافی مفعول بہ عَلَیْکَ جار یا مجرور معطوف علیہ، واؤ عاطفہ عَلٰی حرف جار اٰلِ یَعْقُوْبَ مرکب اضافی مجرور، جار یا مجرور معطوف، معطوف علیہ یا معطوف یُتِمُّ کے متعلق ہوئے کَاف حرف جار مَا مصدریہ اَتَمَّ فعل ھُوَ مستتر فاعل ھَا ضمیر مفعول بہ عَلٰی حرف جار اَبَوَیْکَ مرکب اضافی مبدل منہ اِبْرٰھِیْمَ وَاِسْحٰقَ معطوف علیہ یا معطوف بدل، مبدل منہ یا بدل ذوالحال مِنْ قَبْلُ ظرف مستقر کَائِنَیْنِ کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال یا حال مجرور، جار یا مجرور متعلق ہوئے اَتَمَّ فعل کے، اَتَمَّ فعل یا فاعل و مفعول بہ و متعلق یا تاویل مصدر مجرور، جار یا مجرور ظرف مستقر کَائِنًا کے متعلق ہو کر بواسطہ موصوف محذوف اِتْمَامًا کے یُتِمُّ کا مفعول مطلق، فعل یا فاعل و مفعول بہ و مفعول مطلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ یا معطوف جملہ معطوفہ مستانفہ ہوا۔ اِنَّ حرف تحقیق رَبَّکَ مرکب

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

اضافی اس کا اسم عَلِيْمٌ حَكِيْمٌ دو خبر، اِنَّ با اسم و خبرین جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

❁ رکوع نمبر ۲ ❁

لَقَدْ كَانَ فِيْ يُوْسُفَ وَ اِخْوَتِهٖۤ اٰيٰتٌ لِّلسَّآىِٕلِيْنَ ۝

آیت نمبر ۷: لَامِ موطئہ للقسم اور قسم محذوف ہے قَدْ علامت فعل كَانَ فعل ناقص فِيْ حرف جار يُوْسُفَ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اِخْوَتِهٖ مرکب اضافی معطوف، معطوف علیہ با معطوف مجرور، جار با مجرور ظرف مستقر كَآئِنَاتٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم، اٰيٰتٌ موصوف لِّلسَّآىِٕلِيْنَ ظرف مستقر كَآئِنَاتٌ کے متعلق ہو کر صفت، موصوف با صفت اسم مؤخر، فعل ناقص با اسم و خبر جملہ فعلیہ خبریہ قسم کا جواب، قسم با جواب جملہ انشائیہ قسمیہ مستانفہ ہوا۔

اِذْ قَالُوْا لَيُوْسُفُ وَ اَخُوْهُ اَحَبُّ اِلٰۤى اَبِيْنَا مِنَّا وَ نَحْنُ عُصْبَةٌ ؕ اِنَّ اَبَانَا لَفِيْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ ۝

آیت نمبر ۸: اِذْ ظرف زمان مضاف قَالُوْا فعل با واؤ ضمیر فاعل جملہ فعلیہ خبریہ قول، لَامِ ابتدائیہ يُوْسُفُ معطوف علیہ واؤ عاطفہ اَخُوْهُ مرکب اضافی معطوف، معطوف علیہ با معطوف مبتدا، اَحَبُّ اسم تفضیل هُمَا ضمیر پوشیدہ ذوالحال واؤ حالیہ نَحْنُ ضمیر مبتدا عُصْبَةٌ خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ حال، ذوالحال با حال فاعل اِلٰى حرف جار اَبِيْنَا مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور متعلق اوّل ہوئے مِنَّا جار با مجرور متعلق ثانی ہوئے، اسم تفضیل با فاعل و متعلقین شبہ جملہ ہو کر خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ مقولہ، قول با مقولہ مضاف الیہ، مضاف با مضاف الیہ فعل محذوف اُذْكُرْ کا مفعول فیہ، فعل امر با فاعل و مفعول فیہ جملہ انشائیہ امریہ ہوا۔ اِنَّ حرف تحقیق اَبَانَا مرکب اضافی اسم لَامِ مذخلقی حرف جار ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ مرکب توصیفی مجرور، جار با مجرور ظرف مستقر كَآئِنٌ کے متعلق ہو کر خبر، اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

اُقْتُلُوْا يُوْسُفَ اَوِ اطْرَحُوْهُ اَرْضًا يَّخْلُ لَكُمْ وَجْهُ اَبِيْكُمْ وَ تَكُوْنُوْا مِنْۢ بَعْدِهٖ قَوْمًا صٰلِحِيْنَ ۝

آیت نمبر ۹: اُقْتُلُوْا فعل امر واؤ ضمیر فاعل يُوْسُفَ مفعول بہ، تینوں مل کر معطوف علیہ، اَوْ عاطفہ اطْرَحُوْا فعل امر واؤ ضمیر فاعل هُ ضمیر مفعول بہ اَرْضًا مفعول فیہ، اور عند البعض مفعول بہ ثانی، فعل با فاعل و مفعولین جملہ انشائیہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ معطوفہ مستانفہ ہوا۔ يَخْلُ فعل لَكُمْ جار با مجرور متعلق ہوئے وَجْهُ اَبِيْكُمْ مرکب اضافی فاعل، فعل با فاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ شرط محذوف اِنْ تَقْتُلُوْا يُوْسُفَ اَوِ اطْرَحُوْهُ کی جزاء ہے، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔ واؤ عاطفہ تَكُوْنُوْا فعل ناقص واؤ ضمیر اسم مِنْۢ بَعْدِهٖ ظرف مستقر كَآئِنًا کے متعلق ہو کر حال مقدم قَوْمًا صٰلِحِيْنَ مرکب توصیفی ذوالحال مؤخر، ذوالحال با حال خبر، فعل ناقص با اسم و خبر جملہ فعلیہ خبریہ يَخْلُ پر معطوف ہے۔

قَالَ قَآىِٕلٌ مِّنْهُمْ لَا تَقْتُلُوْا يُوْسُفَ وَ اَلْقُوْهُ فِيْ غَيٰبَتِ الْجُبِّ يَلْتَقِطْهُ بَعْضُ السَّيَّارَةِ اِنْ كُنْتُمْ فٰعِلِيْنَ ۝

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

آیت نمبر ۱۰: قَالَ فعل قَآئِلٌ موصوف مِنْهُمْ ظرف مستقر تَكُوْنُ کے متعلق ہو کر صفت، موصوف باصفت فاعل، فعل بافاعل جملہ فعلیہ خبریہ قول لَا تَقْتُلُوْا الفعل نہی واؤ ضمیر فاعل یُوْسُفَ مفعول بہ، تینوں مل کر جملہ انشائیہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اَلْقُوْهُ الفعل واؤ ضمیر فاعل هُ ضمیر مفعول بہ فِيْ حرف جار غَيٰبَتِ الْجُبِّ مرکب اضافی مجرور، جار ما مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے، چاروں مل کر جملہ انشائیہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف مقولہ، قول با مقولہ جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔ يَلْتَقِطْهُ فعل هُ ضمیر مفعول بہ بَعْضُ السَّيَّارَةِ مرکب اضافی فاعل، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ شرط محذوف اِنْ تُلْقُوْهُ فِيْ غَيٰبَتِ الْجُبِّ کی جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔ اِنْ حرف شرط كُنْتُمْ فعل ناقص تُمْ ضمیر اس کا اسم فٰعِلِيْنَ اسم فاعل اَنْتُمْ مستتر فاعل سے مل کر خبر، فعل ناقص با اسم و خبر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر شرط، اور جزاء محذوف ہے هٰذَا هُوَ الرَّأْيُ الصَّوَابُ، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

قَالُوْا يٰٓاَبَانَا مَا لَكَ لَا تَاْمَنَّا عَلٰى يُوْسُفَ وَاِنَّا لَهٗ لَنٰصِحُوْنَ ۝

آیت نمبر ۱۱: قَالُوْا فعل با واؤ ضمیر فاعل جملہ فعلیہ خبریہ قول، يَاۤ حرف ندا اَدْعُوْا کے قائم مقام، اَدْعُوْا فعل اَنَا ضمیر فاعل اَبَانَا مرکب اضافی مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ انشائیہ ندا، مَا استفہامیہ مبتدا، لَا مہ جارہ کاف ضمیر ذوالحال لَا تَاْمَنَّ فعل نہی با نون مشتر فاعل نا ذوالحال واؤ حالیہ اِنَّ حرف تحقیق نَا ضمیر اس کا اسم لَهٗ جار با مجرور متعلق مقدم ہوئے نٰصِحُوْنَ کے، لام مزحلقہ نٰصِحُوْنَ اسم فاعل اس میں هُمْ ضمیر فاعل، اسم فاعل با فاعل و متعلق مقدم شبہ جملہ ہو کر اِنَّ کی خبر، اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر حال، ذوالحال با حال لَا تَاْمَنَّ کا مفعول بہ عَلٰى يُوْسُفَ جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل با فاعل و متعلق و مفعول بہ جملہ انشائیہ حال، ذوالحال با حال مجرور، جار با مجرور ظرف مستقر كَائِنًا کے متعلق ہو کر خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ انشائیہ ہو کر ندا کا جواب، ندا با جواب جملہ انشائیہ ندائیہ ہو کر مقولہ، قول با مقولہ جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

اَرْسِلْهُ مَعَنَا غَدًا يَّرْتَعْ وَيَلْعَبْ وَاِنَّا لَهٗ لَحٰفِظُوْنَ ۝

آیت نمبر ۱۲: اَرْسِلْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل هُ ضمیر مفعول بہ مَعَنَا مرکب اضافی مفعول فیہ اول غَدًا مفعول فیہ ثانی، فعل با فاعل و مفاعیل ثلاثہ جملہ انشائیہ امریہ ہوا۔ يَرْتَعْ فعل هُوَ مستتر فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ يَلْعَبْ فعل هُوَ مستتر ذوالحال واؤ حالیہ اِنَّ حرف تحقیق نَا ضمیر اس کا اسم لَهٗ جار با مجرور متعلق مقدم لام مزحلقہ لَحٰفِظُوْنَ اسم فاعل نَحْنُ مستتر فاعل و متعلق مقدم سے مل کر خبر اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ حال ذوالحال با حال فاعل، فعل با فاعل جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف شرط محذوف اِنْ تُرْسِلْهُ مَعَنَا غَدًا کی جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

قَالَ اِنِّيْ لَيَحْزُنُنِيْٓ اَنْ تَذْهَبُوْا بِهٖ وَاَخَافُ اَنْ يَّاْكُلَهُ الذِّئْبُ وَاَنْتُمْ عَنْهُ غٰفِلُوْنَ ۝

آیت نمبر ۱۳: قَالَ فعل هُوَ مستتر فاعل سے مل کر قول، اِنَّ حرف تحقیق يَاۤ ضمیر اس کا اسم لام مزحلقہ يَحْزُنُ فعل نون وقایہ کا يَاۤ ضمیر مفعول بہ اَنْ مصدریہ تَذْهَبُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل بِهٖ جار با مجرور متعلق ہوئے، تینوں مل کر تاویل مصدر يَحْزُنُ کا فاعل، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر معطوف علیہ ہوا واؤ عاطفہ اَخَافُ فعل اَنَا مستتر فاعل اَنْ مصدریہ يَاْكُلَ فعل هُ ضمیر مفعول بہ، اَلذِّئْبُ

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

ذوالحال واؤ حالیہ اَنْتُمْ ضمیر مبتدا مِنْهُ جار مجرور متعلق مقدم غٰفِلُوْنَ اسم فاعل اَنْتُمْ مستتر فاعل و متعلق مقدم سے مل کر خبر، مبتدا خبر جملہ اسمیہ خبریہ حال، ذوالحال باحال یَّاْكُلَ کا فاعل، فعل با فاعل و مفعول بہ تاویل مصدر اَخَافُ کا مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول یہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف اِنَّ کی خبر، اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ مقولہ، قول با مقولہ جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

قَالُوْا لَئِنْ اَكَلَهُ الذِّئْبُ وَنَحْنُ عُصْبَةٌ اِنَّآ اِذًا لَّخٰسِرُوْنَ ﴿۱۴﴾

آیت نمبر ۱۴ قَالُوْا فعل با واؤ ضمیر فاعل جملہ فعلیہ خبریہ قول لام موطئہ للقسم اور قسم محذوف ہے اِنْ حرف شرط اَكَلَ فعل ہٗ ضمیر مفعول بہ اَلذِّئْبُ ذوالحال واؤ حالیہ نَحْنُ مبتدا عُصْبَةٌ خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ حال، ذوالحال باحال فاعل، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر شرط، اِنَّ حرف تحقیق نَا ضمیر اسم اِذًا حرف جزا ہو جواب مہمل، لام مزحلقہ خٰسِرُوْنَ اسم فاعل نَحْنُ مستتر فاعل سے مل کر شبہ جملہ ہو کر خبر، اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ جواب قسم، اور شرط کی جزاء محذوف ہے جس پر جواب قسم دال ہے، قسم با جواب قسم مقولہ، قول با مقولہ جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

فَلَمَّا ذَهَبُوْا بِهٖ وَاَجْمَعُوْٓا اَنْ يَّجْعَلُوْهُ فِيْ غَيٰبَتِ الْجُبِّ ۚ وَاَوْحَيْنَآ اِلَيْهِ لَتُنَبِّئَنَّهُمْ بِاَمْرِهِمْ هٰذَا وَهُمْ لَا يَشْعُرُوْنَ ﴿۱۵﴾

آیت نمبر ۱۵ فَاء عاطفہ اور معطوف علیہ محذوف ہے فَاَرْسَلَهٗ مَعَهُمْ "لَمَّا" شرطیہ مفعول فیہ مقدم ذَهَبُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل بِهٖ جار مجرور متعلق ہوئے، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ ہوا واؤ عاطفہ اَجْمَعُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل اَنْ مصدریہ يَّجْعَلُوْهُ فعل واؤ ضمیر فاعل ہٗ ضمیر مفعول بہ فِيْ جار غَيٰبَتِ الْجُبِّ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے، فعل با فاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ تا ویل مصدر مفعول بہ ہوا اَجْمَعُوْا کا فعل با فاعل و مفعول بہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف شرط، اور جزاء محذوف ہے فَعَلُوْا بِهٖ مَا فَعَلُوْا مِنَ الْاَذٰى، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔ واؤ عاطفہ اَوْحَيْنَا فعل نَا ضمیر فاعل اِلَيْهِ جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل با فاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ اَجْمَعُوْا پر معطوف ہے۔ لام موطئہ للقسم اور قسم محذوف ہے لَتُنَبِّئَنَّهُمْ فعل اَنْتَ مستتر فاعل هُمْ ضمیر مفعول بہ بِاَمْرِهِمْ جارہ اَمْرِ ھِمْ مرکب اضافی موصوف هٰذَا صفت، موصوف با صفت مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل با فاعل و مفعول بہ و متعلق جواب قسم، قسم با جواب قسم جملہ انشائیہ قسمیہ اَوْحَيْنَا کی تفسیر ہوا۔ واؤ حالیہ هُمْ ضمیر مبتدا لَا يَشْعُرُوْنَ فعل با واؤ ضمیر فاعل جملہ فعلیہ خبریہ خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ لَتُنَبِّئَنَّ کی ضمیر فاعل سے حال ہے۔

وَجَآءُوْٓ اَبَاهُمْ عِشَآءً يَّبْكُوْنَ ﴿۱۶﴾

آیت نمبر ۱۶ واؤ استینافیہ جَآءُوْا فعل واؤ ضمیر ذوالحال يَبْكُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر حال، ذوالحال باحال فاعل اَبَاهُمْ مرکب اضافی مفعول بہ عِشَآءً صفعول فیہ، فعل با فاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ معطوفہ ہوا۔

قَالُوْا يٰٓاَبَانَآ اِنَّا ذَهَبْنَا نَسْتَبِقُ وَتَرَكْنَا يُوْسُفَ عِنْدَ مَتَاعِنَا فَاَكَلَهُ الذِّئْبُ ۚ وَمَآ اَنْتَ بِمُؤْمِنٍ لَّنَا وَلَوْ كُنَّا صٰدِقِيْنَ ﴿۱۷﴾

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

آیت نمبر ۱۷: قَالُوْا فعل باواؤ ضمیر فاعل جملہ فعلیہ خبریہ قول یٰٓاَبَانَآ کی ترکیب آیت نمبر ۱۱ میں دیکھیں اور یہ منادیٰ ہے اِنَّ حرف تحقیق نَا ضمیر اس کا اسم ذَهَبْنَا فعل نَا ضمیر فاعل نَسْتَبِقُ فعل نَحْنُ مستتر فاعل سے مل کر حال، ذوالحال باحال فاعل ذَهَبْنَا فعل بافاعل معطوف علیہ، واؤ عاطفہ تَرَكْنَا فعل نَا ضمیر فاعل یُوْسُفَ مفعول بہ عِنْدَ مَتَاعِنَا مرکب اضافی مفعول فیہ، فعل بافاعل ومفعولین جملہ فعلیہ خبریہ معطوف اول، فَاء عاطفہ اَكَلَهُ فعل ہٗ ضمیر مفعول بہ الذِّئْبُ فاعل، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف ثانی، معطوف علیہ یا معطوفین خبر، اِنَّ با اسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ جواب ندا، مدعا جواب جملہ انشائیہ ندائیہ مقولہ، قول با مقولہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

واؤ استینافیہ مَا حجازیہ اَنْتَ ضمیر اس کا اسم بِاء جارہ زائدہ مُؤْمِنٍ اسم فاعل اَنْتَ مستتر فاعل لَنَا جار با مجرور متعلق ہوئے، اسم فاعل بافاعل ومتعلق شبہ جملہ حالیہ مجرور محلاً منصوب خبر، مَا حجازیہ با اسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔ واؤ حالیہ لَوْ شرطیہ كُنَّا فعل نا قص نَا ضمیر اس کا اسم صٰدِقِيْنَ اسم فاعل نَحْنُ مستتر فاعل سے مل کر خبر، فعل ناقص با اسم وخبر جملہ فعلیہ خبریہ شرط، جزاء محذوف ہے مَا اَنْتَ بِمُؤْمِنٍ لَّنَا، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہو کر مُؤْمِنٍ کی اَنْتَ ضمیر سے حال ہے۔

وَجَآءُوْا عَلٰى قَمِيْصِهٖ بِدَمٍ كَذِبٍ ؕ قَالَ بَلْ سَوَّلَتْ لَكُمْ اَنْفُسُكُمْ اَمْرًا ؕ فَصَبْرٌ جَمِيْلٌ ؕ وَاللّٰهُ الْمُسْتَعَانُ عَلٰى مَا تَصِفُوْنَ ۝

آیت نمبر ۱۸: واؤ عاطفہ جَآءُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل عَلٰى قَمِيْصِهٖ ظرف مستقر كَذِبٍ کے متعلق ہو کر حال مقدم بِاء جارہ دَمٍ كَذِبٍ مرکب توصیفی ذوالحال مؤخر، ذوالحال باحال مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل بافاعل ومتعلق جملہ معطوفہ ہوا۔ قَالَ فعل ھُوَ مستتر فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ قول، بَلْ حرف عطف اور معطوف علیہ محذوف ہے لَمْ تَصْدُقُوْا فِيْ كَلَامِكُمْ، سَوَّلَتْ فعل لَكُمْ جار با مجرور متعلق ہوئے اَنْفُسُكُمْ مرکب اضافی فاعل اَمْرًا مفعول بہ، چاروں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ یا معطوف مقولہ، قول با مقولہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

فَاء فصیحہ اور شرط محذوف ہے اِذَا كَانَ الْاَمْرُ كَذٰلِكَ صَبْرٌ جَمِيْلٌ مرکب توصیفی خبر ہے مبتدا محذوف اَمْرِیْ کی، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اَللّٰهُ مبتدا اَلْمُسْتَعَانُ اسم مفعول ھُوَ مستتر نائب فاعل عَلٰى حرف جار مَا موصولہ تَصِفُوْنَ فعل باواؤ ضمیر فاعل جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول با صلہ مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے، اسم مفعول با نائب فاعل ومتعلق شبہ جملہ خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ یا معطوف جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

وَجَآءَتْ سَيَّارَةٌ فَاَرْسَلُوْا وَارِدَهُمْ فَاَدْلٰى دَلْوَهٗ ؕ قَالَ يٰبُشْرٰى هٰذَا غُلٰمٌ ؕ وَاَسَرُّوْهُ بِضَاعَةً ؕ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌۢ بِمَا يَعْمَلُوْنَ ۝

آیت نمبر ۱۹: واؤ استینافیہ جَآءَتْ فعل سَيَّارَةٌ فاعل، دونوں مل کر معطوف علیہ، فَاء عاطفہ اَرْسَلُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل وَارِدَهُمْ مرکب اضافی مفعول بہ، تینوں مل کر معطوف اول، فَاء عاطفہ اَدْلٰى فعل ھُوَ مستتر فاعل دَلْوَهٗ مرکب اضافی مفعول بہ، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف ثانی، معطوف علیہ یا معطوفین جملہ معطوفہ مستانفہ ہوا۔ قَالَ فعل ھُوَ مستتر فاعل سے مل کر قول، یٰ حرف ندا اَدْعُوْا کے قائم

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

مقام، اُدْعُوْا فعل اَنَا ضمیر فاعل بِشْرٰی مفعول بہ، تینوں مل کر جملہ انشائیہ ہو کر ندا، ھٰذَا غُلٰمٌ مبتدا یا خبر جملہ اسمیہ خبریہ جواب ندا، ندا یا جواب مقولہ، قول یا مقولہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

واؤ استینافیہ اَسَرُّوْا فعل واؤ ضمیر فاعل ہٗ ضمیر مفعول بہ بِضَاعَۃً "جَاعِلِیْنَہٗ کا مفعول بہ ہو کر اَسَرُّوْا کی ضمیر فاعل سے حال ہے، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ اَسَرُّوْا پر معطوف ہے یا جملہ مستانفہ ہے۔ واؤ استینافیہ اَللّٰہُ مبتدا عَلِیْمٌ صیغہ صفت ھُوَ مستتر فاعل بِمَا جار مجرور مَا موصولہ یَعْمَلُوْنَ فعل یا واؤ ضمیر فاعل جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول با صلہ مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے، صیغہ صفت با فاعل و متعلق شبہ جملہ ہو کر خبر، مبتدا یا خبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

وَ شَرَوْهُ بِثَمَنٍ بَخْسٍ دَرَاهِمَ مَعْدُوْدَةٍ ۚ وَ كَانُوْا فِيْهِ مِنَ الزّٰهِدِيْنَ ۝

آیت نمبر ۲۰: واؤ عاطفہ شَرَوْا فعل واؤ ضمیر فاعل ہٗ ضمیر مفعول بہ بِثَمَنٍ جار مجرور بَخْسٍ مرکب توصیفی مبدل منہ دَرَاهِمَ مَعْدُوْدَةٍ مرکب توصیفی بدل، مبدل منہ بابدل مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے، چاروں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ كَانُوْا فعل ناقص واؤ ضمیر اسم فِيْهِ جار با مجرور متعلق مقدم مِنَ حرف جار الزّٰهِدِيْنَ اسم فاعل ھُمْ مستتر فاعل و متعلق مقدم سے مل کر شبہ جملہ ہو کر مجرور، جار با مجرور ظرف مستقر كَائِنِيْنَ کے متعلق ہو کر شبہ جملہ ہو کر خبر، فعل ناقص با اسم و خبر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ یا معطوف اَسَرُّوْا پر معطوف ہے۔

❁ رکوع نمبر ۳ ❁

وَ قَالَ الَّذِي اشْتَرٰىهُ مِنْ مِّصْرَ لِامْرَاَتِهٖۤ اَكْرِمِيْ مَثْوٰىهُ عَسٰۤى اَنْ يَّنْفَعَنَاۤ اَوْ نَتَّخِذَهٗ وَلَدًا ؕ وَ كَذٰلِكَ مَكَّنَّا لِيُوْسُفَ فِي الْاَرْضِ ۪ وَ لِنُعَلِّمَهٗ مِنْ تَاْوِيْلِ الْاَحَادِيْثِ ؕ وَ اللّٰهُ غَالِبٌ عَلٰۤى اَمْرِهٖ وَ لٰكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ لَا يَعْلَمُوْنَ ۝

آیت نمبر ۲۱: واؤ عاطفہ اور معطوف علیہ محذوف ہے دَخَلُوْا مِصْرَ وَعَرَضُوْهُ لِلْبَيْعِ، قَالَ فعل اَلَّذِي اسم موصول اِشْتَرٰى فعل ھُوَ ضمیر مستتر فاعل ہٗ ضمیر مفعول بہ مِنْ مِّصْرَ ظرف مستقر كَائِنًا کے متعلق ہو کر اِشْتَرٰى کی ضمیر فاعل سے حال ہے۔ لِامْرَاَتِهٖ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل با فاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول با صلہ قَالَ کا فاعل، فعل با فاعل جملہ فعلیہ خبریہ قول، اَكْرِمِيْ فعل امر یاء ضمیر ظاہر فاعل مَثْوٰىهُ مرکب اضافی مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ انشائیہ مقولہ، قول با مقولہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف ہے، معطوف علیہ محذوف با معطوف جملہ معطوفہ ہوا۔

عَسٰى فعل مقارب ھُوَ مستتر اس کا اسم اَنْ مصدریہ ناصبہ يَّنْفَعَ فعل ھُوَ مستتر فاعل نَا ضمیر مفعول بہ، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ ہا، واؤ عاطفہ نَتَّخِذَ فعل نَحْنُ مستتر فاعل ہٗ ضمیر مفعول بہ اول وَلَدًا مفعول بہ ثانی، فعل با فاعل و مفعولین معطوف، معطوف علیہ یا معطوف بتاویل مصدر خبر، فعل مقارب با اسم و خبر جملہ فعلیہ انشائیہ مُطْلِقہ ہوا۔ واؤ استینافیہ فیہ كَذٰلِكَ جار با مجرور كَائِنًا کے متعلق ہو کر بواسطہ موصوف محذوف تَمْكِيْنًا کے مفعول مطلق مقدم مَكَّنَّا فعل نَا ضمیر فاعل لِيُوْسُفَ جار با مجرور ظرف لغو متعلق اول ہوئے فِي الْاَرْضِ جار

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

بالجر ور ظرف لغو متعلق ثانی ہوئے، فعل بافاعل و مفعول مطلق و متعلقین جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

واؤ عاطفہ معطوف علیہ محذوف ہے لِيَحْكُمَ بِالْعَدْلِ (مظہری) لام جارہ يَحْكُمَ فعل هُوَ مستتر فاعل بِالْعَدْلِ متعلق ہوئے، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ بتاویل مصدر مجرور، جار با مجرور معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لام جارہ اور اس کے بعد اَنْ مقدر ہے لِيَعْلَمَ فعل نَحْنُ مستتر فاعل هٗ ضمیر مفعول بہ مِنْ جارہ تَاْوِيْلِ الْاَحَادِيْثِ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل بافاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ بتاویل مصدر مجرور، جار با مجرور معطوف، معطوف علیہ با معطوف مَكَّنَّا کے متعلق ہوئے۔ واؤ استیناف ہے اَللّٰهُ مبتدا، غَالِبٌ اسم فاعل هُوَ مستتر فاعل عَلٰٓى اَمْرِهٖ جار با مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے، اسم فاعل بافاعل و متعلق خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔ واؤ عاطفہ لٰكِنَّ حرف استدراک اَكْثَرَ النَّاسِ مرکب اضافی اسم لَا يَعْلَمُوْنَ فعل با واؤ ضمیر فاعل جملہ فعلیہ خبریہ خبر لٰكِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ جملہ اولیٰ پر معطوف ہے۔

وَلَمَّا بَلَغَ اَشُدَّهٗٓ اٰتَيْنٰهُ حُكْمًا وَّعِلْمًا ۭ وَكَذٰلِكَ نَجْزِي الْمُحْسِنِيْنَ ۝

آیت نمبر ۲۲ واؤ استیناف ہے لَمَّا شرطیہ مفعول فیہ مقدم بَلَغَ فعل هُوَ مستتر فاعل اَشُدَّهٗ مرکب اضافی مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ شرط اٰتَيْنَا فعل نا ضمیر فاعل هٗ ضمیر مفعول بہ حُكْمًا وَّعِلْمًا معطوف علیہ با معطوف مفعول بہ ثانی، فعل بافاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔ واؤ عاطفہ كَذٰلِكَ جار با مجرور ظرف مستقر كَائِنًا کے متعلق ہو کر بواسطہ موصوف محذوف جَزَاءً کے مفعول مطلق مقدم نَجْزِي فعل نَحْنُ مستتر فاعل الْمُحْسِنِيْنَ مفعول بہ، چاروں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

وَرَاوَدَتْهُ الَّتِيْ هُوَ فِيْ بَيْتِهَا عَنْ نَّفْسِهٖ وَغَلَّقَتِ الْاَبْوَابَ وَقَالَتْ هَيْتَ لَكَ ۭ قَالَ مَعَاذَ اللّٰهِ اِنَّهٗ رَبِّيْٓ اَحْسَنَ مَثْوَايَ ۭ اِنَّهٗ لَا يُفْلِحُ الظّٰلِمُوْنَ ۝

آیت نمبر ۲۳ واؤ استیناف ہے رَاوَدَتْ فعل هُ ضمیر مفعول بہ مقدم اَلَّتِيْ اسم موصول هُوَ ضمیر مبتدا فِيْ بَيْتِهَا ظرف مستقر كَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ صلہ، موصول با صلہ فاعل عَنْ جارہ نَّفْسِهٖ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل با فاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ ہوا۔ واؤ عاطفہ غَلَّقَتْ فعل هِيَ مستتر فاعل الْاَبْوَابَ مفعول بہ، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف اول ہوا۔ واؤ عاطفہ قَالَتْ فعل هِيَ مستتر فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ قول هَيْتَ اسم فعل بمعنی اَقْبِلْ اَنْتَ مستتر فاعل لَكَ جار با مجرور متعلق ہوئے، تینوں مل کر جملہ انشائیہ امریہ مقولہ، قول با مقولہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف ثانی، معطوف علیہ با معطوف جملہ معطوفہ ہوا۔

قَالَ فعل هُوَ مستتر فاعل، دونوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ قول مَعَاذَ اللّٰهِ مرکب اضافی فعل محذوف اَعُوْذُ کا مفعول مطلق، اَعُوْذُ فعل اَنَا ضمیر فاعل و مفعول مطلق جملہ فعلیہ خبریہ مقولہ، قول با مقولہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ اِنَّ حرف تحقیق هٗ ضمیر اس کا اسم رَبِّيْ مرکب اضافی خبر اول، اَحْسَنَ فعل هُوَ مستتر فاعل مَثْوَايَ مرکب اضافی مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ خبر ثانی اِنَّ با اسم و خبرین جملہ اسمیہ خبریہ مثبتہ ہوا۔ اِنَّ حرف تحقیق هٗ ضمیر اسم لَا يُفْلِحُ فعل الظّٰلِمُوْنَ فاعل، فعل با فاعل جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر خبر اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ جملہ اولیٰ سے بدل ہے۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

وَلَقَدْ هَمَّتْ بِهٖ ۚ وَهَمَّ بِهَا لَوْلَآ اَنْ رَّاٰ بُرْهَانَ رَبِّهٖ ؕ كَذٰلِكَ لِنَصْرِفَ عَنْهُ السُّوْٓءَ وَ الْفَحْشَآءَ ؕ اِنَّهٗ مِنْ عِبَادِنَا الْمُخْلَصِيْنَ ۝

آیت نمبر ۲۴: واؤ عاطفہ لام موطئہ للقسم اور قسم محذوف ہے قَدْ علامت فعل ہِیَ مستتر فاعل بِہٖ جار بامجرور متعلق ہوئے، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ ھَمَّ فعل ھُوَ مستتر فاعل بِھَا جار بامجرور متعلق ہوئے تینوں مل کر معطوف، معطوف علیہ بامعطوف جواب قسم، قسم بامجواب قسم جملہ انشائیہ قسمیہ ہوا۔ لَوْلَا حرف امتناع اَنْ مصدریہ رَاٰ فعل ھُوَ مستتر فاعل بُرْھَانَ رَبِّہٖ مرکب اضافی مفعول بہ، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ بتاویل مصدر مبتداء خبر محذوف ہے مَوْجُوْدَةٌ، مبتدا بامخبر جملہ اسمیہ خبریہ شرط، جزاء محذوف ہے تَجَامَعَھَا (مظہری) یا لَھَمَّ بِھَا ہے، شرط بامجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

كَذٰلِكَ ظرف مستقر متعلق ہوئے فعل محذوف فَعَلْنَا کے، فَعَلْنَا فعل تا ضمیر فاعل لام جارہ نَصْرِفَ فعل نَحْنُ مستتر فاعل عَنْهُ جار بامجرور ظرف لغو متعلق ہوئے اَلسُّوْءَ وَالْفَحْشَآءَ معطوف علیہ بامعطوف مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ، متعلق جملہ فعلیہ خبریہ بتاویل مصدر مجرور، جار بامجرور فَعَلْنَا کے متعلق ہوئے، فعل بافاعل ومتعلقین جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ اِنَّ حرف تحقیق ہٗ ضمیر اسم مِنْ جارہ عِبَادِنَا مرکب اضافی موصوف اَلْمُخْلَصِيْنَ اسم مفعول ھُمْ ضمیر مستتر نائب فاعل سے مل کر صفت، موصوف بہ صفت مجرور، جار بامجرور کَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر اِنَّ بااسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ معللہ ہوا۔

وَاسْتَبَقَا الْبَابَ وَقَدَّتْ قَمِيْصَهٗ مِنْ دُبُرٍ وَّاَلْفَيَا سَيِّدَهَا لَدَا الْبَابِ ؕ قَالَتْ مَا جَزَآءُ مَنْ اَرَادَ بِاَهْلِكَ سُوْٓءًا اِلَّآ اَنْ يُّسْجَنَ اَوْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ۝

آیت نمبر ۲۵: واؤ عاطفہ اِسْتَبَقَا فعل الف ضمیر فاعل اَلْبَابَ منصوب بنزع الخافض متعلق ہوئے، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ قَدَّتْ فعل ھِیَ مستتر فاعل قَمِیْصَہٗ مرکب اضافی ذوالحال مِنْ دُبُرٍ ظرف مستقر کَائِنًا کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال باحال مفعول بہ، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف اول، واؤ عاطفہ اَلْفَیَا فعل، الف ضمیر فاعل سَیِّدَھَا مرکب اضافی مفعول بہ لَدَا الْبَابِ مرکب اضافی مفعول فیہ، چاروں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف ثانی، معطوف علیہ بامعطوفین جملہ معطوفہ ہوا۔ قَالَتْ فعل ھِیَ مستتر فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ قول، مَا نافیہ جَزَآءُ مضاف مَنْ اسم موصول اَرَادَ فعل ھُوَ مستتر فاعل بِاَھْلِكَ جار بامجرور ظرف لغو متعلق ہوئے سُوْٓءًا مفعول بہ، چاروں مل کر صلہ، موصول باصلہ مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ مبتداء اِلَّا حرف استثناء اَنْ مصدریہ یُسْجَنَ فعل مجہول ھُوَ مستتر نائب فاعل سے مل کر بتاویل مصدر معطوف علیہ، اَوْ عاطفہ عَذَابٌ اَلِیْمٌ مرکب توصیفی معطوف، معطوف علیہ بامعطوف خبر، مبتدا بامخبر جملہ اسمیہ خبریہ مقولہ، قول بامقولہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

قَالَ هِيَ رَاوَدَتْنِيْ عَنْ نَّفْسِيْ ۚ وَشَهِدَ شَاهِدٌ مِّنْ اَهْلِهَا ۚ اِنْ كَانَ قَمِيْصُهٗ قُدَّ مِنْ قُبُلٍ فَصَدَقَتْ وَهُوَ مِنَ الْكٰذِبِيْنَ ۝ وَاِنْ كَانَ قَمِيْصُهٗ قُدَّ مِنْ دُبُرٍ فَكَذَبَتْ وَهُوَ مِنَ الصّٰدِقِيْنَ ۝

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

آیت نمبر ۲۶ قَالَ فعل هُوَ مستتر فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ قول، یِ ضمیر مبتدا اور وَحَدَ فعل ہی مستتر فاعل نون وقایہ کا یَاء ضمیر مفعول بہ عَنْ نَّفْسِیْ جار مجرور متعلق ہوئے، فعل با فاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ خبر، مبتدا با خبر مقولہ، قول با مقولہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ واؤ عاطفہ شَهِدَ فعل شَاهِدٌ موصوف مِنْ اَهْلِهَا ظرف مستقر كَائِنٌ کے متعلق ہو کر صفت، موصوف با صفت فاعل، فعل با فاعل جملہ فعلیہ خبریہ قَالَ پر معطوف ہے۔ اِنْ شرطیہ كَانَ فعل ناقص قَمِيْصُهٗ مرکب اضافی اسم قُدَّ فعل مجہول هُوَ مستتر نائب فاعل مِنْ قُبُلٍ جار مجرور متعلق ہوئے، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ خبر، فعل ناقص با اسم و خبر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر شرط، فَاء جزائیہ صَدَقَتْ فعل ہی مستتر ذوالحال واؤ حالیہ هُوَ ضمیر مبتدا مِنَ جارہ الْكٰذِبِيْنَ مجرور، دونوں مل کر ظرف مستقر كَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ حال، ذوالحال با حال صَدَقَتْ کا فاعل، فعل با فاعل جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اِنْ كَانَ قَمِيْصُهٗ قُدَّ مِنْ دُبُرٍ فَكَذَبَتْ وَهُوَ مِنَ الصّٰدِقِيْنَ کی ترکیب اِنْ كَانَ قَمِيْصُهٗ قُدَّ مِنْ قُبُلٍ فَصَدَقَتْ وَهُوَ مِنَ الْكٰذِبِيْنَ کی مثل ہے اور یہ شرط با جزاء معطوف ہے، معطوف علیہ با معطوف قول محذوف فَقَالَ شَاهِدٌ مِّنْ اَهْلِهَا کا مقولہ ہے، قول با مقولہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

فَلَمَّا رَاٰ قَمِيْصَهٗ قُدَّ مِنْ دُبُرٍ قَالَ اِنَّهٗ مِنْ كَيْدِكُنَّ ؕ اِنَّ كَيْدَكُنَّ عَظِيْمٌ ﴿۲۸﴾

آیت نمبر ۲۸ فَاء عاطفہ لَمَّا شرطیہ مفعول فیہ مقدم رَاٰ فعل هُوَ مستتر فاعل قَمِيْصَهٗ مرکب اضافی ذوالحال قُدَّ فعل مجہول هُوَ مستتر نائب فاعل مِنْ دُبُرٍ ظرف لغو متعلق ہوئے، فعل مجہول با نائب فاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ حال، ذوالحال با حال مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ شرط، قَالَ فعل هُوَ مستتر فاعل سے مل کر قول اِنَّ حرف تحقیق هٗ ضمیر اس کا اسم مِنْ حرف جار كَيْدِ كُنَّ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور ظرف مستقر كَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ مقولہ، قول با مقولہ جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔ اِنَّ حرف تحقیق كَيْدَ كُنَّ مرکب اضافی اسم عَظِيْمٌ صیغہ صفت هُوَ مستتر فاعل سے مل کر خبر اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ معللہ ہوا۔

يُوْسُفُ اَعْرِضْ عَنْ هٰذَا ۚ وَاسْتَغْفِرِيْ لِذَنْۢبِكِ ۖ اِنَّكِ كُنْتِ مِنَ الْخٰطِـِٕيْنَ ﴿۲۹﴾

آیت نمبر ۲۹ يُوْسُفُ یہ اصل میں يَا يُوْسُفُ ہے اور یہ نداء ہے اَعْرِضْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل عَنْ هٰذَا جار با مجرور متعلق ہوئے، تینوں مل کر جملہ انشائیہ نداء کا جواب، نداء با جواب جملہ انشائیہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ يَا زُلَيْخَا نداء مقدر ہے وَاسْتَغْفِرِيْ فعل امر يَاء ضمیر فاعل لِذَنْۢبِكِ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے، تینوں مل کر جملہ انشائیہ نداء کا جواب ہے، نداء با جواب جملہ انشائیہ ندائیہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ معطوفہ ہوا۔ اِنَّ حرف تحقیق كَاف ضمیر اس کا اسم كُنْتِ فعل ناقص تَاء مضمومہ اس کا فاعل مکسورہ ضمیر اس کا اسم مِنَ الْخٰطِـِٕيْنَ ظرف مستقر كَائِنَةً کے متعلق ہو کر خبر، فعل ناقص با اسم و خبر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر خبر اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ معللہ ہوا۔

❁ رکوع نمبر ۳ ❁

وَقَالَ نِسْوَةٌ فِي الْمَدِيْنَةِ امْرَاَتُ الْعَزِيْزِ تُرَاوِدُ فَتٰىهَا عَنْ نَّفْسِهٖ ۚ قَدْ شَغَفَهَا حُبًّا ؕ اِنَّا لَنَرٰىهَا فِيْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ ﴿۳۰﴾

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

آیت نمبر ۳۰ نِسْوَةٌ اسم تا فِيْ قَالَ فعل نِسْوَةٌ موصوف فِي الْمَدِيْنَةِ ظرف مستقر كَائِنَةٌ کے متعلق ہو کر صفت، موصوف باصفت فاعل، دونوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ قول، اِمْرَاَتُ الْعَزِيْزِ مرکب اضافی مبتدا تُرَاوِدُ فعل هِيَ مستتر فاعل فَتٰىهَا مرکب اضافی مفعول بہ عَنْ نَّفْسِهٖ جار یا مجرور متعلق ہوئے، فعل با فاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ مقولہ، قول با مقولہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ قَدْ علامت فعل شَغَفَ فعل هُوَ مستتر فاعل هَا مفعول بہ حُبًّا تمیز چاروں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ تُرَاوِدُ کی ضمیر فاعل یا ضمیر مفعول سے حال ہے یا اِمْرَاَتُ الْعَزِيْزِ کی خبر ثانی ہے۔ اِنَّ حرف تحقیق نَا ضمیر اس کا اسم لام مزحلقہ لَنَرٰى فعل نَحْنُ مستتر فاعل هَا ضمیر مفعول بہ فِيْ حرف جار ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ مرکب توصیفی مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل با فاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر خبر اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

فَلَمَّا سَمِعَتْ بِمَكْرِهِنَّ اَرْسَلَتْ اِلَيْهِنَّ وَاَعْتَدَتْ لَهُنَّ مُتَّكَاً وَّاٰتَتْ كُلَّ وَاحِدَةٍ مِّنْهُنَّ سِكِّيْنًا وَّقَالَتِ اخْرُجْ عَلَيْهِنَّ ۚ فَلَمَّا رَاَيْنَهٗۤ اَكْبَرْنَهٗ وَقَطَّعْنَ اَيْدِيَهُنَّ وَقُلْنَ حَاشَ لِلّٰهِ مَا هٰذَا بَشَرًا اِنْ هٰذَاۤ اِلَّا مَلَكٌ كَرِيْمٌ ۝

آیت نمبر ۳۱ فَاء عاطفہ لَمَّا شرطیہ مفعول فیہ مقدم سَمِعَتْ فعل هِيَ مستتر فاعل بَاء جار مَكْرِهِنَّ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر شرط، اَرْسَلَتْ فعل هِيَ مستتر فاعل اِلَيْهِنَّ جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل با فاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اَعْتَدَتْ فعل هِيَ مستتر فاعل لَهُنَّ متعلق ہوئے مُتَّكَاً مفعول بہ، چاروں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف اول، واؤ عاطفہ اٰتَتْ فعل هِيَ مستتر فاعل كُلَّ مضاف وَاحِدَةٍ موصوف مِّنْهُنَّ ظرف مستقر كَائِنَةٍ کے متعلق ہو کر صفت، موصوف باصفت مضاف الیہ، مضاف با مضاف الیہ مفعول بہ اول سِكِّيْنًا مفعول بہ ثانی، فعل با فاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ معطوف ثانی، واؤ عاطفہ قَالَتِ فعل هِيَ مستتر فاعل جملہ فعلیہ خبریہ قول اُخْرُجْ فعل امر اَنْتَ مستتر وا الحال عَلَيْهِنَّ ظرف مستقر مُطِلًّا کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال با حال فاعل، فعل با فاعل جملہ انشائیہ مقولہ، قول با مقولہ معطوف ثالث، معطوف علیہ با معطوفات ثلاثہ جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

فَاء عاطفہ لَمَّا شرطیہ رَاَيْنَ فعل نون متوحہ فاعل هٗ ضمیر مفعول بہ، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر شرط، اَكْبَرْنَ فعل نون متوحہ فاعل هٗ ضمیر مفعول بہ، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ قَطَّعْنَ فعل نون متوحہ فاعل اَيْدِيَهُنَّ مرکب اضافی مفعول بہ، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف اول، واؤ عاطفہ قُلْنَ فعل نون متوحہ فاعل، دونوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ قول، مَا حجازیہ هٰذَا اس کا اسم بَشَرًا خبر، مَا حجازیہ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ مقولہ، قول با مقولہ معطوف ثانی، معطوف علیہ با معطوفین جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ معطوفہ ہوا۔ حَاشَ اسم فعل بمعنی جَانَبَ (روح المعانی) هُوَ مستتر راجع اِلٰى يُوْسُفَ فاعل، لِلّٰهِ جار با مجرور متعلق ہوئے، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معترضہ ہوا۔ اور عند ابن الحاجب اسم فعل بمعنی بُرْءَ ہے۔ اِنْ نافیہ هٰذَا اسم اشارہ مبتدا اِلَّا حرف استثناء مَلَكٌ كَرِيْمٌ مرکب توصیفی خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

قَالَتْ فَذٰلِكُنَّ الَّذِيْ لُمْتُنَّنِيْ فِيْهِ ؕ وَلَقَدْ رَاوَدْتُّهٗ عَنْ نَّفْسِهٖ فَاسْتَعْصَمَ ؕ وَلَئِنْ لَّمْ

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

يَفْعَلُ مَآ اٰمُرُهٗ لَيُسْجَنَنَّ وَلَيَكُوْنًا مِّنَ الصّٰغِرِيْنَ ۝

آیت نمبر ۳۲: قَالَتْ فعل ہِیَ مستتر فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ قول، فَذٰلِكُنَّ مبتدا الَّذِیْ اسم موصول لُمْتُنَّنِیْ فعل نون مفتوحہ فاعل نون وقایہ کا، یَاء ضمیر مفعول بہ فِیْهِ جار بامجرور متعلق ہوئے، فعل بافاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ جزاء، شرط باجزاء مقولہ، قول بامقولہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا واؤ عاطفہ لَامِ موطئہ لقسم اور قسم محذوف ہے قَدْ علامت فعل رَاوَدْتُّ فعل فاعل مضمومہ فاعل ہٗ ضمیر مفعول بہ عَنْ نَّفْسِهٖ جار بامجرور متعلق ہوئے، چاروں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ فَاء عاطفہ اِسْتَعْصَمَ فعل ھُوَ مستتر فاعل، دونوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف جواب قسم، قسم باجواب قسم جملہ انشائیہ قسمیہ معطوف علیہ واؤ عاطفہ لَامِ موطئہ لقسم اِنْ شرطیہ لَمْ یَفْعَلْ فعل ھُوَ مستتر فاعل مَآ اسم موصول اٰمُرُ فعل اَنَا مستتر فاعل ہٗ ضمیر مفعول بہ، تینوں مل کر صلہ موصول باصلہ مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ شرط لَيُسْجَنَنَّ فعل مجہول ھُوَ مستتر نائب فاعل، دونوں مل کر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لَيَكُوْنًا فعل ناقص ھُوَ مستتر اسم مِّنَ الصّٰغِرِيْنَ ظرف مستقر كَائِنًا کے متعلق ہو کر خبر، فعل ناقص باسم و خبر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ باجواب قسم اور شرط کی جزاء محذوف ہے جس پر جواب قسم دال ہے، قسم محذوف باجواب جملہ قسمیہ معطوف، معطوف علیہ باجواب جملہ معطوف ہوا۔

قَالَ رَبِّ السِّجْنُ اَحَبُّ اِلَيَّ مِمَّا يَدْعُوْنَنِيْٓ اِلَيْهِ ۚ وَاِلَّا تَصْرِفْ عَنِّيْ كَيْدَهُنَّ اَصْبُ اِلَيْهِنَّ وَاَكُنْ مِّنَ الْجٰهِلِيْنَ ۝

آیت نمبر ۳۳: قَالَ فعل ھُوَ مستتر فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ قول، رَبِّ اصل میں یَا رَبِّیْ ہے اور یہ منادا ہے السِّجْنُ مبتدا، اَحَبُّ اسم تفضیل ھُوَ مستتر فاعل اِلَيَّ جار بامجرور متعلق اول ہوئے مِمَّا جار مامجرور صلہ موصول یَدْعُوْنَنِیْ فعل نون مفتوحہ فاعل نون وقایہ کا، یَاء ضمیر مفعول بہ اِلَيْهِ جار بامجرور متعلق ہوئے، چاروں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول باصلہ مجرور، جار بامجرور متعلق ثانی ہوئے، اسم تفضیل بافاعل و متعلقین شبہ جملہ ہو کر خبر، مبتدا باخبر جواب ندا، پھر ندا باجواب جملہ انشائیہ ہو کر مقولہ، قول بامقولہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا واؤ عاطفہ اِلَّا حرف شرط لَا تَصْرِفْ فعل نفی اَنْتَ مستتر فاعل عَنِّیْ جار بامجرور متعلق ہوئے كَيْدَهُنَّ مرکب اضافی مفعول بہ، چاروں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر شرط، اَصْبُ فعل اَنَا مستتر فاعل اِلَيْهِنَّ جار بامجرور متعلق ہوئے، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ ہوا واؤ عاطفہ اَكُنْ فعل ناقص اَنَا مستتر اسم مِّنَ الْجٰهِلِيْنَ ظرف مستقر كَائِنًا کے متعلق ہو کر خبر، فعل ناقص باسم و خبر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ باجواب جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

فَاسْتَجَابَ لَهٗ رَبُّهٗ فَصَرَفَ عَنْهُ كَيْدَهُنَّ ۭ اِنَّهٗ هُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ۝

آیت نمبر ۳۴: فَاء عاطفہ اِسْتَجَابَ فعل لَهٗ جار بامجرور متعلق ہوئے رَبُّهٗ مرکب اضافی فاعل، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ فَاء عاطفہ صَرَفَ فعل ھُوَ مستتر فاعل عَنْهُ جار بامجرور متعلق ہوئے كَيْدَهُنَّ مرکب اضافی مفعول بہ، چاروں مل کر معطوف، معطوف علیہ باجواب جملہ معطوف ہوا۔ اِنَّ حرف مشبہ بالفعل ہٗ ضمیر اس کا اسم ھُوَ ضمیر برائے فصل اَلسَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ دو خبر یں اِنَّ باسم و خبرین جملہ اسمیہ خبریہ معطلہ ہوا۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

ثُمَّ بَدَا لَهُمْ مِّنْۢ بَعْدِ مَا رَاَوُا الْاٰيٰتِ لَيَسْجُنُنَّهٗ حَتّٰى حِيْنٍ ۝

آیت نمبر ۳۵: ثُمَّ حرف عطف بَدَا فعل هُوَ ضمیر مستتر مفسر لَيَسْجُنُنَّ فعل واؤ محذوف فاعل ہٗ ضمیر مفعول بہ حَتّٰى حِيْنٍ جار بامجرور متعلق ہوئے، فعل بافاعل ومفعول بہ متعلق جملہ فعلیہ خبریہ مفسر، مفسر بامفسر بَدَا کا فاعل لَهُمْ جار بامجرور متعلق ہوئے مِّنْۢ جارہ بَعْدِ مضاف مَا مصدریہ رَاَوُا فعل واؤ ضمیر فاعل الْاٰيٰتِ مفعول بہ، تینوں مل کر بتاویل مصدر مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ مجرور، جار بامجرور متعلق ثانی ہوئے، فعل بافاعل ومتعلقین جملہ فعلیہ خبریہ معطوفہ ہوا۔

❁ رکوع نمبر ۵ ❁

وَدَخَلَ مَعَهُ السِّجْنَ فَتَيٰنِ ۭ قَالَ اَحَدُهُمَآ اِنِّىْٓ اَرٰىنِيْٓ اَعْصِرُ خَمْرًا ۚ وَقَالَ الْاٰخَرُ اِنِّىْٓ اَرٰىنِيْٓ اَحْمِلُ فَوْقَ رَاْسِيْ خُبْزًا تَاْكُلُ الطَّيْرُ مِنْهُ ۭ نَبِّئْنَا بِتَاْوِيْلِهٖ ۚ اِنَّا نَرٰىكَ مِنَ الْمُحْسِنِيْنَ ۝

آیت نمبر ۳۶: واؤ استینافیہ دَخَلَ فعل مَعَهُ مرکب اضافی مفعول فیہ السِّجْنَ دوسرا مفعول فیہ فَتَيٰنِ فاعل، فعل بافاعل ومفعولین جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔ قَالَ فعل اَحَدُهُمَا مرکب اضافی فاعل، دونوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ قول اِنِّىْٓ حرف تحقیق یاء ضمیر اسم اَرٰى فعل اَنَا مستتر فاعل نون وقایہ کا یاء ضمیر مفعول بہ اول اَعْصِرُ فعل خَمْرًا مفعول بہ، تینوں مل کر مفعول ثانی، یاأرٰی کی ضمیر فاعل سے حال ہے، فعل بافاعل ومفعولین جملہ فعلیہ خبریہ خبر اِنَّ یا اسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ مقولہ، قول بامقولہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ ہوا واؤ عاطفہ قَالَ فعل الْاٰخَرُ فاعل، فعل بافاعل جملہ فعلیہ خبریہ قول اِنِّىْٓ حرف تحقیق یاء ضمیر اس کا اسم اَرٰى فعل اَنَا مستتر فاعل نون وقایہ کا یاء ضمیر مفعول بہ اول اَحْمِلُ فعل اَنَا مستتر فاعل فَوْقَ رَاْسِيْ مرکب اضافی مفعول فیہ خُبْزًا موصوف تَاْكُلُ فعل الطَّيْرُ فاعل مِنْهُ جار بامجرور متعلق ہوئے، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر خُبْزًا کی صفت، موصوف بامفعت اَحْمِلُ کا مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعولین جملہ فعلیہ خبریہ خبر اِنَّ یا اسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ مقولہ، قول بامقولہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف جملہ معطوفہ ہوا۔

نَبِّئْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل نَا ضمیر مفعول بہ اول بَاء جارہ تَاْوِيْلِهٖ مرکب اضافی مجرور، جار بامجرور متعلق ہوئے، فعل بافاعل ومفعول بہ متعلق جملہ انشائیہ امریہ ہوا اِنَّ حرف تحقیق نَا ضمیر اسم نَرٰى فعل نَحْنُ مستتر فاعل كَ ضمیر مفعول بہ مِنَ الْمُحْسِنِيْنَ جار بامجرور متعلق ہوئے، فعل بافاعل ومفعول بہ متعلق جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر خبر اِنَّ بااسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ معللہ ہوا۔

قَالَ لَا يَاْتِيْكُمَا طَعَامٌ تُرْزَقٰنِهٖٓ اِلَّا نَبَّاْتُكُمَا بِتَاْوِيْلِهٖ قَبْلَ اَنْ يَّاْتِيَكُمَا ۭ ذٰلِكُمَا مِمَّا عَلَّمَنِيْ رَبِّيْ ۭ اِنِّىْ تَرَكْتُ مِلَّةَ قَوْمٍ لَّا يُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ وَهُمْ بِالْاٰخِرَةِ هُمْ كٰفِرُوْنَ ۝ وَاتَّبَعْتُ مِلَّةَ اٰبَاۗءِيْٓ اِبْرٰهِيْمَ وَاِسْحٰقَ وَيَعْقُوْبَ ۭ مَا كَانَ لَنَآ اَنْ نُّشْرِكَ بِاللّٰهِ مِنْ شَيْءٍ ۭ ذٰلِكَ مِنْ فَضْلِ اللّٰهِ عَلَيْنَا وَعَلَي النَّاسِ وَلٰكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ لَا يَشْكُرُوْنَ ۝

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

آیت نمبر ۳۷ قَالَ فعل هُوَ مستتر فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ قول، لَا يَأْتِيكُمَا فعل كُمَا ضمیر مفعول بہ طَعَامٌ موصوف تُرْزَقَانِ فعل مجہول الف ضمیر نائب فاعل ہ مفعول بہ، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ طَعَامٌ کی صفت، موصوف باصفت ذوالحال اِلَّا حرف استثناء نَبَّأْتُكُمَا فعل تاء مضمومہ فاعل كُمَا ضمیر مفعول بہ بِتَأْوِيلِهِ جار بامجرور متعلق ہوئے، چاروں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ حال، ذوالحال باحال لَا يَأْتِيكُمَا کا فاعل، فعل بافاعل ومفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ مقولہ، قول باقولہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ قَبْلَ مضاف اَنْ مصدری ونصب يَأْتِيَ فعل هُوَ مستتر فاعل كُمَا ضمیر مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ مضاف الیہ، مضاف باضاف الیہ نَبَّأْتُ کا مفعول فیہ ہے، ذٰلِكُمَا اسم اشارہ مبتدا، مِمَّا حرف جار مَا موصولہ عَلَّمَنِي فعل نون وقایہ کا یَاء ضمیر مفعول بہ رَبِّي مرکب اضافی فاعل، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول باصلہ مجرور، جار بامجرور ظرف مستقر كَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

اِنِّي حرف تحقیق یَاء ضمیر اس کا اسم تَرَكْتُ فعل تاء مضمومہ اس کا فاعل مِلَّةَ مضاف قَوْمٍ موصوف لَا يُؤْمِنُونَ فعل واؤ ضمیر فاعل بِاللّٰهِ جار بامجرور متعلق ہوئے، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ هُمْ ضمیر مبتدا، دوسری هُمْ ضمیر اس کی تاکید ہے بِالْاٰخِرَةِ جار بامجرور متعلق مقدم ہوئے كَافِرُونَ اسم فاعل هُمْ مستتر فاعل ومتعلق مقدم سے مل کر شبہ جملہ ہو کر خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ باعطوف قَوْمٍ کی صفت، موصوف باصفت مِلَّةَ کا مضاف الیہ، مضاف باضاف الیہ تَرَكْتُ کا مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اتَّبَعْتُ فعل تاء مضمومہ فاعل مِلَّةَ مضاف اٰبَآءِيْ مرکب اضافی مبدل منہ اِبْرٰهِيْمَ وَاِسْحٰقَ وَيَعْقُوْبَ معطوف علیہ باعطوفین بدل مبدل منہ بابدل مِلَّةَ کا مضاف الیہ، مضاف باضاف الیہ مفعول بہ، فعل بافاعل مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ باعطوف خبر، اِنَّ باسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

مَا نافیہ كَانَ فعل ناقص لَنَا ظرف مستقر كَائِنًا کے متعلق ہو کر خبر مقدم اَنْ حرف مصدری ونصب نُشْرِكَ فعل نَحْنُ مستتر فاعل بِاللّٰهِ جار بامجرور متعلق ہوئے مِنْ جار زائدہ شَيْءٍ لفظاً مجرور محلاً منصوب مفعول بہ، فعل بافاعل ومتعلق ومفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ تاویل مصدر اسم مؤخر كَانَ اپنے اسم وخبر سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ ذٰلِكَ اسم اشارہ مبتدا مِنْ حرف جار فَضْلِ مصدر مضاف لفظ اللّٰهِ مضاف الیہ معنی فاعل ہے عَلَيْنَا جار بامجرور معطوف علیہ، واؤ عاطفہ عَلَى النَّاسِ جار بامجرور معطوف، معطوف علیہ باعطوف ظرف لغو فَضْلِ کے متعلق ہوئے، مصدر اپنے مضاف الیہ اور متعلق سے مل کر مجرور، جار بامجرور كَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف علیہ ہوا واؤ عاطفہ لٰكِنَّ حرف استدراک اَكْثَرَ النَّاسِ مرکب اضافی اس کا اسم لَا يَشْكُرُوْنَ فعل باواؤ ضمیر فاعل خبر لٰكِنَّ باسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ باعطوف جملہ معطوفہ ہوا۔

يٰصَاحِبَيِ السِّجْنِ ءَاَرْبَابٌ مُّتَفَرِّقُوْنَ خَيْرٌ اَمِ اللّٰهُ الْوَاحِدُ الْقَهَّارُ ﴿۳۹﴾

آیت نمبر ۳۹ يَا حرف نداء اُدْعُوْا کے قائم مقام، اُدْعُوْا فعل اَنَا مستتر فاعل صَاحِبَيِ السِّجْنِ مرکب اضافی منادیٰ مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ جملہ فعلیہ انشائیہ ہو کر نداء، ھمزہ حرف استفہام اَرْبَابٌ مُّتَفَرِّقُوْنَ مرکب توصیفی مبتدا خَيْرٌ اسم تفضیل هُمْ مستتر فاعل سے مل کر خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ انشائیہ معطوف علیہ اَمْ حرف عطف اَللّٰهُ موصوف الْوَاحِدُ الْقَهَّارُ اس کی دو صفت، موصوف باصفتین مبتدا اور خبر محذوف ہے خَيْرٌ، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ انشائیہ معطوف، معطوف علیہ باعطوف نداء کا جواب، ندا باجواب جملہ انشائیہ

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

ندائیہ ہوا۔

مَا تَعْبُدُوْنَ مِنْ دُوْنِهٖۤ اِلَّاۤ اَسْمَآءً سَمَّيْتُمُوْهَاۤ اَنْتُمْ وَاٰبَآؤُكُمْ مَّاۤ اَنْزَلَ اللّٰهُ بِهَا مِنْ سُلْطٰنٍ ؕ اِنِ الْحُكْمُ اِلَّا لِلّٰهِ ؕ اَمَرَ اَلَّا تَعْبُدُوْۤا اِلَّاۤ اِيَّاهُ ؕ ذٰلِكَ الدِّيْنُ الْقَيِّمُ وَلٰكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ لَا يَعْلَمُوْنَ ۝

آیت نمبر ۴۰: مَا نافیہ تَعْبُدُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل مِنْ دُوْنِهٖ ظرف مستقر کَائِنَةً کے متعلق ہو کر حال مقدم اِلَّا حرف استثناء اَسْمَآءً موصوف سَمَّيْتُمُوْهَا فعل ثُمْ ضمیر مؤکد، اَنْتُمْ ضمیر تاکید، مؤکد باتاکید معطوف علیہ ہوا واؤ عاطفہ اٰبَآؤُكُمْ مرکب اضافی معطوف، معطوف علیہ با معطوف فاعل ھَا ضمیر مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ صفت اولیٰ، مَا نافیہ اَنْزَلَ فعل لفظ اللّٰهُ فاعل بِهَا جار با مجرور متعلق ہوئے مِنْ جارہ زائدہ سُلْطٰنٍ لفظاً مجرور محلاً منصوب مفعول بہ، فعل با فاعل و متعلق و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ اَسْمَآءً کی صفت ثانیہ، موصوف با صفتین ذوالحال مؤخر، ذوالحال با حال تَعْبُدُوْنَ کا مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ اِنِ نافیہ اَلْحُكْمُ مبتدا اِلَّا حرف استثناء لِلّٰهِ جار با مجرور ظرف مستقر کَائِنٌ کے متعلق ہو کر مستثنیٰ مفرغ خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

اَمَرَ فعل ھُوَ مستتر فاعل اَنْ حرف مصدری و نصب لَا تَعْبُدُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل اِلَّا حرف استثناء اِيَّاهُ مفعول بہ، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ بتاویل مصدر منصوب بنزع الخافض اَمَرَ کے متعلق ہوئے، فعل با فاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ ہوا ذٰلِكَ اسم اشارہ مبتدا اَلدِّيْنُ الْقَيِّمُ مرکب توصیفی خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لٰكِنَّ حرف استدراک اَكْثَرَ النَّاسِ مرکب اضافی اس کا اسم لَا يَعْلَمُوْنَ فعل با واؤ ضمیر فاعل جملہ فعلیہ خبریہ لٰكِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف، دونوں مل کر جملہ معطوفہ ہوا۔

يٰصَاحِبَيِ السِّجْنِ اَمَّاۤ اَحَدُكُمَا فَيَسْقِيْ رَبَّهٗ خَمْرًا ۚ وَاَمَّا الْاٰخَرُ فَيُصْلَبُ فَتَاْكُلُ الطَّيْرُ مِنْ رَّاْسِهٖ ؕ قُضِيَ الْاَمْرُ الَّذِيْ فِيْهِ تَسْتَفْتِيٰنِ ۝

آیت نمبر ۴۱: يٰصَاحِبَيِ السِّجْنِ اس کی ترکیب آیت نمبر ۳۹ میں دیکھئے اور یہ ندا ہے اَمَّا حرف شرط و تفسیر اَحَدُكُمَا مرکب اضافی مبتدا مقام جزا ہے يَسْقِيْ فعل ھُوَ مستتر فاعل رَبَّهٗ مرکب اضافی مفعول بہ اول خَمْرًا مفعول بہ ثانی، فعل با فاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اَمَّا حرف شرط و تفسیر اَلْاٰخَرُ مبتدا، فاء جزائیہ يُصْلَبُ فعل مجہول ھُوَ مستتر نائب فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ فاء عاطفہ تَاْكُلُ فعل اَلطَّيْرُ فاعل مِنْ جارہ رَاْسِهٖ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل با فاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف جواب ندا، ندا با جواب جملہ انشائیہ ندائیہ مستانفہ ہوا۔

قُضِيَ فعل مجہول اَلْاَمْرُ موصوف اَلَّذِيْ اسم موصول فِيْهِ جار با مجرور متعلق مقدم ہوئے تَسْتَفْتِيٰنِ فعل الف ضمیر فاعل اور متعلق مقدم سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول با صلہ اَلْاَمْرُ کی صفت، موصوف با صفت نائب فاعل، فعل مجہول با نائب فاعل جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

وَ قَالَ لِلَّذِیْ ظَنَّ اَنَّهٗ نَاجٍ مِّنْهُمَا اذْكُرْنِیْ عِنْدَ رَبِّكَ فَاَنْسٰىهُ الشَّیْطٰنُ ذِكْرَ رَبِّهٖ فَلَبِثَ فِی السِّجْنِ بِضْعَ سِنِیْنَ ﴿۴۲﴾

آیت نمبر ۴۲ واؤ استینافیہ قَالَ فعل ھُوَ مستتر فاعل لَامِ حرف جار اَلَّذِیْ اسم موصول ظَنَّ فعل ھُوَ مستتر فاعل اَنَّ حرف تحقیق ہٗ ضمیر اس کا اسم نَاجٍ اسم فاعل ھُوَ مستتر ذوالحال مِنْھُمَا ظرف مستقر کَائِنًا کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال یا حال فاعل، اسم فاعل با فاعل شبہ جملہ ہو کر خبر اَنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ ظَنَّ کے دو مفعول کے قائم مقام، فعل با فاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول با صلہ مجرور، جار با مجرور قَالَ کے متعلق ہوئے، فعل با فاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ قول، اُذْكُرْ فعل امر اَنْتَ مستتر ذوالحال عِنْدَ رَبِّكَ مرکب اضافی کَائِنًا کا مفعول فیہ ہو کر حال، ذوالحال با حال فاعل یا عِنْدَ رَبِّكَ مرکب اضافی اُذْكُرْ کا مفعول فیہ ہے، نون وقایہ کا یَاء ضمیر مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ انشائیہ مقولہ، قول با مقولہ جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔ فَاء عاطفہ اَنْسٰى فعل ہٗ ضمیر مفعول بہ اوّل اَلشَّیْطٰنُ فاعل ذِكْرَ رَبِّهٖ مرکب اضافی مفعول بہ ثانی سپاروں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ مقام عاطفہ لَبِثَ فعل ھُوَ مستتر فاعل فِی السِّجْنِ جار با مجرور ظرف مستقر کَائِنًا کے متعلق ہو کر لَبِثَ کی ضمیر فاعل سے حال ہے بِضْعَ سِنِیْنَ مرکب اضافی مفعول فیہ، فعل با فاعل و مفعول فیہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ معطوفہ ہوا۔

❁ رکوع نمبر ۶ ❁

وَقَالَ الْمَلِكُ اِنِّیْۤ اَرٰی سَبْعَ بَقَرٰتٍ سِمَانٍ یَّاْكُلُهُنَّ سَبْعٌ عِجَافٌ وَّسَبْعَ سُنْۢبُلٰتٍ خُضْرٍ وَّاُخَرَ یٰبِسٰتٍ ؕ یٰۤاَیُّهَا الْمَلَاُ اَفْتُوْنِیْ فِیْ رُءْیَایَ اِنْ كُنْتُمْ لِلرُّءْیَا تَعْبُرُوْنَ ﴿۴۳﴾

آیت نمبر ۴۳: واؤ استینافیہ قَالَ الْمَلِكُ فعل با فاعل جملہ فعلیہ خبریہ قول، اِنِّیْ حرف تحقیق یَاء ضمیر اس کا اسم اَرٰی فعل اَنَا مستتر فاعل سَبْعَ مضاف بَقَرٰتٍ موصوف سِمَانٍ صفت، موصوف با صفت مضاف الیہ، مضاف با مضاف الیہ مفعول بہ اوّل یَاْكُلُ فعل ھُنَّ ضمیر مفعول بہ سَبْعٌ عِجَافٌ مرکب توصیفی فاعل، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ مفعول بہ ثانی، فعل با فاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ مقولہ، قول با مقولہ جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

واؤ عاطفہ سَبْعَ مضاف سُنْۢبُلٰتٍ خُضْرٍ مرکب توصیفی مضاف الیہ، مضاف با مضاف الیہ معطوف علیہ ہوا واؤ عاطفہ اُخَرَ یٰبِسٰتٍ مرکب توصیفی معطوف، معطوف علیہ با معطوف سَبْعَ بَقَرٰتٍ پر معطوف ہے۔ یَاء حرف ندا اَدْعُوْا فعل اَنَا مستتر فاعل اَیُّ موصوف ھَا ضمیر برائے تنبیہ اَلْمَلَاُ صفت، موصوف با صفت فلا منصوب مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ انشائیہ ہو کر ندا، اَفْتُوْا فعل امر واؤ ضمیر فاعل نون برائے وقایہ یَاء ضمیر مفعول بہ فِیْ جار رُءْیَایَ مرکب اضافی مجرور جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل با فاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ انشائیہ ندا کا جواب، ندا و جواب جملہ انشائیہ ندائیہ مستانفہ ہوا۔ اِنْ حرف شرط كُنْتُمْ فعل ناقص تُمْ ضمیر اس کا اسم لِلرُّءْیَا جار با مجرور ظرف لغو متعلق مقدم ہوئے تَعْبُرُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل اور متعلق مقدم سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر خبر، فعل ناقص با اسم و خبر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر شرط، اور جزاء محذوف ہے فَافْتُوْنِیْ فِیْ رُءْیَایَ جس پر جواب ندا دال ہے۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

قَالُوْٓا اَضْغَاثُ اَحْلَامٍ ۚ وَمَا نَحْنُ بِتَاْوِيْلِ الْاَحْلَامِ بِعٰلِمِيْنَ ۝

آیت نمبر ۴۴: قَالُوْا فعل بالواؤ ضمیر فاعل جملہ فعلیہ خبریہ قول اَضْغَاثُ اَحْلَامٍ مرکب اضافی مبتدا محذوف ھٰذِہٖ کی خبر ہے، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف علیہ ہوا واؤ عاطفہ مَا مشابہ "بلیس" نَحْنُ ضمیر منفصل اسم، بِاء جارہ تَاْوِيْلِ الْاَحْلَامِ مرکب اضافی مجرور، جار مجرور متعلق مقدم ہوئے، بِاء جارہ زائدہ عٰلِمِيْنَ اسم فاعل نَحْنُ مستتر فاعل اور متعلق مقدم سے مل کر خبر، مَا حجازیہ یا اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف معطوف علیہ یا معطوف مقولہ، قول با مقولہ جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

وَقَالَ الَّذِيْ نَجَا مِنْهُمَا وَادَّكَرَ بَعْدَ اُمَّةٍ اَنَا اُنَبِّئُكُمْ بِتَاْوِيْلِهٖ فَاَرْسِلُوْنِ ۝

آیت نمبر ۴۵: واؤ عاطفہ قَالَ فعل الَّذِيْ اسم موصول نَجَا فعل ھُوَ مستتر فاعل حال واؤ عاطفہ اِدَّكَرَ فعل ھُوَ مستتر فاعل بَعْدَ اُمَّةٍ مرکب اضافی مفعول فیہ، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ حال، ذوالحال باحال فاعل مِنْهُمَا جار با مجرور نَجَا کے متعلق ہوئے، فعل با فاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول با صلہ فاعل، فعل با فاعل جملہ فعلیہ خبریہ قول اَنَا ضمیر مبتدا اُنَبِّئُ فعل اَنَا مستتر فاعل كُمْ ضمیر مفعول بہ بِاء جارہ تَاْوِيْلِهٖ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل با فاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ مقولہ، قول با مقولہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ فَاء فصیحہ اور شرط محذوف ہے اِنْ شِئْتُمْ تَعْبِيْرَ رُؤْيَاكُمْ، اَرْسِلُوْا فعل امر واؤ ضمیر فاعل نون وقایہ کا یاء ضمیر مفعول بہ، تینوں مل کر جملہ انشائیہ جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

يُوْسُفُ اَيُّهَا الصِّدِّيْقُ اَفْتِنَا فِيْ سَبْعِ بَقَرٰتٍ سِمَانٍ يَّاْكُلُهُنَّ سَبْعٌ عِجَافٌ وَّسَبْعِ سُنْۢبُلٰتٍ خُضْرٍ وَّاُخَرَ يٰبِسٰتٍ ۙ لَّعَلِّيْٓ اَرْجِعُ اِلَى النَّاسِ لَعَلَّهُمْ يَعْلَمُوْنَ ۝

آیت نمبر ۴۶: يُوْسُفُ یہ اصل میں يَا يُوْسُفُ ہے اور یہ ندا ہے اَفْتِ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل نَا ضمیر مفعول بہ فِيْ جارہ سَبْعِ مضاف بَقَرٰتٍ موصوف سِمَانٍ صفت اولیٰ، يَاْكُلُ فعل هُنَّ ضمیر مفعول بہ سَبْعٌ عِجَافٌ مرکب توصیفی فاعل، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ بَقَرٰتٍ کی صفت ثانیہ، موصوف با صفتین سَبْعِ کا مضاف الیہ، مضاف با مضاف الیہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ سَبْعِ مضاف سُنْۢبُلٰتٍ خُضْرٍ مرکب توصیفی معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اُخَرَ يٰبِسٰتٍ مرکب توصیفی معطوف، معطوف علیہ با معطوف سَبْعِ کا مضاف الیہ، مضاف با مضاف الیہ سَبْعِ بَقَرٰتٍ کا معطوف، معطوف علیہ با معطوف مجرور، جار با مجرور اَفْتِ کے متعلق ہوئے، فعل با فاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ انشائیہ ندا کا جواب، ندا با جواب جملہ انشائیہ ندائیہ ہوا۔

اَيُّ موصوف هَا برائے تنبیہ اَلصِّدِّيْقُ صفت، موصوف با صفت منادیٰ منصوب مفعول بہ ہوا فعل محذوف اَخُصُّ کا، اَخُصُّ فعل اَنَا مستتر فاعل و مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ لَعَلَّ حرف ترجی یاء ضمیر اس کا اسم اَرْجِعُ فعل اَنَا مستتر فاعل اِلَى النَّاسِ جار با مجرور متعلق ہوئے، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر خبر، لَعَلَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ انشائیہ معللہ ہوا۔ یا اَفْتِنَا کی ضمیر فاعل سے حال ہے۔ لَعَلَّ حرف ترجی یاء ضمیر اس کا اسم يَعْلَمُوْنَ فعل با واؤ ضمیر فاعل خبر، لَعَلَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ انشائیہ یا اَرْجِعُ اِلَى عِلْمِهِمْ کی تاویل میں ہو کر اَرْجِعُ کی ضمیر فاعل سے حال ہے۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

قَالَ تَزْرَعُوْنَ سَبْعَ سِنِيْنَ دَاَبًا ۚ فَمَا حَصَدْتُّمْ فَذَرُوْهُ فِيْ سُنْۢبُلِهٖٓ اِلَّا قَلِيْلًا مِّمَّا تَاْكُلُوْنَ ۝

آیت نمبر ۴۷: قَالَ فعل ھُوَ مستتر فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ قول تَزْرَعُوْنَ فعل واؤ ضمیر ذوالحال دَاَبًا "فَاْبِیْنَ کے معنی میں ہو کر حال ذوالحال باحال فاعل، سَبْعَ سِنِیْنَ مرکب اضافی مفعول فیہ، فعل بافاعل و مفعول فیہ جملہ فعلیہ خبریہ مقولہ، قول باقول جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔ فَاء استینافیہ (روح المعانی) مَا اسم شرط مفعول بہ مقدم حَصَدْتُّمْ فعل تُمْ ضمیر فاعل اور مفعول بہ مقدم سے مل کر جملہ فعلیہ ہو کر شرط، فَاء جزائیہ ذَرُوْا فعل امر واؤ ضمیر فاعل ہٗ ضمیر مستثنیٰ منہ اِلَّا حرف استثناء قَلِیْلًا موصوف مِنْ حرف جار مَا اسم موصول تَاْكُلُوْنَ فعل باواؤ ضمیر فاعل جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول باصلہ مجرور، جار باجرور ظرف مستقر كَائِنًا کے متعلق ہو کر قَلِیْلًا کی صفت، موصوف باصفت مستثنیٰ، پھر مستثنیٰ منہ باستثنیٰ ذَرُوْا کا مفعول بہ، فِیْ جار سُنْۢبُلِهٖ مرکب اضافی مجرور، جار باجرور متعلق ہوئے، فعل بافاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ انشائیہ جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ انشائیہ مستانفہ ہوا۔

ثُمَّ يَاْتِيْ مِنْۢ بَعْدِ ذٰلِكَ سَبْعٌ شِدَادٌ يَّاْكُلْنَ مَا قَدَّمْتُمْ لَهُنَّ اِلَّا قَلِيْلًا مِّمَّا تُحْصِنُوْنَ ۝ ثُمَّ يَاْتِيْ مِنْۢ بَعْدِ ذٰلِكَ عَامٌ فِيْهِ يُغَاثُ النَّاسُ وَفِيْهِ يَعْصِرُوْنَ ۝

آیت نمبر ۴۸، ۴۹: ثُمَّ حرف عطف يَاْتِيْ فعل مِنْ جارہ بَعْدِ ذٰلِكَ مرکب اضافی مجرور، جار باجرور ظرف مستقر كَائِنًا کے متعلق ہو کر حال مقدم سَبْعٌ موصوف شِدَادٌ صفت اولیٰ يَاْكُلْنَ فعل نون متوحہ فاعل مَا اسم موصول قَدَّمْتُمْ فعل تُمْ ضمیر فاعل لَهُنَّ جار باجرور متعلق ہوئے، فعل بافاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول باصلہ مستثنیٰ منہ اِلَّا حرف استثناء قَلِیْلًا مِّمَّا تُحْصِنُوْنَ کی ترکیب قَلِیْلًا مِّمَّا تَاْكُلُوْنَ کی مثل ہے جو ابھی گزری ہے، اور یہ مستثنیٰ ہے، مستثنیٰ منہ باستثنیٰ يَاْكُلْنَ کا مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ سَبْعٌ کی صفت ثانیہ، موصوف باصفتین ذوالحال مؤخر، ذوالحال باحال يَاْتِيْ کا فاعل، فعل بافاعل جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، ثُمَّ عاطفہ يَاْتِيْ فعل مِنْۢ بَعْدِ ذٰلِكَ جار باجرور كَائِنًا کے متعلق ہو کر حال مقدم عَامٌ موصوف فِيْهِ يُغَاثُ جار باجرور متعلق مقدم فعل مجہول النَّاسُ نائب فاعل، فعل مجہول بانائب فاعل و متعلق مقدم جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ فِيْهِ جار باجرور متعلق مقدم ہوئے يَعْصِرُوْنَ فعل باواؤ ضمیر فاعل و متعلق مقدم جملہ فعلیہ خبریہ معطوف پھر معطوف علیہ باعطف عَامٌ کی صفت، موصوف باصفت ذوالحال مؤخر، ذوالحال باحال يَاْتِيْ کا فاعل، فعل بافاعل جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ باعطف جملہ معطوفہ ہوا۔

❁ رکوع نمبر ۷ ❁

وَقَالَ الْمَلِكُ ائْتُوْنِيْ بِهٖ ۚ فَلَمَّا جَآءَهُ الرَّسُوْلُ قَالَ ارْجِعْ اِلٰى رَبِّكَ فَسْـَٔلْهُ مَا بَالُ النِّسْوَةِ الّٰتِيْ قَطَّعْنَ اَيْدِيَهُنَّ ۚ اِنَّ رَبِّيْ بِكَيْدِهِنَّ عَلِيْمٌ ۝

آیت نمبر ۵۰: واؤ عاطفہ اور معطوف علیہ محذوف ہے لَمَّا جَآءَ الْمَلِكَ الرَّسُوْلُ وَاَخْبَرَهٗ بِتَاْوِيْلِ رُؤْيَاهُ، قَالَ فعل الْمَلِكُ فاعل، دونوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ قول، اِئْتُوْا فعل امر واؤ ضمیر فاعل نون وقایہ، یَاء ضمیر مفعول بہ، بِهٖ جار باجرور ظرف لغو متعلق۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

17
17

ہوئے، فعل بافاعل ومفعول بہ ومتعلق جملہ انشائیہ ہو کر مقولہ، قول بامقولہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ محذوف بامعطوف جملہ معطوفہ ہوا فَاعِلَّةً شرطیہ مفعول فیہ مقدم جَآءَ فعل ہٗ ضمیر مفعول بہ اَلرَّسُوْلُ فاعل، چاروں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ شرط، قَالَ فعل هُوَ مستتر فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ قول، اِرْجِعْ فعل اِمرأَنْتَ مستتر فاعل اِلٰى رَبِّكَ جار بامجرور متعلق ہوئے، تینوں مل کر جملہ انشائیہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اِسْئَلْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل ہٗ ضمیر مفعول بہ اَوَّل مَا استفہامیہ مبتدا بَالُ مضاف اَلنِّسْوَةِ موصوف اَلَّتِیْ اسم موصول قَطَّعْنَ فعل نون مفتوحہ ضمیر فاعل اَیْدِیَهُنَّ مرکب اضافی مفعول بہ، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول باصلہ اَلنِّسْوَةِ کی صفت، موصوف باصفت بَالُ کا مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ انشائیہ محلًا منصوب اِسْئَلْ کا مفعول بہ ثانی، فعل بافاعل ومفعولین جملہ انشائیہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف مقولہ، قول بامقولہ جملہ فعلیہ خبریہ جزاء، شرط بجزاء، جملہ شرطیہ ہوا اِنَّ حرف تحقیق رَبِّیْ مرکب اضافی اس کا اسم بِاَیْدِهِنَّ جار مجرور مرکب اضافی مجرور، جار بامجرور متعلق متقدم عَلِیْمٌ صیغہ صفت هُوَ مستتر فاعل اور متعلق مقدم سے مل کر خبر، اِنَّ با اسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

قَالَ مَا خَطْبُكُنَّ اِذْ رَاوَدْتُّنَّ يُوْسُفَ عَنْ نَّفْسِهٖ ؕ قُلْنَ حَاشَ لِلّٰهِ مَا عَلِمْنَا عَلَيْهِ مِنْ سُوْٓءٍ ؕ قَالَتِ امْرَاَتُ الْعَزِيْزِ الْـٰٔنَ حَصْحَصَ الْحَقُّ اَنَا رَاوَدْتُّهٗ عَنْ نَّفْسِهٖ وَاِنَّهٗ لَمِنَ الصّٰدِقِيْنَ ۝

آیت نمبر ۵۱ قَالَ فعل هُوَ مستتر فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ قول، مَا اسم استفہام مبتدا خَطْبُكُنَّ مرکب اضافی ذوالحال (بر تقدیر) اِذْ ظرف زمان مضاف رَاوَدْتُّنَّ فعل نون مفتوحہ ضمیر فاعل يُوْسُفَ مفعول بہ عَنْ نَّفْسِهٖ جار بامجرور ظرف لغو متعلق ہوئے، فعل بافاعل ومفعول بہ ومتعلق جملہ فعلیہ خبریہ مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ كَائِنًا کا مفعول فیہ ہو کر حال، ذوالحال باحال خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ انشائیہ مقولہ، قول بامقولہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ قُلْنَ فعل نون مفتوحہ ضمیر فاعل، دونوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ قول، مَا نافیہ عَلِمْنَا فعل نَا ضمیر فاعل عَلَيْهِ جار بامجرور متعلق ہوئے مِنْ جارہ زائدہ سُوْٓءٍ لفظًا مجرور محلًا منصوب مفعول بہ، چاروں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ مقولہ، قول بامقولہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

حَاشَ بمعنی تَنْزِيْهًا مفعول مطلق ہے فعل محذوف نُنَزِّهُ کا نُنَزِّهُ فعل نَحْنُ مستتر فاعل لِلّٰهِ جار بامجرور كَائِنًا کے متعلق ہو کر حَاشَ بمعنی تَنْزِيْهًا کا حال ہے، فعل بافاعل ومفعول مطلق جملہ فعلیہ خبریہ معترضہ ہوا۔ قَالَتْ فعل اِمْرَاَتُ الْعَزِيْزِ مرکب اضافی فاعل، فعل بافاعل جملہ فعلیہ خبریہ قول، اَلْـٰٔنَ ظرف زمان مفعول فیہ مقدم حَصْحَصَ فعل اَلْحَقُّ فاعل، فعل بافاعل ومفعول فیہ جملہ فعلیہ خبریہ مقولہ، قول بامقولہ جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔ اَنَا ضمیر منفصل مبتدا رَاوَدْتُّ فعل تاء مضمومہ فاعل ہٗ ضمیر مفعول بہ عَنْ نَّفْسِهٖ جار بامجرور متعلق ہوئے، فعل بافاعل ومفعول بہ ومتعلق جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اِنَّ حرف تحقیق ہٗ ضمیر اسم لَامِنَ الصّٰدِقِيْنَ جار بامجرور ظرف مستقر كَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر بِاَنَّ با اسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف جملہ معطوفہ مقولہ ہوا۔

ذٰلِكَ لِيَعْلَمَ اَنِّيْ لَمْ اَخُنْهُ بِالْغَيْبِ وَاَنَّ اللّٰهَ لَا يَهْدِيْ كَيْدَ الْخَآئِنِيْنَ ۝

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

آیت نمبر ۵۲: ذٰلِكَ اسم اشارہ مبتدا، اور اس کی خبر محذوف ہے کَانَ (مظہری) مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوئے، لِمَا منصوب قُلْتُ کا مفعول بہ ہے، لام جارہ تعلیلیہ اور اس کے بعد اَنْ مقدر ہے یَعْلَمَ فعل هُوَ مستتر فاعل اَنْ حرف تحقیق یاء ضمیر اس کا اسم لَمْ اَخُنْ فعل اَنَا مستتر فاعل ہٗ ضمیر ذوالحال بِالْغَيْبِ ظرف مستقر لَهٗ کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال باحال مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ، جملہ فعلیہ خبریہ اَنَّ کی خبر، اَنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اَنَّ حرف تحقیق اَللّٰهَ اس کا اسم لَا يَهْدِيْ فعل هُوَ مستتر فاعل كَيْدَ الْخَآئِنِيْنَ مرکب اضافی مفعول بہ، تینوں مل کر خبر، اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف يَعْلَمَ کے دو مفعول کے قائم مقام، فعل با فاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ بتاویل مصدر مجرور، جار با مجرور كَانَ محذوف کے متعلق ہوئے۔

وَمَآ اُبَرِّئُ نَفْسِيْ ۚ اِنَّ النَّفْسَ لَاَمَّارَةٌۢ بِالسُّوْٓءِ اِلَّا مَا رَحِمَ رَبِّيْ ۭ اِنَّ رَبِّيْ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ۝۵۳

آیت نمبر ۵۳: واؤ عاطفہ مَا نافیہ اُبَرِّئُ فعل اَنَا مستتر فاعل نَفْسِيْ مرکب اضافی مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ قُلْتُ ذٰلِكَ پر معطوف ہے، اِنَّ حرف تحقیق النَّفْسَ اس کا اسم لَاَمَّارَةٌ صیغہ مبالغہ هِيَ مستتر فاعل بِالسُّوْٓءِ جار با مجرور متعلق ہوئے اِلَّا حرف استثناء مَا بمعنی مَنْ اسم موصول رَحِمَ فعل رَبِّيْ مرکب اضافی فاعل، دونوں مل کر صلہ، موصول با صلہ مفعول بہ، صیغہ مبالغہ با فاعل و متعلق و مفعول بہ شبہ جملہ خبر اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ معللہ ہوا۔ اِنَّ حرف تحقیق رَبِّيْ مرکب اضافی اسم غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ دو خبر اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

وَقَالَ الْمَلِكُ ائْتُوْنِيْ بِهٖٓ اَسْتَخْلِصْهُ لِنَفْسِيْ ۚ فَلَمَّا كَلَّمَهٗ قَالَ اِنَّكَ الْيَوْمَ لَدَيْنَا مَكِيْنٌ اَمِيْنٌ ۝۵۴

آیت نمبر ۵۴: واؤ استینافیہ قَالَ الْمَلِكُ فعل با فاعل جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر قول، ائْتُوْنِيْ فعل امر واؤ ضمیر فاعل نون وقایہ کا، یاء ضمیر مفعول بہ، بِهٖ جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل با فاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ فعلیہ انشائیہ مقولہ، قول با مقولہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ اَسْتَخْلِصْهُ فعل اَنَا مستتر فاعل ہٗ ضمیر مفعول بہ، لام حرف جار نَفْسِيْ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے، چاروں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر جزاء ہے شرط محذوف اِنْ تَاْتُوْنِيْ بِهٖ کی، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔ فَاء عاطفہ لَمَّا شرطیہ مفعول فیہ مقدم كَلَّمَ فعل هُوَ مستتر فاعل ہٗ ضمیر مفعول بہ چاروں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ شرط، قَالَ فعل هُوَ مستتر فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ قول، اِنَّ حرف تحقیق كَاف ضمیر ذوالحال الْيَوْمَ كَائِنًا کا مفعول فیہ ہو کر حال، ذوالحال باحال اِنَّ کا اسم یا الْيَوْمَ مَكِيْنٌ کا مفعول فیہ لَدَيْنَا مرکب اضافی مَكِيْنٌ کا مفعول فیہ مقدم مَكِيْنٌ صیغہ صفت اَنْتَ مستتر فاعل اور مفعول فیہ سے مل کر خبر اول، اَمِيْنٌ خبر ثانی، اِنَّ با اسم و خبرین جملہ اسمیہ خبریہ مقولہ، قول با مقولہ جملہ فعلیہ خبریہ جزاء ہو شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

قَالَ اجْعَلْنِيْ عَلٰي خَزَآئِنِ الْاَرْضِ ۚ اِنِّيْ حَفِيْظٌ عَلِيْمٌ ۝۵۵

آیت نمبر ۵۵: قَالَ فعل هُوَ مستتر فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ قول، اِجْعَلْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل نون وقایہ یاء ضمیر منصوب مفعول بہ اول عَلٰي حرف جار خَزَآئِنِ الْاَرْضِ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور ظرف مستقر مُسْتَوْلِيًا (روح المعانی) کے متعلق ہو کر

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

مفعول بہ ثانی، فعل باقاعل و مفعولین جملہ انشائیہ مقولہ، قول باقول جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ اِنَّ حرف تحقیق یاء ضمیر اس کا اسم حَفِیْظٌ عَلِیْمٌ دو خبر، اِنَّ باسم و خبرین جملہ اسمیہ خبریہ معللہ ہوا۔

وَكَذٰلِكَ مَكَّنَّا لِيُوْسُفَ فِي الْاَرْضِ ۚ يَتَبَوَّاُ مِنْهَا حَيْثُ يَشَآءُ ۭ نُصِيْبُ بِرَحْمَتِنَا مَنْ نَّشَآءُ وَلَا نُضِيْعُ اَجْرَ الْمُحْسِنِيْنَ ۝

آیت نمبر ۵۶: واؤ استینافیہ کَذٰلِكَ جار باجرور ظرف مستقر مَكَّنَّا کے متعلق ہو کر بواسطہ موصوف محذوف تَمْكِيْنًا کے مفعول مطلق مقدم مَكَّنَّا فعل نا ضمیر فاعل لام جارہ یُوْسُفَ واؤ حال فِي الْاَرْضِ ظرف مستقر مَكَّنَّا کے متعلق ہو کر حال اولی، یا فِي الْاَرْضِ مَكَّنَّا کے متعلق ہے، يَتَبَوَّاُ فعل هُوَ مستتر فاعل مِنْهَا جار باجرور متعلق ہوئے حَيْثُ مضاف يَشَآءُ فعل هُوَ مستتر فاعل سے مل کر مضاف الیہ، مضاف باضاف الیہ يَتَبَوَّاُ کا مفعول فیہ، فعل باقاعل و متعلق و مفعول فیہ جملہ فعلیہ خبریہ حال ثانیہ، ذوالحال باحالین مجرور، جار باجرور متعلق ہوئے، فعل باقاعل و متعلق و مفعول مطلق مقدم جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ نُصِيْبُ فعل بآء جارہ رَحْمَتِنَا مرکب اضافی مجرور، جار باجرور متعلق ہوئے مَنْ اسم موصول نَّشَآءُ فعل نَحْنُ مستتر فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول باصلہ مفعول بہ، فعل باقاعل و متعلق و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لَا نُضِيْعُ فعل نَحْنُ مستتر فاعل اَجْرَ الْمُحْسِنِيْنَ مرکب اضافی مفعول بہ، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ معطوفہ ہوا۔

وَلَاَجْرُ الْاٰخِرَةِ خَيْرٌ لِّلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَكَانُوْا يَتَّقُوْنَ ۝

آیت نمبر ۵۷: واؤ استینافیہ لَاَجْرُ لام ابتدائیہ اَجْرُ الْاٰخِرَةِ مرکب اضافی مبتدا، خَيْرٌ اسم تفضیل هُوَ مستتر فاعل لام جارہ اَلَّذِيْنَ اسم موصول اٰمَنُوْا فعل باواؤ ضمیر فاعل جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ كَانُوْا فعل ناقص واؤ ضمیر اس کا اسم يَتَّقُوْنَ فعل باواؤ ضمیر فاعل جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر خبر، فعل ناقص باسم و خبر معطوف، معطوف علیہ با معطوف صلہ، موصول باصلہ مجرور، جار باجرور خَيْرٌ کے متعلق ہوئے، اسم تفضیل باعامل و متعلق خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا یا اَجْرُ الْمُحْسِنِيْنَ سے حال ہے۔

❁ رکوع نمبر ۸ ❁

وَجَآءَ اِخْوَةُ يُوْسُفَ فَدَخَلُوْا عَلَيْهِ فَعَرَفَهُمْ وَهُمْ لَهٗ مُنْكِرُوْنَ ۝

آیت نمبر ۵۸: واؤ استینافیہ جَآءَ فعل اِخْوَةُ يُوْسُفَ مرکب اضافی فاعل، فعل باقاعل جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ دَخَلُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل عَلَيْهِ جار باجرور متعلق ہوئے، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف اول، فَاء عاطفہ عَرَفَ فعل هُوَ مستتر فاعل هُمْ ضمیر ذوالحال واؤ عالیہ هُمْ ضمیر مبتدا لَهٗ جار باجرور متعلق مقدم ہوئے مُنْكِرُوْنَ اسم فاعل هُمْ مستتر فاعل اور متعلق مقدم سے مل کر شبہ جملہ ہو کر خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ حال ذوالحال باحال مفعول بہ، فعل باقاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف ثانی، معطوف علیہ با معطوف جملہ مستانفہ ہوا۔

وَلَمَّا جَهَّزَهُمْ بِجَهَازِهِمْ قَالَ ائْتُوْنِيْ بِاَخٍ لَّكُمْ مِّنْ اَبِيْكُمْ ۚ اَلَا تَرَوْنَ اَنِّيْٓ اُوْفِي

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

الْكَيْلَ وَاَنَا خَيْرُ الْمُنْزِلِيْنَ ﴿۵۹﴾

آیت نمبر ۵۹: واؤ عاطفہ لَمَّا شرطیہ مفعول فیہ مقدم جَهَّزَ فعل هُوَ مستتر فاعل هُمْ ضمیر مفعول بہ بِـ حرف جار جَهَازِهِمْ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل با فاعل و مفعولین و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ شرط مقام فعل هُوَ مستتر فاعل سے مل کر قول ائْتُوْا فعل امر واؤ ضمیر فاعل نون وقایہ یَاء ضمیر مفعول بہ بِـ حرف جار اَخٍ موصوف لَّكُمْ جار با مجرور ظرف مستقر كَائِنٍ کے متعلق ہو کر صفت اولیٰ، مِنْ حرف جار اَبِيْكُمْ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور ظرف مستقر كَائِنٍ کے متعلق ہو کر صفت ثانیہ، موصوف با صفتین مجرور، جار با مجرور ظرف لغو ائْتُوْا کے متعلق ہوئے، فعل امر با فاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ انشائیہ امریہ مقولہ، قول با مقولہ جملہ فعلیہ خبریہ جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔ هَمزہ حرف استفہام لَا تَرَوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل اَنِّ حرف تحقیق یَاء ضمیر اس کا اسم اُوْفِ فعل اَنَا مستتر فاعل اَلْكَيْلَ ذوالحال واؤ حالیہ اَنَا ضمیر مبتدا، خَيْرُ الْمُنْزِلِيْنَ مرکب اضافی خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ حال، ذوالحال با حال اُوْفِ کا مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ اَنِّ کی خبر، اَنِّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ تَرَوْنَ کے دو مفعول کے قائم مقام، فعل با فاعل و مفعولین جملہ انشائیہ استفہامیہ ہوا۔

فَاِنْ لَّمْ تَاْتُوْنِيْ بِهٖ فَلَا كَيْلَ لَكُمْ عِنْدِيْ وَلَا تَقْرَبُوْنِ ﴿۶۰﴾

آیت نمبر ۶۰: فَاء عاطفہ اِنْ حرف شرط لَمْ تَاْتُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل نون وقایہ یَاء ضمیر مفعول بہ بِـ حرف جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل با فاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ شرط مقام جزائیہ لَا نفی جنس كَيْلَ اس کا اسم لَكُمْ جار با مجرور ظرف مستقر كَائِنٍ کے متعلق ہو کر عِنْدِيْ مرکب اضافی كَائِنٍ کا مفعول فیہ ہوا، كَائِنٍ اسم فاعل هُوَ مستتر فاعل و متعلق و مفعول فیہ سے مل کر شبہ جملہ ہو کر لَا کی خبر، لَا اپنے اسم و خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لَا تَقْرَبُوْنِ اصل میں لَا تَقْرَبُوْنَنِيْ ہے لَا تَقْرَبُوْا فعل نفی واؤ ضمیر فاعل نون وقایہ کا یَاء ضمیر مفعول بہ، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

قَالُوْا سَنُرَاوِدُ عَنْهُ اَبَاهُ وَاِنَّا لَفٰعِلُوْنَ ﴿۶۱﴾

آیت نمبر ۶۱: قَالُوْا فعل با واؤ ضمیر فاعل جملہ فعلیہ خبریہ قول، سین علامت مستقبل فعل نُرَاوِدُ فعل نَحْنُ مستتر فاعل عَنْهُ جار با مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے اَبَاهُ مرکب اضافی مفعول بہ، فعل با فاعل و متعلق و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اِنَّا حرف تحقیق نَا ضمیر اس کا اسم لام مزحلقہ فَاعِلُوْنَ اسم فاعل نَحْنُ مستتر فاعل سے مل کر خبر اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف مقولہ، قول با مقولہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

وَقَالَ لِفِتْيٰنِهِ اجْعَلُوْا بِضَاعَتَهُمْ فِيْ رِحَالِهِمْ لَعَلَّهُمْ يَعْرِفُوْنَهَآ اِذَا انْقَلَبُوْٓا اِلٰٓى اَهْلِهِمْ لَعَلَّهُمْ يَرْجِعُوْنَ ﴿۶۲﴾

آیت نمبر ۶۲: واؤ استینافیہ قَالَ فعل هُوَ مستتر فاعل لِام جارہ فِتْيٰنِهِ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل با فاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ قول، اِجْعَلُوْا فعل امر واؤ ضمیر فاعل بِضَاعَتَهُمْ مرکب اضافی مفعول بہ فِيْ جارہ رِحَالِهِمْ مرکب اضافی مجرور، جار

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

آیت نمبر ۵۸، ۵۹، ۶۰: قَالُوْا فعل با واؤ ضمیر فاعل جملہ فعلیہ خبریہ قول اِنَّ حرف تحقیق نَا ضمیر اس کا اسم اُرْسِلْنَا فعل مجہول نَا ضمیر نائب فاعل اِلٰی حرف جار قَوْمٍ مُّجْرِمِيْنَ مرکب توصیفی مستثنیٰ منہ اِلَّا حرف استثناء اٰلَ لُوْطٍ مرکب اضافی مستثنیٰ منقطع، مستثنیٰ منہ با مستثنیٰ مجرور، جار با مجرور ظرف لغو اُرْسِلْنَا کے متعلق ہوئے، فعل مجہول با نائب فاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر خبر اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ مقولہ، قول با مقولہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ اِنَّ حرف تحقیق نَا ضمیر اس کا اسم لام مزحلقہ مُنَجُّوْهُمْ اسم فاعل نَحْنُ مستتر اس کا فاعل هُمْ ضمیر مؤکد اَجْمَعِيْنَ تاکید، مؤکد با تاکید مستثنیٰ منہ اِلَّا حرف استثناء امْرَاَتَهٗ مرکب اضافی مستثنیٰ، دونوں مل کر مفعول بہ، اسم فاعل با فاعل و مفعول بہ لفظاً مضاف الیہ سے مل کر اِنَّ کی خبر اِنَّ با اسم و خبر مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ قَدَّرْنَا فعل نَا ضمیر فاعل اِنَّ حرف تحقیق هَا ضمیر اس کا اسم لام مزحلقہ مِنَ الْغٰبِرِيْنَ ظرف مستقر كَائِنَةٌ کے متعلق ہو کر خبر اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ قَدَّرْنَا کا مفعول بہ ہوا، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

❁ رکوع نمبر ۵ ❁

فَلَمَّا جَآءَ اٰلَ لُوْطِ ِالْمُرْسَلُوْنَ ﴿۶۱﴾ قَالَ اِنَّكُمْ قَوْمٌ مُّنْكَرُوْنَ ﴿۶۲﴾

آیت نمبر ۶۱، ۶۲: فَاء عاطفہ اور معطوف علیہ محذوف ہے خَرَجُوْا مِنْ عِنْدِ اِبْرَاهِيْمَ وَسَافَرُوْا اِلٰى قَوْمِ لُوْطٍ، لَمَّا شرطیہ مفعول فیہ مقدم جَآءَ فعل اٰلَ لُوْطٍ مرکب اضافی مفعول بہ اَلْمُرْسَلُوْنَ فاعل موخر، چاروں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر شرط، قَالَ فعل هُوَ مستتر فاعل سے مل کر قول اِنَّ حرف تحقیق كُمْ ضمیر اس کا اسم قَوْمٌ مُّنْكَرُوْنَ مرکب توصیفی خبر اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ مقولہ،

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

قول با مقولہ جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہو کر معطوف، پھر معطوف علیہ محذوف با معطوف جملہ معطوفہ ہوا۔

قَالُوْا بَلْ جِئْنٰكَ بِمَا كَانُوْا فِيْهِ يَمْتَرُوْنَ ﴿۶۳﴾

آیت نمبر ۶۳: قَالُوْا فعل با واؤ ضمیر فاعل قول، بَلْ حرف عطف و اضراب اور معطوف علیہ محذوف ہے مَا جِئْنٰكَ بِمَا تُنْكِرُوْنَ لِاَجْلِهٖ جِئْنَا فعل نا ضمیر فاعل کاف ضمیر مفعول بہ با، جارہ حرف جار مَا موصولہ كَانُوْا فعل ناقص واؤ ضمیر اس کا اسم فِيْهِ جار با مجرور ظرف لغو ہو کر متعلق مقدم ہوئے يَمْتَرُوْنَ فعل با واؤ ضمیر فاعل و متعلق مقدم جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر خبر، فعل ناقص با اسم و خبر جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول با صلہ مجرور، جار با مجرور جِئْنَا کے متعلق ہوئے، فعل با فاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، پھر معطوف علیہ محذوف با معطوف جملہ معطوفہ ہو کر مقولہ، قول با مقولہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

وَاَتَيْنٰكَ بِالْحَقِّ وَاِنَّا لَصٰدِقُوْنَ ﴿۶۴﴾

آیت نمبر ۶۴: واؤ عاطفہ اَتَيْنَا فعل نا ضمیر فاعل کاف ضمیر مفعول بہ بِالْحَقِّ جار با مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے، چاروں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر معطوف علیہ ہوا واؤ عاطفہ اِنَّا حرف تحقیق نا ضمیر اسم لام مدخلہ صَادِقُوْنَ اسم فاعل نَحْنُ مستتر فاعل سے مل کر خبر، اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر معطوف، معطوف علیہ با معطوف جِئْنٰكَ پر معطوف ہے

فَاَسْرِ بِاَهْلِكَ بِقِطْعٍ مِّنَ الَّيْلِ وَاتَّبِعْ اَدْبَارَهُمْ وَلَا يَلْتَفِتْ مِنْكُمْ اَحَدٌ وَّامْضُوْا حَيْثُ تُؤْمَرُوْنَ ﴿۶۵﴾

آیت نمبر ۶۵: فَاء فصیحہ اور اس کی شرط محذوف ہے اِذَا كَانَ الْاَمْرُ كَذٰلِكَ يَا اِذَا اَرَدْتَ الْخَلَاصَ مِنْ قَوْمِكَ، اَسْرِ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل، با، حرف جار اَهْلِكَ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور ظرف مستقر كَائِنًا کے متعلق ہو کر اَسْرِ کی ضمیر فاعل سے حال ہے، با، حرف جار قِطْعٍ موصوف مِنَ الَّيْلِ ظرف مستقر كَائِنٍ کے متعلق ہو کر صفت، موصوف با صفت مجرور، جار با مجرور اَسْرِ کے متعلق ہوئے، فعل با فاعل و متعلق جملہ انشائیہ معطوف علیہ ہوا واؤ عاطفہ اتَّبِعْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل اَدْبَارَهُمْ مرکب اضافی مفعول بہ، تینوں مل کر جملہ انشائیہ معطوف اول ہوا واؤ عاطفہ لَا يَلْتَفِتْ فعل نہی مِنْكُمْ ظرف مستقر كَائِنًا کے متعلق ہو کر حال مقدم اَحَدٌ ذوالحال مؤخر، ذوالحال با حال فاعل با فعل یا فاعل جملہ انشائیہ معطوف ثانی، واؤ عاطفہ اُمْضُوْا فعل امر واؤ ضمیر فاعل حَيْثُ ظرف مکان مضاف تُؤْمَرُوْنَ فعل مجہول واؤ ضمیر نائب فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ حَيْثُ کا مضاف الیہ، پھر مرکب اضافی مفعول فیہ، تینوں مل کر جملہ انشائیہ معطوف ثالث، معطوف علیہ با معطوفات ثلاثہ شرط محذوف کی جزاء ہے، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

وَقَضَيْنَآ اِلَيْهِ ذٰلِكَ الْاَمْرَ اَنَّ دَابِرَ هٰٓؤُلَآءِ مَقْطُوْعٌ مُّصْبِحِيْنَ ﴿۶۶﴾

آیت نمبر ۶۶: واؤ استیناف قَضَيْنَا فعل نا ضمیر فاعل اِلَيْهِ جار با مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے ذٰلِكَ الْاَمْرَ مرکب توصیفی مبدل منہ، اَنَّ حرف تحقیق دَابِرَ هٰٓؤُلَآءِ مرکب اضافی اس کا اسم مَقْطُوْعٌ اسم مفعول هُوَ مستتر ذوالحال مُّصْبِحِيْنَ حال، ذوالحال با حال خبر اِنَّ با اسم

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

وخبر جملہ اسمیہ خبریہ ذٰلِكَ الْاَمْرَ کا بدل ہے، مبدل منہ بابدل مفعول بہ، فعل بافاعل و متعلق و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

سوال: مُصْبِحِيْنَ حال جمع ہے اور ذوالحال هٰٓؤُلَآءِ ضمیر واحد ہے یہ کیسے جائز ہے؟

جواب: ذَابِرَ هٰٓؤُلَآءِ "مُدْبِرِيْ هٰٓؤُلَآءِ" کی تاویل میں ہے لہٰذا مَقْطُوْعٌ "مَقْطُوْعُوْنَ" کے معنی میں ہے اور اس میں هُمْ ضمیر ذوالحال ہے۔ فلا اشکال:::

وَ جَآءَ اَهْلُ الْمَدِيْنَةِ يَسْتَبْشِرُوْنَ ۝

آیت نمبر ۶۷: واؤ استینافیہ جَآءَ فعل اَهْلُ الْمَدِيْنَةِ مرکب اضافی ذوالحال يَسْتَبْشِرُوْنَ فعل باواؤ ضمیر فاعل جملہ فعلیہ خبریہ حال، ذوالحال باحال فاعل، فعل بافاعل جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہے۔

قَالَ اِنَّ هٰٓؤُلَآءِ ضَيْفِيْ فَلَا تَفْضَحُوْنِ ۝ وَ اتَّقُوا اللّٰهَ وَ لَا تُخْزُوْنِ ۝

آیت نمبر ۶۸،۶۹: قَالَ فعل هُوَ مستتر فاعل سے مل کر قول، اِنَّ حرف تحقیق هٰٓؤُلَآءِ اس کا اسم ضَيْفِيْ مرکب اضافی خبر اِنَّ باسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر مقولہ، قول بامقولہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ فَاء فصیحہ اور شرط محذوف ہے اِذَا كَانَ الْاَمْرُ كَذٰلِكَ بِاَنْ تُكْرِمُوْنِيْ، لَا تَفْضَحُوْا فعل نہی واؤ ضمیر فاعل نون وقایہ کا یاء ضمیر مفعول بہ، تینوں مل کر جملہ انشائیہ ہو کر معطوف علیہ ہوا واؤ عاطفہ اتَّقُوا فعل امر واؤ ضمیر فاعل اَللّٰهَ اسم الجلالہ مفعول بہ، تینوں مل کر جملہ انشائیہ معطوف اول ہوا واؤ عاطفہ لَا تُخْزُوْا فعل نہی واؤ ضمیر فاعل نون وقایہ کا یاء محذوفہ ضمیر متکلم مفعول بہ، تینوں مل کر معطوف ثانی، معطوف علیہ با معطوفین جزاء شرط محذوف باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

قَالُوْٓا اَوَ لَمْ نَنْهَكَ عَنِ الْعٰلَمِيْنَ ۝

آیت نمبر ۷۰: قَالُوْا فعل باواؤ ضمیر فاعل جملہ فعلیہ خبریہ قول ہے هَمْزَہ حرف استفہام واؤ عاطفہ اور معطوف علیہ محذوف ہے اَلَمْ نَتَقَدَّمْ اِلَيْكَ (روح المعانی) لَمْ نَنْهَ فعل لَمْ جازمہ مستتر فاعل کاف ضمیر مفعول بہ عَنِ الْعٰلَمِيْنَ جار بامجرور ظرف لغو متعلق ہوئے، چاروں مل کر جملہ استفہامیہ معطوف، معطوف علیہ یا معطوف مقولہ، قول بامقولہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

قَالَ هٰٓؤُلَآءِ بَنٰتِيْٓ اِنْ كُنْتُمْ فٰعِلِيْنَ ۝

آیت نمبر ۷۱: قَالَ فعل هُوَ مستتر فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر قول هٰٓؤُلَآءِ اسم اشارہ مبتدا بَنٰتِيْ مرکب اضافی خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ مقولہ، قول بامقولہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ اِنْ حرف شرط كُنْتُمْ فعل ناقص هُمْ ضمیر اس کا اسم فٰعِلِيْنَ اسم فاعل اَلْفُ مستتر فاعل سے مل کر خبر، فعل ناقص باسم و خبر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر شرط، اور جزاء محذوف ہے فَافْعَلُوْهُنَّ، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

لَعَمْرُكَ اِنَّهُمْ لَفِيْ سَكْرَتِهِمْ يَعْمَهُوْنَ ۝

آیت نمبر ۷۲: لَامْ ابتدائیہ عَمْرُكَ مرکب اضافی مبتدا، اور خبر محذوف ہے قَسَمِيْ، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ انشائیہ ہو کر قسم اِنَّ حرف تحقیق هُمْ ضمیر اس کا اسم لَامْ مزحلقہ فِيْ حرف جار سَكْرَتِهِمْ مرکب اضافی مجرور، جار بامجرور متعلق مقدم ہوئے يَعْمَهُوْنَ فعل واؤ

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

ضمیر فاعل اور متعلق مقدم سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر اِنَّ کی خبر، اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر قسم کا جواب، قسم یا جواب قسم جملہ قسمیہ معترضہ ہوا۔

فَاَخَذَتْهُمُ الصَّيْحَةُ مُشْرِقِيْنَ ﴿۷۳﴾ فَجَعَلْنَا عَالِيَهَا سَافِلَهَا وَاَمْطَرْنَا عَلَيْهِمْ حِجَارَةً مِّنْ سِجِّيْلٍ ﴿۷۴﴾

آیت نمبر ۷۳، ۷۴: فَاء عاطفہ اَخَذَتْ فعل هُمُ ضمیر ذوالحال مُشْرِقِيْنَ حال دونوں مل کر ملحول بہ مقدم الصَّيْحَةُ فاعل، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، فَاء عاطفہ جَعَلْنَا فعل نَا ضمیر فاعل عَالِيَهَا مرکب اضافی مفعول بہ اول سَافِلَهَا مرکب اضافی مفعول بہ ثانی، چاروں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف اول، واؤ عاطفہ اَمْطَرْنَا فعل نَا ضمیر فاعل عَلَيْهِمْ جار با مجرور متعلق ہوئے حِجَارَةً موصول مِّنْ سِجِّيْلٍ جار با مجرور ظرف مستقر كَائِنَةً کے متعلق ہو کر صفت، موصوف با صفت مفعول بہ، چاروں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر معطوف ثانی معطوف علیہ با معطوفین جَآءَ اَهْلُ الْمَدِيْنَةِ پر معطوف ہے (فقیر)

اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّلْمُتَوَسِّمِيْنَ ﴿۷۵﴾ وَاِنَّهَا لَبِسَبِيْلٍ مُّقِيْمٍ ﴿۷۶﴾

آیت نمبر ۷۵، ۷۶: اِنَّ حرف تحقیق فِيْ ذٰلِكَ ظرف مستقر كَائِنَةٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم لَاٰ مذ حلقہ اٰيٰتٍ موصوف لِّلْمُتَوَسِّمِيْنَ ظرف مستقر كَائِنَةً کے متعلق ہو کر صفت، موصوف با صفت اسم مؤخر اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اِنَّ حرف تحقیق هَا ضمیر اس کا اسم لَاٰ مذ حلقہ بَاء جارہ سَبِيْلٍ مُّقِيْمٍ مرکب توصیفی مجرور، جار با مجرور كَائِنَةٌ کے متعلق ہو کر اِنَّ کی خبر، اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ معطوف ہوا۔

اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيَةً لِّلْمُؤْمِنِيْنَ ﴿۷۷﴾

آیت نمبر ۷۷: اِنَّ حرف تحقیق فِيْ ذٰلِكَ جار با مجرور ظرف مستقر كَائِنَةٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم لَاٰ مذ حلقہ اٰيَةً موصوف لِّلْمُؤْمِنِيْنَ ظرف مستقر كَائِنَةً کے متعلق ہو کر صفت، موصوف با صفت اسم مؤخر اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

وَاِنْ كَانَ اَصْحٰبُ الْاَيْكَةِ لَظٰلِمِيْنَ ﴿۷۸﴾

آیت نمبر ۷۸: واؤ استینافیہ اِنْ مخففہ من المثقلہ ضمیر شان محذوف اس کا اسم كَانَ فعل ناقص اَصْحٰبُ الْاَيْكَةِ مرکب اضافی اس کا اسم لَاٰ مذ حلقہ ظٰلِمِيْنَ اسم فاعل هُمْ مستتر فاعل سے مل کر خبر، فعل ناقص با اسم و خبر اِنْ کی خبر، اِنْ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

فَانْتَقَمْنَا مِنْهُمْ ۘ وَاِنَّهُمَا لَبِاِمَامٍ مُّبِيْنٍ ﴿۷۹﴾

آیت نمبر ۷۹: فَاء فصیحہ اور شرط محذوف ہے اِذَا اَعْمَلْنَا فِي الْاِثْمِ، اِنْتَقَمْنَا فعل نَا ضمیر فاعل مِنْ حرف جار هُمْ ضمیر مجرور، دونوں مل کر متعلق ہوئے، تینوں مل کر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اِنَّ حرف تحقیق هُمَا ضمیر اس کا اسم لَاٰ مذ حلقہ بَاء حرف جار اِمَامٍ مُّبِيْنٍ مرکب توصیفی مجرور، جار با مجرور كَائِنَانِ کے متعلق ہو کر خبر، اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر معطوف، معطوف علیہ با معطوف جزاء شرط

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

محذوف یا جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

﴿ رکوع نمبر ۶ ﴾

وَلَقَدْ كَذَّبَ أَصْحٰبُ الْحِجْرِ الْمُرْسَلِيْنَ ﴿۸۰﴾

آیت نمبر ۸۰: واؤ استینافیہ لام موطئہ قسم اور قسم محذوف ہے قَدْ علامت فعل كَذَّبَ فعل أَصْحٰبُ مضاف الْحِجْرِ مضاف الیہ، مضاف با مضاف الیہ فاعل الْمُرْسَلِيْنَ مفعول بہ، تینوں مل کر قسم کا جواب ہے، قسم با جواب قسم جملہ انشائیہ قسمیہ ہوا۔

وَ اٰتَيْنٰهُمْ اٰيٰتِنَا فَكَانُوْا عَنْهَا مُعْرِضِيْنَ ﴿۸۱﴾ وَ كَانُوْا يَنْحِتُوْنَ مِنَ الْجِبَالِ بُيُوْتًا اٰمِنِيْنَ ﴿۸۲﴾ فَاَخَذَتْهُمُ الصَّيْحَةُ مُصْبِحِيْنَ ﴿۸۳﴾

آیت نمبر ۸۱، ۸۲، ۸۳: واؤ عاطفہ اٰتَيْنَا فعل نا ضمیر ہُمْ ضمیر مفعول بہ اول اٰيٰتِنَا مرکب اضافی مفعول بہ ثانی، چاروں مل کر معطوف علیہ مقام عاطفہ فَكَانُوْا فعل ناقص واؤ ضمیر اس کا اسم عَنْهَا جار با مجرور ظرف لغو متعلق مقدم ہوئے مُعْرِضِيْنَ اسم فاعل ہُمْ مستتر فاعل و متعلق مقدم سے مل کر خبر، فعل ناقص با اسم و خبر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف اول، واؤ عاطفہ كَانُوْا فعل ناقص واؤ ضمیر اس کا اسم يَنْحِتُوْنَ فعل واؤ ضمیر ذوالحال اٰمِنِيْنَ حال، ذوالحال با حال فاعل مِنَ الْجِبَالِ ظرف لغو متعلق ہوئے بُيُوْتًا مفعول بہ، چاروں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر خبر، فعل ناقص با اسم و خبر معطوف ثانی، مقام عاطفہ اَخَذَتْ فعل هُمْ ضمیر ذوالحال مُصْبِحِيْنَ حال، ذوالحال با حال مفعول بہ مقدم، الصَّيْحَةُ فاعل، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف ثالث، معطوف علیہ با معطوفات ثلاثہ جملہ اولیٰ پر معطوف ہے۔

فَمَآ اَغْنٰى عَنْهُمْ مَّا كَانُوْا يَكْسِبُوْنَ ﴿۸۴﴾ وَ مَا خَلَقْنَا السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضَ وَ مَا بَيْنَهُمَآ اِلَّا بِالْحَقِّ ؕ وَ اِنَّ السَّاعَةَ لَاٰتِيَةٌ فَاصْفَحِ الصَّفْحَ الْجَمِيْلَ ﴿۸۵﴾

آیت نمبر ۸۴، ۸۵: مقام عاطفہ مَا نافیہ اَغْنٰى فعل عَنْهُمْ جار با مجرور متعلق ہوئے مَّا اسم موصول كَانُوْا فعل ناقص واؤ ضمیر اس کا اسم يَكْسِبُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر خبر، فعل ناقص با اسم و خبر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر صلہ، موصول با صلہ اَغْنٰى کا فاعل، فعل با فاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ ہوا واؤ عاطفہ مَا نافیہ خَلَقْنَا فعل نا ضمیر فاعل السَّمٰوٰتِ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ الْاَرْضَ معطوف اول، واؤ عاطفہ مَا موصول بَيْنَهُمَا مرکب اضافی فعل محذوف ثَبَتَ کا مفعول فیہ ہو کر صلہ، موصول با صلہ معطوف ثانی، معطوف علیہ با معطوفین خَلَقْنَا کا مفعول بہ اِلَّا حرف استثناء بِالْحَقِّ ظرف مستقر مُتَلَبِّسِيْنَ کے متعلق ہو کر خَلَقْنَا کی ضمیر فاعل سے حال ہے فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف اول، واؤ عاطفہ اِنَّ حرف تحقیق السَّاعَةَ اس کا اسم لَاٰتِيَةٌ خبر اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف ثانی، معطوف علیہ با معطوفین اَخَذَتْ پر معطوف ہے۔ مقام فصیحہ اور شرط محذوف ہے اِذَا كَانَ الْاَمْرُ كَذٰلِكَ يَا اِنْ اُوْدِيْتَ اِصْفَحِ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل اَلصَّفْحَ الْجَمِيْلَ مرکب توصیفی مفعول مطلق، فعل با فاعل و مفعول مطلق جملہ انشائیہ ہو کر جزاء، شرط محذوف با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

اِنَّ رَبَّكَ هُوَ الْخَلّٰقُ الْعَلِيْمُ ﴿۸۶﴾

آیت نمبر ۸۶: اِنَّ حرف تحقیق رَبَّكَ مرکب اضافی اس کا اسم هُوَ ضمیر برائے فصل الْخَلّٰقُ الْعَلِيْمُ دو خبر، اِنَّ با اسم وخبرین جملہ اسمیہ خبریہ معطلہ ہوا۔

وَلَقَدْ اٰتَيْنٰكَ سَبْعًا مِّنَ الْمَثَانِيْ وَالْقُرْاٰنَ الْعَظِيْمَ ﴿۸۷﴾

آیت نمبر ۸۷: واؤ استیناف لام موطئہ للقسم اور قسم محذوف ہے قَدْ علامت فعل اٰتَيْنٰكَ فعل نَا ضمیر فاعل کاف ضمیر مفعول بہ اول، سَبْعًا موصوف مِنَ الْمَثَانِيْ ظرف مستقر کَائِنًا کے متعلق ہو کر صفت، موصوف باصفت، معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اَلْقُرْاٰنَ الْعَظِيْمَ مرکب توصیفی معطوف، پھر معطوف علیہ با معطوف مفعول بہ ثانی، فعل با فاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ قسم کا جواب، قسم با جواب قسم جملہ الثانیہ قسمیہ ہوا۔

لَا تَمُدَّنَّ عَيْنَيْكَ اِلٰى مَا مَتَّعْنَا بِهٖۤ اَزْوَاجًا مِّنْهُمْ وَلَا تَحْزَنْ عَلَيْهِمْ وَاخْفِضْ جَنَاحَكَ لِلْمُؤْمِنِيْنَ ﴿۸۸﴾ وَقُلْ اِنِّيْۤ اَنَا النَّذِيْرُ الْمُبِيْنُ ﴿۸۹﴾

آیت نمبر ۸۸،۸۹: لَا تَمُدَّنَّ فعل نہی اَنْتَ مستتر فاعل عَيْنَيْكَ مرکب اضافی مفعول بہ اِلٰى حرف جار مَا اسم موصول مَتَّعْنَا فعل نَا ضمیر فاعل بِهٖ جار با مجرور متعلق ہوئے اَزْوَاجًا موصوف مِنْهُمْ ظرف مستقر كَائِنَةً کے متعلق ہو کر صفت، موصول باصفت مَتَّعْنَا کا مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ، متعلق جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول باصلہ مجرور، جار با مجرور لَا تَمُدَّنَّ کے متعلق ہوئے، فعل نہی با فاعل و مفعول بہ، متعلق جملہ الثانیہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لَا تَحْزَنْ فعل نہی اَنْتَ مستتر فاعل عَلَيْهِمْ جار با مجرور متعلق ہوئے، تینوں مل کر جملہ الثانیہ معطوف اول، واؤ عاطفہ اخْفِضْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل جَنَاحَكَ مرکب اضافی مفعول بہ لِلْمُؤْمِنِيْنَ جار با مجرور متعلق ہوئے، چاروں مل کر جملہ الثانیہ معطوف ثانی، واؤ عاطفہ قُلْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل سے مل کر جملہ انشائیہ ہو کر قول، اِنَّ حرف تحقیق یَاء ضمیر اس کا اسم اَنَا ضمیر مبتدا، اَلنَّذِيْرُ الْمُبِيْنُ مرکب توصیفی خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ اِنَّ کی خبر، اِنَّ با اسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ مقولہ، قول با مقولہ معطوف ثالث، معطوف علیہ با معطوفات ثلاثہ جملہ مستانفہ ہوا۔

كَمَاۤ اَنْزَلْنَا عَلَى الْمُقْتَسِمِيْنَ ﴿۹۰﴾ الَّذِيْنَ جَعَلُوا الْقُرْاٰنَ عِضِيْنَ ﴿۹۱﴾

آیت نمبر ۹۰،۹۱: كَاف حرف جار مَا مصدریہ اَنْزَلْنَا فعل نَا ضمیر فاعل عَلٰى حرف جار اَلْمُقْتَسِمِيْنَ موصوف اَلَّذِيْنَ اسم موصول جَعَلُوا فعل واؤ ضمیر فاعل اَلْقُرْاٰنَ مفعول بہ اول عِضِيْنَ مفعول بہ ثانی، فعل با فاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول باصلہ اَلْمُقْتَسِمِيْنَ کی صفت، موصوف باصفت مجرور، جار با مجرور ظرف لغو اَنْزَلْنَا کے متعلق ہوئے، فعل با فاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ بتاویل مصدر مجرور، جار با مجرور ظرف مستقر كَائِنًا کے متعلق ہو کر بواسطہ موصوف محذوف اِيْتَاءً کے اٰتَيْنٰكَ کا مفعول مطلق ہے۔

فَوَرَبِّكَ لَنَسْـَٔلَنَّهُمْ اَجْمَعِيْنَ ﴿۹۲﴾ عَمَّا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿۹۳﴾

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

آیت نمبر ۹۲، ۹۳: فَاء تعلیلیہ (روح المعانی) واؤ قسمیہ جارہ رَبِّكَ مرکب اضافی مجرور، جار مجرور متعلق ہوئے فعل محذوف اُقْسِمُ کے، اُقْسِمُ فعل اَنَا مستتر فاعل، تینوں مل کر جملہ انشائیہ ہو کر قسم، لام جوابیہ لَنَسْـَٔلَنَّ فعل نَحْنُ مستتر فاعل هُمْ ضمیر منصوب مؤکد اَجْمَعِيْنَ تاکید، مؤکد با تاکید مفعول بہ عَنْ حرف جار مَا اسم موصول كَانُوْا فعل ناقص واؤ ضمیر اس کا اسم يَعْمَلُوْنَ فعل بادا ضمیر فاعل خبر، فعل ناقص با اسم و خبر جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول با صلہ مجرور، جار مجرور لَنَسْـَٔلَنَّ کے متعلق ہوئے، فعل با فاعل و مفعول بہ متعلق جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر جواب قسم، قسم با جواب جملہ انشائیہ قسمیہ معطلہ ہوا۔

فَاصْدَعْ بِمَا تُؤْمَرُ وَاَعْرِضْ عَنِ الْمُشْرِكِيْنَ ﴿۹۴﴾

آیت نمبر ۹۴: فَاء فصیحہ اور شرط محذوف ہے اِنْ عَرَفْتَ هٰذَا اِصْدَعْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل بَاء جارہ مَا موصولہ تُؤْمَرُ فعل مجہول اَنْتَ مستتر نائب فاعل سے مل کر صلہ، موصول با صلہ مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل امر با فاعل و متعلق جملہ انشائیہ امریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اَعْرِضْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل عَنِ الْمُشْرِكِيْنَ جار با مجرور متعلق ہوئے، تینوں مل کر جملہ انشائیہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف جزاء، شرط محذوف با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

اِنَّا كَفَيْنٰكَ الْمُسْتَهْزِءِيْنَ ﴿۹۵﴾ الَّذِيْنَ يَجْعَلُوْنَ مَعَ اللّٰهِ اِلٰهًا اٰخَرَ فَسَوْفَ يَعْلَمُوْنَ ﴿۹۶﴾

آیت نمبر ۹۵، ۹۶: اِنَّ حرف تحقیق نَا ضمیر اس کا اسم كَفَيْنَا فعل نَا ضمیر فاعل كَاف ضمیر منصوب مفعول بہ اول، الْمُسْتَهْزِءِيْنَ موصوف اَلَّذِيْنَ اسم موصول يَجْعَلُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل مَعَ اللّٰهِ مرکب اضافی كَا نَا کا متصول نیہ ہو کر مفعول بہ ثانی مقدم اِلٰهًا اٰخَرَ مرکب توصیفی مفعول بہ اول مؤخر، فعل با فاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول با صلہ الْمُسْتَهْزِءِيْنَ کی صفت، موصوف با صفت كَفَيْنَا کا مفعول بہ ثانی، فعل با فاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ خبر بِاَنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ معلّلہ ہوا۔ فَاء استینافیہ سَوْفَ علامت فعل يَعْلَمُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل اور مفعول بہ محذوف ہے عَاقِبَةَ اَمْرِهِمْ، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

وَلَقَدْ نَعْلَمُ اَنَّكَ يَضِيْقُ صَدْرُكَ بِمَا يَقُوْلُوْنَ ﴿۹۷﴾

آیت نمبر ۹۷: واؤ استیناف لَام موطئہ للقسم اور قسم محذوف ہے قَدْ علامت فعل نَعْلَمُ فعل نَحْنُ مستتر فاعل اَنَّ حرف تحقیق كَاف ضمیر منصوب اس کا اسم يَضِيْقُ فعل صَدْرُكَ مرکب اضافی فاعل بَاء حرف جار مَا اسم موصول يَقُوْلُوْنَ فعل با واؤ ضمیر فاعل جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول با صلہ مجرور، جار با مجرور ظرف لغو يَضِيْقُ کے متعلق ہوئے، فعل با فاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر خبر اَنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ نَعْلَمُ کے دو مفعول کے قائم مقام، فعل با فاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر قسم کا جواب، قسم با جواب قسم جملہ انشائیہ قسمیہ معطوف ہوا۔

فَسَبِّحْ بِحَمْدِ رَبِّكَ وَكُنْ مِّنَ السّٰجِدِيْنَ ﴿۹۸﴾ وَاعْبُدْ رَبَّكَ حَتّٰى يَاْتِيَكَ الْيَقِيْنُ ﴿۹۹﴾

آیت نمبر ۹۸، ۹۹: فَاء فصیحہ اور شرط محذوف ہے اِذَا كَانَ الْاَمْرُ كَذٰلِكَ، سَبِّحْ فعل امر اَنْتَ مستتر واو الحال بَاء حرف جار حَمْدِ رَبِّكَ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور ظرف مستقر مُتَلَبِّسًا کے متعلق ہو کر حال، واو الحال با حال فاعل، فعل با فاعل جملہ انشائیہ معطوف علیہ، واؤ

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

عاطفہ کُنْ فعل ناقص اَنْتَ مستتر اس کا اسم مِنَ السّٰجِدِیْنَ جار یا مجرور ظرف مستقر کَائِنًا کے متعلق ہو کر خبر، فعل ناقص با اسم و خبر جملہ انشائیہ معطوف اوّل، واؤ عاطفہ اُعْبُدْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل رَبَّكَ مرکب اضافی مفعول بہ حَتّٰى حرف جار اور اس کے بعد اَنْ مقدر ہے یَاْتِیَ فعل کاف ضمیر مفعول بہ مقدم الْیَقِیْنُ فاعل مؤخر، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ بتاویل مصدر مجرور، جار با مجرور اُعْبُدْ کے متعلق ہوئے، فعل با فاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ انشائیہ معطوف ثانی، معطوف علیہ با معطوفین شرط محذوف کی جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

بِحَمْدِ اللّٰهِ تَعَالٰى وَفَضْلِهٖ وَكَرَمِهٖ

(۱۷، ۳، ۲۰۱۷ء بمطابق ۱۷ جمادی الاولیٰ ۱۴۳۸ھ بروز جمعۃ المبارک بوقت صبح ۹ بجے سُوْرَةُ الْحِجْرِ کی ترکیب مکمل ہوئی)

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

ترکیب سُوْرَةُ النَّحْلِ

رکوع نمبر ۱

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ اَتٰۤى اَمْرُ اللّٰهِ فَلَا تَسْتَعْجِلُوْهُ ؕ سُبْحٰنَهٗ وَ تَعٰلٰى عَمَّا يُشْرِكُوْنَ ۝۱

آیت نمبر ۱: اَتٰی فعل ماضی اَمْرُ اللّٰهِ مرکب اضافی فاعل، دونوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا فَاء تعقیبیہ (تفریع) یا فصیحہ ہے اور شرط اِنْ طَلَبْتُمُ الْاَمْرَ محذوف ہے، لَا تَسْتَعْجِلُوْا فعل نہی واؤ ضمیر فاعل هُ ضمیر مفعول بہ، تینوں مل کر جملہ انشائیہ ہوا۔ سُبْحٰنَهٗ مرکب اضافی مفعول مطلق ہے فعل محذوف سَبَّحْنَا کا، سَبَّحْنَا فعل نَا ضمیر فاعل، فعل بافاعل ومفعول مطلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ تَعٰلٰی فعل هُوَ مستتر فاعل عَنْ جارہ مَا موصولہ يُشْرِكُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر صلہ، موصول باصلہ مجرور، جار باجرور متعلق ہوئے، فعل بافاعل ومتعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ باعطوف جملہ معطوفہ مستانفہ ہوا۔

يُنَزِّلُ الْمَلٰٓئِكَةَ بِالرُّوْحِ مِنْ اَمْرِهٖ عَلٰى مَنْ يَّشَآءُ مِنْ عِبَادِهٖۤ اَنْ اَنْذِرُوْۤا اَنَّهٗ لَاۤ اِلٰهَ اِلَّاۤ اَنَا فَاتَّقُوْنِ ۝۲

آیت نمبر ۲: يُنَزِّلُ فعل هُوَ مستتر فاعل اَلْمَلٰٓئِكَةَ مفعول بہ بَاء حرف جار اَلرُّوْحِ ذوالحال مِنْ جارہ اَمْرِهٖ مرکب اضافی مجرور، جار مجرور کَائِنًا کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال باحال مجرور، جار باجرور متعلق اول ہوئے عَلٰی حرف جار مَنْ اسم موصول يَّشَآءُ فعل هُوَ مستتر فاعل سے مل کر صلہ، موصول باصلہ ذوالحال مِنْ عِبَادِهٖ ظرف مستقر كَائِنًا کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال باحال مجرور، جار باجرور متعلق ثانی ہوئے اَنْ حرف مصدری اَنْذِرُوْا فعل امر واؤ ضمیر فاعل اَنَّ حرف تحقیق هُ ضمیر شان اس کا اسم لَا نفی جنس اِلٰهَ اس کا اسم هُوَ جُوْدٌ خبر محذوف ہے، مَوْجُوْدٌ اسم مفعول هُوَ مستتر مبدل منہ اِلَّا حرف استثناء اَنَا ضمیر بدل، مبدل منہ بابدل نائب فاعل، اسم مفعول بانائب فاعل خبر، لَا نفی جنس باسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر اَنَّ کی خبر، اَنَّ باسم وخبر بتاویل مفرد منصوب بنزع الخافض ہے، جار باجرور اَنْذِرُوْا کے متعلق ہوئے، فعل بافاعل ومتعلق بتاویل مصدر منصوب بنزع الخافض مجرور اصل میں بِاَنَّ ہے، جار باجرور يُنَزِّلُ کے متعلق ثالث ہوئے، فعل بافاعل ومفعول بہ ومتعلقات ثلاثہ جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا (روح) فَاء فصیحہ اور شرط محذوف ہے اِذَا كَانَ الْاَمْرُ كَذٰلِكَ بِاِذَا اَرَدْتُّمُ النَّجَاةَ فِي الْاٰخِرَةِ اِتَّقُوْا فعل امر واؤ ضمیر فاعل نون وقایہ کا یَاء ضمیر متکلم محذوفہ مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ جملہ انشائیہ ہو کر جزاء شرط محذوف یا جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضَ بِالْحَقِّ ؕ تَعٰلٰى عَمَّا يُشْرِكُوْنَ ۝۳

آیت نمبر ۳: خَلَقَ فعل هُوَ مستتر فاعل بِالْحَقِّ ظرف مستقر مُتَلَبِّسًا کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال باحال خَلَقَ کا فاعل ہے اَلسَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ معطوف علیہ باعطوف مفعول بہ، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا تَعٰلٰی فعل هُوَ مستتر فاعل عَنْ حرف جار مَا اسم

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

موصول یُشْعِرُوْنَ فعل باواؤ ضمیر فاعل جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول باصلہ مجرور، جار باجرور متعلق ہوئے، فعل بافاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

خَلَقَ الْاِنْسَانَ مِنْ نُّطْفَةٍ فَاِذَا هُوَ خَصِيْمٌ مُّبِيْنٌ ۝ وَالْاَنْعَامَ خَلَقَهَا ۚ لَكُمْ فِيْهَا دِفْءٌ وَّمَنَافِعُ وَمِنْهَا تَاْكُلُوْنَ ۝ وَلَكُمْ فِيْهَا جَمَالٌ حِيْنَ تُرِيْحُوْنَ وَحِيْنَ تَسْرَحُوْنَ ۝

آیت نمبر ۴، ۵، ۶: خَلَقَ فعل هُوَ مستتر فاعل الْاِنْسَانَ مفعول بہ مِنْ نُّطْفَةٍ جار باجرور متعلق ہوئے، چاروں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ مقام عاطفہ اِذَا مناجاتیہ خَصِيْمٌ کا مفعول فیہ مقدم ہے هُوَ ضمیر مبتدا، خَصِيْمٌ مُّبِيْنٌ مرکب توصیفی خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر معطوف اول، واؤ عاطفہ الْاَنْعَامَ مفعول بہ ہے فعل محذوف خَلَقَ اللّٰهُ کا، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر مفسر، خَلَقَ فعل هُوَ مستتر فاعل هَا ضمیر مفعول بہ، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر مفسر، مفسر بامفسر معطوف علیہ، معطوف علیہ بامعطوفین جملہ مستانفہ ہوا۔

لَكُمْ ظرف مستقر كَائِنَانِ کے متعلق ہو کر خبر مقدم فِيْهَا ظرف مستقر كَائِنَيْنِ کے متعلق ہو کر حال مقدم دِفْءٌ وَّمَنَافِعُ معطوف علیہ باطوف ذوالحال مؤخر، ذوالحال باحال مبتدا مؤخر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ مِنْهَا جار باجرور متعلق مقدم تَاْكُلُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل و متعلق مقدم سے مل کر معطوف اول، واؤ عاطفہ لَكُمْ جار باجرور ظرف مستقر كَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم فِيْهَا جار باجرور كَائِنًا کے متعلق ہو کر حال مقدم جَمَالٌ موصوف حِيْنَ مضاف تُرِيْحُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل، فعل بافاعل مضاف الیہ، مضاف باضاف الیہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ حِيْنَ مضاف تَسْرَحُوْنَ فعل باواؤ فاعل جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر مضاف الیہ، مضاف باضاف الیہ معطوف، معطوف علیہ باطوف كَائِنٌ کا مفعول فیہ ہو کر جَمَالٌ کی صفت، موصوف باصفت ذوالحال مؤخر، ذوالحال باحال مبتدا مؤخر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر معطوف ثانی، معطوف علیہ باطوفین جملہ مستانفہ ہوا یا خَلَقَهَا کی ضمیر مفعول بہ سے حال ہے۔

وَتَحْمِلُ اَثْقَالَكُمْ اِلٰى بَلَدٍ لَّمْ تَكُوْنُوْا بٰلِغِيْهِ اِلَّا بِشِقِّ الْاَنْفُسِ ۭ اِنَّ رَبَّكُمْ لَرَءُوْفٌ رَّحِيْمٌ ۝

آیت نمبر ۷: وَاؤ عاطفہ تَحْمِلُ فعل هِيَ ضمیر مستتر فاعل اَثْقَالَكُمْ مرکب اضافی مفعول بہ اِلٰى حرف جار بَلَدٍ موصوف لَمْ تَكُوْنُوْا فعل ناقص واؤ ضمیر اس کا اسم، بٰلِغِيْهِ اسم فاعل مضاف هُ ضمیر مستتر ذوالحال اِلَّا حرف استثناء بِشِقِّ جارہ الْاَنْفُسِ مرکب اضافی مجرور، جار باجرور ظرف مستقر كَائِنِيْنَ کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال باحال بٰلِغِيْهِ کا فاعل ہِ ضمیر مضاف الیہ معنی مفعول بہ، اسم فاعل مضاف باضاف الیہ خبر، فعل ناقص باسم و خبر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر بَلَدٍ کی صفت، موصوف باصفت مجرور، جار باجرور ظرف لغو تَحْمِلُ کے متعلق ہوئے، فعل بافاعل و مفعول بہ متعلق جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر خَلَقَهَا پر معطوف ہے اِنَّ حرف تحقیق رَبَّكُمْ مرکب اضافی اس کا اسم لَام مزحلقہ رَءُوْفٌ رَّحِيْمٌ دو خبر اِنَّ باسم و خبرین جملہ اسمیہ خبریہ معطلہ ہوا۔

وَالْخَيْلَ وَالْبِغَالَ وَالْحَمِيْرَ لِتَرْكَبُوْهَا وَزِيْنَةً ۭ وَيَخْلُقُ مَا لَا تَعْلَمُوْنَ ۝

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

22

آیت نمبر ۸: واؤ عاطفہ اَلْخَيْلَ معطوف علیہ وَالْبِغَالَ وَالْحَمِيْرَ دو معطوف ہے، معطوف علیہ یا معطوفین عطف کے واسطے سے خَلَقَ کا مفعول بہ ہے، لام جارہ تعلیلیہ اور اس کے بعد اَنْ مقدر ہے تَرْكَبُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل هَا ضمیر مفعول بہ، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر تاویل مصدر مجرور، جار یا مجرور متعلق ہوئے خَلَقَ کے زِيْنَةً عطف کے واسطے سے خَلَقَ کا مفعول لہ ہے واؤ استینافیہ يَخْلُقُ فعل هُوَ مستتر فاعل مَا اسم موصول لَا تَعْلَمُوْنَ فعل باواؤ ضمیر فاعل صلہ، موصول یا صلہ مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ یا خَلَقَ پر معطوف ہوا۔

وَعَلَى اللّٰهِ قَصْدُ السَّبِيْلِ وَمِنْهَا جَآئِرٌ ؕ وَلَوْ شَآءَ لَهَدٰىكُمْ اَجْمَعِيْنَ ۝

آیت نمبر ۹: واؤ استینافیہ عَلَى اللّٰهِ ظرف مستقر كَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم قَصْدُ السَّبِيْلِ مرکب اضافی مبتدا مؤخر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ مِنْهَا ظرف مستقر كَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم جَآئِرٌ مبتدا مؤخر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ مستانفہ ہوا۔ واؤ عاطفہ لَوْ شرطیہ شَآءَ فعل هُوَ مستتر فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر شرط، لام جوابیہ هَدٰى فعل هُوَ مستتر فاعل كُمْ ضمیر منصوب مؤکد اَجْمَعِيْنَ تاکید، مؤکد با تاکید مفعول بہ، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

❁ رکوع نمبر ۲ ❁

هُوَ الَّذِيْٓ اَنْزَلَ مِنَ السَّمَآءِ مَآءً لَّكُمْ مِّنْهُ شَرَابٌ وَّمِنْهُ شَجَرٌ فِيْهِ تُسِيْمُوْنَ ۝

آیت نمبر ۱۰: هُوَ ضمیر منفصل مبتدا اَلَّذِيْ اسم موصول اَنْزَلَ فعل هُوَ مستتر فاعل مِنَ السَّمَآءِ جار با مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے مَآءً موصوف لَّكُمْ ظرف مستقر كَائِنًا کے متعلق ہو کر خبر مقدم مِنْهُ جار با مجرور كَائِنًا کے متعلق ہو کر حال مقدم شَرَابٌ ذوالحال با حال مبتدا مؤخر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ مِنْهُ ظرف مستقر كَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم شَجَرٌ موصوف فِيْهِ جار با مجرور ظرف لغو متعلق مقدم ہوئے تُسِيْمُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل و متعلق مقدم سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر شَجَرٌ کی صفت، موصوف با صفت مبتدا مؤخر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ ہو کر مَآءً کی صفت، موصوف با صفت اَنْزَلَ کا مفعول بہ، فعل با فاعل و متعلق و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول با صلہ هُوَ کی خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

يُنْۢبِتُ لَكُمْ بِهِ الزَّرْعَ وَالزَّيْتُوْنَ وَالنَّخِيْلَ وَالْاَعْنَابَ وَمِنْ كُلِّ الثَّمَرٰتِ ؕ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيَةً لِّقَوْمٍ يَّتَفَكَّرُوْنَ ۝

آیت نمبر ۱۱: يُنْۢبِتُ فعل هُوَ مستتر فاعل لَكُمْ جار با مجرور متعلق اول ہوئے بِهِ جار با مجرور متعلق ثانی ہوئے الزَّرْعَ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ الزَّيْتُوْنَ معطوف اول واؤ عاطفہ النَّخِيْلَ معطوف ثانی، واؤ عاطفہ الْاَعْنَابَ معطوف ثالث، واؤ عاطفہ مِنْ تبعیضیہ مضاف (کیونکہ یہ اسم ہوتا ہے) كُلِّ الثَّمَرٰتِ مرکب اضافی مضاف الیہ، مضاف با مضاف الیہ معطوف رابع، معطوف علیہ با معطوفات اربعہ يُنْۢبِتُ کا مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ و متعلقین جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر مَآءً کی صفت ثانیہ ہے، یا جملہ مستانفہ ہے اِنَّ حرف مشبہ فِيْ ذٰلِكَ جار با مجرور ظرف

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

22/22

مستقر کَائِنَةٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم لَاٰیَةً موصوف لام مدخلہ اٰیَةٌ موصوف لام جارہ قَوْمٍ موصوف یَتَفَکَّرُوْنَ فعل باواؤ ضمیر فاعل جملہ فعلیہ خبریہ قَوْمٍ کی صفت، موصوف باصفت مجرور، جار با مجرور ظرف مستقر کَائِنَةٌ کے متعلق ہو کر اٰیَةٌ کی صفت، موصوف باصفت اسم مؤخر اِنَّ کا اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا

وَ سَخَّرَ لَكُمُ الَّيْلَ وَ النَّهَارَ ۙ وَ الشَّمْسَ وَ الْقَمَرَ ؕ وَ النُّجُوْمُ مُسَخَّرٰتٌۢ بِاَمْرِهٖ ؕ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّقَوْمٍ يَّعْقِلُوْنَ ۝۱۲

آیت نمبر ۱۲: واؤ عاطفہ سَخَّرَ فعل هُوَ مستتر فاعل لَكُمُ جار با مجرور متعلق ہوئے اَلَّيْلَ وَ النَّهَارَ وَ الشَّمْسَ وَ الْقَمَرَ معطوف علیہ با معطوفات ثلاثہ مفعول بہ، فعل با فاعل و متعلق و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر اَلَّيْلَ پر یا اَلَّيْلُ پر معطوف ہے۔ واؤ عاطفہ اَلنُّجُوْمُ مبتدا مُسَخَّرٰتٌ اسم مفعول هُنَّ مستتر نائب فاعل بِاَمْرِهٖ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے، اسم مفعول با نائب فاعل و متعلق شبہ جملہ ہو کر خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوفہ ہوا۔ اِنَّ حرف تحقیق فِيْ ذٰلِكَ ظرف مستقر کَائِنَاتٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم لَامٌ مدخلہ اٰیٰتٍ موصوف لام جارہ قَوْمٍ موصوف یَعْقِلُوْنَ فعل باواؤ ضمیر فاعل جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر صفت، موصوف باصفت مجرور، جار با مجرور ظرف مستقر کَائِنَةٌ کے متعلق ہو کر صفت، موصوف باصفت اسم مؤخر اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

وَ مَا ذَرَاَ لَكُمْ فِي الْاَرْضِ مُخْتَلِفًا اَلْوَانُهٗ ؕ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيَةً لِّقَوْمٍ يَّذَّكَّرُوْنَ ۝۱۳

آیت نمبر ۱۳: واؤ عاطفہ مَا موصولہ ذَرَاَ فعل هُوَ مستتر فاعل لَكُمْ جار با مجرور متعلق اول ہوئے فِي الْاَرْضِ جار با مجرور متعلق ثانی ہوئے، فعل با فاعل و متعلقین صلہ، موصول با صلہ ذوالحال مُخْتَلِفًا اسم فاعل اَلْوَانُهٗ مرکب اضافی فاعل، اسم فاعل با فاعل شبہ جملہ ہو کر حال، ذوالحال با حال اَلَّيْلَ پر معطوف ہے۔ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيَةً لِّقَوْمٍ يَّذَّكَّرُوْنَ کی ترکیب اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيَةً لِّقَوْمٍ يَّتَفَكَّرُوْنَ کی مثل ہے جو ابھی گزری ہے۔

وَ هُوَ الَّذِيْ سَخَّرَ الْبَحْرَ لِتَاْكُلُوْا مِنْهُ لَحْمًا طَرِيًّا وَّ تَسْتَخْرِجُوْا مِنْهُ حِلْيَةً تَلْبَسُوْنَهَا ۚ وَ تَرَى الْفُلْكَ مَوَاخِرَ فِيْهِ وَ لِتَبْتَغُوْا مِنْ فَضْلِهٖ وَ لَعَلَّكُمْ تَشْكُرُوْنَ ۝۱۴

آیت نمبر ۱۴: واؤ استیناف هُوَ ضمیر مبتدا اَلَّذِيْ اسم موصول سَخَّرَ فعل هُوَ مستتر فاعل اَلْبَحْرَ مفعول بہ، لام جارہ تعلیلیہ اور اس کے بعد اَنْ مقدر ہے، تَاْكُلُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل مِنْهُ جار با مجرور متعلق ہوئے لَحْمًا طَرِيًّا موصوف باصفت مفعول بہ، چاروں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ تَسْتَخْرِجُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل مِنْهُ جار با مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے حِلْيَةً موصوف تَلْبَسُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل هَا ضمیر مفعول بہ، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر صفت، موصوف باصفت تَسْتَخْرِجُوْا کا مفعول بہ، فعل با فاعل و متعلق و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر معطوف، معطوف علیہ با معطوف بتاویل مصدر مجرور، جار با مجرور سَخَّرَ کے متعلق ہوئے، فعل با فاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر صلہ، موصول با صلہ هُوَ کی خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

واؤ اعتراضیہ تَرَى فعل اَنْتَ مستتر فاعل اَلْفُلْكَ ذوالحال مَوَاخِرَ اسم فاعل هِيَ مستتر فاعل فِيْهِ جار با مجرور ظرف لغو ہو کر متعلق ہوئے،

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

اسم فاعل یا فاعل و متعلق شبہ جملہ ہو کر حال، ذوالحال یا حال مؤسسی کا مفعول بہ، فعل یا فاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معترضہ ہوا۔ واؤ عاطفہ لام جارہ تعلیلیہ اور اس کے بعد اَنْ مقدر ہے تَبْتَغُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل مِنْ فَضْلِهٖ جار یا مجرور متعلق ہوئے، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر بتاویل مصدر مجرور، جار یا مجرور لِتَاْكُلُوْا پر معطوف ہے واؤ عاطفہ لَعَلَّ حرف ترجی كُمْ ضمیر اس کا اسم تَشْكُرُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر خبر، لَعَلَّ یا اسم و خبر لِتَبْتَغُوْا پر معطوف ہے۔

وَاَلْقٰى فِي الْاَرْضِ رَوَاسِيَ اَنْ تَمِيْدَ بِكُمْ وَاَنْهٰرًا وَّسُبُلًا لَّعَلَّكُمْ تَهْتَدُوْنَ ﴿۱۵﴾

آیت نمبر ۱۵: واؤ عاطفہ اَلْقٰى فعل هُوَ مستتر فاعل فِي الْاَرْضِ جار یا مجرور متعلق ہوئے رَوَاسِيَ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اَنْهٰرًا وَّسُبُلًا دو معطوف، معطوف علیہ یا معطوفین مفعول بہ، اَنْ حرف مصدری و نصب تَمِيْدَ فعل هِيَ مستتر فاعل بِكُمْ جار یا مجرور متعلق ہوئے، تینوں مل کر بتاویل مصدر كَرَاهَةَ محذوف کا مضاف الیہ پھر یہ مفعول لہ ہے، فعل یا فاعل و متعلق و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ سَخَّرَ پر معطوف ہے۔ لَعَلَّ حرف ترجی كُمْ ضمیر اس کا اسم تَهْتَدُوْنَ فعل یا واؤ ضمیر فاعل جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر خبر، لَعَلَّ یا اسم و خبر اَيْ اِهْتِدَائِكُمْ کی تاویل میں ہو کر اَلْقٰى کی ضمیر فاعل سے حال ہے یا جملہ مستانفہ ہے۔

وَعَلٰمٰتٍ ۭ وَبِالنَّجْمِ هُمْ يَهْتَدُوْنَ ﴿۱۶﴾

آیت نمبر ۱۶: واؤ عاطفہ عَلٰمٰتٍ "اَنْهٰرًا وَّسُبُلًا" پر معطوف ہے واؤ استینافیہ بِالنَّجْمِ جار یا مجرور متعلق مقدم هُمْ ضمیر مبتداء يَهْتَدُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل و متعلق مقدم سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر خبر، مبتدا یا خبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

اَفَمَنْ يَّخْلُقُ كَمَنْ لَّا يَخْلُقُ ۭ اَفَلَا تَذَكَّرُوْنَ ﴿۱۷﴾

آیت نمبر ۱۷: هَمزہ حرف استفہام فَاء استینافیہ اور یہ اصل میں هَمزہ سے مقدم ہے مَنْ اسم موصول يَخْلُقُ فعل هُوَ مستتر فاعل سے مل کر صلہ، موصول یا صلہ مبتداء کاف حرف جار مَنْ اسم موصول لَا يَخْلُقُ فعل هُوَ مستتر فاعل سے مل کر صلہ، موصول یا صلہ مجرور، جار یا مجرور كَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر، مبتدا یا خبر جملہ اسمیہ انشائیہ مستانفہ ہوا۔ هَمزہ حرف استفہام فَاء عاطفہ اور معطوف علیہ محذوف ہے لَاتَتَفَكَّرُوْنَ، یا اَغَفَلْتُمْ عَنْ هٰذَا لَاتَذَكَّرُوْنَ فعل یا واؤ ضمیر فاعل جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ یا معطوف جملہ معطوف ہوا۔

وَاِنْ تَعُدُّوْا نِعْمَةَ اللّٰهِ لَا تُحْصُوْهَا ۭ اِنَّ اللّٰهَ لَغَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿۱۸﴾

آیت نمبر ۱۸: واؤ استینافیہ اِنْ حرف شرط تَعُدُّوْا فعل واؤ ضمیر فاعل نِعْمَةَ اللّٰهِ مرکب اضافی مفعول بہ، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر شرط، لَاتُحْصُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل هَا ضمیر مفعول بہ، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ مستانفہ ہوا۔ اِنَّ حرف تحقیق اَللّٰهَ اسم الجلالہ اسم لام مزحلقہ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ دو خبر اِنَّ یا اسم و خبرین جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

وَاللّٰهُ يَعْلَمُ مَا تُسِرُّوْنَ وَمَا تُعْلِنُوْنَ ﴿۱۹﴾

آیت نمبر ۱۹: واؤ عاطفہ اَللّٰهُ مبتدا يَعْلَمُ فعل هُوَ ضمیر فاعل مَا موصولہ تُسِرُّوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل، فعل یا فاعل جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر صلہ، موصول یا صلہ معطوف علیہ واؤ عاطفہ مَا موصولہ تُعْلِنُوْنَ فعل یا واؤ ضمیر فاعل جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر صلہ، موصول یا صلہ معطوف،

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

معطوف علیہ با معطوف یَعْلَمُ کا مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

وَالَّذِيْنَ يَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ لَا يَخْلُقُوْنَ شَيْـًٔا وَّهُمْ يُخْلَقُوْنَ ﴿۲۰﴾

آیت نمبر ۲۰: واؤ عاطفہ اَلَّذِيْنَ اسم موصول يَدْعُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل هُمْ ضمیر منصوب محذوف ذوالحال مِنْ حرف جار دُوْنِ اللّٰهِ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور کا اَلَّذِيْنَ کے متعلق ہو کر حال ہذوالحال با حال مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر صلہ، موصول با صلہ مبتدا لَا يَخْلُقُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل شَيْـًٔا مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ هُمْ ضمیر مبتدا يُخْلَقُوْنَ فعل واؤ ضمیر نائب فاعل، فعل مجہول با نائب فاعل جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر معطوف، معطوف علیہ با معطوف اَلَّذِيْنَ کی خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ اَللّٰهُ يَعْلَمُ پر معطوف ہے۔

اَمْوَاتٌ غَيْرُ اَحْيَآءٍ ۚ وَمَا يَشْعُرُوْنَ ۙ اَيَّانَ يُبْعَثُوْنَ ﴿۲۱﴾

آیت نمبر ۲۱: اَمْوَاتٌ موصوف غَيْرُ اَحْيَآءٍ مرکب اضافی صفت، موصوف با صفت اَلَّذِيْنَ کی خبر ثانی واؤ عاطفہ مَا نافیہ يَشْعُرُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل اَيَّانَ مفعول فیہ مقدم يُبْعَثُوْنَ فعل مجہول واؤ ضمیر نائب فاعل، فعل مجہول با نائب فاعل و مفعول فیہ ملغا منصوب مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر يُخْلَقُوْنَ کا معطوف ہے۔

﴿ رکوع نمبر ۳ ﴾

اِلٰهُكُمْ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ ۚ فَالَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ بِالْاٰخِرَةِ قُلُوْبُهُمْ مُّنْكِرَةٌ وَّهُمْ مُّسْتَكْبِرُوْنَ ﴿۲۲﴾

آیت نمبر ۲۲: اِلٰهُكُمْ مرکب اضافی مبتدا، اِلٰهٌ وَّاحِدٌ مرکب توصیفی خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔ فَاء فصیحہ اور اس کی شرط محذوف ہے اِذَا كَانَ الْاَمْرُ كَذٰلِكَ، اَلَّذِيْنَ اسم موصول لَا يُؤْمِنُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل بِالْاٰخِرَةِ جار با مجرور متعلق ہونے، تینوں مل کر صلہ، موصول با صلہ مبتدا، قُلُوْبُهُمْ مرکب اضافی مبتدا مُّنْكِرَةٌ اسم فاعل هِيَ مستتر فاعل سے مل کر خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ هُمْ ضمیر مبتدا مُّسْتَكْبِرُوْنَ اسم فاعل هُمْ مستتر فاعل سے مل کر خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر معطوف، معطوف علیہ با معطوف اَلَّذِيْنَ کی خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

لَا جَرَمَ اَنَّ اللّٰهَ يَعْلَمُ مَا يُسِرُّوْنَ وَمَا يُعْلِنُوْنَ ۭ اِنَّهٗ لَا يُحِبُّ الْمُسْتَكْبِرِيْنَ ﴿۲۳﴾

آیت نمبر ۲۳: لَا جَرَمَ یہاں ثَبَتَ کے معنی میں ہے اَنَّ حرف تحقیق اللّٰهَ اس کا اسم يَعْلَمُ فعل هُوَ مستتر فاعل مَا اسم موصول يُسِرُّوْنَ فعل با واؤ ضمیر فاعل صلہ، موصول با صلہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ مَا موصولہ يُعْلِنُوْنَ فعل با واؤ ضمیر فاعل جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول با صلہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف یَعْلَمُ کا مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ اَنَّ کی خبر، اَنَّ با اسم و خبر تاویل مصدر لَا جَرَمَ بمعنی ثَبَتَ کا فاعل ہے، فعل با فاعل جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔ اِنَّ حرف تحقیق هٗ ضمیر اس کا اسم لَا يُحِبُّ فعل هُوَ مستتر فاعل الْمُسْتَكْبِرِيْنَ مفعول بہ، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر اِنَّ کی خبر، اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

وَاِذَا قِيْلَ لَهُمْ مَّاذَآ اَنْزَلَ رَبُّكُمْ ۙ قَالُوْٓا اَسَاطِيْرُ الْاَوَّلِيْنَ ﴿۲۴﴾

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

آیت نمبر ۲۴ قَالُوْا استینافیہ اِذَا شرطیہ مفعول فیہ مقدم قِیْلَ فعل مجہول ھُوَ مستتر راجع بسوئے قول مصدر نائب فاعل لَھُمْ جار بامجرور متعلق ہوئے، چاروں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر قول مَاذَا اسم استفہام مفعول بہ مقدم اَنْزَلَ فعل رَبُّکُمْ مرکب اضافی فاعل، تینوں مل کر جملہ انشائیہ ہو کر مقولہ، قول با مقولہ شرط قَالُوْا فعل باواؤ ضمیر فاعل جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر قول اَسَاطِیْرُ الْاَوَّلِیْنَ مرکب اضافی خبر ہے مبتدا محذوف ھِیَ کی، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ مقولہ، قول با مقولہ جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ مستانفہ ہوا۔

لِيَحْمِلُوْٓا اَوْزَارَهُمْ كَامِلَةً يَّوْمَ الْقِيٰمَةِ ۙ وَمِنْ اَوْزَارِ الَّذِيْنَ يُضِلُّوْنَهُمْ بِغَيْرِ عِلْمٍ ۭ اَلَا سَاۗءَ مَا يَزِرُوْنَ ۝

آیت نمبر ۲۵: لَام جارہ تعلیلیہ اور اس کے بعد اَنْ مقدر ہے یَحْمِلُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل اَوْزَارَھُمْ مرکب اضافی ذوالحال کَامِلَةً اسم فاعل ھِیَ مستتر فاعل سے مل کر حال، ذوالحال باحال مفعول بہ یَوْمَ الْقِیٰمَةِ مرکب اضافی مفعول فیہ، فعل با فاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ بتاویل مصدر مجرور، جار با مجرور ظرف لغو ہو کر متعلق ہے قَالُوْا کے، واؤ عاطفہ مِنْ حرف جار اَوْزَارِ مضاف الَّذِیْنَ اسم موصول یُضِلُّوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل ھُمْ ضمیر ذوالحال بَاء جارہ غَیْرِ عِلْمٍ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور مُتَلَبِّسِیْنَ کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال باحال مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول با صلہ مضاف الیہ، مضاف با مضاف الیہ مجرور، جار با مجرور عطف کے واسطہ سے یَحْمِلُوْنَ کے متعلق ہے۔ اَلَا حرف تنبیہ سَاۗءَ فعل ذم مَا اسم موصول یَزِرُوْنَ فعل باواؤ ضمیر فاعل جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر صلہ، موصول با صلہ فاعل، فعل با فاعل جملہ فعلیہ انشائیہ ہو کر خبر، مخصوص بالذم مبتدا محذوف ہے ھُوَ اَوْزَارُھُمْ، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ انشائیہ مستانفہ ہوا۔

﴿ رکوع نمبر ۴ ﴾

قَدْ مَكَرَ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ فَاَتَى اللّٰهُ بُنْيَانَهُمْ مِّنَ الْقَوَاعِدِ فَخَرَّ عَلَيْهِمُ السَّقْفُ مِنْ فَوْقِهِمْ وَاَتٰىهُمُ الْعَذَابُ مِنْ حَيْثُ لَا يَشْعُرُوْنَ ۝

آیت نمبر ۲۶: قَدْ علامت فعل مَکَرَ فعل اَلَّذِیْنَ اسم موصول مِنْ قَبْلِھِمْ ظرف مستقر قَبَّلُوْا کے متعلق ہو کر صلہ، موصول با صلہ فاعل، فعل با فاعل جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اَتَی فعل لفظ اَللّٰہُ فاعل بُنْیَانَھُمْ مرکب اضافی مفعول بہ مِنَ الْقَوَاعِدِ جار با مجرور متعلق ہوئے، چاروں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر معطوف اول، فَاء عاطفہ خَرَّ فعل عَلَیْھِمُ جار با مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے، اَلسَّقْفُ فاعل مِنْ فَوْقِھِمْ جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل با فاعل و متعلقین جملہ فعلیہ خبریہ معطوف ثانی، واؤ عاطفہ اَتَی فعل ھُمْ ضمیر مفعول بہ اَلْعَذَابُ فاعل مِنْ حرف جار حَیْثُ مضاف لَا یَشْعُرُوْنَ فعل باواؤ ضمیر فاعل جملہ فعلیہ خبریہ مضاف الیہ، مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور اَتَی کے متعلق ہوئے، فعل با فاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ تیسرا معطوف، معطوف علیہ با معطوفات ثلاثہ جملہ مستانفہ ہوا۔

ثُمَّ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ يُخْزِيْهِمْ وَيَقُوْلُ اَيْنَ شُرَكَاۗءِيَ الَّذِيْنَ كُنْتُمْ تُشَاۗقُّوْنَ فِيْهِمْ ۭ قَالَ الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْعِلْمَ اِنَّ الْخِزْيَ الْيَوْمَ وَالسُّوْۗءَ عَلَي الْكٰفِرِيْنَ ۝ الَّذِيْنَ تَتَوَفّٰىهُمُ الْمَلٰۗىِٕكَةُ ظَالِمِيْٓ اَنْفُسِهِمْ ۠ فَاَلْقَوُا السَّلَمَ مَا كُنَّا نَعْمَلُ مِنْ سُوْۗءٍ ۭ بَلٰٓى اِنَّ

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

اللّٰهَ عَلِيْمٌۢ بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ﴿۲۸﴾

آیت نمبر ۲۷، ۲۸: ثُمَّ حرف عطف يَوْمَ الْقِيٰمَةِ مرکب اضافی مفعول فیہ متقدم يُخْزِيْ فعل هُوَ مستتر فاعل هِمْ ضمیر مفعول بہ، چاروں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ واؤ عاطفہ يَقُوْلُ فعل هُوَ مستتر فاعل سے مل کر قول، اَيْنَ استفہامیہ مبنی كَآئِنَةٌ کا مفعول فیہ ہو کر خبر مقدم شُرَكَآءِيْ مرکب اضافی موصوف اَلَّذِيْنَ اسم موصول كُنْتُمْ فعل ناقص اَنْتُمْ ضمیر اسم تُشَآقُّوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل فِيْهِمْ جار بامجرور ظرف لغو متعلق ہوئے، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر خبر، فعل ناقص با اسم و خبر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر اَلَّذِيْنَ کا صلہ، موصول با صلہ شُرَكَآءِيْ کی صفت، موصوف با صفت مبتدا مؤخر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ مقول، قول با مقولہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ معطوفہ ہوا۔

قَالَ فعل اَلَّذِيْنَ اسم موصول اُوْتُوا فعل مجہول واؤ ضمیر نائب فاعل الْعِلْمَ مفعول بہ، تینوں مل کر صلہ، موصول با صلہ فاعل، فعل با فاعل جملہ فعلیہ خبریہ قول اِنَّ حرف تحقیق الْخِزْيَ مصدر الْيَوْمَ مفعول فیہ، دونوں مل کر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ السُّوْٓءَ معطوف دونوں مل کر اسم عَلَى جارہ الْكٰفِرِيْنَ موصوف اَلَّذِيْنَ اسم موصول تَتَوَفّٰىهُمُ فعل هُمْ ضمیر منصوب ذوالحال ظَالِمِيْٓ اَنْفُسِهِمْ مرکب اضافی حال، ذوالحال با حال مفعول بہ الْمَلٰٓئِكَةُ فاعل، تینوں مل کر صلہ، موصول با صلہ الْكٰفِرِيْنَ کی صفت، موصوف با صفت مجرور، جار با مجرور ظرف مستقر كَآئِنَانِ کے متعلق ہو کر خبر اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ مقول، قول با مقولہ معطوف علیہ فَاَ عاطفہ اَلْقَوُا فعل واؤ ضمیر فاعل السَّلَمَ مفعول بہ، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ معطوفہ ہوا۔

مَا نافیہ كُنَّا فعل ناقص نَا ضمیر اس کا اسم نَعْمَلُ فعل نَحْنُ مستتر فاعل مِنْ جارہ زائدہ سُوْٓءٍ لفظاً مجرور محلاً منصوب مفعول بہ، تینوں مل کر خبر، فعل ناقص با اسم و خبر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر قَالِيْنَ کا مقول ہو کر اَلْقَوْا کی ضمیر فاعل سے حال ہے بَلٰٓى حرف ایجاب غیر عامل اِنَّ حرف تحقیق اَللّٰهَ اسم الجلالہ اس کا اسم عَلِيْمٌۢ صیغہ صفت هُوَ مستتر فاعل بِمَا جارہ مَا اسم موصول كُنْتُمْ فعل ناقص تُمْ ضمیر اسم تَعْمَلُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر خبر، فعل ناقص با اسم و خبر موصول کا صلہ، موصول با صلہ مجرور، جار با مجرور عَلِيْمٌۢ کے متعلق ہوئے، صیغہ صفت با فاعل و متعلق شبہ جملہ ہو کر خبر اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا

فَادْخُلُوْٓا اَبْوَابَ جَهَنَّمَ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا ۭ فَلَبِئْسَ مَثْوَى الْمُتَكَبِّرِيْنَ ﴿۲۹﴾

آیت نمبر ۲۹: فَاء فصیحہ اور شرط محذوف ہے اِذَا كَانَ الْاَمْرُ كَذٰلِكَ، اُدْخُلُوْا فعل امر واؤ ضمیر فاعل اَبْوَابَ جَهَنَّمَ مرکب اضافی مفعول بہ خٰلِدِيْنَ اسم فاعل هُمْ ضمیر فاعل فِيْهَا جار با مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے، تینوں مل کر اُدْخُلُوْا کی ضمیر فاعل سے حال ہے، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ انشائیہ ہو کر جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔ فَاء استینافیہ لَام برائے ابتداء بِئْسَ فعل ذم مَثْوَى الْمُتَكَبِّرِيْنَ مرکب اضافی فاعل، دونوں مل کر خبر، اور مخصوص بالذم مبتدا محذوف ہے یعنی جَهَنَّمُ، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

وَقِيْلَ لِلَّذِيْنَ اتَّقَوْا مَاذَآ اَنْزَلَ رَبُّكُمْ ۭ قَالُوْا خَيْرًا ۭ لِلَّذِيْنَ اَحْسَنُوْا فِيْ هٰذِهِ الدُّنْيَا حَسَنَةٌ ۭ وَلَدَارُ الْاٰخِرَةِ خَيْرٌ ۭ وَلَنِعْمَ دَارُ الْمُتَّقِيْنَ ﴿۳۰﴾

آیت نمبر ۳۰: واؤ استینافیہ قِيْلَ فعل مجہول هُوَ مستتر راجع بسوئے مصدر اَلْقَوْلُ نائب فاعل لَام جارہ اَلَّذِيْنَ اسم موصول اتَّقَوْا

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

فعل باواؤ ضمیر فاعل جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول باصلہ مجرور، جار باالمجرور ظرف لغو متعلق ہوئے، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ قول، مَاذَا اسم استفہام مفعول بہ مقدم اَنْزَلَ فعل رَبُّكُمْ مرکب اضافی فاعل، تینوں مل کر جملہ انشائیہ ہو کر مقولہ، قول باالمقولہ جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔ قَالُوْا فعل باواؤ ضمیر فاعل جملہ فعلیہ خبریہ قول، خَيْرًا فعل محذوف اَنْزَلَ کا مفعول بہ ہے، اَنْزَلَ فعل هُوَ مستتر فاعل اور مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ مقولہ، قول باالمقولہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

لِلَّذِيْنَ جار مجرور اَحْسَنُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل فِيْ حرف جار هٰذِهِ الدُّنْيَا مرکب توصیفی مجرور، جار باالمجرور ظرف لغو متعلق ہوئے، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول باصلہ مجرور، جار باالمجرور ظرف مستقر كَائِنَةٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم حَسَنَةٌ مبتدا مؤخر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف علیہ ہوا واؤ عاطفہ لَدَارُ الْاٰخِرَةِ مرکب اضافی مبتدا خَيْرٌ اسم تفضیل هِيَ مستتر فاعل سے مل کر شبہ جملہ ہو کر خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ معطوفہ ہوا۔ واؤ استیناف لَدَارُ ابتدائیہ نِعْمَ فعل المدح دَارُ الْمُتَّقِيْنَ مرکب اضافی فاعل، فعل بافاعل خبر مقدم مخصوص بالمدح مبتدا محذوف ہے هِيَ ضمیر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ انشائیہ ہوا۔

جَنّٰتُ عَدْنٍ يَّدْخُلُوْنَهَا تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ لَهُمْ فِيْهَا مَا يَشَآءُوْنَ ؕ كَذٰلِكَ يَجْزِي اللّٰهُ الْمُتَّقِيْنَ ۙ﴿۳۱﴾

آیت نمبر ۳۱: جَنّٰتُ عَدْنٍ مرکب اضافی موصوف يَّدْخُلُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل هَا ضمیر مفعول بہ، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ صفت ہے تَجْرِيْ فعل مِنْ جارہ تَحْتِهَا مرکب اضافی مجرور، جار باالمجرور ظرف لغو متعلق ہوئے الْاَنْهٰرُ فاعل، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ يَّدْخُلُوْنَ کے مفعول بہ سے حال ہے، لَهُمْ جارہ هُمْ ضمیر ذوالحال فِيْهَا ظرف مستقر كَائِنِيْنَ کے متعلق ہو کر حال مذوالحال باحال مجرور، جار باالمجرور ظرف مستقر كَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم مَا اسم موصول يَشَآءُوْنَ فعل باواؤ ضمیر فاعل صلہ، موصول باصلہ مبتدا مؤخر، مبتدا باخبر جَنّٰتُ عَدْنٍ کی خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔ كَذٰلِكَ جار باالمجرور كَائِنًا کے متعلق ہو کر بواسطہ موصوف محذوف جَزَآءً کے مفعول مطلق مقدم ہے يَجْزِي فعل اللّٰهُ فاعل الْمُتَّقِيْنَ مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول مطلق و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

الَّذِيْنَ تَتَوَفّٰىهُمُ الْمَلٰٓئِكَةُ طَيِّبِيْنَ ۙ يَقُوْلُوْنَ سَلٰمٌ عَلَيْكُمُ ۙ ادْخُلُوا الْجَنَّةَ بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ﴿۳۲﴾

آیت نمبر ۳۲: اَلَّذِيْنَ اسم موصول تَتَوَفّٰى فعل هُمْ ضمیر منصوب ذوالحال طَيِّبِيْنَ مبنہ صفت هُمْ مستتر فاعل سے مل کر حال، ذوالحال باحال مفعول بہ الْمَلٰٓئِكَةُ ذوالحال يَقُوْلُوْنَ فعل باواؤ ضمیر فاعل جملہ فعلیہ خبریہ قول سَلٰمٌ مبتدا عَلَيْكُمْ جار باالمجرور ظرف مستقر كَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ مقولہ، قول باالمقولہ حال مذوالحال باحال تَتَوَفّٰى کا فاعل، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول باصلہ الْمُتَّقِيْنَ کی صفت یا اس سے بدل ہے۔ اُدْخُلُوا فعل امر واؤ ضمیر فاعل الْجَنَّةَ مفعول بہ بَاء جارہ مَا موصولہ كُنْتُمْ فعل ناقص تُمْ ضمیر اس کا اسم تَعْمَلُوْنَ فعل باواؤ ضمیر فاعل جملہ فعلیہ خبریہ خبر، فعل ناقص با اسم و خبر جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول باصلہ مجرور، جار باالمجرور اُدْخُلُوا کے متعلق ہوئے، فعل امر بافاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ انشائیہ امریہ ہوا۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

هَلْ يَنْظُرُوْنَ اِلَّآ اَنْ تَاْتِيَهُمُ الْمَلٰٓئِكَةُ اَوْ يَاْتِيَ اَمْرُ رَبِّكَ ۭ كَذٰلِكَ فَعَلَ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ ۭ وَمَا ظَلَمَهُمُ اللّٰهُ وَلٰكِنْ كَانُوْٓا اَنْفُسَهُمْ يَظْلِمُوْنَ ۝ فَاَصَابَهُمْ سَيِّاٰتُ مَا عَمِلُوْا وَحَاقَ بِهِمْ مَّا كَانُوْا بِهٖ يَسْتَهْزِءُوْنَ ۝

آیت نمبر ۳۳، ۳۴: حَلْ حرف استفہام يَنْظُرُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل اِلَّآ حرف استثناء اَنْ حرف مصدری و نصب تَاْتِيَ فعل هُمْ ضمیر منصوب مفعول بہ الْمَلٰٓئِكَةُ فاعل، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، اَوْ عاطفہ يَاْتِيَ فعل اَمْرُ رَبِّكَ مرکب اضافی فاعل، دونوں مل کر معطوف، معطوف علیہ یا معطوف بتاویل مصدر مستثنیٰ مفرغ ہو کر يَنْظُرُوْنَ کا مفعول بہ، تینوں مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ ہوا۔ كَذٰلِكَ جار باجرور كَانُوْا کے متعلق ہو کر بواسطہ موصوف محذوف فِعْلًا کے مفعول مطلق مقدم فَعَلَ فعل اَلَّذِيْنَ اسم موصول مِنْ قَبْلِهِمْ جار باجرور ظرف مستقر فعل محذوف لَبَثُوْا کے متعلق ہو کر صلہ، موصول باصلہ فاعل، فعل بافاعل و مفعول مطلق جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

واؤ استینافیہ یا حالیہ مَا نافیہ ظَلَمَ فعل اَللّٰهُ اسم الجلالہ فاعل هُمْ ضمیر ذوالحال ہوا واؤ حالیہ لٰكِنْ مخففہ مہملہ كَانُوْا فعل ناقص واؤ ضمیر اس کا اسم اَنْفُسَهُمْ مرکب اضافی مفعول بہ مقدم يَظْلِمُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل اور مفعول بہ مقدم سے مل کر خبر، فعل ناقص با اسم و خبر جملہ فعلیہ خبریہ حال، ذوالحال باحال ظَلَمَ کا مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ فَاء عاطفہ اَصَابَ فعل هُمْ ضمیر مفعول بہ سَيِّاٰتُ مضاف مَا اسم موصول عَمِلُوْا فعل باواؤ ضمیر فاعل صلہ، موصول باصلہ مضاف الیہ پھر مرکب اضافی اَصَابَ کا فاعل، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف اوّل، واؤ عاطفہ حَاقَ فعل بِهِمْ جار باجرور متعلق ہوئے مَا اسم موصول كَانُوْا فعل ناقص واؤ ضمیر اس کا اسم بِهٖ جار باجرور متعلق مقدم ہوئے يَسْتَهْزِءُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل اور متعلق مقدم سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر خبر، فعل ناقص با اسم و خبر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر صلہ، موصول باصلہ حَاقَ کا فاعل، فعل بافاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف ثانی، معطوف علیہ یا معطوفین جملہ مستانفہ یا اَلَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ سے جملہ حالیہ ہوا۔

❁ رکوع نمبر ۵ ❁

وَقَالَ الَّذِيْنَ اَشْرَكُوْا لَوْ شَاۗءَ اللّٰهُ مَا عَبَدْنَا مِنْ دُوْنِهٖ مِنْ شَيْءٍ نَّحْنُ وَلَآ اٰبَاۗؤُنَا وَلَا حَرَّمْنَا مِنْ دُوْنِهٖ مِنْ شَيْءٍ ۭ كَذٰلِكَ فَعَلَ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ ۚ فَهَلْ عَلَى الرُّسُلِ اِلَّا الْبَلٰغُ الْمُبِيْنُ ۝

آیت نمبر ۳۵: واؤ استینافیہ قَالَ فعل اَلَّذِيْنَ اسم موصول اَشْرَكُوْا فعل باواؤ ضمیر فاعل جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول باصلہ قَالَ کا فاعل، فعل بافاعل جملہ فعلیہ خبریہ قول لَوْ حرف شرط شَاۗءَ اللّٰهُ فعل بافاعل جملہ فعلیہ خبریہ شرط، مَا نافیہ عَبَدْنَا فعل نَا ضمیر مؤکد نَحْنُ ضمیر تاکید، مؤکد با تاکید معطوف علیہ واؤ عاطفہ لَآ زائدہ اٰبَاۗؤُنَا مرکب اضافی معطوف، معطوف علیہ یا معطوف اَشْرَكُوْا کا فاعل، مِنْ حرف جار دُوْنِهٖ مرکب اضافی مجرور، جار باجرور ظرف مستقر كَائِنًا کے متعلق ہو کر حال مقدم مِنْ جارہ زائدہ شَيْءٍ لفظاً مجرور محلاً منصوب ذوالحال مؤخر، ذوالحال باحال عَبَدْنَا کا مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ ہوا واؤ عاطفہ لَآ زائدہ حَرَّمْنَا فعل نَا ضمیر فاعل مِنْ دُوْنِهٖ ظرف

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

واؤ عاطفہ لَامِ موطئہ لقسم اور قسم محذوف ہے اِنْ حرف شرط رُدِدْتُّ فعل مجہول تاء مضمومہ ضمیر نائب فاعل اِلٰى حرف جار رَبِّیْ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے، فعل مجہول با نائب فاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ شرط، لَامِ جوابیہ اَجِدَنَّ فعل اَنَا ضمیر مستتر فاعل خَيْرًا اسم تفضیل هُوَ ضمیر مستتر فاعل مِنْهَا جار یا مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے مُنْقَلَبًا تمیز، اسم تفضیل با فاعل و متعلق و تمیز بواسطہ موصول محذوف جَنَّةً کے مفعول بہ، فعل باقاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ جواب قسم ہے، اور شرط کی جزاء محذوف ہے جس پر جواب قسم دال ہے، قسم با جواب قسم اَظُنُّ پر معطوف ہے۔

قَالَ لَهٗ صَاحِبُهٗ وَ هُوَ يُحَاوِرُهٗۤ اَكَفَرْتَ بِالَّذِیْ خَلَقَكَ مِنْ تُرَابٍ ثُمَّ مِنْ نُّطْفَةٍ ثُمَّ سَوّٰىكَ رَجُلًا ﴿۳۷﴾

آیت نمبر ۳۷: قَالَ فعل لَهٗ جار با مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے صَاحِبُهٗ مرکب اضافی ذوالحال واؤ حالیہ هُوَ ضمیر مبتدا يُحَاوِرُهٗ فعل هُوَ ضمیر مستتر فاعل ہٗ ضمیر مفعول بہ، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ حال ذوالحال باحال قَالَ کا فاعل ہے، فعل باقاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ قول ہے، ہمزہ حرف استفہام کَفَرْتَ فعل تاء مفتوحہ ضمیر فاعل باء حرف جار اَلَّذِیْ اسم موصول خَلَقَ فعل هُوَ ضمیر مستتر فاعل کَ ضمیر مفعول بہ مِنْ تُرَابٍ جار با مجرور معطوف علیہ ثُمَّ حرف عطف مِنْ نُّطْفَةٍ جار با مجرور معطوف، معطوف علیہ با معطوف ظرف لغو خَلَقَ کے متعلق ہوئے، فعل باقاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ ثُمَّ عاطفہ سَوّٰى فعل هُوَ ضمیر مستتر فاعل كَ ضمیر منصوب مفعول بہ اول رَجُلًا مفعول بہ ثانی، چاروں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف ہے، معطوف علیہ با معطوف صلہ، موصول با صلہ مجرور جار با مجرور

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

ظرف لغو کَفَرْتَ کے متعلق ہوئے، فعل با فاعل و متعلق جملہ استفہامیہ معطوفہ ہے، قول با مقولہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

لٰكِنَّا۠ هُوَ اللّٰهُ رَبِّيْ وَلَآ اُشْرِكُ بِرَبِّيْٓ اَحَدًا ﴿۳۸﴾

آیت نمبر ۳۸: لٰكِنَّا اصل میں لٰكِنْ اَنَا ہے لٰكِنْ حرف استدراک ہے اَنَا ضمیر مبتدا اور خبر محذوف ہے لَا اَكْفُرُ بِالَّذِيْ خَلَقَكَ مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ هُوَ ضمیر مبتدا اللّٰهُ مبتدا ثانی رَبِّيْ مرکب اضافی خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ مبتدا اول کی خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لَآ اُشْرِكُ فعل اَنَا ضمیر مستتر فاعل باء جارہ رَبِّيْ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے اَحَدًا مفعول بہ، چاروں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ معطوفہ ہوا۔

وَلَوْلَآ اِذْ دَخَلْتَ جَنَّتَكَ قُلْتَ مَا شَآءَ اللّٰهُ ۙ لَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ ۚ اِنْ تَرَنِ اَنَا اَقَلَّ مِنْكَ مَالًا وَّوَلَدًا ﴿۳۹﴾ فَعَسٰى رَبِّيْٓ اَنْ يُّؤْتِيَنِ خَيْرًا مِّنْ جَنَّتِكَ وَيُرْسِلَ عَلَيْهَا حُسْبَانًا مِّنَ السَّمَآءِ فَتُصْبِحَ صَعِيْدًا زَلَقًا ﴿۴۰﴾ اَوْ يُصْبِحَ مَآؤُهَا غَوْرًا فَلَنْ تَسْتَطِيْعَ لَهٗ طَلَبًا ﴿۴۱﴾

آیت نمبر ۳۹، ۴۰، ۴۱: واؤ عاطفہ لَوْلَآ حرف تحضیض اِذْ مضاف دَخَلْتَ فعل تاء مخاطب ضمیر فاعل جَنَّتَكَ مرکب اضافی مفعول بہ، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ مضاف الیہ، مرکب اضافی مفعول فیہ مقدم قُلْتَ فعل تاء مخاطب ضمیر فاعل، فعل با فاعل و مفعول فیہ جملہ فعلیہ خبریہ قول، مَا اسم شرط مفعول بہ مقدم شَآءَ فعل اَللّٰهُ اسم الجلالہ فاعل، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ شرط اور جزاء محذوف ہے یعنی شَاءَ، شرط با جزاء مقولہ، قول با مقولہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ لَا نفی جنس قُوَّةَ اس کا اسم اِلَّا حرف استثناء بِاللّٰهِ جار با مجرور ظرف مستقر كَائِنَةٌ کے متعلق ہو کر خبر، لا نفی جنس با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

اِنْ حرف شرط تَرَنِ فعل اَنَا ضمیر مستتر فاعل نون برائے وقایہ یاء محذوف ضمیر منصوب مفعول بہ اول اَنَا ضمیر فصل اَقَلَّ اسم تفضیل اَنَا ضمیر مستتر فاعل مِنْكَ جار با مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے مَالًا وَّوَلَدًا معطوف علیہ با معطوف تمیز، اسم تفضیل با فاعل و متعلق و تمیز شبہ جملہ ہو کر مفعول بہ ثانی، فعل با فاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ شرط، فَاء جزائیہ عَسٰى فعل مقارب رَبِّيْٓ مرکب اضافی اس کا اسم اَنْ حرف مصدری و نصب يُّؤْتِيَنِ فعل هُوَ ضمیر مستتر فاعل نون برائے وقایہ، یاء محذوف ضمیر مفعول بہ اول خَيْرًا اسم تفضیل هُوَ ضمیر مستتر فاعل مِنْ حرف جار جَنَّتِكَ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے، اسم تفضیل با فاعل و متعلق شبہ جملہ ہو کر مفعول بہ ثانی، فعل با فاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ تاویل مصدر خبر، فعل مقارب با اسم و خبر سے مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

واؤ عاطفہ يُرْسِلَ فعل هُوَ ضمیر مستتر فاعل عَلَيْهَا جار با مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے حُسْبَانًا موصوف مِّنَ السَّمَآءِ جار با مجرور ظرف مستقر كَائِنًا کے متعلق ہو کر صفت، موصوف با صفت يُرْسِلَ کا مفعول بہ، فعل با فاعل و متعلق و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ يُؤْتِيَنِ پر معطوف ہے۔ فَاء عاطفہ تُصْبِحَ فعل ناقص هِيَ ضمیر مستتر اس کا اسم صَعِيْدًا زَلَقًا مرکب توصیفی خبر، فعل ناقص با اسم و خبر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، اَوْ عاطفہ يُصْبِحَ فعل ناقص مَآؤُهَا مرکب اضافی اس کا اسم غَوْرًا خبر، فعل ناقص با اسم و خبر معطوف ہے، معطوف علیہ با معطوف يُرْسِلَ پر معطوف ہے۔ فَاء حرف عطف لَنْ تَسْتَطِيْعَ فعل اَنْتَ ضمیر مستتر فاعل لَهٗ جار با مجرور ظرف لغو متعلق مقدم طَلَبًا مصدر با متعلق مقدم مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ يُصْبِحَ پر معطوف ہے۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

وَ اُحِيْطَ بِثَمَرِهٖ فَاَصْبَحَ يُقَلِّبُ كَفَّيْهِ عَلٰى مَاۤ اَنْفَقَ فِيْهَا وَ هِيَ خَاوِيَةٌ عَلٰى عُرُوْشِهَا وَ يَقُوْلُ يٰلَيْتَنِيْ لَمْ اُشْرِكْ بِرَبِّيْۤ اَحَدًا ﴿۴۲﴾

آیت نمبر ۴۲: واؤ استینا یا اُحِیْطَ فعل مجہول ھُوَ ضمیر مستتر نائب فاعل بِاء حرف جر ثَمَرِہٖ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے، فعل مجہول با نائب فاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ فَاء عاطفہ اَصْبَحَ فعل ناقص ھُوَ ضمیر مستتر اس کا اسم یُقَلِّبُ فعل ھُوَ ضمیر مستتر فاعل كَفَّيْهِ مرکب اضافی مفعول بہ عَلٰی حرف جار مَا اسم موصول اَنْفَقَ فعل ھُوَ ضمیر مستتر فاعل فِیْ حرف جار ھَا ضمیر مجرور، جار با مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے، اسم موصول با فاعل و متعلق صلہ، موصول با صلہ مجرور، جار با مجرور یُقَلِّبُ کے متعلق ہوئے، فعل با فاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ واؤ عاطفہ یَقُوْلُ فعل ھُوَ ضمیر مستتر فاعل، دونوں مل کر قول ہے یٰ حرف ندا وَاَدْعُوْا کے قائم مقام اور مفعول بہ قَوْمِیْ محذوف ہے، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ انشائیہ ندا ہے لَیْتَ حرف تمنی نُوْن برائے وقایہ یَاء ضمیر اس کا اسم لَمْ اُشْرِكْ فعل اَنَا ضمیر مستتر فاعل بِاء جارہ رَبِّیْ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے اَحَدًا مفعول بہ، فعل با فاعل و متعلق و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ خبر ہے، حرف تمنی اپنے اسم و خبر سے مل کر ندا کا جواب، ندا با جواب جملہ انشائیہ ندائیہ مقولہ، قول با مقول یُقَلِّبُ پر معطوف ہے، معطوف علیہ با معطوف اَصْبَحَ کی خبر، فعل ناقص با اسم و خبر جملہ فعلیہ خبریہ اُحِیْطَ پر معطوف ہے۔

وَ لَمْ تَكُنْ لَّهٗ فِئَةٌ يَّنْصُرُوْنَهٗ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ وَ مَا كَانَ مُنْتَصِرًا ﴿۴۳﴾

آیت نمبر ۴۳: واؤ استینا فیہ لَمْ تَكُنْ فعل ناقص لَهٗ جار با مجرور ظرف مستقر كَائِنَةٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم فِئَةٌ موصوف يَّنْصُرُوْنَ فعل وا و ضمیر فاعل ہٗ ضمیر مفعول بہ، تینوں مل کر صفت اولیٰ، مِنْ جارہ دُوْنِ اللّٰهِ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور ظرف مستقر كَائِنَةٌ کے متعلق ہو کر صفت ثانیہ، موصوف با صفتین اسم مؤخر، فعل ناقص با اسم و خبر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ مَا حرف نفی كَانَ فعل ناقص ھُوَ ضمیر مستتر اس کا اسم مُنْتَصِرًا اسم فاعل ھُوَ ضمیر مستتر فاعل، دونوں مل کر خبر، فعل ناقص با اسم و خبر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ مستانفہ ہوا۔

هُنَالِكَ الْوَلَايَةُ لِلّٰهِ الْحَقِّ ؕ هُوَ خَيْرٌ ثَوَابًا وَّ خَيْرٌ عُقْبًا ﴿۴۴﴾

آیت نمبر ۴۴: هُنَالِكَ ظرف مکان كَائِنَةٌ کا مقدر فیہ ہو کر خبر مقدم الْوَلَايَةُ ذوالحال لِلّٰهِ لام حرف جار اللّٰهِ اسم الجلالہ موصوف الْحَقِّ صفت، دونوں مل کر مجرور، جار با مجرور ظرف مستقر كَائِنَةٌ کے متعلق ہو کر حال ذوالحال با حال مبتدا مؤخر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ ھُوَ ضمیر مبتدا خَيْرٌ اسم تفضیل ھُوَ مستتر فاعل ثَوَابًا تمیز، تینوں مل کر شبہ جملہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ خَيْرٌ عُقْبًا کی ترکیب خَيْرٌ ثَوَابًا کی مثل ہے اور یہ معطوف ہے، معطوف علیہ با معطوف خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

رکوع نمبر ۶

وَاضْرِبْ لَهُمْ مَّثَلَ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا كَمَآءٍ اَنْزَلْنٰهُ مِنَ السَّمَآءِ فَاخْتَلَطَ بِهٖ نَبَاتُ الْاَرْضِ فَاَصْبَحَ هَشِيْمًا تَذْرُوْهُ الرِّيٰحُ ۭ وَكَانَ اللّٰهُ عَلٰي كُلِّ شَيْءٍ مُّقْتَدِرًا ۝

آیت نمبر ۴۵: واؤ استینافیہ اِضْرِبْ فعل امر اَنْتَ ضمیر مستتر فاعل لَهُمْ جار با مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے مَثَلَ مضاف الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا مرکب توصیفی مضاف الیہ، مرکب اضافی مفعول بہ، چاروں مل کر جملہ انشائیہ مستانفہ ہوا۔ کاف حرف جار مَآءٍ موصوف اَنْزَلْنٰهُ فعل نا ضمیر فاعل ہٗ ضمیر مفعول بہ مِنَ السَّمَآءِ جار با مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے فعل با فاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ فَاء عاطفہ اخْتَلَطَ فعل بِهٖ جار با مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے نَبَاتُ الْاَرْضِ مرکب اضافی فاعل، فعل با فاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف اول فَاء عاطفہ اَصْبَحَ فعل ناقص هُوَ مستتر اس کا اسم هَشِيْمًا موصوف تَذْرُوْهُ فعل ہٗ ضمیر مفعول بہ الرِّيٰحُ فاعل، تینوں مل کر صفت، موصوف با صفت خبر، فعل ناقص با اسم و خبر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف ثانی معطوف علیہ با معطوفین مَآءٍ کی صفت، موصوف با صفت مجرور، جار با مجرور ظرف مستقر كَانَ کے متعلق ہو کر مبتدا محذوف هُوَ کی خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ واؤ استینافیہ كَانَ فعل ناقص اَللّٰهُ اسم الجلالہ اس کا اسم عَلٰي حرف جار كُلِّ شَيْءٍ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور متعلق مقدم مُّقْتَدِرًا اسم فاعل هُوَ ضمیر مستتر فاعل، اسم فاعل با فاعل و متعلق شبہ جملہ ہو کر خبر، فعل ناقص با اسم و خبر جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

اَلْمَالُ وَالْبَنُوْنَ زِيْنَةُ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ۚ وَالْبٰقِيٰتُ الصّٰلِحٰتُ خَيْرٌ عِنْدَ رَبِّكَ ثَوَابًا وَّخَيْرٌ اَمَلًا ۝

آیت نمبر ۴۶: اَلْمَالُ وَالْبَنُوْنَ معطوف علیہ با معطوف مبتدا زِيْنَةُ مضاف الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا مرکب توصیفی مضاف الیہ، مرکب اضافی خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر معطوف علیہ واؤ عاطفہ الْبٰقِيٰتُ الصّٰلِحٰتُ مرکب توصیفی مبتدا خَيْرٌ اسم تفضیل ہیٔ ضمیر مستتر فاعل عِنْدَ رَبِّكَ مرکب اضافی مفعول فیہ ثَوَابًا تمیز، چاروں مل کر شبہ جملہ ہو کر معطوف علیہ واؤ عاطفہ خَيْرٌ اسم تفضیل ہیٔ ضمیر مستتر فاعل اَمَلًا تمیز، تینوں مل کر معطوف، معطوف علیہ با معطوف خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ مستانفہ ہوا۔

وَيَوْمَ نُسَيِّرُ الْجِبَالَ وَتَرَى الْاَرْضَ بَارِزَةً ۙ وَّحَشَرْنٰهُمْ فَلَمْ نُغَادِرْ مِنْهُمْ اَحَدًا ۝

آیت نمبر ۴۷: واؤ استینافیہ یَوْمَ مضاف نُسَيِّرُ فعل نَحْنُ مستتر فاعل الْجِبَالَ مفعول بہ، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ واؤ عاطفہ تَرَى فعل اَنْتَ ضمیر مستتر فاعل الْاَرْضَ بَارِزَةً اسم فاعل ہیٔ ضمیر مستتر فاعل سے مل کر حال، ذوالحال با حال مفعول بہ، تینوں مل کر معطوف، معطوف علیہ با معطوف یَوْمَ کا مضاف الیہ، پھر مرکب اضافی فعل محذوف اُذْکُرْ کا مفعول بہ ہے، اُذْکُرْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل و مفعول بہ سے مل کر جملہ انشائیہ مستانفہ ہوا۔ واؤ عاطفہ حَشَرْنٰهُمْ فعل نا ضمیر فاعل هُمْ ضمیر مفعول بہ، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ فَاء عاطفہ لَمْ نُغَادِرْ فعل نَحْنُ مستتر فاعل مِنْهُمْ جار با مجرور ظرف مستقر نُغَادِرْ کے متعلق ہو کر حال مقدم اَحَدًا ذوالحال مؤخر، دونوں مل کر معطوف، معطوف علیہ با معطوف نُسَيِّرُ کی ضمیر فاعل سے حال ہے۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

وَ عُرِضُوْا عَلٰى رَبِّكَ صَفًّا ؕ لَقَدْ جِئْتُمُوْنَا كَمَا خَلَقْنٰكُمْ اَوَّلَ مَرَّةٍ ۭ بَلْ زَعَمْتُمْ اَلَّنْ نَّجْعَلَ لَكُمْ مَّوْعِدًا ﴿۴۸﴾

آیت نمبر ۴۸: واؤ عاطفہ عُرِضُوْا فعل مجہول واؤ ضمیر نائب فاعل عَلٰی حرف جار رَبِّكَ مرکب اضافی مجرور، جار مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے صَفًّا بمعنی اسم فاعل عُرِضُوْا کے نائب فاعل سے حال ہے، فعل مجہول بانائب فاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ لِتُسْتَیْنَفْ پر معطوف ہے۔ لام موطئہ للقسم اور قسم محذوف ہے قَدْ علامت فعل جِئْتُمُوْنَا فعل تُمْ ضمیر فاعل نَا ضمیر مفعول بہ کاف حرف جار مَا حرف مصدری خَلَقْنٰكُمْ فعل نَا ضمیر فاعل كُمْ ضمیر مفعول بہ اَوَّلَ مَرَّةٍ مرکب اضافی مفعول فیہ، فعل بافاعل و مفعولین بتاویل مصدر مجرور، جار مجرور ظرف مستقر كَائِنًا کے متعلق ہو کر بواسطہ موصوف محذوف مَجِیْئًا کے مفعول مطلق، فعل بافاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ قسم کا جواب، قسم باجواب قسم جملہ انشائیہ قسمیہ ہوا۔

بَلْ حرف عطف و اضراب زَعَمْتُمْ فعل تُمْ ضمیر فاعل اَنْ مخففہ من الثقلہ اور ضمیر شان مقدر اس کا اسم لَّنْ نَّجْعَلَ فعل نَحْنُ مستتر فاعل لَكُمْ جار مجرور ظرف مستقر كَائِنًا کے متعلق ہو کر مفعول بہ ثانی مقدم مَّوْعِدًا مفعول بہ اول موخر، فعل بافاعل و مفعولین خبر اَنْ باسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ زَعَمْتُمْ کے دو مفعول بہ کے قائم مقام ہے، فعل بافاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

وَ وُضِعَ الْكِتٰبُ فَتَرَى الْمُجْرِمِيْنَ مُشْفِقِيْنَ مِمَّا فِيْهِ وَ يَقُوْلُوْنَ يٰوَيْلَتَنَا مَالِ هٰذَا الْكِتٰبِ لَا يُغَادِرُ صَغِيْرَةً وَّ لَا كَبِيْرَةً اِلَّاۤ اَحْصٰىهَا ۚ وَ وَجَدُوْا مَا عَمِلُوْا حَاضِرًا ؕ وَ لَا يَظْلِمُ رَبُّكَ اَحَدًا ﴿۴۹﴾

آیت نمبر ۴۹: واؤ عاطفہ وُضِعَ فعل مجہول الْكِتٰبُ نائب فاعل، دونوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ ہمزہ عاطفہ فَتَرَى فعل اَنْتَ ضمیر مستتر فاعل الْمُجْرِمِيْنَ ذوالحال مُشْفِقِيْنَ اسم فاعل هُمْ ضمیر مستتر فاعل مِنْ حرف جار مَا اسم موصول فِيْهِ جار مجرور ظرف مستقر فعل محذوف ثَبَتَ کے متعلق ہو کر صلہ، موصول باصلہ مجرور، جار مجرور متعلق ہوئے، اسم فاعل بافاعل و متعلق شبہ جملہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ يَقُوْلُوْنَ فعل باواؤ ضمیر فاعل جملہ فعلیہ خبریہ قول ہے يٰ حرف ندا وَيْلَتَنَا فعل اُدْعُوْا کے قائم مقام مَا اُدْعُوْا فعل اَنَا مستتر فاعل وَيْلَتَنَا مرکب اضافی مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ انشائیہ ندا ہے هٰذَا اسم استفہام لَامِ حرف جار هٰذَا الْكِتٰبِ مرکب توصیفی ذوالحال لَا يُغَادِرُ فعل هُوَ ضمیر مستتر فاعل صَغِيْرَةً معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لَا زائدہ كَبِيْرَةً معطوف، دونوں مل کر مفعول بہ اول اِلَّا حرف استثنا اَحْصٰى فعل هُوَ مستتر فاعل هَا ضمیر مفعول بہ، تینوں مل کر مفعول بہ ثانی، فعل بافاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ هٰذَا الْكِتٰبِ سے حال ہے، ذوالحال باحال مجرور، جار مجرور ظرف مستقر كَائِنًا کے متعلق ہو کر خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ انشائیہ ندا کا جواب ندا باجواب مقولہ، قول باقولہ معطوف، معطوف علیہ باعطف الْمُجْرِمِيْنَ کا حال ہے، ذوالحال باحال تَرَى کا مفعول ہے، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف ہے، معطوف علیہ باعطف نَسْتَیْنَفْ پر معطوف ہے۔ واؤ عالیہ وَجَدُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل مَا عَمِلُوْا موصول باصلہ مفعول بہ اول حَاضِرًا مفعول بہ ثانی، فعل بافاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ يَقُوْلُوْنَ کی ضمیر فاعل سے حال ہے۔ واؤ استیناف لَا يَظْلِمُ فعل رَبُّكَ مرکب اضافی فاعل اَحَدًا مفعول بہ،

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

﴿ رکوع نمبر ۷ ﴾

وَ اِذْ قُلْنَا لِلْمَلٰٓئِكَةِ اسْجُدُوْا لِاٰدَمَ فَسَجَدُوْٓا اِلَّآ اِبْلِيْسَ ؕ كَانَ مِنَ الْجِنِّ فَفَسَقَ عَنْ اَمْرِ رَبِّهٖ ؕ اَفَتَتَّخِذُوْنَهٗ وَ ذُرِّيَّتَهٗٓ اَوْلِيَآءَ مِنْ دُوْنِيْ وَ هُمْ لَكُمْ عَدُوٌّ ؕ بِئْسَ لِلظّٰلِمِيْنَ بَدَلًا ۝

آیت نمبر: واؤ استینافیہ اِذْ ظرف زمان مضاف قُلْنَا فعل نا ضمیر فاعل لِلْمَلٰٓئِكَةِ جار بامجرور ظرف لغو متعلق ہوئے فعل بافاعل ومتعلق جملہ فعلیہ خبریہ قول، اسْجُدُوْا فعل امر واؤ ضمیر فاعل لِاٰدَمَ جار بامجرور متعلق ہوئے، تینوں مل کر جملہ انشائیہ ہے ہو کر مقولہ، قول بامقولہ معطوف علیہ فاء عاطفہ سَجَدُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل اِلَّآ حرف استثناء اِبْلِيْسَ مستثنیٰ ہے، فعل بافاعل جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف اِذْ کا مضاف الیہ، پھر مرکب اضافی مفعول بہ ہے فعل محذوف اُذْکُرْ کا، اُذْکُرْ فعل امر اَنْتَ ضمیر مستتر فاعل، تینوں مل کر جملہ انشائیہ امریہ ہوا كَانَ فعل ناقص ھُوَ ضمیر مستتر اس کا اسم مِنَ الْجِنِّ ظرف مستقر كَانَ کے متعلق ہو کر خبر، فعل ناقص بااسم وخبر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ فاء عاطفہ فَسَقَ فعل ھُوَ ضمیر مستتر فاعل عَنْ حرف جار اَمْرِ مضاف رَبِّهٖ مرکب اضافی مضاف الیہ، پھر مرکب اضافی مجرور، جار بامجرور متعلق ہوئے، فعل بافاعل ومتعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف جملہ مستانفہ ہوا۔

ھمزہ حرف استفہام فاء عاطفہ اور معطوف علیہ محذوف ہے تَكْفُرُوْنَ، تَتَّخِذُوْنَهٗ فعل واؤ ضمیر فاعل ہٗ ضمیر معطوف علیہ ہوا، وَ عاطفہ ذُرِّيَّتَهٗ مرکب اضافی معطوف، معطوف علیہ بامعطوف مفعول بہ اول اَوْلِيَآءَ موصوف مِنْ دُوْنِيْ مرکب اضافی مجرور، جار بامجرور ظرف مستقر كَائِنَةً کے متعلق ہو کر صفت، موصوف باصفت مفعول بہ ثانی، فعل بافاعل ومفعولین جملہ انشائیہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف جملہ مستانفہ ہوا۔ واؤ حالیہ ھُمْ ضمیر مبتدا لَكُمْ جار بامجرور ظرف مستقر كَائِنًا کے متعلق ہو کر حال مقدم عَدُوٌّ ذوالحال مؤخر، ذوالحال باحال خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر تَتَّخِذُوْنَ کے دوسرے مفعول سے حال ہے، بِئْسَ فعل ذم لِلظّٰلِمِيْنَ جار بامجرور ظرف مستقر كَائِنًا کے متعلق ہو کر حال مقدم بَدَلًا ذوالحال مؤخر، ذوالحال باحال تمیز ہے بِئْسَ کی ضمیر مستتر سے، تمیز بامیز بِئْسَ کا فاعل، فعل بافاعل جملہ فعلیہ انشائیہ ہو کر خبر مقدم اور مبتدا مخصوص بالذم محذوف ہے ھُوَ مبتدا باخبر جملہ اسمیہ انشائیہ مستانفہ ہوا۔

مَآ اَشْهَدْتُّهُمْ خَلْقَ السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضِ وَ لَا خَلْقَ اَنْفُسِهِمْ ۪ وَ مَا كُنْتُ مُتَّخِذَ الْمُضِلِّيْنَ عَضُدًا ۝

آیت نمبر: اِنْ مَا نافیہ اَشْهَدْتُّ فعل تاء مضمومہ ضمیر فاعل ھُمْ ضمیر منصوب مفعول بہ اول خَلْقَ مضاف السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضِ معطوف علیہ بامعطوف مضاف الیہ، پھر مرکب اضافی معطوف علیہ واؤ عاطفہ لَا زائدہ خَلْقَ اَنْفُسِهِمْ مرکب اضافی معطوف، معطوف علیہ بامعطوف مفعول بہ ثانی، فعل بافاعل ومفعولین جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ واؤ عاطفہ مَا نافیہ كُنْتُ فعل ناقص تاء مضمومہ ضمیر اس کا اسم مُتَّخِذَ اسم فاعل مضاف الْمُضِلِّيْنَ مضاف الیہ معنی مفعول بہ اول عَضُدًا مفعول بہ ثانی اور اسم فاعل کا فاعل اَنَا ضمیر مستتر ہے، اسم فاعل

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

مضاف اپنے فاعل و مفعولین سے مل کر خبر، فعل ناقص با اسم و خبر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ مستانفہ ہوا۔

وَ يَوْمَ يَقُوْلُ نَادُوْا شُرَكَآءِيَ الَّذِيْنَ زَعَمْتُمْ فَدَعَوْهُمْ فَلَمْ يَسْتَجِيْبُوْا لَهُمْ وَ جَعَلْنَا بَيْنَهُمْ مَّوْبِقًا ۝

آیت نمبر ۵۲ واؤ استینافیہ یَوْمَ مضاف یَقُوْلُ فعل هُوَ ضمیر مستتر فاعل، دونوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر قول، نَادُوْا فعل امر واؤ ضمیر فاعل شُرَكَآءِيَ مرکب اضافی موصوف اَلَّذِيْنَ اسم موصول زَعَمْتُمْ فعل تُمْ ضمیر فاعل اور اس کے دونوں مفعول محذوف ہیں، فعل با فاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول با صلہ شُرَكَآءِيَ کی صفت، موصوف با صفت مفعول بہ، فعل امر با فاعل و مفعول بہ جملہ انشائیہ مقولہ، قول با مقولہ معطوف علیہ فَاء عاطفہ دَعَوْا فعل واؤ ضمیر فاعل هُمْ ضمیر مفعول بہ، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف اول فَاء عاطفہ لَمْ يَسْتَجِيْبُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل لَهُمْ جار با مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے، فعل با فاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف ثانی ہے، معطوف علیہ با معطوفین يَوْمَ کا مضاف الیہ ہے، پھر مرکب اضافی فعل محذوف اُذْكُرْ کا مفعول بہ ہے اُذْكُرْ فعل امر اَنْتَ ضمیر فاعل و مفعول بہ سے مل کر جملہ انشائیہ امریہ ہوا۔ واؤ عاطفہ جَعَلْنَا فعل نَا ضمیر فاعل بَيْنَهُمْ مرکب اضافی كَائِنًا کا مفعول فیہ ہو کر مفعول بہ ثانی مقدم مَّوْبِقًا مفعول بہ اول مؤخر، فعل با فاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر لَمْ يَسْتَجِيْبُوْا کی ضمیر فاعل سے حال ہے۔

وَ رَاَ الْمُجْرِمُوْنَ النَّارَ فَظَنُّوْٓا اَنَّهُمْ مُّوَاقِعُوْهَا وَ لَمْ يَجِدُوْا عَنْهَا مَصْرِفًا ۝

آیت نمبر ۵۳ واؤ استینافیہ رَاَ ای فعل اَلْمُجْرِمُوْنَ فاعل اَلنَّارَ مفعول بہ، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ فَاء عاطفہ ظَنُّوْا فعل واؤ ضمیر فاعل اَنَّ حرف تحقیق هُمْ ضمیر اس کا اسم مُّوَاقِعُوْهَا مرکب اضافی خبر، اَنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ دو مفعول کے قائم مقام، فعل با فاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ معطوف اول واؤ عاطفہ لَمْ يَجِدُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل عَنْهَا جار با مجرور ظرف مستقر كَائِنًا کے متعلق ہو کر مفعول بہ ثانی مقدم مَصْرِفًا مفعول بہ اول مؤخر، فعل با فاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ معطوف ثانی، معطوف علیہ با معطوفین جملہ مستانفہ ہوا۔

❁ رکوع نمبر ۸ ❁

وَ لَقَدْ صَرَّفْنَا فِيْ هٰذَا الْقُرْاٰنِ لِلنَّاسِ مِنْ كُلِّ مَثَلٍ ؕ وَ كَانَ الْاِنْسَانُ اَكْثَرَ شَيْءٍ جَدَلًا ۝

آیت نمبر ۵۴ واؤ استینافیہ لَامْ موطئہ للقسم اور قسم محذوف ہے قَدْ علامت فعل صَرَّفْنَا فعل نَا ضمیر فاعل فِيْ حرف جار هٰذَا الْقُرْاٰنِ مرکب توصیفی یا مبدل منہ یا بدل یا عطف بیان مجرور، جار با مجرور متعلق اول ہوئے لِلنَّاسِ جار با مجرور متعلق ثانی ہوئے مِنْ حرف جار كُلِّ مَثَلٍ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور ظرف لغو متعلق ثالث ہوئے، فعل با فاعل و متعلقات ثلاثہ جملہ فعلیہ خبریہ جواب قسم قسم با جواب قسم جملہ انشائیہ قسمیہ مستانفہ ہوا، واؤ استینافیہ کَانَ فعل ناقص اَلْاِنْسَانُ اس کا اسم اَكْثَرَ اسم تفضیل مضاف شَيْءٍ مضاف الیہ مضاف جَدَلًا تمیز، تینوں مل کر خبر، فعل ناقص با اسم و خبر جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

وَمَا مَنَعَ النَّاسَ اَنْ يُّؤْمِنُوْٓا اِذْ جَآءَهُمُ الْهُدٰى وَيَسْتَغْفِرُوْا رَبَّهُمْ اِلَّآ اَنْ تَاْتِيَهُمْ سُنَّةُ الْاَوَّلِيْنَ اَوْ يَاْتِيَهُمُ الْعَذَابُ قُبُلًا ﴿۵۵﴾

آیت نمبر ۵۵: واؤ استینافیہ مَا حرف نفی مَنَعَ فعل النَّاسَ مفعول بہ اَنْ حرف مصدری و نصب يُّؤْمِنُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل، دونوں مل کر تاویل مصدر مفعول بہ ثانی بِاِذْ ظرف زمان مضاف جَآءَ فعل هُمُ ضمیر مفعول بہ الْهُدٰى فاعل، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ مضاف الیہ، پھر مرکب اضافی مَنَعَ کا مفعول فیہ ہے، فعل با فاعل و مفعول فیہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ يَسْتَغْفِرُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل رَبَّهُمْ مرکب اضافی مفعول بہ، تینوں مل کر معطوف، پھر معطوف علیہ با معطوف تاویل مصدر مجرور محلاً منصوب مَنَعَ کا مفعول بہ ثانی ہے، اِلَّآ حرف استثناء اَنْ حرف مصدری و نصب تَاْتِيَ فعل هُمُ ضمیر منصوب مفعول بہ سُنَّةُ الْاَوَّلِيْنَ مرکب اضافی فاعل، تینوں مل کر معطوف علیہ، اَوْ عاطفہ يَاْتِيَ فعل هُمُ ضمیر منصوب مفعول بہ الْعَذَابُ ذوالحال قُبُلًا حال، ذوالحال با عامل يَاْتِيَ کا فاعل، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف ہے، معطوف علیہ با معطوف تاویل مصدر مَنَعَ کا فاعل مؤخر ہے، فعل با فاعل و مفاعیل ثلاثہ جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

وَمَا نُرْسِلُ الْمُرْسَلِيْنَ اِلَّا مُبَشِّرِيْنَ وَمُنْذِرِيْنَ ۚ وَيُجَادِلُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا بِالْبَاطِلِ لِيُدْحِضُوْا بِهِ الْحَقَّ وَاتَّخَذُوْٓا اٰيٰتِيْ وَمَآ اُنْذِرُوْا هُزُوًا ﴿۵۶﴾

آیت نمبر ۵۶: واؤ عاطفہ مَا حرف نفی نُرْسِلُ فعل نَحْنُ ضمیر مستتر فاعل الْمُرْسَلِيْنَ ذوالحال اِلَّا حرف استثناء مُبَشِّرِيْنَ اسم فاعل هُمْ ضمیر مستتر فاعل سے مل کر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ مُنْذِرِيْنَ اسم فاعل هُمْ ضمیر مستتر فاعل سے مل کر معطوف، دونوں مل کر حال، ذوالحال با حال مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف ہوا۔ واؤ استینافیہ يُجَادِلُ فعل الَّذِيْنَ اسم موصول كَفَرُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر صلہ، موصول با صلہ فاعل بِالْبَاطِلِ جار با مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے لِاَ حرف جار برائے تعلیل اور اس کے بعد اَنْ مقدر ہے يُدْحِضُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل بِهِ جار با مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے الْحَقَّ مفعول بہ، چاروں مل کر تاویل مصدر مجرور، جار با مجرور متعلق ثانی ہوئے، فعل با فاعل و متعلقین جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔ واؤ استینافیہ یا حالیہ اتَّخَذُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل اٰيٰتِيْ مرکب اضافی معطوف علیہ، واؤ عاطفہ مَآ اسم موصول اُنْذِرُوْا فعل مجہول واؤ ضمیر نائب فاعل سے مل کر صلہ، موصول با صلہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف مفعول بہ فعل هُزُوًا مفعول بہ ثانی، فعل با فاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہے یا یُجَادِلُ کی ضمیر فاعل سے حال ہے۔

وَمَنْ اَظْلَمُ مِمَّنْ ذُكِّرَ بِاٰيٰتِ رَبِّهٖ فَاَعْرَضَ عَنْهَا وَنَسِيَ مَا قَدَّمَتْ يَدٰهُ ۭ اِنَّا جَعَلْنَا عَلٰي قُلُوْبِهِمْ اَكِنَّةً اَنْ يَّفْقَهُوْهُ وَفِيْٓ اٰذَانِهِمْ وَقْرًا ۭ وَاِنْ تَدْعُهُمْ اِلَى الْهُدٰى فَلَنْ يَّهْتَدُوْٓا اِذًا اَبَدًا ﴿۵۷﴾

آیت نمبر ۵۷: واؤ استینافیہ مَنْ استفہامیہ مبتدا اَظْلَمُ اسم تفضیل هُوَ ضمیر مستتر فاعل مِنْ حرف جار مَنْ موصولہ ذُكِّرَ فعل مجہول هُوَ مستتر نائب فاعل، با عامل اٰيٰتِ رَبِّهٖ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے، فعل مجہول با نائب فاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، فَاَعْرَضَ فعل هُوَ ضمیر مستتر فاعل عَنْهَا جار با مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

معطوف اول ہوا واؤ عاطفہ نَبِّئْ فعل ھُوَ ضمیر مستتر فاعل مَا موصولہ قَدَّمَتْ فعل يَدٰهُ مرکب اضافی فاعل، اور قَدَّمَتْ کا مفعول بہ ہٗ ضمیر محذوف ہے، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول باصلہ نَبِّئْ کا مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف ثانی، معطوف علیہ یا معطوفین مِنْ کا صلہ، موصول با صلہ مجرور، جار بامجرور ظرف لغو متعلق ہوئے، اسم تفضیل بافاعل و متعلق شبہ جملہ خبر، مبتدا خبر جملہ اسمیہ انشائیہ ہوا۔

اِنَّ حرف تحقیق نَا ضمیر اس کا اسم جَعَلْنَا فعل نَا ضمیر فاعل عَلٰى حرف جار قُلُوْبِهِمْ مرکب اضافی مجرور، جار بامجرور ظرف مستقر اَكِنَّةً کے متعلق ہو کر مفعول بہ ثانی مقدم اَكِنَّةً مفعول بہ اول مؤخر، اَنْ حرف مصدری و نصب يَّفْقَهُوْهُ فعل واؤ ضمیر فاعل ہٗ ضمیر مفعول بہ، تینوں مل کر تاویل مصدر مضاف الیہ ہے مضاف محذوف كَرَاهَةَ کا، پھر مرکب اضافی جَعَلْنَا کا مفعول لہ، فعل بافاعل و مفاعیل ثلاثہ جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر خبر اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ مُعْتَرِضَہ ہوا۔

واؤ عاطفہ فِيْٓ حرف جر اٰذَانِهِمْ مرکب اضافی مجرور، جار بامجرور بواسطہ عطف کے جَعَلْنَا کا مفعول ثانی مقدم ہو کر وَقْرًا بواسطہ عطف کے جَعَلْنَا کا مفعول بہ اول مؤخر ہے، واؤ عاطفہ یا استینافیہ اِنْ حرف شرط تَدْعُ فعل اَنْتَ ضمیر مستتر فاعل هُمْ ضمیر منصوب مفعول بہ اِلَى الْهُدٰى جار بامجرور ظرف لغو متعلق ہوئے، چاروں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر شرط فَلَنْ جزائیہ لَّنْ يَّهْتَدُوْٓا فعل واؤ ضمیر فاعل اِذًا حرف جزاء وجواب مہملہ اَبَدًا مفعول فیہ، فعل بافاعل و مفعول فیہ جملہ فعلیہ خبریہ جزاء، شرط باجزاء جملہ مستانفہ ہے یا اِنَّا جَعَلْنَا پر معطوف ہے۔

وَرَبُّكَ الْغَفُوْرُ ذُو الرَّحْمَةِ ۭ لَوْ يُؤَاخِذُهُمْ بِمَا كَسَبُوْا لَعَجَّلَ لَهُمُ الْعَذَابَ ۭ بَلْ لَّهُمْ مَّوْعِدٌ لَّنْ يَّجِدُوْا مِنْ دُوْنِهٖ مَوْىِلًا ۝

آیت نمبر ۵۸ واؤ استینا فیہ رَبُّكَ مرکب اضافی مبتدا الْغَفُوْرُ خبر اول ذُو الرَّحْمَةِ مرکب اضافی خبر ثانی مبتدا خبرین جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔ لَوْ حرف شرط يُؤَاخِذُ فعل هُمْ ضمیر منصوب مفعول بہ بِمَا حرف جار مَا مصدریہ كَسَبُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل، دونوں مل کر تاویل مصدر مجرور، جار بامجرور ظرف لغو متعلق ہوئے، فعل بافاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ شرط، لَا جوابیہ عَجَّلَ فعل هُوَ ضمیر مستتر فاعل لَهُمُ جار بامجرور ظرف لغو متعلق ہوئے الْعَذَابَ مفعول بہ، چاروں مل کر جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔ بَلْ حرف عطف و اضراب لَهُمْ جار بامجرور ظرف مستقر كَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم مَّوْعِدٌ موصوف لَّنْ يَّجِدُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل مِنْ دُوْنِهٖ ظرف مستقر كَائِنًا کے متعلق ہو کر مفعول بہ ثانی مقدم مَوْىِلًا مفعول بہ اول مؤخر، فعل بافاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ مَّوْعِدٌ کی صفت، موصوف باصفت مبتدا مؤخر، مبتدا خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

وَتِلْكَ الْقُرٰٓى اَهْلَكْنٰهُمْ لَمَّا ظَلَمُوْا وَجَعَلْنَا لِمَهْلِكِهِمْ مَّوْعِدًا ۝

آیت نمبر ۵۹ واؤ عاطفہ تِلْكَ الْقُرٰى موصوف باصفت یا مبدل منہ یا بدل یا تبین یا عطف بیان مبتدا اَهْلَكْنَا فعل نَا ضمیر فاعل هُمْ ضمیر منصوب مفعول بہ لَمَّا بمعنی حِيْنَ ظرف زمان مضاف ظَلَمُوْا فعل با واؤ ضمیر فاعل مضاف الیہ، پھر مرکب اضافی مفعول فیہ، فعل بافاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ جَعَلْنَا فعل نَا ضمیر فاعل لِ حرف جار مَهْلِكِهِمْ مرکب اضافی مجرور، جار بامجرور ظرف مستقر كَائِنًا کے متعلق ہو کر مفعول بہ ثانی مقدم مَّوْعِدًا مفعول بہ اول مؤخر، فعل بافاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

معطوف خبر ہے، مبتدا خبر جملہ اسمیہ خبریہ رَبُّكَ الْغَفُوْرُ پر معطوف ہے۔

﴿ رکوع نمبر ۹ ﴾

وَاِذْ قَالَ مُوْسٰى لِفَتٰىهُ لَآ اَبْرَحُ حَتّٰٓى اَبْلُغَ مَجْمَعَ الْبَحْرَيْنِ اَوْ اَمْضِيَ حُقُبًا ۝۶۰

آیت نمبر ۶۰: واؤ استینافیہ اِذْ ظرف زمان مضاف قَالَ فعل مُوْسٰى مرفوع تقدیراً فاعل لِفَتٰىهُ مرکب اضافی مجرور، جار مجرور متعلق ہوئے، فعل بافاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ قولہ لَآ اَبْرَحُ فعل ناقص اَنَا ضمیر مستتر اس کا اسم حَتّٰٓى حرف غایت و جر اور اس کے بعد اَنْ مقدر ہے اَبْلُغَ فعل اَنَا ضمیر مستتر فاعل مَجْمَعَ الْبَحْرَيْنِ مرکب اضافی مفعول بہ، تینوں مل کر معطوف علیہ، اَوْ حاطفہ اَمْضِيَ فعل اَنَا ضمیر مستتر فاعل حُقُبًا مفعول فیہ، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف بتاویل مصدر مجرور، جار با مجرور ظرف مستقر سَنَيْنِ کے متعلق ہو کر خبر، فعل ناقص با اسم و خبر مقولہ، قول با مقولہ مضاف الیہ، مضاف با مضاف الیہ مفعول بہ ہے فعل محذوف اُذْكُرْ کا، اُذْكُرْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل و مفعول بہ سے مل کر جملہ انشائیہ امریہ مستانفہ ہوا۔

فَلَمَّا بَلَغَا مَجْمَعَ بَيْنِهِمَا نَسِيَا حُوْتَهُمَا فَاتَّخَذَ سَبِيْلَهٗ فِي الْبَحْرِ سَرَبًا ۝۶۱

آیت نمبر ۶۱: فاء عاطفہ لَمَّا ظرفیہ متضمن معنی شرط مفعول فیہ مقدم بَلَغَا فعل الف ضمیر فاعل مَجْمَعَ بَيْنِهِمَا مرکب اضافی مفعول بہ، چاروں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر شرط نَسِيَا فعل الف ضمیر فاعل حُوْتَهُمَا مرکب اضافی مفعول بہ، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، فاء عاطفہ اتَّخَذَ فعل هُوَ ضمیر مستتر فاعل سَبِيْلَهٗ مرکب اضافی وہ الخ فِي الْبَحْرِ ظرف مستقر كَالِبًا کے متعلق ہو کر حال، وہ الخ حال، حال مفعول بہ اول سَرَبًا مفعول بہ ثانی، فعل با فاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف جزاء، شرط با جزاء ہو کر جملہ شرطیہ ہو کر فَلَمَّا پر معطوف ہے۔

فَلَمَّا جَاوَزَا قَالَ لِفَتٰىهُ اٰتِنَا غَدَآءَنَا لَقَدْ لَقِيْنَا مِنْ سَفَرِنَا هٰذَا نَصَبًا ۝۶۲

آیت نمبر ۶۲: فاء عاطفہ لَمَّا ظرف زمان متضمن معنی شرط مفعول فیہ مقدم جَاوَزَا فعل الف ضمیر فاعل، فعل با فاعل جملہ فعلیہ خبریہ شرط قَالَ فعل هُوَ ضمیر مستتر فاعل، لام جارہ فَتٰىهُ مرکب اضافی تقدیراً مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل با فاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ شرط، اٰتِ فعل امر اَنْتَ ضمیر مستتر فاعل نَا ضمیر مفعول بہ اول غَدَآءَنَا مرکب اضافی مفعول بہ ثانی، فعل با فاعل و مفعولین جملہ انشائیہ مقولہ، قول با مقولہ جملہ فعلیہ خبریہ جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہوا، لام موطئہ لقسم اور قسم محذوف ہے قَدْ علامت فعل لَقِيْنَا فعل نَا ضمیر فاعل مِنْ حرف جار سَفَرِنَا مرکب اضافی موصوف هٰذَا صفت، موصوف با صفت مجرور، جار با مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے نَصَبًا مفعول بہ (از تفسیر بحر و بعض نے تمیز بتایا ہے) فعل با فاعل و متعلق و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ قسم کا جواب، قسم با جواب جملہ مستانفہ مقولہ ہوا۔

قَالَ اَرَءَيْتَ اِذْ اَوَيْنَآ اِلَى الصَّخْرَةِ فَاِنِّيْ نَسِيْتُ الْحُوْتَ وَمَآ اَنْسٰنِيْهُ اِلَّا الشَّيْطٰنُ اَنْ اَذْكُرَهٗ ۚ وَاتَّخَذَ سَبِيْلَهٗ فِي الْبَحْرِ ۖ عَجَبًا ۝۶۳

آیت نمبر ۶۳: قَالَ فعل هُوَ مستتر فاعل، دونوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر قول، ہمزہ حرف استفہام رَءَيْتَ فعل تاء مفتوحہ ضمیر

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

فاعل اس کا مفعول محذوف ہے حَالَنَا، پھر حَالَنَا ذوالحال ہے، اِذْ مضاف اَوَيْنَا فعل نَا ضمیر فاعل اِلَى الصَّخْرَةِ جار بامجرور ظرف لغو متعلق ہوئے، فعل بافاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ مضاف الیہ پھر مرکب اضافی کَائِنًا کا مفعول فیہ ہو کر حال، ذوالحال محذوف یا حال مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ انشائیہ مقولہ، قول با مقولہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا فَاء استیناف اِنِّ حرف تحقیق یاء ضمیر اس کا اسم نَسِيْتُ فعل تاء مضموم ضمیر فاعل الْحُوْتَ مبدل منہ اَنْ حرف مصدری و نصب اَذْكُرَهٗ فعل اَنَا ضمیر مستتر فاعل ہٗ ضمیر منصوب مفعول بہ، تینوں مل کر تاویل مصدر بدل، مبدل منہ یا بدل نَسِيْتُ کا مفعول بہ فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ بن کر خبر اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

واؤ اعتراضیہ مَا اَنْسٰنِيْهُ فعل نون وقایہ کا، یاء ضمیر منصوب مفعول بہ اوّل ہٗ ضمیر منصوب مفعول بہ ثانی اِلَّا حرف استثنا الشَّيْطٰنُ مستثنیٰ مفرغ فاعل، چاروں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معترضہ ہوا۔ واؤ عاطفہ اتَّخَذَ فعل هُوَ ضمیر مستتر فاعل سَبِيْلَهٗ مرکب اضافی ذوالحال فِي الْبَحْرِ ظرف مستقر كَائِنًا کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال با حال مفعول بہ اوّل عَجَبًا مفعول بہ ثانی، فعل بافاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ اِنِّيْ نَسِيْتُ پر معطوف ہے۔

قَالَ ذٰلِكَ مَا كُنَّا نَبْغِ ۚ فَارْتَدَّا عَلٰٓى اٰثَارِهِمَا قَصَصًا ﴿۶۴﴾

آیت نمبر ۶۴: قَالَ فعل هُوَ ضمیر مستتر فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر قول ذٰلِكَ اسم اشارہ مبتدا مَا اسم موصول كُنَّا فعل ناقص نَا ضمیر اس کا اسم نَبْغِ یہ اصل میں نَبْغِيْ ہے تخفیف کی وجہ سے رسم الخط میں یاء محذوف ہے نَبْغِ فعل نَحْنُ مستتر فاعل، دونوں مل کر خبر، فعل ناقص با اسم و خبر جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول با صلہ خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ مقولہ، قول با مقولہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا فَاء عاطفہ ارْتَدَّا فعل الف ضمیر ذوالحال قَصَصًا مصدر اسم فاعل کے معنی میں ہو کر حال، ذوالحال با حال فاعل عَلٰى حرف جار اٰثَارِهِمَا مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے، فعل بافاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ قَالَ پر معطوف ہے۔

فَوَجَدَا عَبْدًا مِّنْ عِبَادِنَآ اٰتَيْنٰهُ رَحْمَةً مِّنْ عِنْدِنَا وَعَلَّمْنٰهُ مِنْ لَّدُنَّا عِلْمًا ﴿۶۵﴾

آیت نمبر ۶۵: فَاء عاطفہ وَجَدَا فعل الف ضمیر فاعل عَبْدًا موصوف، مِنْ حرف جار عِبَادِنَا مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور ظرف مستقر كَائِنًا کے متعلق ہو کر صفت، موصوف با صفت ذوالحال، اٰتَيْنَا فعل نَا ضمیر فاعل ہٗ ضمیر منصوب مفعول بہ اوّل رَحْمَةً موصوف مِنْ حرف جار عِنْدِنَا مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور ظرف مستقر كَائِنًا کے متعلق ہو کر صفت، موصوف با صفت مفعول بہ ثانی، فعل بافاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ ہوا واؤ عاطفہ عَلَّمْنَا فعل نَا ضمیر فاعل ہٗ ضمیر مفعول بہ اوّل، مِنْ حرف جار لَدُنَّا مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے عِلْمًا مفعول بہ ثانی، فعل بافاعل و متعلق و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف عَبْدًا کا حال ہے یا اس کی صفت ثانیہ ہے، ذوالحال با حال وَجَدَا کا مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ اٰتَيْنَا پر معطوف ہے۔

قَالَ لَهٗ مُوْسٰى هَلْ اَتَّبِعُكَ عَلٰٓى اَنْ تُعَلِّمَنِ مِمَّا عُلِّمْتَ رُشْدًا ﴿۶۶﴾

آیت نمبر ۶۶: قَالَ فعل لَهٗ جار با مجرور متعلق ہوئے مُوْسٰى مرفوع تقدیراً فاعل، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ قول هَلْ حرف استفہام اَتَّبِعُ فعل اَنَا ضمیر مستتر فاعل کاف ضمیر منصوب مفعول بہ عَلٰى حرف جار اَنْ حرف مصدری و نصب تُعَلِّمَ فعل اَنْتَ ضمیر مستتر فاعل نون

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

وقایہ کا یاء محذوف ضمیر مفعول بہ لانّ مِنْ حرف جار مَا مصدریہ عُلِّمْتَ فعل مجہول تاء مفتوحہ ضمیر نائب فاعل دونوں مل کر تاویل مصدر مجرور مجاد یا مجرور متعلق ہوئے رُشْدًا مفعول بہ ثانی، فعل با فاعل و متعلق و مفعولین بتاویل مصدر مجرور، جار با مجرور مَتَّبِعُكَ کے متعلق ہو کر اَتَّبِعُ کے مفعول بہ سے حال ہے یا اَتَّبِعُ فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر مقولہ، قول با مقول جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

قَالَ اِنَّكَ لَنْ تَسْتَطِيْعَ مَعِيَ صَبْرًا ﴿۶۷﴾

آیت نمبر ۶۷: قَالَ فعل هُوَ ضمیر فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر قول اِنَّ حرف مشبہ بالفعل کاف ضمیر اس کا اسم لَنْ تَسْتَطِيْعَ فعل اَنْتَ مستتر ذوالحال مَعِيَ مرکب اضافی صَابِرًا کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال با حال فاعل صَبْرًا مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر اِنَّ کی خبر اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر مقولہ، قول با مقول جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

وَكَيْفَ تَصْبِرُ عَلٰى مَا لَمْ تُحِطْ بِهٖ خُبْرًا ﴿۶۸﴾

آیت نمبر ۶۸: واؤ عاطفہ کَيْفَ اسم استفہام مَا بِنَا کا مفعول بہ ہو کر حال مقدم تَصْبِرُ فعل اَنْتَ ضمیر مستتر عَلٰى حرف جار مَا اسم موصول لَمْ تُحِطْ فعل اَنْتَ ضمیر مستتر فاعل بِهٖ جار با مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے خُبْرًا مفعول مطلق من غیر لفظ، فعل با فاعل و متعلق و مفعول مطلق جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر صلہ، موصول با صلہ مجرور، جار با مجرور تَصْبِرُ کے متعلق ہوئے، فعل با فاعل و متعلق جملہ انشائیہ ہو کر اِنَّ پر معطوف ہے۔

قَالَ سَتَجِدُنِيْٓ اِنْ شَآءَ اللّٰهُ صَابِرًا وَّلَآ اَعْصِيْ لَكَ اَمْرًا ﴿۶۹﴾

آیت نمبر ۶۹: قَالَ فعل هُوَ مستتر فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ قول مبین علامت فعل سَتَجِدُ فعل اَنْتَ ضمیر مستتر فاعل نون وقایہ کا یاء ضمیر منصوب مفعول بہ اول صَابِرًا مفعول بہ ثانی، فعل با فاعل و مفعولین مقولہ، قول با مقولہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا اِنْ حرف شرط شَآءَ اللّٰهُ فعل با فاعل جملہ فعلیہ خبریہ شرط، اور جزاء محذوف ہے سَتَجِدُنِيْ صَابِرًا جس پر جملہ سابقہ دال ہے شرط با جزاء جملہ معترضہ ہوا واؤ عاطفہ لَآ اَعْصِيْ فعل اَنَا ضمیر مستتر فاعل لَكَ جار با مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے اَمْرًا مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر سَتَجِدُنِيْ پر معطوف ہے یا اَعْصِيْ عاصٍ کی تاویل میں ہو کر صَابِرًا پر معطوف ہے۔

قَالَ فَاِنِ اتَّبَعْتَنِيْ فَلَا تَسْـَٔلْنِيْ عَنْ شَيْءٍ حَتّٰٓى اُحْدِثَ لَكَ مِنْهُ ذِكْرًا ﴿۷۰﴾

آیت نمبر ۷۰: قَالَ فعل هُوَ مستتر فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ قول، فَاء جزائیہ اداس کی شرط محذوف ہے اِنْ عَزَمْتَ عَلَى الشَّرْطِ اِنْ حرف شرط اتَّبَعْتَ فعل تاء مفتوحہ ضمیر فاعل نون وقایہ کا یاء ضمیر مفعول بہ، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر شرط، فَاء جزائیہ لَا تَسْـَٔلْ فعل نہی اَنْتَ ضمیر مستتر فاعل نون وقایہ کا یاء ضمیر مفعول بہ عَنْ شَيْءٍ جار با مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے حَتّٰى حرف غایت وجر عدا اس کے بعد اَنْ مقدر ہے اُحْدِثَ فعل اَنَا ضمیر مستتر فاعل لَكَ جار با مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے مِنْهُ جار با مجرور ظرف مستقر کَائِنًا کے متعلق ہو کر حال مقدم ذِكْرًا ذوالحال موخر، ذوالحال با حال اُحْدِثَ کا مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ تاویل مصدر مجرور، جار با مجرور لَا تَسْـَٔلْنِيْ کے متعلق ثانی ہوئے، فعل با فاعل و مفعول بہ و متعلقین جملہ انشائیہ جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہو کر شرط محذوف کی

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

جزاء، شرط محذوف یا جزاء مقولہ، قول یا مقولہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

❁ رکوع نمبر ۱۰ ❁

فَانْطَلَقَا حَتّٰٓى اِذَا رَكِبَا فِي السَّفِيْنَةِ خَرَقَهَا ۭ قَالَ اَخَرَقْتَهَا لِتُغْرِقَ اَهْلَهَا ۚ لَقَدْ جِئْتَ شَيْـــًٔا اِمْرًا ۝

آیت نمبر ۷۱: فَاء استینافیہ انْطَلَقَا فعل الف ضمیر فاعل، فعل بافاعل جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ حَتّٰٓی ابتدائیہ اِذَا شرطیہ مفعول فیہ مقدم رَکِبَا فعل الف ضمیر فاعل فِی السَّفِیْنَۃِ جار ہا مجرور متعلق ہوئے، فعل بافاعل و متعلق و مفعول فیہ جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر شرط خَرَقَ فعل ھُوَ ضمیر مستتر فاعل ھَا ضمیر مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر جزاء، شرط یا جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔ قَالَ فعل ھُوَ ضمیر مستتر فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر قول ہمزہ حرف استفہام اَخَرَقْتَ فعل تاء مفتوحہ ضمیر فاعل ھَا ضمیر مفعول بہ، لام جارہ تعلیلیہ اور اس کے بعد اَنْ مقدر ہے تُغْرِقَ فعل اَنْتَ ضمیر مستتر فاعل اَھْلَھَا مرکب اضافی مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ بتاویل مصدر مجرور، جار ہا مجرور متعلق ہوئے، فعل بافاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر مقولہ، قول یا مقولہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ لام موطئہ للقسم اور قسم محذوف ہے قَدْ علامت فعل جِئْتَ فعل تاء مفتوحہ ضمیر فاعل شَیْئًا اِمْرًا مرکب توصیفی مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر جواب قسم، قسم با جواب جملہ انشائیہ قسمیہ ہوا۔

قَالَ اَلَمْ اَقُلْ اِنَّكَ لَنْ تَسْتَطِيْعَ مَعِيَ صَبْرًا ۝

آیت نمبر ۷۲: قَالَ فعل ھُوَ ضمیر مستتر فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر قول، ہمزہ حرف استفہام اَلَمْ اَقُلْ فعل اَنَا ضمیر مستتر فاعل، فعل بافاعل جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر قول اِنَّ حرف مشبہ بالفعل کاف ضمیر منصوب اس کا اسم لَنْ تَسْتَطِیْعَ فعل اَنْتَ ضمیر مستتر فاعل مَعِیَ مرکب اضافی صَابِرًا کا مفعول فیہ ہو کر حال، ذوالحال با حال فاعل صَبْرًا مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر اِنَّ کی خبر، اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر مقولہ، قول با مقولہ پہلے قول کا مقولہ، قول با مقولہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

قَالَ لَا تُؤَاخِذْنِيْ بِمَا نَسِيْتُ وَلَا تُرْهِقْنِيْ مِنْ اَمْرِيْ عُسْرًا ۝

آیت نمبر ۷۳: قَالَ فعل ھُوَ ضمیر مستتر فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر قول لَا تُؤَاخِذْ فعل نہی اَنْتَ ضمیر مستتر فاعل نون وقایہ کا یاء ضمیر مفعول بہ بِمَا حرف جار مَا موصولہ نَسِیْتُ فعل تاء مضمومہ ضمیر فاعل، فعل بافاعل جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر صلہ، موصول با صلہ مجرور، جار با مجرور لَا تُؤَاخِذْ کے متعلق ہوئے، فعل نہی بافاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ انشائیہ نہیہ ہو کر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لَا تُرْھِقْ فعل نہی اَنْتَ ضمیر مستتر فاعل نون وقایہ کا یاء ضمیر مفعول بہ اوّل، مِنْ اَمْرِیْ جار یا مجرور ظرف مستقر کَائِنًا کے متعلق ہو کر حال مقدم عُسْرًا ذوالحال مؤخر، ذوالحال با حال مفعول بہ ثانی، فعل نہی بافاعل و مفعولین جملہ انشائیہ نہیہ ہو کر معطوف، معطوف علیہ با معطوف مقولہ، قول با مقولہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

فَانْطَلَقَا حَتّٰٓى اِذَا لَقِيَا غُلٰمًا فَقَتَلَهٗ ۙ قَالَ اَقَتَلْتَ نَفْسًا زَكِيَّةًۢ بِغَيْرِ نَفْسٍ ۭ لَقَدْ جِئْتَ

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

شَيْـًٔا نُّكْرًا ﴿۷۴﴾

آیت نمبر ۷۴: فَانْطَلَقَا کی ترکیب گزر چکی ہے حَتّٰٓى ابتدائیہ اِذَا شرطیہ مفعول فیہ مقدم اَتَيَا فعل الف ضمیر فاعل غُلٰمًا مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر معطوف علیہ فَاء عاطفہ فَقَتَلَ فعل هُوَ ضمیر فاعل ہٗ ضمیر مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر معطوف، معطوف علیہ با معطوف شرط قَالَ فعل هُوَ مستتر فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ قول، هَمزہ حرف استفہام اَقَتَلْتَ فعل تاء مفتوحہ ضمیر فاعل نَفْسًا زَكِيَّةً بِغَيْرِ نَفْسٍ مرکب اضافی مجرور، جار مجرور ظرف مستقر بِغَيْرِ نَفْسٍ کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال باحال فاعل نَفْسًا زَكِيَّةً مرکب توصیفی مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر مقولہ، قول با مقولہ جزاء شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا لَقَدْ جِئْتَ شَيْـًٔا نُّكْرًا کی ترکیب لَقَدْ جِئْتَ شَيْـًٔا اِمْرًا کی طرح ہے جو ابھی آیت نمبر ۷۱ میں گزری ہے۔

قَالَ اَلَمْ اَقُلْ لَّكَ اِنَّكَ لَنْ تَسْتَطِيْعَ مَعِيَ صَبْرًا ﴿۷۵﴾

آیت نمبر ۷۵: قَالَ فعل هُوَ ضمیر مستتر فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ قول، هَمزہ حرف استفہام اَلَمْ اَقُلْ فعل با آلہ ضمیر مستتر فاعل لَكَ جار مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے تینوں مل کر جملہ انشائیہ ہو کر قول اِنَّكَ لَنْ تَسْتَطِيْعَ مَعِيَ صَبْرًا کی ترکیب آیت نمبر ۷۲ میں گزر چکی ہے اور یہ مقولہ ہے، قول با مقولہ قول اول کا مقولہ ہے، پھر وہ جملہ فعلیہ خبریہ ہے۔

قَالَ اِنْ سَاَلْتُكَ عَنْ شَيْءٍ بَعْدَهَا فَلَا تُصٰحِبْنِيْ ۚ قَدْ بَلَغْتَ مِنْ لَّدُنِّيْ عُذْرًا ﴿۷۶﴾

آیت نمبر ۷۶: قَالَ فعل هُوَ ضمیر مستتر فاعل دونوں مل کر قول اِنْ حرف شرط سَاَلْتُكَ فعل تاء مضموم ضمیر فاعل کاف ضمیر منصوب مفعول بہ عَنْ شَيْءٍ جار مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے بَعْدَهَا مرکب اضافی مفعول فیہ، فعل بافاعل و متعلق و مفعول فیہ جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر شرط فَاء جزائیہ لَا تُصٰحِبْنِيْ فعل نہی با آلہ ضمیر مستتر فاعل نون وقایہ یاء ضمیر مفعول بہ، تینوں مل کر جملہ انشائیہ جزاء شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہو کر مقولہ، قول با مقولہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا قَدْ حرف علامت فعل بَلَغْتَ فعل تاء مفتوحہ ضمیر فاعل مِنْ لَّدُنِّيْ حرف جار لَدُنِّيْ مرکب اضافی مجرور مجرور باجار مجرور ظرف مستقر بَلَغْتَ کے متعلق ہو کر عمل مقدم عُذْرًا دوالحال موخر، دونوں مل کر مفعول بہ، چاروں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ مقولہ ہوا۔

فَانْطَلَقَا ۫ حَتّٰٓى اِذَآ اَتَيَآ اَهْلَ قَرْيَةِ ِۨاسْتَطْعَمَآ اَهْلَهَا فَاَبَوْا اَنْ يُّضَيِّفُوْهُمَا فَوَجَدَا فِيْهَا جِدَارًا يُّرِيْدُ اَنْ يَّنْقَضَّ فَاَقَامَهٗ ۭ قَالَ لَوْ شِئْتَ لَتَّخَذْتَ عَلَيْهِ اَجْرًا ﴿۷۷﴾

آیت نمبر ۷۷: فَاء استیناف انْطَلَقَا فعل الف ضمیر فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا حَتّٰٓى ابتدائیہ اِذَآ شرطیہ مفعول فیہ مقدم اَتَيَا فعل الف ضمیر فاعل اَهْلَ قَرْيَةِ مرکب اضافی مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر شرط اسْتَطْعَمَآ فعل الف ضمیر فاعل اَهْلَهَا مرکب اضافی مفعول بہ، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ فَاء عاطفہ اَبَوْا فعل واؤ ضمیر فاعل اَنْ حرف مصدری و نصب يُّضَيِّفُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل هُمَا ضمیر مفعول بہ، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ بتاویل مصدر مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف جزاء شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

فَاء عاطفہ وَجَدَا فعل الف ضمیر فاعل فِيهَا جار با مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے جِدَارًا موصوف يُرِيدُ فعل هُوَ ضمیر مستتر فاعل اَنْ حرف مصدری و نصب يَنْقَضَّ فعل هُوَ ضمیر مستتر فاعل دونوں مل کر بتاویل مصدر يُرِيدُ کا مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ جِدَارًا کی صفت، موصوف باصفت وَجَدَا کا مفعول بہ ہے، فعل با فاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ اَبَوَا پر معطوف ہے۔ فَاء عاطفہ اَقَامَ فعل هُوَ ضمیر مستتر فاعل هُ ضمیر منصوب مفعول بہ، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ وَجَدَا پر معطوف ہے۔ قَالَ فعل هُوَ ضمیر مستتر فاعل سے مل کر قول لَوْ حرف شرط شِئْتَ فعل تاء مفتوحہ ضمیر فاعل، دونوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ شرط، لَام جوابیہ لَاتَّخَذْتَ فعل تاء مفتوحہ ضمیر فاعل عَلَيْهِ جار با مجرور ظرف مستقر كَائِنًا کے متعلق ہو کر مفعول بہ ثانی مقدم اَجْرًا مفعول بہ اول مؤخر، فعل با فاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ مقولہ، قول با مقولہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

قَالَ هٰذَا فِرَاقُ بَيْنِيْ وَبَيْنِكَ ۚ سَاُنَبِّئُكَ بِتَاْوِيْلِ مَا لَمْ تَسْتَطِعْ عَّلَيْهِ صَبْرًا ﴿۷۸﴾

آیت نمبر ۷۸: قَالَ فعل هُوَ ضمیر مستتر فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ قول، هٰذَا اسم اشارہ مبتدا، فِرَاقُ مضاف بَيْنِيْ مرکب اضافی معطوف علیہ، واؤ عاطفہ بَيْنِكَ مرکب اضافی معطوف، دونوں مل کر فِرَاقُ کا مضاف الیہ، پھر مرکب اضافی خبر ہے، مبتدا خبر جملہ اسمیہ خبریہ مقولہ، قول با مقولہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ سِين علامت فعل اُنَبِّئُ فعل اَنَا ضمیر مستتر فاعل كاف ضمیر منصوب مفعول بہ، بَاء حرف جر تَاْوِيْلِ مضاف مَا اسم موصول لَمْ تَسْتَطِعْ فعل اَنْتَ ضمیر مستتر فاعل عَلَيْهِ جار با مجرور ظرف لغو متعلق مقدم ہوئے صَبْرًا مصدر با متعلق مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ صلہ، موصول با صلہ مضاف الیہ، پھر مرکب اضافی مجرور ہے، جار با مجرور ظرف لغو اُنَبِّئُ کے متعلق ہوئے، فعل با فاعل و متعلق و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

اَمَّا السَّفِيْنَةُ فَكَانَتْ لِمَسٰكِيْنَ يَعْمَلُوْنَ فِي الْبَحْرِ فَاَرَدْتُّ اَنْ اَعِيْبَهَا وَكَانَ وَرَآءَهُمْ مَّلِكٌ يَّاْخُذُ كُلَّ سَفِيْنَةٍ غَصْبًا ﴿۷۹﴾

آیت نمبر ۷۹: اَمَّا حرف شرط و تفسیر السَّفِينَةُ مبتدا قائم مقام شرط، فَاء جزائیہ كَانَتْ فعل ناقص ہی ضمیر مستتر اس کا اسم لَام حرف جر مَسٰكِيْنَ موصوف يَعْمَلُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل فِي الْبَحْرِ جار با مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ صفت، موصوف باصفت مجرور، جار با مجرور ظرف مستقر كَائِنَةً کے متعلق ہو کر خبر، فعل ناقص با اسم و خبر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، فَاء عاطفہ اَرَدْتُّ فعل تاء مضمومہ ضمیر فاعل اَنْ حرف مصدری و نصب اَعِيْبَ فعل اَنَا ضمیر فاعل هَا ضمیر منصوب ذوالحال واؤ عاطفہ اور اس کے بعد قَدْ مقدر ہے، كَانَ فعل ناقص وَرَآءَهُمْ مرکب اضافی كَائِنًا کا معمول فیہ ہو کر خبر مقدم مَلِكٌ موصوف يَاْخُذُ فعل هُوَ ضمیر مستتر فاعل كُلَّ سَفِيْنَةٍ مرکب اضافی مفعول بہ غَصْبًا بواسطہ موصوف محذوف اَخْذًا کے مفعول مطلق سے یا یہ مفعول لہ ہے، فعل با فاعل و مفعول بہ و مفعول مطلق جملہ فعلیہ خبریہ هَا ضمیر کی صفت، موصوف باصفت اسم مؤخر، فعل ناقص با اسم و خبر جملہ فعلیہ خبریہ حال ہے ذوالحال با حال اَعِيْبَ کا مفعول بہ ہے، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ بتاویل مصدر اَرَدْتُّ کا مفعول بہ ہے، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ كَانَتْ پر معطوف ہے، معطوف علیہ با معطوف خبر قائم مقام جزاء ہے، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

وَ اَمَّا الْغُلٰمُ فَكَانَ اَبَوٰهُ مُؤْمِنَيْنِ فَخَشِيْنَآ اَنْ يُّرْهِقَهُمَا طُغْيَانًا وَّ كُفْرًا ﴿۸۰﴾

آیت نمبر ۸۰: واؤ عاطفہ اَمَّا حرف شرط و تفسیر الْغُلٰمُ مبتدا قائم مقام شرط فَاء جزائیہ كَانَ فعل ناقص اَبَوٰهُ مرکب اضافی اس کا اسم مُؤْمِنَيْنِ اسم فاعل هُمَا ضمیر مستتر فاعل، اسم فاعل بافاعل خبر، فعل ناقص باسم و خبر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ فَاء عاطفہ خَشِيْنَا فعل نا ضمیر فاعل اَنْ حرف مصدری و نصب يُّرْهِقَ فعل هُوَ ضمیر مستتر فاعل هُمَا ضمیر منصوب مفعول بہ طُغْيَانًا وَّ كُفْرًا معطوف علیہ با معطوف مفعول لہ ہے، یا اسم فاعل کے معنی میں ہو کر يُّرْهِقَ کے فاعل سے حال ہے، فعل بافاعل و مفعول بہ و مفعول لہ جملہ فعلیہ خبریہ بتاویل مصدر خَشِيْنَا کا مفعول بہ ہے، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف ہے، معطوف علیہ با معطوف الْغُلٰمُ کی خبر ہے، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ اَمَّا السَّفِيْنَةُ پر معطوف ہے۔

فَاَرَدْنَآ اَنْ يُّبْدِلَهُمَا رَبُّهُمَا خَيْرًا مِّنْهُ زَكٰوةً وَّ اَقْرَبَ رُحْمًا ﴿۸۱﴾

آیت نمبر ۸۱: فَاء عاطفہ اَرَدْنَا فعل نا ضمیر فاعل اَنْ حرف مصدری و نصب يُّبْدِلَ فعل هُمَا ضمیر منصوب مفعول بہ رَبُّهُمَا مرکب اضافی فاعل خَيْرًا اسم تفضیل هُوَ ضمیر مستتر فاعل مِنْهُ جار با مجرور متعلق ہو کے زَكٰوةً تمیز اسم تفضیل بافاعل و متعلق و تمیز معطوف علیہ واؤ عاطفہ اَقْرَبَ اسم تفضیل هُوَ مستتر فاعل رُحْمًا تمیز، اسم تفضیل بافاعل و تمیز معطوف، معطوف علیہ با معطوف يُّبْدِلَ کا مفعول بہ ثانی، فعل بافاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ بتاویل مصدر اَرَدْنَا کا مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف ہے، معطوف علیہ با معطوف خَشِيْنَا پر معطوف ہے۔

وَ اَمَّا الْجِدَارُ فَكَانَ لِغُلٰمَيْنِ يَتِيْمَيْنِ فِي الْمَدِيْنَةِ وَ كَانَ تَحْتَهٗ كَنْزٌ لَّهُمَا وَ كَانَ اَبُوْهُمَا صَالِحًا ۚ فَاَرَادَ رَبُّكَ اَنْ يَّبْلُغَآ اَشُدَّهُمَا وَ يَسْتَخْرِجَا كَنْزَهُمَا ۖ رَحْمَةً مِّنْ رَّبِّكَ ۚ وَ مَا فَعَلْتُهٗ عَنْ اَمْرِيْ ۚ ذٰلِكَ تَاْوِيْلُ مَا لَمْ تَسْطِعْ عَّلَيْهِ صَبْرًا ﴿۸۲﴾

آیت نمبر ۸۲: واؤ عاطفہ اَمَّا حرف شرط و تفسیر الْجِدَارُ مبتدا قائم مقام شرط فَاء جزائیہ كَانَ فعل ناقص هُوَ ضمیر مستتر اس کا اسم لَامِ حرف جار غُلٰمَيْنِ موصوف يَتِيْمَيْنِ صفت اول فِي الْمَدِيْنَةِ جار با مجرور ظرف مستقر كَائِنَيْنِ کے متعلق ہو کر صفت ثانیہ، موصوف با صفتین مجرور، جار با مجرور كَائِنَيْنِ کے متعلق ہو کر خبر، فعل ناقص با اسم و خبر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ واؤ عاطفہ كَانَ فعل ناقص تَحْتَهٗ مرکب اضافی كَائِنًا کا مفعول فیہ ہو کر خبر مقدم كَنْزٌ موصوف لَّهُمَا جار با مجرور ظرف مستقر كَائِنٌ کے متعلق ہو کر صفت، موصوف بصفت اسم مؤخر، فعل ناقص با اسم و خبر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف اول ہوا واؤ عاطفہ كَانَ فعل ناقص اَبُوْهُمَا مرکب اضافی اس کا اسم صَالِحًا خبر، فعل ناقص با اسم و خبر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف ثانی، فَاء عاطفہ اَرَادَ فعل رَبُّكَ مرکب اضافی فاعل اَنْ حرف مصدری و نصب يَّبْلُغَا فعل الف ضمیر فاعل اَشُدَّهُمَا مرکب اضافی مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ واؤ عاطفہ يَسْتَخْرِجَا فعل الف ضمیر فاعل كَنْزَهُمَا مرکب اضافی مفعول بہ رَحْمَةً موصوف مِّنْ حرف جار رَّبِّكَ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور كَائِنَةً کے متعلق ہو کر صفت، موصوف بصفت اَرَادَ کا مفعول لہ ہے يَسْتَخْرِجَا فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف بتاویل مصدر اَرَادَ کا مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ معطوف ثالث، معطوف علیہ با معطوفات ثلاثہ الْجِدَارُ کی خبر ہے قائم مقام جزاء، مبتدا

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

باخبر جملہ اسمیہ خبریہ اَمَّا الْغُلٰمُ پر معطوف ہے۔

واؤ عاطفہ مَا نافیہ فَعَلْتُ فعل تاء مضمومہ ضمیر ذوالحال عَنْ حرف جار اَمْرِیْ مرکب اضافی مجرور، جار مجرور ظرف مستقر مُنْظَرِیْ کے متعلق ہو کر حال ہے ذوالحال باعمال فاعل تاء ضمیر منصوب مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ اَمَّا الْجِدَارُ پر معطوف ہے۔ ذٰلِكَ اسم اشارہ مبتدا، تَاْوِيْلُ مضاف مَا اسم موصول لَمْ تَسْطِعْ فعل اَنْتَ مستتر فاعل عَلَيْهِ جار مجرور متعلق مقدم صَبْرًا مصدر، مصدر اپنے متعلق سے مل کر مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول باصلہ مضاف الیہ، پھر مرکب اضافی خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

﴿ رکوع نمبر ۱۱ ﴾

وَيَسْـَٔلُوْنَكَ عَنْ ذِي الْقَرْنَيْنِ ۭ قُلْ سَاَتْلُوْا عَلَيْكُمْ مِّنْهُ ذِكْرًا ۝

آیت نمبر ۸۳: واؤ استینافیہ يَسْـَٔلُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل کاف ضمیر مفعول بہ عَنْ حرف جار ذِي الْقَرْنَيْنِ مرکب اضافی مجرور، جار مجرور متعلق ہوئے، فعل بافاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔ قُلْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل سے مل کر جملہ انشائیہ امریہ ہو کر قول سیبین علامت فعل، اَتْلُوْا فعل اَنَا ضمیر فاعل عَلَيْكُمْ جار مجرور متعلق ہوئے مِنْهُ جار مجرور ظرف مستقر كَائِنًا کے متعلق ہو کر حال مقدم ذِكْرًا ذوالحال موخر ذوالحال باعمال مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ مقولہ قول باقولہ جملہ انشائیہ امریہ ہوا۔

اِنَّا مَكَّنَّا لَهٗ فِي الْاَرْضِ وَاٰتَيْنٰهُ مِنْ كُلِّ شَيْءٍ سَبَبًا ۝ فَاَتْبَعَ سَبَبًا ۝

آیت نمبر ۸۴، ۸۵: اِنَّ حرف تحقیق نا ضمیر اس کا اسم مَكَّنَّا فعل نا ضمیر فاعل لَهٗ جار باہ مجرور متعلق اول فِي الْاَرْضِ جار باہ مجرور متعلق ثانی ہوئے، فعل بافاعل و متعلقین جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر معطوف علیہ ہوا واؤ عاطفہ اٰتَيْنَا فعل نا ضمیر فاعل ہٗ ضمیر مفعول بہ اول، مِنْ حرف جار كُلِّ شَيْءٍ مرکب اضافی مجرور، جار باہ مجرور ظرف مستقر كَائِنًا کے متعلق ہو کر حال مقدم، سَبَبًا ذوالحال موخر، ذوالحال باعمال مفعول بہ، فعل با فاعل مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر معطوف ثانی معطوف علیہ بامعطوفین جملہ معطوف ہو کر اِنَّ کی خبر اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

حَتّٰٓى اِذَا بَلَغَ مَغْرِبَ الشَّمْسِ وَجَدَهَا تَغْرُبُ فِيْ عَيْنٍ حَمِئَةٍ وَّوَجَدَ عِنْدَهَا قَوْمًا ۭ قُلْنَا يٰذَا الْقَرْنَيْنِ اِمَّآ اَنْ تُعَذِّبَ وَاِمَّآ اَنْ تَتَّخِذَ فِيْهِمْ حُسْنًا ۝


فَلَمَّآ اَتٰىهَا نُوْدِيَ يٰمُوْسٰٓى ۝ اِنِّيْٓ اَنَا رَبُّكَ فَاخْلَعْ نَعْلَيْكَ ۚ اِنَّكَ بِالْوَادِ الْمُقَدَّسِ طُوًى ۝

آیت نمبر ۱۲،۱۱ : فَاء استیناف لَمَّا ظرفیہ متضمن معنی شرط مفعول فیہ مقدم اَتٰی فعل ھُوَ مستتر فاعل ھَا ضمیر منصوب مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر شرط، نُوْدِیَ فعل مجہول ھُوَ مستتر نائب فاعل دونوں مل کر جزاء شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہوا یَا حرف ندا اُدْعُوْا کے قائم مقام، اُدْعُوْ فعل اَنَا مستتر فاعل مُوْسٰی منادیٰ منصوب مفعول بہ، تینوں مل کر جملہ انشائیہ ہو کر منادیٰ، اِنِّیْ حرف تحقیق یَا ضمیر اس کا اسم اَنَا ضمیر مبتدا رَبُّكَ مرکب اضافی خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر اِنَّ کی خبر، اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ جواب ندا، ندا با جواب جملہ انشائیہ ندائیہ مستانفہ ہوا فَاء فصیحہ اور اس کی شرط محذوف ہے اِنْ وَعَیْتَ ذٰلِكَ وَاخْلَعْ فعل امر اَنْتَ ضمیر فاعل نَعْلَیْكَ مرکب اضافی مفعول بہ، تینوں مل کر جملہ انشائیہ جزاء شرط محذوف با جزاء جملہ شرطیہ ہوا اِنَّ حرف تحقیق کَ ضمیر اس کا اسم بِالْوَادِ الْمُقَدَّسِ مرکب توصیفی مبدل منہ طُوًی مبدل منہ بدل مبدل منہ بدل مجرور، جار با مجرور ظرف مستقر کَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ معلّلہ ہوا۔

وَاَنَا اخْتَرْتُكَ فَاسْتَمِعْ لِمَا يُوْحٰٓى ۝

آیت نمبر ۱۳ : واؤ عاطفہ اَنَا ضمیر مبتدا اخْتَرْتُ فعل تاء مضمومہ ضمیر فاعل کاف ضمیر مفعول بہ، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ اِنِّیْ اَنَا رَبُّكَ پر معطوف ہے۔ فَاء فصیحہ اور اس کی شرط محذوف ہے اِنْ عَرَفْتَ قَدْرَكَ، اِسْتَمِعْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل لَامْ حرف جار مَا اسم موصول یُوْحٰی فعل مجہول ھُوَ مستتر نائب فاعل، دونوں مل کر صلہ، موصول با صلہ مجرور، جار با مجرور اِسْتَمِعْ کے متعلق ہوئے، فعل با فاعل و متعلق جملہ انشائیہ امریہ ہوا، شرط محذوف با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

اِنَّنِيْٓ اَنَا اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنَا فَاعْبُدْنِيْ ۙ وَاَقِمِ الصَّلٰوةَ لِذِكْرِيْ ۝

آیت نمبر ۱۴ : اِنَّ حرف تحقیق نون برائے وقایہ یَاء ضمیر اس کا اسم اَنَا ضمیر مبتدا، اَللّٰهُ خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر اِنَّ کی خبر اوّل لَا نافیہ جنس اِلٰهَ مبدل منہ لَا حرف استثناء اَنَا ضمیر لَا کے اسم کے محل سے بدل ہے اور خبر محذوف ہے مَوْجُوْدٌ لَا اپنے اسم و خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ اِنَّ کی خبر ثانی اِنَّ با اسم و خبر ثانی جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ فَاء فصیحہ اور اس کی شرط محذوف ہے اِنْ صَدَّقْتَ كَوْنِيْ اِلٰهًا فَاعْبُدْنِيْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل نون وقایہ یَاء ضمیر مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ انشائیہ امریہ ہو کر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اَقِمِ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل الصَّلٰوةَ مفعول بہ، لَام حرف جار ذِكْرِیْ مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل امر با فاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ انشائیہ ہو کر معطوف، معطوف علیہ با معطوف شرط محذوف کی جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

اِنَّ السَّاعَةَ اٰتِيَةٌ اَكَادُ اُخْفِيْهَا لِتُجْزٰى كُلُّ نَفْسٍۢ بِمَا تَسْعٰى ۝

آیت نمبر ۱۵ : اِنَّ حرف تحقیق السَّاعَةَ اس کا اسم اٰتِیَةٌ اسم فاعل ہی مستتر فاعل سے مل کر شبہ جملہ ہو کر خبر اوّل اَكَادُ فعل مقارب

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

اَنَا مستتر اس کا اسم اُخْفِیْ فعل اَنَا مستتر فاعل هَا ضمیر منصوب مفعول بہ، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر خبر، فعل مقاربہ با اسم و خبر اِنَّ کی خبر ثانی، اِنَّ با اسم و خبرین جملہ اسمیہ خبریہ مؤکدہ ہوا۔ لام حرف جار برائے تعلیل اور اس کے بعد اَنْ مقدر ہے تُجْزٰی فعل مجہول کُلُّ نَفْسٍ مرکب اضافی نائب فاعل، بِمَا حرف جار هَا مصدریہ تَسْعٰی فعل ہِیَ مستتر فاعل سے مل کر بتاویل مصدر مجرور، جار با مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے، فعل مجہول با نائب فاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ بتاویل مصدر مجرور، جار با مجرور لِتُجْزٰی کے متعلق ہوئے۔

فَلَا يَصُدَّنَّكَ عَنْهَا مَنْ لَّا يُؤْمِنُ بِهَا وَاتَّبَعَ هَوٰىهُ فَتَرْدٰى ﴿۱۶﴾

آیت نمبر ۱۶: فَاء نصیبہ اور اس کی شرط محذوف ہے اِنْ اَقَمْتَ الصَّلٰوةَ، لَا يَصُدَّنَّ فعل نہی کاف ضمیر منصوب مفعول بہ عَنْهَا جار با مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے، مَنْ اسم موصول لَا يُؤْمِنُ فعل هُوَ مستتر فاعل بِهَا جار با مجرور متعلق ہوئے، تینوں مل کر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اِتَّبَعَ فعل هُوَ مستتر فاعل هَوٰىهُ مرکب اضافی مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف صلہ، موصول با صلہ لَا يَصُدَّنَّ کا فاعل، فعل نہی با فاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ انشائیہ جزاء، شرط محذوف با جزاء جملہ شرطیہ ہوا فَاء عاطفہ سببیہ اور اس کے بعد اَنْ مقدر ہے اس لئے کہ یہ فاء نہی کے جواب میں ہے، تَرْدٰی فعل اَنْتَ مستتر فاعل، فعل با فاعل جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر رَدًى مِّنْكَ مصدر کی تاویل میں ہو کر معطوف ہے صَدٌّ مصدر پر جو کہ لَا يَصُدَّنَّ سے نکلتا ہے۔

وَمَا تِلْكَ بِيَمِيْنِكَ يٰمُوْسٰى ﴿۱۷﴾

آیت نمبر ۱۷: واؤ استینا فیہ مَا استفہامیہ مبتداء تِلْكَ اسم اشارہ ذوالحال بِاء حرف جار يَمِيْنِكَ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور ظرف مستقر كَائِنَةٌ کے متعلق ہو کر حال ذوالحال با حال خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ انشائیہ جواب نداء مقدم، يَاء حرف نداء اُدْعُوْ کے قائم مقام، اُدْعُوْ فعل اَنَا مستتر فاعل مُوْسٰى محلاً منصوب مفعول بہ، تینوں مل کر نداء مؤخر، نداء با جواب نداء جملہ انشائیہ ندائیہ ہوا۔

قَالَ هِيَ عَصَايَ ۚ اَتَوَكَّؤُا عَلَيْهَا وَاَهُشُّ بِهَا عَلٰى غَنَمِيْ وَلِيَ فِيْهَا مَاٰرِبُ اُخْرٰى ﴿۱۸﴾

آیت نمبر ۱۸: قَالَ فعل هُوَ مستتر فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر قول، هِيَ ضمیر مبتداء عَصَايَ مرکب اضافی خبر اول، اَتَوَكَّؤُا فعل اَنَا مستتر فاعل عَلَيْهَا جار با مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے، فعل با فاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اَهُشُّ فعل اَنَا مستتر فاعل بِهَا جار با مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے، عَلٰى حرف جار غَنَمِيْ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور متعلق ثانی، فعل با فاعل و متعلقین جملہ فعلیہ خبریہ معطوف اول، واؤ عاطفہ لِيَ جار با مجرور ظرف مستقر كَائِنَةٌ کے متعلق ہوئے كَائِنَةٌ اسم فاعل هِيَ مستتر فاعل، فِيْهَا جار با مجرور ظرف لغو كَائِنَةٌ کے متعلق ہوئے كَائِنَةٌ اسم فاعل اپنے فاعل و متعلقین سے مل کر شبہ جملہ ہو کر خبر مقدم مَاٰرِبُ اُخْرٰى مرکب توصیفی مبتدا مؤخر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف ثانی، معطوف علیہ با معطوفین هِيَ کی خبر ثانی ہے، مبتدا با خبرین جملہ اسمیہ خبریہ مقولہ ہے، قول با مقولہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

قَالَ اَلْقِهَا يٰمُوْسٰى ﴿۱۹﴾ فَاَلْقٰىهَا فَاِذَا هِيَ حَيَّةٌ تَّسْعٰى ﴿۲۰﴾

آیت نمبر ۱۹، ۲۰: قَالَ فعل هُوَ مستتر فاعل، دونوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ قول اَلْقِ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل هَا ضمیر مفعول بہ، تینوں مل کر جملہ انشائیہ ہو کر جواب نداء مقدم يٰمُوْسٰى کی ترکیب آیت نمبر ۱۷ میں گزری ہے اور یہ نداء مؤخر ہے، نداء با جواب جملہ انشائیہ

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

ہو کر مقول، قول با مقول معطوف علیہ فَاَوْحٰى عاطفہ اَلْقٖى فعل هُوَ مستتر فاعل هَا ضمیر مفعول بہ، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف اول فَاِذَا عاطفہ اِذَا مفاجاتیہ تَسْعٰى کا مفعول فیہ مقدم هِيَ ضمیر مبتدا، حَيَّةٌ موصوف تَسْعٰى فعل هِيَ مستتر فاعل، دونوں مل کر حَيَّةٌ کی صفت، موصوف بصفت هِيَ کی خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف ثانی، معطوف علیہ با معطوفین قَالَ کا معطوف ہوا۔

قَالَ خُذْهَا وَلَا تَخَفْ ۖ سَنُعِيدُهَا سِيرَتَهَا الْأُولَىٰ ﴿٢١﴾

آیت نمبر ۲۱: قَالَ فعل هُوَ مستتر فاعل سے مل کر قول، خُذْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل هَا ضمیر منصوب مفعول بہ، تینوں مل کر جملہ انشائیہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لَا تَخَفْ فعل نہی اَنْتَ مستتر فاعل، دونوں مل کر معطوف، معطوف علیہ با معطوف مقول، قول با مقول جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ سِيرَتَهَا علامت فعل، نُعِيدُ فعل نَحْنُ مستتر فاعل هَا ضمیر مفعول بہ سِيرَتَهَا مرکب اضافی موصوف اَلْاُوْلٰى اسم تفضیل هِيَ مستتر نائب فاعل، دونوں مل کر صفت، موصوف بصفت منصوب بنزع الخافض، اصل میں اِلٰى سِيرَتِهَا ہے، جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل بافاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ مُعَلَّلَہ ہوا۔

وَاضْمُمْ يَدَكَ إِلَىٰ جَنَاحِكَ تَخْرُجْ بَيْضَاءَ مِنْ غَيْرِ سُوءٍ آيَةً أُخْرَىٰ ﴿٢٢﴾

آیت نمبر ۲۲: واؤ عاطفہ اِضْمُمْ فعل اَنْتَ مستتر فاعل يَدَكَ مرکب اضافی، مفعول بہ اِلٰى حرف جار جَنَاحِكَ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل با فاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ انشائیہ امریہ اُخْرُجْ فعل پر عطف ہے تَخْرُجْ فعل مضارع هِيَ ضمیر مستتر ذوالحال، بَيْضَاءَ صیغہ صفت هِيَ ضمیر ذوالحال مِنْ حرف جار غَيْرِ سُوْءٍ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور ظرف مستقر كَائِنَةً کے متعلق ہو کر حال اول، اٰيَةً اُخْرٰى مرکب توصیفی حال ثانی ذوالحال اپنے دونوں حالوں بَيْضَاءَ کا فاعل، صیغہ صفت با فاعل شبہ جملہ ہو کر هِيَ ضمیر کا حال ذوالحال باحوال تَخْرُجْ کا فاعل، فعل با فاعل جملہ فعلیہ خبریہ جزاء ہے اور شرط محذوف ہے اِنْ تَضْمُمْ يَدَكَ اِلٰى جَنَاحِكَ شرط محذوف با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

لِنُرِيَكَ مِنْ آيَاتِنَا الْكُبْرَى ﴿٢٣﴾

آیت نمبر ۲۳: لَامِ حرف جار برائے تعلیل اور اس کے بعد اَنْ مقدر ہے نُرِيَ فعل نَحْنُ مستتر فاعل كَافِ ضمیر مفعول بہ مِنْ حرف جار اٰيَاتِنَا مرکب اضافی موصوف اَلْكُبْرٰى صفت، موصوف بصفت مجرور، جار با مجرور ظرف مستقر كَائِنَةً کے متعلق ہو کر بواسطہ موصوف محذوف اٰيَةً کے مفعول بہ ثانی، فعل با فاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ بتاویل مصدر مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے فعل محذوف اَرَيْنَاكَ ذٰلِكَ کے، فعل با فاعل و مفعولین و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

اِذْهَبْ إِلَىٰ فِرْعَوْنَ إِنَّهُ طَغَىٰ ﴿٢٤﴾

آیت نمبر ۲۴: اِذْهَبْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل اِلٰى فِرْعَوْنَ جار با مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے، تینوں مل کر جملہ انشائیہ مستانفہ ہوا۔ اِنَّ حرف تحقیق هُ ضمیر اس کا اسم طَغٰى فعل هُوَ مستتر فاعل، دونوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر خبر اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ مُعَلَّلَہ ہوا۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

رکوع نمبر ۲

قَالَ رَبِّ اشْرَحْ لِيْ صَدْرِيْ ﴿۲۵﴾ وَيَسِّرْ لِيْٓ اَمْرِيْ ﴿۲۶﴾ وَاحْلُلْ عُقْدَةً مِّنْ لِّسَانِيْ ﴿۲۷﴾

آیت نمبر ۲۵، ۲۶، ۲۷: قَالَ فعل ھُوَ مستتر فاعل سے مل کر قول، رَبِّ یہ اصل میں یَا رَبِّیْ ہے اور یہ نداء ہے، اِشْرَحْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل لِیْ جار باالمجرور ظرف لغو متعلق ہوئے صَدْرِیْ مرکب اضافی منصوب تقدیرًا مفعول بہ، فعل بافاعل و متعلق و مفعول بہ جملہ انشائیہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ یَسِّرْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل لِیْ جار باالمجرور متعلق ہوئے اَمْرِیْ مرکب اضافی منصوب تقدیرًا مفعول بہ، چاروں مل کر جملہ انشائیہ معطوف اوّل، واؤ عاطفہ اِحْلُلْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل عُقْدَةً مفعول بہ مِّنْ لِّسَانِیْ جار باالمجرور متعلق ہوئے، چاروں مل کر جملہ انشائیہ معطوف ثانی، معطوف علیہ بامعطوفین جواب نداء، نداء باجواب جملہ انشائیہ مقولہ، قول بامقولہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

يَفْقَهُوْا قَوْلِيْ ﴿۲۸﴾

آیت نمبر ۲۸: يَفْقَهُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل قَوْلِیْ مرکب اضافی منصوب تقدیرًا مفعول بہ، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ جزاء ہے اور اس کی شرط محذوف ہے اِنْ تَحْلُلْ عُقْدَةً مِّنْ لِّسَانِیْ، اس لئے کہ یہ جواب امر ہے، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

وَاجْعَلْ لِّيْ وَزِيْرًا مِّنْ اَهْلِيْ ﴿۲۹﴾ هٰرُوْنَ اَخِي ﴿۳۰﴾

آیت نمبر ۲۹، ۳۰: واؤ عاطفہ اِجْعَلْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل لِیْ جار باالمجرور ظرف مستقر کَائِنًا کے متعلق ہو کر مفعول بہ ثانی مقدم وَزِیْرًا موصوف مِنْ حرف جار اَهْلِیْ مرکب اضافی مجرور، جار باالمجرور ظرف مستقر کَائِنًا کے متعلق ہو کر صفت، موصوف باصفت مبدل منہ، هٰرُوْنَ مبین اَخِیْ مرکب اضافی عطف بیان، مبین باعطف بیان بدل، مبدل منہ بابدل مفعول بہ اوّل مؤخر، فعل بافاعل و مفعولین جملہ انشائیہ اشْرَحْ پر معطوف ہے۔

اشْدُدْ بِهٖٓ اَزْرِيْ ﴿۳۱﴾

آیت نمبر ۳۱: اُشْدُدْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل بِهٖ جار باالمجرور ظرف لغو متعلق ہوئے اَزْرِیْ مرکب اضافی مفعول بہ، چاروں مل کر جملہ انشائیہ مستانفہ ہوا۔

وَاَشْرِكْهُ فِيْٓ اَمْرِيْ ﴿۳۲﴾

آیت نمبر ۳۲: واؤ عاطفہ اَشْرِکْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل ہٗ ضمیر مفعول بہ، فِیْ حرف جار اَمْرِیْ مرکب اضافی مجرور، جار باالمجرور ظرف لغو متعلق ہوئے، فعل بافاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ انشائیہ اُشْدُدْ پر معطوف ہے۔

كَيْ نُسَبِّحَكَ كَثِيْرًا ﴿۳۳﴾ وَّنَذْكُرَكَ كَثِيْرًا ﴿۳۴﴾

آیت نمبر ۳۳، ۳۴: كَیْ حرف مصدری و تعلیل اور اس کے بعد اَنْ مقدر ہے نُسَبِّحَ فعل نَحْنُ مستتر فاعل کاف ضمیر مفعول بہ كَثِیْرًا بواسطہ موصوف محذوف تَسْبِیْحًا کے مفعول مطلق، فعل بافاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ نَذْكُرَ فعل نَحْنُ مستتر فاعل کاف ضمیر منصوب مفعول بہ كَثِیْرًا بواسطہ موصوف محذوف ذِكْرًا کے مفعول مطلق ہے، فعل بافاعل و مفعولین جملہ فعلیہ

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

خبر یہ معطوف، معطوف علیہ یا معطوف مجرور، جار یا مجرور اَشْرِكْهُ کے متعلق ہوئے۔

اِنَّكَ كُنْتَ بِنَا بَصِيْرًا ﴿۳۵﴾

آیت نمبر ۳۵: اِنَّ حرف تحقیق کاف ضمیر اس کا اسم كُنْتَ فعل ناقص تاء متحرکہ اس کا اسم بِنَا جار یا مجرور متعلق مقدم بَصِيْرًا صیغہ صفت اَنْتَ مستتر فاعل، صیغہ صفت یا فاعل و متعلق مقدم خبر، فعل ناقص یا اسم و خبر جملہ فعلیہ خبر یہ اِنَّ کی خبر اِنَّ یا اسم و خبر جملہ اسمیہ خبر یہ منطلقہ ہوا۔

قَالَ قَدْ اُوْتِيْتَ سُؤْلَكَ يٰمُوْسٰى ﴿۳۶﴾

آیت نمبر ۳۶: قَالَ فعل هُوَ مستتر فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبر یہ قول قَدْ علامت فعل، اُوْتِيْتَ فعل مجہول تاء متحرکہ ضمیر بنائب فاعل سُؤْلَكَ مرکب اضافی مفعول بہ، فعل مجہول یا نائب فاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبر یہ جواب ندا، مقدم يٰمُوْسٰى کی ترکیب ماقبل میں گزر چکی ہے اور یہ ندا موخر ہے ندا یا جواب جملہ انشائیہ مقول، قول یا مقولہ جملہ فعلیہ خبر یہ ہوا۔

وَلَقَدْ مَنَنَّا عَلَيْكَ مَرَّةً اُخْرٰى ﴿۳۷﴾

آیت نمبر ۳۷: واؤ عاطفہ لام موطئہ للقسم اور قسم محذوف ہے قَدْ علامت فعل، مَنَنَّا فعل نَا ضمیر فاعل عَلَيْكَ جار یا مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے مَرَّةً اُخْرٰى مرکب توصیفی مفعول فیہ، فعل یا فاعل و متعلق و مفعول فیہ جملہ فعلیہ خبر یہ قسم کا جواب ہے، قسم یا جواب قسم جملہ انشائیہ قسمیہ ہوا۔

اِذْ اَوْحَيْنَآ اِلٰٓى اُمِّكَ مَا يُوْحٰٓى ﴿۳۸﴾

آیت نمبر ۳۸: اِذْ ظرف زمان مضاف اَوْحَيْنَا فعل نَا ضمیر فاعل اِلٰى حرف جار اُمِّكَ مرکب اضافی مجرور، جار یا مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے مَا اسم موصول يُوْحٰى فعل مجہول هُوَ مستتر نائب فاعل دونوں مل کر صلہ، موصول یا صلہ مفعول بہ، فعل یا فاعل و متعلق و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبر یہ مضاف الیہ، مضاف یا مضاف الیہ مَنَنَّا کا مفعول فیہ ہے۔

اَنِ اقْذِفِيْهِ فِى التَّابُوْتِ فَاقْذِفِيْهِ فِى الْيَمِّ فَلْيُلْقِهِ الْيَمُّ بِالسَّاحِلِ يَاْخُذْهُ عَدُوٌّ لِّيْ وَعَدُوٌّ لَّهٗ ۭ وَاَلْقَيْتُ عَلَيْكَ مَحَبَّةً مِّنِّيْ ۚ وَلِتُصْنَعَ عَلٰي عَيْنِيْ ﴿۳۹﴾

آیت نمبر ۳۹: اَنْ حرف مصدر یہ اِقْذِفِيْ فعل امر یاء ضمیر مرفوع فاعل ہٖ ضمیر منصوب مفعول بہ، فِى التَّابُوْتِ جار یا مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے، فعل یا فاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ انشائیہ معطوف علیہ فاء عاطفہ اِقْذِفِيْ فعل امر یاء ضمیر مرفوع فاعل ہِ ضمیر منصوب مفعول بہ فِى الْيَمِّ جار یا مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے، فعل یا فاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ انشائیہ معطوف اول فاء عاطفہ لْيُلْقِ فعل امر ہٖ ضمیر منصوب مفعول بہ بِالسَّاحِلِ جار یا مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے، اَلْيَمُّ فاعل، فعل یا فاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ انشائیہ معطوف ثانی، معطوف علیہ یا معطوفین بتاویل مصدر مَا يُوْحٰى سے بدل ہے اور اگر اَنْ حرف تفسیر ہو تو پھر جملہ مفسرہ ہے يَاْخُذْ فعل مضارع هُ ضمیر منصوب مفعول بہ عَدُوٌّ موصوف لِيْ جار یا مجرور ظرف مستقر كَائِنٌ کے متعلق ہو کر صفت، موصوف

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

بامفت معطوف علیہ واؤ عاطفہ عَدُوٌّ موصوف لَهٗ جار مجرور ظرف مستقر کَائِنٌ کے متعلق ہو کر صفت، موصوف بامفت معطوف، پھر معطوف علیہ بامعطوف یَاْخُذْ کا فاعل ہے، فعل بافاعل ومفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ شرط محذوف کی جزاء ہے اور شرط یہ ہے اِنْ تَقْذِفِيْهِ فِي التَّابُوْتِ فَتَقْذِفِيْهِ ... الخ، شرط محذوف باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

واؤ استینا لیہ اَلْقَيْتُ فعل تاء مضموم فاعل عَلَيْكَ جار مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے مَحَبَّةً موصوف مِنِّیْ حرف جار نون برائے وقایہ یاء ضمیر محلاً مجرور، جار مجرور ظرف مستقر كَائِنَةً کے متعلق ہو کر صفت، موصوف بامفت مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ ومتعلق جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔ واؤ عاطفہ لام جارہ تعلیلیہ اور اس کے بعد اَنْ مقدر ہے تُصْنَعَ فعل مجہول اَنْتَ مستتر نائب فاعل عَلٰی حرف جار عَيْنِيْ مرکب اضافی مجرور، جار مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے، فعل مجہول بانائب فاعل ومتعلق جملہ فعلیہ خبریہ بتاویل مصدر مجرور، جار مجرور معطوف ہے اور معطوف علیہ محذوف ہے اور وہ لِتَتَلَطَّفَ بِكَ ہے، پھر معطوف علیہ بامعطوف اَلْقَيْتُ کے متعلق ہے۔

اِذْ تَمْشِيْٓ اُخْتُكَ فَتَقُوْلُ هَلْ اَدُلُّكُمْ عَلٰى مَنْ يَّكْفُلُهٗ ؕ فَرَجَعْنٰكَ اِلٰٓى اُمِّكَ كَيْ تَقَرَّ عَيْنُهَا وَ لَا تَحْزَنَ ؕ وَ قَتَلْتَ نَفْسًا فَنَجَّيْنٰكَ مِنَ الْغَمِّ وَ فَتَنّٰكَ فُتُوْنًا ۫ فَلَبِثْتَ سِنِيْنَ فِيْٓ اَهْلِ مَدْيَنَ ۙ ثُمَّ جِئْتَ عَلٰى قَدَرٍ يّٰمُوْسٰى ۝

آیت نمبر ۴۰ اِذْ ظرف زمان مضاف تَمْشِيْ فعل اُخْتُكَ مرکب اضافی فاعل، فعل بافاعل جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، فاء عاطفہ تَقُوْلُ فعل اَنْتَ مستتر فاعل دونوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ قول، هَلْ حرف استفہام اَدُلُّ فعل اَنَا مستتر فاعل عَلٰی حرف جار مَنْ اسم موصول يَّكْفُلُ فعل هُوَ مستتر فاعل هٗ ضمیر مفعول بہ، تینوں مل کر صلہ، موصول باصلہ مجرور، جار مجرور اَدُلُّ کے متعلق ہوئے، فعل بافاعل ومفعول بہ ومتعلق جملہ فعلیہ انشائیہ مقولہ، قول بامقولہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف اِذْ کا مضاف الیہ، پھر مرکب اضافی اَلْقَيْتُ یا تُصْنَعَ کا مفعول فیہ ہے، یا فعل محذوف اُذْكُرْ کا مفعول فیہ ہے۔

فاء عاطفہ رَجَعْنَا فعل نا ضمیر فاعل کاف ضمیر مفعول بہ اِلٰی حرف جار اُمِّكَ مرکب اضافی مجرور، جار مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے، كَيْ حرف تعلیل اور اس کے بعد اَنْ مقدر ہے تَقَرَّ فعل عَيْنُهَا مرکب اضافی فاعل، فعل بافاعل جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لَا تَحْزَنَ فعل هِيَ مستتر فاعل، فعل بافاعل جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ یا معطوف بتاویل مصدر لَا مقدر کا مجرور، جار مجرور رَجَعْنَا کے متعلق بنی ہوئے، فعل بافاعل ومفعول بہ ومتعلقین معطوف ہے اور معطوف علیہ مقدر ہے اُجِيْبَتْ فَجَآءَتْ اُمُّكَ واؤ استینا فیہ قَتَلْتَ فعل تاء مفتوحہ ضمیر فاعل نَفْسًا مفعول بہ، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، فاء عاطفہ نَجَّيْنٰكَ فعل نا ضمیر فاعل کاف ضمیر مفعول بہ، مِنَ الْغَمِّ جار مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے، فعل بافاعل ومفعول بہ ومتعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف اول، واؤ عاطفہ فَتَنّٰكَ فعل نا ضمیر فاعل کاف ضمیر مفعول بہ فُتُوْنًا مفعول مطلق، فعل بافاعل ومفعولین جملہ فعلیہ خبریہ معطوف ثانی، معطوف علیہ بامعطوفین جملہ مستانفہ ہوا۔

فاء استینا فیہ لَبِثْتَ فعل تاء مفتوحہ ضمیر فاعل سِنِيْنَ مفعول فیہ فِيْ حرف جار اَهْلِ مَدْيَنَ مرکب اضافی مجرور، جار مجرور متعلق ہوئے، فعل بافاعل ومفعول فیہ ومتعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، ثُمَّ عاطفہ جِئْتَ فعل تاء مفتوحہ ضمیر فاعل عَلٰى قَدَرٍ ظرف مستقر

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

مُوَافِقًا کے متعلق ہو کر جِئْتُ کے فاعل سے حال ہے، فعل بافاعل جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ یا معطوف جواب نداء مقدم، یہ مؤولہ کی ترکیب سابق میں گزر چکی ہے اور یہ نداء مؤخر ہے، پھر نداء یا جواب نداء جملہ انشائیہ ندائیہ ہوا۔

وَ اصْطَنَعْتُكَ لِنَفْسِيْ ﴿۴۱﴾

آیت نمبر ۴۱: واؤ عاطفہ اِصْطَنَعْتُ فعل تاء مضموم ضمیر فاعل کاف ضمیر مفعول بہ، لام حرف جر نَفْسِيْ مرکب اضافی مجرور، جار یا مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے، فعل بافاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ جِئْتُ پر معطوف ہے۔

اِذْهَبْ اَنْتَ وَ اَخُوْكَ بِاٰيٰتِيْ وَ لَا تَنِيَا فِيْ ذِكْرِيْ ﴿۴۲﴾

آیت نمبر ۴۲: اِذْهَبْ فعل امر اَنْتَ مستتر مؤکد اَنْتَ ضمیر منفصل تاکید، مؤکد یا تاکید معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اَخُوْكَ مرکب اضافی معطوف، معطوف علیہ یا معطوف فاعل بتاء حرف جر بِاٰيٰتِيْ مرکب اضافی مجرور، جار یا مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے، فعل بافاعل و متعلق جملہ الشائیہ معطوف علیہ ہوا واؤ عاطفہ لَا تَنِيَا فعل نہی الف ضمیر فاعل فِيْ حرف جر ذِكْرِيْ مرکب اضافی مجرور، جار یا مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے، فعل بافاعل و متعلق جملہ انشائیہ نہیہ معطوف، معطوف علیہ یا معطوف جملہ مستانفہ ہوا۔

اِذْهَبَآ اِلٰى فِرْعَوْنَ اِنَّهٗ طَغٰى ﴿۴۳﴾

آیت نمبر ۴۳: اِذْهَبَا فعل الف ضمیر فاعل اِلٰى حرف جر فِرْعَوْنَ مجرور بالفتح مجرور، جار یا مجرور متعلق ہوئے، فعل بافاعل و متعلق جملہ انشائیہ امریہ جملہ اولیٰ کی تاکید ہے۔ اِنَّ حرف تحقیق ہٗ ضمیر اس کا اسم طَغٰى فعل ھُوَ مستتر فاعل دونوں مل کر خبر، اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ معللہ ہوا۔

فَقُوْلَا لَهٗ قَوْلًا لَّيِّنًا لَّعَلَّهٗ يَتَذَكَّرُ اَوْ يَخْشٰى ﴿۴۴﴾

آیت نمبر ۴۴: فَاء عاطفہ قُوْلَا فعل الف ضمیر فاعل لَهٗ جار یا مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے قَوْلًا لَّيِّنًا مرکب توصیفی مفعول بہ یا مفعول مطلق ہے، فعل بافاعل و متعلق و مفعول جملہ انشائیہ اِذْهَبَآ اِلٰى فِرْعَوْنَ پر معطوف ہے۔ لَعَلَّ حرف ترجی ہٗ ضمیر اس کا اسم يَتَذَكَّرُ فعل ھُوَ مستتر فاعل دونوں مل کر معطوف علیہ، اَوْ حرف عطف يَخْشٰى فعل ھُوَ مستتر فاعل دونوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ یا معطوف خبر لَعَلَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ انشائیہ معللہ ہے۔ یا وَاجِبٌ تَذَكُّرُهٗ اَوْ خَشْيَتُهٗ کی جگہ میں ہو کر قُوْلَا کی ضمیر فاعل سے حال ہے۔

قَالَا رَبَّنَآ اِنَّنَا نَخَافُ اَنْ يَّفْرُطَ عَلَيْنَآ اَوْ اَنْ يَّطْغٰى ﴿۴۵﴾

آیت نمبر ۴۵: قَالَا فعل الف ضمیر فاعل دونوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر قول مؤولہ یا اصل میں یَا رَبَّنَا ہے اور یہ نداء ہے، اِنَّ حرف تحقیق نَا ضمیر اس کا اسم نَخَافُ فعل نَحْنُ ضمیر مستتر فاعل، اَنْ حرف مصدری و نصب يَّفْرُطَ فعل ھُوَ مستتر فاعل عَلَيْنَآ جار یا مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ تاویل مصدر مفعول بہ، اَوْ عاطفہ اَنْ حرف مصدری و نصب يَّطْغٰى فعل ھُوَ مستتر فاعل، دونوں مل کر تاویل مصدر معطوف، معطوف علیہ یا معطوف محلاً منصوب نَخَافُ کا مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ اِنَّ کی

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

خبر، اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ جواب ندا، پھر ندا با جواب مقولہ، قول با مقولہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

قَالَ لَا تَخَافَآ اِنَّنِیْ مَعَكُمَآ اَسْمَعُ وَاَرٰی ﴿۴۶﴾

آیت نمبر ۴۶: قَالَ فعل ھُوَ مستتر فاعل سے مل کر قول ہے، لَا تَخَافَا فعل الف ضمیر فاعل، دونوں مل کر جملہ فعلیہ مقولہ، قول با مقولہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ اِنَّ حرف تحقیق نون برائے وقایہ یاء ضمیر اس کا اسم مَعَكُمَا مرکب اضافی کَائِنٌ کا معمول فیہ ہو کر اِنَّ کی خبر اوّل ہے، اَسْمَعُ فعل اَنَا مستتر فاعل، دونوں مل کر معطوف علیہ ہوا، واؤ عاطفہ اَرٰی فعل اَنَا مستتر فاعل، دونوں مل کر معطوف، معطوف علیہ با معطوف محلاً منصوب اِنَّ کی خبر ثانی، اِنَّ با اسم و خبر ثانی جملہ اسمیہ خبریہ مُعَلِّلہ ہوا، یا معطوف علیہ با معطوف اِنَّ کے اسم سے حال ہے، یا جملہ مستانفہ ہے۔

فَاْتِیٰهُ فَقُوْلَآ اِنَّا رَسُوْلَا رَبِّكَ فَاَرْسِلْ مَعَنَا بَنِیْٓ اِسْرَآءِیْلَ ۫ وَلَا تُعَذِّبْهُمْ ؕ قَدْ جِئْنٰكَ بِاٰیَةٍ مِّنْ رَّبِّكَ ؕ وَالسَّلٰمُ عَلٰی مَنِ اتَّبَعَ الْهُدٰی ﴿۴۷﴾

آیت نمبر ۴۷: فَاْتِیٰهُ فاء عاطفہ اْتِیَا فعل امر الف ضمیر فاعل ہٗ ضمیر مفعول بہ، تینوں مل کر جملہ انشائیہ معطوف علیہ، فَاء عاطفہ قُوْلَا فعل امر الف ضمیر فاعل، فعل با فاعل جملہ انشائیہ قول، اِنَّ حرف تحقیق نَا ضمیر اس کا اسم رَسُوْلَا رَبِّكَ مرکب اضافی خبر اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ مقولہ، قول با مقولہ معطوف، پھر معطوف علیہ با معطوف لَا تَخَافَا پر معطوف ہے۔ فَاء عاطفہ اور معطوف علیہ محذوف ہے، تَلْقَیَا یَا فِرْعَوْنُ، اَرْسِلْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل مَعَنَا مرکب اضافی مفعول فیہ بَنِیْٓ اِسْرَآءِیْلَ مرکب اضافی مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعولین جملہ انشائیہ معطوفہ ہوا۔

WWW.KITABOSUNNAT.COM

واؤ عاطفہ لَا تُعَذِّبْ فعل نہی اَنْتَ مستتر فاعل ھُمْ ضمیر مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ انشائیہ اَرْسِلْ پر معطوف ہے۔ قَدْ علامت فعل، جِئْنَا فعل نَا ضمیر فاعل کَاف ضمیر مفعول بہ، بَاء حرف جار اٰیَةٍ موصوف مِنْ رَّبِّكَ ظرف مستقر کَائِنَةٍ کے متعلق ہو کر صفت، موصوف با صفت مجرور، جار با مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے، فعل اپنے فاعل و مفعول بہ و متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ مُعَلِّلہ ہوا۔ واؤ استینافیہ السَّلٰمُ مبتدا، عَلٰی حرف جار مَنِ اسم موصول اِتَّبَعَ فعل ھُوَ مستتر فاعل الْهُدٰی مفعول بہ، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول با صلہ مجرور، جار با مجرور ظرف مستقر کَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

اِنَّا قَدْ اُوْحِیَ اِلَیْنَآ اَنَّ الْعَذَابَ عَلٰی مَنْ كَذَّبَ وَتَوَلّٰی ﴿۴۸﴾

آیت نمبر ۴۸: اِنَّ حرف تحقیق نَا ضمیر اس کا اسم قَدْ علامت فعل، اُوْحِیَ فعل مجہول اِلَیْنَا جار با مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے، اَنَّ حرف تحقیق الْعَذَابَ اس کا اسم عَلٰی حرف جار مَنْ اسم موصول كَذَّبَ فعل ھُوَ مستتر فاعل، دونوں مل کر معطوف علیہ ہوا، واؤ عاطفہ تَوَلّٰی فعل ھُوَ مستتر فاعل، دونوں مل کر معطوف، معطوف علیہ با معطوف صلہ، موصول با صلہ مجرور، جار با مجرور ظرف مستقر کَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر اَنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ تاویل مصدر نائب فاعل، اُوْحِیَ فعل مجہول با نائب فاعل و متعلق اِنَّ کی خبر اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

قَالَ فَمَنْ رَّبُّكُمَا یٰمُوْسٰی ﴿۴۹﴾

آیت نمبر ۴۹: قَالَ فعل ھُوَ مستتر فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ قول، فَاء فصیحہ اور اس کی شرط محذوف ہے اِنْ اُوْحِیَ اِلَیْنَا

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

مَنْ استفہامیہ مبتدا رَبُّكُمَا مرکب اضافی خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ انشائیہ ہو کر جواب نداء مقدر، یٰمُوْسٰی منادیٰ مفرد مؤخر، پھر نداء با جواب نداء شرط محذوف کی جزاء ہے، شرط با جزاء مقولہ، قول با مقولہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

قَالَ رَبُّنَا الَّذِیْٓ اَعْطٰی كُلَّ شَیْءٍ خَلْقَهٗ ثُمَّ هَدٰی ﴿۵۰﴾

آیت نمبر ۵۰: قَالَ فعل ھُوَ مستتر فاعل، دونوں مل کر قول رَبُّنَا مرکب اضافی مبتدا اَلَّذِیْ اسم موصول اَعْطٰی فعل ھُوَ مستتر فاعل كُلَّ شَیْءٍ مرکب اضافی مفعول بہ اول خَلْقَهٗ مرکب اضافی مفعول بہ ثانی، فعل با فاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ ثُمَّ عاطفہ هَدٰی فعل ھُوَ مستتر فاعل دونوں مل کر معطوف، معطوف علیہ با معطوف صلہ، موصول با صلہ خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ مقولہ، قول با مقولہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

قَالَ فَمَا بَالُ الْقُرُوْنِ الْاُوْلٰی ﴿۵۱﴾

آیت نمبر ۵۱: قَالَ فعل ھُوَ مستتر فاعل سے مل کر قول فَاء فصیحہ اور اس کی شرط محذوف ہے اِنْ كَانَ رَبُّكَ قَدْ اَعْطٰی وَهَدٰی، مَا استفہامیہ مبتدا بَالُ مضاف الْقُرُوْنِ الْاُوْلٰی مرکب توصیفی مضاف الیہ، پھر مرکب اضافی خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ انشائیہ جزاء ہے، شرط محذوف با جزاء جملہ شرطیہ ہو کر مقولہ، قول با مقولہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

قَالَ عِلْمُهَا عِنْدَ رَبِّیْ فِیْ كِتٰبٍ ۚ لَا یَضِلُّ رَبِّیْ وَلَا یَنْسَی ﴿۵۲﴾

آیت نمبر ۵۲: قَالَ فعل ھُوَ مستتر فاعل دونوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ قول عِلْمُهَا مرکب اضافی مبتدا عِنْدَ رَبِّیْ مرکب اضافی كَائِنٌ کا مفعول فیہ ہے فِیْ كِتٰبٍ جار با مجرور كَائِنٌ کے متعلق ہے، كَائِنٌ اسم فاعل ھُوَ مستتر فاعل و مفعول فیہ و متعلق سے مل کر خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ مقولہ قول با مقولہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ لَا یَضِلُّ فعل رَبِّیْ مرکب اضافی مرفوع تقدیراً فاعل، دونوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لَا یَنْسَی فعل ھُوَ مستتر فاعل، دونوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف معطوف علیہ با معطوف جملہ مستانفہ ہوا۔

الَّذِیْ جَعَلَ لَكُمُ الْاَرْضَ مَهْدًا وَّسَلَكَ لَكُمْ فِیْهَا سُبُلًا وَّاَنْزَلَ مِنَ السَّمَآءِ مَآءً ۭ فَاَخْرَجْنَا بِهٖٓ اَزْوَاجًا مِّنْ نَّبَاتٍ شَتّٰی ﴿۵۳﴾

آیت نمبر ۵۳: اَلَّذِیْ اسم موصول جَعَلَ فعل ھُوَ مستتر فاعل لَكُمُ جار با مجرور متعلق ہوئے اَلْاَرْضَ مفعول بہ اول مَهْدًا مفعول بہ ثانی، فعل با فاعل و متعلق و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ سَلَكَ فعل ھُوَ مستتر فاعل لَكُمْ جار با مجرور متعلق اول ہوئے فِیْهَا جار با مجرور سَلَكَ کے متعلق ثانی ہوئے پھر دونوں متعلق ہو کر حال مقدم ہے، سُبُلًا مفعول بہ، فعل با فاعل و متعلقین و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف اول ہوا واؤ عاطفہ اَنْزَلَ فعل ھُوَ مستتر فاعل مِنَ السَّمَآءِ جار با مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے مَآءً مفعول بہ، فعل با فاعل و متعلق و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف ثانی، معطوف علیہ با معطوفین صلہ، موصول با صلہ رَبِّیْ کی صفت ہے یا مبتدا محذوف ھُوَ کی خبر ہے، یا مفعولاً منصوب فعل محذوف اَمْدَحُ کا مفعول بہ ہے، فَاء عاطفہ اَخْرَجْنَا فعل نَا ضمیر فاعل بِهٖ جار با مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے اَزْوَاجًا موصوف مِنْ نَّبَاتٍ جار با مجرور ظرف مستقر كَائِنَةً کے متعلق ہو کر صفت اول شَتّٰی صفت ثانیہ، موصوف با صفتین مفعول بہ۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

فعل باقاعل ومفعول بہ ومتعلق جملہ فعلیہ خبریہ اُنزِلَ پر معطوف ہے۔

كُلُوْا وَارْعَوْا اَنْعَامَكُمْ ؕ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّاُولِي النُّهٰى ۝

آیت نمبر ۵۴: كُلُوْا فعل امر واؤ ضمیر فاعل دونوں مل کر جملہ انشائیہ معطوف علیہ ہوا واؤ عاطفہ اِرْعَوْا فعل امر واؤ ضمیر فاعل اَنْعَامَكُمْ مرکب اضافی مفعول بہ، فعل باقاعل ومفعول بہ جملہ انشائیہ معطوف، معطوف علیہ یا معطوف جملہ مستانفہ ہوا اِنَّ حرف تحقیق فِيْ ذٰلِكَ جار یا مجرور ظرف مستقر كَائِنَاتٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم لَام مزحلقہ اٰيٰتٍ موصوف لَامِ حرف جار اُولِي النُّهٰى مرکب اضافی مجرور، جار یا مجرور ظرف مستقر كَائِنَاتٍ کے متعلق ہو کر صفت، موصوف باصفت اسم مؤخر اِنَّ باسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

﴿ رکوع نمبر ۳ ﴾

مِنْهَا خَلَقْنٰكُمْ وَفِيْهَا نُعِيْدُكُمْ وَمِنْهَا نُخْرِجُكُمْ تَارَةً اُخْرٰى ۝

آیت نمبر ۵۵: مِنْهَا جار یا مجرور ظرف لغو متعلق مقدم ہوئے خَلَقْنَا فعل نَا ضمیر فاعل كُمْ ضمیر مفعول بہ، فعل باقاعل ومتعلق ومفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ ہوا واؤ عاطفہ فِيْهَا جار یا مجرور ظرف لغو متعلق مقدم ہوئے نُعِيْدُ فعل نَحْنُ مستتر فاعل كُمْ ضمیر مفعول بہ، چاروں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف اوّل ہوا واؤ عاطفہ مِنْهَا جار یا مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے نُخْرِجُ فعل نَحْنُ مستتر فاعل كُمْ ضمیر مفعول بہ تَارَةً اُخْرٰى مرکب توصیفی مفعول فیہ، فعل باقاعل ومتعلق مقدم ومفعولین جملہ فعلیہ خبریہ معطوف ثانی، معطوف علیہ یا معطوفین جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

وَلَقَدْ اَرَيْنٰهُ اٰيٰتِنَا كُلَّهَا فَكَذَّبَ وَاَبٰى ۝

آیت نمبر ۵۶: واؤ استینا فیہ لَام موطئہ للقسم اور قسم محذوف ہے قَدْ علامت فعل اَرَيْنَا فعل نَا ضمیر فاعل ہٗ ضمیر منصوب مفعول بہ اوّل اٰيٰتِنَا مرکب اضافی مؤکد كُلَّهَا مرکب اضافی تاکید، مؤکد یا تاکید مفعول بہ ثانی، فعل باقاعل ومفعولین جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، فَاء عاطفہ كَذَّبَ فعل هُوَ مستتر فاعل دونوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف اوّل، واؤ عاطفہ اَبٰى فعل هُوَ ضمیر فاعل دونوں مل کر معطوف ثانی، معطوف علیہ یا معطوفین قسم کا جواب ہے، قسم باجواب قسم جملہ انشائیہ قسمیہ ہوا۔

قَالَ اَجِئْتَنَا لِتُخْرِجَنَا مِنْ اَرْضِنَا بِسِحْرِكَ يٰمُوْسٰى ۝

آیت نمبر ۵۷: قَالَ فعل هُوَ مستتر فاعل سے مل کر قول، هَمزہ حرف استفہام جِئْتَ فعل تَاء ملتوحہ ضمیر فاعل نَا ضمیر مفعول بہ، لَام حرف جار برائے تعلیل اور اس کے بعد اَنْ مقدر ہے تُخْرِجَ فعل اَنْتَ مستتر فاعل نَا ضمیر مفعول بہ، مِنْ حرف جار اَرْضِنَا مرکب اضافی مجرور، جار یا مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے بناء حرف جار بِسِحْرِكَ مرکب اضافی مجرور، جار یا مجرور متعلق ثانی ہوئے، فعل باقاعل ومفعول بہ ومتعلقین بتاویل مصدر مجرور، جار یا مجرور جِئْتَ کے متعلق ہوئے، فعل باقاعل ومفعول بہ ومتعلق جملہ استفہامیہ ہو کر جواب ندا مقدم، يٰمُوْسٰى اس کی ترکیب متعدد مرتبہ اسی سورت میں گزر چکی ہے اور یہ ندا ہے منادا باجواب مقولہ، قول باقولہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

فَلَنَاْتِيَنَّكَ بِسِحْرٍ مِّثْلِهٖ فَاجْعَلْ بَيْنَنَا وَبَيْنَكَ مَوْعِدًا لَّا نُخْلِفُهٗ نَحْنُ وَلَاۤ اَنْتَ

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

مَكَانًا سُوًى ﴿۵۸﴾

آیت نمبر ۵۸: فَاءَ عاطفہ لَامر موطئہ للقسم اور قسم محذوف ہے تَاْتِيَنَّ فعل نَحْنُ مستتر فاعل کاف ضمیر مفعول بہ باء حرف جار بِسِحْرٍ موصوف مِثْلِهٖ مرکب اضافی صفت، موصوف باصفت مجرور، جار باالمجرور متعلق ہوئے، فعل بافاعل و مفعول بہ متعلق جملہ فعلیہ خبریہ جواب قسم، قسم باجواب قسم جملہ انشائیہ قسمیہ ہوا فَاءَ فصیحہ اور اس کی شرط محذوف ہے اِنْ قَبِلْتَ اَلْقَاءَ اِجْعَلْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل بَيْنَنَا مرکب اضافی معطوف علیہ، واؤ عاطفہ بَيْنَكَ مرکب اضافی معطوف، معطوف علیہ با معطوف مفعول بہ تالی مقدم مَوْعِدًا موصوف لَا نُخْلِفُهٗ فعل نَحْنُ مستتر مؤکد لنا نَحْنُ ضمیر منفصل تاکید، مؤکد با تاکید معطوف علیہ ہوا واؤ عاطفہ لَا نزلہ اَنْتَ معطوف، معطوف علیہ با معطوف فاعل ہٗ ضمیر مفعول بہ مَكَانًا سُوًى مرکب اضافی اِجْعَلْ کا مفعول فیہ، لَا نُخْلِفُهٗ فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ مَوْعِدًا کی صفت ہے، موصوف باصفت اِجْعَلْ کا مفعول بہ اول موخر، اِجْعَلْ فعل اپنے فاعل و مفعولین سے مل کر شرط محذوف کی جزاء ہے، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

قَالَ مَوْعِدُكُمْ يَوْمُ الزِّيْنَةِ وَ اَنْ يُّحْشَرَ النَّاسُ ضُحًى ﴿۵۹﴾

آیت نمبر ۵۹: قَالَ فعل هُوَ مستتر فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ قول، مَوْعِدُكُمْ مرکب اضافی مبتدا يَوْمُ الزِّيْنَةِ مرکب اضافی معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اَنْ حرف مصدری ہو نصب يُحْشَرَ فعل مجہول النَّاسُ بسبب فاعل ضُحًى مفعول فیہ، فعل مجہول بانائب فاعل و مفعول فیہ جملہ فعلیہ خبریہ بتاویل مصدر معطوف، معطوف علیہ با معطوف خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ مقولہ، قول با مقولہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

فَتَوَلّٰى فِرْعَوْنُ فَجَمَعَ كَيْدَهٗ ثُمَّ اَتٰى ﴿۶۰﴾

آیت نمبر ۶۰: فَاءَ استینافیہ تَوَلّٰى فعل فِرْعَوْنُ فاعل دونوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ فَاءَ عاطفہ جَمَعَ فعل هُوَ مستتر فاعل كَيْدَهٗ مرکب اضافی مفعول بہ، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف اول ثُمَّ عاطفہ اَتٰى فعل هُوَ مستتر فاعل دونوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر معطوف ثانی معطوف علیہ با معطوفین جملہ مستانفہ ہوا۔

قَالَ لَهُمْ مُّوْسٰى وَيْلَكُمْ لَا تَفْتَرُوْا عَلَى اللّٰهِ كَذِبًا فَيُسْحِتَكُمْ بِعَذَابٍ ۚ وَ قَدْ خَابَ مَنِ افْتَرٰى ﴿۶۱﴾

آیت نمبر ۶۱: قَالَ فعل لَهُمْ جار باالمجرور ظرف لغو متعلق ہوئے مُوْسٰى مرفوع التقدیر فاعل، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ قول ہے، وَيْلَكُمْ مرکب اضافی فعل محذوف اَهْلَكَكُمُ اللّٰهُ کا مفعول مطلق من غیر لفظہ ہے، پھر یہ جملہ معترضہ ہے (تفسیر) لَا تَفْتَرُوْا فعل نہی واؤ ضمیر فاعل عَلَى اللّٰهِ جار باالمجرور ظرف لغو، متعلق ہوئے كَذِبًا مفعول بہ، چاروں مل کر جملہ انشائیہ مقولہ ہے، قول با مقولہ جملہ فعلیہ خبریہ ہے فَاءَ عاطفہ سببیہ يُسْحِتَ فعل هُوَ مستتر فاعل كُمْ ضمیر مفعول بہ بِعَذَابٍ جار باالمجرور ظرف لغو متعلق ہوئے، فعل با فاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ بتاویل مصدر (اس لئے کہ فاء کے بعد اَنْ مقدر ہے) اِفْتَرٰى معطوف ہے جو لَا تَفْتَرُوْا سے بنایا گیا ہے کیونکہ وہ لَا يَكُنْ مِّنْكُمْ اِفْتِرَاءٌ عَلَى اللّٰهِ كَذِبًا کی تاویل میں ہے۔ واؤ استینافیہ قَدْ علامت فعل، خَابَ فعل مَنِ اسم موصول افْتَرٰى فعل هُوَ

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

مستترفاعل سے مل کر صلہ، موصول باصلہ فاعل فعل ہا فاعل جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

فَتَنَازَعُوْٓا اَمْرَهُمْ بَيْنَهُمْ وَاَسَرُّوا النَّجْوٰى ﴿۶۲﴾

آیت نمبر ۶۲: فَاء استینافیہ تَنَازَعُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل اَمْرَهُمْ مرکب اضافی مفعول بہ بَيْنَهُمْ مرکب اضافی مفعول فیہ، فعل با فاعل ومفعولین جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اَسَرُّوا فعل واؤ ضمیر فاعل النَّجْوٰى منصوب تقدیراً مفعول بہ، فعل با فاعل ومفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ مستانفہ ہوا۔

قَالُوْٓا اِنْ هٰذٰنِ لَسٰحِرٰنِ يُرِيْدٰنِ اَنْ يُّخْرِجٰكُمْ مِّنْ اَرْضِكُمْ بِسِحْرِهِمَا وَيَذْهَبَا بِطَرِيْقَتِكُمُ الْمُثْلٰى ﴿۶۳﴾

آیت نمبر ۶۳: قَالُوْا فعل باواؤ ضمیر فاعل جملہ فعلیہ خبریہ قول اِنْ مخففہ من الثقلہ ضمیر شان محذوف اس کا اسم هٰذٰنِ اسم اشارہ مبتدا، لام فارقہ لَسٰحِرٰنِ موصوف يُرِيْدٰنِ فعل الف ضمیر فاعل اَنْ حرف مصدری ونصب يُّخْرِجٰكُمْ فعل الف ضمیر فاعل كُمْ ضمیر مفعول بہ مِنْ حرف جار اَرْضِكُمْ مرکب اضافی مجرور، جار ہا مجرور ظرف لغو متعلق اول ہوئے، بِاء حرف جار سِحْرِهِمَا مرکب اضافی مجرور، جار ہا مجرور متعلق ثانی، فعل با فاعل ومتعلقین ومفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ يَذْهَبَا فعل الف ضمیر فاعل بِاء حرف جار طَرِيْقَتِكُمُ مرکب اضافی موصوف الْمُثْلٰى صفت، موصوف باصفت مجرور، جار ہا مجرور ظرف لغو يَذْهَبَا کے متعلق ہوئے، فعل با فاعل ومتعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف بتاویل مصدر يُرِيْدٰنِ کا مفعول بہ، فعل با فاعل ومفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ لَسٰحِرٰنِ کی صفت، موصوف باصفت خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ اِنْ کی خبر اِنْ با اسم وخبر مقولہ، قول با مقولہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

فَاَجْمِعُوْا كَيْدَكُمْ ثُمَّ ائْتُوْا صَفًّا ۚ وَقَدْ اَفْلَحَ الْيَوْمَ مَنِ اسْتَعْلٰى ﴿۶۴﴾

آیت نمبر ۶۴: فَاء فصیحہ اور اس کی شرط محذوف ہے اِنْ اَرَدْتُّمُ الْغَلَبَةَ، اَجْمِعُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل كَيْدَكُمْ مرکب اضافی مفعول بہ، تینوں مل کر جملہ انشائیہ معطوف علیہ، ثُمَّ عاطفہ ائْتُوْا فعل امر واؤ ضمیر ذوالحال صَفًّا بمعنی اسم فاعل حال، ذوالحال با حال فاعل، دونوں مل کر جملہ انشائیہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف شرط محذوف کی جزا ہے، شرط با جزا جملہ شرطیہ ہوا۔ واؤ استینافیہ قَدْ علامت فعل، اَفْلَحَ فعل الْيَوْمَ مفعول فیہ مَنِ اسم موصول اسْتَعْلٰى فعل هُوَ مستتر فاعل، دونوں مل کر صلہ، موصول باصلہ فاعل، فعل با فاعل ومفعول فیہ جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

قَالُوْا يٰمُوْسٰٓى اِمَّآ اَنْ تُلْقِيَ وَاِمَّآ اَنْ نَّكُوْنَ اَوَّلَ مَنْ اَلْقٰى ﴿۶۵﴾

آیت نمبر ۶۵: قَالُوْا فعل باواؤ ضمیر فاعل جملہ فعلیہ خبریہ قول يٰمُوْسٰٓى کی ترکیب اسی سورت میں متعدد بار گزر چکی ہے، اور یہ منادیٰ ہے، اِمَّا حرف ترویدو تقسیم اَنْ حرف مصدری ونصب تُلْقِيَ فعل اَنْتَ مستتر فاعل، دونوں مل کر بتاویل مصدر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اِمَّا ترویدیہ اَنْ حرف مصدری ونصب نَّكُوْنَ فعل ناقص نَحْنُ مستتر فاعل اَوَّلَ مضاف مَنْ اسم موصول اَلْقٰى فعل هُوَ مستتر فاعل سے مل کر صلہ، موصول باصلہ مضاف الیہ، پھر مرکب اضافی خبر، فعل ناقص با اسم وخبر بتاویل مصدر معطوف، معطوف علیہ با معطوف مبتدا محذوف

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

الْاَمْرُ کی خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ جواب ندا ہے منادا باجواب ندا مقولہ، قول با مقولہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

قَالَ بَلْ اَلْقُوْا ۚ فَاِذَا حِبَالُهُمْ وَعِصِيُّهُمْ يُخَيَّلُ اِلَيْهِ مِنْ سِحْرِهِمْ اَنَّهَا تَسْعٰى ﴿۶۶﴾

آیت نمبر ۶۶: قَالَ فعل ھُوَ مستتر فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ قول بَلْ حرف اضراب و عطف اور معطوف علیہ محذوف ہے اَلْقُوْا امر واؤ ضمیر فاعل، فعل با فاعل جملہ انشائیہ معطوف دونوں مل کر مقولہ، قول با مقولہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ فَاء عاطفہ اور معطوف علیہ محذوف ہے فَاَلْقَوْا اِذَا مفاجاتیہ يُخَيَّلُ کا مفعول فیہ مقدم ہے (روح المعانی) حِبَالُهُمْ مرکب اضافی معطوف علیہ، واؤ عاطفہ عِصِيُّهُمْ مرکب اضافی معطوف دونوں مل کر مبتدا يُخَيَّلُ فعل اِلَيْهِ جار باجرور ظرف لغو متعلق ہوئے، مِنْ حرف جار سِحْرِهِمْ مرکب اضافی مجرور، جار باجرور ظرف لغو متعلق ثانی، اَنَّ حرف تحقیق هَا ضمیر اس کا اسم تَسْعٰى فعل ھِیَ مستتر فاعل، دونوں مل کر اَنَّ کی خبر، اَنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ بتاویل مصدر نائب فاعل، فعل مجہول با نائب فاعل و متعلقین جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر معطوف، معطوف علیہ محذوف با معطوف جملہ فعلیہ مستانفہ ہوا۔

فَاَوْجَسَ فِيْ نَفْسِهٖ خِيْفَةً مُّوْسٰى ﴿۶۷﴾

آیت نمبر ۶۷: فَاء عاطفہ اَوْجَسَ فعل مُوْسٰى فاعل فِيْ حرف جار نَفْسِهٖ مرکب اضافی مجرور، جار باجرور ظرف لغو متعلق ہوئے خِيْفَةً مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر حِبَالُهُمْ وَ عِصِيُّهُمْ پر معطوف ہے۔

قُلْنَا لَا تَخَفْ اِنَّكَ اَنْتَ الْاَعْلٰى ﴿۶۸﴾

آیت نمبر ۶۸: قُلْنَا فعل نَا ضمیر فاعل، فعل با فاعل جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر قول، لَا تَخَفْ فعل نہی اَنْتَ مستتر فاعل، فعل نہی با فاعل جملہ انشائیہ ہو کر مقولہ، قول با مقولہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ اِنَّ حرف تحقیق کاف ضمیر اس کا اسم اَنْتَ ضمیر مبتدا الْاَعْلٰى اسم تفضیل اَنْتَ ضمیر فاعل، اسم تفضیل با فاعل مل کر جملہ ہو کر خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر اِنَّ کی خبر، اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ مُعَلَّلہ ہوا۔

وَاَلْقِ مَا فِيْ يَمِيْنِكَ تَلْقَفْ مَا صَنَعُوْا ۭ اِنَّمَا صَنَعُوْا كَيْدُ سٰحِرٍ ۭ وَلَا يُفْلِحُ السّٰحِرُ حَيْثُ اَتٰى ﴿۶۹﴾

آیت نمبر ۶۹: وَاؤ عاطفہ اَلْقِ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل مَا موصولہ فِيْ حرف جار يَمِيْنِكَ مرکب اضافی مجرور، جار باجرور ظرف مستقر فعل محذوف ثَبَتَ کے متعلق ہو کر صلہ، موصول باصلہ مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ انشائیہ ہو کر لَا تَخَفْ پر معطوف ہے۔ تَلْقَفْ فعل جزم مستتر فاعل مَا اسم موصول صَنَعُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول باصلہ مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر شرط محذوف اِنْ تُلْقِ مَا فِيْ يَمِيْنِكَ کی جزم ہے، کیونکہ تَلْقَفْ جواب امر ہے، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔ اِنَّ حرف تحقیق مَا اسم موصول صَنَعُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول باصلہ اِنَّ کا اسم كَيْدُ سٰحِرٍ مرکب اضافی اِنَّ کی خبر اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ مُعَلَّلہ ہوا۔ واؤ عاطفہ لَا يُفْلِحُ فعل السّٰحِرُ فاعل حَيْثُ مضاف اَتٰى فعل ھُوَ مستتر فاعل، دونوں مل کر مضاف الیہ، پھر مرکب اضافی مفعول فیہ ہے، فعل با فاعل و مفعول فیہ جملہ فعلیہ خبریہ اِنَّمَا پر معطوف ہے۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

فَأُلْقِيَ السَّحَرَةُ سُجَّدًا قَالُوا آمَنَّا بِرَبِّ هٰرُونَ وَمُوسٰى ۝

آیت نمبر ۷۰: فَاء عاطفہ اُلْقِيَ فعل مجہول السَّحَرَةُ ذوالحال سُجَّدًا اسم فاعل هُمْ مستتر فاعل سے مل کر حال، ذوالحال باحال نائب فاعل، فعل مجہول بانائب فاعل جملہ فعلیہ خبریہ معطوفہ ہوا۔ قَالُوْا فعل باواؤ ضمیر فاعل جملہ فعلیہ خبریہ قول، اٰمَنَّا فعل نَا ضمیر فاعل بَاء حرف جار رَبِّ مضاف هٰرُوْنَ وَ مُوْسٰى معطوف علیہ باالمعطوف مضاف الیہ، پھر مرکب اضافی مجرور، جار باالمجرور اٰمَنَّا کے متعلق ہوئے، فعل بافاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ مقولہ، قول بامقولہ جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا یا اَلسَّحَرَةُ کا حال ثانیہ ہوا۔

قَالَ اٰمَنْتُمْ لَهٗ قَبْلَ اَنْ اٰذَنَ لَكُمْ ؕ اِنَّهٗ لَكَبِيْرُكُمُ الَّذِيْ عَلَّمَكُمُ السِّحْرَ ۚ فَلَاُقَطِّعَنَّ اَيْدِيَكُمْ وَاَرْجُلَكُمْ مِّنْ خِلَافٍ وَّلَاُصَلِّبَنَّكُمْ فِيْ جُذُوْعِ النَّخْلِ ۫ وَلَتَعْلَمُنَّ اَيُّنَاۤ اَشَدُّ عَذَابًا وَّاَبْقٰى ۝

آیت نمبر ۷۱: قَالَ فعل هُوَ مستتر فاعل سے مل کر قول، اٰمَنْتُمْ فعل تُمْ ضمیر فاعل لَهٗ جار باالمجرور ظرف لغو متعلق ہوئے قَبْلَ مضاف اَنْ حرف مصدری و نصب اٰذَنَ فعل اَنَا مستتر فاعل لَكُمْ جار باالمجرور ظرف لغو متعلق ہوئے، فعل بافاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ بتاویل مصدر مضاف الیہ، پھر مرکب اضافی مفعول فیہ، فعل بافاعل و متعلق و مفعول فیہ جملہ فعلیہ انشائیہ ہو کر مقول، دونوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ اِنَّ حرف تحقیق هٗ ضمیر اس کا اسم لام مزحلقہ كَبِيْرُكُمْ مرکب اضافی موصوف اَلَّذِيْ اسم موصول عَلَّمَ فعل هُوَ مستتر فاعل كُمْ ضمیر مفعول بہ اول اَلسِّحْرَ مفعول بہ ثانی، فعل بافاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول باصلہ صفت، موصوف باصفت خبر اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ مُطْلِقہ ہوا۔

فَاء استینافیہ لَاُ لام موطئہ لقسم اور قسم محذوف ہے اُقَطِّعَنَّ فعل اَنَا مستتر فاعل اَيْدِيَكُمْ وَاَرْجُلَكُمْ معطوف علیہ باالمعطوف ذوالحال مِنْ خِلَافٍ ظرف مستقر كَائِنًا کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال باحال مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ جواب قسم، پھر قسم باجواب جملہ انشائیہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لَاُ لام موطئہ لقسم اور قسم محذوف ہے اُصَلِّبَنَّ فعل اَنَا مستتر فاعل كُمْ ضمیر مفعول بہ فِيْ حرف جار جُذُوْعِ النَّخْلِ مرکب اضافی مجرور، جار باالمجرور ظرف لغو متعلق ہوئے، فعل بافاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر جواب قسم، قسم باجواب جملہ انشائیہ قسمیہ ہو کر معطوف اول، واؤ عاطفہ لَاُ لام موطئہ للقسم اور قسم محذوف ہے تَعْلَمُنَّ فعل واؤ محذوف لالتقاء الساکنین فاعل اَيُّنَا اسم موصول اَشَدُّ اسم تفضیل هُوَ مستتر فاعل عَذَابًا تمیز، تینوں مل کر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اَبْقٰى فعل هُوَ مستتر فاعل دونوں مل کر معطوف، معطوف علیہ باالمعطوف مبتدا محذوف هُوَ کی خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر صلہ، موصول باصلہ محلاً منصوب مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر جواب قسم، قسم باجواب قسم جملہ انشائیہ قسمیہ ہو کر معطوف ثانی، معطوف علیہ باالمعطوفین جملہ مستانفہ ہوا۔

قَالُوْا لَنْ نُّؤْثِرَكَ عَلٰى مَا جَآءَنَا مِنَ الْبَيِّنٰتِ وَالَّذِيْ فَطَرَنَا فَاقْضِ مَاۤ اَنْتَ قَاضٍ ؕ اِنَّمَا تَقْضِيْ هٰذِهِ الْحَيٰوةَ الدُّنْيَا ۝

آیت نمبر ۷۲: قَالُوْا فعل باواؤ ضمیر فاعل جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر قول، لَنْ نُّؤْثِرَ فعل نَحْنُ مستتر فاعل كَ ضمیر مفعول بہ عَلٰى

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

حرف جار مَا اسم موصول جَآءَ فعل هُوَ مستتر ذوالحال مِنَ الْبَيِّنٰتِ جار ہا مجرور ظرف مستقر جَآءَنَا کے متعلق ہو کر حال ذوالحال باحال فاعل نَا ضمیر مفعول بہ تینوں مل کر صلہ، موصول باصلہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اَلَّذِیْ اسم موصول فَطَرَ فعل هُوَ مستتر فاعل نَا ضمیر مفعول بہ تینوں مل کر صلہ، موصول باصلہ معطوف، معطوف علیہ باعطف عَلٰی کا مجرور، جار ہا مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے، فعل بافاعل و متعلق و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ مقولہ، قول باقول جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

فَاقْضِ ضمیر اور اس کی شرط محذوف ہے اِنْ اَرَدْتَّ جِئْنَا اِقْضِ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل مَا اسم موصول اَنْتَ ضمیر مبتدا قَاضٍ اسم فاعل اَنْتَ مستتر فاعل، دونوں مل کر خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ صلہ، موصول باصلہ اِقْضِ کا مفعول بہ، فعل امر بافاعل و مفعول بہ جملہ انشائیہ امریہ ہو کر شرط محذوف کی جزا ہے، شرط باجزا جملہ شرطیہ ہوا اِنْ حرف تحقیق کفر، مَا کافہ تَقْضِیْ فعل اَنْتَ مستتر فاعل هٰذِهِ اسم اشارہ موصوف الْحَيٰوةَ صفت، موصوف باصفت پھر موصوف الدُّنْيَا صفت، موصوف باصفت منصوب بنزع الخافض مجرور، جار ہا مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے، فعل بافاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ صلہ ہوا۔

اِنَّآ اٰمَنَّا بِرَبِّنَا لِيَغْفِرَ لَنَا خَطٰيٰنَا وَمَآ اَكْرَهْتَنَا عَلَيْهِ مِنَ السِّحْرِ ۭ وَاللّٰهُ خَيْرٌ وَّاَبْقٰى ۝

لغت نصیر ۷۳: اِنَّ حرف تحقیق نَا ضمیر اس کا اسم اٰمَنَّا فعل نَا ضمیر فاعل بِ حرف جار رَبِّنَا مرکب اضافی مجرور، جار ہا مجرور ظرف لغو متعلق اول ہوئے لَامِ حرف جار برائے تعلیل اور اس کے بعد اَنْ مقدر ہے يَغْفِرَ فعل هُوَ مستتر فاعل لَنَا جار ہا مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے خَطٰيٰنَا مرکب اضافی معطوف علیہ واؤ عاطفہ مَا اسم موصول اَكْرَهْتَ فعل تَاء مفتوحہ ضمیر فاعل نَا ضمیر مفعول بہ عَلَيْ حرف جار ہٖ ضمیر ذوالحال مِنَ السِّحْرِ جار ہا مجرور ظرف مستقر اَكْرَهْتَنَا کے متعلق ہو کر حال ذوالحال باحال مجرور، جار ہا مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے، فعل بافاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول باصلہ معطوف، معطوف علیہ باعطف يَغْفِرَ کا مفعول بہ، فعل بافاعل و متعلق و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ بتاویل مصدر مجرور، جار ہا مجرور ظرف لغو اٰمَنَّا کے دوسرے متعلق ہوئے، فعل بافاعل و متعلقین جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر اِنَّ کی خبر، اِنَّ باسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ مقولہ ہوا واؤ عاطفہ اَللّٰهُ مبتدا خَيْرٌ اسم تفضیل هُوَ مستتر فاعل سے مل کر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اَبْقٰى اسم تفضیل هُوَ مستتر فاعل سے مل کر معطوف، معطوف علیہ باعطف خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ فَنَ تُؤْثِرَكَ پر معطوف ہے۔

اِنَّهٗ مَنْ يَّاْتِ رَبَّهٗ مُجْرِمًا فَاِنَّ لَهٗ جَهَنَّمَ ۭ لَا يَمُوْتُ فِيْهَا وَلَا يَحْيٰى ۝

لغت نصیر ۷۴: اِنَّ حرف تحقیق هٗ ضمیر اس کا اسم مَنْ اسم شرط مبتدا يَاْتِ فعل هُوَ مستتر ذوالحال مُجْرِمًا اسم فاعل هُوَ مستتر فاعل سے مل کر حال ذوالحال باحال يَاْتِ کا فاعل رَبَّ مرکب اضافی مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر شرط، فاء جزائیہ اِنَّ حرف تحقیق لَهٗ جار ہا مجرور ظرف مستقر كَائِنَةٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم جَهَنَّمَ موصوف لَا يَمُوْتُ فعل هُوَ مستتر فاعل فِيْهَا جار ہا مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے، فعل بافاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لَا يَحْيٰى فعل هُوَ مستتر فاعل، دونوں مل کر معطوف، معطوف علیہ باعطف جَهَنَّمَ کی صفت، موصوف باصفت اسم مؤخر اِنَّ باسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا، شرط باجزا جملہ شرطیہ ہو کر مَنْ کی خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ اِنَّ کی خبر اِنَّ باسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

وَمَنْ يَّاْتِهٖ مُؤْمِنًا قَدْ عَمِلَ الصّٰلِحٰتِ فَاُولٰٓئِكَ لَهُمُ الدَّرَجٰتُ الْعُلٰى ۝ جَنّٰتُ عَدْنٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا ۭ وَذٰلِكَ جَزٰۗؤُا مَنْ تَزَكّٰى ۝

آیت نمبر ۷۵، ۷۶: واؤ عاطفہ مَنْ اسم شرط مبتدا یَاْتِ فعل ہُوَ مستتر واؤ الحال مُؤْمِنًا اسم فاعل ہُوَ مستتر فاعل سے مل کر حال ہو ذوالحال باحال فاعل ہٖ ضمیر مفعول بہ قَدْ علامت فعل عَمِلَ فعل ہُوَ مستتر فاعل الصّٰلِحٰتِ بواسطہ موصوف محذوف الْاَعْمَالَ کے مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر یَاْتِ کی ضمیر فاعل سے دوسرا حال ہے، یَاْتِ فعل اپنے فاعل و مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر شرط، اُولٰٓئِكَ اسم اشارہ مبتدا لَهُمُ جار ہا مجرور کَائِنَاتٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم الدَّرَجٰتُ الْعُلٰى مرکب توصیفی مبدل منہ، جَنّٰتُ عَدْنٍ مرکب اضافی موصوف تَجْرِيْ فعل مِنْ حرف جار تَحْتِهَا مرکب اضافی مجرور، جار ہا مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے الْاَنْهٰرُ فاعل، فعل بافاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ صفت، موصوف باصفت بدل، مبدل منہ باابدل مبتدا موخر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ اُولٰٓئِكَ کی خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہو کر مَنْ کی خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر عطف کے واسطہ سے اِنَّهٗ کی خبر ہے۔ خٰلِدِيْنَ اسم فاعل هُمْ مستتر فاعل فِيْهَا جار ہا مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے، اسم فاعل بافاعل و متعلق شبہ جملہ ہو کر لَهُمْ کی هُمْ ضمیر سے حال ہے۔ واؤ استینافیہ ذٰلِكَ اسم اشارہ مبتدا جَزٰۗؤُا مضاف مَنْ موصول تَزَكّٰى فعل هُوَ مستتر فاعل، فعل بافاعل جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول باصلہ مضاف الیہ، پھر مرکب اضافی خبر ہے، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

❁ رکوع نمبر ۴ ❁

وَلَقَدْ اَوْحَيْنَآ اِلٰى مُوْسٰٓى ۙ اَنْ اَسْرِ بِعِبَادِيْ فَاضْرِبْ لَهُمْ طَرِيْقًا فِي الْبَحْرِ يَبَسًا ۙ لَّا تَخٰفُ دَرَكًا وَّلَا تَخْشٰى ۝

آیت نمبر ۷۷: واؤ استینا فیہ لام موطئہ للقسم قَدْ علامت فعل، اَوْحَيْنَا فعل نَا ضمیر فاعل اِلٰى مُوْسٰٓى جار ہا مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے، تینوں مل کر جواب قسم، قسم باجواب جملہ انشائیہ قسمیہ ہوا۔ اَنْ حرف تفسیر اَسْرِ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل بِاء حرف جار عِبَادِيْ مرکب اضافی مجرور، جار ہا مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے، فعل بافاعل و متعلق جملہ انشائیہ معطوف علیہ، فَاء عاطفہ اِضْرِبْ فعل امر اَنْتَ مستتر ذوالحال لَا تَخَافُ فعل اَنْتَ مستتر فاعل دَرَكًا مفعول بہ، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لَا تَخْشٰى فعل اَنْتَ مستتر ذوالحال، فعل بافاعل جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف حال، ذوالحال باحال اِضْرِبْ کا فاعل لَهُمْ جار ہا مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے طَرِيْقًا موصوف فِي الْبَحْرِ جار ہا مجرور ظرف مستقر کَائِنًا کے متعلق ہو کر صفت اولیٰ، يَبَسًا صفت ثانیہ، موصوف باصفتین مفعول بہ، فعل بافاعل و متعلق و مفعول بہ جملہ انشائیہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف اَوْحَيْنَا کیلئے جملہ مفسرہ ہے۔

فَاَتْبَعَهُمْ فِرْعَوْنُ بِجُنُوْدِهٖ فَغَشِيَهُمْ مِّنَ الْيَمِّ مَا غَشِيَهُمْ ۝

آیت نمبر ۷۸: فَاء عاطفہ اَتْبَعَ فعل هُمْ ضمیر منصوب مفعول بہ فِرْعَوْنُ فاعل بِاء حرف جر جُنُوْدِهٖ مرکب اضافی مجرور، جار ہا مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے، فعل بافاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، فَاء عاطفہ غَشِيَ فعل هُمْ ضمیر منصوب

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

خبریہ ہوا۔

وَاِنِّیْ لَغَفَّارٌ لِّمَنْ تَابَ وَاٰمَنَ وَعَمِلَ صَالِحًا ثُمَّ اهْتَدٰی ﴿۸۲﴾

آیت نمبر ۸۲: واؤ استینا فیہ اِنَّ حرف تحقیق یاء ضمیر اس کا اسم لام مزحلقہ غَفَّارٌ صیغہ مبالغہ اَنَا ضمیر اس کا فاعل لام جارہ مَنْ موصولہ تَابَ فعل ھُوَ ضمیر فاعل، فعل بافاعل جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ ہوا واؤ عاطفہ اٰمَنَ فعل ھُوَ ضمیر فاعل، فعل بافاعل جملہ فعلیہ خبریہ معطوف اوّل ہوا واؤ عاطفہ عَمِلَ فعل ھُوَ ضمیر فاعل صَالِحًا مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف ثانی ثُمَّ حرف عطف اھْتَدٰی فعل ھُوَ ضمیر فاعل، فعل بافاعل جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر معطوف ثالث، معطوف علیہ بامعطوفات ثلاثہ صلہ، موصول باصلہ مجرور، جار بامجرور متعلق ہوئے، صیغہ مبالغہ بافاعل ومتعلق شبہ جملہ ہو کر اِنَّ کی خبر اِنَّ باسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

وَمَآ اَعْجَلَكَ عَنْ قَوْمِكَ یٰمُوْسٰی ﴿۸۳﴾

آیت نمبر ۸۳: واؤ استینا فیہ مَا استفہامیہ مبتدا اَعْجَلَ فعل ھُوَ ضمیر فاعل کاف ضمیر مفعول بہ عَنْ حرف جار قَوْمِكَ مرکب اضافی مجرور، جار بامجرور متعلق ہوئے، فعل بافاعل ومفعول بہ ومتعلق جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ انشائیہ تحقیریہ ہو کر جواب ندا مقدم یٰمُوْسٰی ندا ومؤخر، ندا باجواب جملہ انشائیہ مستانفہ ہوا۔

قَالَ هُمْ اُولَآءِ عَلٰٓی اَثَرِیْ وَعَجِلْتُ اِلَیْكَ رَبِّ لِتَرْضٰی ﴿۸۴﴾

آیت نمبر ۸۴: قَالَ فعل ھُوَ ضمیر فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر قول، ھُمْ ضمیر مبتدا اُولَآءِ پہلی خبر عَلٰی حرف جار اَثَرِیْ مرکب اضافی مجرور، جار بامجرور ظرف مستقر کَائِنُوْنَ کے متعلق ہو کر دوسری خبر، مبتدا باخبرین جملہ اسمیہ خبریہ معطوف علیہ ہوا واؤ عاطفہ عَجِلْتُ فعل تاء مضمومہ ضمیر فاعل اِلَیْكَ جار بامجرور متعلق اوّل ہوئے، لام جارہ تعلیلیہ اور اس کے بعد اَنْ مقدّر ہے تَرْضٰی فعل اَنْتَ مستتر فاعل، فعل بافاعل جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر تاویل مصدر مجرور، جار بامجرور عَجِلْتُ کے متعلق ثانی، فعل بافاعل ومتعلقین جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر معطوف، معطوف علیہ بامعطوف مقولہ، قول بامقولہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ رَبِّ یہ اصل میں یَارَبِّیْ ہے یَا حرف ندا قائم مقام اَدْعُوْ کے، اَدْعُوْ فعل اَنَا ضمیر فاعل، فعل بافاعل جملہ انشائیہ ہو کر ندا، رَبِّیْ مرکب اضافی مفعول بہ، تینوں مل کر جملہ معترضہ ہوا۔

قَالَ فَاِنَّا قَدْ فَتَنَّا قَوْمَكَ مِنْۢ بَعْدِكَ وَاَضَلَّهُمُ السَّامِرِیُّ ﴿۸۵﴾

آیت نمبر ۸۵: قَالَ فعل ھُوَ مستتر فاعل دونوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ قول مقام تعلیل اِنَّ حرف تحقیق نَا ضمیر اس کا اسم قَدْ علامت فعل، فَتَنَّا فعل نَا ضمیر فاعل قَوْمَكَ مرکب اضافی مفعول بہ مِنْ حرف جار بَعْدِكَ مرکب اضافی مجرور، جار بامجرور ظرف لغو متعلق ہوئے، فعل بافاعل ومفعول بہ ومتعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ ہوا واؤ عاطفہ اَضَلَّ فعل ھُمْ ضمیر مفعول بہ السَّامِرِیُّ فاعل، فعل بافاعل ومفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف اِنَّ کی خبر، اِنَّ باسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ جملہ محذوفہ کی تعلیل ہے، اور جملہ محذوفہ لَا تَنْتَظِرْ قَوْمَكَ یَامُوْسٰی ہے، پھر معلّل اپنی تعلیل سے مل کر مقول، قول بامقول جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

فَرَجَعَ مُوْسٰٓی اِلٰی قَوْمِهٖ غَضْبَانَ اَسِفًا ۚ قَالَ یٰقَوْمِ اَلَمْ یَعِدْكُمْ رَبُّكُمْ وَعْدًا

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

اَلَمْ تَرَ اَنَّ اللّٰهَ سَخَّرَ لَكُمْ مَّا فِي الْاَرْضِ وَالْفُلْكَ تَجْرِيْ فِي الْبَحْرِ بِاَمْرِهٖ ۭ وَيُمْسِكُ السَّمَاۗءَ اَنْ تَقَعَ عَلَي الْاَرْضِ اِلَّا بِاِذْنِهٖ ۭ اِنَّ اللّٰهَ بِالنَّاسِ لَرَءُوْفٌ رَّحِيْمٌ ۝۶۵

آیت نمبر ۶۵: اَلَمْ ہمزہ حرف استفہام لَمْ تَرَ فعل آنت ضمیر مستتر فاعل اَنَّ حرف تحقیق لفظ اَللّٰهَ اس کا اسم سَخَّرَ فعل هُوَ مستتر ضمیر فاعل لَكُمْ جار بالجرور ظرف لغو متعلق ہوئے مَا اسم موصول فِي الْاَرْضِ جار بالجرور ظرف مستقر فعل محذوف ثَبَتَ کے متعلق ہو کر صلہ، موصول باصلہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ الْفُلْكَ حال ذوالحال تَجْرِيْ فعل هِيَ ضمیر مستتر راجع الحال بِاَمْرِهٖ ظرف مستقر مُتَلَبِّسَةً کے متعلق ہو کر حال مذ والحال باحال تَجْرِيْ کا فاعل فِي الْبَحْرِ جار بالجرور ظرف لغو تَجْرِيْ کے متعلق ہوئے، فعل بافاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ حال، ذوالحال باحال معطوف، معطوف علیہ باعطوف سَخَّرَ کا مفعول بہ، فعل بافاعل و متعلق و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ اَنَّ کی خبر، اَنَّ باسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر بتاویل مفرد لَمْ تَرَ کے دو مفعول کے قائم مقام، فعل بافاعل و مفعولین جملہ انشائیہ استفہامیہ ہوا۔

واؤ استینا فیہ يُمْسِكُ فعل هُوَ مستتر فاعل السَّمَاۗءَ مفعول بہ اَنْ حرف مصدری و نصب تَقَعَ فعل هِيَ مستتر فاعل عَلَي الْاَرْضِ جار بالجرور ظرف لغو متعلق اوّل ہوئے اِلَّا حرف استثناء بِاِذْنِهٖ مرکب اضافی مجرور، جار بالجرور ظرف لغو مستثنیٰ مفرغ متعلق ثانی ہوئے، فعل بافاعل و متعلقین جملہ فعلیہ خبریہ بتاویل مصدر باسطہ مضاف محذوف خَشْيَةَ کے يُمْسِكُ کا مفعول لہ ہے، فعل بافاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔ اِنَّ حرف تحقیق اَللّٰهَ اسم الجلالہ اس کا اسم بِالنَّاسِ جار بالجرور ظرف لغو رَءُوْفٌ کے متعلق ہوئے لَامِ مزحلقہ رَءُوْفٌ رَّحِيْمٌ دو خبر اِنَّ باسم و خبرین جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ یعللہ ہوا۔

وَهُوَ الَّذِيْٓ اَحْيَاكُمْ ثُمَّ يُمِيْتُكُمْ ثُمَّ يُحْيِيْكُمْ ۭ اِنَّ الْاِنْسَانَ لَكَفُوْرٌ ۝۶۶

آیت نمبر ۶۶: واؤ استینافیہ هُوَ ضمیر مبتدا الَّذِيْ اسم موصول اَحْيَا فعل هُوَ مستتر فاعل كُمْ ضمیر مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر معطوف علیہ، ثُمَّ عاطفہ يُمِيْتُ فعل هُوَ مستتر فاعل كُمْ ضمیر مفعول بہ تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف اوّل، ثُمَّ عاطفہ يُحْيِيْ فعل هُوَ مستتر فاعل كُمْ ضمیر مفعول بہ تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف ثانی، معطوف علیہ باعطوفین صلہ، موصول باصلہ خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔ اِنَّ حرف تحقیق الْاِنْسَانَ اس کا اسم لَامِ مزحلقہ كَفُوْرٌ خبر، اِنَّ باسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

لِكُلِّ أُمَّةٍ جَعَلْنَا مَنْسَكًا هُمْ نَاسِكُوهُ فَلَا يُنَازِعُنَّكَ فِي الْأَمْرِ وَادْعُ إِلَىٰ رَبِّكَ ۖ إِنَّكَ لَعَلَىٰ هُدًى مُسْتَقِيمٍ ﴿٦٧﴾

آیت نمبر ۶۷: لام حرف جر کُلِّ اُمَّةٍ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور ظرف مستقر کَائِنًا کے متعلق ہو کر مفعول بہ اوّل مقدم جَعَلْنَا فعل نا ضمیر فاعل مَنْسَكًا موصوف هُمْ ضمیر مبتدا نَاسِكُوهُ مرکب اضافی خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ صفت، موصوف با صفت مفعول بہ اوّل موخر، فعل با فاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ فَاء فصیحہ اور اس کی شرط محذوف ہے اِنْ نَازَعُوْكَ فِي اَمْرِ الشَّرِيْعَةِ لَا يُنَازِعُنَّ فعل واؤ محذوف لالتقاء الساکنین فاعل کاف ضمیر مفعول بہ فِي الْأَمْرِ جار با مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے، فعل با فاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ انشائیہ نہیہ ہو کر جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔ واؤ عاطفہ اُدْعُ فعل امر اَنْتَ ضمیر مستتر فاعل اِلٰى حرف جر رَبِّكَ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے، فعل با فاعل و متعلق جملہ انشائیہ امریہ لَا يُنَازِعُنَّ پر معطوف ہے اِنَّ حرف تحقیق کاف ضمیر اس کا اسم لام مزحلقہ عَلٰى حرف جار هُدًى مُسْتَقِيْمٍ مرکب توصیفی مجرور، جار با مجرور ظرف مستقر کَائِنٌ کے متعلق ہو کر اِنَّ کی خبر مِنَّ پر لام و خبر جملہ اسمیہ خبریہ مُطْلَقہ ہوا

وَإِنْ جَادَلُوكَ فَقُلِ اللَّهُ أَعْلَمُ بِمَا تَعْمَلُونَ ﴿٦٨﴾

آیت نمبر ۶۸: واؤ عاطفہ اِنْ حرف شرط جٰدَلُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل کاف ضمیر مفعول بہ، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر شرط، فَاء جزائیہ قُلْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل دونوں مل کر جملہ انشائیہ ہو کر قول اَللّٰهُ مبتدا اَعْلَمُ اسم تفضیل هُوَ مستتر فاعل بِاء حرف جر مَا اسم موصول تَعْمَلُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل، دونوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول با صلہ مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے با اسم تفضیل با فاعل و متعلق شبہ جملہ ہو کر خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ مقولہ، قول با مقولہ جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہو کر شرط محذوف اِنْ نَازَعُوْكَ الخ کی جزا ہے

اللَّهُ يَحْكُمُ بَيْنَكُمْ يَوْمَ الْقِيَامَةِ فِيمَا كُنْتُمْ فِيهِ تَخْتَلِفُونَ ﴿٦٩﴾

آیت نمبر ۶۹: اَللّٰهُ مبتدا يَحْكُمُ فعل هُوَ ضمیر مستتر فاعل بَيْنَكُمْ مرکب اضافی مفعول فیہ اوّل يَوْمَ الْقِيٰمَةِ مرکب اضافی مفعول فیہ ثانی، فِي حرف جر مَا اسم موصول كُنْتُمْ فعل ناقص تُمْ ضمیر اس کا اسم فِيْهِ جار با مجرور ظرف لغو متعلق مقدم ہوئے تَخْتَلِفُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل، فعل با فاعل و متعلق مقدم سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر خبر، فعل ناقص با اسم و خبر جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول با صلہ مجرور، جار با مجرور ظرف لغو يَحْكُمُ کے متعلق ہوئے، فعل با فاعل و مفعولین و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا

أَلَمْ تَعْلَمْ أَنَّ اللَّهَ يَعْلَمُ مَا فِي السَّمَاءِ وَالْأَرْضِ ۗ إِنَّ ذَٰلِكَ فِي كِتَابٍ ۗ إِنَّ ذَٰلِكَ عَلَى اللَّهِ يَسِيرٌ ﴿٧٠﴾

آیت نمبر ۷۰: هَمزہ حرف استفہام لَمْ تَعْلَمْ فعل اَنْتَ ضمیر مستتر فاعل اَنَّ حرف تحقیق اَللّٰهَ اسم الجلالہ اس کا اسم يَعْلَمُ فعل هُوَ مستتر فاعل مَا اسم موصول فِي حرف جر السَّمَآءِ وَالْاَرْضِ معطوف علیہ با معطوف مجرور، جار با مجرور ظرف مستقر فعل محذوف ثَبَتَ کے

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

متعلق ہو کر صلہ، موصول باصلہ یَعْلَمُ کا مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ اَنَّ کی خبر ہاَنَّ باسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر بتاویل مصدر لَمْ تَعْلَمْ کے دو مفعول کے قائم مقام، فعل بافاعل و مفعولین جملہ انشائیہ استفہامیہ ہوا۔ اِنَّ حرف تحقیق ذٰلِكَ اس کا اسم فِيْ كِتٰبٍ جار باجرور ظرف مستقر كَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر ہاِنَّ باسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ معللہ ہوا۔ اِنَّ حرف تحقیق ذٰلِكَ اسم اشارہ اس کا اسم عَلَى اللّٰهِ جار باجرور ظرف لغو متعلق مقدم ہوئے يَسِيْرٌ صیغہ صفت ھُوَ مستتر فاعل، صیغہ صفت بافاعل و متعلق مقدم شبہ جملہ ہو کر اِنَّ کی خبر ہاِنَّ باسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

وَ يَعْبُدُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ مَا لَمْ يُنَزِّلْ بِهٖ سُلْطٰنًا وَّ مَا لَيْسَ لَهُمْ بِهٖ عِلْمٌ ؕ وَ مَا لِلظّٰلِمِيْنَ مِنْ نَّصِيْرٍ ﴿۷۱﴾

آیت نمبر ۷۱: واؤ استینافیہ يَعْبُدُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل مِنْ حرف جر دُوْنِ اللّٰهِ مرکب اضافی مجرور، جار باجرور ظرف مستقر كَائِنًا کے متعلق ہو کر حال مقدم مَا اسم موصول لَمْ يُنَزِّلْ فعل ھُوَ مستتر فاعل بِهٖ جار باجرور ظرف لغو متعلق ہوئے سُلْطٰنًا مفعول بہ، فعل بافاعل و متعلق و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول باصلہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ مَا موصولہ لَيْسَ فعل ناقص لَهُمْ جار باجرور ظرف مستقر كَائِنًا کے متعلق ہو کر خبر مقدم بِهٖ جار باجرور ظرف مستقر كَائِنًا کے متعلق ہو کر حال مقدم عِلْمٌ ذوالحال مؤخر ذوالحال باحال اسم مؤخر، فعل ناقص باسم و خبر جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول باصلہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف ذوالحال مؤخر ذوالحال باحال مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔ واؤ استینافیہ مَا نافیہ لِلظّٰلِمِيْنَ جار باجرور ظرف مستقر كَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم مِنْ حرف جر زائد نَّصِيْرٍ لفظاً مجرور محلاً مرفوع مبتدا مؤخر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

وَ اِذَا تُتْلٰى عَلَيْهِمْ اٰيٰتُنَا بَيِّنٰتٍ تَعْرِفُ فِيْ وُجُوْهِ الَّذِيْنَ كَفَرُوا الْمُنْكَرَ ؕ يَكَادُوْنَ يَسْطُوْنَ بِالَّذِيْنَ يَتْلُوْنَ عَلَيْهِمْ اٰيٰتِنَا ؕ قُلْ اَفَاُنَبِّئُكُمْ بِشَرٍّ مِّنْ ذٰلِكُمْ ؕ اَلنَّارُ ؕ وَعَدَهَا اللّٰهُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا ؕ وَ بِئْسَ الْمَصِيْرُ ﴿۷۲﴾

آیت نمبر ۷۲: واؤ عاطفہ اِذَا شرطیہ مفعول فیہ مقدم تُتْلٰى فعل مجہول عَلَيْهِمْ جار باجرور ظرف لغو متعلق ہوئے اٰيٰتُنَا مرکب اضافی ذوالحال بَيِّنٰتٍ حال مؤخر ذوالحال باحال نائب فاعل، فعل مجہول بانائب فاعل و متعلق و مفعول فیہ مقدم سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر شرط، تَعْرِفُ فعل اَنْتَ مستتر فاعل فِيْ حرف جر وُجُوْهِ مضاف الَّذِيْنَ اسم موصول كَفَرُوا فعل واؤ ضمیر فاعل، دونوں مل کر صلہ، موصول باصلہ مجرور، جار باجرور ظرف لغو تَعْرِفُ کے متعلق ہوئے الْمُنْكَرَ مفعول بہ، فعل بافاعل و متعلق و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

يَكَادُوْنَ فعل مقارب واؤ ضمیر اس کا اسم يَسْطُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل بَاء حرف جر الَّذِيْنَ اسم موصول يَتْلُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل عَلَيْهِمْ جار باجرور ظرف لغو متعلق ہوئے اٰيٰتِنَا مرکب اضافی مفعول بہ، فعل بافاعل و متعلق و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول باصلہ مجرور، جار باجرور ظرف لغو يَسْطُوْنَ کے متعلق ہوئے، فعل بافاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر خبر، فعل مقارب باسم و خبر جملہ فعلیہ انشائیہ

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

ہو کر اَلَّذِیْنَ کَفَرُوْا سے حال ہے۔ قُلْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل سے مل کر جملہ انشائیہ امریہ ہو کر قول، ھمزہ حرف استفہام فاء عاطفہ اور معطوف علیہ محذوف ہے اُخَاطِبُکُمْ اَنْبِئُکُمْ فعل اَنَا مستتر فاعل کُمْ ضمیر مفعول بہ، باء حرف جر شَرٍّ اسم تفضیل ھُوَ مستتر فاعل مِنْ ذٰلِکُمْ جار باجرور اسم تفضیل کے متعلق ہوئے، اسم تفضیل بفاعل و متعلق بواسطہ موصوف محذوف شَیْءٍ کے مجرور، جار باجرور ظرف لغو متعلق ہوئے، فعل بفاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ انشائیہ ہو کر معطوف، معطوف علیہ یا معطوف مقول، قول یا مقولہ جملہ انشائیہ امریہ ہوا اَلنَّارُ مبتدا، وَعَدَ فعل ھَا ضمیر منصوب مفعول بہ اوّل لفظ اَللّٰہُ فاعل اَلَّذِیْنَ کَفَرُوْا موصول باصلہ مفعول بہ ثانی، فعل بافاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ واؤ استینا فیہ بِئْسَ فعل وَمُ الْمَصِیْرُ اس کا فاعل، فعل بافاعل جملہ فعلیہ انشائیہ ہو کر خبر مقدم، مخصوص بالذم مبتدا محذوف ہے ھِیَ اور ھِیَ کا مرجع اَلنَّارُ ہے، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ انشائیہ مستانفہ ہوا۔

رکوع نمبر ۱۰

یٰۤاَیُّهَا النَّاسُ ضُرِبَ مَثَلٌ فَاسْتَمِعُوْا لَهٗ ؕ اِنَّ الَّذِیْنَ تَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ لَنْ یَّخْلُقُوْا ذُبَابًا وَّ لَوِ اجْتَمَعُوْا لَهٗ ؕ وَ اِنْ یَّسْلُبْهُمُ الذُّبَابُ شَیْـًٔا لَّا یَسْتَنْقِذُوْهُ مِنْهُ ؕ ضَعُفَ الطَّالِبُ وَ الْمَطْلُوْبُ ۝

آیت نمبر ۷۳: یٰۤاَیُّهَا حرف ندا اَدْعُوْ کے قائم مقام، اَدْعُوْ فعل اَنَا ضمیر مستتر فاعل اَیُّ موصوف ھَا برائے تنبیہ اَلنَّاسُ صفت، دونوں مل کر محلاً منصوب مفعول بہ، تینوں مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ ہو کر ندا، ضُرِبَ فعل مجہول مَثَلٌ نائب فاعل مل کر ندا کا جواب، ندا با جواب جملہ انشائیہ ندائیہ ہوا۔ فَاء فصیحہ اور اس کی شرط محذوف ہے اِنْ اَرَدْتُمُ الْعِبْرَۃَ، اِسْتَمِعُوْا فعل بامر واؤ ضمیر فاعل لَهٗ جار باجرور ظرف لغو متعلق ہوئے، تینوں مل کر جملہ انشائیہ ہو کر جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔ اِنَّ حرف تحقیق اَلَّذِیْنَ اسم موصول تَدْعُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل ھُمْ ضمیر منصوب محذوف وَالْحَالُ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ جار باجرور ظرف مستقر یَدْعُوْنَ کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال باحال مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر صلہ، موصول باصلہ اِنَّ کا اسم لَنْ یَّخْلُقُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل ذُبَابًا مفعول بہ، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ خبر اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

واؤ حالیہ لَوْ حرف شرط اِجْتَمَعُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل لَهٗ جار باجرور ظرف لغو متعلق ہوئے، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ شرط، اور جزاء محذوف ہے لَنْ یَّخْلُقُوْا ذُبَابًا، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ذُبَابًا سے حال ہے۔ واؤ عاطفہ اِنْ حرف شرط یَسْلُبْ فعل ھُمْ ضمیر منصوب مفعول بہ اوّل اَلذُّبَابُ فاعل شَیْـًٔا مفعول بہ ثانی، فعل بافاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ شرط ہوا۔ لَا یَسْتَنْقِذُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل هُ ضمیر مفعول بہ، مِنْهُ جار باجرور ظرف لغو متعلق ہوئے، فعل بفاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہو کر اِنَّ الَّذِیْنَ ... الخ پر معطوف ہے، ضَعُفَ فعل اَلطَّالِبُ وَالْمَطْلُوْبُ معطوف علیہ یا معطوف اس کا فاعل، فعل بافاعل جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

مَا قَدَرُوا اللّٰهَ حَقَّ قَدْرِهٖ ؕ اِنَّ اللّٰهَ لَقَوِیٌّ عَزِیْزٌ ۝

آیت نمبر ۷۴: مَا نافیہ قَدَرُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل لفظ اَللّٰہَ مفعول بہ حَقَّ قَدْرِهٖ مرکب اضافی مفعول مطلق، فعل بافاعل

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

ومفعولین جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔ اِنَّ حرف تحقیق اَللّٰہَ اسم الجلالہ اس کا اسم لاَ مرفوعۃ قَوِیٌّ عَزِیْزٌ دو خبر اِنَّ با اسم و خبرین جملہ اسمیہ معللہ ہوا۔

اَللّٰهُ يَصْطَفِيْ مِنَ الْمَلٰٓئِكَةِ رُسُلًا وَّمِنَ النَّاسِ ۭ اِنَّ اللّٰهَ سَمِيْعٌۢ بَصِيْرٌ ۝

آیت نمبر ۷۵: اَللّٰہُ مبتدا، یَصْطَفِیْ فعل ھُوَ ضمیر مستتر فاعل رُسُلًا مفعول بہ مِنَ الْمَلٰٓئِکَۃِ جار با مجرور معطوف علیہ، واؤ عاطفہ مِنَ النَّاسِ جار با مجرور معطوف، معطوف علیہ با معطوف ظرف لغو متعلق ہوئے، فعل با فاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر خبر، مبتدا خبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔ اِنَّ حرف تحقیق اَللّٰہَ اسم الجلالہ اس کا اسم سَمِیْعٌۢ بَصِیْرٌ دو خبر اِنَّ با اسم و خبرین جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

يَعْلَمُ مَا بَيْنَ اَيْدِيْهِمْ وَمَا خَلْفَهُمْ ۭ وَاِلَى اللّٰهِ تُرْجَعُ الْاُمُوْرُ ۝

آیت نمبر ۷۶: یَعْلَمُ فعل ھُوَ مستتر فاعل مَا اسم موصول بَیْنَ مضاف اَیْدِیْھِمْ مرکب اضافی مضاف الیہ، پھر مرکب اضافی فعل محذوف ثَبَتَ کا مفعول فیہ ہو کر صلہ، موصول با صلہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ مَا اسم موصول خَلْفَھُمْ مرکب اضافی فعل محذوف ثَبَتَ کا مفعول فیہ ہو کر صلہ، موصول با صلہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف مفعول بہ یَعْلَمُ اپنے فاعل و مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اِلَی اللّٰہِ جار با مجرور ظرف لغو متعلق مقدم ہوئے تُرْجَعُ فعل مجہول الْاُمُوْرُ نائب فاعل، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ مستانفہ یا اِنَّ کی خبر ثالث ہے۔

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا ارْكَعُوْا وَاسْجُدُوْا وَاعْبُدُوْا رَبَّكُمْ وَافْعَلُوا الْخَيْرَ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ ۝

آیت نمبر ۷۷: یٰٓاَیُّھَا حرف ندا اَدْعُوْ کے قائم مقام، اَدْعُوْ فعل اَنَا مستتر فاعل اَیُّ موصوف ھَا برائے تنبیہ، اَلَّذِیْنَ اسم موصول اٰمَنُوْا فعل با واؤ ضمیر فاعل دونوں مل کر صلہ، موصول با صلہ صفت، موصوف بصفت محلاً منصوب مفعول بہ، تینوں مل کر جملہ انشائیہ ہو کر ندا، ارْکَعُوْا فعل امر با واؤ ضمیر فاعل جملہ انشائیہ امریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اسْجُدُوْا فعل امر با واؤ ضمیر فاعل جملہ انشائیہ امریہ معطوف اول، واؤ عاطفہ اعْبُدُوْا فعل امر با واؤ ضمیر فاعل، رَبَّکُمْ مرکب اضافی مفعول بہ، تینوں مل کر جملہ انشائیہ معطوف ثانی، واؤ عاطفہ افْعَلُوا فعل امر با واؤ ضمیر فاعل الْخَیْرَ مفعول بہ، تینوں مل کر جملہ انشائیہ امریہ معطوف ثالث، معطوف علیہ با معطوفات ثلاثہ ندا کا جواب، ندا با جواب جملہ انشائیہ ندائیہ ہوا۔ لَعَلَّ حرف ترجی کُمْ ضمیر منصوب اس کا اسم تُفْلِحُوْنَ فعل با واؤ ضمیر فاعل خبر، لَعَلَّ با اسم و خبر رجاء الْفَلَاحِ کی تاویل میں ہو کر افْعَلُوْا کی ضمیر فاعل سے حال ہے۔

وَجَاهِدُوْا فِي اللّٰهِ حَقَّ جِهَادِهٖ ۭ هُوَ اجْتَبٰىكُمْ وَمَا جَعَلَ عَلَيْكُمْ فِي الدِّيْنِ مِنْ حَرَجٍ ۭ مِلَّةَ اَبِيْكُمْ اِبْرٰهِيْمَ ۭ هُوَ سَمّٰىكُمُ الْمُسْلِمِيْنَ ۙ مِنْ قَبْلُ وَفِيْ هٰذَا لِيَكُوْنَ الرَّسُوْلُ شَهِيْدًا عَلَيْكُمْ وَتَكُوْنُوْا شُهَدَاۗءَ عَلَي النَّاسِ ۚ فَاَقِيْمُوا الصَّلٰوةَ وَاٰتُوا الزَّكٰوةَ وَاعْتَصِمُوْا بِاللّٰهِ ۭ هُوَ مَوْلٰىكُمْ ۚ فَنِعْمَ الْمَوْلٰى وَنِعْمَ النَّصِيْرُ ۝

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

آیت نمبر ۷۸: واؤ عاطفہ جَاهِدُوْا فعل امر واؤ ضمیر فاعل فِي اللّٰهِ جار باجرور ظرف لغو متعلق ہوئے حَقَّ جِهَادِهٖ مرکب اضافی مفعول مطلق، چاروں مل کر جملہ انشائیہ اُمِرُوْا کا معطوف رابع ہے۔ هُوَ ضمیر مبتدا اِجْتَبٰىكُمْ فعل هُوَ مستتر فاعل كُمْ ضمیر مفعول بہ، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ ہوا واؤ عاطفہ مَا حرف نفی جَعَلَ فعل هُوَ ضمیر مستتر فاعل عَلَيْكُمْ جار باجرور ظرف مستقر كَائِنًا کے متعلق ہو کر مفعول بہ ثانی مقدم فِي الدِّيْنِ جار باجرور ظرف لغو متعلق ہوئے مِنْ حرف جر زائد حَرَجٍ لفظاً مجرور محلاً منصوب مفعول بہ اول، فعل بفاعل و مفعولین و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ یا معطوف هُوَ کی خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ مُعْتَرِضَہ ہوا لِمَّةَ مضاف اَبِيْكُمْ مرکب اضافی مبدل منہ اِبْرٰهِيْمَ بدل مبدل منہ یا بدل لِمَّةَ کا مضاف الیہ، مرکب اضافی فعل محذوف اِتَّبِعُوْا کا مفعول بہ ہے، فعل امر بافاعل و مفعول بہ جملہ انشائیہ امریہ ہوا۔

هُوَ ضمیر مبتدا سَمّٰىكُمُ فعل هُوَ ضمیر مستتر فاعل كُمْ ضمیر منصوب مفعول بہ اوّل الْمُسْلِمِيْنَ مفعول بہ ثانی، مِنْ قَبْلُ جار باجرور معطوف علیہ ہوا واؤ عاطفہ فِيْ هٰذَا جار باجرور معطوف، معطوف علیہ یا معطوف ظرف لغو متعلق اوّل ہوئے، لَامِ حرف جر برائے تعلیل اور اس کے بعد اَنْ ناصبہ مصدریہ مقدر ہے يَكُوْنَ فعل ناقص الرَّسُوْلُ اس کا اسم شَهِيْدًا صیغہ صفت هُوَ مستتر فاعل عَلَيْكُمْ جار باجرور متعلق ہوئے، صیغہ صفت بافاعل و متعلق شبہ جملہ ہو کر خبر، فعل ناقص باسم و خبر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ ہوا واؤ عاطفہ تَكُوْنُوْا فعل ناقص (اصل میں تَكُوْنُوْنَ ہے کواؤ ضمیر اس کا اسم) شُهَدَآءَ صیغہ صفت اَنْتُمْ ضمیر مستتر فاعل عَلَى النَّاسِ جار باجرور ظرف لغو متعلق ہوئے، تینوں مل کر خبر، فعل ناقص باسم و خبر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ یا معطوف بتاویل مصدر مجرور، جار باجرور ظرف لغو سَمّٰىكُمُ کے متعلق ثانی ہوئے، فعل بفاعل و مفعولین و متعلقین جملہ فعلیہ خبریہ هُوَ کی خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ مُعْتَرِضَہ ہوا۔

فَاء فصیحہ اور شرط محذوف ہے اِنْ كُنْتُمْ اَهْلًا لِهٰذِهِ النِّسْبَةِ اَقِيْمُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل الصَّلٰوةَ مفعول بہ، تینوں مل کر جملہ انشائیہ امریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اٰتُوا فعل واؤ ضمیر فاعل الزَّكٰوةَ مفعول بہ، تینوں مل کر جملہ انشائیہ امریہ معطوف اوّل ہوا واؤ عاطفہ اعْتَصِمُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل بِاللّٰهِ جار باجرور ظرف لغو متعلق ہوئے، تینوں مل کر جملہ انشائیہ معطوف ثانی، معطوف علیہ یا معطوفین جزاء شرط محذوف با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔ هُوَ ضمیر مبتدا مَوْلٰىكُمْ مرکب اضافی خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ لفظاً لِلّٰهِ سے حال ہے۔ فَاء استینافیہ نِعْمَ فعل مدح الْمَوْلٰى فاعل دونوں مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ ہو کر خبر اور مبتدا محذوف ہے هُوَ اور هُوَ کا مرجع اللّٰهِ ہے، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ انشائیہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ نِعْمَ النَّصِيْرُ کی ترکیب نِعْمَ الْمَوْلٰى کی طرح ہے اور یہ جملہ معطوف ہے، معطوف علیہ یا معطوف جملہ مستانفہ ہوا۔

بِحَمْدِہٖ تَعَالٰی

(سورۃ الحج کی ترکیب الحمد ہوٹل کراچی کی بالائی منزل پر ۲۳، ۱۰، ۲۰۱۷ء بروز پیر صبح ۹:۴۰ پر مکمل ہوئی ہے)

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

ترکیب سُوْرَةُ الْمُؤْمِنُوْن

رکوع نمبر ۱

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○ قَدْ اَفْلَحَ الْمُؤْمِنُوْنَ ۝۱ الَّذِيْنَ هُمْ فِيْ صَلَاتِهِمْ خٰشِعُوْنَ ۝۲ وَالَّذِيْنَ هُمْ عَنِ اللَّغْوِ مُعْرِضُوْنَ ۝۳ وَالَّذِيْنَ هُمْ لِلزَّكٰوةِ فٰعِلُوْنَ ۝۴ وَالَّذِيْنَ هُمْ لِفُرُوْجِهِمْ حٰفِظُوْنَ ۝۵

آیت نمبر ۱، ۲، ۳، ۴، ۵: قَدْ علامت فعل اَفْلَحَ فعل الْمُؤْمِنُوْنَ موصوف اَلَّذِيْنَ اسم موصول هُمْ ضمیر مبتدا فِيْ حرف جر صَلَاتِهِمْ مرکب اضافی مجرور، جار مجرور ظرف لغو متعلق مقدم ہونے خٰشِعُوْنَ اسم فاعل اپنے هُمْ ضمیر فاعل و متعلق مقدم سے مل کر شبہ جملہ ہو کر خبر، مبتدا خبر جملہ اسمیہ خبریہ صلہ، موصول با صلہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اَلَّذِيْنَ هُمْ عَنِ اللَّغْوِ مُعْرِضُوْنَ کی ترکیب اَلَّذِيْنَ هُمْ فِيْ صَلَاتِهِمْ خٰشِعُوْنَ کی مثل ہے اور یہ معطوف اول ہے، واؤ عاطفہ اَلَّذِيْنَ هُمْ لِلزَّكٰوةِ فٰعِلُوْنَ کی ترکیب اَلَّذِيْنَ هُمْ فِيْ صَلَاتِهِمْ خٰشِعُوْنَ کی مثل ہے اور یہ معطوف ثانی ہے، واؤ عاطفہ اَلَّذِيْنَ اسم موصول هُمْ ضمیر مبتدا لام حرف جار فُرُوْجِهِمْ مرکب اضافی مجرور، جار مجرور ظرف لغو متعلق مقدم ہونے، حٰفِظُوْنَ اسم فاعل اپنے هُمْ ضمیر مستتر فاعل و متعلق مقدم سے مل کر شبہ جملہ ہو کر خبر، مبتدا خبر جملہ اسمیہ خبریہ صلہ، موصول با صلہ معطوف ثالث، معطوف علیہ با معطوفات ثلاثہ الْمُؤْمِنُوْنَ کی صفت، موصوف باصفت فاعل، فعل با فاعل جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

اِلَّا عَلٰٓى اَزْوَاجِهِمْ اَوْ مَا مَلَكَتْ اَيْمَانُهُمْ فَاِنَّهُمْ غَيْرُ مَلُوْمِيْنَ ۝۶

آیت نمبر ۶: اِلَّا حرف استثناء عَلٰٓى حرف جار اَزْوَاجِهِمْ مرکب اضافی معطوف علیہ، اَوْ عاطفہ مَا اسم موصول مَلَكَتْ فعل اَيْمَانُهُمْ مرکب اضافی فاعل، دونوں مل کر صلہ، موصول با صلہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف مجرور، جار مجرور مستثنیٰ مفرغ ظرف لغو حٰفِظُوْنَ کے متعلق ہوئے فَاء برائے تعلیل اِنَّ حرف تحقیق هُمْ ضمیر منصوب اس کا اسم غَيْرُ مَلُوْمِيْنَ مرکب اضافی خبر اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ معللہ ہوا۔

فَمَنِ ابْتَغٰى وَرَآءَ ذٰلِكَ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْعٰدُوْنَ ۝۷

آیت نمبر ۷: فَاء عاطفہ مَنِ اسم موصول اِبْتَغٰى فعل هُوَ مستتر فاعل وَرَآءَ ذٰلِكَ مرکب اضافی مفعول فیہ، تینوں مل کر صلہ، موصول با صلہ مبتدا متضمن معنی شرط فَاء جزائیہ اُولٰٓئِكَ اسم اشارہ مبتدا هُمْ ضمیر فصل اَلْعٰدُوْنَ خبر، مبتدا خبر جملہ اسمیہ خبریہ مَنِ کی خبر قائم مقام جزاء، مبتدا خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

وَالَّذِيْنَ هُمْ لِاَمٰنٰتِهِمْ وَعَهْدِهِمْ رٰعُوْنَ ۝۸

آیت نمبر ۸: واؤ عاطفہ اَلَّذِيْنَ اسم موصول هُمْ ضمیر مبتدا لام حرف جر اَمٰنٰتِهِمْ مرکب اضافی معطوف علیہ ہوا واؤ عاطفہ

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

عَهْدِهِمْ مرکب اضافی معطوف، معطوف علیہ یا معطوف مجرور، جار یا مجرور متعلق مقدم ہوئے رَاعُوْنَ اسم فاعل اپنے هُمْ ضمیر مستتر فاعل و متعلق مقدم سے مل کر خبر، مبتدا یا خبر جملہ اسمیہ خبریہ بواسطہ عطف الْمُؤْمِنُوْنَ کی صفت ہے۔

وَالَّذِيْنَ هُمْ عَلٰى صَلَوٰتِهِمْ يُحَافِظُوْنَ ۝

آیت نمبر ۹: واؤ عاطفہ اَلَّذِيْنَ اسم موصول هُمْ ضمیر مبتدا عَلٰى حرف جر صَلَوٰتِهِمْ مرکب اضافی مجرور، جار یا مجرور ظرف لغو متعلق مقدم ہوئے يُحَافِظُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل دونوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ خبر، مبتدا یا خبر جملہ اسمیہ خبریہ صلہ، موصول یا صلہ بواسطہ عطف الْمُؤْمِنُوْنَ کی صفت ہے۔

اُولٰٓئِكَ هُمُ الْوٰرِثُوْنَ ۝ الَّذِيْنَ يَرِثُوْنَ الْفِرْدَوْسَ ؕ هُمْ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ ۝

آیت نمبر ۱۰،۱۱: اُولٰٓئِكَ اسم اشارہ مبتدا هُمْ ضمیر برائے فصل الْوٰرِثُوْنَ موصوف اَلَّذِيْنَ اسم موصول يَرِثُوْنَ فعل واؤ ضمیر ذوالحال هُمْ ضمیر مبتدا فِيْهَا جار یا مجرور ظرف لغو متعلق مقدم ہوئے خٰلِدُوْنَ اسم فاعل اپنے هُمْ ضمیر مستتر فاعل اور متعلق مقدم سے مل کر خبر، مبتدا یا خبر جملہ اسمیہ خبریہ حال ہوا ذوالحال باحال يَرِثُوْنَ کا فاعل الْفِرْدَوْسَ مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول یا صلہ الْوٰرِثُوْنَ کی صفت، موصوف یا صفت خبر، مبتدا یا خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

وَلَقَدْ خَلَقْنَا الْاِنْسَانَ مِنْ سُلٰلَةٍ مِّنْ طِيْنٍ ۝

آیت نمبر ۱۲: واؤ استینافیہ لَامِ موطئہ للقسم اور قسم محذوف ہے قَدْ علامت فعل، خَلَقْنَا فعل نَا ضمیر فاعل الْاِنْسَانَ مفعول بہ، مِنْ حرف جر سُلٰلَةٍ موصوف مِنْ طِيْنٍ جار یا مجرور ظرف مستقر خَلَقْنَا کے متعلق ہو کر صفت، موصوف یا صفت مجرور، جار یا مجرور ظرف لغو خَلَقْنَا کے متعلق ہوئے، فعل با فاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ قسم کا جواب، قسم با جواب قسم جملہ قسمیہ مستانفہ ہوا۔

ثُمَّ جَعَلْنٰهُ نُطْفَةً فِيْ قَرَارٍ مَّكِيْنٍ ۝

آیت نمبر ۱۳: ثُمَّ عاطفہ جَعَلْنَا فعل نَا ضمیر فاعل هُ ضمیر منصوب مفعول بہ اول نُطْفَةً مفعول بہ ثانی فِيْ حرف جر قَرَارٍ مَّكِيْنٍ مرکب توصیفی مجرور، جار یا مجرور ظرف لغو جَعَلْنَا کے متعلق ہوئے، فعل با فاعل و مفعولین و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ خَلَقْنَا پر معطوف ہے۔

ثُمَّ خَلَقْنَا النُّطْفَةَ عَلَقَةً فَخَلَقْنَا الْعَلَقَةَ مُضْغَةً فَخَلَقْنَا الْمُضْغَةَ عِظٰمًا فَكَسَوْنَا الْعِظٰمَ لَحْمًا ثُمَّ اَنْشَاْنٰهُ خَلْقًا اٰخَرَ ؕ فَتَبٰرَكَ اللّٰهُ اَحْسَنُ الْخٰلِقِيْنَ ۝

آیت نمبر ۱۴: ثُمَّ عاطفہ خَلَقْنَا یعنی صَيَّرْنَا فعل نَا ضمیر فاعل النُّطْفَةَ مفعول بہ اول، عَلَقَةً مفعول بہ ثانی، فعل با فاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، فَاء عاطفہ خَلَقْنَا فعل نَا ضمیر فاعل الْعَلَقَةَ مفعول بہ اول مُضْغَةً مفعول بہ ثانی، فعل با فاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ معطوف اول، فَاء عاطفہ خَلَقْنَا فعل نَا ضمیر فاعل الْمُضْغَةَ مفعول بہ اول عِظٰمًا مفعول بہ ثانی، فعل با فاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ معطوف ثانی، معطوف علیہ با معطوفین جَعَلْنٰهُ پر معطوف ہے۔ فَاء عاطفہ كَسَوْنَا فعل نَا ضمیر فاعل الْعِظٰمَ مفعول بہ اول لَحْمًا مفعول بہ ثانی، فعل با فاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، ثُمَّ عاطفہ اَنْشَاْنَا فعل نَا ضمیر فاعل هُ ضمیر منصوب ذوالحال خَلْقًا موصوف اٰخَرَ اسم

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

تفضیل ھو مستتر فاعل سے مل کر صفت، موصوف باصفت حال ذوالحال باحال اَنْشَاْنَا کا مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف خَلَقْنَا الْمُضْغَةَ پر معطوف ہے۔ فَاَحْسِنْ تَبٰرَكَ فعل اَللّٰهُ اسم الجلال مبدل منہ اَحْسَنُ الْخٰلِقِيْنَ مرکب اضافی بدل، مبدل منہ بابدل فاعل، فعل بافاعل جملہ انشائیہ دعائیہ مستانفہ ہوا۔

ثُمَّ اِنَّكُمْ بَعْدَ ذٰلِكَ لَمَيِّتُوْنَ ۝ ثُمَّ اِنَّكُمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ تُبْعَثُوْنَ ۝

آیت نمبر ۱۵،۱۶: ثُمَّ عاطفہ اِنَّ حرف تحقیق كُمْ ضمیر اس کا اسم بَعْدَ ذٰلِكَ مرکب اضافی مفعول فیہ مقدم لَامِ مذحلقہ مَيِّتُوْنَ صیغہ صفت اَنْتُمْ ضمیر مستتر فاعل، صیغہ صفت بافاعل ومفعول فیہ مقدم شبہ جملہ ہو کر خبر اِنَّ بااسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف علیہ ثُمَّ عاطفہ اِنَّ حرف تحقیق كُمْ ضمیر اس کا اسم يَوْمَ الْقِيٰمَةِ مرکب اضافی مفعول فیہ مقدم تُبْعَثُوْنَ فعل مجہول واؤ ضمیر نائب فاعل ومفعول فیہ مقدم سے مل کر خبر اِنَّ بااسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف اَنْشَاْنٰهُ پر معطوف ہے۔

وَلَقَدْ خَلَقْنَا فَوْقَكُمْ سَبْعَ طَرَآئِقَ ۖ وَمَا كُنَّا عَنِ الْخَلْقِ غٰفِلِيْنَ ۝

آیت نمبر ۱۷: واؤ استینافیہ لَامِ موطئہ للقسم اور قسم محذوف ہے قَدْ علامت فعل خَلَقْنَا فعل نَا ضمیر فاعل فَوْقَكُمْ مرکب اضافی مفعول فیہ سَبْعَ طَرَآئِقَ مرکب اضافی یا ممیز باتمیز مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعولین جملہ فعلیہ خبریہ جواب قسم، قسم باجواب قسم جملہ انشائیہ قسمیہ ہوا۔ واؤ عاطفہ مَا نافیہ كُنَّا فعل ناقص نَا ضمیر اس کا اسم عَنِ الْخَلْقِ جار بامجرور متعلق مقدم ہوئے غٰفِلِيْنَ اسم فاعل نَحْنُ ضمیر مستتر فاعل، اسم فاعل بافاعل ومتعلق مقدم شبہ جملہ ہو کر خبر، فعل ناقص بااسم وخبر جملہ فعلیہ خبریہ خَلَقْنَا کی ضمیر فاعل سے حال ہے۔

وَاَنْزَلْنَا مِنَ السَّمَآءِ مَآءً بِقَدَرٍ فَاَسْكَنّٰهُ فِى الْاَرْضِ ۖ وَاِنَّا عَلٰى ذَهَابٍ بِهٖ لَقٰدِرُوْنَ ۝

آیت نمبر ۱۸: واؤ عاطفہ اَنْزَلْنَا فعل نَا ضمیر فاعل مِنَ السَّمَآءِ جار بامجرور ظرف لغو متعلق ہوئے مَآءً موصوف بِقَدَرٍ جار بامجرور ظرف مستقر كَائِنًا کے متعلق ہو کر صفت، موصوف باصفت اَنْزَلْنَا کا مفعول بہ، فعل بافاعل ومتعلق ومفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ مقام عاطفہ اَسْكَنَّا فعل نَا ضمیر فاعل هٗ ضمیر مفعول بہ فِى الْاَرْضِ جار بامجرور ظرف لغو متعلق ہوئے، فعل بافاعل، مفعول بہ ومتعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف خَلَقْنَا پر معطوف ہے۔ واؤ حالیہ اِنَّ حرف تحقیق نَا ضمیر اس کا اسم عَلٰى حرف جر ذَهَابٍ مصدر بِهٖ جار بامجرور مصدر کے متعلق ہوئے، مصدر اپنے متعلق سے مل کر مجرور، جار بامجرور متعلق مقدم ہوئے لَامِ مذحلقہ قٰدِرُوْنَ اسم فاعل نَحْنُ ضمیر مستتر فاعل، اسم فاعل بافاعل ومتعلق مقدم مل کر شبہ جملہ ہو کر اِنَّ کی خبر اِنَّ بااسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر اَسْكَنَّا کی ضمیر فاعل سے حال ہے۔

فَاَنْشَاْنَا لَكُمْ بِهٖ جَنّٰتٍ مِّنْ نَّخِيْلٍ وَّاَعْنَابٍ ۖ لَكُمْ فِيْهَا فَوَاكِهُ كَثِيْرَةٌ وَّمِنْهَا تَاْكُلُوْنَ ۝ وَشَجَرَةً تَخْرُجُ مِنْ طُوْرِ سَيْنَآءَ تَنْۢبُتُ بِالدُّهْنِ وَصِبْغٍ لِّلْاٰكِلِيْنَ ۝

آیت نمبر ۱۹،۲۰: فَاء عاطفہ اَنْشَاْنَا فعل نَا ضمیر فاعل لَكُمْ جار بامجرور ظرف لغو متعلق اول ہوئے بِهٖ جار بامجرور ظرف لغو متعلق ثانی ہوئے، جَنّٰتٍ موصوف مِنْ حرف جر نَّخِيْلٍ وَّاَعْنَابٍ معطوف علیہ بامعطوف مجرور، جار بامجرور ظرف مستقر كَائِنَاتٍ کے متعلق ہو کر

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

وَاِنَّ لَكُمْ فِي الْاَنْعَامِ لَعِبْرَةً ۭ نُسْقِيْكُمْ مِّمَّا فِيْ بُطُوْنِهَا وَلَكُمْ فِيْهَا مَنَافِعُ كَثِيْرَةٌ وَّمِنْهَا تَاْكُلُوْنَ ۝ وَعَلَيْهَا وَعَلَى الْفُلْكِ تُحْمَلُوْنَ ۝

آیت نمبر ۲۱، ۲۲: واو عاطفہ اِنَّ حرف مشبہ لَكُمْ جار باجرور ظرف مستقر كَائِنَةٌ کے متعلق ہوئے كَائِنَةٌ اسم فاعل ہی ضمیر مستتر فاعل فِي الْاَنْعَامِ جار باجرور ظرف لغو متعلق ہوئے، اسم فاعل با فاعل و متعلقین شبہ جملہ ہو کر خبر مقدم لَعِبْرَةً اسم مؤخر، اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر لَقَدْ خَلَقْنَا پر معطوف ہے۔ نُسْقِيْكُمْ فعل نَحْنُ ضمیر مستتر فاعل كُمْ ضمیر منصوب مفعول بہ مِنْ حرف جر مَا اسم موصول فِيْ حرف جر بُطُوْنِهَا مرکب اضافی مجرور، جار باجرور ظرف مستقر فعل محذوف تَثْبُتُ کے متعلق ہو کر صلہ، موصول با صلہ مجرور، جار باجرور نُسْقِيْ کے متعلق ہوئے، فعل با فاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ ہوا وَاو عاطفہ لَكُمْ جار باجرور ظرف مستقر كَائِنَةٌ کے متعلق ہوئے كَائِنَةٌ اسم فاعل ہی ضمیر مستتر فاعل فِيْهَا جار باجرور ظرف لغو متعلق ہوئے، اسم فاعل با فاعل و متعلقین شبہ جملہ ہو کر خبر مقدم مَنَافِعُ كَثِيْرَةٌ مرکب توصیفی مبتدا موخر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف اول ہوا وَاو عاطفہ مِنْهَا جار باجرور ظرف لغو متعلق مقدم ہوئے تَاْكُلُوْنَ فعل واو ضمیر فاعل، فعل اپنے فاعل و متعلق مقدم سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف ثانی ہوا وَاو عاطفہ عَلَيْهَا جار باجرور معطوف علیہ، واو عاطفہ عَلَى الْفُلْكِ جار باجرور معطوف، معطوف علیہ با معطوف ظرف لغو متعلق مقدم ہوئے تُحْمَلُوْنَ فعل مجہول واو ضمیر نائب فاعل، فعل مجہول با نائب فاعل و متعلق مقدم جملہ فعلیہ خبریہ معطوف ثالث، معطوف علیہ با معطوفات ثلاثہ جملہ معطوفہ ہوا۔

❁ رکوع نمبر ۲ ❁

وَلَقَدْ اَرْسَلْنَا نُوْحًا اِلٰى قَوْمِهٖ فَقَالَ يٰقَوْمِ اعْبُدُوا اللّٰهَ مَا لَكُمْ مِّنْ اِلٰهٍ غَيْرُهٗ ۭ اَفَلَا تَتَّقُوْنَ ۝

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

آیت نمبر ۲۳: وَاؤ استینافیہ لَامْ موطئہ للقسم اور قسم محذوف ہے قَدْ علامت فعل، اَرْسَلْنَا فعل نَا ضمیر فاعل نُوْحًا مفعول بہ اِلٰی حرف جر قَوْمِہٖ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے، فعل با فاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، فَاء عاطفہ قَالَ فعل ھُوَ ضمیر مستتر فاعل، دونوں مل کر قول بتاویل حرف ندا اَدْعُوْا کے قائم مقام یَا اَدْعُوْا فعل اَنَا ضمیر فاعل قَوْمِ یہ اصل میں قَوْمِیْ ہے اور یہ منادیٰ مضاف منصوب تقدیراً مفعول بہ ہے، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ انشائیہ ندا، اُعْبُدُوا فعل امر واؤ ضمیر فاعل لفظ اللّٰہَ مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ انشائیہ ہو کر جواب ندا، پھر ندا با جواب مقولہ، قول با مقولہ معطوف، دونوں مل کر قسم کا جواب، قسم با جواب قسم جملہ انشائیہ قسمیہ مستانفہ ہوا۔ مَا نافیہ لَکُمْ جار با مجرور ظرف مستقر کَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم مِنْ حرف جر زائد اِلٰہٍ لفظاً مجرور محلاً مرفوع موصوف غَیْرُہٗ مرکب اضافی صفت، موصوف با صفت مبتدا موخر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ مُعَلَّلَہ یا مستانفہ سیقہ ہوا۔ ھَمْزہ حرف استفہام فَاء عاطفہ اور معطوف علیہ محذوف ہے عَصَیْتُمْ، لَا تَتَّقُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل، دونوں مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ ہو کر معطوف، پھر معطوف علیہ با معطوف جملہ مستانفہ ہوا۔

فَقَالَ الْمَلَؤُا الَّذِیْنَ كَفَرُوْا مِنْ قَوْمِهٖ مَا هٰذَاۤ اِلَّا بَشَرٌ مِّثْلُكُمْ ۙ یُرِیْدُ اَنْ یَّتَفَضَّلَ عَلَیْكُمْ ؕ وَ لَوْ شَآءَ اللّٰهُ لَاَنْزَلَ مَلٰٓئِكَةً ۖ�fn مَّا سَمِعْنَا بِهٰذَا فِیْۤ اٰبَآىِٕنَا الْاَوَّلِیْنَ ۟

آیت نمبر ۲۴: فَاء استینافیہ قَالَ فعل الْمَلَؤُا موصوف اَلَّذِیْنَ اسم موصول کَفَرُوْا فعل واؤ ضمیر ذوالحال مِنْ قَوْمِہٖ جار با مجرور ظرف مستقر کَائِنِیْنَ کے متعلق ہو کر حال ذوالحال یا حال فاعل، فعل با فاعل جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر صلہ، موصول با صلہ قَالَ کا فاعل، فعل با فاعل جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر قول مَا نافیہ ھٰذَا اسم اشارہ مبتدا اِلَّا حرف استثناء بَشَرٌ موصوف مِثْلُکُمْ مرکب اضافی صفت اولیٰ، یُرِیْدُ فعل ھُوَ ضمیر مستتر فاعل اَنْ حرف مصدری و نصب یَتَفَضَّلَ فعل ھُوَ مستتر فاعل عَلَیْکُمْ جار با مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے، فعل با فاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ بتاویل مصدر یُرِیْدُ کا مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر بَشَرٌ کی صفت ثانیہ، موصوف با صفتین مستثنیٰ مفرغ ہو کر ھٰذَا کی خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لَوْ حرف شرط غیر جازم شَآءَ فعل لفظ اللّٰہُ فاعل، فعل با فاعل جملہ فعلیہ خبریہ شرط، لَاَ جوابیہ برائے تاکید اَنْزَلَ فعل ھُوَ مستتر فاعل مَلٰٓئِکَۃً مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہو کر معطوف، پھر معطوف علیہ با معطوف مقولہ، قول با مقولہ جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔ مَا نافیہ سَمِعْنَا فعل نَا ضمیر فاعل بِھٰذَا جار با مجرور ظرف لغو متعلق اول ہوئے فِیْ حرف جر اٰبَآئِنَا مرکب اضافی موصوف الْاَوَّلِیْنَ صیغہ صفت ھُمْ مستتر فاعل، دونوں مل کر صفت، موصوف با صفت مجرور، جار با مجرور متعلق ثانی ہوئے، فعل با فاعل و متعلقین جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

اِنْ هُوَ اِلَّا رَجُلٌۢ بِهٖ جِنَّةٌ فَتَرَبَّصُوْا بِهٖ حَتّٰى حِیْنٍ ۝

آیت نمبر ۲۵: اِنْ نافیہ ھُوَ ضمیر منفصل مبتدا، اِلَّا حرف استثناء رَجُلٌ موصوف بِہٖ جار با مجرور ظرف مستقر کَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم جِنَّۃٌ مبتدا موخر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر صفت، موصوف با صفت مستثنیٰ مفرغ ہو کر خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔ فَاء فصیحہ اور اس کی شرط محذوف ہے اِنْ اَرَدْتُّمْ مَعْرِفَۃَ حَقِیْقَۃِ ھٰذَا الرَّجُلِ، تَرَبَّصُوْا فعل امر واؤ ضمیر فاعل بِہٖ جار با مجرور ظرف لغو متعلق اول ہوئے، حَتّٰی حِیْنٍ جار با مجرور ظرف لغو متعلق ثانی ہوئے، فعل با فاعل و متعلقین جملہ انشائیہ ہو کر جزاء، شرط

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

محذوف باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

قَالَ رَبِّ انْصُرْنِيْ بِمَا كَذَّبُوْنِ ۝

آیت نمبر ۲۶: قَالَ فعل هُوَ مستتر فاعل دونوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر قول رب ہے۔ اصل میں بِمَا كَذَّبُوْنِيْ ہے یاء حرف مدہ اور واؤ عوض کے قائم مقام ہا ضمیر فعل یا ضمیر فاعل رَبِّ مذکور مضاف منصوب تقدیراً مفعول بہ۔ فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ انشائیہ ہو کر ندا۔ انْصُرْ فعل امر انْتَ مستتر ضمیر فاعل نون برائے وقایہ یاء ضمیر منصوب مفعول بہ باء حرف جر ما مصدریہ كَذَّبُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل نون برائے وقایہ اور یاء ضمیر محذوف مفعول بہ۔ فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ بتاویل مصدر مجرور مجاور باجر و انْصُرْ کے متعلق ہوئے۔ فعل بافاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ انشائیہ جواب ندا ہوا پھر ندا باجواب جملہ انشائیہ ندائیہ ہو کر مقولہ۔ قول باقولہ جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

فَاَوْحَيْنَآ اِلَيْهِ اَنِ اصْنَعِ الْفُلْكَ بِاَعْيُنِنَا وَوَحْيِنَا فَاِذَا جَآءَ اَمْرُنَا وَفَارَ التَّنُّوْرُ ۙ فَاسْلُكْ فِيْهَا مِنْ كُلٍّ زَوْجَيْنِ اثْنَيْنِ وَاَهْلَكَ اِلَّا مَنْ سَبَقَ عَلَيْهِ الْقَوْلُ مِنْهُمْ ۚ وَلَا تُخَاطِبْنِيْ فِي الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا ۚ اِنَّهُمْ مُّغْرَقُوْنَ ۝

آیت نمبر ۲۷: فَاَوْحَيْنَآ فاء عاطفہ اس کا عطف اَرْسَلْنَا پر ہے یا قَالَ پر ہے۔ اَوْحَيْنَا فعل نَا ضمیر فاعل اِلَيْهِ جار باجرور ظرف لغو متعلق ہوئے۔ اَنِ حرف تفسیر اِصْنَعِ فعل امر اَنْتَ مستتر وال حال باء حرف جر اَعْيُنِنَا مرکب اضافی معطوف علیہ واؤ عاطفہ وَحْيِنَا مرکب اضافی معطوف، معطوف علیہ بامعطوف مجرور مجاور باجرور ظرف مستقر كَائِنًا کے متعلق ہو کر حال ذوالحال باجاں فاعل الْفُلْكَ مفعول بہ۔ فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ انشائیہ امریہ ہو کر مفسر ہے۔ فَاء تعلیلیہ (و تفسیر) اِذَا شرطیہ مفعول فیہ متقدم جَآءَ فعل اَمْرُنَا مرکب اضافی فاعل، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ واؤ عاطفہ فَارَ فعل التَّنُّوْرُ فاعل دونوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر معطوف، معطوف علیہ بامعطوف شرط فاء جزائیہ اُسْلُكْ فعل امر انْتَ ضمیر مستتر فاعل فِيْهَا جار باجرور ظرف لغو متعلق اول ہوئے۔ مِنْ كُلٍّ جار باجرور ظرف لغو متعلق ثانی ہوئے۔ زَوْجَيْنِ اثْنَيْنِ مؤکد بامؤکد معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اَهْلَكَ مرکب اضافی معطوف، پھر معطوف علیہ بامعطوف مستثنیٰ منہ یا حرف استثناء مَنْ اسم موصول سَبَقَ فعل عَلَيْهِ جار باجرور ظرف لغو متعلق ہوئے الْقَوْلُ فاعل، فعل بافاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر صلہ، موصول باصلہ مستثنیٰ ہوا مستثنیٰ منہ یا مستثنیٰ اُسْلُكْ کا مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ و متعلقین جملہ انشائیہ ہو کر جزاء شرط باجزاء جملہ شرطیہ مقولہ ہوا۔

مِنْهُمْ جار باجرور ظرف مستقر كَائِنًا کے متعلق ہو کر عَلَيْهِ کی ہا ضمیر سے حال ہے۔ واؤ عاطفہ لَا تُخَاطِبْ فعل نہی اَنْتَ مستتر فاعل نون برائے وقایہ یاء ضمیر منصوب مفعول بہ فِيْ حرف جر اَلَّذِيْنَ اسم موصول ظَلَمُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل دونوں مل کر صلہ، موصول باصلہ مجرور، جار باجرور ظرف لغو لَا تُخَاطِبْ کے متعلق ہوئے، فعل بافاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ انشائیہ ہو کر اُسْلُكْ فعل امر پر معطوف ہے۔ اِنَّ حرف تحقیق هُمْ ضمیر اس کا اسم مُّغْرَقُوْنَ اسم مفعول هُمْ ضمیر مستتر نائب فاعل ملا کر مفعول بانائب فاعل شبہ جملہ ہو کر خبر اِنَّ باسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ مقولہ ہوا۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

فَإِذَا اسْتَوَيْتَ أَنْتَ وَمَنْ مَعَكَ عَلَى الْفُلْكِ فَقُلِ الْحَمْدُ لِلَّهِ الَّذِي نَجَّانَا مِنَ الْقَوْمِ الظَّالِمِينَ ﴿٢٨﴾ وَقُلْ رَبِّ أَنْزِلْنِي مُنْزَلًا مُبَارَكًا وَأَنْتَ خَيْرُ الْمُنْزِلِينَ ﴿٢٩﴾

آیت نمبر ۲۸،۲۹: فَاء عاطفہ اِذَا شرطیہ مضاف فیہ مقدم اِسْتَوَيْتَ فعل تاء مفتوحہ ضمیر مؤکدہ اَنْتَ ضمیر مرفوع منفصل تاکید، مؤکد یا تاکید معطوف علیہ، واؤ عاطفہ مَنْ اسم موصول مَعَكَ مرکب اضافی فعل محذوف ثَبَتَ کا مفعول فیہ ہو کر صلہ، موصول باصلہ معطوف پھر معطوف علیہ یا معطوف اِسْتَوَيْتَ کا فاعل عَلَى الْفُلْكِ جار یا مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے، فعل با فاعل و مفعول فیہ و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر شرط، فَاء عاطفہ قُلْ فعل امر اَنْتَ ضمیر مستتر فاعل، فعل با فاعل جملہ انشائیہ ہو کر قول، اَلْحَمْدُ مبتدا، لام حرف جر اَللّٰهِ موصوف اَلَّذِي اسم موصول نَجَّى فعل هُوَ ضمیر مستتر فاعل نَا ضمیر مفعول بہ، مِنْ حرف جر اَلْقَوْمِ الظَّالِمِينَ مرکب توصیفی مجرور، جار یا مجرور، ظرف لغو نَجَّى کے متعلق ہوئے، فعل با فاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر صلہ، موصول باصلہ اَللّٰهِ کی صفت، موصوف باصفت مجرور، جار یا مجرور، ظرف مستقر كَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ مقولہ، قول با مقولہ جملہ انشائیہ امریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ قُلْ فعل امر اَنْتَ ضمیر مستتر فاعل سے مل کر جملہ انشائیہ امریہ قول ہوا یہ اصل میں يَا رَبِّ ہے اور یہ منادا ہے اَنْزِلْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل نون برائے وقایہ یَاء ضمیر منصوب مفعول بہ مُنْزَلًا مصدر میمی موصوف مُبَارَكًا اسم مفعول هُوَ مستتر نائب فاعل سے مل کر شبہ جملہ ہو کر صفت، موصول باصفت اَنْزِلْ کا مفعول مطلق، فعل با فاعل و مفعولین جملہ انشائیہ امریہ منادا کا جواب، منادا با جواب جملہ انشائیہ ندائیہ ہو کر مقولہ، قول با مقولہ جملہ انشائیہ امریہ معطوف، پھر معطوف علیہ یا معطوف اِذَا اسْتَوَيْتَ کی جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہو کر اِذَا جَاءَ ... الخ پر معطوف ہے، واؤ حالیہ اَنْتَ ضمیر مرفوع مبتدا، خَيْرُ الْمُنْزِلِينَ مرکب اضافی خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر اَنْزِلْ کی ضمیر فاعل سے حال ہے۔

إِنَّ فِي ذَٰلِكَ لَآيَاتٍ وَإِنْ كُنَّا لَمُبْتَلِينَ ﴿٣٠﴾

آیت نمبر ۳۰: اِنَّ حرف تحقیق فِي ذَٰلِكَ جار یا مجرور ظرف مستقر كَائِنَاتٌ کے متعلق ہو کر شبہ جملہ ہو کر خبر مقدم، لام مزحلقہ اٰيَاتٍ منصوب بالکسرہ اسم مؤخر اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اِنْ مخففہ من الثقلہ ضمیر شان مقدر اس کا اسم كُنَّا فعل ناقص نَا ضمیر اس کا اسم لام فارقہ مُبْتَلِينَ اسم فاعل نَحْنُ مستتر فاعل سے مل کر خبر، فعل ناقص با اسم و خبر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر خبر اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ مستانفہ ہوا۔

ثُمَّ أَنْشَأْنَا مِنْ بَعْدِهِمْ قَرْنًا آخَرِينَ ﴿٣١﴾

آیت نمبر ۳۱: ثُمَّ عاطفہ اَنْشَأْنَا فعل نَا ضمیر فاعل مِنْ حرف جر بَعْدِهِمْ مرکب اضافی مجرور، جار یا مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے قَرْنًا آخَرِينَ مرکب توصیفی مفعول بہ، فعل با فاعل و متعلق و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر اِنَّ کُنَّا پر معطوف ہے۔

فَأَرْسَلْنَا فِيهِمْ رَسُولًا مِنْهُمْ أَنِ اعْبُدُوا اللَّهَ مَا لَكُمْ مِنْ إِلَٰهٍ غَيْرُهُ ۖ أَفَلَا تَتَّقُونَ ﴿٣٢﴾

آیت نمبر ۳۲: فَاء عاطفہ اَرْسَلْنَا فعل نَا ضمیر فاعل فِيهِمْ جار یا مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے رَسُولًا موصوف مِنْهُمْ جار یا

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

مجرور ظرف مستقر کَائِنًا کے متعلق ہو کر صفت، موصوف باصفت اَرْسَلْنَا کا مفعول بہ، فعل بافاعل و متعلق و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر اَنْشَاْنَا پر معطوف ہے۔ اَنْ حرف مصدری و نصب اُعْبُدُوا فعل امر و او ضمیر فاعل لفظاً اللّٰهَ مفعول بہ تینوں مل کر تاویل مصدر مجرور ہے حرف جر محذوف بِاَنْ کے لئے، جار با مجرور ظرف لغو اَرْسَلْنَا کے متعلق ہوئے، مَا نافیہ لَكُمْ جار با مجرور ظرف مستقر کَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم مِنْ حرف جر زَائِدَةٌ اِلٰهٍ لفظاً مجرور محلاً مرفوع موصوف غَيْرُهٗ مرکب اضافی صفت، موصوف باصفت مبتدا موخر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ معللہ ہوا۔ اَفَلَا تَتَّقُوْنَ کی ترکیب اسی سورت کی آیت نمبر ۲۳ میں گزر چکی ہے۔

❁ رکوع نمبر ۳ ❁

وَقَالَ الْمَلَاُ مِنْ قَوْمِهِ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَكَذَّبُوْا بِلِقَآءِ الْاٰخِرَةِ وَاَتْرَفْنٰهُمْ فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ۙ مَا هٰذَآ اِلَّا بَشَرٌ مِّثْلُكُمْ ۙ يَاْكُلُ مِمَّا تَاْكُلُوْنَ مِنْهُ وَيَشْرَبُ مِمَّا تَشْرَبُوْنَ ﴿۳۳﴾

آیت نمبر ۳۳: واؤ استینا فیہ قَالَ فعل الْمَلَاُ ذوالحال مِنْ حرف جر قَوْمِهٖ مرکب اضافی موصوف الَّذِيْنَ اسم موصول كَفَرُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل، دونوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ كَذَّبُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل بِاء حرف جر لِقَآءِ الْاٰخِرَةِ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور ظرف لغو كَذَّبُوْا کے متعلق ہوئے، فعل بافاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف پھر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اَتْرَفْنٰهُمْ فعل نا ضمیر فاعل هُمْ ضمیر منصوب مفعول بہ فِي حرف جر الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا مرکب توصیفی مجرور، جار با مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے، فعل بافاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر معطوف، پھر معطوف علیہ با معطوف صلہ، موصول باصلہ قَوْمِهٖ کی صفت ہے، موصوف باصفت مجرور، جار با مجرور ظرف مستقر کَائِنًا کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال باحال قَالَ کا فاعل، فعل بافاعل جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر قول، مَا نافیہ هٰذَآ اسم اشارہ مبتدا اِلَّا حرف استثناء بَشَرٌ موصوف مِّثْلُكُمْ مرکب اضافی صفت، موصوف باصفت مستثنیٰ مفرغ ہو کر خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ مقولہ، قول با مقولہ جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

يَاْكُلُ فعل هُوَ مستتر فاعل مِنْ حرف جر مَا اسم موصول تَاْكُلُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل مِنْهُ جار با مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے، فعل بافاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر صلہ، موصول باصلہ مِنْ کا مجرور، جار با مجرور ظرف لغو يَاْكُلُ کے متعلق ہوئے، فعل بافاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ يَشْرَبُ فعل هُوَ ضمیر مستتر فاعل مِنْ حرف جر مَا اسم موصول تَشْرَبُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل، دونوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول باصلہ مجرور، جار با مجرور يَشْرَبُ کے متعلق ہوئے، فعل بافاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ مستانفہ ہے یا بَشَرٌ کا حال۔

سوال: آپ نے کہا بَشَرٌ موصوف اور مِّثْلُكُمْ اس کی صفت ہے، حالانکہ بَشَرٌ نکرہ ہے اور مِّثْلُكُمْ ضمیر کی طرف مضاف ہونے کی وجہ سے معرفہ ہے تو موصوف اور صفت کے درمیان تعریف اور تنکیر کے اعتبار سے مطابقت نہ ہوئی حالانکہ مطابقت ضروری ہے

جواب: لفظ مثل ان اسماء میں سے ہے جو متوغل فی الابہام ہے جو معرفہ کی طرف مضاف ہونے کے باوجود بھی معرفہ نہیں بنتے۔ لہذا لفظ مثل بھی نکرہ ہے لہذا موصوف اور صفت دونوں نکرہ ہوئے۔ (فلا اعتراض)

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

وَلَئِنْ اَطَعْتُمْ بَشَرًا مِّثْلَكُمْ اِنَّكُمْ اِذًا لَّخٰسِرُوْنَ ۝

آیت نمبر ۳۴: واؤ عاطفہ لام موطئہ للقسم اور قسم محذوف ہے اِنْ حرف شرط اَطَعْتُمْ فعل تُمْ ضمیر فاعل بَشَرًا موصوف مِّثْلَكُمْ مرکب اضافی صفت، موصوف باصفت مفعول بہ، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر شرط، اِنَّ حرف تحقیق کُمْ ضمیر اس کا اسم اِذًا حرف جواب وجزاء مہمل، لام مزحلقہ خٰسِرُوْنَ اسم فاعل اَنْتُمْ ضمیر مستتر فاعل، دونوں مل کر شبہ جملہ ہو کر خبر، اِنَّ با اسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر قسم محذوف کا جواب ہے، اور شرط کی جزاء محذوف ہے جس پر جواب قسم دال ہے، قسم باجواب جملہ انشائیہ قسمیہ ہو کر بواسطہ عطف قَالَ کا مقولہ ہے۔

اَيَعِدُكُمْ اَنَّكُمْ اِذَا مِتُّمْ وَكُنْتُمْ تُرَابًا وَّعِظَامًا اَنَّكُمْ مُّخْرَجُوْنَ ۝

آیت نمبر ۳۵: هَمزہ حرف استفہام يَعِدُ فعل هُوَ ضمیر مستتر فاعل كُمْ ضمیر منصوب مفعول بہ اول اَنَّ حرف تحقیق كُمْ ضمیر منصوب اس کا اسم اِذَا ظرف زمان مضاف مِتُّمْ فعل بافاعل جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ كُنْتُمْ فعل ناقص تُمْ ضمیر مرفوع اس کا اسم تُرَابًا وَّعِظَامًا معطوف علیہ با معطوف خبر، فعل ناقص با اسم وخبر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، پھر معطوف علیہ با معطوف مُلا مجرور اِذَا کا مضاف الیہ، مضاف با مضاف الیہ مُخْرَجُوْنَ کا مفعول فیہ مقدم ہے، اَنَّكُمْ یہ پہلے اَنَّكُمْ کی تاکید ہے مُخْرَجُوْنَ اسم مفعول اَنْتُمْ ضمیر مستتر نائب فاعل، اسم مفعول اپنے نائب فاعل ومفعول فیہ مقدم سے مل کر اَنَّ کی خبر، اَنَّ با اسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر بتاویل مصدر يَعِدُ کا مفعول بہ بنتی ہے، فعل با فاعل ومفعولین جملہ انشائیہ استفہامیہ ہوا۔

هَيْهَاتَ هَيْهَاتَ لِمَا تُوْعَدُوْنَ ۝

آیت نمبر ۳۶: هَيْهَاتَ اسم فعل ماضی بمعنی بَعُدَ مؤکد هَيْهَاتَ ثانی اس کی تاکید ہے لَامْ حرف جر زائد مَا مصدریہ تُوْعَدُوْنَ فعل مجہول واؤ ضمیر نائب فاعل، فعل مجہول نائب فاعل سے مل کر بتاویل مصدر هَيْهَاتَ کا فاعل، فعل با فاعل جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

اِنْ هِيَ اِلَّا حَيَاتُنَا الدُّنْيَا نَمُوْتُ وَنَحْيَا وَمَا نَحْنُ بِمَبْعُوْثِيْنَ ۝

آیت نمبر ۳۷: اِنْ حرف نفی هِيَ ضمیر مبتدا اِلَّا حرف استثناء حَيَاتُنَا مرکب اضافی موصوف الدُّنْيَا صفت، موصوف باصفت مستثنیٰ مفرغ ہو کر هِيَ کی خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ نَمُوْتُ فعل نَحْنُ ضمیر مستتر فاعل، دونوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ نَحْيَا فعل نَحْنُ ضمیر مستتر فاعل، دونوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف اول ہوا واؤ عاطفہ مَا نافیہ حجازیہ نَحْنُ ضمیر منفصل مبتدا، باء حرف جر زائد مَبْعُوْثِيْنَ اسم مفعول نَحْنُ ضمیر مستتر نائب فاعل، اسم مفعول با نائب فاعل شبہ جملہ ہو کر خبر، مَا حجازیہ با اسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف ثانی، معطوف علیہ با معطوفین یا تو حَيَاتُنَا کی ضمیر نَا سے حال ہے یا جملہ مستانفہ ہے۔

اِنْ هُوَ اِلَّا رَجُلٌ افْتَرٰى عَلَى اللّٰهِ كَذِبًا وَّمَا نَحْنُ لَهٗ بِمُؤْمِنِيْنَ ۝

آیت نمبر ۳۸: اِنْ حرف نفی هُوَ ضمیر مرفوع مبتدا اِلَّا حرف استثناء رَجُلٌ موصوف اِفْتَرٰى فعل هُوَ ضمیر مستتر فاعل عَلَى اللّٰهِ جار ہا مجرور ظرف لغو متعلق ہونے کَذِبًا "شَيْئًا مَكْذُوْبًا" کی تاویل میں ہو کر مفعول بہ، فعل با فاعل ومفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ،

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

واؤ عاطفہ مَا نجازیہ نَحْنُ ضمیر منفصل اس کا اسم لَهٗ جار مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے، بَاء حرف جر زائد هُوَ مبتدا مِنِيْنَ اسم فاعل نَحْنُ ضمیر مستتر فاعل، اسم فاعل باپنے فاعل و متعلق مقدم لفظاً مجرور محلاً منصوب شبہ جملہ ہو کر خبر، مَا نجازیہ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر معطوف، معطوف علیہ یا معطوف رَجُلٌ کی صفت ہے، موصول باصفت مستثنیٰ مفرغ ہو کر خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

قَالَ رَبِّ انْصُرْنِيْ بِمَا كَذَّبُوْنِ ﴿۳۹﴾

آیت نمبر ۳۹: قَالَ فعل هُوَ مستتر فاعل، دونوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر قول، رَبِّ یہ اصل میں یَا رَبِّیْ ہے اور یہ نداء ہے، اُنْصُرْ فعل امر اَنْتَ ضمیر مستتر فاعل نون برائے وقایہ یَاء ضمیر منصوب مفعول بہ، بَاء حرف جر زائد مَا مصدریہ كَذَّبُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل نون برائے وقایہ یَاء محذوف ضمیر مفعول بہ ہے، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ بتاویل مصدر مجرور، جار با مجرور ظرف لغو اُنْصُرْ کے متعلق ہوئے، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ انشائیہ امریہ ہو کر ندا کا جواب، پھر نداء با جواب مقولہ، قول با مقولہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

قَالَ عَمَّا قَلِيْلٍ لَّيُصْبِحُنَّ نٰدِمِيْنَ ﴿۴۰﴾

آیت نمبر ۴۰: قَالَ فعل هُوَ مستتر فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ قول، عَمَّ حرف جر مَا زائد قَلِيْلٍ مجرور، جار با مجرور ظرف لغو نٰدِمِيْنَ کے متعلق مقدم ہوئے، لام موطئہ لقسم اور قسم محذوف ہے يُصْبِحُنَّ فعل ناقص واؤ محذوف لالتقاء الساکنین اس کا اسم نٰدِمِيْنَ اسم فاعل هُوَ ضمیر مستتر فاعل، اسم فاعل اپنے فاعل و متعلق متقدم سے مل کر شبہ جملہ ہو کر خبر، فعل ناقص با اسم و خبر قسم محذوف کا جواب، قسم با جواب جملہ انشائیہ قسمیہ ہو کر مقولہ، قول با مقولہ جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

فَاَخَذَتْهُمُ الصَّيْحَةُ بِالْحَقِّ فَجَعَلْنٰهُمْ غُثَآءً ۚ فَبُعْدًا لِّلْقَوْمِ الظّٰلِمِيْنَ ﴿۴۱﴾

آیت نمبر ۴۱: فَاء استینافیہ اَخَذَتْ فعل هُمْ ضمیر منصوب مفعول بہ مقدم الصَّيْحَةُ ذوالحال، بِالْحَقِّ جار با مجرور ظرف مستقر مُتَلَبِّسَةً کے متعلق ہو کر حال ذوالحال باحال فاعل، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، فَاء عاطفہ جَعَلْنَا فعل نَا ضمیر فاعل هُمْ ضمیر مفعول بہ اول، غُثَآءً مفعول بہ ثانی، فعل با فاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ مستانفہ ہوا۔ فَاء تعقیبیہ بُعْدًا مفعول مطلق فعل محذوف اَبْعَدُوْا کا، اَبْعَدُوْا فعل امر واؤ ضمیر فاعل، لام حرف جر اَلْقَوْمِ الظّٰلِمِيْنَ مرکب توصیفی مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے فعل محذوف کے، فعل با فاعل و متعلق و مفعول مطلق جملہ انشائیہ امریہ ہوا۔

ثُمَّ اَنْشَاْنَا مِنْۢ بَعْدِهِمْ قُرُوْنًا اٰخَرِيْنَ ﴿۴۲﴾

آیت نمبر ۴۲: ثُمَّ عاطفہ اَنْشَاْنَا فعل نَا ضمیر فاعل مِنْ حرف جر بَعْدِهِمْ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے قُرُوْنًا اٰخَرِيْنَ مرکب توصیفی مفعول بہ، فعل با فاعل و متعلق و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ اَخَذَتْهُمُ پر معطوف ہے۔

مَا تَسْبِقُ مِنْ اُمَّةٍ اَجَلَهَا وَمَا يَسْتَاْخِرُوْنَ ﴿۴۳﴾

آیت نمبر ۴۳: مَا نافیہ تَسْبِقُ فعل مِنْ حرف جر اُمَّةٍ لفظاً مجرور محلاً مرفوع فاعل اَجَلَهَا مرکب اضافی مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ مَا نافیہ يَسْتَاْخِرُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل، دونوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف اَنْشَاْنَا پر معطوف ہے یا قُرُوْنًا اٰخَرِيْنَ کی صفت ہے۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

ثُمَّ اَرْسَلْنَا رُسُلَنَا تَتْرَا ؕ كُلَّمَا جَآءَ اُمَّةً رَّسُوْلُهَا كَذَّبُوْهُ فَاَتْبَعْنَا بَعْضَهُمْ بَعْضًا وَّ جَعَلْنٰهُمْ اَحَادِيْثَ ۚ فَبُعْدًا لِّقَوْمٍ لَّا يُؤْمِنُوْنَ ۝

آیت نمبر ۴۴: ثُمَّ حرف عطف اَرْسَلْنَا فعل نَا ضمیر فاعل رُسُلَنَا مرکب اضافی ذوالحال تَتْرَا مصدر بمعنی اسم فاعل حال، ذوالحال باحال مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ اَنْشَأْنَا پر معطوف ہے۔ كُلَّمَا متضمن معنی شرط مفعول فیہ مقدم جَآءَ فعل اُمَّةً مفعول بہ مقدم رَسُوْلُهَا مرکب اضافی فاعل مؤخر، فعل بافاعل ومفعولین جملہ فعلیہ خبریہ شرط، كَذَّبُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل هٗ ضمیر منصوب مفعول بہ، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

فَاء عاطفہ اَتْبَعْنَا فعل نَا ضمیر فاعل بَعْضَهُمْ مرکب اضافی مفعول بہ اوّل بَعْضًا مفعول بہ ثانی، فعل بافاعل ومفعولین جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ جَعَلْنَا فعل نَا ضمیر فاعل هُمْ ضمیر مفعول بہ اوّل اَحَادِيْثَ مفعول بہ ثانی، فعل بافاعل ومفعولین جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ باالمعطوف اَرْسَلْنَا پر معطوف ہے۔ فَاء عاطفہ بُعْدًا مصدر مفعول مطلق ہے فعل محذوف اُبْعَدُوْا کا، اُبْعَدُوْا فعل امر واؤ ضمیر اس کا فاعل، لام حرف جار قَوْمٍ موصوف لَّا يُؤْمِنُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل، دونوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ قَوْمٍ کی صفت، موصوف باصفت مجرور، جار باالمجرور فعل محذوف کے متعلق ہوئے، فعل بافاعل ومفعول مطلق ومتعلق جملہ انشائیہ امریہ ہو کر قُلْنَا محذوف کا مقولہ ہے، قول باالمقولہ جملہ فعلیہ خبریہ جَعَلْنٰهُمْ پر معطوف ہے۔

ثُمَّ اَرْسَلْنَا مُوْسٰى وَ اَخَاهُ هٰرُوْنَ ۙ بِاٰيٰتِنَا وَ سُلْطٰنٍ مُّبِيْنٍ ۝ اِلٰى فِرْعَوْنَ وَ مَلَا۟ئِهٖ فَاسْتَكْبَرُوْا وَ كَانُوْا قَوْمًا عَالِيْنَ ۝

آیت نمبر ۴۵، ۴۶: ثُمَّ حرف عطف اَرْسَلْنَا فعل نَا ضمیر فاعل مُوْسٰى منصوب تقدیرًا معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اَخَاهُ مرکب اضافی مبدل منہ، هٰرُوْنَ بدل، مبدل منہ بابدل معطوف، پھر معطوف علیہ باالمعطوف ذوالحال، بَاء حرف جر اٰيٰتِنَا مرکب اضافی معطوف علیہ، واؤ عاطفہ سُلْطٰنٍ مُّبِيْنٍ مرکب توصیفی معطوف، معطوف علیہ باالمعطوف مجرور، جار باالمجرور ظرف مستقر مُتَلَبِّسِيْنَ کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال باحال اَرْسَلْنَا کا مفعول بہ، اِلٰى حرف جر فِرْعَوْنَ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ مَلَا۟ئِهٖ مرکب اضافی معطوف، پھر معطوف علیہ باالمعطوف مجرور، جار باالمجرور اَرْسَلْنَا کے متعلق ہوئے، فعل بافاعل ومفعول بہ ومتعلق جملہ فعلیہ خبریہ اَرْسَلْنَا رُسُلَنَا پر معطوف ہے۔ فَاء عاطفہ اسْتَكْبَرُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل، دونوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ كَانُوْا فعل ناقص واؤ ضمیر اس کا اسم، قَوْمًا موصوف عَالِيْنَ اسم فاعل هُمْ ضمیر مستتر فاعل سے مل کر صفت، موصوف باصفت خبر، فعل ناقص باسم وخبر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ باالمعطوف اَرْسَلْنَا مُوْسٰى پر معطوف ہے۔

فَقَالُوْۤا اَنُؤْمِنُ لِبَشَرَيْنِ مِثْلِنَا وَ قَوْمُهُمَا لَنَا عٰبِدُوْنَ ۝ فَكَذَّبُوْهُمَا فَكَانُوْا مِنَ الْمُهْلَكِيْنَ ۝

آیت نمبر ۴۷، ۴۸: فَاء عاطفہ قَالُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل، دونوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ قول، هَمْزَہ حرف استفہام نُؤْمِنُ فعل

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

نَحْنُ مستتر ذوالحال، واؤ عاطفہ قَوْمُهُمَا مرکب اضافی مبتدا لِنَا جار و مجرور ظرف لغو متعلق مقدم ہوئے عٰبِدُوْنَ اسم فاعل هُمْ ضمیر مستتر فاعل، اسم فاعل بافاعل و متعلق مقدم سے مل کر شبہ جملہ ہو کر خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ حال ذوالحال باحال لَنَا مِنْ کا فاعل لام حرف جر بَشَرَيْنِ موصوف مِثْلِنَا مرکب اضافی صفت، موصوف باصفت مجرور، جار بامجرور ظرف لغو لَنَا مِنْ کے متعلق ہوئے، فعل بافاعل و متعلق جملہ انشائیہ استفہامیہ مقولہ، قول بامقولہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، فَاء عاطفہ كَذَّبُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل هُمَا ضمیر مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ باعطف اِسْتَكْبَرُوْا معطوف ہے۔ فَاء عاطفہ كَانُوْا فعل ناقص واؤ ضمیر اس کا اسم، مِنَ الْمُهْلَكِيْنَ جار باجرور ظرف مستقر كَائِنِيْنَ کے متعلق ہو کر خبر، فعل ناقص باسم و خبر جملہ فعلیہ خبریہ كَذَّبُوْهُمَا معطوف ہے۔

وَلَقَدْ اٰتَيْنَا مُوْسَى الْكِتٰبَ لَعَلَّهُمْ يَهْتَدُوْنَ ۝

آیت نمبر ۵۴: واؤ عاطفہ لُوْطًا مفعول بہ ہے فعل محذوف اَرْسَلْنَا کا، اَرْسَلْنَا فعل نا ضمیر فاعل اِذْ ظرف زمان مضاف قَالَ فعل هُوَ مستتر فاعل لام حرف جار قَوْمِهٖ مرکب اضافی مجرور، جار باالمجرور ظرف لغو متعلق ہوئے، فعل با فاعل ومتعلق جملہ فعلیہ خبریہ قول، ہمزہ حرف استفہام تَاْتُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل الْفَاحِشَةَ ذوالحال واؤ عالیہ اَنْتُمْ ضمیر مبتدا تُبْصِرُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل هَا ضمیر منصوب محذوف مفعول بہ، فعل با فاعل ومفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ خبر، مبتدا خبر جملہ اسمیہ خبریہ حال، ذوالحال باحال تَاْتُوْنَ کا مفعول بہ، فعل با فاعل ومفعول بہ جملہ فعلیہ انشائیہ مقولہ، قول با مقولہ جملہ فعلیہ خبریہ اِذْ کا مضاف الیہ، پھر مرکب اضافی اَرْسَلْنَا کا مفعول فیہ، اَرْسَلْنَا فعل با فاعل ومفعول فیہ جملہ فعلیہ خبریہ اَرْسَلْنَا اِلٰى ثَمُوْدَ پر معطوف ہے۔

اَئِنَّكُمْ لَتَاْتُوْنَ الرِّجَالَ شَهْوَةً مِّنْ دُوْنِ النِّسَآءِ ۭ بَلْ اَنْتُمْ قَوْمٌ تَجْهَلُوْنَ ﴿۵۵﴾

آیت نمبر ۵۵: ہمزہ حرف استفہام اِنَّ حرف تحقیق كُمْ ضمیر اس کا اسم لام حلقہ تَاْتُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل مِنْ دُوْنِ النِّسَآءِ جار باالمجرور متعلق ہوئے شَهْوَةً مفعول لہ (روح المعانی) الرِّجَالَ مفعول بہ، فعل با فاعل ومتعلق ومفعولین جملہ فعلیہ خبریہ خبر اِنَّ باسم وخبر جملہ اسمیہ انشائیہ ہوا۔ بَلْ حرف عطف اَنْتُمْ ضمیر مبتدا قَوْمٌ موصوف تَجْهَلُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل، دونوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ صفت، موصوف باصفت خبر، مبتدا خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

فَمَا كَانَ جَوَابَ قَوْمِهٖٓ اِلَّآ اَنْ قَالُوْٓا اَخْرِجُوْٓا اٰلَ لُوْطٍ مِّنْ قَرْيَتِكُمْ ۚ اِنَّهُمْ اُنَاسٌ يَّتَطَهَّرُوْنَ ﴿۵۶﴾

آیت نمبر ۵۶: فَا تعقیبیہ مَا نافیہ كَانَ فعل ناقص جَوَابَ قَوْمِهٖ مرکب اضافی خبر مقدم اِلَّآ حرف استثناء قَالُوْٓا فعل با واؤ ضمیر فاعل جملہ فعلیہ خبریہ قول، اَخْرِجُوْٓا فعل امر واؤ ضمیر فاعل اٰلَ لُوْطٍ مرکب اضافی مفعول بہ، مِنْ حرف جار قَرْيَتِكُمْ مرکب اضافی مجرور، جار باالمجرور ظرف لغو متعلق ہوئے، فعل امر با فاعل ومفعول بہ ومتعلق جملہ انشائیہ مقولہ، قول با مقولہ بتاویل مصدر مستثنیٰ مفرغ ہو کر كَانَ کا اسم مؤخر، فعل ناقص با اسم وخبر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ اِنَّ حرف تحقیق هُمْ ضمیر اس کا اسم اُنَاسٌ موصوف يَتَطَهَّرُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل، دونوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ صفت، موصوف باصفت خبر اِنَّ باسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ معللہ ہوا۔ (مظہری)

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

فَاَنْجَيْنٰهُ وَاَهْلَهٗۤ اِلَّا امْرَاَتَهٗ ۫ قَدَّرْنٰهَا مِنَ الْغٰبِرِيْنَ ۝

آیت نمبر ۵۷: فَاَ فصیحہ اور شرط محذوف ہے اِذَا قَالُوْا اَخْرِجُوْا اٰلَ لُوْطٍ مِّنْ قَرْيَتِكُمْ اَنَّهُمْ اُنَاسٌ يَّتَطَهَّرُوْنَ اَنْجَيْنَا فعل نَا ضمیر فاعل هٗ ضمیر منصوب مفعول بہ واؤ بمعنی مَعَ اَهْلَهٗ مرکب اضافی مستثنیٰ منہ اِلَّا حرف استثناء اِمْرَاَتَهٗ مرکب اضافی مستثنیٰ، مستثنیٰ منہ با مستثنیٰ مفعول معہ، فعل با فاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہوا قَدَّرْنَا فعل نَا ضمیر فاعل هَا ضمیر منصوب مفعول بہ، مِنَ الْغٰبِرِيْنَ جار با مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے، فعل با فاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔ (تقیر)

وَاَمْطَرْنَا عَلَيْهِمْ مَّطَرًا ۚ فَسَآءَ مَطَرُ الْمُنْذَرِيْنَ ۝

آیت نمبر ۵۸: وَاَمْطَرْنَا عَلَيْهِمْ مَّطَرًا فَسَآءَ مَطَرُ الْمُنْذَرِيْنَ اس کی ترکیب سورۃ الشعراء کے رکوع نمبر ۹ میں گزر چکی ہے۔

❁ رکوع نمبر ۵ ❁

قُلِ الْحَمْدُ لِلّٰهِ وَسَلٰمٌ عَلٰى عِبَادِهِ الَّذِيْنَ اصْطَفٰى ۭ آٰللّٰهُ خَيْرٌ اَمَّا يُشْرِكُوْنَ ۝

آیت نمبر ۵۹: قُلِ فعل امر آنت مستتر فاعل دونوں مل کر جملہ انشائیہ امریہ قول ہوا الْحَمْدُ مرفوع لفظاً مبتدا لِلّٰهِ جار با مجرور ظرف مستقر كَائِنٌ کے متعلق ہو کر شبہ جملہ ہو کر خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ سَلٰمٌ مبتدا اس لئے کہ یہ سَلَامٌ عَلَيْكُمْ کی تاویل میں ہو کر نکرہ مخصصہ ہے (تقیر) عَلٰى حرف جار عِبَادِهِ مرکب اضافی موصوف الَّذِيْنَ اسم موصول اصْطَفٰى فعل هُوَ مستتر فاعل هُمْ ضمیر منصوب محذوف مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر صلہ، موصول با صلہ عِبَادِهِ کی صفت، موصوف با صفت مجرور، جار با مجرور ظرف مستقر كَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف مقولہ، قول با مقولہ جملہ انشائیہ امریہ ہوا۔ ہمزہ حرف استفہام آللّٰهُ اسم الجلالہ مبتدا خَيْرٌ اسم تفضیل هُوَ مستتر فاعل، اسم تفضیل با فاعل شبہ جملہ ہو کر خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ انشائیہ معطوف علیہ، اَمْ عاطفہ مَا اسم موصول يُشْرِكُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل هُمْ ضمیر منصوب محذوف مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ صلہ، موصول با صلہ مبتدا، خبر محذوف ہے خَيْرٌ، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ انشائیہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ مستانفہ ہوا۔

اَمَّنْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ وَاَنْزَلَ لَكُمْ مِّنَ السَّمَآءِ مَآءً ۚ فَاَنْۢبَتْنَا بِهٖ حَدَآئِقَ ذَاتَ بَهْجَةٍ ۚ مَا كَانَ لَكُمْ اَنْ تُنْۢبِتُوْا شَجَرَهَا ۭ ءَاِلٰهٌ مَّعَ اللّٰهِ ۭ بَلْ هُمْ قَوْمٌ يَّعْدِلُوْنَ ۝

آیت نمبر ۶۰: اَمْ متعلقہ مَنْ موصولہ خَلَقَ فعل هُوَ مستتر فاعل السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ معطوف علیہ با معطوف مفعول بہ سے مل کر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اَنْزَلَ فعل هُوَ مستتر فاعل مِنَ السَّمَآءِ جار با مجرور متعلق ہوئے لَكُمْ كَائِنًا کے متعلق ہو کر حال مقدم مَآءً ذوالحال مؤخر ذوالحال با حال مفعول بہ، فعل با فاعل و متعلق و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف ازل فَاَنْۢبَتْنَا عاطفہ اَنْۢبَتْنَا فعل نَا ضمیر فاعل بِهٖ جار با مجرور متعلق ہوئے حَدَآئِقَ موصوف ذَاتَ بَهْجَةٍ مرکب اضافی صفت، موصوف با صفت مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علی، معطوف علیہ با معطوفین صلہ، موصول با صلہ مبتدا اور خبر محذوف ہے خَيْرٌ، مبتدا با خبر جملہ

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

اسمیہ انشائیہ معطوف علیہ، اَمْ عاطفہ مَا یُشْرِکُوْنَ موصول باصلہ مبتدا اور خبر محذوف ہے خَیْرٌ، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ انشائیہ معطوف، معطوف علیہ باامعطوف جملہ مستانفہ ہوا۔ اَمَّا نافیہ کَانَ ناقصہ لَکُمْ ظرف مستقر کَانَ کے متعلق ہو کر خبر مقدم اَنْ ناصبہ تُنْبِتُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل شَجَرَهَا مرکب اضافی مفعول بہ سے مل کر تاویل مصدر اسم مؤخر کَانَ باسم وخبر حَدَائِقَ کی صفت ثانیہ یا حال ہے، ہمزہ استفہامیہ اِلٰهٌ مبتدا مَعَ اللّٰهِ مرکب اضافی کَائِنٌ کا مفعول فیہ ہو کر خبر، مبتدا باخبر جملہ انشائیہ استفہامیہ ہوا۔ بَلْ حرف اضراب هُمْ ضمیر مبتدا قَوْمٌ موصوف یَعْدِلُوْنَ فعل باواؤ ضمیر فاعل صفت، موصوف باصفت خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

اَمَّنْ جَعَلَ الْاَرْضَ قَرَارًا وَّجَعَلَ خِلٰلَهَآ اَنْهٰرًا وَّجَعَلَ لَهَا رَوَاسِیَ وَجَعَلَ بَیْنَ الْبَحْرَیْنِ حَاجِزًا ؕ ءَاِلٰهٌ مَّعَ اللّٰهِ ؕ بَلْ اَكْثَرُهُمْ لَا یَعْلَمُوْنَ ۝

آیت نمبر ۶۱: اَمْ منقطعہ مَنْ اسم موصول جَعَلَ فعل هُوَ مستتر فاعل اَلْاَرْضَ مفعول بہ اول، قَرَارًا مفعول بہ ثانی، فعل با فاعل ومفعولین جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ جَعَلَ فعل هُوَ مستتر فاعل خِلٰلَهَا مرکب اضافی مفعول فیہ، اَنْهٰرًا مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر معطوف اول، واؤ عاطفہ جَعَلَ فعل هُوَ مستتر فاعل لَهَا متعلق رَوَاسِیَ مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف ثانی، واؤ عاطفہ جَعَلَ فعل هُوَ مستتر فاعل بَیْنَ الْبَحْرَیْنِ مرکب اضافی مفعول فیہ حَاجِزًا مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف ثالث، معطوف علیہ باامعطوفات الثلاثہ صلہ، موصول باصلہ مبتدا اور خبر محذوف ہے خَیْرٌ، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ انشائیہ معطوف علیہ، اَمْ عاطفہ مَا یُشْرِکُوْنَ موصول باصلہ مبتدا اور خبر محذوف ہے خَیْرٌ، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ انشائیہ معطوف، معطوف علیہ باامعطوف جملہ مستانفہ ہوا۔ بَلْ برائے اضراب اَكْثَرُهُمْ مرکب اضافی مبتدا لَا یَعْلَمُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

اَمَّنْ یُّجِیْبُ الْمُضْطَرَّ اِذَا دَعَاهُ وَیَكْشِفُ السُّوْٓءَ وَیَجْعَلُكُمْ خُلَفَآءَ الْاَرْضِ ؕ ءَاِلٰهٌ مَّعَ اللّٰهِ ؕ قَلِیْلًا مَّا تَذَكَّرُوْنَ ۝

آیت نمبر ۶۲: اَمْ منقطعہ مَنْ اسم موصول یُجِیْبُ فعل هُوَ مستتر فاعل اَلْمُضْطَرَّ مفعول بہ اِذَا مضاف دَعَا فعل هُوَ مستتر فاعل ہٗ ضمیر مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ مضاف الیہ، مرکب اضافی یُجِیْبُ کا مفعول فیہ، سب مل کر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ یَكْشِفُ فعل هُوَ مستتر فاعل اَلسُّوْٓءَ مفعول بہ، فعل با فاعل ومفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف اول، واؤ عاطفہ یَجْعَلُ فعل هُوَ مستتر فاعل كُمْ ضمیر مفعول بہ اول، خُلَفَآءَ الْاَرْضِ مرکب اضافی مفعول بہ ثانی سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف ثانی، معطوف علیہ باامعطوفین صلہ، موصول باصلہ مبتدا، خبر محذوف ہے کَمَنْ لَا یُجِیْبُ، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ انشائیہ ہوا۔ ہمزہ استفہامیہ اِلٰهٌ مبتدا، مَعَ اللّٰهِ مرکب اضافی کَائِنٌ کا مفعول فیہ ہو کر خبر، مبتدا باخبر جملہ انشائیہ استفہامیہ ہوا۔ قَلِیْلًا بواسطہ موصوف محذوف تَذَكُّرًا کے مفعول مطلق مقدم، مَا زائدہ تَذَكَّرُوْنَ فعل باواؤ ضمیر فاعل ومفعول مطلق جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

اَمَّنْ یَّهْدِیْكُمْ فِیْ ظُلُمٰتِ الْبَرِّ وَالْبَحْرِ وَمَنْ یُّرْسِلُ الرِّیٰحَ بُشْرًۢا بَیْنَ یَدَیْ رَحْمَتِهٖ ؕ

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

ءَاِلٰهٌ مَّعَ اللّٰهِ ؕ تَعٰلَى اللّٰهُ عَمَّا يُشْرِكُوْنَ ۝

آیت نمبر ۶۳: اَمْ منقطعہ مَنْ اسم موصول يَهْدِيْ فعل هُوَ مستتر فاعل كُمْ ضمیر مفعول بہ فی جارہ ظُلُمٰتِ مضاف اَلْبَرِّ وَالْبَحْرِ معطوف علیہ باسمعطوف مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ مجرور، جار باجرور متعلق ہوئے، فعل بافاعل ومفعول بہ متعلق جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول باصلہ معطوف علیہ، واؤعاطفہ مَنْ موصول يُرْسِلُ فعل هُوَ مستتر فاعل اَلرِّيٰحَ مفعول بہ وَالحال بُشْرًا بمعنی مُبَشِّرَاتٍ اسم فاعل ھِیَ مستتر فاعل بَيْنَ يَدَيْ رَحْمَتِهٖ مرکب اضافی مفعول فیہ سے مل کر حال ذوالحال باحال منصوب ہے، فعل بافاعل ومفعول بہ صلہ، موصول باصلہ معطوف، معطوف علیہ باسمعطوف مبتداء اوراس کی خبر محذوف ہے كَمَنْ لَّا يَهْدِيْ، مبتداخبر جملہ اسمیہ انشائیہ ہوا ءَاِلٰهٌ مَّعَ اللّٰهِ اس کی ترکیب ابھی گزری ہے۔ تَعَالٰى فعل اَللّٰهُ فاعل عَنْ جارہ مَا يُشْرِكُوْنَ موصول باصلہ مجرور، جار باجرور متعلق ہوئے، فعل بافاعل ومتعلق جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

اَمَّنْ يَّبْدَؤُا الْخَلْقَ ثُمَّ يُعِيْدُهٗ وَمَنْ يَّرْزُقُكُمْ مِّنَ السَّمَآءِ وَالْاَرْضِ ؕ ءَاِلٰهٌ مَّعَ اللّٰهِ ؕ قُلْ هَاتُوْا بُرْهَانَكُمْ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ۝

آیت نمبر ۶۴: اَمْ منقطعہ مَنْ اسم موصول يَبْدَؤُا فعل هُوَ مستتر فاعل اَلْخَلْقَ مفعول بہ سے مل کر معطوف علیہ ثُمَّ عاطفہ يُعِيْدُ فعل هُوَ مستتر فاعل هٗ ضمیر مفعول بہ سے مل کر معطوف، معطوف علیہ باسمعطوف صلہ، موصول باصلہ معطوف علیہ واؤعاطفہ مَنْ اسم موصول يَّرْزُقُ فعل هُوَ مستتر فاعل كُمْ ضمیر مفعول بہ مِنْ جارہ اَلسَّمَآءِ وَالْاَرْضِ معطوف علیہ باسمعطوف مجرور، جار باجرور يَرْزُقُ کے متعلق ہوئے، فعل بافاعل ومفعول بہ ومتعلق جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول باصلہ معطوف، معطوف علیہ باسمعطوف مبتداء اوراس کی خبر محذوف ہے كَمَنْ لَّا يَبْدَؤُا ... الخ، مبتداخبر جملہ اسمیہ انشائیہ ہوا ءَاِلٰهٌ مَّعَ اللّٰهِ اس کی ترکیب گزر چکی ہے۔ قُلْ فعل اَنْتَ مستتر فاعل سے مل کر قول، هَاتُوْا اسم فعل بمعنی امر واؤ ضمیر فاعل بُرْهَانَكُمْ مرکب اضافی مفعول بہ سے مل کر جملہ انشائیہ امریہ دال بر جزاء اِنْ شرطیہ كُنْتُمْ فعل ناقص تُمْ ضمیر اس کا اسم صٰدِقِيْنَ خبر، فعل ناقص با اسم وخبر شرط، شرط دال بر جزا سے مل کر مقولہ، قول باقولہ جملہ انشائیہ امریہ ہوا۔

قُلْ لَّا يَعْلَمُ مَنْ فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ الْغَيْبَ اِلَّا اللّٰهُ ؕ وَمَا يَشْعُرُوْنَ اَيَّانَ يُبْعَثُوْنَ ۝

آیت نمبر ۶۵: قُلْ فعل اَنْتَ مستتر فاعل قول، لَا يَعْلَمُ فعل مَنْ موصول فِي جارہ اَلسَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ معطوف علیہ باسمعطوف مجرور، جار باجرور فعل محذوف ثَبَتَ کے متعلق ہو کر صلہ، موصول باصلہ فاعل اَلْغَيْبَ مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ مقولہ، قول باقولہ جملہ انشائیہ امریہ ہوا اِلَّا حرف استثناء بمعنی لٰكِنَّ اَللّٰهُ مبتداء اوراس کی خبر محذوف ہے يَعْلَمُ اور یہ مستثنیٰ منقطع ہے، واؤعاطفہ مَا نافیہ يَشْعُرُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل اَيَّانَ استفہامیہ محلاً منصوب مفعول فیہ مقدم يُبْعَثُوْنَ فعل مجہول واؤ ضمیر نائب فاعل ومفعول فیہ سے مل کر جملہ انشائیہ محلاً منصوب مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ مقولہ پر معطوف ہوا۔

بَلِ ادّٰرَكَ عِلْمُهُمْ فِي الْاٰخِرَةِ ۚ بَلْ هُمْ فِيْ شَكٍّ مِّنْهَا ۚ بَلْ هُمْ مِّنْهَا عَمُوْنَ ۝

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

آیت نمبر ۶۶: بَلِ براۓ اضراب اِدّٰرَكَ فعل عِلْمُهُمْ مرکب اضافی فاعل فِي الْاٰخِرَةِ متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ بَلْ عاطفہ هُمْ ضمیر مبتدا فِيْ جارہ شَكٍّ موصوف مِنْهَا ظرف مستقر كَائِنٍ کے متعلق ہو کر صفت، موصوف باصفت مجرور، جار با مجرور كَائِنُوْنَ کے متعلق ہو کر خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ بَلْ عاطفہ هُمْ ضمیر مبتدا، مِنْهَا جار با مجرور متعلق مقدم عَمُوْنَ کے، عَمُوْنَ با متعلق مقدم خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

❁ رکوع نمبر ۶ ❁

وَقَالَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا ءَاِذَا كُنَّا تُرٰبًا وَّاٰبَآؤُنَآ اَئِنَّا لَمُخْرَجُوْنَ ۝

آیت نمبر ۶۷: واؤ استینافیہ قَالَ فعل الَّذِيْنَ كَفَرُوْا موصول باصلہ فاعل، فعل با فاعل قول، هَمزہ استفہامیہ اِذَا مضاف كُنَّا فعل ناقص نَا ضمیر معطوف علیہ واؤ عاطفہ اٰبَآؤُنَا مرکب اضافی معطوف، معطوف علیہ با معطوف كُنَّا کا اسم تُرٰبًا خبر، فعل ناقص با اسم و خبر جملہ فعلیہ خبریہ مضاف الیہ، مضاف با مضاف الیہ مفعول فیہ ہوا فعل محذوف لُخْرَجُ کا، لُخْرَجُ فعل مجہول نَحْنُ مستتر نائب فاعل و مفعول فیہ سے مل کر مقولہ، قول با مقولہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ (مظہری) هَمزہ استفہامیہ، اِنَّ حرف تحقیق نَا ضمیر اس کا اسم لام مزحلقہ مُخْرَجُوْنَ اسم مفعول با نَحْنُ مستتر نائب فاعل شبہ جملہ ہو کر خبر، اِنَّ با اسم و خبر جملہ انشائیہ استفہامیہ ہوا۔

لَقَدْ وُعِدْنَا هٰذَا نَحْنُ وَاٰبَآؤُنَا مِنْ قَبْلُ ۙ اِنْ هٰذَآ اِلَّآ اَسَاطِيْرُ الْاَوَّلِيْنَ ۝

آیت نمبر ۶۸: لام موطئہ لقسم قَدْ حرف تحقیق وُعِدْنَا فعل مجہول نَا ضمیر مؤکد نَحْنُ تاکید، مؤکد با تاکید معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اٰبَآؤُنَا مرکب اضافی معطوف، معطوف علیہ با معطوف نائب فاعل هٰذَا اِلَّا منصوب مفعول بہ مِنْ قَبْلُ جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل مجہول با نائب فاعل و مفعول بہ و متعلق جواب قسم، قسم با جواب قسم جملہ انشائیہ قسمیہ ہوا۔ اِنْ نافیہ هٰذَا مبتدا اِلَّا حرف استثناء اَسَاطِيْرُ الْاَوَّلِيْنَ مرکب اضافی خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

قُلْ سِيْرُوْا فِي الْاَرْضِ فَانْظُرُوْا كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الْمُجْرِمِيْنَ ۝

آیت نمبر ۶۹: قُلْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل سے مل کر قول سِيْرُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل فِي الْاَرْضِ متعلق سے مل کر جملہ انشائیہ معطوف علیہ، فَاء عاطفہ انْظُرُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل كَيْفَ كَانَ کا مفعول فیہ ہو کر خبر مقدم ہے كَانَ ناقصہ کی، عَاقِبَةُ الْمُجْرِمِيْنَ مرکب اضافی اسم مؤخر كَانَ با اسم و خبر جملہ استفہامیہ محلاً منصوب مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف مقولہ، قول با مقولہ جملہ انشائیہ ہوا۔

وَلَا تَحْزَنْ عَلَيْهِمْ وَلَا تَكُنْ فِيْ ضَيْقٍ مِّمَّا يَمْكُرُوْنَ ۝

آیت نمبر ۷۰: واؤ عاطفہ لَا تَحْزَنْ فعل نہی اَنْتَ مستتر فاعل عَلَيْهِمْ متعلق سے مل کر جملہ انشائیہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لَا تَكُنْ فعل ناقص اَنْتَ مستتر اسم فِيْ جارہ ضَيْقٍ موصوف مِنْ جارہ مَا يَمْكُرُوْنَ موصول باصلہ مجرور، جار با مجرور كَائِنٍ کے متعلق ہو کر صفت، موصوف باصفت مجرور، جار با مجرور كَائِنًا کے متعلق ہو کر لَا تَكُنْ کی خبر، فعل ناقص با اسم و خبر معطوف، معطوف علیہ با معطوف قَبْلُ معطوف ہوا۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

وَيَقُوْلُوْنَ مَتٰى هٰذَا الْوَعْدُ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ۝

آیت نمبر ۷۱: واؤ استینافیہ یَقُوْلُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر قول، مَتٰی مستقبلیہ کَائِنٌ کا مفعول فیہ ہو کر خبر مقدم ہٰذَا الْوَعْدُ موصوف باصفت مبتدا مؤخر، مبتدا باخبر جملہ انشائیہ دال بر جزاء اِنْ شرطیہ کُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ فعل ناقص با اسم و خبر شرط، شرط دال بر جزاء سے مل کر مقولہ، قول با مقولہ جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

قُلْ عَسٰٓى اَنْ يَّكُوْنَ رَدِفَ لَكُمْ بَعْضُ الَّذِيْ تَسْتَعْجِلُوْنَ ۝

آیت نمبر ۷۲: قُلْ فعل امر با کاف مستتر فاعل قول، عَسٰی فعل تام اَنْ ناصبہ یَکُوْنَ فعل ناقص ھُوَ ضمیر شان مستتر اس کا اسم رَدِفَ فعل لَکُمْ جار با مجرور متعلق ہوئے، بَعْضُ مضاف الَّذِیْ اسم موصول تَسْتَعْجِلُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل صلہ، موصول باصلہ مضاف الیہ، مضاف با مضاف الیہ رَدِفَ کا فاعل، فعل با فاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ یَکُوْنُ کی خبر، یَکُوْنُ با اسم و خبر بتاویل مصدر عَسٰی کا فاعل، عَسٰی با فاعل جملہ فعلیہ انشائیہ مقولہ، قول با مقولہ جملہ انشائیہ امریہ ہوا۔

وَاِنَّ رَبَّكَ لَذُوْ فَضْلٍ عَلَى النَّاسِ وَلٰكِنَّ اَكْثَرَهُمْ لَا يَشْكُرُوْنَ ۝

آیت نمبر ۷۳: واؤ استینافیہ اِنَّ حرف مشبہ رَبَّکَ مرکب اضافی اس کا اسم لَامہ ملحقہ ذُوْ مضاف فَضْلٍ موصوف عَلٰی جارہ النَّاسِ ذوالحال واؤ حالیہ لٰکِنَّ حرف استدراک اَکْثَرَھُمْ مرکب اضافی اس کا اسم لَا یَشْکُرُوْنَ فعل با واؤ ضمیر فاعل خبر، لٰکِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ حال، ذوالحال با حال مجرور، جار با مجرور کَائِنٍ کے متعلق ہو کر صفت، اور عَلَی النَّاسِ کو فَضْلٍ کے متعلق بنانا بھی جائز ہے، موصوف باصفت مضاف الیہ، مضاف با مضاف الیہ خبر اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

وَاِنَّ رَبَّكَ لَيَعْلَمُ مَا تُكِنُّ صُدُوْرُهُمْ وَمَا يُعْلِنُوْنَ ۝

آیت نمبر ۷۴: واؤ عاطفہ اِنَّ حرف تحقیق رَبَّکَ مرکب اضافی اِنَّ کا اسم لَامہ ملحقہ یَعْلَمُ فعل ھُوَ مستتر فاعل مَا اسم موصول تُکِنُّ فعل صُدُوْرُھُمْ مرکب اضافی فاعل سے مل کر صلہ، موصول باصلہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ مَا اسم موصول یُعْلِنُوْنَ فعل با واؤ ضمیر فاعل صلہ، موصول باصلہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف یَعْلَمُ کا مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ خبر اِنَّ با اسم و خبر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

وَمَا مِنْ غَآئِبَةٍ فِي السَّمَآءِ وَالْاَرْضِ اِلَّا فِيْ كِتٰبٍ مُّبِيْنٍ ۝

آیت نمبر ۷۵: واؤ عاطفہ مَا نافیہ مِنْ جارہ زائدہ غَآئِبَةٍ موصوف فِی جارہ السَّمَآءِ وَ الْاَرْضِ معطوف علیہ با معطوف مجرور، جار با مجرور کَائِنَةٍ کے متعلق ہو کر صفت، موصوف باصفت مرفوع محلاً مبتدا، اِلَّا حرف استثناء فِی جارہ کِتٰبٍ مُّبِیْنٍ مرکب توصیفی مجرور، جار با مجرور کَائِنٌ کے متعلق ہو کر مستثنیٰ مفرغ خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

اِنَّ هٰذَا الْقُرْاٰنَ يَقُصُّ عَلٰى بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ اَكْثَرَ الَّذِيْ هُمْ فِيْهِ يَخْتَلِفُوْنَ ۝

آیت نمبر ۷۶: اِنَّ حرف تحقیق ھٰذَا الْقُرْاٰنَ موصوف باصفت اِنَّ کا اسم یَقُصُّ فعل ھُوَ مستتر فاعل عَلٰی جارہ بَنِیْ اِسْرَآءِیْلَ

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

مرکب اضافی مجرور، جار باجرور متعلق ہوئے ما کی ہو مضاف اَلَّذِیْ اسم موصول ھُمْ ضمیر مبتدا یَخْتَلِفُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل فِیْهِ متعلق مقدم سے مل کر صلہ، موصول باصلہ مضاف الیہ، مضاف باضافت الیہ یَقْضِیْ کا مفعول بہ، فعل بافاعل و متعلق و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ خبر اِنَّ با اسم ہو خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

وَاِنَّهٗ لَهُدًى وَّرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ ﴿۷۷﴾

آیت نمبر ۷۷: واؤ عاطفہ اِنَّ حرف تحقیق ہٗ ضمیر اس کا اسم لَ لام ابتدا ھُدًی مرفوع تقدیر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ رَحْمَةٌ موصوف لِلْمُؤْمِنِيْنَ کائنۃٌ کے متعلق ہو کر صفت، موصوف باصفت معطوف، معطوف علیہ باعطوف خبر اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

اِنَّ رَبَّكَ يَقْضِيْ بَيْنَهُمْ بِحُكْمِهٖ ۚ وَهُوَ الْعَزِيْزُ الْعَلِيْمُ ﴿۷۸﴾

آیت نمبر ۷۸: اِنَّ حرف تحقیق رَبَّكَ مرکب اضافی اِنَّ کا اسم یَقْضِیْ فعل ھُوَ مستتر فاعل بَیْنَھُمْ مرکب اضافی مفعول فیہ، بِحُكْمِهٖ متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ خبر اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا واؤ عاطفہ یا حالیہ ھُوَ ضمیر مبتدا اَلْعَزِیْزُ الْعَلِیْمُ دو خبر، مبتدا با خبرین جملہ اسمیہ خبریہ معطوفہ یا حالیہ ہوا۔

فَتَوَكَّلْ عَلَى اللّٰهِ ۭ اِنَّكَ عَلَى الْحَقِّ الْمُبِيْنِ ﴿۷۹﴾

آیت نمبر ۷۹: فَاء فصیحہ اور اس کی شرط محذوف ہے اِنْ عَرَفْتَ هٰذِهِ الصِّفَاتِ لِلّٰهِ تَعَالٰی وَاٰمَنْتَ، تَوَكَّلْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل عَلَى اللّٰهِ متعلق سے مل کر جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا اِنَّ حرف تحقیق کاف ضمیر اسم عَلَى جار اَلْحَقِّ الْمُبِيْنِ مرکب توصیفی مجرور، جار باجرور کَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ معللہ ہوا۔

اِنَّكَ لَا تُسْمِعُ الْمَوْتٰى وَلَا تُسْمِعُ الصُّمَّ الدُّعَاۗءَ اِذَا وَلَّوْا مُدْبِرِيْنَ ﴿۸۰﴾

آیت نمبر ۸۰: اِنَّ حرف تحقیق کاف ضمیر اسم لَا تُسْمِعُ فعل اَنْتَ مستتر فاعل اَلْمَوْتٰی مفعول بہ سے مل کر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لَا تُسْمِعُ فعل اَنْتَ مستتر فاعل اَلصُّمَّ مفعول بہ اوّل اَلدُّعَاءَ مفعول بہ ثانی اِذَا مضاف وَلَّوْا فعل واؤ ضمیر واؤ حال مُدْبِرِیْنَ حال ذوالحال باحال فاعل، فعل بافاعل جملہ فعلیہ خبریہ مضاف الیہ، مضاف باضافت الیہ لَا تُسْمِعُ کا مفعول فیہ، فعل بافاعل و مفاعیل ثلاثہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ باعطوف خبر اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ تعلیل ثانی ہے۔

وَمَآ اَنْتَ بِهٰدِ الْعُمْيِ عَنْ ضَلٰلَتِهِمْ ۭ اِنْ تُسْمِعُ اِلَّا مَنْ يُّؤْمِنُ بِاٰيٰتِنَا فَهُمْ مُّسْلِمُوْنَ ﴿۸۱﴾

آیت نمبر ۸۱: واؤ عاطفہ مَا حجازیہ اَنْتَ ضمیر اس کا اسم بَاء زائدہ هَادِی اسم فاعل مضاف اَلْعُمْیِ مضاف الیہ معنی مفعول بہ، عَنْ ضَلَالَتِهِمْ جار باجرور متعلق، اسم فاعل مضاف باضافت الیہ و متعلق مَا منصوب خبر مَا با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا اِنْ نافیہ تُسْمِعُ فعل اَنْتَ مستتر فاعل اِلَّا حرف استثناء مَنْ اسم موصول یُؤْمِنُ فعل ھُوَ مستتر فاعل بِاٰیٰتِنَا متعلق سے مل کر صلہ، موصول باصلہ تُسْمِعُ کا مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معللہ ہوا۔ فَاء فصیحہ اور اس کی شرط محذوف ہے اِذَا یُؤْمِنُوْنَ بِاٰیَاتِنَا

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

هُمْ ضمیر مبتدا مُسْلِمُوْنَ خبر، مبتدا با خبر جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہوا یہ جملہ اولیٰ کی تعلیل ہے

وَ اِذَا وَقَعَ الْقَوْلُ عَلَيْهِمْ اَخْرَجْنَا لَهُمْ دَآبَّةً مِّنَ الْاَرْضِ تُكَلِّمُهُمْ اَنَّ النَّاسَ كَانُوْا بِاٰيٰتِنَا لَا يُوْقِنُوْنَ ﴿۸۲﴾

آیت نمبر ۸۲: واؤ استیناف اِذَا شرطیہ مفعول فیہ مقدم وَقَعَ فعل اَلْقَوْلُ فاعل عَلَيْهِمْ متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ شرط، اَخْرَجْنَا فعل نا ضمیر فاعل لَهُمْ جار با مجرور متعلق ہو کے دَآبَّةً موصوف مِنَ الْاَرْضِ جار با مجرور متعلق ہونے تُكَلِّمُهُمْ فعل ہی مستتر فاعل هُمْ ضمیر مفعول بہ اَنَّ حرف تحقیق اَلنَّاسَ اس کا اسم كَانُوْا فعل ناقص واؤ ضمیر اسم لَا يُوْقِنُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل بِاٰيٰتِنَا متعلق سے مل کر خبر، اَنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ بتاویل مفرد منصوب بنزع الخافض دراصل بِاَنَّ ہے جار با مجرور تُكَلِّمُهُمْ کے متعلق ہوئے، فعل با فاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ دَآبَّةً کی صفت، موصوف با صفت اَخْرَجْنَا کا مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

❁ رکوع نمبر ۷ ❁

وَ يَوْمَ نَحْشُرُ مِنْ كُلِّ اُمَّةٍ فَوْجًا مِّمَّنْ يُّكَذِّبُ بِاٰيٰتِنَا فَهُمْ يُوْزَعُوْنَ ﴿۸۳﴾

آیت نمبر ۸۳: واؤ استیناف یَوْمَ مضاف نَحْشُرُ فعل نَحْنُ مستتر فاعل مِنْ كُلِّ اُمَّةٍ جار با مجرور كَذَّبُ کے متعلق ہو کر حال مقدم فَوْجًا موصوف مِنْ حرف جر مَنْ اسم موصول يُكَذِّبُ فعل هُوَ مستتر فاعل بِاٰيٰتِنَا متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول با صلہ مجرور، جار با مجرور كَذَّبُ کے متعلق ہو کر صفت، موصوف با صفت ذوالحال مؤخر ہوا حال با عامل نَحْشُرُ کا مفعول بہ، فعل با فاعل و متعلق و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ مضاف الیہ، مضاف با مضاف الیہ مفعول بہ ہوا فعل محذوف اُذْكُرْ کا ظاہر عاطفہ هُمْ ضمیر مبتدا يُوْزَعُوْنَ فعل مجہول واؤ ضمیر نائب فاعل سے مل کر خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف ہوا۔

حَتّٰۤى اِذَا جَآءُوْ قَالَ اَكَذَّبْتُمْ بِاٰيٰتِيْ وَ لَمْ تُحِيْطُوْا بِهَا عِلْمًا اَمَّا ذَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ﴿۸۴﴾

آیت نمبر ۸۴: حَتّٰى ابتدائیہ اِذَا شرطیہ مفعول فیہ مقدم جَآءُوْ فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر شرط، قَالَ فعل هُوَ مستتر فاعل سے مل کر قول هَمْزَہ استفہامیہ كَذَّبْتُمْ فعل تُمْ ضمیر فاعل بِاٰيٰتِيْ جار با ياء مرکب اضافی ذوالحال واؤ حالیہ لَمْ تُحِيْطُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل بِهَا متعلق عِلْمًا تمیز سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ حال ذوالحال با حال مجرور جار با مجرور كَذَّبْتُمْ کے متعلق ہوئے، فعل با فاعل و متعلق جملہ انشائیہ استفہامیہ مقولہ، قول با مقولہ جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہوا اَمْ منقطعہ مَا ذَا اسم استفہام مُلْغًا منصوب تَعْمَلُوْنَ کا مفعول بہ مقدم كُنْتُمْ فعل ناقص تُمْ ضمیر اس کا اسم تَعْمَلُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل و مفعول بہ مقدم سے مل کر خبر، فعل ناقص با اسم و خبر جملہ انشائیہ استفہامیہ مستانفہ ہوا۔

وَ وَقَعَ الْقَوْلُ عَلَيْهِمْ بِمَا ظَلَمُوْا فَهُمْ لَا يَنْطِقُوْنَ ﴿۸۵﴾

آیت نمبر ۸۵: واؤ استیناف وَقَعَ فعل اَلْقَوْلُ فاعل عَلَيْهِمْ جار با مجرور متعلق با اول، بَاء جار بِمَا مصدریہ ظَلَمُوْا فعل با واؤ ضمیر

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

فاعل بتاویل مصدر مجرور، جار با مجرور متعلق مبنی ہوئے، فعل با فاعل و متعلقین جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، فَاء عاطفہ ھُمْ ضمیر مبتدا لَا يَنْطِقُوْنَ فعل با واؤ ضمیر فاعل خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ مستانفہ ہوا۔

أَلَمْ يَرَوْا أَنَّا جَعَلْنَا الَّيْلَ لِيَسْكُنُوْا فِيْهِ وَالنَّهَارَ مُبْصِرًا ۭ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّقَوْمٍ يُّؤْمِنُوْنَ ۝

آیت نمبر ۸۶: ھمزہ استفہامیہ لَمْ يَرَوْا فعل واؤ ضمیر فاعل اَنَّ حرف تحقیق نَا ضمیر اس کا اسم جَعَلْنَا فعل نَا ضمیر فاعل اَلَّيْلَ مفعول بہ اول اور مفعول بہ ثانی محذوف ہے مُظْلِمًا پھر یہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اَلنَّهَارَ مُبْصِرًا دونوں پر معطوف ہیں، لام جار ماس کے بعد اَنْ مقدر ہے يَسْكُنُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل فِيْهِ متعلق سے مل کر تاویل مصدر مجرور، جار با مجرور جَعَلْنَا کے متعلق ہوئے، فعل با فاعل و مفعولین و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ خبر، اَنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ لَمْ يَرَوْا کے دو مفعول کے قائم مقام، فعل با فاعل و مفعولین جملہ انشائیہ استفہامیہ ہوا، اِنَّ حرف تحقیق فِيْ ذٰلِكَ كَائِنَةٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم، لام تاکید یہ لَاٰيٰتٍ موصوف، لام جار قَوْمٍ موصوف يُّؤْمِنُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر صفت، موصوف با صفت مجرور، جار با مجرور كَائِنَةٌ کے متعلق ہو کر صفت، موصوف با صفت اسم مؤخر، اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

وَيَوْمَ يُنْفَخُ فِي الصُّوْرِ فَفَزِعَ مَنْ فِي السَّمٰوٰتِ وَمَنْ فِي الْاَرْضِ اِلَّا مَنْ شَاۗءَ اللّٰهُ ۭ وَكُلٌّ اَتَوْهُ دٰخِرِيْنَ ۝

آیت نمبر ۸۷: واؤ استینافیہ يَوْمَ مضاف يُنْفَخُ فعل مجہول هُوَ مستتر نائب فاعل فِي الصُّوْرِ متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ فَاء عاطفہ فَفَزِعَ فعل مَنْ موصول فِي السَّمٰوٰتِ ظرف مستقر فعل محذوف ثَبَتَ کے متعلق ہو کر صلہ، موصول با صلہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ مَنْ اسم موصول فِي الْاَرْضِ ظرف مستقر ثَبَتَ کے متعلق ہو کر صلہ، موصول با صلہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف مستثنیٰ منہ بِالَّا حرف استثناء مَنْ اسم موصول شَاۗءَ فعل اَللّٰهُ فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ مستثنیٰ دونوں مل کر فَزِعَ کا فاعل، فعل با فاعل معطوف، معطوف علیہ با معطوف يَوْمَ کا مضاف الیہ، مضاف با مضاف الیہ فعل محذوف اُذْكُرْ کا مفعول فیہ ہے۔ واؤ حالیہ كُلٌّ مبتدا اَتَوْهُ فعل واؤ ضمیر ذوالحال دَاخِرِيْنَ اسم فاعل هُمْ مستتر فاعل سے مل کر حال، ذوالحال با حال فاعل ہٗ ضمیر مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ مَنْ فِي السَّمٰوٰتِ وَمَنْ فِي الْاَرْضِ سے حال ہوا۔

وَتَرَى الْجِبَالَ تَحْسَبُهَا جَامِدَةً وَّهِيَ تَمُرُّ مَرَّ السَّحَابِ ۭ صُنْعَ اللّٰهِ الَّذِيْٓ اَتْقَنَ كُلَّ شَيْءٍ ۭ اِنَّهٗ خَبِيْرٌۢ بِمَا تَفْعَلُوْنَ ۝

آیت نمبر ۸۸: واؤ عاطفہ تَرَى فعل اَنْتَ مستتر فاعل اَلْجِبَالَ ذوالحال تَحْسَبُ فعل اَنْتَ مستتر فاعل هَا ضمیر ذوالحال واؤ حالیہ هِيَ ضمیر مبتدا تَمُرُّ فعل هِيَ مستتر فاعل مَرَّ السَّحَابِ مرکب اضافی مفعول مطلق، فعل با فاعل و مفعول مطلق جملہ فعلیہ حال ذوالحال با حال تَحْسَبُ کا مفعول بہ اول، جَامِدَةً مفعول بہ ثانی، فعل با فاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ حال ذوالحال با حال تَرَى کا مفعول بہ، فعل

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

باقاعل ومفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف ہے یَوْمَ یُنْفَخُ پر یا یَوْمَ نَحْشُرُ پر۔ صُنْعَ مضاف اَللّٰهِ موصوف اَلَّذِیْ اسم موصول اَتْقَنَ فعل هُوَ مستتر فاعل کُلَّ شَیْءٍ مرکب اضافی مفعول بہ سے مل کر صلہ، موصول باصلہ صفت، موصوف باصفت مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ مفعول مطلق ہوا فعل محذوف صَنَعَ اللّٰهُ کا، فعل باقاعل ومفعول مطلق جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ اِنَّ حرف تحقیق ہٗ ضمیر اس کا اسم خَبِیْرٌ صیغہ صفت هُوَ مستتر فاعل بِمَا جارہ مَا تَفْعَلُوْنَ موصول باصلہ مجرور، جار بامجرور متعلق ہوئے، صیغہ صفت بافاعل ومتعلق شبہ جملہ ہو کر اِنَّ کی خبر، اِنَّ باسم وخبر جملہ اسمیہ ہوا۔

مَنْ جَآءَ بِالْحَسَنَةِ فَلَهٗ خَيْرٌ مِّنْهَا ۚ وَهُمْ مِّنْ فَزَعٍ يَّوْمَئِذٍ اٰمِنُوْنَ ﴿۸۹﴾

آیت نمبر ۸۹: مَنْ شرطیہ مبتدا جَآءَ فعل هُوَ مستتر فاعل بِالْحَسَنَةِ متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ شرط، فَاء جزائیہ لَهٗ کَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم خَيْرٌ اسم تفضیل مِنْهَا جار بامجرور متعلق، اسم تفضیل با هُوَ مستتر فاعل ومتعلق خبر، مبتدا وخبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ هُمْ ضمیر مبتدا، مِنْ جار فَزَعٍ موصوف يَوْمَئِذٍ کَائِنٌ کا مفعول فیہ ہو کر صفت، موصوف باصفت مجرور، جار بامجرور متعلق مقدم اٰمِنُوْنَ اسم فاعل هُمْ مستتر فاعل ومتعلق مقدم سے مل کر شبہ جملہ ہو کر خبر، مبتدا وخبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہو کر مَنْ کی خبر، مبتدا وخبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

وَمَنْ جَآءَ بِالسَّيِّئَةِ فَكُبَّتْ وُجُوْهُهُمْ فِي النَّارِ ۭ هَلْ تُجْزَوْنَ اِلَّا مَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ﴿۹۰﴾

آیت نمبر ۹۰: واؤ عاطفہ مَنْ شرطیہ مبتدا جَآءَ فعل هُوَ مستتر فاعل بِالسَّيِّئَةِ متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر شرط، فَاء جزائیہ كُبَّتْ فعل مجہول وُجُوْهُهُمْ مرکب اضافی نائب فاعل فِي النَّارِ متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ هُمْ مبتدا محذوف کی خبر، مبتدا وخبر جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہو کر خبر، مبتدا وخبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف ہوا هَلْ حرف استفہام تُجْزَوْنَ فعل مجہول واؤ ضمیر نائب فاعل اِلَّا حرف استثناء مَا اسم موصول كُنْتُمْ فعل ناقص تُمْ ضمیر اس کا اسم تَعْمَلُوْنَ فعل باواؤ ضمیر فاعل خبر، فعل ناقص با اسم وخبر جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول باصلہ مفعول بہ، فعل مجہول بانائب فاعل ومفعول بہ جملہ انشائیہ استفہامیہ مقولہ ہوا قول محذوف يُقَالُ لَهُمْ خَزَنَةُ جَهَنَّمَ کا۔ (مظہری) قول باقولہ جملہ فعلیہ خبریہ وُجُوْهُهُمْ کی هُمْ ضمیر سے حال ہوا۔

اِنَّمَآ اُمِرْتُ اَنْ اَعْبُدَ رَبَّ هٰذِهِ الْبَلْدَةِ الَّذِيْ حَرَّمَهَا وَلَهٗ كُلُّ شَيْءٍ وَّاُمِرْتُ اَنْ اَكُوْنَ مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ ﴿۹۱﴾ وَاَنْ اَتْلُوَا الْقُرْاٰنَ ۚ فَمَنِ اهْتَدٰى فَاِنَّمَا يَهْتَدِيْ لِنَفْسِهٖ ۚ وَمَنْ ضَلَّ فَقُلْ اِنَّمَآ اَنَا مِنَ الْمُنْذِرِيْنَ ﴿۹۲﴾

آیت نمبر ۹۱، ۹۲: اِنَّ حرف تحقیق مَا کافہ اُمِرْتُ فعل مجہول تاء مضمومہ ضمیر نائب فاعل اَنْ ناصبہ اَعْبُدَ فعل اَنَا مستتر فاعل رَبَّ مضاف هٰذِهِ الْبَلْدَةِ موصوف باصفت مضاف الیہ، مضاف باضاف الیہ موصوف اَلَّذِیْ اسم موصول حَرَّمَ فعل هُوَ مستتر ذوالحال واؤ حالیہ لَهٗ کَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم كُلُّ شَیْءٍ مرکب اضافی مبتدا مؤخر، مبتدا وخبر جملہ اسمیہ خبریہ حال ذوالحال باحال حَرَّمَ کا فاعل هَا ضمیر مفعول بہ، فعل باقاعل ومفعول بہ صلہ، موصول باصلہ رَبَّ کی صفت، موصوف باصفت اَعْبُدَ کا مفعول بہ، فعل

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

بافاعل ومفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ منصوب بنزع الخافض اصل میں بِاَنْ ہے جار ہا مجرور اُمِرْتُ کے متعلق ہوئے، فعل مجہول بانائب فاعل ومتعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اُمِرْتُ فعل مجہول تمام مضموم نائب فاعل اَنْ ناصبہ اَکُوْنَ فعل ناقص اَنَا مستتر اس کا اسم مِنَ الْمُسْلِمِیْنَ ظرف مستقر کَائِنًا کے متعلق ہو کر خبر، فعل ناقص با اسم وخبر جملہ فعلیہ خبریہ بتاویل مصدر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اَنْ ناصبہ اَتْلُوَ فعل اَنَا مستتر فاعل اَلْقُرْاٰنَ مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ بتاویل مصدر معطوف، معطوف علیہ بامعطوف منصوب بنزع الخافض اُمِرْتُ کے متعلق ہوئے، فعل مجہول بانائب فاعل ومتعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف جملہ مستانفہ ہوا۔

فَاء استینافیہ مَنْ شرطیہ مبتدا اِهْتَدٰی فعل هُوَ مستتر فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر شرط، فَاء جزائیہ اِنَّ حرف تحقیق مَا کافہ فَ یَهْتَدِیْ فعل هُوَ مستتر فاعل لِنَفْسِهٖ متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ جزاء، شرط با جزاء مَنْ کی خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ مَنْ شرطیہ مبتدا ضَلَّ فعل هُوَ مستتر فاعل شرط، فَاء جزائیہ قُلْ فعل امر بِاَنْتَ مستتر فاعل قول، اِنَّ حرف تحقیق مَا کافہ اَنَا ضمیر مبتدا، مِنَ الْمُنْذِرِیْنَ جار با مجرور کَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ مقولہ، قول با مقولہ جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ مَنْ کی خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف جملہ مستانفہ ہوا۔

وَقُلِ الْحَمْدُ لِلّٰهِ سَيُرِيْكُمْ اٰيٰتِهٖ فَتَعْرِفُوْنَهَا ؕ وَمَا رَبُّكَ بِغَافِلٍ عَمَّا تَعْمَلُوْنَ ﴿۹۳﴾

آیت نمبر ۹۳: واؤ عاطفہ قُلْ فعل امر بِاَنْتَ فاعل قول، اَلْحَمْدُ مبتدا لِلّٰهِ کَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ مقولہ، قول با مقولہ جملہ انشائیہ امریہ ہوا سِیْنَ علامت استقبال فعل یُرِیْ فعل هُوَ مستتر فاعل کُمْ ضمیر مفعول بہ اوّل اٰیٰتِهٖ مرکب اضافی مفعول بہ ثانی سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، فَاء عاطفہ تَعْرِفُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل هَا ضمیر مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف جملہ مستانفہ ہوا، واؤ استینافیہ مَا حجازیہ رَبُّكَ مرکب اضافی مَا کا اسم بَاء زائدہ غَافِلٍ اسم فاعل عَنْ جارہ مَا موصولہ تَعْمَلُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل صلہ، موصول باصلہ مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے، اسم فاعل بِهُوَ فاعل ومتعلق محلاً منصوب خبر، مَا با اسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

ترکیب سُوْرَةُ الْقَصَصِ

رکوع نمبر ۱

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝ طٰسٓمٓ ۝١ تِلْكَ اٰيٰتُ الْكِتٰبِ الْمُبِيْنِ ۝٢

آیت نمبر ۱، ۲: طٰسٓمٓ خبر ہے مبتدا محذوف ھُوَ کی، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ تِلْكَ اسم اشارہ مبتدا، اٰيٰتُ مضاف اَلْكِتٰبِ الْمُبِيْنِ مرکب توصیفی مضاف الیہ، مضاف با مضاف الیہ خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

نَتْلُوْا عَلَيْكَ مِنْ نَّبَاِ مُوْسٰى وَفِرْعَوْنَ بِالْحَقِّ لِقَوْمٍ يُّؤْمِنُوْنَ ۝٣

آیت نمبر ۳: نَتْلُوْا فعل نَحْنُ مستتر واو الحال بِالْحَقِّ مُتَلَبِّسِيْنَ کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال باحال فاعل عَلَيْكَ جار ا مجرور متعلق اول، مِنْ جارہ نَبَاِ مضاف مُوْسٰى وَفِرْعَوْنَ معطوف علیہ با معطوف مضاف الیہ، مضاف با مضاف الیہ مجرور، جار ا مجرور متعلق ثانی، لام جارہ قَوْمٍ موصوف يُّؤْمِنُوْنَ فعل با واؤ ضمیر فاعل جملہ فعلیہ خبریہ صفت، موصوف با صفت مجرور، جار ا مجرور متعلق ثالث، فعل با فاعل و متعلقات ثلاثہ جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ یا تِلْكَ کی خبر ہوا۔

اِنَّ فِرْعَوْنَ عَلَا فِي الْاَرْضِ وَجَعَلَ اَهْلَهَا شِيَعًا يَّسْتَضْعِفُ طَآئِفَةً مِّنْهُمْ يُذَبِّحُ اَبْنَآءَهُمْ وَيَسْتَحْيٖ نِسَآءَهُمْ ۭ اِنَّهٗ كَانَ مِنَ الْمُفْسِدِيْنَ ۝٤

آیت نمبر ۴: اِنَّ حرف تحقیق فِرْعَوْنَ اس کا اسم عَلَا فعل هُوَ مستتر فاعل فِي الْاَرْضِ متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ جَعَلَ فعل هُوَ مستتر فاعل اَهْلَهَا مرکب اضافی مفعول بہ اول شِيَعًا موصوف يَّسْتَضْعِفُ فعل هُوَ مستتر فاعل طَآئِفَةً موصوف مِّنْهُمْ كَائِنَةً کے متعلق ہو کر صفت، موصوف با صفت مفعول بہ ثانی، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ مبدل منہ يُذَبِّحُ فعل هُوَ مستتر فاعل اَبْنَآءَهُمْ مرکب اضافی مفعول بہ سے مل کر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ يَسْتَحْيٖ فعل هُوَ مستتر فاعل نِسَآءَهُمْ مرکب اضافی مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف، بدل، مبدل منہ بابدل صفت، موصوف با صفت جَعَلَ کا مفعول بہ ثانی، فعل با فاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف خبر اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ اِنَّ حرف تحقیق هٗ ضمیر اس کا اسم كَانَ فعل ناقص هُوَ ضمیر مستتر اس کا اسم مِنَ الْمُفْسِدِيْنَ ظرف مستقر كَائِنَةً کے متعلق ہو کر خبر اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ معطلہ ہوا۔

وَنُرِيْدُ اَنْ نَّمُنَّ عَلَى الَّذِيْنَ اسْتُضْعِفُوْا فِي الْاَرْضِ وَنَجْعَلَهُمْ اَىِٕمَّةً وَّنَجْعَلَهُمُ الْوٰرِثِيْنَ ۝٥ وَنُمَكِّنَ لَهُمْ فِي الْاَرْضِ وَنُرِيَ فِرْعَوْنَ وَهَامٰنَ وَجُنُوْدَهُمَا مِنْهُمْ مَّا كَانُوْا يَحْذَرُوْنَ ۝٦

آیت نمبر ۵، ۶: واؤ عاطفہ نُرِيْدُ فعل نَحْنُ مستتر فاعل اَنْ ناصبہ نَّمُنَّ فعل نَحْنُ مستتر فاعل عَلَى جارہ الَّذِيْنَ اسم موصول

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

اُسْتُضْعِفُوْا فعل مجہول واؤ ضمیر نائب فاعل فِي الْاَرْضِ متعلق سے مل کر صلہ، موصول باصلہ مجرور، جار بامجرور متعلق ہوئے، فعل بافاعل و متعلق معطوف علیہ، واؤ عاطفہ نَجْعَلَ فعل نَحْنُ مستتر فاعل هُمْ ضمیر مفعول بہ اوّل اَئِمَّةً مفعول بہ ثانی سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف اوّل، واؤ عاطفہ نَجْعَلَهُمُ فعل نَحْنُ مستتر فاعل هُمْ ضمیر مفعول بہ اوّل اَلْوٰرِثِيْنَ مفعول بہ ثانی سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف ثانی، واؤ عاطفہ نُمَكِّنَ فعل نَحْنُ مستتر فاعل لَهُمْ متعلق اوّل فِي الْاَرْضِ متعلق ثانی سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف ثالث، واؤ عاطفہ نُرِيَ فعل نَحْنُ مستتر فاعل فِرْعَوْنَ وَهَامٰنَ وَجُنُوْدَهُمَا معطوف علیہ بامعطوفین مفعول بہ اوّل، مِنْهُمْ جار بامجرور متعلق مقدم ہوئے يَحْذَرُوْنَ کے، مَا اسم موصول كَانُوْا فعل ناقص واؤ ضمیر اس کا اسم يَحْذَرُوْنَ فعل بافاعل ضمیر فاعل و متعلق مقدم خبر، فعل ناقص با اسم و خبر جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول باصلہ مفعول بہ ثانی، فعل بافاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ معطوف رابع، معطوف علیہ بامعطوفات اربعہ بتاویل مصدر نُرِيْدُ کا مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوفہ ہوا اور اس کا عطف اِنَّ فِرْعَوْنَ.....الخ پر ہے۔

وَاَوْحَيْنَآ اِلٰٓى اُمِّ مُوْسٰٓى اَنْ اَرْضِعِيْهِ ۚ فَاِذَا خِفْتِ عَلَيْهِ فَاَلْقِيْهِ فِي الْيَمِّ وَلَا تَخَافِيْ وَلَا تَحْزَنِيْ ۚ اِنَّا رَآدُّوْهُ اِلَيْكِ وَجَاعِلُوْهُ مِنَ الْمُرْسَلِيْنَ ۝

آیت نمبر ۷: واؤ عاطفہ اَوْحَيْنَا فعل نَا ضمیر فاعل اِلٰى جار اُمِّ مُوْسٰى مرکب اضافی مجرور، جار بامجرور متعلق ہوئے، اَنْ ناصبہ اَرْضِعِيْ فعل يَاء ضمیر فاعل هِ ضمیر مفعول بہ سے مل کر بتاویل مصدر منصوب بنزع الخافض جار بامجرور متعلق ثانی، فعل بافاعل و متعلقین جملہ فعلیہ اِنَّ فِرْعَوْنَ.....الخ پر معطوف ہے فَاء تفصیلیہ اِذَا شرطیہ مفعول فیہ مقدم خِفْتِ فعل تاء مکسورہ ضمیر فاعل عَلَيْهِ جار بامجرور متعلق ہوئے، فعل بافاعل و متعلق و مفعول فیہ جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر شرط، فَاء جزائیہ اَلْقِيْ فعل يَاء ضمیر فاعل هِ ضمیر مفعول بہ فِي الْيَمِّ متعلق سے مل کر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لَا تَخَافِيْ فعل يَاء ضمیر فاعل سے مل کر جملہ انشائیہ نہیہ معطوف اوّل، واؤ عاطفہ لَا تَحْزَنِيْ فعل با فاعل جملہ انشائیہ معطوف ثانی، معطوف علیہ بامعطوفین جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا اِنَّ حرف تحقیق نَا ضمیر اس کا اسم رَآدُّوْا اسم فاعل مضاف هُ ضمیر مضاف الیہ معنًی مفعول بہ اِلَيْكِ متعلق سے مل کر شبہ جملہ ہو کر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ جَاعِلُوْا مضاف هُ مضاف الیہ معنًی مفعول بہ مِنَ الْمُرْسَلِيْنَ متعلق سے مل کر شبہ جملہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف اِنَّ کی خبر، اِنَّ باسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ معطلہ ہوا۔

فَالْتَقَطَهٗٓ اٰلُ فِرْعَوْنَ لِيَكُوْنَ لَهُمْ عَدُوًّا وَّحَزَنًا ۗ اِنَّ فِرْعَوْنَ وَهَامٰنَ وَجُنُوْدَهُمَا كَانُوْا خٰطِـِٕيْنَ ۝

آیت نمبر ۸: فَاء عاطفہ اَلْتَقَطَ فعل هُ ضمیر مفعول بہ اٰلُ فِرْعَوْنَ مرکب اضافی فاعل لام جارہ يَكُوْنَ فعل ناقص هُوَ مستتر فاعل لَهُمْ كَائِنًا کے متعلق ہو کر حال مقدم عَدُوًّا وَّحَزَنًا معطوف علیہ بامعطوف ذوالحال مؤخر ذوالحال باحال خبر، فعل ناقص با اسم و خبر بتاویل مصدر مجرور، جار بامجرور متعلق ہوئے، فعل بافاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوفہ ہوا اِنَّ حرف تحقیق فِرْعَوْنَ وَهَامٰنَ وَجُنُوْدَهُمَا معطوف علیہ بامعطوفین اِنَّ کا اسم كَانُوْا فعل ناقص واؤ ضمیر اسم خٰطِـِٕيْنَ خبر سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ خبر اِنَّ کا

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

اسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ معترضہ ہوا۔

وَقَالَتِ امْرَاَتُ فِرْعَوْنَ قُرَّتُ عَيْنٍ لِّيْ وَلَكَ ۫ لَا تَقْتُلُوْهُ ۚ عَسٰٓى اَنْ يَّنْفَعَنَآ اَوْ نَتَّخِذَهٗ وَلَدًا وَّهُمْ لَا يَشْعُرُوْنَ ۝

آیت نمبر ۹: واؤ عاطفہ قَالَتْ فعل امْرَاَتُ فِرْعَوْنَ مرکب اضافی فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ قول۔ قُرَّتُ عَيْنٍ مرکب اضافی موصوف لِيْ جار بامجرور متعلق ہو واؤ عاطفہ لَكَ جار بامجرور معطوف، معطوف علیہ بامعطوف ظرف مستقر كَائِنَةٌ کے متعلق ہو کر صفت، موصوف بامضاف خبر ہے مبتدا محذوف ھُوَ کی، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ مقولہ، قول بامقولہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ لَا تَقْتُلُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل ہٗ ضمیر مفعول بہ سے مل کر جملہ انشائیہ نہیہ ہوا۔ عَسٰى فعل تام اَنْ ناصبہ يَنْفَعَ فعل هُوَ مستتر فاعل نَا ضمیر مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، اَوْ عاطفہ نَتَّخِذَ فعل نَحْنُ مستتر فاعل ہٗ ضمیر مفعول بہ اول وَلَدًا مفعول بہ ثانی سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف بتاویل مصدر عَسٰى کا فاعل، فعل بافاعل جملہ فعلیہ انشائیہ معللہ ہوا۔ واؤ حالیہ هُمْ ضمیر مبتدا لَا يَشْعُرُوْنَ فعل بافاعل ضمیر فاعل خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر حال فِرْعَوْنَ کا حال ہے۔ یا فعل محذوف اَطَاعُوْا اِمْرَاَةَ فِرْعَوْنَ فعل مقدر کی ضمیر فاعل سے حال ہے۔

وَاَصْبَحَ فُؤَادُ اُمِّ مُوْسٰى فٰرِغًا ۭ اِنْ كَادَتْ لَتُبْدِيْ بِهٖ لَوْلَآ اَنْ رَّبَطْنَا عَلٰي قَلْبِهَا لِتَكُوْنَ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ ۝

آیت نمبر ۱۰: واؤ استیناف اَصْبَحَ فعل ناقص فُؤَادُ اُمِّ مُوْسٰى مرکب اضافی اس کا اسم فَارِغًا خبر، فعل ناقص بااسم وخبر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ اِنْ مخففہ من الثقلہ ضمیر شان مقدر اس کا اسم كَادَتْ لتقارب ہی ضمیر اس کا اسم لام فارقہ لَتُبْدِيْ فعل ہی مستتر فاعل بِهٖ متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبر كَادَتْ بااسم وخبر جملہ فعلیہ انشائیہ اِنْ کی خبر، اِنْ بااسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ معللہ ہوا۔ لَوْلَآ امتناعیہ اَنْ ناصبہ رَبَطْنَا فعل نَا ضمیر فاعل عَلٰي قَلْبِهَا جار بامجرور متعلق اول ہوئے، لام جارہ اس کے بعد اَنْ مقدر ہے تَكُوْنَ فعل ناقص ہی مستتر اسم مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ كَائِنَةً کے متعلق ہو کر خبر، فعل ناقص بااسم وخبر جملہ فعلیہ خبریہ بتاویل مصدر مجرور، جار بامجرور متعلق دوم، فعل بافاعل ومتعلقین بتاویل مصدر مبتدا اور اس کی خبر محذوف ہے هَوَجُوْدٌ، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر شرط اور اس کی جزاء محذوف ہے لَاَبْدَتْ قَوْلَهَا، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

وَقَالَتْ لِاُخْتِهٖ قُصِّيْهِ ۚ فَبَصُرَتْ بِهٖ عَنْ جُنُبٍ وَّهُمْ لَا يَشْعُرُوْنَ ۝

آیت نمبر ۱۱: واؤ عاطفہ قَالَتْ فعل ہی مستتر فاعل لِاُخْتِهٖ جار بامجرور متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ قول، قُصِّيْهِ فعل امر تاء ضمیر فاعل ہٖ ضمیر مفعول بہ سے مل کر جملہ انشائیہ مقولہ، قول بامقولہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف ہوا۔ فاء عاطفہ بَصُرَتْ فعل ہی مستتر ذوالحال عَنْ جُنُبٍ كَائِنَةً کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال بامال فاعل بِهٖ جار بامجرور متعلق ہوئے، فعل بافاعل ومتعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوفہ ہوا اور اس کا معطوف علیہ محذوف ہے فَقَصَّتْ فَبَصُرَتْ بِهٖ، واؤ حالیہ هُمْ ضمیر مبتدا لَا يَشْعُرُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل سے

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

مل کر خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر بصورت کی ضمیر فاعل سے حال ہے۔

وَ حَرَّمْنَا عَلَيْهِ الْمَرَاضِعَ مِنْ قَبْلُ فَقَالَتْ هَلْ اَدُلُّكُمْ عَلٰٓى اَهْلِ بَيْتٍ يَّكْفُلُوْنَهٗ لَكُمْ وَ هُمْ لَهٗ نٰصِحُوْنَ ﴿۱۲﴾

آیت نمبر ۱۲: واؤ استینافیہ حَرَّمْنَا فعل نا ضمیر فاعل عَلَيْهِ جار با مجرور متعلق ہوئے اَلْمَرَاضِعَ مفعول بہ مِنْ قَبْلُ جار با مجرور متعلق ہوئے فعل با فاعل و متعلقین و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ فَقَالَتْ فصیحہ اور اس کی شرط محذوف ہے لَمَّا رَاَتْ اُخْتُ مُوْسٰى ذَالِكَ۔ قَالَتْ فعل با ہی ضمیر فاعل قول، هَلْ حرف استفہام اَدُلُّ فعل اَنَا مستتر فاعل كُمْ ضمیر مفعول بہ عَلٰى جار ما اَهْلِ بَيْتٍ مرکب اضافی موصوف يَّكْفُلُوْنَ فعل واؤ ضمیر ذوالحال واؤ حالیہ هُمْ ضمیر مبتدا نَاصِحُوْنَ اسم فاعل هُمْ ضمیر فاعل لَهٗ متعلق سے مل کر شبہ جملہ ہو کر خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ حال ذوالحال با حال يَّكْفُلُوْنَ کا فاعل هٗ ضمیر مفعول بہ لَكُمْ جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل با فاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ صفت، موصوف با صفت مجرور، جار با مجرور اَدُلُّ کے متعلق ہوئے، فعل با فاعل و مفعول بہ و متعلق مقولہ، قول با مقولہ جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

فَرَدَدْنٰهُ اِلٰٓى اُمِّهٖ كَيْ تَقَرَّ عَيْنُهَا وَ لَا تَحْزَنَ وَ لِتَعْلَمَ اَنَّ وَعْدَ اللّٰهِ حَقٌّ وَّ لٰكِنَّ اَكْثَرَهُمْ لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿۱۳﴾

آیت نمبر ۱۳: فَاء عاطفہ رَدَدْنَا فعل نا ضمیر فاعل هٗ ضمیر مفعول بہ اِلٰى اُمِّهٖ جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل با فاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ فعلیہ معطوفہ ہوا۔ كَيْ حرف تعلیل اس کے بعد اَنْ مقدر ہے تَقَرَّ فعل عَيْنُهَا مرکب اضافی فاعل سے مل کر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لَا تَحْزَنَ فعل ہی مستتر فاعل سے مل کر معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ معطوفہ مؤولہ ہوا۔ واؤ عاطفہ لَامِ جارہ تعلیلیہ اور اس کے بعد اَنْ مقدر ہے تَعْلَمَ فعل ہی مستتر فاعل اَنَّ حرف تحقیق وَعْدَ اللّٰهِ مرکب اضافی اس کا اسم حَقٌّ ذوالحال واؤ حالیہ لٰكِنَّ حرف استدراک اَكْثَرَهُمْ مرکب اضافی اس کا اسم لَا يَعْلَمُوْنَ فعل با واؤ ضمیر فاعل خبر، لٰكِنَّ با اسم و خبر حال، ذوالحال با حال اَنَّ کی خبر، اَنَّ با اسم و خبر تَعْلَمَ کے دو مفعول کے قائم مقام، فعل با فاعل و مفعولین بتاویل مصدر مجرور، جار با مجرور معطوف ہے لَا تَحْزَنَ پر۔

❁ رکوع نمبر ۲ ❁

وَ لَمَّا بَلَغَ اَشُدَّهٗ وَ اسْتَوٰٓى اٰتَيْنٰهُ حُكْمًا وَّ عِلْمًا ؕ وَ كَذٰلِكَ نَجْزِي الْمُحْسِنِيْنَ ﴿۱۴﴾

آیت نمبر ۱۴: واؤ استینافیہ لَمَّا جازمہ متضمن معنی شرط مفعول فیہ مقدم بَلَغَ فعل هُوَ مستتر فاعل اَشُدَّهٗ مرکب اضافی مفعول بہ سے مل کر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اِسْتَوٰى فعل هُوَ مستتر فاعل معطوف، معطوف علیہ با معطوف شرط، اٰتَيْنَا فعل نا ضمیر فاعل هٗ ضمیر مفعول بہ اوّل حُكْمًا وَّ عِلْمًا معطوف علیہ با معطوف مفعول بہ ثانی، فعل با فاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔ واؤ اعتراضیہ كَذٰلِكَ جار با مجرور كَاٰتَيْنَا کے متعلق ہو کر بواسطہ جَزَاءً موصوف محذوف کے مفعول مطلق مقدم، نَجْزِيْ فعل نَحْنُ مستتر فاعل اَلْمُحْسِنِيْنَ مفعول بہ و مفعول مطلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معترضہ ہوا۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

وَدَخَلَ الْمَدِيْنَةَ عَلٰى حِيْنِ غَفْلَةٍ مِّنْ اَهْلِهَا فَوَجَدَ فِيْهَا رَجُلَيْنِ يَقْتَتِلٰنِ ۚ هٰذَا مِنْ شِيْعَتِهٖ وَهٰذَا مِنْ عَدُوِّهٖ ۚ فَاسْتَغَاثَهُ الَّذِيْ مِنْ شِيْعَتِهٖ عَلَى الَّذِيْ مِنْ عَدُوِّهٖ ۙ فَوَكَزَهٗ مُوْسٰى فَقَضٰى عَلَيْهِ ۚ قَالَ هٰذَا مِنْ عَمَلِ الشَّيْطٰنِ ۚ اِنَّهٗ عَدُوٌّ مُّضِلٌّ مُّبِيْنٌ ﴿۱۵﴾

آیت نمبر ۱۵: واؤ عاطفہ دَخَلَ فعل هُوَ مستتر فاعل اَلْمَدِيْنَةَ مفعول بہ عَلٰى بمعنی فِيْ مضاف غَفْلَةٍ موصوف مِّنْ اَهْلِهَا مجرور مضاف الیہ مجرور، جار مجرور کَائِنَةٍ کے متعلق ہو کر صفت، موصوف باصفت مضاف الیہ، مضاف باضافت الیہ مجرور، جار مجرور کَائِنَةٍ کے متعلق ہو کر حال ہے دَخَلَ کی ضمیر فاعل سے، فعل بافاعل ومفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ فَاء عاطفہ وَجَدَ فعل هُوَ مستتر فاعل فِيْهَا جار مجرور متعلق ہو کر رَجُلَيْنِ موصوف يَقْتَتِلٰنِ فعل الف ضمیر فاعل سے مل کر صفت وَاۡهٰذَا مبتدا مِنْ شِيْعَتِهٖ كَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر، مبتدا باخبر معطوف علیہ واؤ عاطفہ هٰذَا مبتدا مِنْ عَدُوِّهٖ كَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر، مبتدا خبر معطوف، معطوف علیہ بامعطوف يَقْتَتِلٰنِ کی ضمیر فاعل سے حال ہے۔ رَجُلَيْنِ موصوف باصفت وَجَدَ کا مفعول بہ، فعل بافاعل ومتعلق ومفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر پھر یہ معطوف علیہ فَاء عاطفہ اِسْتَغَاثَهُ فعل هٗ ضمیر مفعول بہ مقدم اَلَّذِيْ اسم موصول مِنْ شِيْعَتِهٖ ظرف مستقر وقع کے متعلق ہو کر صلہ، موصول باصلہ فاعل عَلٰى بمعنی عَلَيْ اسم موصول مِنْ عَدُوِّهٖ ظرف مستقر كَائِنٍ کے متعلق ہو کر صلہ، موصول باصلہ مجرور، جار مجرور متعلق، فعل بافاعل ومفعول بہ ومتعلق جملہ فعلیہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف دَخَلَ کے لئے معطوف علیہ بامعطوف جملہ معطوفہ ہوا۔ فَاء عاطفہ وَكَزَ فعل هٗ ضمیر مفعول بہ مُوْسٰى مرفوع تقدیراً فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ فَاء عاطفہ قَضٰى فعل هُوَ مستتر فاعل عَلَيْهِ متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ معطوف، معطوف علیہ باعطوف جملہ معطوفہ ہوا قَالَ فعل بافاعل هُوَ مستتر فاعل قول هٰذَا مبتدا مِنْ عَمَلِ الشَّيْطٰنِ ظرف مستقر كَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر، مبتدا باخبر مقول، قول بامقول جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔ اِنَّ حرف تحقیق هٗ ضمیر اس کا اسم عَدُوٌّ موصوف مُّضِلٌّ صفت مُّبِيْنٌ صفت ثانیہ، موصوف باصفتین خبر اِنَّ باسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

قَالَ رَبِّ اِنِّيْ ظَلَمْتُ نَفْسِيْ فَاغْفِرْ لِيْ فَغَفَرَ لَهٗ ۚ اِنَّهٗ هُوَ الْغَفُوْرُ الرَّحِيْمُ ﴿۱۶﴾

آیت نمبر ۱۶: قَالَ فعل بافاعل هُوَ مستتر فاعل قول رَبِّ اصل میں یَا رَبِّ ہے اور یہ منادا ہے اِنَّ حرف تحقیق یَاء ضمیر اس کا اسم ظَلَمْتُ فعل تاء مضمومہ فاعل نَفْسِيْ مرکب اضافی منصوب تقدیراً مفعول بہ سے مل کر جواب۔ منادا منادا باجواب منادا جملہ ندائیہ ہو کر مقول، قول بامقول معطوف علیہ فَاء عاطفہ غْفِرْ فعل هُوَ مستتر فاعل لِيْ متعلق سے مل کر معطوف، معطوف علیہ باعطوف جملہ مستانفہ ہوا۔ فَاء فصیحہ اور اس کی شرط محذوف ہے اِنْ كُنْتُ مُذْنِبًا بِهٰذَا فَاغْفِرْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل لِيْ متعلق سے مل کر جملہ انشائیہ امریہ جزاء، شرط محذوف باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔ اِنَّ حرف تحقیق هٗ ضمیر اس کا اسم هُوَ ضمیر فصل اَلْغَفُوْرُ الرَّحِيْمُ اِنَّ کی دو خبر ہے اِنَّ باسم وخبرین جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

قَالَ رَبِّ بِمَآ اَنْعَمْتَ عَلَيَّ فَلَنْ اَكُوْنَ ظَهِيْرًا لِّلْمُجْرِمِيْنَ ﴿۱۷﴾

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

آیت نمبر ۱۷: قَالَ فعل ہُوَ مستتر فاعل قول ہوا رَبِّ اصل میں یَا رَبِّی ہے اور یہ منادیٰ ہے یاء تسمیہ جار مع مجرور مصدر یہ اَنْعَمْتَ فعل تاء متکلم فاعل عَلَیَّ متعلق سے مل کر بتاویل مصدر مجرور، جار مع مجرور متعلق ہوئے، فعل محذوف اُقْسِمُ کے، اُقْسِمُ فعل انا مستتر فاعل و متعلق جملہ فعلیہ انشائیہ ہو کر قسم اور جواب قسم محذوف ہے لَاَ تُوْبَنَّ لَاَ تُوْبَنَّ فعل با انا مستتر فاعل معطوف علیہ فاء عاطفہ لَنْ اَکُوْنَ فعل ناقص آنا مستتر اس کا اسم ظَهِيْرًا صیغہ صفت آنا مستتر فاعل لِلْمُجْرِمِيْنَ متعلق سے مل کر خبر، فعل ناقص با اسم و خبر معطوف، معطوف علیہ با معطوف جواب قسم، پھر دونوں مل کر جواب نداء، نداء با جواب نداء جملہ مقولہ، قول با مقولہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

فَاَصْبَحَ فِي الْمَدِيْنَةِ خَآئِفًا يَّتَرَقَّبُ فَاِذَا الَّذِي اسْتَنْصَرَهٗ بِالْاَمْسِ يَسْتَصْرِخُهٗ ؕ قَالَ لَهٗ مُوْسٰٓى اِنَّكَ لَغَوِيٌّ مُّبِيْنٌ ﴿۱۸﴾

آیت نمبر ۱۸: فَاء استینافیہ اَصْبَحَ فعل ناقص ہُوَ مستتر واو الحال خَآئِفًا اسم فاعل یہ ہُوَ مستتر فاعل حال اولیٰ یَّتَرَقَّبُ فعل ہُوَ مستتر فاعل سے مل کر حال ثانیہ، واو الحال با حالین اسم (مظہری) فِي الْمَدِيْنَةِ كَائِنًا کے متعلق ہو کر خبر، فعل ناقص با اسم و خبر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ فاء عاطفہ اِذَا مفاجاتیہ اَلَّذِي اسم موصول اِسْتَنْصَرَ فعل هُوَ مستتر فاعل ہٗ ضمیر مفعول بہ بِالْاَمْسِ جار مع مجرور متعلق ہوئے، فعل با فاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول با صلہ مبتدا يَسْتَصْرِخُ فعل هُوَ مستتر فاعل ہٗ ضمیر مفعول بہ سے مل کر خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ قَالَ فعل لَهٗ جار مع مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے مُوْسٰٓى فاعل، فعل با فاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ قول، اِنَّ حرف تحقیق کاف اس کا اسم لام مدخلہ غَوِيٌّ مُّبِيْنٌ مرکب توصیفی خبر ہیں اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ مقولہ، قول با مقولہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

فَلَمَّآ اَنْ اَرَادَ اَنْ يَّبْطِشَ بِالَّذِيْ هُوَ عَدُوٌّ لَّهُمَا ۙ قَالَ يٰمُوْسٰٓى اَتُرِيْدُ اَنْ تَقْتُلَنِيْ كَمَا قَتَلْتَ نَفْسًۢا بِالْاَمْسِ ۚ اِنْ تُرِيْدُ اِلَّآ اَنْ تَكُوْنَ جَبَّارًا فِي الْاَرْضِ وَمَا تُرِيْدُ اَنْ تَكُوْنَ مِنَ الْمُصْلِحِيْنَ ﴿۱۹﴾

آیت نمبر ۱۹: فَاء عاطفہ لَمَّا جازمہ متضمن معنی شرط مفعول فیہ مقدم اَنْ زائدہ اَرَادَ فعل هُوَ مستتر فاعل اَنْ ناصبہ يَّبْطِشَ فعل هُوَ مستتر فاعل با ء جار مَا اَلَّذِيْ اسم موصول هُوَ مبتدا عَدُوٌّ موصول لَّهُمَا كَائِنٌ کے متعلق ہو کر صفت، موصوف با صفت خبر، مبتدا با خبر صلہ، موصول با صلہ مجرور، جار مع مجرور يَّبْطِشَ کے متعلق، فعل با فاعل و متعلق بتاویل مصدر اَرَادَ کا مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ شرط، قَالَ فعل هُوَ مستتر فاعل سے مل کر قول یَاء حرف نداء اَدْعُوْ فعل انا مستتر فاعل مُوْسٰى منصوب تقدیراً مفعول بہ سے مل کر نداء، هَمْزَة استفہامیہ تُرِيْدُ فعل اَنْتَ مستتر فاعل اَنْ ناصبہ تَقْتُلَ فعل اَنْتَ مستتر فاعل نون وقایہ کا ء ضمیر مفعول بہ کاف جارہ مَا مصدریہ قَتَلْتَ فعل تاء متکلم فاعل نَفْسًا مفعول بہ بِالْاَمْسِ جار مع مجرور متعلق سے مل کر بتاویل مصدر مجرور، جار مع مجرور ظرف مستقر كَائِنًا کے متعلق ہو کر بواسطہ موصوف محذوف قَتْلًا کے تَقْتُلَ کا مفعول مطلق، فعل با فاعل

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

ومفعولین جملہ انشائیہ جواب نداء، نداء باجواب نداء مقولہ، قول باقولہ جملہ فعلیہ خبریہ جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔ اِنْ نافیہ تُرِيْدُ فعل اَنْتَ مستتر فاعل اِلَّا حرف استثناء اَنْ ناصبہ تَكُوْنَ فعل ناقص اَنْتَ مستتر اسم جَبَّارًا موصوف فِي الْاَرْضِ كَائِنًا کے متعلق ہو کر صفت موصوف باصفت خبر، فعل ناقص باسم وخبر بتاویل مصدر تُرِيْدُ کا مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ مَا نافیہ تُرِيْدُ فعل اَنْتَ مستتر فاعل اَنْ ناصبہ تَكُوْنَ فعل ناقص اَنْتَ مستتر اس کا اسم مِنَ الْمُصْلِحِيْنَ كَائِنًا کے متعلق ہو کر خبر، فعل ناقص باسم وخبر بتاویل مصدر مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ جملہ فعلیہ معطوف، معطوف علیہ باہم معطوف جملہ مستانفہ ہوا۔

وَجَآءَ رَجُلٌ مِّنْ اَقْصَا الْمَدِيْنَةِ يَسْعٰى قَالَ يٰمُوْسٰٓى اِنَّ الْمَلَاَ يَاْتَمِرُوْنَ بِكَ لِيَقْتُلُوْكَ فَاخْرُجْ اِنِّيْ لَكَ مِنَ النّٰصِحِيْنَ ﴿۲۰﴾

آیت نمبر ۳۱: هَمزہ استفہامیہ لَمْ تَرَ فعل اَنَّ مستتر فاعل اَنَّ حرف تحقیق اَلْفُلْكَ اس کا اسم تَجْرِيْ فعل هِيَ مستتر ذوالحال بِنِعْمَةِ اللّٰهِ ظرف مستقر مَقْرُوْنَةً کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال با حال فاعل فِي الْبَحْرِ جار یا مجرور متعلق اوّل ہوئے لَامِ جارہ تعلیلیہ اور اس کے بعد اَنْ مقدر ہے یُرِيَ فعل هُوَ مستتر فاعل كُمْ ضمیر مفعول بہ مِنْ جارہ اٰيٰتِهٖ مرکب اضافی مجرور، جار یا مجرور متعلق ہوئے، فعل با فاعل و مفعول بہ و متعلق بتاویل مصدر مجرور، جار یا مجرور متعلق ثانی، فعل با فاعل و متعلقین جملہ فعلیہ خبریہ خبر، اَنَّ با اسم و خبر لَمْ تَرَ کے دو مفعول کے قائم مقام، فعل با فاعل و مفعولین جملہ انشائیہ استفہامیہ ہوا۔ اِنَّ حرف تحقیق فِيْ ذٰلِكَ ظرف مستقر لَاٰيٰتٍ کے متعلق ہو کر خبر مقدم لَامِ مزحلقہ اٰيٰتٍ موصوف لِّكُلِّ مضاف صَبَّارٍ شَكُوْرٍ مرکب توصیفی مضاف الیہ، مضاف با مضاف الیہ مجرور، جار یا مجرور لَاٰيٰتٍ کے متعلق ہو کر صفت، موصوف با صفت اسم مؤخر اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

وَاِذَا غَشِيَهُمْ مَّوْجٌ كَالظُّلَلِ دَعَوُا اللّٰهَ مُخْلِصِيْنَ لَهُ الدِّيْنَ ۚ فَلَمَّا نَجّٰىهُمْ اِلَى الْبَرِّ فَمِنْهُمْ مُّقْتَصِدٌ ۭ وَمَا يَجْحَدُ بِاٰيٰتِنَآ اِلَّا كُلُّ خَتَّارٍ كَفُوْرٍ ﴿۳۲﴾

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

آیت نمبر ۳۲: واؤ عاطفہ اِذَا شرطیہ مفعول فیہ مقدم غَشِیَ فعل ھُمْ ضمیر مفعول بہ مَوْجٌ موصوف کَالظُّلَلِ جار باجرور کَائِنٌ کے متعلق ہو کر صفت، موصوف باصفت فاعل، فعل بافاعل ومفعولین جملہ فعلیہ خبریہ شرط دَعَوُا فعل واؤ ضمیر ذوالحال مُخْلِصِیْنَ اسم فاعل ھُمْ مستتر فاعل لَہُ متعلق اَلدِّیْنَ مفعول بہ سے مل کر شبہ جملہ ہو کر حال، اور الحال باحال فاعل اَللّٰہَ مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا فَاء عاطفہ لَمَّا شرطیہ مفعول فیہ مقدم نَجّٰی فعل ھُوَ مستتر فاعل ھُمْ ضمیر مفعول بہ اِلَی الْبَرِّ متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر شرط، فَمِنْھُمْ مُقْتَصِدٌ مبتدا موخر، مبتدا خبر جملہ اسمیہ خبریہ جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا واؤ استیناف یہ مَا نافیہ یَجْحَدُ فعل بَاء جار ما بِاٰیٰتِنَا مرکب اضافی مجرور، جار باجرور متعلق مقدم اِلَّا حرف استثناء کُلُّ مضاف خَتَّارٍ کَفُوْرٍ مرکب توصیفی مضاف الیہ، مضاف باضافت الیہ مستثنیٰ مفرغ فاعل، فعل بافاعل ومتعلق جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ اتَّقُوْا رَبَّكُمْ وَاخْشَوْا يَوْمًا لَّا يَجْزِيْ وَالِدٌ عَنْ وَّلَدِهٖ وَلَا مَوْلُوْدٌ هُوَ جَازٍ عَنْ وَّالِدِهٖ شَيْـًٔا ۭ اِنَّ وَعْدَ اللّٰهِ حَقٌّ فَلَا تَغُرَّنَّكُمُ الْحَيٰوةُ الدُّنْيَا ۪ وَلَا يَغُرَّنَّكُمْ بِاللّٰهِ الْغَرُوْرُ ۝

آیت نمبر ۳۳: یٰاَ حرف نداء قائم مقام اُدْعُوْ کے، اُدْعُوْ فعل اَنَا مستتر فاعل اَیْ موصوف ھَا برائے تنبیہ اَلنَّاسُ صفت، موصوف باصفت محلاً منصوب مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ جملہ فعلیہ انشائیہ نداء اِتَّقُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل رَبَّکُمْ مرکب اضافی مفعول بہ سے مل کر جملہ انشائیہ امریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اُخْشَوْا فعل امر واؤ ضمیر فاعل یَوْمًا موصوف لَا یَجْزِیْ فعل وَالِدٌ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لَا زائدہ مَوْلُوْدٌ موصوف (مظہری) ھُوَ مبتدا جَازٍ اسم فاعل ھُوَ مستتر فاعل عَنْ وَّالِدِہٖ جار باجرور متعلق شَیْئًا بواسطہ موصوف محذوف جَزَاءً کے مفعول مطلق، اسم فاعل بافاعل ومتعلق ومفعول مطلق شبہ جملہ ہو کر خبر، مبتدا خبر مَوْلُوْدٌ کی صفت، موصوف باصفت معطوف، معطوف علیہ یا معطوف لَا یَجْزِیْ کا فاعل عَنْ وَّلَدِہٖ جار باجرور متعلق ہوئے، فعل بافاعل ومتعلق جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر یَوْمًا کی صفت، موصوف باصفت مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ معطوف، معطوف علیہ یا معطوف جواب نداء نداء باجواب نداء جملہ انشائیہ نداء ہوا اِنَّ حرف تحقیق وَعْدَ اللّٰہِ مرکب اضافی اس کا اسم حَقٌّ خبر اِنَّ با اسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ معطلہ ہوا فَاء فصیحہ اور اس کی شرط محذوف ہے اِذَا عَلِمْتَ اَنَّ اَحَدًا لَا یَجْزِیْ عَنْ اَحَدٍ یَوْمَ الْقِیَامَۃِ (تفسیر) لَا تَغُرَّنَّ فعل نہی کُمْ ضمیر مفعول بہ اَلْحَیٰوۃُ الدُّنْیَا مرکب توصیفی فاعل، فعل بافاعل ومفعول بہ جملہ انشائیہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لَا یَغُرَّنَّ فعل نہی کُمْ ضمیر مفعول بہ بِاللّٰہِ متعلق اَلْغَرُوْرُ فاعل سے مل کر جملہ انشائیہ معطوف، معطوف علیہ یا معطوف جزاء، شرط محذوف باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

اِنَّ اللّٰهَ عِنْدَهٗ عِلْمُ السَّاعَةِ ۚ وَيُنَزِّلُ الْغَيْثَ ۚ وَيَعْلَمُ مَا فِي الْاَرْحَامِ ۭ وَمَا تَدْرِيْ نَفْسٌ مَّاذَا تَكْسِبُ غَدًا ۭ وَمَا تَدْرِيْ نَفْسٌۢ بِاَيِّ اَرْضٍ تَمُوْتُ ۭ اِنَّ اللّٰهَ عَلِيْمٌ خَبِيْرٌ ۝

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

آیت نمبر ۳۴: اِنَّ حرف تحقیق اَللّٰهَ اس کا اسم عِنْدَهٗ مرکب اضافی حَاصِلٌ محذوف کا مفعول فیہ ہو کر خبر مقدم عِلْمُ السَّاعَةِ مرکب اضافی مبتدا موخر، مبتدا مع خبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف علیہ ہوا واؤ عاطفہ يُنَزِّلُ فعل هُوَ مستتر فاعل اَلْغَيْثَ مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف اول، واؤ عاطفہ يَعْلَمُ فعل هُوَ مستتر فاعل مَا فِي الْاَرْحَامِ موصول باصلہ مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف ثانی، معطوف علیہ یا معطوفین اِنَّ کی خبر اِنَّ با اسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا واؤ عاطفہ مَا نافیہ تَدْرِيْ فعل نَفْسٌ فاعل مَاذَا استفہامیہ مفعول بہ مقدم تَكْسِبُ فعل هِيَ مستتر فاعل غَدًا مفعول فیہ اور مفعول بہ مقدم سے مل کر جملہ انشائیہ استفہامیہ ہو کر تَدْرِيْ کے دو مفعول کے قائم مقام، فعل بافاعل ومفعولین جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ ہوا واؤ عاطفہ مَا نافیہ تَدْرِيْ فعل نَفْسٌ فاعل بِاَيِّ جار مَّاٰيٍ اَرْضٍ مرکب اضافی مجرور، جار مجرور متعلق مقدم تَمُوْتُ فعل هِيَ مستتر فاعل ومتعلق مقدم سے مل کر تَدْرِيْ کے دو مفعول کے قائم مقام، فعل بافاعل ومفعولین جملہ فعلیہ خبریہ معطوف ہوا اِنَّ حرف تحقیق اَللّٰهَ اس کا اسم عَلِيْمٌ خَبِيْرٌ دو خبر، اِنَّ با اسم وخبرین جملہ اسمیہ خبریہ معطوفہ ہوا۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

ترکیب سُوْرَةُ السَّجْدَةِ

رکوع نمبر ۱

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝ الٓمّٓ ۝ تَنْزِيْلُ الْكِتٰبِ لَا رَيْبَ فِيْهِ مِنْ رَّبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۝

آیت نمبر ۱، ۲: الٓمّٓ خبر ہے مبتدا محذوف ھٰذِہٖ کی، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ تَنْزِيْلُ مضاف الْكِتٰبِ ذوالحال لَا نافی جنس رَيْبَ اس کا اسم فِيْهِ جار باجرور کَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر، لا نافی جنس با اسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ حال ہوا ذوالحال باحال مضاف الیہ، مضاف باضاف الیہ مبتدا، مِنْ جارہ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ مرکب اضافی مجرور، جار باجرور کَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

اَمْ يَقُوْلُوْنَ افْتَرٰىهُ ۚ بَلْ هُوَ الْحَقُّ مِنْ رَّبِّكَ لِتُنْذِرَ قَوْمًا مَّآ اَتٰىهُمْ مِّنْ نَّذِيْرٍ مِّنْ قَبْلِكَ لَعَلَّهُمْ يَهْتَدُوْنَ ۝ اَللّٰهُ الَّذِيْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ وَمَا بَيْنَهُمَا فِيْ سِتَّةِ اَيَّامٍ ثُمَّ اسْتَوٰى عَلَى الْعَرْشِ ۭ مَا لَكُمْ مِّنْ دُوْنِهٖ مِنْ وَّلِيٍّ وَّلَا شَفِيْعٍ ۭ اَفَلَا تَتَذَكَّرُوْنَ ۝

آیت نمبر ۳، ۴: اَمْ منقطعہ يَقُوْلُوْنَ فعل باواؤ ضمیر فاعل قول باقتراہ فعل ھُوَ مستتر فاعل ہٗ ضمیر مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر مقولہ، قول بامقولہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ بَلْ برائے اضراب ھُوَ ضمیر مبتدا اَلْحَقُّ ذوالحال مِنْ رَّبِّكَ کَائِنًا کے متعلق ہو کر حال ہوا ذوالحال باحال خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ لام جارہ تعلیلیہ اس کے بعد اَنْ مقدر ہے تُنْذِرَ فعل اَنْتَ ضمیر ذوالحال لَعَلَّ حرف ترجی ھُمْ ضمیر اس کا اسم يَهْتَدُوْنَ فعل باواؤ ضمیر فاعل خبر لَعَلَّ باسم وخبر جملہ انشائیہ ترجیہ ہو کر حال، ذوالحال باحال فاعل قَوْمًا موصوف مَا نافیہ اَتٰى فعل ھُمْ ضمیر مفعول بہ، مِنْ جارہ نَّذِيْرٍ موصوف مِنْ قَبْلِكَ جار باجرور کَائِنًا کے متعلق ہو کر صفت، موصوف باصفت محلاً مرفوع فاعل، فعل بافاعل ومفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر صفت، موصوف باصفت لِتُنْذِرَ کا مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر تاویل مصدر مجرور، جار باجرور متعلق ہوئے تَنْزِيْلُ مصدر کے اَللّٰهُ مبتدا، اَلَّذِيْ اسم موصول خَلَقَ فعل ھُوَ مستتر فاعل اَلسَّمٰوٰتِ معطوف علیہ واؤ عاطفہ اَلْاَرْضَ معطوف اول، واؤ عاطفہ مَا اسم موصول بَيْنَهُمَا مرکب اضافی مفعول فیہ ہوا فعل محذوف ثَبَتَ کا، فعل بافاعل ومفعول فیہ جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر صلہ، موصول باصلہ معطوف ہوا معطوف علیہ باموصول خَلَقَ کا مفعول بہ فِيْ جارہ سِتَّةِ اَيَّامٍ مرکب اضافی یا ممیز باتمیز مجرور، جار باجرور متعلق ہوئے خَلَقَ کے، فعل بافاعل ومفعول بہ ومتعلق جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر معطوف علیہ ثُمَّ عاطفہ اِسْتَوٰى فعل ھُوَ مستتر فاعل عَلَى الْعَرْشِ جار باجرور متعلق ہوئے، فعل بافاعل ومتعلق جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر معطوف، معطوف علیہ باموصول صلہ، موصول باصلہ خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ مَا نافیہ لَكُمْ جار باجرور ظرف مستقر کَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم مِنْ دُوْنِهٖ جار باجرور کَائِنٌ کے متعلق ہو کر حال مقدم مِنْ جارہ وَّلِيٍّ معطوف علیہ واؤ عاطفہ لَا زائدہ شَفِيْعٍ معطوف، معطوف علیہ باموصول ذوالحال مؤخر ذوالحال باحال محلاً مرفوع

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

مبتدا موخر، مبتدا اپنی خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ ھمزہ استفہامیہ فَاء عاطفہ معطوف علیہ محذوف لَا یَنْظُرُوْنَ لَا تَتَفَکَّرُوْنَ فعل باواؤ ضمیر فاعل معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ انشائیہ مستانفہ ہوا۔

یُدَبِّرُ الْاَمْرَ مِنَ السَّمَآءِ اِلَی الْاَرْضِ ثُمَّ یَعْرُجُ اِلَیْهِ فِیْ یَوْمٍ کَانَ مِقْدَارُهٗۤ اَلْفَ سَنَةٍ مِّمَّا تَعُدُّوْنَ ۝

آیت نمبر ۵: یُدَبِّرُ فعل هُوَ مستتر فاعل اَلْاَمْرَ مفعول بہ مِنَ السَّمَآءِ جار با مجرور متعلق اول اِلَی الْاَرْضِ جار با مجرور متعلق ثانی فعل با فاعل و مفعول بہ و متعلقین جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ ثُمَّ عاطفہ یَعْرُجُ فعل هُوَ ضمیر ذوالحال فِیْ جار یَوْمٍ موصوف کَانَ فعل ناقص مِقْدَارُهٗ مرکب اضافی اس کا اسم اَلْفَ سَنَةٍ مرکب اضافی موصوف مِنْ جار مَّا اسم موصول تَعُدُّوْنَ فعل باواؤ ضمیر فاعل صلہ، موصول باصلہ مجرور، جار با مجرور کَائِنًا کے متعلق ہو کر صفت، موصوف باصفت کَانَ کی خبر، فعل ناقص با اسم و خبر جملہ فعلیہ خبریہ یَوْمٍ کی صفت، موصوف باصفت مجرور، جار با مجرور کَائِنًا کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال با عائد فاعل اِلَیْهِ جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل با فاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف حال ہے خَلَقَ کی هُوَ ضمیر سے، یا اسْتَوٰی کی هُوَ ضمیر سے حال ہے۔ یا اَللّٰهُ کی خبر ہے۔

ذٰلِكَ عٰلِمُ الْغَیْبِ وَ الشَّهَادَةِ الْعَزِیْزُ الرَّحِیْمُ ۝ الَّذِیْۤ اَحْسَنَ كُلَّ شَیْءٍ خَلَقَهٗ وَ بَدَاَ خَلْقَ الْاِنْسَانِ مِنْ طِیْنٍ ۝ ثُمَّ جَعَلَ نَسْلَهٗ مِنْ سُلٰلَةٍ مِّنْ مَّآءٍ مَّهِیْنٍ ۝

آیت نمبر ۶، ۷، ۸: ذٰلِكَ اسم اشارہ مبتدا عٰلِمُ مضاف اَلْغَیْبِ وَالشَّهَادَةِ معطوف علیہ با معطوف مضاف الیہ، مضاف با مضاف الیہ خبر اول اَلْعَزِیْزُ دوسری خبر اَلرَّحِیْمُ خبر ثالث اَلَّذِیْ اسم موصول اَحْسَنَ فعل هُوَ مستتر فاعل كُلَّ شَیْءٍ موصوف خَلَقَ فعل هُوَ مستتر فاعل هٗ ضمیر مفعول بہ سے مل کر صفت، موصوف باصفت مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ واؤ عاطفہ بَدَاَ فعل خَلْقَ مصدر مضاف اَلْاِنْسَانِ مضاف الیہ مِنْ مفعول بہ طِیْنٍ جار با مجرور متعلق، مصدر مضاف با مضاف الیہ و متعلق بَدَاَ کا مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ معطوف اول ثُمَّ عاطفہ جَعَلَ فعل هُوَ مستتر فاعل نَسْلَهٗ مرکب اضافی مفعول بہ، مِنْ جار سُلٰلَةٍ موصوف مِنْ جار مَّآءٍ مَّهِیْنٍ مرکب توصیفی مجرور، جار با مجرور کَائِنَةً کے متعلق ہو کر صفت، موصوف باصفت مجرور، جار با مجرور جَعَلَ کے متعلق، فعل با فاعل و مفعول بہ معطوف ثانی، معطوف علیہ با معطوفین اَلَّذِیْ کا صلہ، موصول باصلہ خبر رابع، مبتدا با اخبار اربعہ جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

ثُمَّ سَوّٰىهُ وَ نَفَخَ فِیْهِ مِنْ رُّوْحِهٖ وَ جَعَلَ لَكُمُ السَّمْعَ وَ الْاَبْصَارَ وَ الْاَفْـِٕدَةَ ؕ قَلِیْلًا مَّا تَشْكُرُوْنَ ۝

آیت نمبر ۹: ثُمَّ عاطفہ سَوّٰی فعل هُوَ مستتر فاعل هُ ضمیر مفعول بہ سے مل کر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ نَفَخَ فعل هُوَ مستتر فاعل فِیْهِ متعلق اول، مِنْ رُّوْحِهٖ متعلق ثانی سے مل کر معطوف اول، واؤ عاطفہ جَعَلَ فعل هُوَ مستتر فاعل لَكُمُ متعلق وَالسَّمْعَ وَالْاَبْصَارَ

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

وَالْاَفْئِدَةَ معطوف علیہ با معطوفین مفعول بہ، فعل با فاعل و متعلق و مفعول بہ معطوف علی، معطوف علیہ با معطوفین جملہ معطوف ہوا۔ قَلِيْلًا بواسطہ موصوف محذوف شُكْرًا کے مفعول مطلق مقدم مَّا زائدہ تَشْكُرُوْنَ فعل با واؤ ضمیر فاعل و مفعول مطلق مقدم جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

وَقَالُوْٓا ءَاِذَا ضَلَلْنَا فِي الْاَرْضِ ءَاِنَّا لَفِيْ خَلْقٍ جَدِيْدٍ ۭ بَلْ هُمْ بِلِقَاۗئِ رَبِّهِمْ كٰفِرُوْنَ ۝

آیت نمبر ۱۰: واؤ استینافیہ قَالُوْا فعل با واؤ ضمیر فاعل قول، هَمزہ استفہامیہ اِذَا شرطیہ مفعول فیہ مقدم ضَلَلْنَا فعل نا ضمیر فاعل فِي الْاَرْضِ متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر شرط، جزاء محذوف ہے لَبُعِثْنَا، شرط با جزاء مقولہ، قول با مقولہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ هَمزہ استفہامیہ اِنَّ حرف تحقیق نا ضمیر اس کا اسم لَا عامل مشبہ بلیس جارہ خَلْقٍ جَدِيْدٍ مرکب توصیفی مجرور، جار با مجرور كٰفِرُوْنَ کے متعلق ہو کر خبر، مبتدا با خبر جزاء محذوف کی تفسیر ہے۔ بَلْ برائے اضراب هُمْ ضمیر مبتدا بِاَء جارہ لِقَاۗئِ رَبِّهِمْ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور متعلق مقدم كٰفِرُوْنَ اسم فاعل هُمْ مستتر فاعل و متعلق مقدم شبہ جملہ ہو کر خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

قُلْ يَتَوَفّٰىكُمْ مَّلَكُ الْمَوْتِ الَّذِيْ وُكِّلَ بِكُمْ ثُمَّ اِلٰى رَبِّكُمْ تُرْجَعُوْنَ ۝

آیت نمبر ۱۱: قُلْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل سے مل کر قول، يَتَوَفّٰى فعل كُمْ ضمیر مفعول بہ مَلَكُ الْمَوْتِ مرکب اضافی موصول اَلَّذِيْ اسم موصول وُكِّلَ فعل مجہول هُوَ مستتر نائب فاعل بِكُمْ متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول با صلہ صفت، موصوف با صفت فاعل، فعل با فاعل و مفعول بہ معطوف علیہ ثُمَّ عاطفہ تُرْجَعُوْنَ فعل مجہول واؤ ضمیر نائب فاعل اِلٰى رَبِّكُمْ متعلق مقدم سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف مقولہ، قول با مقولہ جملہ انشائیہ امریہ ہوا۔

❁ رکوع نمبر ۲ ❁

وَلَوْ تَرٰٓى اِذِ الْمُجْرِمُوْنَ نَاكِسُوْا رُءُوْسِهِمْ عِنْدَ رَبِّهِمْ ۭ رَبَّنَآ اَبْصَرْنَا وَسَمِعْنَا فَارْجِعْنَا نَعْمَلْ صَالِحًا اِنَّا مُوْقِنُوْنَ ۝

آیت نمبر ۱۲: واؤ استینافیہ لَوْ شرطیہ تَرٰى فعل اَنْتَ مستتر فاعل اِذِ مضاف اَلْمُجْرِمُوْنَ مبتدا نَاكِسُوْا مضاف رُءُوْسِهِمْ مرکب اضافی مضاف الیہ، مضاف با مضاف الیہ خبر، مبتدا با خبر مضاف الیہ، مضاف با مضاف الیہ مفعول فیہ، فعل با فاعل و مفعول فیہ جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر شرط، جزاء محذوف ہے لَرَاَيْتَ اَمْرًا عَظِيْمًا عِنْدَ رَبِّهِمْ مرکب اضافی نَاكِسُوْا کا مفعول فیہ ہو کر حال ہے رُءُوْسِهِمْ کی هِمْ ضمیر سے، یا نَاكِسُوْا کا مفعول فیہ ہے۔ رَبَّنَا دراصل یَا رَبَّنَا ہے اور یہ منادا ہے اَبْصَرْنَا فعل نَا ضمیر فاعل سے مل کر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ سَمِعْنَا فعل نَا ضمیر فاعل سے مل کر معطوف، معطوف علیہ با معطوف جواب ندا، منادا با جواب ندا قَائِلِيْنَ محذوف کا مقولہ ہو کر حال ہے رُءُوْسِهِمْ کی هِمْ ضمیر سے۔ فَاء فصیحہ اور اس کی شرط محذوف ہے اِذَا اعْتَرَفْنَا بِتَقْصِيْرِنَا (فقیر) اِرْجِعْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل نَا ضمیر مفعول بہ سے مل کر جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔ نَعْمَلْ فعل نَحْنُ مستتر فاعل صَالِحًا مفعول بہ سے مل کر جزاء ہے شرط مقدر اِنْ نَرْجِعْنَا کی۔ اِنَّ حرف تحقیق نَا ضمیر اس کا اسم مُوْقِنُوْنَ خبر، اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ مطلقہ ہوا۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

وَ لَوْ شِئْنَا لَاٰتَيْنَا كُلَّ نَفْسٍ هُدٰىهَا وَ لٰكِنْ حَقَّ الْقَوْلُ مِنِّيْ لَاَمْلَـَٔنَّ جَهَنَّمَ مِنَ الْجِنَّةِ وَ النَّاسِ اَجْمَعِيْنَ ﴿۱۳﴾

آیت نمبر ۱۳: واؤ عاطفہ لَوْ شرطیہ شِئْنَا فعل نا ضمیر فاعل سے مل کر شرط، لام جوابیہ اٰتَيْنَا فعل نا ضمیر فاعل كُلَّ نَفْسٍ مرکب اضافی مفعول بہ اول هُدٰى هَا مرکب اضافی مفعول بہ ثانی، فعل بافاعل و مفعولین جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔ واؤ عاطفہ لٰكِنْ حرف استدراک مہمل حَقَّ فعل اَلْقَوْلُ ذوالحال مِنِّيْ ظرف مستقر كَائِنًا کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال باحال فاعل، فعل بافاعل حال ہے هُدٰى هَا سے۔ لَاَمْلَـَٔنَّ موطئہ للقسم اور قسم محذوف ہے اَمْلَـَٔنَّ فعل اَنَا ضمیر فاعل جَهَنَّمَ مفعول بہ مِنَ جارہ اَلْجِنَّةِ وَالنَّاسِ معطوف علیہ باعطوف مؤکد اَجْمَعِيْنَ تاکید، مؤکد باتاکید مجرور، جار باجرور متعلق ہوئے، فعل بافاعل و مفعول بہ متعلق جواب قسم، قسم باجواب قسم جملہ انشائیہ قسمیہ ہوا۔

فَذُوْقُوْا بِمَا نَسِيْتُمْ لِقَآءَ يَوْمِكُمْ هٰذَا ۖ اِنَّا نَسِيْنٰكُمْ وَ ذُوْقُوْا عَذَابَ الْخُلْدِ بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ﴿۱۴﴾

آیت نمبر ۱۴: فاء فصیحہ اور اس کی شرط محذوف ہے اِنْ نَسِيْتُمْ هٰذَا كُلَّهٗ، ذُوْقُوْا فعل امر واؤ ضمیر فاعل بِمَا جارہ مَا موصولہ نَسِيْتُمْ فعل تُمْ ضمیر فاعل لِقَآءَ مضاف يَوْمِكُمْ مرکب اضافی موصوف هٰذَا صفت، موصوف باصفت مضاف الیہ، مضاف باضاف الیہ مفعول بہ، فعل باقاعل و مفعول بہ صلہ، موصول باصلہ مجرور، جار باجرور متعلق ہوئے، فعل بافاعل و متعلق جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔ اِنَّا حرف تحقیق نَا ضمیر اس کا اسم نَسِيْنٰكُمْ فعل نَا ضمیر فاعل كُمْ ضمیر مفعول بہ سے مل کر خبر اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔ واؤ عاطفہ ذُوْقُوْا فعل امر واؤ ضمیر فاعل عَذَابَ الْخُلْدِ مرکب اضافی مفعول بہ، بِمَا جارہ مَا موصولہ كُنْتُمْ فعل ناقص تُمْ ضمیر اس کا اسم تَعْمَلُوْنَ فعل باواؤ ضمیر فاعل صلہ، موصول باصلہ مجرور، جار باجرور متعلق ہوئے، فعل بافاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ انشائیہ امریہ ہوا۔

اِنَّمَا يُؤْمِنُ بِاٰيٰتِنَا الَّذِيْنَ اِذَا ذُكِّرُوْا بِهَا خَرُّوْا سُجَّدًا وَّ سَبَّحُوْا بِحَمْدِ رَبِّهِمْ وَ هُمْ لَا يَسْتَكْبِرُوْنَ ﴿۱۵﴾

آیت نمبر ۱۵: اِنَّ حرف تحقیق مَا کافہ يُؤْمِنُ فعل بِاٰيٰتِنَا جار باجرور متعلق ہوئے اَلَّذِيْنَ اسم موصول اِذَا شرطیہ مفعول فیہ مقدم ذُكِّرُوْا فعل مجہول باواؤ ضمیر نائب فاعل بِهَا متعلق سے مل کر شرط، خَرُّوْا فعل واؤ ضمیر ذوالحال سُجَّدًا حال، ذوالحال باحال فاعل، فعل بافاعل معطوف علیہ، واؤ عاطفہ سَبَّحُوْا فعل واؤ ضمیر ذوالحال بِحَمْدِ رَبِّهِمْ جار باجرور مُتَعَلِّقِ سَبَّحُوْا کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال باحال فاعل واؤ عالیہ هُمْ ضمیر مبتدا لَا يَسْتَكْبِرُوْنَ فعل باواؤ ضمیر فاعل خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ حال ثانی ہے سَبَّحُوْا کی واؤ ضمیر فاعل سے، فعل بافاعل معطوف، معطوف علیہ باعطوف جزاء، شرط باجزاء صلہ، موصول باصلہ يُؤْمِنُ کا فاعل، فعل بافاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

تَتَجَافٰى جُنُوْبُهُمْ عَنِ الْمَضَاجِعِ يَدْعُوْنَ رَبَّهُمْ خَوْفًا وَّ طَمَعًا ۫ وَّ مِمَّا رَزَقْنٰهُمْ يُنْفِقُوْنَ ﴿۱۶﴾

آیت نمبر ۱۶: تَتَجَافٰى فعل جُنُوْبُهُمْ مرکب اضافی فاعل عَنِ الْمَضَاجِعِ متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا يَدْعُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل رَبَّهُمْ مرکب اضافی مفعول بہ خَوْفًا وَّطَمَعًا معطوف علیہ با معطوف مفعول لہ، فعل با فاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ مِنْ جارہ مَا اسم موصول رَزَقْنٰهُمْ فعل نا ضمیر فاعل هُمْ ضمیر مفعول بہ سے مل کر صلہ، موصول با صلہ مجرور، جار با مجرور متعلق مقدم يُنْفِقُوْنَ فعل با واؤ ضمیر فاعل و متعلق مقدم جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ مستانفہ ہوا۔

فَلَا تَعْلَمُ نَفْسٌ مَّاۤ اُخْفِيَ لَهُمْ مِّنْ قُرَّةِ اَعْيُنٍ ۚ جَزَآءًۢ بِمَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿۱۷﴾

آیت نمبر ۱۷: فَاء فصیحہ اور اس کی شرط محذوف ہے اِنْ اَرَادَ اَحَدٌ اَنْ يَّعْلَمَ مَا اَعَدَّ اللّٰهُ لَهُمْ، لَا تَعْلَمُ فعل نَفْسٌ فاعل مَا اسم موصول اُخْفِيَ فعل هُوَ مستتر نائب فاعل لَهُمْ متعلق سے مل کر صلہ، موصول با صلہ ذوالحال مِنْ جارہ قُرَّةِ اَعْيُنٍ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور كَائِنًا کے متعلق ہو کر حال ذوالحال با حال مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہوا جَزَآءً مصدر بناء جارحا اسم موصول كَانُوْا فعل ناقص واؤ ضمیر اس کا اسم يَعْمَلُوْنَ فعل با واؤ ضمیر فاعل خبر، فعل ناقص با اسم و خبر صلہ، موصول با صلہ مجرور، جار با مجرور متعلق ہونے، مصدر با متعلق مفعول لہ ہوا فعل محذوف جُوْزُوْا کا۔

اَفَمَنْ كَانَ مُؤْمِنًا كَمَنْ كَانَ فَاسِقًا ؕ لَا يَسْتَوٗنَ ﴿۱۸﴾

آیت نمبر ۱۸: هَمزہ استفہامیہ فَاء عاطفہ اور معطوف علیہ محذوف ہے تقدیر عبارت ہے اَيَسْتَوِيْ وَلِيُّ اللّٰهِ وَعَدُوُّ اللّٰهِ، مَنْ اسم موصول كَانَ فعل ناقص هُوَ مستتر اسم مُؤْمِنًا خبر سے مل کر صلہ، موصول با صلہ مبتدا، کاف جارہ مَنْ اسم موصول كَانَ فعل ناقص هُوَ مستتر اسم فَاسِقًا خبر سے مل کر صلہ، موصول با صلہ مجرور، جار با مجرور كَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر، مبتدا با خبر معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ مستانفہ ثانیہ ہوا لَا يَسْتَوٗنَ فعل با واؤ ضمیر فاعل جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

اَمَّا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَ عَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ فَلَهُمْ جَنّٰتُ الْمَاْوٰى ۫ نُزُلًۢا بِمَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿۱۹﴾

آیت نمبر ۱۹: اَمَّا حرف شرط و تفصیل اَلَّذِيْنَ اسم موصول اٰمَنُوْا فعل با واؤ ضمیر فاعل معطوف علیہ، واؤ عاطفہ عَمِلُوا فعل واؤ ضمیر فاعل اَلصَّالِحَاتِ مفعول بہ سے مل کر معطوف، معطوف علیہ با معطوف صلہ، موصول با صلہ مبتدا متضمن معنی شرط فَاء جزائیہ لَهُمْ جار با مجرور كَائِنَةٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم جَنّٰتُ الْمَاْوٰى مرکب اضافی ذوالحال نُزُلًا موصوف بناء جارحا موصول كَانُوْا فعل ناقص واؤ ضمیر اس کا اسم يَعْمَلُوْنَ فعل با واؤ ضمیر فاعل خبر، فعل ناقص با اسم و خبر صلہ، موصول با صلہ مجرور، جار با مجرور كَائِنًا کے متعلق ہو کر صفت، موصوف با صفت حال ذوالحال با حال مبتدا موخر، مبتدا با خبر مبتدا اول کی خبر قائم مقام جزاء، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

وَ اَمَّا الَّذِيْنَ فَسَقُوْا فَمَاْوٰىهُمُ النَّارُ ؕ كُلَّمَاۤ اَرَادُوْۤا اَنْ يَّخْرُجُوْا مِنْهَاۤ اُعِيْدُوْا فِيْهَا وَ قِيْلَ لَهُمْ ذُوْقُوْا عَذَابَ النَّارِ الَّذِيْ كُنْتُمْ بِهٖ تُكَذِّبُوْنَ ﴿۲۰﴾

آیت نمبر ۲۰: واؤ عاطفہ اَمَّا حرف شرط و تفصیل اَلَّذِيْنَ اسم موصول فَسَقُوْا فعل باواؤ ضمیر فاعل صلہ، موصول باصلہ مبتدا قائم مقام شرط مقام جزائیہ مَاْوٰىهُمُ مرکب اضافی مبتدا اَلنَّارُ خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ مبتدا اول کی خبر قائم مقام جزاء، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا كُلَّمَا ظرف زمان متضمن معنی شرط مفعول فیہ مقدم، اَرَادُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل اَنْ ناصبہ يَّخْرُجُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل مِنْهَا متعلق سے مل کر بتاویل مصدر مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعولین جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر شرط اُعِيْدُوْا فعل مجہول واؤ ضمیر نائب فاعل فِيْهَا متعلق سے مل کر معطوف علیہ واؤ عاطفہ قِيْلَ فعل مجہول هُوَ ضمیر نائب فاعل لَهُمْ متعلق سے مل کر قول ذُوْقُوْا فعل امر واؤ ضمیر فاعل عَذَابَ النَّارِ مرکب اضافی موصوف اَلَّذِيْ اسم موصول كُنْتُمْ فعل ناقص تُمْ ضمیر اس کا اسم بِهٖ جار بامجرور متعلق مقدم تُكَذِّبُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل ومتعلق مقدم سے مل کر صلہ، موصول باصلہ صفت، موصوف باصفت ذُوْقُوْا کا مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ مقولہ، قول بامقولہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

وَ لَنُذِيْقَنَّهُمْ مِّنَ الْعَذَابِ الْاَدْنٰى دُوْنَ الْعَذَابِ الْاَكْبَرِ لَعَلَّهُمْ يَرْجِعُوْنَ ﴿۲۱﴾

آیت نمبر ۲۱: واؤ عاطفہ لام موطئہ لقسم اور قسم محذوف ہے نُذِيْقَنَّ فعل نَحْنُ مستتر فاعل هُمْ ضمیر مفعول بہ مِنَ جارہ اَلْعَذَابِ الْاَدْنٰى مرکب توصیفی مجرور، جار بامجرور كَائِنًا کے متعلق ہو کر حال مقدم دُوْنَ مضاف اَلْعَذَابِ الْاَكْبَرِ مرکب توصیفی مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ ذوالحال موخر، ذوالحال باحال مفعول فیہ، فعل بافاعل ومفعولین جملہ فعلیہ خبریہ جواب قسم، قسم بجواب قسم جملہ انشائیہ قسمیہ ہوا لَعَلَّ حرف ترجی هُمْ ضمیر اس کا اسم يَرْجِعُوْنَ فعل باواؤ ضمیر فاعل خبر، لَعَلَّ باسم وخبر جملہ اسمیہ انشائیہ معللہ ہوا۔

وَ مَنْ اَظْلَمُ مِمَّنْ ذُكِّرَ بِاٰيٰتِ رَبِّهٖ ثُمَّ اَعْرَضَ عَنْهَا ؕ اِنَّا مِنَ الْمُجْرِمِيْنَ مُنْتَقِمُوْنَ ﴿۲۲﴾

آیت نمبر ۲۲: واؤ استینافیہ مَنْ اسم استفہام مبتدا اَظْلَمُ اسم تفضیل هُوَ مستتر فاعل مِنْ جارہ مَنْ اسم موصول ذُكِّرَ فعل مجہول هُوَ مستتر نائب فاعل بِاٰيٰتِ رَبِّهٖ متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، ثُمَّ عاطفہ اَعْرَضَ فعل هُوَ مستتر فاعل عَنْهَا متعلق سے مل کر معطوف، معطوف علیہ بامعطوف صلہ، موصول باصلہ مجرور، جار بامجرور متعلق ہوئے، اسم تفضیل بافاعل ومتعلق شبہ جملہ ہو کر خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ انشائیہ ہوا اِنَّ حرف تحقیق نَا ضمیر اس کا اسم مُنْتَقِمُوْنَ اسم فاعل نَحْنُ مستتر فاعل مِنَ الْمُجْرِمِيْنَ متعلق مقدم سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

❁ رکوع نمبر ۳ ❁

وَ لَقَدْ اٰتَيْنَا مُوْسَى الْكِتٰبَ فَلَا تَكُنْ فِيْ مِرْيَةٍ مِّنْ لِّقَآئِهٖ وَ جَعَلْنٰهُ هُدًى لِّبَنِيْۤ اِسْرَآءِيْلَ ﴿۲۳﴾ وَ جَعَلْنَا مِنْهُمْ اَئِمَّةً يَّهْدُوْنَ بِاَمْرِنَا لَمَّا صَبَرُوْا ؕ وَ كَانُوْا بِاٰيٰتِنَا يُوْقِنُوْنَ ﴿۲۴﴾

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

آیت نمبر ۲۳، ۲۴: واؤ استینافیہ لام موطئہ للقسم اور قسم محذوف ہے قد علامت فعل، آتَيْنَا فعل نا ضمیر فاعل مُوْسٰى مفعول بہ اول، الْكِتٰبَ مفعول بہ ثانی، فعل با فاعل و مفعولین جواب قسم، قسم با جواب قسم جملہ انشائیہ قسمیہ ہوا۔ فَاء فصیحہ اور اس کی شرط محذوف ہے اِذَا كَانَ الْاَمْرُ كَذٰلِكَ اِنْ تَسَاءَلْتَ، لَا تَكُنْ فعل ناقص اَنْتَ مستتر اس کا اسم فِيْ جارہ مِرْيَةٍ موصوف مِنْ لِّقَآئِهٖ کَائِنَةٌ کے متعلق ہو کر صفت، موصوف باصفت مجرور، جار با مجرور کَانَ کے متعلق ہو کر خبر، فعل ناقص با اسم و خبر جملہ انشائیہ جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔ واؤ عاطفہ جَعَلْنٰهُ فعل نا ضمیر فاعل ہٗ ضمیر مفعول بہ اول، هُدًى موصوف لام جارہ يَّبَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور کَائِنًا کے متعلق ہو کر صفت، موصوف باصفت مفعول بہ ثانی، فعل با فاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ جَعَلْنَا فعل نا ضمیر فاعل مِنْهُمْ جار با مجرور مفعول بہ ثانی کی جگہ میں ہے اَئِمَّةً موصوف يَهْدُوْنَ فعل واؤ ضمیر ذوالحال بِاَمْرِنَا کَائِنِيْنَ کے متعلق ہو کر حال ذوالحال باحال فاعل، فعل با فاعل صفت، موصوف باصفت مفعول اول، فعل با فاعل و مفعولین معطوف، معطوف علیہ با معطوفین جملہ معطوفہ ہوا۔ لَمَّا ظرفیہ متضمن معنی شرط مفعول فیہ مقدم صَبَرُوْا فعل با واؤ ضمیر فاعل معطوف علیہ، واؤ عاطفہ كَانُوْا فعل ناقص واؤ ضمیر اس کا اسم يُوْقِنُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل بِاٰيٰتِنَا متعلق مقدم سے مل کر خبر، فعل ناقص با اسم و خبر معطوف، معطوف علیہ با معطوف شرط، جزاء محذوف ہے جَعَلْنَا مِنْهُمْ اَئِمَّةً، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

اِنَّ رَبَّكَ هُوَ يَفْصِلُ بَيْنَهُمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ فِيْمَا كَانُوْا فِيْهِ يَخْتَلِفُوْنَ ۝

آیت نمبر ۲۵: اِنَّ حرف تحقیق رَبَّكَ مرکب اضافی اس کا اسم هُوَ ضمیر مبتدا، يَفْصِلُ فعل هُوَ مستتر فاعل بَيْنَ مضاف هُمْ ضمیر ذوالحال يَوْمَ الْقِيٰمَةِ کَائِنِيْنَ کا مفعول فیہ ہو کر حال ذوالحال باحال مضاف الیہ، مضاف با مضاف الیہ مفعول فیہ يَفْصِلُ کا بنی جارہ مَا اسم موصول كَانُوْا فعل ناقص واؤ ضمیر اس کا اسم يَخْتَلِفُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل فِيْهِ متعلق مقدم سے مل کر صلہ، موصول باصلہ مجرور، جار با مجرور يَفْصِلُ کے متعلق ہوئے، فعل با فاعل و مفعول فیہ و متعلق خبر، مبتدا با خبر اِنَّ کی خبر، اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

اَوَلَمْ يَهْدِ لَهُمْ كَمْ اَهْلَكْنَا مِنْ قَبْلِهِمْ مِّنَ الْقُرُوْنِ يَمْشُوْنَ فِيْ مَسٰكِنِهِمْ ۭ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ ۭ اَفَلَا يَسْمَعُوْنَ ۝

آیت نمبر ۲۶: هَمزہ استفہامیہ واؤ عاطفہ اور معطوف علیہ محذوف ہے تقدیر عبارت ہے اَغَفَلُوْا، لَمْ يَهْدِ فعل هُوَ مستتر راجع بسوئے رَبُّكَ فاعل لَهُمْ جار با مجرور متعلق، فعل با فاعل و متعلق معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ مستانفہ ہوا۔ كَمْ خبریہ مفعول بہ مقدم اَهْلَكْنَا فعل نا ضمیر فاعل مِنْ قَبْلِهِمْ کَائِنَةً کے متعلق ہو کر حال مقدم مِّنَ الْقُرُوْنِ ذوالحال مؤخر ذوالحال باحال مجرور، جار با مجرور کَائِنًا کے متعلق ہو کر كَمْ خبریہ کا حال ہے، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ يَمْشُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل فِيْ مَسٰكِنِهِمْ متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔ اِنَّ حرف تحقیق فِيْ ذٰلِكَ کَائِنَةً کے متعلق ہو کر اِنَّ کی خبر مقدم، لام مزحلقہ اٰيٰتٍ اسم مؤخر اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ هَمزہ استفہامیہ فَاء عاطفہ اور معطوف علیہ محذوف ہے، تقدیر عبارت ہے اَيُعْرِضُوْنَ عَنْ اٰيٰتِنَا، لَا يَسْمَعُوْنَ فعل با واؤ ضمیر فاعل معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ انشائیہ مستانفہ ہوا۔

اَوَلَمْ يَرَوْا اَنَّا نَسُوْقُ الْمَآءَ اِلَى الْاَرْضِ الْجُرُزِ فَنُخْرِجُ بِهٖ زَرْعًا تَاْكُلُ مِنْهُ اَنْعَامُهُمْ وَ

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

أَنْفُسُهُمْ ۚ أَفَلَا يُبْصِرُونَ ﴿٢٧﴾

آیت نمبر ۲۷: ھمزہ استفہامیہ واؤ عاطفہ اور معطوف علیہ محذوف ہے تقدیر عبارت ہے اَلَمْ یَتَفَکَّرُوْا اَلَمْ یَرَوْا بمعنی لَمْ یَعْلَمُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل اَنَّ حرف تحقیق نَا ضمیر اس کا اسم نَسُوْقُ فعل نَحْنُ ضمیر مستتر فاعل اَلْمَآءَ مفعول بہ اِلَی جارہ اَلْاَرْضِ الْجُرُزِ مرکب توصیفی مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل با فاعل و مفعول بہ و متعلق معطوف علیہ فَنُخْرِجُ فعل نَحْنُ مستتر فاعل بِهٖ جار با مجرور متعلق ہوئے زَرْعًا موصوف تَاْكُلُ فعل مِنْهُ جار با مجرور متعلق ہوئے اَنْعَامُهُمْ مرکب اضافی معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اَنْفُسُهُمْ مرکب اضافی معطوف، معطوف علیہ با معطوف فاعل، فعل با فاعل و متعلق صفت، موصوف با صفت نُخْرِجُ کا مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف اَنَّ کی خبر، اَنَّ با اسم و خبر بتاویل مفرد لَمْ یَرَوْا کے دو مفعول کے قائم مقام، فعل با فاعل و مفعولین معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ مستانفہ ہوا ھمزہ استفہامیہ فَاء عاطفہ اور معطوف علیہ محذوف ہے، تقدیر عبارت ہے اَلَا یُلْقُوْنَ اَنْظَارَهُمْ لَا یُبْصِرُوْنَ فعل با واؤ ضمیر فاعل معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ مستانفہ ہوا۔

وَيَقُولُونَ مَتَىٰ هَٰذَا الْفَتْحُ إِن كُنتُمْ صَادِقِينَ ﴿٢٨﴾

آیت نمبر ۲۸: واؤ استینافیہ یَقُوْلُوْنَ فعل با واؤ ضمیر فاعل قول، مَتٰی استفہامیہ کَائِنٌ کا مفعول فیہ ہو کر خبر مقدم ھٰذَا الْفَتْحُ مرکب توصیفی مبتدا مؤخر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ انشائیہ مقولہ، قول با مقولہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا اِنْ کُنْتُمْ صٰدِقِیْنَ فعل ناقص با اسم و خبر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر شرط ہوا اور اس کی جزاء محذوف ہے فَبَیِّنُوْا لَنَا وَقْتَهٗ، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

قُلْ يَوْمَ الْفَتْحِ لَا يَنفَعُ الَّذِينَ كَفَرُوا إِيمَانُهُمْ وَلَا هُمْ يُنظَرُونَ ﴿٢٩﴾

آیت نمبر ۲۹: قُلْ فعل امر با اَنْتَ مستتر فاعل قول ہوا یَوْمَ الْفَتْحِ مرکب اضافی مفعول فیہ مقدم لَا یَنْفَعُ الَّذِیْنَ کَفَرُوْا موصول با صلہ مفعول بہ مقدم اِیْمَانُهُمْ مرکب اضافی فاعل، فعل با فاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ هُمْ ضمیر مبتدا لَا یُنْظَرُوْنَ فعل مجہول با واؤ ضمیر نائب فاعل جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف مقولہ، قول با مقولہ جملہ انشائیہ امریہ ہوا۔

فَأَعْرِضْ عَنْهُمْ وَانتَظِرْ إِنَّهُم مُّنتَظِرُونَ ﴿٣٠﴾

آیت نمبر ۳۰: فَاء فصیحہ اور اس کی شرط محذوف ہے اِذَا عَرَفْتَ حَالَهُمْ وَمَآلَهُمْ، اَعْرِضْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل عَنْهُمْ متعلق سے مل کر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اِنْتَظِرْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل سے مل کر معطوف، معطوف علیہ با معطوف جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہوا اِنَّ حرف تحقیق هُمْ ضمیر اس کا اسم مُنْتَظِرُوْنَ خبر، اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ معللہ ہوا۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

ترکیب سُوْرَۃُ الْاَحْزَابِ

رکوع نمبر ۱

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○ يٰٓاَيُّهَا النَّبِيُّ اتَّقِ اللّٰهَ وَلَا تُطِعِ الْكٰفِرِيْنَ وَالْمُنٰفِقِيْنَ ؕ
اِنَّ اللّٰهَ كَانَ عَلِيْمًا حَكِيْمًا ○ وَّاتَّبِعْ مَا يُوْحٰٓى اِلَيْكَ مِنْ رَّبِّكَ ؕ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ بِمَا تَعْمَلُوْنَ
خَبِيْرًا ○ وَّتَوَكَّلْ عَلَى اللّٰهِ ؕ وَكَفٰى بِاللّٰهِ وَكِيْلًا ○

آیت نمبر ۱، ۲، ۳: يٰٓاَيُّهَا النَّبِيُّ یہ ندا ہے اِتَّقِ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل اَللّٰهَ مفعول بہ سے مل کر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لَا تُطِعْ فعل نہی اَنْتَ مستتر فاعل اَلْكٰفِرِيْنَ وَالْمُنٰفِقِيْنَ معطوف علیہ با معطوف مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ انشائیہ معطوف اوّل، واؤ عاطفہ اِتَّبِعْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل مَا اسم موصول يُوْحٰى فعل مجہول هُوَ مستتر نائب فاعل اِلَيْكَ متعلق سے مل کر صلہ، موصول با صلہ ذوالحال مِنْ رَّبِّكَ كَائِنًا کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال با حال مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ انشائیہ امریہ معطوف ثانی، واؤ عاطفہ تَوَكَّلْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل عَلَى اللّٰهِ متعلق سے مل کر جملہ انشائیہ معطوف ثالث، معطوف علیہ با معطوفات ثلاثہ جواب ندا، ندا با جواب ندا، جملہ انشائیہ ندائیہ ہوا۔

اِنَّ حرف تحقیق اَللّٰهَ اس کا اسم كَانَ فعل ناقص هُوَ مستتر اسم عَلِيْمًا حَكِيْمًا اس کی دو خبر، فعل ناقص با اسم و خبرین اِنَّ کی خبر، اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ مطلقہ ہوا۔ اِنَّ حرف تحقیق اَللّٰهَ اس کا اسم كَانَ فعل ناقص هُوَ مستتر اس کا اسم بَاء جارہ مَا اسم موصول تَعْمَلُوْنَ فعل با واؤ ضمیر فاعل صلہ، موصول با صلہ مجرور، جار با مجرور متعلق مقدم خَبِيْرًا صیغہ صفت با هُوَ مستتر فاعل و متعلق مقدم خبر، فعل ناقص با اسم و خبر اِنَّ کی خبر اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ مطلقہ ہوا۔ واؤ استینافیہ كَفٰى فعل بَاء جارہ زائدہ اَللّٰهِ مرفوع لفظاً فاعل وَكِيْلًا تمیز، فعل با فاعل و تمیز جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

مَا جَعَلَ اللّٰهُ لِرَجُلٍ مِّنْ قَلْبَيْنِ فِيْ جَوْفِهٖ ۚ وَمَا جَعَلَ اَزْوَاجَكُمُ الّٰٓـِٔيْ تُظٰهِرُوْنَ
مِنْهُنَّ اُمَّهٰتِكُمْ ۚ وَمَا جَعَلَ اَدْعِيَآءَكُمْ اَبْنَآءَكُمْ ؕ ذٰلِكُمْ قَوْلُكُمْ بِاَفْوَاهِكُمْ ؕ وَ
اللّٰهُ يَقُوْلُ الْحَقَّ وَهُوَ يَهْدِي السَّبِيْلَ ○

آیت نمبر ۴: مَا نافیہ جَعَلَ فعل اَللّٰهُ فاعل لِرَجُلٍ جار با مجرور متعلق ہو سے مِنْ جارہ زائدہ قَلْبَيْنِ موصوف فِيْ جَوْفِهٖ کائنین کے متعلق ہو کر صفت، موصوف با صفت مفعول بہ، فعل با فاعل و متعلق و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ مَا نافیہ جَعَلَ فعل هُوَ مستتر فاعل اَزْوَاجَكُمْ مرکب اضافی موصوف الّٰـِٔيْ اسم موصول تُظٰهِرُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل مِنْهُنَّ متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول با صلہ صفت، موصوف با صفت مفعول بہ اوّل اُمَّهٰتِكُمْ مرکب اضافی مفعول بہ ثانی، فعل با فاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ معطوف اوّل، واؤ عاطفہ مَا نافیہ جَعَلَ فعل هُوَ مستتر فاعل اَدْعِيَآءَكُمْ مرکب اضافی مفعول بہ اوّل اَبْنَآءَكُمْ مرکب

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

اضافی مفعول بہ تک سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف تک، معطوف علیہ یا معطوفین جملہ مستانفہ ہوا۔ ذٰلِكُمْ اسم اشارہ مبتدا قَوْلُكُمْ مرکب اضافی ذوالحال بِاَفْوَاهِكُمْ جارہ مجرور مرکب اضافی مجرور، جار یا مجرور ظرف مستقر كَائِنًا کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال باعتبار حال خبر، مبتدا یا خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ واؤ استینافیہ اَللّٰهُ مبتدا يَقُوْلُ فعل هُوَ مستتر فاعل اَلْحَقَّ بواسطہ موصوف محذوف اَلْقَوْلَ کے مفعول مطلق، فعل با فاعل و مفعول مطلق خبر، مبتدا یا خبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ هُوَ ضمیر مبتدا يَهْدِي فعل هُوَ مستتر فاعل اَلسَّبِيْلَ مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر خبر، مبتدا یا خبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ یا معطوف جملہ مستانفہ ہوا۔

اُدْعُوْهُمْ لِاٰبَآئِهِمْ هُوَ اَقْسَطُ عِنْدَ اللّٰهِ ۚ فَاِنْ لَّمْ تَعْلَمُوْٓا اٰبَآءَهُمْ فَاِخْوَانُكُمْ فِي الدِّيْنِ وَمَوَالِيْكُمْ ۭ وَلَيْسَ عَلَيْكُمْ جُنَاحٌ فِيْمَآ اَخْطَاْتُمْ بِهٖ ۙ وَلٰكِنْ مَّا تَعَمَّدَتْ قُلُوْبُكُمْ ۭ وَكَانَ اللّٰهُ غَفُوْرًا رَّحِيْمًا ۝

آیت نمبر ۵: اُدْعُوْا فعل امر واؤ ضمیر فاعل هُمْ ضمیر مفعول بہ لِاٰبَآئِهِمْ متعلق سے مل کر جملہ انشائیہ امریہ ہوا۔ هُوَ ضمیر مبتدا اَقْسَطُ اسم تفضیل هُوَ مستتر ذوالحال عِنْدَ اللّٰهِ مرکب اضافی كَائِنًا کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال باعتبار حال فاعل، اسم تفضیل با فاعل خبر، مبتدا یا خبر جملہ اسمیہ خبریہ مطلقہ ہوا۔ فَاء استینافیہ اِنْ شرطیہ لَمْ تَعْلَمُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل اٰبَآءَهُمْ مرکب اضافی مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر شرط، فَاء جزائیہ اِخْوَانُكُمْ مرکب اضافی ذوالحال فِي الدِّيْنِ كَائِنِيْنَ کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال باعتبار حال معطوف علیہ، واؤ عاطفہ مَوَالِيْكُمْ مرکب اضافی معطوف، معطوف علیہ یا معطوف خبر ہے مبتدا محذوف هُمْ کی، مبتدا یا خبر جملہ اسمیہ خبریہ جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔ واؤ عاطفہ لَيْسَ فعل ناقص عَلَيْكُمْ كَائِنًا کے متعلق ہو کر خبر مقدم جُنَاحٌ موصوف فِيْ جارہ مَا موصولہ اَخْطَاْتُمْ فعل تُمْ ضمیر فاعل بِهٖ متعلق سے مل کر صلہ، موصول باصلہ مجرور، جار یا مجرور كَائِنٌ کے متعلق ہو کر صفت، موصوف باصفت لَيْسَ کا اسم مؤخر، لَيْسَ با اسم و خبر جملہ فعلیہ خبریہ معطوفہ ہوا۔ واؤ عاطفہ لٰكِنْ حرف استدراک مہمل مَا اسم موصول تَعَمَّدَتْ فعل قُلُوْبُكُمْ مرکب اضافی فاعل سے مل کر صلہ، موصول باصلہ مبتدا اور خبر محذوف ہے تُؤَاخَذُوْنَ بِهٖ مبتدا یا خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ واؤ استینافیہ كَانَ فعل ناقص اَللّٰهُ اس کا اسم غَفُوْرًا رَّحِيْمًا خبر، فعل ناقص با اسم و خبر بن جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

اَلنَّبِيُّ اَوْلٰى بِالْمُؤْمِنِيْنَ مِنْ اَنْفُسِهِمْ ۚ وَاَزْوَاجُهٗٓ اُمَّهٰتُهُمْ ۭ وَاُولُوا الْاَرْحَامِ بَعْضُهُمْ اَوْلٰى بِبَعْضٍ فِيْ كِتٰبِ اللّٰهِ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُهٰجِرِيْنَ اِلَّآ اَنْ تَفْعَلُوْٓا اِلٰٓى اَوْلِيٰۗىِٕكُمْ مَّعْرُوْفًا ۭ كَانَ ذٰلِكَ فِي الْكِتٰبِ مَسْطُوْرًا ۝

آیت نمبر ۶: اَلنَّبِيُّ مبتدا اَوْلٰى اسم تفضیل هُوَ مستتر فاعل بِالْمُؤْمِنِيْنَ جار یا مجرور متعلق اَوْلٰى مِنْ اَنْفُسِهِمْ جار یا مجرور متعلق ثانی، اسم تفضیل با فاعل و متعلقین شبہ جملہ ہو کر خبر، مبتدا یا خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ واؤ عاطفہ اَزْوَاجُهٗ مرکب اضافی مبتدا، اُمَّهٰتُهُمْ مرکب اضافی خبر، مبتدا یا خبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوفہ ہوا۔ واؤ عاطفہ اُولُوا الْاَرْحَامِ مبتدا اوّل بَعْضُهُمْ مرکب اضافی مبتدا ثانی اَوْلٰى اسم تفضیل هُوَ مستتر فاعل بِبَعْضٍ جار یا مجرور متعلق اوّل فِيْ كِتٰبِ اللّٰهِ جار یا مجرور متعلق ثانی، مِنَ جارہ اَلْمُؤْمِنِيْنَ وَ

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

الْمُهَاجِرٰتِ معطوف علیہ یا معطوف مجرور، جار یا مجرور متعلق ثالث، اسم تفضیل یا فاعل، متعلقات ثلاثہ خبر، مبتدا یا خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر مبتدا اوّل کی خبر، مبتدا یا خبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف ہوا۔ اِلَّآ حرف استثناء اَنْ مصدریہ تَفْعَلُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل اِلٰٓى اَوْلِيَآئِكُمْ متعلق مَعْرُوْفًا مفعول بہ سے مل کر مستثنیٰ منقطع ہوا کَانَ فعل ناقص ذٰلِكَ اسم کا مَسْطُوْرًا اسم مفعول هُوَ مستتر نائب فاعل فِي الْكِتٰبِ متعلق مقدم سے مل کر شبہ جملہ ہو کر خبر، فعل ناقص با اسم و خبر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

وَاِذْ اَخَذْنَا مِنَ النَّبِيّٖنَ مِيْثَاقَهُمْ وَمِنْكَ وَمِنْ نُّوْحٍ وَّاِبْرٰهِيْمَ وَمُوْسٰى وَعِيْسَى ابْنِ مَرْيَمَ ۠ وَاَخَذْنَا مِنْهُمْ مِّيْثَاقًا غَلِيْظًا ۙ﴿۷﴾

آیت نمبر ۷: واؤ استینافیہ اِذْ مضاف اَخَذْنَا فعل نَا ضمیر فاعل مِنَ النَّبِيّٖنَ جار یا مجرور معطوف علیہ، واؤ عاطفہ مِنْكَ جار یا مجرور معطوف اوّل، واؤ عاطفہ مِنْ جارہ نُوْحٍ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اِبْرٰهِيْمَ معطوف اوّل، واؤ عاطفہ مُوْسٰى معطوف ثانی، واؤ عاطفہ عِيْسَى مبدل منہ بِابْنِ مَرْيَمَ مرکب اضافی بدل، مبدل منہ با بدل معطوف ثالث، معطوف علیہ با معطوفات ثلاثہ مجرور، جار یا مجرور معطوف ثانی، معطوف علیہ با معطوفین اَخَذْنَا کے متعلق ہوئے مِيْثَاقَهُمْ مرکب اضافی مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ و متعلق معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اَخَذْنَا فعل نَا ضمیر فاعل مِنْهُمْ متعلق مِيْثَاقًا غَلِيْظًا مرکب توصیفی مفعول بہ، فعل با فاعل و متعلق و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف اِذْ کا مضاف الیہ، مضاف با مضاف الیہ مفعول بہ ہوا فعل محذوف اُذْكُرْ کا، اُذْكُرْ فعل امر انت مستتر فاعل و مفعول بہ سے مل کر جملہ انشائیہ امریہ ہوا۔

لِّيَسْـَٔلَ الصّٰدِقِيْنَ عَنْ صِدْقِهِمْ ۚ وَاَعَدَّ لِلْكٰفِرِيْنَ عَذَابًا اَلِيْمًا ﴿۸﴾

آیت نمبر ۸: لام جارہ تعلیلیہ اور اس کے بعد اَنْ مقدر ہے يَسْـَٔلَ فعل هُوَ مستتر فاعل الصّٰدِقِيْنَ مفعول بہ عَنْ صِدْقِهِمْ متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ بتاویل مصدر مجرور، جار یا مجرور متعلق ہوا فعل محذوف فَعَلْنَا کا، فَعَلْنَا فعل نَا ضمیر فاعل و متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ واؤ عاطفہ اَعَدَّ فعل هُوَ مستتر فاعل لِلْكٰفِرِيْنَ جار یا مجرور متعلق ہوئے عَذَابًا اَلِيْمًا مرکب توصیفی مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ و متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

﴿ رکوع نمبر ۲ ﴾

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اذْكُرُوْا نِعْمَةَ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ اِذْ جَآءَتْكُمْ جُنُوْدٌ فَاَرْسَلْنَا عَلَيْهِمْ رِيْحًا وَّجُنُوْدًا لَّمْ تَرَوْهَا ۭ وَكَانَ اللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ بَصِيْرًا ۚ﴿۹﴾

آیت نمبر ۹: يٰٓاَيُّهَا حرف ندا قائم مقام اَدْعُوْ کے، اَدْعُوْ فعل اَنَا مستتر فاعل اَیُّ موصوف هَا برائے تنبیہ الَّذِيْنَ اسم موصول اٰمَنُوْا فعل با واؤ ضمیر فاعل صلہ، موصول با صلہ صفت، موصوف با صفت محلاً منصوب مفعول بہ برائے اَدْعُوْ، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ انشائیہ ہو کر ندا، اُذْكُرُوْا فعل امر واؤ ضمیر فاعل نِعْمَةَ اللّٰهِ مرکب اضافی ذوالحال عَلَيْكُمْ جار یا مجرور كَائِنَةً کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال با حال مفعول بہ اِذْ مضاف جَآءَتْ فعل كُمْ ضمیر مفعول بہ جُنُوْدٌ فاعل، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر معطوف

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

علیہ، فَاء عاطفہ اَرْسَلْنَا فعل نَا ضمیر فاعل عَلَيْهِمْ جار مجرور متعلق رِيْحًا معطوف علیہ، واؤ عاطفہ جُنُوْدًا موصوف لَّمْ تَرَوْا فعل واؤ ضمیر فاعل هَا ضمیر مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر صفت، موصوف بہ صفت معطوف، معطوف علیہ بامعطوف اِذْ کا مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ اُذْكُرُوْا کا مفعول فیہ، فعل امر بافاعل ومفعول بہ ومفعول فیہ جملہ انشائیہ امریہ ہو کر جواب ندا، ندا باجواب ندا جملہ انشائیہ ندائیہ ہوا۔ واؤ عاطفہ كَانَ فعل ناقص اَللّٰهُ اس کا اسم پناہ جار مجرور اِسْم موصول تَعْمَلُوْنَ فعل باواؤ ضمیر فاعل صلہ، موصول باصلہ مجرور، جار باجرور متعلق مقدم ہو کے بَصِيْرًا کے، بَصِيْرًا صیغہ صفت هُوَ ضمیر فاعل، صیغہ صفت بافاعل ومتعلق خبر، كَانَ اپنے اسم وخبر سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

اِذْ جَآءُوْكُمْ مِّنْ فَوْقِكُمْ وَمِنْ اَسْفَلَ مِنْكُمْ وَاِذْ زَاغَتِ الْاَبْصَارُ وَبَلَغَتِ الْقُلُوْبُ الْحَنَاجِرَ وَتَظُنُّوْنَ بِاللّٰهِ الظُّنُوْنَا ۝

آیت نمبر ۱۰: اِذْ مضاف جَآءُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل كُمْ ضمیر مفعول بہ مِنْ فَوْقِكُمْ جار مجرور معطوف علیہ، واؤ عاطفہ مِنْ جار اَسْفَلَ اسم تفضیل هُوَ ضمیر فاعل مِنْكُمْ جار مجرور متعلق، فعل بافاعل ومتعلق مجرور، جار مجرور معطوف، معطوف علیہ بامعطوف متعلق فعل بافاعل ومفعول بہ ومتعلق جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اِذْ مضاف زَاغَتْ فعل اَلْاَبْصَارُ فاعل، فعل بافاعل معطوف علیہ، واؤ عاطفہ بَلَغَتْ فعل اَلْقُلُوْبُ فاعل اَلْحَنَاجِرَ مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر معطوف اول، واؤ عاطفہ تَظُنُّوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل بِاللّٰهِ جار مجرور متعلق اَلظُّنُوْنَا مفعول مطلق، فعل بافاعل ومتعلق ومفعول مطلق جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر معطوف ثانی، معطوف علیہ بامعطوفین اِذْ کا مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف بدل ہے اِذْ جَآءُكُمْ سے۔

هُنَالِكَ ابْتُلِيَ الْمُؤْمِنُوْنَ وَزُلْزِلُوْا زِلْزَالًا شَدِيْدًا ۝

آیت نمبر ۱۱: هُنَالِكَ اسم اشارہ محلاً منصوب مفعول فیہ مقدم اُبْتُلِيَ فعل مجہول اَلْمُؤْمِنُوْنَ نائب فاعل، فعل مجہول بانائب فاعل ومفعول فیہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ زُلْزِلُوْا فعل مجہول واؤ ضمیر نائب فاعل زِلْزَالًا شَدِيْدًا مرکب توصیفی مفعول مطلق، تینوں مل کر معطوف، معطوف علیہ بامعطوف جملہ مستانفہ ہوا۔

وَاِذْ يَقُوْلُ الْمُنٰفِقُوْنَ وَالَّذِيْنَ فِيْ قُلُوْبِهِمْ مَّرَضٌ مَّا وَعَدَنَا اللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗٓ اِلَّا غُرُوْرًا ۝

آیت نمبر ۱۲: واؤ عاطفہ اِذْ مضاف يَقُوْلُ فعل اَلْمُنٰفِقُوْنَ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اَلَّذِيْنَ اسم موصول فِيْ قُلُوْبِهِمْ ظرف مستقر ثَبَتَ کے متعلق ہوئے، مَّرَضٌ فاعل، تینوں مل کر صلہ، موصول باصلہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف فاعل، فعل بافاعل قول، مَا نافیہ وَعَدَ فعل نَا ضمیر مفعول بہ اَللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗ معطوف علیہ بامعطوف فاعل، اِلَّا حرف استثناء غُرُوْرًا مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ مقول، قول بامقولہ اِذْ کا مضاف الیہ ہے۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

وَ اِذْ قَالَتْ طَّآىِٕفَةٌ مِّنْهُمْ يٰۤاَهْلَ يَثْرِبَ لَا مُقَامَ لَكُمْ فَارْجِعُوْا ۚ وَ يَسْتَاْذِنُ فَرِيْقٌ مِّنْهُمُ النَّبِيَّ يَقُوْلُوْنَ اِنَّ بُيُوْتَنَا عَوْرَةٌ ۛؕ وَ مَا هِيَ بِعَوْرَةٍ ۛۚ اِنْ يُّرِيْدُوْنَ اِلَّا فِرَارًا ﴿۱۳﴾

آیت نمبر ۱۳: واؤ عاطفہ اِذْ مضاف قَالَتْ فعل طَّآىِٕفَةٌ موصوف مِّنْهُمْ ظرف مستقر كَائِنَةٌ کے متعلق ہو کر صفت، موصوف باصفت فاعل، فعل بافاعل قول، یاء حرف نداء اُدْعُوْ کے قائم مقام، اُدْعُوْ فعل اَنَا مستتر فاعل اَهْلَ يَثْرِبَ مرکب اضافی مفعول بہ، تینوں مل کر منادیٰ ہوا، لا نفی جنس مُقَامَ اس کا اسم لَكُمْ ظرف مستقر كَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر، لا نفی جنس با اسم و خبر جواب نداء ہوا، نداء با جواب نداء مقولہ، قول با مقولہ اِذْ کا مضاف الیہ ہے۔ فَاء تفریعیہ اِرْجِعُوْا فعل امر با واؤ ضمیر فاعل جملہ انشائیہ امریہ ہوا۔

واؤ استینافیہ يَسْتَاْذِنُ فعل فَرِيْقٌ موصوف مِّنْهُمْ ظرف مستقر كَائِنٌ کے متعلق ہو کر صفت، موصوف باصفت فاعل اَلنَّبِيَّ مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔ يَقُوْلُوْنَ فعل با واؤ ضمیر فاعل جملہ فعلیہ خبریہ قول اِنَّ حرف تحقیق بُيُوْتَنَا مرکب اضافی اسم، عَوْرَةٌ خبر، اِنَّ با اسم و خبر مقولہ علیہ، واؤ عاطفہ مَا مشابہ "بہ لَيْسَ هِيَ ضمیر اس کا اسم بَاء زائدہ عَوْرَةٍ لفظاً منصوب خبر، مَا با اسم و خبر معطوف، معطوف علیہ با معطوف مقولہ، قول با مقولہ فَرِيْقٌ سے حال ہے۔ اِنْ نافیہ يُرِيْدُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل اِلَّا حرف استثناء فِرَارًا مفعول بہ، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطلہ ہوا۔

وَ لَوْ دُخِلَتْ عَلَيْهِمْ مِّنْ اَقْطَارِهَا ثُمَّ سُىِٕلُوا الْفِتْنَةَ لَاٰتَوْهَا وَ مَا تَلَبَّثُوْا بِهَاۤ اِلَّا يَسِيْرًا ﴿۱۴﴾

آیت نمبر ۱۴: واؤ عاطفہ لَوْ شرطیہ دُخِلَتْ فعل مجہول هِيَ مستتر ذوالحال مِنْ اَقْطَارِهَا ظرف مستقر كَائِنَةً کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال باحال نائب فاعل عَلَيْهِمْ جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل مجہول با نائب فاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، ثُمَّ عاطفہ سُىِٕلُوْا فعل مجہول واؤ ضمیر نائب فاعل اَلْفِتْنَةَ مفعول بہ سے مل کر معطوف، معطوف علیہ با معطوف شرط، لَاٰتَوْهَا فعل با واؤ ضمیر فاعل ھَا ضمیر مفعول بہ سے مل کر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ مَا نافیہ تَلَبَّثُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل بِهَا جار با مجرور متعلق ہوئے، اِلَّا حرف استثناء يَسِيْرًا "تَلَبُّثًا موصوف محذوف کے واسطہ سے مفعول مطلق، یا واسطہ موصوف محذوف زَمَانًا کے مفعول فیہ ہے، فعل با فاعل و متعلق و مفعول مطلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

وَ لَقَدْ كَانُوْا عَاهَدُوا اللّٰهَ مِنْ قَبْلُ لَا يُوَلُّوْنَ الْاَدْبَارَ ؕ وَ كَانَ عَهْدُ اللّٰهِ مَسْـُٔوْلًا ﴿۱۵﴾

آیت نمبر ۱۵: واؤ عاطفہ لَامِ موطئہ لقسم قَدْ علامت فعل كَانُوْا فعل ناقص واؤ ضمیر اس کا اسم عَاهَدُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل اَللّٰهَ مفعول بہ مِنْ قَبْلُ متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ قسم، لَا يُوَلُّوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل اَلْاَدْبَارَ مفعول بہ ثانی، اور مفعول اول محذوف ہے اَلْعَدُوَّ، فعل با فاعل و مفعولین جواب قسم، قسم با جواب قسم جملہ انشائیہ قسمیہ ہوا۔ واؤ استینافیہ كَانَ فعل ناقص عَهْدُ اللّٰهِ مرکب اضافی اس کا اسم مَسْـُٔوْلًا خبر، فعل ناقص با اسم و خبر جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

قُلْ لَّنْ يَّنْفَعَكُمُ الْفِرَارُ اِنْ فَرَرْتُمْ مِّنَ الْمَوْتِ اَوِ الْقَتْلِ وَ اِذًا لَّا تُمَتَّعُوْنَ اِلَّا قَلِيْلًا ﴿۱۶﴾

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

آیت نمبر ۱۶: قُلْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل سے مل کر قول۔ لَنْ یَّنْفَعَکُمُ فعل کُمْ ضمیر مفعول بہ اَلْفِرَارُ فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ دال بر جزاء اِنْ شرطیہ فَرَرْتُمْ فعل تُمْ ضمیر فاعل مِنَ جارہ اَلْمَوْتِ اَوِ الْقَتْلِ معطوف علیہ یا معطوف مجرور، جار یا مجرور متعلق ہوئے، فعل یا فاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر شرط، شرط دال بر جزاء سے مل کر جملہ شرطیہ مقولہ، قول یا مقولہ جملہ انشائیہ ہوا۔ واؤ عاطفہ اِذًا کلمہ جواب و جزاء مہمل لَّا تُمَتَّعُوْنَ فعل مجہول واؤ ضمیر نائب فاعل اِلَّا حرف استثناء قَلِیْلًا بواسطہ موصوف محذوف زَمَانًا کے مفعول فیہ، فعل مجہول یا نائب فاعل و مفعول فیہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

قُلْ مَنْ ذَا الَّذِیْ یَعْصِمُکُمْ مِّنَ اللّٰهِ اِنْ اَرَادَ بِکُمْ سُوْٓءًا اَوْ اَرَادَ بِکُمْ رَحْمَةً ؕ وَ لَا یَجِدُوْنَ لَهُمْ مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ وَلِیًّا وَّ لَا نَصِیْرًا ﴿۱۷﴾

آیت نمبر ۱۷: قُلْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل سے مل کر قول۔ مَنْ استفہامیہ مبدل منہ ذَا بدل، مبدل منہ یا بدل مبتدا اَلَّذِیْ اسم موصول یَعْصِمُ فعل ھُوَ مستتر فاعل کُمْ ضمیر مفعول بہ مِنَ اللّٰهِ متعلق سے مل کر صلہ، موصول یا صلہ خبر، مبتدا یا خبر جملہ انشائیہ جزاء مقدم اِنْ شرطیہ اَرَادَ فعل ھُوَ مستتر فاعل بِکُمْ متعلق سُوْٓءًا مفعول بہ سے مل کر معطوف علیہ، اَوْ عاطفہ اَرَادَ فعل ھُوَ مستتر فاعل بِکُمْ متعلق رَحْمَةً مفعول بہ سے مل کر معطوف، معطوف علیہ یا معطوف شرط مؤخر، شرط یا جزاء جملہ شرطیہ مقولہ، قول یا مقولہ جملہ انشائیہ ہوا۔ واؤ استینافیہ لَا یَجِدُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل لَهُمْ جار یا مجرور مفعول بہ ثانی کی جگہ میں ہے مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ کائنین کے متعلق ہو کر حال مقدم مِنْ جارہ زائدہ وَلِیًّا معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لَا زائدہ نَصِیْرًا معطوف، معطوف علیہ یا معطوف ذوالحال مؤخر ذوالحال یا حال مفعول بہ اوّل، فعل یا فاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

قَدْ یَعْلَمُ اللّٰهُ الْمُعَوِّقِیْنَ مِنْکُمْ وَ الْقَآىِٕلِیْنَ لِاِخْوَانِهِمْ هَلُمَّ اِلَیْنَا ۚ وَ لَا یَاْتُوْنَ الْبَاْسَ اِلَّا قَلِیْلًا ﴿۱۸﴾ اَشِحَّةً عَلَیْکُمْ ۚ فَاِذَا جَآءَ الْخَوْفُ رَاَیْتَهُمْ یَنْظُرُوْنَ اِلَیْکَ تَدُوْرُ اَعْیُنُهُمْ کَالَّذِیْ یُغْشٰی عَلَیْهِ مِنَ الْمَوْتِ ۚ فَاِذَا ذَهَبَ الْخَوْفُ سَلَقُوْکُمْ بِاَلْسِنَةٍ حِدَادٍ اَشِحَّةً عَلَی الْخَیْرِ ؕ اُولٰٓىِٕکَ لَمْ یُؤْمِنُوْا فَاَحْبَطَ اللّٰهُ اَعْمَالَهُمْ ؕ وَ کَانَ ذٰلِکَ عَلَی اللّٰهِ یَسِیْرًا ﴿۱۹﴾

آیت نمبر ۱۸،۱۹: قَدْ حرف تحقیق یَعْلَمُ فعل اَللّٰهُ فاعل اَلْ اسم موصول مُعَوِّقِیْنَ ذوالحال مِنْکُمْ اَلْقَآىِٕلِیْنَ کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال یا حال معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اَلْقَآىِٕلِیْنَ اسم فاعل ھُمْ مستتر فاعل لِاِخْوَانِهِمْ متعلق سے مل کر قول، هَلُمَّ اسم فعل اَنْتُمْ ضمیر فاعل اِلَیْنَا متعلق سے مل کر مقولہ، قول یا مقولہ معطوف، معطوف علیہ یا معطوف ذوالحال واؤ حالیہ لَا یَاْتُوْنَ فعل واؤ ضمیر ذوالحال اَشِحَّةً منہ صفت ھُمْ مستتر فاعل عَلَیْکُمْ متعلق سے مل کر حال ذوالحال یا حال فاعل اَلْبَاْسَ مفعول بہ اِلَّا حرف استثناء قَلِیْلًا بواسطہ موصوف محذوف اِتْیَانًا کے مفعول مطلق، فعل یا فاعل و مفعولین حال ذوالحال یا حال یَعْلَمُ کا مفعول بہ، فعل یا فاعل و مفعول بہ جملہ

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

فعلیہ خبریہ ہوا۔ فَاءَ استینافیہ اِذَا شرطیہ مفعول فیہ مقدم جَآءَ فعل اَلْخَوْفُ فاعل سے مل کر شرط، رَاَیْتَ فعل تاء مفتوحہ فاعل ھُمْ ضمیر مفعول بہ اوّل یَنْظُرُوْنَ فعل واؤ ضمیر ذوالحال تَدُوْرُ فعل اَعْیُنُھُمْ مرکب اضافی فاعل کاف جارہ اَلَّذِیْ اسم موصول یُغْشٰی فعل مجہول عَلَیْہِ جار مجرور نائب فاعل مِنَ الْمَوْتِ متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول باصلہ مجرور، جار مجرور رَاَیْتَ کے متعلق ہو کر دَوْرَانًا موصوف محذوف کے واسطہ سے مفعول مطلق، فعل بافاعل و مفعول مطلق حال، ذوالحال باحال فاعل اِلَیْکَ جار مجرور متعلق ہوئے، فعل بافاعل و متعلق مفعول بہ ثانی، فعل بافاعل و مفعولین جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔ فَاءَ عاطفہ اِذَا شرطیہ مفعول فیہ مقدم ذَھَبَ فعل اَلْخَوْفُ فاعل سے مل کر شرط، سَلَقُوْکُمْ فعل واؤ ضمیر ذوالحال اَلْسِنَۃٍ صیغہ صفت بِھُمْ مستتر فاعل عَلَی الْخَیْرِ متعلق سے مل کر حال، ذوالحال باحال فاعل باء جار اَلْسِنَۃٍ حِدَادٍ مرکب توصیفی مجرور، جار مجرور متعلق ہوئے، فعل بافاعل و مفعول بہ و متعلق جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔ اُولٰٓئِکَ اسم اشارہ مبتدا لَمْ یُؤْمِنُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل دونوں مل کر معطوف علیہ، فَاءَ عاطفہ اَحْبَطَ فعل اَللّٰہُ فاعل اَعْمَالَھُمْ مرکب اضافی مفعول بہ سے مل کر معطوف، معطوف علیہ بامعطوف خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ واؤ اعتراضیہ کَانَ ناقصہ ذٰلِکَ اس کا اسم یَسِیْرًا صیغہ صفت ھُوَ مستتر فاعل عَلَی اللّٰہِ متعلق مقدم سے مل کر خبر، فعل ناقص با اسم و خبر جملہ فعلیہ خبریہ معترضہ ہوا۔

یَحْسَبُوْنَ الْاَحْزَابَ لَمْ یَذْھَبُوْا ۚ وَاِنْ یَّاْتِ الْاَحْزَابُ یَوَدُّوْا لَوْ اَنَّھُمْ بَادُوْنَ فِی الْاَعْرَابِ یَسْاَلُوْنَ عَنْ اَنْۢبَآئِکُمْ ؕ وَلَوْ کَانُوْا فِیْکُمْ مَّا قٰتَلُوْٓا اِلَّا قَلِیْلًا ﴿۲۰﴾

آیت نمبر ۲۰: یَحْسَبُوْنَ فعل واؤ ضمیر ذوالحال اَلْاَحْزَابَ مفعول بہ اوّل لَمْ یَذْھَبُوْا فعل باواؤ ضمیر فاعل سے مل کر مفعول بہ ثانی، فعل بافاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔ واؤ عاطفہ اِنْ شرطیہ یَاْتِ فعل اَلْاَحْزَابُ فاعل سے مل کر شرط یَوَدُّوْا فعل واؤ ضمیر فاعل لَوْ شرطیہ اَنَّ حرف تحقیق ھُمْ ضمیر اس کا اسم بَادُوْنَ اسم فاعل ھُمْ ضمیر ذوالحال فِی الْاَعْرَابِ کَائِنِیْنَ کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال باحال خبر اوّل یَسْاَلُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل عَنْ اَنْۢبَآئِکُمْ متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ خبر دوم، اَنَّ با اسم و خبر مل کر بتاویل مصدر فعل محذوف ثَبَتَ کا فاعل، فعل بافاعل جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر شرط، جزاء محذوف ہے لَکَانَ خَیْرًا (مظہری) شرط باجزاء ملا منصوب یَوَدُّوْا کا مفعول بہ، تینوں مل کر جزاء، شرط باجزاء جملہ معطوف ہوا۔ واؤ عاطفہ لَوْ شرطیہ کَانُوْا فعل ناقص واؤ ضمیر اس کا اسم فِیْکُمْ کَائِنِیْنَ کے متعلق ہو کر خبر، فعل ناقص با اسم و خبر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر شرط، مَا نافیہ قٰتَلُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل اِلَّا حرف استثناء قَلِیْلًا بواسطہ موصوف محذوف زَمَانًا کے مفعول فیہ، فعل بافاعل و مفعول فیہ جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

﴿ رکوع نمبر ۳ ﴾

لَقَدْ کَانَ لَکُمْ فِیْ رَسُوْلِ اللّٰہِ اُسْوَۃٌ حَسَنَۃٌ لِّمَنْ کَانَ یَرْجُوا اللّٰہَ وَالْیَوْمَ الْاٰخِرَ وَذَکَرَ اللّٰہَ کَثِیْرًا ﴿۲۱﴾

آیت نمبر ۲۱: لَامٌ موطئہ للقسم لام قسم محذوف ہے قَدْ علامت فعل کَانَ فعل ناقص لَکُمْ جار مجرور مبدل منہ لام مجرور بدل، مَنْ اسم موصول کَانَ فعل ناقص ھُوَ مستتر اس کا اسم یَرْجُوا فعل ھُوَ مستتر فاعل اَللّٰہَ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اَلْیَوْمَ الْاٰخِرَ مرکب توصیفی معطوف،

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

واؤ استینافیہ مَا نافیہ كَانَ فعل ناقص اَللّٰهُ اس کا اسم لام جحدیہ اس کے بعد اَنْ مقدر ہے يُعْجِزَ فعل هُ ضمیر مفعول بہ، مِنْ جارہ زائدہ شَيْءٍ لفظاً مجرور محلاً مرفوع موصوف فِي السَّمٰوٰتِ جار بامجرور معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لَا زائدہ فِي الْاَرْضِ جار بامجرور معطوف، معطوف علیہ بامعطوف كَائِنٌ کے متعلق ہو کر صفت، موصوف باصفت فاعل، فعل بافاعل و مفعول بہ بتاویل مصدر مجرور، جار بامجرور كَائِنًا کے متعلق ہو کر كَانَ کی خبر، فعل ناقص با اسم و خبر جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا اِنَّهٗ كَانَ عَلِيْمًا قَدِيْرًا کی ترکیب اِنَّهٗ كَانَ حَلِيْمًا غَفُوْرًا کی مثل ہے آیت نمبر ۴۱ میں گزر چکی ہے۔

وَ لَوْ يُؤَاخِذُ اللّٰهُ النَّاسَ بِمَا كَسَبُوْا مَا تَرَكَ عَلٰى ظَهْرِهَا مِنْ دَآبَّةٍ وَّ لٰكِنْ يُّؤَخِّرُهُمْ اِلٰٓى اَجَلٍ مُّسَمًّى ۚ فَاِذَا جَآءَ اَجَلُهُمْ فَاِنَّ اللّٰهَ كَانَ بِعِبَادِهٖ بَصِيْرًا ﴿۴۵﴾

آیت نمبر ۴۵: واؤ استینافیہ لَوْ شرطیہ يُؤَاخِذُ فعل اَللّٰهُ فاعل اَلنَّاسَ مفعول بہ بِمَا جارہ مَا اسم موصول كَسَبُوْا فعل بافاعل ضمیر فاعل صلہ، موصول باصلہ مجرور، جار بامجرور متعلق ہوئے، فعل بافاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر شرط، مَا نافیہ تَرَكَ فعل هُوَ مستتر فاعل عَلٰى ظَهْرِهَا جار بامجرور متعلق، مِنْ جارہ زائدہ دَآبَّةٍ لفظاً مجرور محلاً منصوب مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

ومتعلق جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر جزاء، شرط با جزاو جملہ شرطیہ ہوا۔

واؤ عاطفہ لٰکِنْ حرف استدراک مہمل یَؤُخِّرُ فعل ھُوَ مستتر فاعل ھُمْ ضمیر مفعول بہ اِلٰی جارہ اَجَلٍ مُّسَمًّی مرکب توصیفی مجرور، جار مجرور متعلق، فعل بفاعل ومفعول بہ ومتعلق جملہ فعلیہ خبریہ ہوا فَاء عاطفہ اِذَا شرطیہ مفعول بہ مقدم جَآءَ فعل اَجَلُھُمْ مرکب اضافی فاعل سے مل کر شرط، اور اس کی جزاء محذوف ہے فَیُجَازِیْھِمْ مقام تعلیل اِنَّ حرف تحقیق اَللّٰہَ اس کا اسم کَانَ فعل ناقص ھُوَ مستتر اس کا اسم بَصِیْرًا صیغہ صفت ھُوَ مستتر فاعل بِعِبَادِہٖ متعلق مقدم سے مل کر شبہ جملہ ہو کر خبر، فعل ناقص با اسم وخبر جملہ فعلیہ خبریہ اِنَّ کی خبر، اِنَّ با اسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ معللہ ہوا۔

بِحَمْدِہٖ تعالیٰ بروز جمعرات ۲۸، ۱۱، ۲۰۱۳ کو بوقت ۱۰:۱۷ بعد نماز عشاء سورہ ھٰذَا کی ترکیب مکمل ہوئی۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

ترکیب سُوْرَۃُ یٰسٓ

رکوع نمبر ۱

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○ يٰسٓ ۝١ وَالْقُرْاٰنِ الْحَكِيْمِ ۝٢ اِنَّكَ لَمِنَ الْمُرْسَلِيْنَ ۝٣
عَلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ۝٤

آیت نمبر ۱،۲،۳،۴: یٰسٓ خبر ہے مبتدا محذوف ھُوَ کی، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ واؤ قسمیہ جارہ اَلْقُرْاٰنِ الْحَكِيْمِ مرکب توصیفی مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے فعل محذوف اُقْسِمُ کے، اُقْسِمُ فعل اَنَا مستتر فاعل اور متعلق سے مل کر جملہ قسمیہ ہو کر قسم، اِنَّ حرف تحقیق کاف ضمیر اس کا اسم لام مزحلقہ مِنَ الْمُرْسَلِيْنَ کَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر اول، عَلٰى جارہ صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ مرکب توصیفی مجرور، جار با مجرور کَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر ثانی اِنَّ با اسم و خبرین جملہ اسمیہ خبریہ جواب قسم، قسم با جواب قسم جملہ انشائیہ قسمیہ ہوا۔

تَنْزِيْلَ الْعَزِيْزِ الرَّحِيْمِ ۝٥

آیت نمبر ۵: تَنْزِيْلَ مضاف اَلْعَزِيْزِ الرَّحِيْمِ مرکب توصیفی مضاف الیہ، مضاف با مضاف الیہ مفعول مطلق فعل محذوف لُزِّلَ کا، لُزِّلَ فعل مجہول ھُوَ مستتر نائب فاعل اور مفعول مطلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

لِتُنْذِرَ قَوْمًا مَّآ اُنْذِرَ اٰبَآؤُهُمْ فَهُمْ غٰفِلُوْنَ ۝٦

آیت نمبر ۶: لام جارہ تعلیلیہ اور اس کے بعد اَنْ مقدر ہے تُنْذِرَ فعل اَنْتَ مستتر فاعل قَوْمًا موصوف مَّا نافیہ اُنْذِرَ فعل مجہول اٰبَآؤُهُمْ مرکب اضافی نائب فاعل سے مل کر صفت، موصوف با صفت مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ بتاویل مصدر مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے مصدر تَنْزِيْلَ کے یا متعلق ہوئے فعل محذوف لُزِّلَ کے۔ فَاء تعلیلیہ ھُمْ ضمیر مبتدا غٰفِلُوْنَ اسم فاعل ھُمْ مستتر فاعل سے مل کر خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ معللہ ہوا۔

لَقَدْ حَقَّ الْقَوْلُ عَلٰٓى اَكْثَرِهِمْ فَهُمْ لَا يُؤْمِنُوْنَ ۝٧

آیت نمبر ۷: لام موطئہ لقسم اور قسم محذوف ہے قَدْ علامت فعل حَقَّ فعل اَلْقَوْلُ فاعل عَلٰٓى اَكْثَرِهِمْ متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ جواب قسم، قسم محذوف با جواب قسم جملہ انشائیہ قسمیہ ہوا۔ فَاء تعلیلیہ ھُمْ ضمیر مبتدا لَا يُؤْمِنُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ معللہ ہوا۔

اِنَّا جَعَلْنَا فِيْٓ اَعْنَاقِهِمْ اَغْلٰلًا فَهِيَ اِلَى الْاَذْقَانِ فَهُمْ مُّقْمَحُوْنَ ۝٨

آیت نمبر ۸: اِنَّ حرف تحقیق نَا ضمیر اس کا اسم جَعَلْنَا فعل نَا ضمیر فاعل فِيْٓ اَعْنَاقِهِمْ جار با مجرور محلاً منصوب مفعول بہ ثانی مقدم اَغْلٰلًا مفعول بہ اول، فعل با فاعل و مفعولین اِنَّ کی خبر اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔ فَاء عاطفہ ھِيَ ضمیر مبتدا اِلَى

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

الْاَذْقَانِ جار مجرور کَائِنَةٌ کے متعلق ہو کر خبر، مبتدا مؤخر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ فَاء تفریعیہ ھُمْ ضمیر مبتدا، مُقْمَحُوْنَ اسم مفعول ھُمْ مستتر نائب فاعل سے مل کر خبر، مبتدا مؤخر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

وَجَعَلْنَا مِنْۢ بَيْنِ اَيْدِيْهِمْ سَدًّا وَّمِنْ خَلْفِهِمْ سَدًّا فَاَغْشَيْنٰهُمْ فَهُمْ لَا يُبْصِرُوْنَ ۝

آیت نمبر ۹: واؤ عاطفہ جَعَلْنَا فعل نَا ضمیر فاعل مِنْ بَيْنِ اَيْدِيْهِمْ مفعول بہ ثانی مقدم سَدًّا مفعول بہ اوّل، فعل بافاعل ومفعولین جملہ فعلیہ خبریہ معطوف ہوا وَمِنْ خَلْفِهِمْ سَدًّا کا مِنْ بَيْنِ اَيْدِيْهِمْ سَدًّا پر عطف ہے۔ فَاء عاطفہ اَغْشَيْنَا فعل نَا ضمیر فاعل ھُمْ ضمیر مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوفہ ہوا۔ فَاء تعلیلیہ ھُمْ ضمیر مبتدا، لَا يُبْصِرُوْنَ فعل باواؤ ضمیر فاعل جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر خبر، مبتدا مؤخر جملہ اسمیہ خبریہ معلّلہ ہوا۔

وَسَوَآءٌ عَلَيْهِمْ ءَاَنْذَرْتَهُمْ اَمْ لَمْ تُنْذِرْهُمْ لَا يُؤْمِنُوْنَ ۝

آیت نمبر ۱۰: واؤ استیناف سَوَاءٌ بمعنی مُسْتَوٍ اور مُسْتَوٍ اسم فاعل ھُوَ مستتر فاعل اور متعلق سے مل کر شبہ جملہ ہو کر خبر مقدم ءَاَنْذَرْتَهُمْ اَمْ لَمْ تُنْذِرْهُمْ "اِنْذَارُكَ وَعَدَمُ اِنْذَارِكَ کی تاویل میں ہے پھر یہ معطوف علیہ بامعطوف مبتدا مؤخر ہے، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔ ھُمْ ضمیر مبتدا لَا يُؤْمِنُوْنَ فعل باواؤ ضمیر فاعل جملہ فعلیہ خبریہ خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا یا پہلے جملے سے بدل ہوا۔

اِنَّمَا تُنْذِرُ مَنِ اتَّبَعَ الذِّكْرَ وَخَشِيَ الرَّحْمٰنَ بِالْغَيْبِ ۚ فَبَشِّرْهُ بِمَغْفِرَةٍ وَّاَجْرٍ كَرِيْمٍ ۝

آیت نمبر ۱۱: اِنَّ حرف تحقیق مَا کافہ تُنْذِرُ فعل اَنْتَ مستتر فاعل مَنِ اسم موصول اِتَّبَعَ فعل ھُوَ مستتر فاعل اَلذِّكْرَ مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ ہوا واؤ عاطفہ خَشِيَ فعل ھُوَ مستتر فاعل اَلرَّحْمٰنَ ز، الحال بِالْغَيْبِ ظرف مستقر كَائِنًا کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال بالحال مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف صلہ، موصول باصلہ تُنْذِرُ کا مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ فَاء فصیحہ اور اس کی شرط محذوف ہے اِنْ اَنْذَرْتَ فِيْهِ النَّذَارَةَ، بَشِّرْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل ہٗ ضمیر مفعول بہ، باء جارہ مَغْفِرَةٍ معطوف علیہ واؤ عاطفہ اَجْرٍ كَرِيْمٍ مرکب توصیفی معطوف، معطوف علیہ بامعطوف مجرور، جار بامجرور متعلق ہوئے، فعل بافاعل ومفعول بہ ومتعلق جملہ انشائیہ امریہ جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

اِنَّا نَحْنُ نُحْيِ الْمَوْتٰى وَنَكْتُبُ مَا قَدَّمُوْا وَاٰثَارَهُمْ ۭ وَكُلَّ شَيْءٍ اَحْصَيْنٰهُ فِيْٓ اِمَامٍ مُّبِيْنٍ ۝

آیت نمبر ۱۲: اِنَّ حرف تحقیق نَا ضمیر اس کا اسم نَحْنُ ضمیر مبتدا نُحْيِ فعل نَحْنُ مستتر فاعل اَلْمَوْتٰى مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر معطوف علیہ ہوا واؤ عاطفہ نَكْتُبُ فعل نَحْنُ مستتر فاعل مَا اسم موصول قَدَّمُوْا فعل باواؤ ضمیر فاعل جملہ فعلیہ خبریہ صلہ موصول باصلہ معطوف علیہ ہوا واؤ عاطفہ اٰثَارَهُمْ مرکب اضافی معطوف، معطوف علیہ بامعطوف مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ جملہ

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف نَحْنُ کی خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبر یہ اِنَّ کی خبر اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ واؤ عاطفہ کُلَّ شَیْءٍ مرکب اضافی مفعول بہ ہے فعل محذوف اَحْصَیْنَا کا، اَحْصَیْنَا فعل نا ضمیر فاعل اور مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ مفسّر با اَحْصَیْنَا فعل نا ضمیر فاعل ہٗ ضمیر مفعول بہ فِیْ حرف جار اِمَامٍ مُّبِیْنٍ مرکب توصیفی مجرور، جار با مجرور متعلق، فعل با فاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ مفسّر، مفسّر با مفسّر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

﴿ رکوع نمبر ۲ ﴾

وَاضْرِبْ لَهُمْ مَّثَلًا اَصْحٰبَ الْقَرْيَةِ ۘ اِذْ جَآءَهَا الْمُرْسَلُوْنَ ۝

آیت نمبر ۱۳: واؤ استینافیہ اِضْرِبْ بمعنی اِجْعَلْ فعل امر آنت مستتر فاعل لَهُمْ ظرف مستقر کَائِنًا کے متعلق ہو کر حال مقدم مَثَلًا ذوالحال موخر ہوا ذوالحال با حال مفعول بہ ثانی مقدم اَصْحٰبَ الْقَرْيَةِ مرکب اضافی مبدل منہ اِذْ مضاف جَآءَ فعل هَا ضمیر مفعول بہ اَلْمُرْسَلُوْنَ فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ مضاف الیہ، مضاف با مضاف الیہ بدل الاشتمال، مبدل منہ با بدل اِضْرِبْ کا مفعول بہ اوّل، فعل با فاعل و مفعولین جملہ انشائیہ امریہ مستانفہ ہوا۔

اِذْ اَرْسَلْنَآ اِلَيْهِمُ اثْنَيْنِ فَكَذَّبُوْهُمَا فَعَزَّزْنَا بِثَالِثٍ فَقَالُوْٓا اِنَّآ اِلَيْكُمْ مُّرْسَلُوْنَ ۝

آیت نمبر ۱۴: اِذْ مضاف اَرْسَلْنَا فعل نا ضمیر فاعل اِلَيْهِمُ جار با مجرور متعلق اِثْنَيْنِ مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ فَاء عاطفہ كَذَّبُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل هُمَا ضمیر مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف اوّل، فَاء عاطفہ عَزَّزْنَا فعل نا ضمیر فاعل بِثَالِثٍ متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ فَاء عاطفہ قَالُوْا فعل با واؤ ضمیر فاعل جملہ فعلیہ خبریہ قول، اِنَّ حرف تحقیق نا ضمیر اس کا اسم مُّرْسَلُوْنَ اسم مفعول بہ نَحْنُ ضمیر مستتر نائب فاعل اِلَيْكُمْ متعلق مقدم سے مل کر شبہ جملہ ہوا کر اِنَّ کی خبر، اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ مقولہ، قول با مقولہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف پھر معطوف علیہ اوّل کا معطوف ثانی، معطوف علیہ با معطوفین اِذْ کا مضاف الیہ، مضاف با مضاف الیہ بدل ہے پہلے اِذْ سے۔

قَالُوْا مَآ اَنْتُمْ اِلَّا بَشَرٌ مِّثْلُنَا ۙ وَمَآ اَنْزَلَ الرَّحْمٰنُ مِنْ شَيْءٍ ۙ اِنْ اَنْتُمْ اِلَّا تَكْذِبُوْنَ ۝

آیت نمبر ۱۵: قَالُوْا فعل با واؤ ضمیر فاعل جملہ فعلیہ خبریہ قول، مَا نافیہ اَنْتُمْ ضمیر مبتدا اِلَّا حرف استثنا بَشَرٌ مِّثْلُنَا مرکب توصیفی خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف علیہ واؤ عاطفہ مَا نافیہ اَنْزَلَ فعل اَلرَّحْمٰنُ فاعل مِنْ جارہ شَيْءٍ مجرور لفظاً منصوب محلاً مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف مقولہ، قول با مقولہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا اِنْ نافیہ اَنْتُمْ ضمیر مبتدا اِلَّا حرف استثنا تَكْذِبُوْنَ فعل با واؤ ضمیر فاعل جملہ فعلیہ خبریہ خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ معلّلہ ہوا۔

قَالُوْا رَبُّنَا يَعْلَمُ اِنَّآ اِلَيْكُمْ لَمُرْسَلُوْنَ ۝

آیت نمبر ۱۶: قَالُوْا فعل با واؤ ضمیر فاعل جملہ فعلیہ خبریہ قول، رَبُّنَا مرکب اضافی مبتدا يَعْلَمُ فعل هُوَ ضمیر فاعل اِنَّ حرف

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

تحقیق لام مزحلقہ مُرْسَلُوْنَ اسم مفعول لَمِنَ مستترنائب فاعل اِلَيْكُمْ متعلق مقدم سے مل کر شبہ جملہ ہو کر خبر اِنَّ با اسم و خبر یَعْلَمُ کے دو مفعول کے قائم مقام، فعل با فاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ مقولہ، قول با مقولہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

وَمَا عَلَيْنَآ اِلَّا الْبَلٰغُ الْمُبِيْنُ ﴿۱۷﴾

آیت نمبر ۱۷: واؤ عاطفہ مَا نافیہ عَلَيْنَا جار با مجرور كَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم اِلَّا حرف استثناء اَلْبَلٰغُ الْمُبِيْنُ مرکب توصیفی مبتدا مؤخر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف ہوا۔

قَالُوْٓا اِنَّا تَطَيَّرْنَا بِكُمْ ۚ لَئِنْ لَّمْ تَنْتَهُوْا لَنَرْجُمَنَّكُمْ وَلَيَمَسَّنَّكُمْ مِّنَّا عَذَابٌ اَلِيْمٌ ﴿۱۸﴾

آیت نمبر ۱۸: قَالُوْا فعل با واؤ ضمیر فاعل جملہ فعلیہ خبریہ قول، اِنَّ حرف تحقیق نَا ضمیر اس کا اسم تَطَيَّرْنَا فعل نَا ضمیر فاعل بِكُمْ متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ اِنَّ کی خبر، اِنَّ با اسم و خبر مقولہ، قول با مقولہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ لام موطئہ للقسم اور اس کی قسم محذوف ہے، اِنْ شرطیہ لَمْ تَنْتَهُوْا فعل با واؤ ضمیر فاعل جملہ فعلیہ خبریہ شرط، لَنَرْجُمَنَّ فعل نَحْنُ مستتر فاعل كُمْ ضمیر مفعول بہ سے مل کر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لَيَمَسَّنَّ فعل كُمْ ضمیر مفعول بہ مِنَّا جار با مجرور متعلق عَذَابٌ اَلِيْمٌ مرکب توصیفی فاعل مؤخر سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف قسم محذوف کا جواب ہے اور شرط کی جزاء محذوف ہے جس پر جواب قسم دال ہے۔

قَالُوْا طَاۗىِٕرُكُمْ مَّعَكُمْ ۭ اَىِٕنْ ذُكِّرْتُمْ ۭ بَلْ اَنْتُمْ قَوْمٌ مُّسْرِفُوْنَ ﴿۱۹﴾

آیت نمبر ۱۹: قَالُوْا فعل با واؤ ضمیر فاعل جملہ فعلیہ خبریہ قول، طَاۗىِٕرُكُمْ مرکب اضافی مبتدا، مَعَكُمْ مرکب اضافی كَائِنٌ کا ملحول فیہ ہو کر خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ مقولہ، قول با مقولہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ ھمزہ حرف استفہام اِنْ شرطیہ ذُكِّرْتُمْ فعل مجہول تُمْ ضمیر نائب فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ شرط اور اس کی جزاء محذوف ہے تَطَيَّرْتُمْ، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔ بَلْ حرف اضراب اَنْتُمْ ضمیر مبتدا، قَوْمٌ مُّسْرِفُوْنَ مرکب توصیفی خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

وَجَاۗءَ مِنْ اَقْصَا الْمَدِيْنَةِ رَجُلٌ يَّسْعٰى قَالَ يٰقَوْمِ اتَّبِعُوا الْمُرْسَلِيْنَ ﴿۲۰﴾ اتَّبِعُوْا مَنْ لَّا يَسْـَٔلُكُمْ اَجْرًا وَّهُمْ مُّهْتَدُوْنَ ﴿۲۱﴾

آیت نمبر ۲۰،۲۱: واؤ استینافیہ جَاۗءَ فعل مِنْ جار اَقْصَى الْمَدِيْنَةِ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور متعلق ہو کے رَجُلٌ موصوف يَّسْعٰى فعل با ھُوَ مستتر فاعل صفت، موصوف با صفت فاعل، فعل با فاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔ قَالَ فعل با ھُوَ مستتر فاعل جملہ فعلیہ خبریہ قول، يٰقَوْمِ یہ اصل میں يَا قَوْمِيْ ہے اور یہ منادا ہے اِتَّبِعُوْا فعل با واؤ ضمیر فاعل الْمُرْسَلِيْنَ مفعول بہ سے مل کر جملہ انشائیہ امریہ مؤکد، اِتَّبِعُوْا فعل امر و واؤ ضمیر فاعل مَنْ اسم موصول لَا يَسْـَٔلُكُمْ فعل ھُوَ مستتر فاعل كُمْ ضمیر مفعول بہ اوّل، اَجْرًا مفعول بہ ثانی سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول با صلہ ذوالحال واؤ حالیہ ھُمْ ضمیر مبتدا، مُّهْتَدُوْنَ اسم فاعل ھُمْ مستتر فاعل سے مل کر خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ حال، ذوالحال با حال مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ انشائیہ امریہ تاکید، مؤکد با تاکید جواب

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

ندا، ندا باجواب ندا معطوف، قول باعتبار جملہ فعلیہ خبریہ بتقدیر قَدْ اَرْسَلَ سے حال ہوا۔

وَمَا لِيَ لَآ أَعْبُدُ الَّذِي فَطَرَنِي وَإِلَيْهِ تُرْجَعُونَ ﴿٢٢﴾

آیت نمبر ۲۲: وَاؤ عاطفہ مَا اسم استفہام مبتدا لَامِ جار وِیَاءِ ضمیر ذوالحال لَآ اَعْبُدُ فعل اَنَا مستتر فاعل اَلَّذِیْ اسم موصول فَطَرَ فعل هُوَ مستتر فاعل نون وقایہ کا یَاءِ ضمیر مفعول بہ، پھر یہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ تُرْجَعُوْنَ فعل مجہول واؤ ضمیر نائب فاعل اِلَيْهِ متعلق مقدم سے مل کر معطوف، معطوف علیہ باعطف صلہ، موصول باصلہ مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ حال ذوالحال باحال مجرور، جار باجرور لَآ یَعْبُدُ کے متعلق ہو کر خبر، مبتدا باخبر جملہ انشائیہ استفہامیہ ہوا۔

ءَأَتَّخِذُ مِن دُونِهِ آلِهَةً إِن يُرِدْنِ الرَّحْمَٰنُ بِضُرٍّ لَّا تُغْنِ عَنِّي شَفَاعَتُهُمْ شَيْئًا وَلَا يُنقِذُونِ ﴿٢٣﴾

آیت نمبر ۲۳: هَمزہ حرف استفہام اَتَّخِذُ فعل اَنَا مستتر فاعل مِنْ دُوْنِهٖ جار باجرور مفعول بہ ثانی، اٰلِهَةً مفعول بہ اوّل، فعل بافاعل ومفعولین جملہ انشائیہ استفہامیہ ہوا۔ اِنْ شرطیہ یُرِدْ فعل نون وقایہ کا یَاءِ محذوفہ مفعول بہ اَلرَّحْمٰنُ فاعل بِضُرٍّ متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ شرط، لَا تُغْنِ فعل عَنِّیْ جار باجرور متعلق شَفَاعَتُهُمْ مرکب اضافی فاعل شَيْئًا مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لَا یُنْقِذُوْنِ فعل واؤ ضمیر فاعل نون وقایہ کا یَاءِ محذوفہ مفعول بہ، پھر یہ معطوف ہے، معطوف علیہ باعطف جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ مستانفہ معلّلہ ہوا (روح المعانی) اور بعض حضرات نے اٰلِهَةً کی صفت بنایا ہے اور یہ بھی درست ہے۔

إِنِّي إِذًا لَّفِي ضَلَالٍ مُّبِينٍ ﴿٢٤﴾

آیت نمبر ۲۴: اِنَّ حرف تحقیق یَاءِ ضمیر اس کا اسم اِذًا حرف جواب وجزاء مہمل لَامِ مزحلقہ فِیْ حرف جار ضَلَالٍ مُّبِیْنٍ مرکب توصیفی مجرور، جار باجرور كَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر، اِنَّ باسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

إِنِّي آمَنتُ بِرَبِّكُمْ فَاسْمَعُونِ ﴿٢٥﴾

آیت نمبر ۲۵: اِنَّ حرف تحقیق یَاءِ ضمیر اس کا اسم اٰمَنْتُ فعل تاء مضمومہ فاعل بِرَبِّكُمْ جار باجرور متعلق، فعل بافاعل ومتعلق خبر اِنَّ باسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ فَاء فصیحہ اور اس کی شرط محذوف ہے اِنْ كُنْتُ نَاصِحًا لَّكُمْ فَاسْمَعُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل نون وقایہ کا یَاءِ محذوفہ مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ جملہ انشائیہ امریہ جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

قِيلَ ادْخُلِ الْجَنَّةَ ۖ قَالَ يَا لَيْتَ قَوْمِي يَعْلَمُونَ ﴿٢٦﴾ بِمَا غَفَرَ لِي رَبِّي وَجَعَلَنِي مِنَ الْمُكْرَمِينَ ﴿٢٧﴾

آیت نمبر ۲۶، ۲۷: قِیْلَ فعل مجہول هُوَ ضمیر مستتر راجع بسوئے مصدر اَلْقَوْل نائب فاعل، فعل مجہول بانائب فاعل قول اُدْخُلِ فعل اَنْتَ مستتر فاعل اَلْجَنَّةَ مفعول بہ سے مل کر مقول، قول باعتبار مقول جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ قَالَ فعل هُوَ مستتر فاعل سے مل کر قول، یَاءِ حرف تنبیہ (اعراب القرآن) لَیْتَ حرف تمنی قَوْمِیْ مرکب اضافی اس کا اسم یَعْلَمُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل یَاء جار ہ غَفَرَ فعل

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

فِی جار باجرور متعلق رَبِّی مرکب اضافی فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ واؤ عاطفہ جَعَلَ فعل ھُوَ مستتر فاعل نون وقایہ کا یاء ضمیر مفعول بہ مِنَ الْمُکْرَمِیْنَ متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف صلہ، موصول باصلہ مجرور، جار باجرور یَتَعَلَّمُوْنَ کے متعلق، فعل بافاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ خبر، لَیْتَ با اسم و خبر جملہ انشائیہ مقولہ، قول بامقولہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

وَمَآ اَنْزَلْنَا عَلٰی قَوْمِهٖ مِنْۢ بَعْدِهٖ مِنْ جُنْدٍ مِّنَ السَّمَآءِ وَمَا كُنَّا مُنْزِلِيْنَ ﴿۲۸﴾

آیت نمبر ۲۸: واؤ استیناف مَا نافیہ اَنْزَلْنَا فعل نا ضمیر فاعل عَلٰی قَوْمِهٖ جار باجرور متعلق، مِنْۢ بَعْدِهٖ ظرف مستقر کَائِنًا کے متعلق ہو کر حال مقدم، مِنْ جارہ زائدہ جُنْدٍ لفظاً مجرور محلاً منصوب موصوف مِنَ السَّمَآءِ کَائِنًا کے متعلق ہو کر صفت، موصوف باصفت ذوالحال مؤخر ذوالحال باحال مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ مَا نافیہ کُنَّا فعل ناقص نا ضمیر اس کا اسم مُنْزِلِیْنَ خبر، فعل ناقص با اسم و خبر معطوف، معطوف علیہ بامعطوف جملہ مستانفہ ہوا۔

اِنْ كَانَتْ اِلَّا صَيْحَةً وَّاحِدَةً فَاِذَا هُمْ خٰمِدُوْنَ ﴿۲۹﴾

آیت نمبر ۲۹: اِنْ نافیہ كَانَتْ فعل ناقص ہی مستتر اس کا اسم اِلَّا حرف استثناء صَیْحَةً وَّاحِدَةً مرکب توصیفی خبر، فعل ناقص با اسم و خبر معطوف علیہ، فَاء عاطفہ اِذَا مفاجاتیہ ھُمْ ضمیر مبتدا خَامِدُوْنَ خبر سے مل کر معطوف، معطوف علیہ بامعطوف جملہ معطوفہ ہوا۔

يٰحَسْرَةً عَلَى الْعِبَادِ ۚ مَا يَاْتِيْهِمْ مِّنْ رَّسُوْلٍ اِلَّا كَانُوْا بِهٖ يَسْتَهْزِءُوْنَ ﴿۳۰﴾

آیت نمبر ۳۰: یٰحَسْرَةً عَلَی الْعِبَادِ اصل میں یَا هٰؤُلَآءِ تَحَسَّرُوْا حَسْرَةً عَلَی الْعِبَادِ ہے (روح المعانی) اور اس کی ترکیب محتاج بیان نہیں ہے واضح ہے، مَا نافیہ یَاْتِی فعل ھِمْ ضمیر ذوالحال اِلَّا حرف استثناء كَانُوْا فعل ناقص واؤ ضمیر اس کا اسم یَسْتَهْزِءُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل بِهٖ متعلق مقدم سے مل کر خبر، فعل ناقص با اسم و خبر جملہ فعلیہ خبریہ حال، ذوالحال باحال مفعول بہ مِنْ جارہ زائدہ رَسُوْلٍ لفظاً مجرور محلاً مرفوع فاعل، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

اَلَمْ يَرَوْا كَمْ اَهْلَكْنَا قَبْلَهُمْ مِّنَ الْقُرُوْنِ اَنَّهُمْ اِلَيْهِمْ لَا يَرْجِعُوْنَ ﴿۳۱﴾

آیت نمبر ۳۱: هَمزہ حرف استفہام اَلَمْ یَرَوْا فعل واؤ ضمیر فاعل کَمْ خبریہ ذوالحال مِنَ الْقُرُوْنِ جار باجرور کَائِنًا کے متعلق ہو کر حال ذوالحال باحال مفعول بہ مقدم، اَهْلَكْنَا فعل نا ضمیر فاعل قَبْلَهُمْ مرکب اضافی مفعول فیہ، فعل بافاعل ومفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ مبدل منہ، اَنَّ حرف تحقیق ھُمْ ضمیر اس کا اسم لَا یَرْجِعُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل اِلَیْهِمْ متعلق سے مل کر خبر، اَنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ بدل، مبدل منہ بدل لَمْ یَرَوْا کا مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ جملہ انشائیہ استفہامیہ ہوا۔

وَاِنْ كُلٌّ لَّمَّا جَمِيْعٌ لَّدَيْنَا مُحْضَرُوْنَ ﴿۳۲﴾

آیت نمبر ۳۲: واؤ عاطفہ اِنْ نافیہ كُلٌّ مبتدا، لَمَّا بمعنی اِلَّا جَمِیْعٌ خبر اول مُحْضَرُوْنَ اسم مفعول ھُمْ ضمیر مستتر نائب فاعل

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

لَدَیْنَا مرکب اضافی مفعول فیہ مقدم سے مل کر خبر ثانی، مبتدا اخبرین جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

﴿ رکوع نمبر ۳ ﴾

وَاٰیَةٌ لَّهُمُ الْاَرْضُ الْمَیْتَةُ ۚ اَحْیَیْنٰهَا وَاَخْرَجْنَا مِنْهَا حَبًّا فَمِنْهُ یَاْكُلُوْنَ ﴿۳۳﴾

آیت نمبر ۳۳: واؤ استینافی اٰیَةٌ موصوف لَهُمُ کَائِنَةٌ کے متعلق ہو کر صفت، موصوف باصفت مبتدا اَلْاَرْضُ الْمَیْتَةُ مرکب توصیفی ذوالحال اَحْیَیْنٰهَا فعل نا ضمیر فاعل هَا ضمیر مفعول بہ سے مل کر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اَخْرَجْنَا فعل نا ضمیر فاعل مِنْهَا متعلق حَبًّا مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ باعطف حال، ذوالحال باحال خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔ فاء تفریعیہ یَاْكُلُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل مِنْهُ متعلق مقدم سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

وَجَعَلْنَا فِیْهَا جَنّٰتٍ مِّنْ نَّخِیْلٍ وَّاَعْنَابٍ وَّفَجَّرْنَا فِیْهَا مِنَ الْعُیُوْنِ ﴿۳۴﴾

آیت نمبر ۳۴: واؤ عاطفہ جَعَلْنَا فعل نا ضمیر فاعل فِیْهَا جار مجرور متعلق جَنّٰتٍ موصوف مِنْ جار نَّخِیْلٍ وَّاَعْنَابٍ معطوف علیہ باعطف مجرور، جار مجرور کَائِنَةٌ کے متعلق ہو کر صفت، موصوف باصفت مفعول بہ، فعل بافاعل و متعلق و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ فَجَّرْنَا فعل نا ضمیر فاعل فِیْهَا جار مجرور متعلق کَائِنَةٌ کے متعلق ہو کر بواسطہ موصوف محذوف شَیْئًا کے مفعول بہ (روح المعانی) فعل بافاعل و متعلق و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ باعطف پھر اَحْیَیْنَا پر معطوف ہے۔

لِیَاْكُلُوْا مِنْ ثَمَرِهٖ ۙ وَمَا عَمِلَتْهُ اَیْدِیْهِمْ ؕ اَفَلَا یَشْكُرُوْنَ ﴿۳۵﴾

آیت نمبر ۳۵: لام جارہ تعلیلیہ اور اس کے بعد اَنْ مقدر ہے یَاْكُلُوْا فعل، واؤ ضمیر فاعل مِنْ جار ثَمَرِهٖ مرکب اضافی معطوف علیہ، واؤ عاطفہ مَا اسم موصول عَمِلَتْ فعل هُ ضمیر مفعول بہ اَیْدِیْهِمْ مرکب اضافی فاعل سے مل کر صلہ، موصول باصلہ معطوف، معطوف علیہ باعطف مجرور، جار مجرور متعلق، فعل بافاعل و متعلق بتاویل مصدر مجرور، جار مجرور متعلق ہوئے جَعَلْنَا کے، ہمزہ حرف استفہام فاء عاطفہ معطوف علیہ محذوف ہے یَرَوْنَ هٰذِهِ النِّعَمَ، لَا یَشْكُرُوْنَ فعل باواؤ ضمیر فاعل معطوف، معطوف علیہ باعطف جملہ انشائیہ ہوا۔

سُبْحٰنَ الَّذِیْ خَلَقَ الْاَزْوَاجَ كُلَّهَا مِمَّا تُنْۢبِتُ الْاَرْضُ وَمِنْ اَنْفُسِهِمْ وَمِمَّا لَا یَعْلَمُوْنَ ﴿۳۶﴾

آیت نمبر ۳۶: سُبْحَانَ مضاف اَلَّذِیْ اسم موصول خَلَقَ فعل هُوَ مستتر فاعل اَلْاَزْوَاجَ كُلَّهَا مؤکد باتاکید ذوالحال مِنْ جارہ مَا اسم موصول تُنْۢبِتُ فعل اَلْاَرْضُ فاعل سے مل کر صلہ، موصول باصلہ مجرور، جار مجرور معطوف علیہ، واؤ عاطفہ مِنْ اَنْفُسِهِمْ جار مجرور معطوف اول، واؤ عاطفہ مِنْ جارہ مَا اسم موصول لَا یَعْلَمُوْنَ فعل باواؤ ضمیر فاعل صلہ، موصول باصلہ مجرور، جار مجرور معطوف ثانی، معطوف علیہ باعطوفین کَائِنَةً کے متعلق ہو کر حال ذوالحال باحال خَلَقَ کا مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ صلہ، موصول باصلہ مضاف الیہ، مضاف باضاف الیہ مفعول مطلق ہوا فعل محذوف اُسَبِّحُ کا... الخ

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

وَاٰيَةٌ لَّهُمُ الَّيْلُ ۚ نَسْلَخُ مِنْهُ النَّهَارَ فَاِذَا هُمْ مُّظْلِمُوْنَ ﴿۳۷﴾

آیت نمبر ۳۷: واؤ عاطفہ اٰيَةٌ موصوف لَهُمْ ظرف مستقر كَائِنَةٌ کے متعلق ہو کر صفت، موصوف باصفت مبتدا، اَلَّيْلُ ذوالحال نَسْلَخُ فعل نَحْنُ مستتر فاعل مِنْهُ متعلق اَلنَّهَارَ مفعول بہ سے مل کر حال ذوالحال باحال مبتدا موخر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ فَاجا عاطفہ اِذَا مفاجاتیہ هُمْ ضمیر مبتدا مُّظْلِمُوْنَ خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف ہوا۔

وَالشَّمْسُ تَجْرِيْ لِمُسْتَقَرٍّ لَّهَا ۭ ذٰلِكَ تَقْدِيْرُ الْعَزِيْزِ الْعَلِيْمِ ﴿۳۸﴾

آیت نمبر ۳۸: واؤ عاطفہ اَلشَّمْسُ مبتدا تَجْرِيْ فعل هِيَ مستتر فاعل لَامْ جار مُسْتَقَرٍّ موصوف لَهَا ظرف مستقر كَائِنٍ کے متعلق ہو کر صفت، موصوف باصفت مجرور، جار مجرور متعلق، فعل بافاعل و متعلق خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ ذٰلِكَ اسم اشارہ مبتدا، تَقْدِيْرُ مضاف اَلْعَزِيْزِ الْعَلِيْمِ مرکب توصیفی مضاف الیہ، مضاف باضاف الیہ خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

وَالْقَمَرَ قَدَّرْنٰهُ مَنَازِلَ حَتّٰى عَادَ كَالْعُرْجُوْنِ الْقَدِيْمِ ﴿۳۹﴾

آیت نمبر ۳۹: واؤ عاطفہ اَلْقَمَرَ مفعول بہ ہے فعل محذوف قَدَّرْنَا کا، قَدَّرْنَا فعل با اَنَا ضمیر فاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ مفسرہ، قَدَّرْنَا فعل نَا ضمیر فاعل هُ ضمیر مفعول بہ اول مَنَازِلَ مفعول بہ ثانی، حَتّٰى حرف غایۃ و جر عَادَ فعل هُوَ مستتر فاعل كَاف جارہ اَلْعُرْجُوْنِ الْقَدِيْمِ مرکب توصیفی مجرور، جار مجرور متعلق، فعل بافاعل و متعلق بتاویل مصدر مجرور، جار مجرور قَدَّرْنَا کے متعلق، فعل بافاعل و مفعولین و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ مفسرہ، مفسر با مفسر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

لَا الشَّمْسُ يَنْۢبَغِيْ لَهَآ اَنْ تُدْرِكَ الْقَمَرَ وَلَا الَّيْلُ سَابِقُ النَّهَارِ ۭ وَكُلٌّ فِيْ فَلَكٍ يَّسْبَحُوْنَ ﴿۴۰﴾

آیت نمبر ۴۰: لَا نافیہ اَلشَّمْسُ مبتدا يَنْۢبَغِيْ فعل هُوَ مستتر فاعل لَهَا جار مجرور متعلق اَنْ ناصبہ تُدْرِكَ فعل هِيَ مستتر فاعل اَلْقَمَرَ مفعول بہ سے مل کر بتاویل مصدر مفعول بہ، فعل بافاعل و متعلق و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لَا زائدہ اَلَّيْلُ مبتدا سَابِقُ النَّهَارِ مرکب اضافی خبر، مبتدا باخبر معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ مستانفہ ہوا۔ واؤ عاطفہ كُلٌّ "كُلُّ وَاحِدٍ مِنْهُمْ" کی تاویل میں ہو کر مبتدا يَسْبَحُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل اور فِيْ فَلَكٍ متعلق مقدم سے مل کر خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

وَاٰيَةٌ لَّهُمْ اَنَّا حَمَلْنَا ذُرِّيَّتَهُمْ فِي الْفُلْكِ الْمَشْحُوْنِ ﴿۴۱﴾ وَخَلَقْنَا لَهُمْ مِّنْ مِّثْلِهٖ مَا يَرْكَبُوْنَ ﴿۴۲﴾

آیت نمبر ۴۱، ۴۲: واؤ عاطفہ اٰيَةٌ موصوف لَهُمْ كَائِنَةٌ کے متعلق ہو کر صفت، موصوف باصفت مبتدا اَنَّ حرف مشبہ نَا ضمیر اس کا اسم حَمَلْنَا فعل نَا ضمیر فاعل ذُرِّيَّتَهُمْ مرکب اضافی مفعول بہ فِي حرف جارہ اَلْفُلْكِ الْمَشْحُوْنِ مرکب توصیفی مجرور، جار مجرور

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

متعلق ہوئے، فعل بافاعل ومفعول بہ ومتعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ خَلَقْنَا فعل نَا ضمیر فاعل لَهُمْ جار ہا مجرور متعلق مِنْ مِثْلِهٖ جار ہا مجرور كَائِنًا کے متعلق ہو کر حال مقدم مَا اسم موصول يَرْكَبُوْنَ فعل ہا واؤ ضمیر فاعل صلہ، موصول باصلہ ذوالحال مؤخر، ذوالحال باحال خَلَقْنَا کا مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ ومتعلق معطوف، معطوف علیہ باعطوف اَنَّ کی خبر مَا اَنَّ باسم وخبر بتاویل مفرد خبر، مبتدا اخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

وَاِنْ نَّشَاْ نُغْرِقْهُمْ فَلَا صَرِيْخَ لَهُمْ وَلَا هُمْ يُنْقَذُوْنَ ﴿۴۳﴾

آیت نمبر ۴۳: واؤ عاطفہ اِنْ شرطیہ نَشَاْ فعل نَحْنُ مستتر فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر شرط، نُغْرِقْ فعل نَحْنُ مستتر فاعل هُمْ ضمیر مفعول بہ سے مل کر جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔ فاء عاطفہ لَا نافی جنس صَرِيْخَ اس کا اسم لَهُمْ كَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر، لَا باسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لَا نافیہ هُمْ ضمیر مبتدا يُنْقَذُوْنَ فعل مجہول واؤ ضمیر نائب فاعل سے مل کر خبر، مبتدا اخبر معطوف، معطوف علیہ باعطوف جملہ معطوفہ ہوا۔

اِلَّا رَحْمَةً مِّنَّا وَمَتَاعًا اِلٰى حِيْنٍ ﴿۴۴﴾

آیت نمبر ۴۴: اِلَّا حرف استثناء رَحْمَةً موصوف مِنَّا ظرف مستقر كَائِنَةً کے متعلق ہو کر صفت، موصوف باصفت معطوف علیہ، واؤ عاطفہ مَتَاعًا موصوف اِلٰى حِيْنٍ كَائِنًا کے متعلق ہو کر صفت، موصوف باصفت معطوف، معطوف علیہ باعطوف منصوب بنزع الخافض يُنْقَذُوْنَ کے متعلق ہے۔

وَاِذَا قِيْلَ لَهُمُ اتَّقُوْا مَا بَيْنَ اَيْدِيْكُمْ وَمَا خَلْفَكُمْ لَعَلَّكُمْ تُرْحَمُوْنَ ﴿۴۵﴾

آیت نمبر ۴۵: واؤ استینافیہ اِذَا شرطیہ منصوب فیہ متقدم قِيْلَ فعل مجہول هُوَ مستتر نائب فاعل لَهُمْ متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ قول اِتَّقُوْا فعل واؤ ضمیر ذوالحال لَعَلَّ حرف ترجی كُمْ ضمیر اس کا اسم تُرْحَمُوْنَ فعل مجہول واؤ ضمیر نائب فاعل سے مل کر خبر لَعَلَّ باسم وخبر حال ذوالحال باحال فاعل مَا اسم موصول بَيْنَ اَيْدِيْكُمْ مرکب اضافی ثَبَتَ کا مفعول فیہ ہو کر صلہ، موصول باصلہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ مَا اسم موصول خَلْفَكُمْ مرکب اضافی ثَبَتَ کا مفعول فیہ ہو کر صلہ، موصول باصلہ معطوف، معطوف علیہ باعطوف اِتَّقُوْا کا مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ محذوف، قول بامقولہ شرط اور جزاء محذوف ہے اَعْرَضُوْا، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

وَمَا تَاْتِيْهِمْ مِّنْ اٰيَةٍ مِّنْ اٰيٰتِ رَبِّهِمْ اِلَّا كَانُوْا عَنْهَا مُعْرِضِيْنَ ﴿۴۶﴾

آیت نمبر ۴۶: واؤ عاطفہ مَا نافیہ تَاْتِي فعل هِمْ ضمیر مفعول بہ مِنْ جارہ زائدہ مِنْ آيَةٍ مجرور مع جار مبتدا موصوف مِنْ اٰيٰتِ رَبِّهِمْ كَائِنَةٌ کے متعلق ہو کر صفت، موصوف باصفت ذوالحال اِلَّا حرف استثناء كَانُوْا فعل ناقص واؤ ضمیر اس کا اسم مُعْرِضِيْنَ اسم فاعل هُمْ ضمیر مستتر فاعل عَنْهَا متعلق مقدم سے مل کر حال ذوالحال باحال فاعل، فعل بافاعل ومفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوفہ ہوا۔

وَاِذَا قِيْلَ لَهُمْ اَنْفِقُوْا مِمَّا رَزَقَكُمُ اللّٰهُ ۙ قَالَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لِلَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اَنُطْعِمُ مَنْ لَّوْ يَشَآءُ اللّٰهُ اَطْعَمَهٗٓ ۖ اِنْ اَنْتُمْ اِلَّا فِيْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ ﴿۴۷﴾

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

آیت نمبر ۴۷: واؤ عاطفہ اِذَا شرطیہ مفعول فیہ مقدم قِيْلَ فعل مجہول هُوَ مستتر نائب فاعل لَهُمْ متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ قول، اَنْفِقُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل مِنْ جارہ مَا اسم موصول رَزَقَ فعل كُمُ ضمیر مفعول بہ، اَللّٰهُ فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول باصلہ مجرور، جار باجرور متعلق، فعل بافاعل و متعلق جملہ انشائیہ مقولہ، قول بامقولہ شرط، قَالَ فعل اَلَّذِيْنَ كَفَرُوْا موصول باصلہ فاعل لام جارہ اَلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا موصول باصلہ مجرور، جار باجرور متعلق، فعل بافاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ، قول، ھمزہ حرف استفہام نُطْعِمُ فعل نَحْنُ مستتر فاعل مَنْ اسم موصول لَوْ شرطیہ يَشَآءُ فعل اَللّٰهُ فاعل سے مل کر شرط، اَطْعَمَهٗ فعل هُوَ مستتر فاعل ہٗ ضمیر مفعول بہ سے مل کر جزاء، شرط باجزاء صلہ، موصول باصلہ نُطْعِمُ کا مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ انشائیہ مقولہ، قول بامقولہ جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا اِنْ نافیہ اَنْتُمْ ضمیر مبتدا اِلَّا حرف استثناء جارہ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ مرکب توصیفی مجرور، جار باجرور كَائِنُوْنَ کے متعلق ہو کر خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

وَيَقُوْلُوْنَ مَتٰى هٰذَا الْوَعْدُ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ﴿۴۸﴾

آیت نمبر ۴۸: واؤ استینافیہ يَقُوْلُوْنَ فعل بافاعل قول، مَتٰى اسم استفہام كَائِنٌ کا مفعول فیہ ہو کر خبر مقدم هٰذَا الْوَعْدُ مرکب توصیفی یا مبدل منہ بابدل مبتدا مؤخر، مبتدا باخبر جملہ انشائیہ مقولہ، قول بامقولہ جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا اِنْ شرطیہ كُنْتُمْ فعل ناقص تُمْ ضمیر اس کا اسم صٰدِقِيْنَ خبر، فعل ناقص با اسم و خبر جملہ فعلیہ خبریہ شرط، اور جزاء محذوف ہے فَمَتٰى هٰذَا الْوَعْدُ، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

مَا يَنْظُرُوْنَ اِلَّا صَيْحَةً وَّاحِدَةً تَاْخُذُهُمْ وَهُمْ يَخِصِّمُوْنَ ﴿۴۹﴾

آیت نمبر ۴۹: مَا نافیہ يَنْظُرُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل اِلَّا حرف استثناء صَيْحَةً موصوف وَاحِدَةً صفت اولیٰ تَاْخُذُ فعل ہی مستتر فاعل هُمْ ضمیر ذوالحال واؤ حالیہ هُمْ ضمیر مبتدا يَخِصِّمُوْنَ فعل بافاعل ضمیر فاعل خبر، مبتدا باخبر حال، ذوالحال باحال مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ صفت ثانیہ، موصوف باصفتین مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

فَلَا يَسْتَطِيْعُوْنَ تَوْصِيَةً وَّلَآ اِلٰٓى اَهْلِهِمْ يَرْجِعُوْنَ ﴿۵۰﴾

آیت نمبر ۵۰: فَاء عاطفہ لَا يَسْتَطِيْعُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل تَوْصِيَةً مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لَا نافیہ يَرْجِعُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل اِلٰى اَهْلِهِمْ متعلق مقدم سے مل کر معطوف، معطوف علیہ بامعطوف جملہ معطوفہ ہوا۔

﴿ رکوع نمبر ۳ ﴾

وَنُفِخَ فِي الصُّوْرِ فَاِذَا هُمْ مِّنَ الْاَجْدَاثِ اِلٰى رَبِّهِمْ يَنْسِلُوْنَ ﴿۵۱﴾

آیت نمبر ۵۱: واؤ استینافیہ نُفِخَ فعل مجہول هُوَ مستتر نائب فاعل فِي الصُّوْرِ متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، فَاء عاطفہ اِذَا مفاجاتیہ هُمْ ضمیر مبتدا يَنْسِلُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل مِنَ الْاَجْدَاثِ جار باجرور متعلق اول مقدم اِلٰى رَبِّهِمْ جار باجرور متعلق ثانی مقدم، فعل بافاعل و متعلقین خبر، مبتدا باخبر معطوف، معطوف علیہ بامعطوف جملہ مستانفہ ہوا۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

قَالُوْا يٰوَيْلَنَا مَنْۢ بَعَثَنَا مِنْ مَّرْقَدِنَا ۜ هٰذَا مَا وَعَدَ الرَّحْمٰنُ وَصَدَقَ الْمُرْسَلُوْنَ ﴿۵۲﴾

آیت نمبر ۵۲: قَالُوْا فعل باواؤ ضمیر فاعل قول ہوا یٰوَيْلَنَا یہ اصل میں یَاقَوْمَنَا انْظُرُوْا وَيْلَنَا ہے اور ترکیب واضح ہے، مَنْ اسم استفہام مبتداء بَعَثَ فعل هُوَ مستتر فاعل نَا ضمیر مفعول بہ مِنْ مَّرْقَدِنَا متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ خبر، مبتدا باخبر جملہ انشائیہ استفہامیہ ہوا هٰذَا اسم اشارہ مبتداء مَا اسم موصول وَعَدَ فعل اَلرَّحْمٰنُ فاعل سے مل کر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ صَدَقَ فعل اَلْمُرْسَلُوْنَ فاعل سے مل کر معطوف، معطوف علیہ با معطوف صلہ، موصول باصلہ خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

اِنْ كَانَتْ اِلَّا صَيْحَةً وَّاحِدَةً فَاِذَا هُمْ جَمِيْعٌ لَّدَيْنَا مُحْضَرُوْنَ ﴿۵۳﴾

آیت نمبر ۵۳: اِنْ نافیہ كَانَتْ فعل ناقص هِيَ ضمیر مستتر اس کا اسم اِلَّا حرف استثناء صَيْحَةً وَّاحِدَةً مرکب توصیفی خبر، فعل ناقص با اسم و خبر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، فَاء عاطفہ اِذَا مفاجاتیہ هُمْ ضمیر مبتداء جَمِيْعٌ موصوف مُحْضَرُوْنَ اسم مفعول هُمْ مستتر نائب فاعل اور لَدَيْنَا مفعول فیہ مقدم سے مل کر صفت، موصوف باصفت خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ معطوفہ ہوا۔

فَالْيَوْمَ لَا تُظْلَمُ نَفْسٌ شَيْـًٔا وَّلَا تُجْزَوْنَ اِلَّا مَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ﴿۵۴﴾

آیت نمبر ۵۴: فَاء استینافیہ اَلْيَوْمَ مفعول فیہ مقدم لَا تُظْلَمُ فعل مجہول نَفْسٌ نائب فاعل اور شَيْـًٔا بواسطہ موصوف محذوف ظُلْمًا کے مفعول مطلق، فعل بانائب فاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ ہوا واؤ عاطفہ لَا تُجْزَوْنَ فعل مجہول واؤ ضمیر نائب فاعل اِلَّا حرف استثناء مَا اسم موصول كُنْتُمْ فعل ناقص تُمْ ضمیر اس کا اسم تَعْمَلُوْنَ فعل باواؤ ضمیر فاعل خبر، فعل ناقص با اسم و خبر صلہ موصول باصلہ مفعول بہ، فعل مجہول بانائب فاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ مستانفہ ہوا۔

اِنَّ اَصْحٰبَ الْجَنَّةِ الْيَوْمَ فِيْ شُغُلٍ فٰكِهُوْنَ ﴿۵۵﴾

آیت نمبر ۵۵: اِنَّ حرف مشبہ اَصْحٰبَ الْجَنَّةِ مرکب اضافی اسم اَلْيَوْمَ فٰكِهُوْنَ کا مفعول فیہ مقدم فِيْ شُغُلٍ كَائِنُوْنَ کے متعلق ہو کر خبر اول فٰكِهُوْنَ خبر ثانی اِنَّ با اسم و خبرین جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

هُمْ وَاَزْوَاجُهُمْ فِيْ ظِلٰلٍ عَلَى الْاَرَآئِكِ مُتَّكِـُٔوْنَ ﴿۵۶﴾

آیت نمبر ۵۶: هُمْ وَاَزْوَاجُهُمْ معطوف علیہ با معطوف مبتدا فِيْ ظِلٰلٍ كَائِنُوْنَ کے متعلق ہو کر خبر اول مُتَّكِـُٔوْنَ اسم فاعل هُمْ ضمیر فاعل عَلَى الْاَرَآئِكِ متعلق مقدم سے مل کر خبر ثانی، مبتدا باخبرین جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

لَهُمْ فِيْهَا فَاكِهَةٌ وَّلَهُمْ مَّا يَدَّعُوْنَ ﴿۵۷﴾

آیت نمبر ۵۷: لَهُمْ ظرف مستقر كَائِنَةٌ کے متعلق ہو کر خبر اول، مبتدا باخبرین جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ لَهُمْ ظرف مستقر كَائِنَةٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم فِيْهَا كَائِنَةٌ کے متعلق ہو کر حال مقدم فَاكِهَةٌ ذوالحال مؤخر، ذوالحال باحال مبتدا مؤخر، مبتدا باخبر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لَهُمْ كَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم مَّا يَدَّعُوْنَ موصول باصلہ مبتدا مؤخر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف، معطوف

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

علیہ یا معطوف جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

سَلٰمٌ ۚ قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ رَّحِيْمٍ ﴿۵۸﴾

آیت نمبر ۵۸: سَلٰمٌ مبتدا، مِنْ جارہ رَبٍّ رَّحِيْمٍ مرکب توصیفی مجرور، جار با مجرور کَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ قَوْلًا مفعول مطلق ہے فعل محذوف یَقُوْلُ اللّٰہُ کا، فعل با فاعل و مفعول مطلق جملہ فعلیہ خبریہ معترضہ ہوا۔

وَامْتَازُوا الْيَوْمَ اَيُّهَا الْمُجْرِمُوْنَ ﴿۵۹﴾

آیت نمبر ۵۹: واؤ استینافیہ امْتَازُوْا فعل با واؤ ضمیر فاعل اَلْيَوْمَ مفعول فیہ سے مل کر جواب ندا، مقدم اَيُّهَا الْمُجْرِمُوْنَ اصل میں یَا اَيُّهَا الْمُجْرِمُوْنَ ہے، یَا حرف ندا، قائم مقام اَدْعُوْ کے، اَدْعُوْ فعل اَنَا ضمیر فاعل اَیُّ موصوف هَا برائے تنبیہ اَلْمُجْرِمُوْنَ صفت، موصوف باصفت مل کر منصوب مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ ندا، مؤخر، ندا، با جواب ندا، مقولہ ہے قول محذوف یَقُوْلُ اللّٰہُ لَهُمْ کا، یہ جملہ مستانفہ ہے، قول با مقولہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

اَلَمْ اَعْهَدْ اِلَيْكُمْ يٰبَنِيْۤ اٰدَمَ اَنْ لَّا تَعْبُدُوا الشَّيْطٰنَ ۚ اِنَّهٗ لَكُمْ عَدُوٌّ مُّبِيْنٌ ﴿۶۰﴾ وَّ اَنِ اعْبُدُوْنِيْ ؕ هٰذَا صِرَاطٌ مُّسْتَقِيْمٌ ﴿۶۱﴾

آیت نمبر ۶۰، ۶۱: هَمزہ استفہامیہ لَمْ اَعْهَدْ فعل اَنَا مستتر فاعل اِلَيْكُمْ متعلق سے مل کر جواب ندا، مقدم یَا حرف ندا، اَدْعُوْ کے قائم مقام، اَدْعُوْ فعل اَنَا ضمیر فاعل یٰبَنِيْۤ اٰدَمَ مرکب اضافی مفعول بہ سے مل کر ندا، مؤخر، ندا، با جواب ندا، مفسر، اَنْ حرف تفسیر، لَا تَعْبُدُوْا فعل، واؤ ضمیر فاعل اَلشَّيْطٰنَ مفعول بہ سے مل کر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اَنِ حرف تفسیر اُعْبُدُوْا فعل امر، واؤ ضمیر فاعل نون وقایہ کا، یَاء ضمیر مفعول بہ سے مل کر معطوف، معطوف علیہ با معطوف مفسر، مفسر با مفسر امْتَازُوْا کی تعلیل ہے (مظہری) اِنَّ حرف تحقیق، ہٗ ضمیر اس کا اسم لَكُمْ كَائِنًا کے متعلق ہو کر حال مقدم عَدُوٌّ مُّبِيْنٌ مرکب توصیفی ذوالحال مؤخر ذوالحال با حال خبر، اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ معللہ ہوا۔ هٰذَا اسم اشارہ مبتدا صِرَاطٌ مُّسْتَقِيْمٌ مرکب توصیفی خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا (مظہری)

وَلَقَدْ اَضَلَّ مِنْكُمْ جِبِلًّا كَثِيْرًا ؕ اَفَلَمْ تَكُوْنُوْا تَعْقِلُوْنَ ﴿۶۲﴾

آیت نمبر ۶۲: واؤ استینافیہ لَامِ موطئہ لقسم اور قسم محذوف ہے قَدْ حرف تحقیق اَضَلَّ فعل هُوَ مستتر فاعل مِنْكُمْ متعلق جِبِلًّا كَثِيْرًا مرکب توصیفی مفعول بہ سے مل کر جواب قسم، قسم با جواب قسم جملہ انشائیہ قسمیہ ہوا۔ هَمزہ حرف استفہام فَاء عاطفہ معطوف علیہ محذوف ہے اَلَا تَتَفَكَّرُوْنَ، لَمْ تَكُوْنُوْا فعل ناقص واؤ ضمیر اس کا اسم تَعْقِلُوْنَ فعل با واؤ ضمیر فاعل خبر، فعل ناقص با اسم و خبر معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ مستانفہ ہوا۔

هٰذِهٖ جَهَنَّمُ الَّتِيْ كُنْتُمْ تُوْعَدُوْنَ ﴿۶۳﴾

آیت نمبر ۶۳: هٰذِهٖ اسم اشارہ مبتدا جَهَنَّمُ موصوف اَلَّتِيْ اسم موصول كُنْتُمْ فعل ناقص تُمْ ضمیر اس کا اسم تُوْعَدُوْنَ

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

فعل مجہول یاؤ ضمیر نائب فاعل خبر، فعل ناقص با اسم و خبر صلہ، موصول باصلہ صفت، موصوف باصفت خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

اِصْلَوْهَا الْيَوْمَ بِمَا كُنْتُمْ تَكْفُرُوْنَ ﴿۶۴﴾

آیت نمبر ۶۴: اِصْلَوْا فعل امر واؤ ضمیر فاعل هَا ضمیر مفعول بہ اَلْيَوْمَ مفعول فیہ بباء حرف جر مَا مصدریہ كُنْتُمْ تَكْفُرُوْنَ فعل ناقص با اسم و خبر بتاویل مصدر مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل با فاعل و مفعولین و متعلق جملہ انشائیہ امریہ ہوا۔

اَلْيَوْمَ نَخْتِمُ عَلٰٓى اَفْوَاهِهِمْ وَ تُكَلِّمُنَآ اَيْدِيْهِمْ وَ تَشْهَدُ اَرْجُلُهُمْ بِمَا كَانُوْا يَكْسِبُوْنَ ﴿۶۵﴾

آیت نمبر ۶۵: اَلْيَوْمَ مفعول فیہ مقدم نَخْتِمُ فعل نَحْنُ مستتر فاعل عَلٰٓى اَفْوَاهِهِمْ متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ تُكَلِّمُنَا فعل نا ضمیر فاعل اَيْدِيْهِمْ مرکب اضافی فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف اول، واؤ عاطفہ تَشْهَدُ فعل اَرْجُلُهُمْ مرکب اضافی فاعل بباء حرف جر مَا مصدریہ كَانُوْا يَكْسِبُوْنَ فعل ناقص با اسم و خبر بتاویل مصدر مجرور، جار با مجرور متعلق، فعل با فاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف ثانی، معطوف علیہ با معطوفین جملہ مستانفہ ہوا۔

وَلَوْ نَشَآءُ لَطَمَسْنَا عَلٰٓى اَعْيُنِهِمْ فَاسْتَبَقُوا الصِّرَاطَ فَاَنّٰى يُبْصِرُوْنَ ﴿۶۶﴾

آیت نمبر ۶۶: واؤ عاطفہ لَوْ شرطیہ نَشَآءُ فعل نَحْنُ مستتر فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ شرط، لام جوابیہ طَمَسْنَا فعل نا ضمیر فاعل عَلٰٓى اَعْيُنِهِمْ جار با مجرور متعلق، فعل با فاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ مقام عاطفہ اِسْتَبَقُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل الصِّرَاطَ مفعول فیہ سے مل کر معطوف، معطوف علیہ با معطوف جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔ مقام عاطفہ اَنّٰى بمعنی كَيْفَ تَكْوِيْنِيَّہ کا مفعول فیہ ہو کر حال مقدم يُبْصِرُوْنَ فعل واؤ ضمیر ذوالحال مؤخر، ذوالحال با حال فاعل، فعل با فاعل جملہ فعلیہ انشائیہ ہوا۔

وَلَوْ نَشَآءُ لَمَسَخْنٰهُمْ عَلٰى مَكَانَتِهِمْ فَمَا اسْتَطَاعُوْا مُضِيًّا وَّلَا يَرْجِعُوْنَ ﴿۶۷﴾

آیت نمبر ۶۷: واؤ عاطفہ لَوْ شرطیہ نَشَآءُ فعل نَحْنُ مستتر فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ شرط، لام جوابیہ مَسَخْنٰهُمْ فعل نا ضمیر فاعل هُمْ ضمیر مفعول بہ عَلٰى مَكَانَتِهِمْ متعلق سے مل کر معطوف علیہ مقام عاطفہ مَا نافیہ اِسْتَطَاعُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل مُضِيًّا مفعول بہ سے مل کر معطوف اول، واؤ عاطفہ لَا يَرْجِعُوْنَ فعل با واؤ ضمیر فاعل معطوف ثانی معطوف علیہ با معطوفین جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ معطوفہ ہوا۔

❁ رکوع نمبر ۵ ❁

وَمَنْ نُّعَمِّرْهُ نُنَكِّسْهُ فِى الْخَلْقِ ؕ اَفَلَا يَعْقِلُوْنَ ﴿۶۸﴾

آیت نمبر ۶۸: واؤ استینافیہ مَنْ اسم شرط مبتدا نُعَمِّرْ فعل نَحْنُ مستتر فاعل هُ ضمیر مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ شرط، نُنَكِّسْ فعل نَحْنُ مستتر فاعل هُ ضمیر مفعول بہ فِي الْخَلْقِ متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ مَنْ کی خبر،

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔ ھَمْزَہ حرف استفہام فَاء عاطفہ اور معطوف علیہ محذوف ہے۔ لَا یَعْلَمُوْنَ، لَا یَعْقِلُوْنَ فعل باواؤ ضمیر فاعل معطوف، معطوف علیہ بامعطوف جملہ مستانفہ انشائیہ ہوا۔

وَمَا عَلَّمْنٰهُ الشِّعْرَ وَمَا يَنْۢبَغِيْ لَهٗ ؕ اِنْ هُوَ اِلَّا ذِكْرٌ وَّقُرْاٰنٌ مُّبِيْنٌ ﴿۶۹﴾

آیت نمبر ۶۹: واؤ استینافیہ مَا نافیہ عَلَّمْنَا فعل نَا ضمیر فاعل ہٗ ضمیر مفعول بہ اوّل اَلشِّعْرَ مفعول بہ ثانی سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ مَا نافیہ یَنْۢبَغِیْ فعل ھُوَ مستتر فاعل لَہٗ متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف جملہ مستانفہ ہوا۔ اِنْ نافیہ ھُوَ ضمیر مبتدا اِلَّا حرف استثناء ذِکْرٌ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ قُرْاٰنٌ مُّبِیْنٌ مرکب توصیفی معطوف، معطوف علیہ بامعطوف خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ معللہ ہوا۔

لِّيُنْذِرَ مَنْ كَانَ حَيًّا وَّيَحِقَّ الْقَوْلُ عَلَى الْكٰفِرِيْنَ ﴿۷۰﴾

آیت نمبر ۷۰: لَام جارہ تعلیلیہ یُنْذِرَ فعل ھُوَ مستتر فاعل مَنْ اسم موصول کَانَ فعل ناقص ھُوَ مستتر اسم حَیًّا خبر سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول باصلہ مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ یَحِقَّ فعل اَلْقَوْلُ فاعل عَلَی الْکٰفِرِیْنَ متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف بتاویل مصدر مجرور، جار بامجرور متعلق ہوئے فعل محذوف اَرْسَلْنَا الرَّسُوْلَ کے... الخ۔

اَوَلَمْ يَرَوْا اَنَّا خَلَقْنَا لَهُمْ مِّمَّا عَمِلَتْ اَيْدِيْنَآ اَنْعَامًا فَهُمْ لَهَا مٰلِكُوْنَ ﴿۷۱﴾

آیت نمبر ۷۱: ھَمْزَہ حرف استفہام واؤ عاطفہ اور معطوف علیہ محذوف ہے یُنْکِرُوْنَ خَلْقَ اللّٰہِ، لَمْ یَرَوْا فعل واؤ ضمیر فاعل اَنَّ حرف تحقیق نَا ضمیر اس کا اسم خَلَقْنَا فعل نَا ضمیر فاعل لَھُمْ جار بامجرور متعلق مِنْ جارہ مَا اسم موصول عَمِلَتْ فعل اَیْدِیْنَا مرکب اضافی فاعل سے مل کر صلہ، موصول باصلہ مجرور، جار بامجرور کَائِنَۃً کے متعلق ہو کر حال مقدم اَنْعَامًا ذوالحال مؤخر ذوالحال باحال خَلَقْنَا کا مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ ومتعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، فَاء حرف عطف ھُمْ ضمیر مبتدا، مٰلِکُوْنَ اسم فاعل ھُمْ مستتر فاعل لَھَا متعلق مقدم سے مل کر خبر، مبتدا باخبر معطوف، معطوف علیہ بامعطوف اَنَّ کی خبر، اَنَّ بااسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ لَمْ یَرَوْا کے دو مفعول کے قائم مقام، فعل بافاعل ومفعولین معطوف، معطوف علیہ محذوف بامعطوف جملہ مستانفہ انشائیہ ہوا۔

وَذَلَّلْنٰهَا لَهُمْ فَمِنْهَا رَكُوْبُهُمْ وَمِنْهَا يَاْكُلُوْنَ ﴿۷۲﴾ وَلَهُمْ فِيْهَا مَنَافِعُ وَمَشَارِبُ ؕ اَفَلَا يَشْكُرُوْنَ ﴿۷۳﴾

آیت نمبر ۷۲، ۷۳: واؤ عاطفہ ذَلَّلْنَا فعل نَا ضمیر فاعل ھَا ضمیر مفعول بہ لَھُمْ متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ خَلَقْنَا پر معطوف ہے۔ فَاء تفریعیہ مِنْھَا جار بامجرور کَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم رَکُوْبُھُمْ مرکب اضافی مبتدا مؤخر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ یَاْکُلُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل مِنْھَا متعلق مقدم سے مل کر معطوف اوّل، واؤ عاطفہ لَھُمْ جار بامجرور کَائِنَۃٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم فِیْھَا جار بامجرور کَائِنَۃً کے متعلق ہو کر حال مقدم مَنَافِعُ وَمَشَارِبُ معطوف علیہ بامعطوف ذوالحال مؤخر، ذوالحال

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

باحال مبتدا موخر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف ثانی، معطوف علیہ بامعطوفین جملہ معطوفہ ہوا۔ ھمزہ حرف استفہام فاء حرف عطف اور معطوف علیہ محذوف ہے یُنْکِرُوْنَ، لَا یَشْکُرُوْنَ فعل باواؤ ضمیر فاعل معطوف، معطوف علیہ بامعطوف جملہ مستانفہ انشائیہ ہوا۔

وَاتَّخَذُوْا مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ اٰلِهَةً لَّعَلَّهُمْ يُنْصَرُوْنَ ﴿۷۴﴾

آیت نمبر ۷۴: واؤ عاطفہ اور معطوف علیہ محذوف ہے اَنْعَمْنَا عَلَیْھِمْ (مظہری) اِتَّخَذُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل مِنْ دُوْنِ اللّٰہِ جار باجرور مفعول بہ ثانی کی جگہ میں ہے اٰلِھَۃً مفعول بہ اول، فعل بافاعل ومفعولین جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ باامعطوف جملہ معطوفہ ہوا۔ لَعَلَّ حرف ترجی ھُمْ ضمیر اس کا اسم یُنْصَرُوْنَ فعل مجہول باواؤ ضمیر نائب فاعل خبر لَعَلَّ باسم وخبر جملہ انشائیہ ترجیہ حال ہے اِتَّخَذُوْا کی ضمیر فاعل سے۔

لَا يَسْتَطِيْعُوْنَ نَصْرَهُمْ ۙ وَهُمْ لَهُمْ جُنْدٌ مُّحْضَرُوْنَ ﴿۷۵﴾

آیت نمبر ۷۵: لَا یَسْتَطِیْعُوْنَ فعل واؤ ضمیر ذوالحال واؤ حالیہ ھُمْ ضمیر مبتدا لَھُمْ جار باجرور کَائِنًا کے متعلق ہو کر حال مقدم جُنْدٌ مُّحْضَرُوْنَ مرکب توصیفی ذوالحال مؤخر ذوالحال باحال خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ حال ذوالحال باحال فاعل نَصْرَھُمْ مرکب اضافی مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

فَلَا يَحْزُنْكَ قَوْلُهُمْ ۘ اِنَّا نَعْلَمُ مَا يُسِرُّوْنَ وَمَا يُعْلِنُوْنَ ﴿۷۶﴾

آیت نمبر ۷۶: فاء فصیحہ اور اس کی شرط محذوف ہے اِذَا سَمِعْتَ الْوَعِیْدَ لِلْکَافِرِیْنَ (مظہری) لَا یَحْزُنْ فعل نہی کاف ضمیر مفعول بہ قَوْلُھُمْ مرکب اضافی فاعل سے مل کر جملہ انشائیہ جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔ اِنَّ حرف تحقیق نَا ضمیر اس کا اسم نَعْلَمُ فعل نَحْنُ مستتر فاعل مَا اسم موصول یُسِرُّوْنَ فعل باواؤ ضمیر فاعل صلہ، موصول باصلہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ مَا اسم موصول یُعْلِنُوْنَ فعل باواؤ ضمیر فاعل صلہ، موصول باصلہ معطوف، معطوف علیہ باامعطوف مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ اِنَّ کی خبر، اِنَّ باسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ مطلقہ ہوا۔

اَوَلَمْ يَرَ الْاِنْسَانُ اَنَّا خَلَقْنٰهُ مِنْ نُّطْفَةٍ فَاِذَا هُوَ خَصِيْمٌ مُّبِيْنٌ ﴿۷۷﴾

آیت نمبر ۷۷: ھمزہ حرف استفہام ہوا واؤ عاطفہ اور معطوف علیہ محذوف ہے یُنْکِرُ الْاِنْسَانُ، قُدْرَتَنَا عَلَی الْاِعَادَۃِ لَمْ یَرَ فعل اَلْاِنْسَانُ فاعل اَنَّ حرف تحقیق نَا ضمیر اس کا اسم خَلَقْنَا فعل نَا ضمیر فاعل ہٗ ضمیر مفعول بہ مِنْ نُّطْفَةٍ جار باجرور متعلق ہوئے، فعل بافاعل ومفعول بہ ومتعلق جملہ فعلیہ خبریہ اَنَّ کی خبر، اَنَّ باسم وخبر لَمْ یَرَ کے دو مفعول کے قائم مقام، فعل بافاعل ومفعولین معطوف اول، فاء عاطفہ اِذَا مفاجاتیہ مفعول ثانی مقدم ھُوَ ضمیر مبتدا، خَصِیْمٌ مُّبِیْنٌ مرکب توصیفی خبر، مبتدا باخبر معطوف ثانی، معطوف علیہ باامعطوفین جملہ مستانفہ انشائیہ ہوا۔

وَضَرَبَ لَنَا مَثَلًا وَّنَسِيَ خَلْقَهٗ ۭ قَالَ مَنْ يُّحْيِ الْعِظَامَ وَهِيَ رَمِيْمٌ ﴿۷۸﴾

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

آیت نمبر ۷۸: واؤ عاطفہ ضَرَبَ فعل ھُوَ مستتر فاعل لَنَا متعلق مَثَلًا مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ نَسِيَ فعل ھُوَ مستتر فاعل خَلْقَهٗ مرکب اضافی مفعول بہ سے مل کر معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ معطوفہ ہوا۔ قَالَ فعل با ھُوَ مستتر فاعل قول، مَنْ اسم استفہام مبتدا، يُحْيِ فعل ھُوَ مستتر فاعل الْعِظَامَ ذوالحال واؤ حالیہ ھِيَ رَمِيْمٌ مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ حال، ذوالحال با حال يُحْيِ کا مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ خبر، مبتدا با خبر جملہ انشائیہ مقولہ، قول با مقولہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

قُلْ يُحْيِيهَا الَّذِيْٓ اَنْشَاَهَآ اَوَّلَ مَرَّةٍ ۭ وَھُوَ بِكُلِّ خَلْقٍ عَلِيْمُۨ ۝

آیت نمبر ۷۹: قُلْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل سے مل کر قول، يُحْيِيهَا فعل ھَا ضمیر مفعول بہ اَلَّذِيْ اسم موصول اَنْشَاَ فعل ھُوَ مستتر فاعل ھَا ضمیر مفعول بہ اَوَّلَ مَرَّةٍ مرکب اضافی مفعول فیہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ ھُوَ ضمیر مبتدا، بَاء جارہ كُلِّ خَلْقٍ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور متعلق مقدم عَلِيْمٌ صیغہ صفت ھُوَ مستتر فاعل و متعلق مقدم سے مل کر خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف صلہ، موصول با صلہ يُحْيِيهَا کا فاعل، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ مقولہ، قول با مقولہ جملہ انشائیہ امریہ ہوا۔

اَلَّذِيْ جَعَلَ لَكُمْ مِّنَ الشَّجَرِ الْاَخْضَرِ نَارًا فَاِذَآ اَنْتُمْ مِّنْهُ تُوْقِدُوْنَ ۝

آیت نمبر ۸۰: اَلَّذِيْ اسم موصول جَعَلَ فعل ھُوَ مستتر فاعل لَكُمْ جار با مجرور محلاً منصوب مفعول بہ ثانی مقدم مِنَ جارہ اَلشَّجَرِ الْاَخْضَرِ مرکب توصیفی مجرور، جار با مجرور كَائِنَةً کے متعلق ہو کر حال مقدم نَارًا واؤ الحال با حال مفعول اول، فعل با فاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، فَاء عاطفہ اِذَا مفاجاتیہ اَنْتُمْ ضمیر مبتدا تُوْقِدُوْنَ فعل با واؤ ضمیر فاعل مِنْهُ متعلق سے مل کر خبر، مبتدا با خبر معطوف، معطوف علیہ با معطوف صلہ، موصول با صلہ بدل ہے اَلَّذِيْ سے جو اوپر مذکور ہے۔

اَوَلَيْسَ الَّذِيْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ بِقٰدِرٍ عَلٰٓي اَنْ يَّخْلُقَ مِثْلَھُمْ ۭ بَلٰي وَھُوَ الْخَلّٰقُ الْعَلِيْمُ ۝

آیت نمبر ۸۱: ھمزہ حرف استفہام واؤ عاطفہ اور معطوف علیہ محذوف ہے لَيْسَ الَّذِيْ جَعَلَ لَكُمْ مِّنَ الشَّجَرِ الْاَخْضَرِ نَارًا، لَيْسَ فعل ناقص اَلَّذِيْ اسم موصول خَلَقَ فعل ھُوَ مستتر فاعل اَلسَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ معطوف علیہ با معطوف منصوب بہ، فعل با فاعل و منصوب بہ جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول با صلہ لَيْسَ کا اسم بَاء حرف جار زائد قَادِرٍ اسم فاعل ھُوَ مستتر فاعل عَلٰي جار مَنْ مصدریہ يَخْلُقَ فعل ھُوَ مستتر فاعل مِثْلَھُمْ مرکب اضافی مفعول بہ سے مل کر بتاویل مصدر مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے اسم فاعل با فاعل و متعلق شبہ جملہ فعلیہ مجرور محلاً منصوب خبر، فعل ناقص با اسم و خبر معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ مستانفہ انشائیہ ہوا۔ بَلٰي حرف ایجاب واؤ عاطفہ اور معطوف علیہ محذوف ہے ھُوَ قَادِرٌ عَلٰٓي اَنْ يَّخْلُقَ مِثْلَھُمْ (مظہری) ھُوَ ضمیر مبتدا اَلْخَلّٰقُ الْعَلِيْمُ دو خبر، مبتدا با خبرین جملہ اسمیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ مستانفہ ہوا۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

اِنَّمَآ اَمْرُهٗٓ اِذَآ اَرَادَ شَيْـًٔا اَنْ يَّقُوْلَ لَهٗ كُنْ فَيَكُوْنُ ﴿۸۲﴾

آیت نمبر ۸۲: اِنَّ حرف تحقیق مَا کافہ اَمْرُهٗ مصدر مضاف ہٗ ضمیر مضاف الیہ معنیٰ فاعل اِذَا مضاف اَرَادَ فعل هُوَ مستتر فاعل شَيْـًٔا مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ مفعول فیہ ہوا مصدر کا، مصدر مضاف بامضاف الیہ معنیٰ فاعل و مفعول فیہ سے مل کر شبہ جملہ ہو کر مبتدا، اَنْ ناصبہ یَقُوْلَ فعل هُوَ مستتر فاعل لَهٗ متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ قول، كُنْ فعل امر تام اَنْتَ مستتر فاعل سے مل کر مقول، قول بامقول بتاویل مصدر خبر، مبتدا خبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف علیہ فَاء عاطفہ يَكُوْنُ فعل مضارع تام هُوَ مستتر فاعل سے مل کر خبر ہے مبتدا محذوف هُوَ کی، مبتدا خبر معطوف، معطوف علیہ بامعطوف جملہ مستانفہ ہوا۔

فَسُبْحٰنَ الَّذِيْ بِيَدِهٖ مَلَكُوْتُ كُلِّ شَيْءٍ وَّاِلَيْهِ تُرْجَعُوْنَ ﴿۸۳﴾

آیت نمبر ۸۳: فَاء فصیحہ اور اس کی شرط محذوف ہے اِذَا عَلِمْتُمْ قُدْرَةَ اللّٰهِ الْمَذْكُوْرَةَ الْآئِقَةَ سُبْحَانَ مضاف اَلَّذِيْ اسم موصول بِيَدِهٖ جار ہا مجرور كَائِنَةً کے متعلق ہو کر خبر مقدم مَلَكُوْتُ كُلِّ شَيْءٍ ہو مرکب اضافی مبتدا موخر، مبتدا خبر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ تُرْجَعُوْنَ فعل مجہول باواؤ ضمیر نائب فاعل اِلَيْهِ متعلق مقدم سے مل کر معطوف، معطوف علیہ بامعطوف صلہ، موصول باصلہ مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ مفعول مطلق ہے فعل محذوف سَبِّحُوْا کا سَتُبَحِّثُوْا فعل امر باواؤ ضمیر فاعل و مفعول مطلق سے مل کر جملہ انشائیہ امریہ ہوا۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

تركيب سُوْرَةُ الصّٰفّٰتِ

رکوع نمبر ۱

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○ وَالصّٰٓفّٰتِ صَفًّا ۝ فَالزّٰجِرٰتِ زَجْرًا ۝ فَالتّٰلِيٰتِ ذِكْرًا ۝ اِنَّ اِلٰهَكُمْ لَوَاحِدٌ ۝ رَبُّ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَمَا بَيْنَهُمَا وَرَبُّ الْمَشَارِقِ ۝

آیت نمبر ۱،۲،۳،۴،۵: واؤ قسمیہ جارہ اَلصّٰفّٰتِ اسم فاعل ھِیَ ضمیر مستتر فاعل صَفًّا مفعول مطلق سے مل کر معطوف علیہ، فَاء عاطفہ اَلزّٰجِرٰتِ اسم فاعل ھِیَ ضمیر مستتر فاعل زَجْرًا مفعول مطلق سے مل کر معطوف اوّل فَاء عاطفہ اَلتّٰلِيٰتِ اسم فاعل ھِیَ مستتر فاعل ذِكْرًا مفعول بہ سے مل کر معطوف ثانی، معطوف علیہ یا معطوفین مجرور، جار یا مجرور متعلق ہوئے فعل محذوف اُقْسِمُ کے، اُقْسِمُ فعل اَنَا مستتر فاعل و متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ قسم اِنَّ حرف تحقیق اِلٰهَكُمْ مرکب اضافی اس کا اسم لاَ مہ مذ حلقہ وَاحِدٌ خبر اوّل، رَبُّ مضاف اَلسَّمٰوٰتِ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اَلْاَرْضِ معطوف اوّل، واؤ عاطفہ مَا اسم موصول بَيْنَهُمَا مرکب اضافی فعل محذوف ثَبَتَ کا مفعول فیہ ہو کر صلہ، موصول با صلہ معطوف ثانی، معطوف علیہ یا معطوفین مضاف الیہ، مضاف یا مضاف الیہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ رَبُّ الْمَشَارِقِ مرکب اضافی معطوف، معطوف علیہ یا معطوف خبر ثانی اِنَّ یا اسم و خبرین جملہ اسمیہ خبریہ جواب قسم، قسم با جواب قسم جملہ انشائیہ قسمیہ ہوا۔

اِنَّا زَيَّنَّا السَّمَآءَ الدُّنْيَا بِزِيْنَةِ الْكَوَاكِبِ ۝ وَحِفْظًا مِّنْ كُلِّ شَيْطٰنٍ مَّارِدٍ ۝

آیت نمبر ۶،۷: اِنَّ حرف تحقیق نَا ضمیر اس کا اسم زَيَّنَّا فعل نَا ضمیر فاعل اَلسَّمَآءَ الدُّنْيَا مرکب توصیفی مفعول بہ، یاء جارہ زِيْنَةٍ مبدل منہ اَلْكَوَاكِبِ بدل، مبدل منہ بابدل مجرور، جار یا مجرور متعلق ہوئے، فعل با فاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ حِفْظًا مفعول مطلق ہے فعل محذوف حَفِظْنَا کا، مِنْ جارہ كُلِّ مضاف شَيْطٰنٍ مَّارِدٍ مرکب توصیفی مضاف الیہ، مضاف یا مضاف الیہ مجرور، جار یا مجرور متعلق، فعل با فاعل و مفعول مطلق و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ یا معطوف جملہ مستانفہ ہوا۔

لَا يَسَّمَّعُوْنَ اِلَى الْمَلَاِ الْاَعْلٰى وَيُقْذَفُوْنَ مِنْ كُلِّ جَانِبٍ ۝ دُحُوْرًا وَّلَهُمْ عَذَابٌ وَّاصِبٌ ۝

آیت نمبر ۸،۹: لَا يَسَّمَّعُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل اِلَى جارہ اَلْمَلَاِ الْاَعْلٰى مرکب توصیفی مجرور، جار یا مجرور متعلق ہوئے، فعل با فاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ يُقْذَفُوْنَ فعل مجہول واؤ ضمیر نائب فاعل مِنْ جارہ كُلِّ جَانِبٍ مرکب اضافی مجرور، جار یا مجرور متعلق ہوئے دُحُوْرًا مفعول لہ ہے یا يُقْذَفُوْنَ کی ضمیر سے حال ہے بمعنی مَدْحُوْرِيْنَ ہو کر یا مفعول مطلق ہے من غیر لفظہ، فعل مجہول با نائب فاعل و متعلق و مفعول لہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف اوّل، واؤ عاطفہ لَهُمْ ظرف مستقر كَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم عَذَابٌ وَّاصِبٌ مرکب توصیفی مبتدا مؤخر، مبتدا با خبر معطوف ثانی، معطوف علیہ یا معطوفین جملہ مستانفہ ہوا۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

إِلَّا مَنْ خَطِفَ الْخَطْفَةَ فَأَتْبَعَهُ شِهَابٌ ثَاقِبٌ ۝

آیت نمبر ۱۰: اِلَّا حرف استثناء مَنْ اسم موصول خَطِفَ فعل هُوَ مستتر فاعل اَلْخَطْفَةَ مفعول مطلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ فَاء عاطفہ اَتْبَعَ فعل هُ ضمیر مفعول بہ شِهَابٌ ثَاقِبٌ مرکب توصیفی فاعل، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف صلہ، موصول بصلہ مستثنیٰ ہے لَا يَسَّمَّعُوْنَ کی واؤ ضمیر فاعل سے۔

فَاسْتَفْتِهِمْ أَهُمْ أَشَدُّ خَلْقًا أَمْ مَّنْ خَلَقْنَا ۚ إِنَّا خَلَقْنٰهُمْ مِّنْ طِيْنٍ لَّازِبٍ ۝

آیت نمبر ۱۱: فَاء فصیحہ اور اس کی شرط محذوف ہے بِاَنْ شِئْتَ اَنْ تُبَكِّتَهُمْ اِسْتَفْتِ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل هِمْ ضمیر مفعول بہ سے مل کر جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔ هَمزہ حرف استفہام هُمْ ضمیر مبتدا اَشَدُّ اسم تفضیل هُمْ ضمیر فاعل خَلْقًا تمیز سے مل کر شبہ جملہ خبر، مبتدا باخبر جملہ انشائیہ معطوف علیہ، اَمْ عاطفہ مَنْ اسم موصول خَلَقْنَا فعل نَا ضمیر فاعل سے مل کر صلہ، موصول بصلہ مبتدا، اور اس کی خبر محذوف ہے اَشَدُّ خَلْقًا، مبتدا باخبر معطوف، معطوف علیہ بامعطوف جملہ مستانفہ ہوا۔ اِنَّ حرف تحقیق نَا ضمیر اس کا اسم خَلَقْنَا فعل نَا ضمیر فاعل هُمْ ضمیر مفعول بہ مِنْ جارہ طِيْنٍ لَّازِبٍ مرکب توصیفی مجرور، جار بامجرور متعلق، فعل بافاعل و مفعول بہ و متعلق خبر اِنَّ باسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ مطلقہ ہوا۔

بَلْ عَجِبْتَ وَيَسْخَرُوْنَ ۝

آیت نمبر ۱۲: بَلْ حرف اضراب و عطف اور معطوف علیہ مقدر ہے هُمْ لَا يُقِرُّوْنَ، عَجِبْتَ فعل تاء مفتوحہ ذوالحال واؤ حالیہ يَسْخَرُوْنَ فعل باواؤ ضمیر فاعل جملہ فعلیہ خبریہ خبر مبتدا محذوف هُمْ کی، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ حال ذوالحال باعامل فاعل، فعل بافاعل جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ مقدر بامعطوف جملہ مستانفہ ہوا۔

وَإِذَا ذُكِّرُوْا لَا يَذْكُرُوْنَ ۝

آیت نمبر ۱۳: واؤ عاطفہ اِذَا شرطیہ مفعول فیہ مقدم ذُكِّرُوْا فعل مجہول باواؤ ضمیر نائب فاعل جملہ فعلیہ خبریہ شرط، لَا يَذْكُرُوْنَ فعل باواؤ ضمیر فاعل جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

وَإِذَا رَأَوْا اٰيَةً يَّسْتَسْخِرُوْنَ ۝

آیت نمبر ۱۴: واؤ عاطفہ اِذَا شرطیہ مفعول فیہ مقدم رَاَوْا فعل باواؤ ضمیر فاعل اٰيَةً مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ شرط، يَسْتَسْخِرُوْنَ فعل باواؤ ضمیر فاعل جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

وَقَالُوْٓا إِنْ هٰذَآ إِلَّا سِحْرٌ مُّبِيْنٌ ۝

آیت نمبر ۱۵: واؤ عاطفہ قَالُوْا فعل باواؤ ضمیر فاعل جملہ فعلیہ خبریہ قول اِنْ نافیہ هٰذَا اسم اشارہ مبتدا اِلَّا حرف استثناء سِحْرٌ مُّبِيْنٌ مرکب توصیفی خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ مقول، قول بامقول جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

ءَإِذَا مِتْنَا وَكُنَّا تُرَابًا وَّعِظَامًا ءَإِنَّا لَمَبْعُوْثُوْنَ ۝ أَوَ اٰبَآؤُنَا الْأَوَّلُوْنَ ۝ قُلْ نَعَمْ وَ

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

أَئِنَّكَ لَمِنَ الْمُصَدِّقِينَ ﴿۵۲﴾

آیت نمبر ۵۲: أَئِنَّكَ ہمزہ حرف استفہام إِنَّ حرف تحقیق کا ضمیر اس کا اسم لَمِنَ لام مزحلقہ مِنَ الْمُصَدِّقِينَ اسم مفعول نَحْنُ مستتر نائب فاعل سے مل کر خبر إِنَّ کا اسم وخبر جملہ اسمیہ انشائیہ معطوف علیہ، ہمزہ حرف استفہام واؤ عاطفہ أَإِذَا مَا مرکب اضافی موصوف أَإِذَا صفت، موصوف بامضاف مبتدا، اور خبر محذوف ہے يُبْعَثُونَ، مبتدا باخبر معطوف، معطوف علیہ بامعطوف جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا قُلْ فعل امر أَنْتَ مستتر فاعل قول، نَعَمْ حرف ایجاب اور یہاں فعل تُبْعَثُونَ محذوف ہے، تُبْعَثُونَ فعل مجہول، واؤ ضمیر ذوالحال واؤ حالیہ أَنْتُمْ ضمیر مبتدا، دَاخِرُونَ اسم فاعل با أَنْتُمْ مستتر فاعل خبر، مبتدا باخبر حال، ذوالحال باحال نائب فاعل، فعل مجہول بانائب فاعل مقولہ، قول باقولہ جملہ انشائیہ امریہ ہوا

فَإِنَّمَا هِيَ زَجْرَةٌ وَاحِدَةٌ فَإِذَا هُمْ يَنْظُرُونَ ﴿۱۹﴾

آیت نمبر ۱۹: فَاء تعلیلیہ اور معلل محذوف ہے لَا تَسْتَطِيعُونَ إِنَّ حرف تحقیق مَا کافہ هِيَ ضمیر مبتدا زَجْرَةٌ وَاحِدَةٌ مرکب توصیفی خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف علیہ، فَاء عاطفہ إِذَا مفاجاتیہ هُمْ ضمیر مبتدا يَنْظُرُونَ فعل باواؤ ضمیر فاعل خبر، مبتدا باخبر معطوف، معطوف علیہ بامعطوف جملہ معللہ ہوا

وَقَالُوا يَا وَيْلَنَا هَٰذَا يَوْمُ الدِّينِ ﴿۲۰﴾

آیت نمبر ۲۰: وَاؤ استیناف قَالُوا فعل باواؤ ضمیر فاعل جملہ فعلیہ خبریہ قول يَا حرف ندا أَدْعُو کے قائم مقام، أَدْعُو فعل أَنَا مستتر فاعل وَيْلَنَا مرکب اضافی مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ ندا، جواب ندا محذوف ہے أُحْضُرْ فَهٰذَا أَوَانُكَ، ندا باجواب ندا مقولہ، قول باقولہ جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا هَٰذَا اسم اشارہ مبتدا يَوْمُ الدِّينِ مرکب اضافی خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا

هَٰذَا يَوْمُ الْفَصْلِ الَّذِي كُنْتُمْ بِهِ تُكَذِّبُونَ ﴿۲۱﴾

آیت نمبر ۲۱: هَٰذَا مبتدا يَوْمُ الْفَصْلِ مرکب اضافی موصوف الَّذِي اسم موصول كُنْتُمْ فعل ناقص تُمْ ضمیر اس کا اسم تُكَذِّبُونَ فعل باواؤ ضمیر فاعل بِهِ متعلق مقدم سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول باصلہ صفت، موصوف بامضاف خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا

❁ رکوع نمبر ۲ ❁

احْشُرُوا الَّذِينَ ظَلَمُوا وَأَزْوَاجَهُمْ وَمَا كَانُوا يَعْبُدُونَ ﴿۲۲﴾ مِنْ دُونِ اللَّهِ فَاهْدُوهُمْ إِلَىٰ صِرَاطِ الْجَحِيمِ ﴿۲۳﴾ وَقِفُوهُمْ إِنَّهُمْ مَسْئُولُونَ ﴿۲۴﴾

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

آیت نمبر ۲۲، ۲۳، ۲۴: اُحْشُرُوْا فعل امر واؤ ضمیر فاعل اَلَّذِیْنَ ظَلَمُوْا موصول باصلہ معطوف علیہ واؤ عاطفہ اَزْوَاجَهُمْ مرکب اضافی معطوف اوّل واؤ عاطفہ مَا اسم موصول كَانُوْا فعل ناقص واؤ ضمیر اس کا اسم يَعْبُدُوْنَ فعل باواؤ ضمیر فاعل خبر، فعل ناقص با اسم و خبر جملہ فعلیہ خبریہ صلہ موصول باصلہ واؤ عاطفہ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ كَانَ کے متعلق ہو کر حال ذوالحال سے متعلق ہو کر حال معطوف محل، معطوف علیہ با معطوفین مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ انشائیہ امریہ ہو کر معطوف علیہ عطف عاطفہ اِهْدُوْا فعل امر واؤ ضمیر فاعل هُمْ ضمیر مفعول بہ باؤ جارہ صِرَاطِ الْجَحِيْمِ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل با فاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ انشائیہ امریہ معطوف اوّل واؤ عاطفہ قِفُوْا فعل امر باواؤ ضمیر فاعل هُمْ ضمیر مفعول بہ جملہ انشائیہ معطوف ثانی، معطوف علیہ با معطوفین جملہ مستانفہ ہوا اِنَّ حرف تحقیق هُمْ ضمیر منصوب اس کا اسم مَسْئُوْلُوْنَ اسم مفعول باهُمْ ضمیر مستتر نائب فاعل خبر اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ معلّلہ ہوا۔

مَا لَكُمْ لَا تَنَاصَرُوْنَ ﴿۲۵﴾

آیت نمبر ۲۵: مَا اسم استفہام مبتدا لَكُمْ ضمیر ذوالحال لَا تَنَاصَرُوْنَ فعل باواؤ ضمیر فاعل حال ذوالحال با حال مجرور، جار با مجرور ظرف مستقر كَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر، مبتدا با خبر جملہ انشائیہ مقولہ ہے يُقَالُ لَهُمْ محذوف کا، قول با مقولہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

بَلْ هُمُ الْيَوْمَ مُسْتَسْلِمُوْنَ ﴿۲۶﴾

آیت نمبر ۲۶: بَلْ حرف اضراب و عطف هُمْ ضمیر مبتدا مُسْتَسْلِمُوْنَ اسم فاعل هُمْ مستتر فاعل اَلْيَوْمَ مفعول فیہ مقدم سے مل کر خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

وَاَقْبَلَ بَعْضُهُمْ عَلٰى بَعْضٍ يَّتَسَآءَلُوْنَ ﴿۲۷﴾

آیت نمبر ۲۷: واؤ استیناف اَقْبَلَ فعل بَعْضُهُمْ مرکب اضافی ذوالحال يَتَسَآءَلُوْنَ فعل باواؤ ضمیر فاعل عَلٰى بَعْضٍ جار با مجرور متعلق، فعل با فاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

قَالُوْٓا اِنَّكُمْ كُنْتُمْ تَاْتُوْنَنَا عَنِ الْيَمِيْنِ ﴿۲۸﴾

آیت نمبر ۲۸: قَالُوْا فعل باواؤ ضمیر فاعل قول اِنَّ حرف تحقیق كُمْ ضمیر اس کا اسم، كُنْتُمْ فعل ناقص ثُمْ ضمیر اس کا اسم تَاْتُوْنَ فعل واؤ ضمیر ذوالحال عَنِ الْيَمِيْنِ جار با مجرور كَائِنِيْنَ کے متعلق ہو کر حال ذوالحال با حال فاعل نَا ضمیر مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ خبر، فعل ناقص با اسم و خبر اِنَّ کی خبر اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ مقولہ، قول با مقولہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

قَالُوْا بَلْ لَّمْ تَكُوْنُوْا مُؤْمِنِيْنَ ﴿۲۹﴾

آیت نمبر ۲۹: قَالُوْا فعل باواؤ ضمیر فاعل قول بَلْ حرف اضراب لَمْ تَكُوْنُوْا فعل ناقص باواؤ ضمیر اسم مُؤْمِنِيْنَ خبر، فعل ناقص با اسم و خبر جملہ فعلیہ خبریہ مقولہ، قول با مقولہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

حکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

وَمَا كَانَ لَنَا عَلَيْكُمْ مِّنْ سُلْطٰنٍ ۚ بَلْ كُنْتُمْ قَوْمًا طٰغِيْنَ ﴿۳۰﴾

آیت نمبر ۳۰: واؤ عاطفہ مَا نافیہ كَانَ فعل ناقص لَنَا جار بامجرور كَائِنًا کے متعلق ہو کر خبر مقدم عَلَيْكُمْ جار بامجرور كَائِنًا کے متعلق ہو کر حال مقدم مِنْ جارہ زائدہ سُلْطٰنٍ مجرور لفظاً مرفوع محلاً ذوالحال مؤخر، ذوالحال بامجرور اسم مؤخر، فعل ناقص بااسم وخبر جملہ فعلیہ خبریہ معطوفہ ہوا۔ بَلْ حرف اضراب ابطالی كُنْتُمْ فعل ناقص تُمْ ضمیر اس کا اسم قَوْمًا طَاغِيْنَ مرکب توصیفی خبر، فعل ناقص بااسم وخبر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

فَحَقَّ عَلَيْنَا قَوْلُ رَبِّنَا ۚ إِنَّا لَذَآئِقُوْنَ ﴿۳۱﴾

آیت نمبر ۳۱: فَاء حرف عطف حَقَّ فعل عَلَيْنَا جار بامجرور متعلق ہوئے قَوْلُ رَبِّنَا مرکب اضافی فاعل، فعل بافاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ إِنَّ حرف تحقیق نَا ضمیر اس کا اسم لام مزحلقہ ذَآئِقُوْنَ اسم فاعل نَحْنُ مستتر فاعل سے مل کر شبہ جملہ ہو کر خبر، إِنَّ بااسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ مطلہ ہوا۔

فَأَغْوَيْنٰكُمْ إِنَّا كُنَّا غٰوِيْنَ ﴿۳۲﴾

آیت نمبر ۳۲: فَاء حرف عطف أَغْوَيْنَا فعل نَا ضمیر فاعل كُمْ ضمیر مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف ہوا۔ إِنَّ حرف تحقیق نَا ضمیر اس کا اسم كُنَّا فعل ناقص نَا ضمیر اسم غٰوِيْنَ خبر سے مل کر إِنَّ کی خبر، إِنَّ بااسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ مطلہ ہوا۔

فَإِنَّهُمْ يَوْمَئِذٍ فِي الْعَذَابِ مُشْتَرِكُوْنَ ﴿۳۳﴾

آیت نمبر ۳۳: فَاء فصیحہ اور اس کی شرط محذوف ہے إِنْ شِئْتَ أَنْ تَعْرِفَ مَآلَ الرُّؤَسَآءِ وَالْأَتْبَاعِ إِنَّ حرف تحقیق هُمْ ضمیر اس کا اسم يَوْمَئِذٍ كَائِنِيْنَ کا مفعول فیہ ہو کر حال ہے هُمْ ضمیر سے، مُشْتَرِكُوْنَ اسم فاعل هُمْ مستتر فاعل فِي الْعَذَابِ متعلق مقدم سے مل کر شبہ جملہ ہو کر خبر إِنَّ بااسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

إِنَّا كَذٰلِكَ نَفْعَلُ بِالْمُجْرِمِيْنَ ﴿۳۴﴾

آیت نمبر ۳۴: إِنَّ حرف تحقیق نَا ضمیر اس کا اسم كَذٰلِكَ جار بامجرور كَائِنًا کے متعلق ہو کر بواسطہ موصوف محذوف فِعْلًا کے مفعول مطلق مقدم نَفْعَلُ فعل نَحْنُ مستتر فاعل بِالْمُجْرِمِيْنَ متعلق سے مل کر خبر إِنَّ بااسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ مطلہ ہوا۔

إِنَّهُمْ كَانُوْٓا إِذَا قِيْلَ لَهُمْ لَآ إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ يَسْتَكْبِرُوْنَ ﴿۳۵﴾ وَيَقُوْلُوْنَ أَئِنَّا لَتَارِكُوْٓا
آلِهَتِنَا لِشَاعِرٍ مَّجْنُوْنٍ ﴿۳۶﴾

آیت نمبر ۳۵، ۳۶: إِنَّ حرف تحقیق هُمْ ضمیر اس کا اسم كَانُوْا فعل ناقص واؤ ضمیر اس کا اسم يَسْتَكْبِرُوْنَ فعل بافاعل ضمیر فاعل جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ يَقُوْلُوْنَ فعل بافاعل ضمیر فاعل قول، هَمزہ حرف استفہام إِنَّ حرف تحقیق نَا ضمیر اس کا اسم لام مزحلقہ تَارِكُوْا آلِهَتِنَا مرکب اضافی إِنَّ کی خبر ہے لام جارہ شَاعِرٍ مَّجْنُوْنٍ مرکب توصیفی مجرور، جار بامجرور تَارِكُوْا کے متعلق ہے،

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

اِنَّ با اسم وخبر جملہ اسمیہ انشائیہ مقولہ، قول با مقولہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف کَانُوْا کی خبر، فعل ناقص با اسم وخبر اِنَّ کی خبر اِنَّ با اسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ معلّلہ ہوا اِذَا شرطیہ مفعول فیہ مقدم قِيْلَ فعل مجہول هُوَ مستتر نائب فاعل لَهُمْ متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ قول لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مقولہ ہے قَالُوْا محذوف کا، قول با مقولہ قول ہے اِذَا قِيْلَ کا، قول با مقولہ شرط ہے اور اس کی جزاء محذوف ہے يَسْتَكْبِرُوْنَ جس پر مذکورہ بالا يَسْتَكْبِرُوْنَ دلالت کر رہا ہے۔

بَلْ جَآءَ بِالْحَقِّ وَصَدَّقَ الْمُرْسَلِيْنَ ۝

آیت نمبر ۳۷: بَلْ حرف اضراب ابطالی جَآءَ فعل با هُوَ مستتر فاعل بِالْحَقِّ متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ صَدَّقَ فعل هُوَ مستتر فاعل اَلْمُرْسَلِيْنَ مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ مستانفہ ہوا۔

اِنَّكُمْ لَذَآئِقُوا الْعَذَابِ الْاَلِيْمِ ۝

آیت نمبر ۳۸: اِنَّ حرف تحقیق كُمْ ضمیر اس کا اسم لام مزحلقہ ذَآئِقُوْا اسم فاعل مضاف اَلْعَذَابِ الْاَلِيْمِ مرکب توصیفی مضاف الیہ معنی مفعول بہ، اسم فاعل مضاف با مضاف الیہ خبر اِنَّ با اسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

وَمَا تُجْزَوْنَ اِلَّا مَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ۝

آیت نمبر ۳۹: واؤ عاطفہ مَا نافیہ تُجْزَوْنَ فعل مجہول واؤ ضمیر نائب فاعل اِلَّا حرف استثناء مَا اسم موصول كُنْتُمْ فعل ناقص تُمْ ضمیر اس کا اسم تَعْمَلُوْنَ فعل با واؤ ضمیر فاعل صلہ موصول با صلہ مفعول بہ ثانی فعل مجہول با نائب فاعل ومفعول بہ ثانی جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

اِلَّا عِبَادَ اللّٰهِ الْمُخْلَصِيْنَ ۝

آیت نمبر ۴۰: اِلَّا حرف استثناء عِبَادَ اللّٰهِ مرکب اضافی موصوف اَلْمُخْلَصِيْنَ صفت، موصوف با صفت مستثنیٰ ہے تُجْزَوْنَ کی واؤ ضمیر سے۔

اُولٰٓئِكَ لَهُمْ رِزْقٌ مَّعْلُوْمٌ ۝ فَوَاكِهُ ۚ وَهُمْ مُّكْرَمُوْنَ ۝ فِيْ جَنّٰتِ النَّعِيْمِ ۝ عَلٰى سُرُرٍ مُّتَقٰبِلِيْنَ ۝ يُطَافُ عَلَيْهِمْ بِكَاْسٍ مِّنْ مَّعِيْنٍ ۝ بَيْضَآءَ لَذَّةٍ لِّلشّٰرِبِيْنَ ۝

آیت نمبر ۴۱، ۴۲، ۴۳، ۴۴، ۴۵، ۴۶، ۴۷: اُولٰٓئِكَ اسم اشارہ مبتدا، لَهُمْ ظرف مستقر كَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم رِزْقٌ مَّعْلُوْمٌ مرکب توصیفی مبدل منہ فَوَاكِهُ بدل الکل، مبدل منہ بابدل مبتدا موخر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ مبتدا اول کی خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ هُمْ ضمیر مبتدا مُّكْرَمُوْنَ اسم مفعول هُمْ مستتر نائب فاعل فِيْ جارہ جَنّٰتِ النَّعِيْمِ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے مُتَقٰبِلِيْنَ اسم فاعل هُمْ مستتر فاعل عَلٰى سُرُرٍ متعلق مقدم سے مل کر شبہ جملہ ہو کر حال ہے مُكْرَمُوْنَ کے نائب فاعل سے، مُكْرَمُوْنَ اسم مفعول با نائب فاعل ومتعلق شبہ جملہ موصوف يُطَافُ فعل مجہول عَلَيْهِمْ جار با مجرور متعلق ہوئے بِاء حرف جار كَاْسٍ موصوف مِّنْ مَّعِيْنٍ جار با مجرور كَائِنٌ کے متعلق ہو کر صفت اول بَيْضَآءَ صفت ثانی لَذَّةٍ

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

موصوف لِلشّٰرِبِیْنَ جار مجرور کَاْسٍ کی صفت، موصوف باصفت کَاْسٍ کی صفت ثالثہ، موصوف باصفات ثلاثہ مجرور، جار مجرور یُطَافُ کا نائب فاعل، فعل مجہول بانائب فاعل، متعلق جملہ فعلیہ مُنْزَفُوْنَ کی صفت، موصوف باصفت هُمْ کی خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف جملہ مستانفہ ہوا۔

لَا فِيْهَا غَوْلٌ وَّلَا هُمْ عَنْهَا يُنْزَفُوْنَ ﴿۴۷﴾ وَعِنْدَهُمْ قٰصِرٰتُ الطَّرْفِ عِيْنٌ ﴿۴۸﴾ كَاَنَّهُنَّ بَيْضٌ مَّكْنُوْنٌ ﴿۴۹﴾

آیت نمبر ۴۷، ۴۸، ۴۹: لَا نافیہ فِيْهَا ظرف مستقر كَاْئِنٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم غَوْلٌ مبتدا موخر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لَا نافیہ هُمْ ضمیر مبتدا يُنْزَفُوْنَ فعل مجہول بالواؤ ضمیر نائب فاعل عَنْهَا متعلق مقدم سے مل کر خبر، مبتدا باخبر معطوف اوّل، واؤ عاطفہ عِنْدَهُمْ مرکب اضافی كَاْئِنَاتٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم، قٰصِرٰتُ الطَّرْفِ مرکب اضافی موصوف عِيْنٌ صفت اولیٰ كَاَنَّ حرف تشبیہ هُنَّ ضمیر اس کا اسم بَيْضٌ مَّكْنُوْنٌ مرکب توصیفی خبر، كَاَنَّ با اسم وخبر صفت ثانیہ، موصوف باصفتین مبتدا موخر، مبتدا باخبر معطوف ثانی، معطوف علیہ بامعطوفین كَاْسٍ کی صفت رابعہ ہے۔

فَاَقْبَلَ بَعْضُهُمْ عَلٰى بَعْضٍ يَّتَسَآءَلُوْنَ ﴿۵۰﴾

آیت نمبر ۵۰: فَاء عاطفہ اَقْبَلَ فعل بَعْضُهُمْ مرکب اضافی ذوالحال يَتَسَآءَلُوْنَ فعل بالواؤ ضمیر فاعل جملہ فعلیہ خبریہ حال، ذوالحال بالحال فاعل عَلٰى بَعْضٍ جار مجرور متعلق فعل بافاعل ومتعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف ہے يُطَافُ... الخ پر۔

قَالَ قَآئِلٌ مِّنْهُمْ اِنِّيْ كَانَ لِيْ قَرِيْنٌ ﴿۵۱﴾ يَّقُوْلُ اَئِنَّكَ لَمِنَ الْمُصَدِّقِيْنَ ﴿۵۲﴾

آیت نمبر ۵۱، ۵۲: قَالَ فعل قَآئِلٌ موصوف مِّنْهُمْ كَاْئِنٌ کے متعلق ہو کر صفت، موصوف باصفت فاعل، فعل بافاعل قول، اِنَّ حرف تحقیق یَاء ضمیر اس کا اسم كَانَ فعل ناقص لِيْ جار مجرور كَاْئِنًا کے متعلق ہو کر خبر مقدم قَرِيْنٌ موصوف يَّقُوْلُ فعل هُوَ مستتر فاعل سے مل کر قول، هَمزہ حرف استفہام اِنَّ حرف تحقیق كاف ضمیر اس کا اسم لَام مدخلہ مِنَ الْمُصَدِّقِيْنَ جار مجرور كَاْئِنٌ کے متعلق ہو کر خبر اِنَّ با اسم وخبر جملہ اسمیہ انشائیہ مقولہ، قول بامقولہ قَرِيْنٌ کی صفت، موصوف باصفت كَانَ کا اسم مؤخر، فعل ناقص با اسم وخبر مقولہ، قول بامقولہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

ءَاِذَا مِتْنَا وَكُنَّا تُرَابًا وَّعِظَامًا ءَاِنَّا لَمَدِيْنُوْنَ ﴿۵۳﴾

آیت نمبر ۵۳: هَمزہ حرف استفہام اِذَا شرطیہ مفعول فیہ مقدم مِتْنَا فعل نَا ضمیر فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ كُنَّا فعل ناقص نَا ضمیر اسم تُرَابًا وَّعِظَامًا معطوف علیہ بامعطوف خبر، فعل ناقص با اسم وخبر معطوف، معطوف علیہ بامعطوف شرط، هَمزہ حرف استفہام اِنَّ حرف تحقیق نَا ضمیر اس کا اسم لَام مدخلہ مَدِيْنُوْنَ اسم مفعول نَحْنُ مستتر نائب فاعل سے مل کر خبر اِنَّ با اسم وخبر جملہ اسمیہ انشائیہ جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

قَالَ هَلْ اَنْتُمْ مُّطَّلِعُوْنَ ﴿۵۴﴾ فَاطَّلَعَ فَرَاٰهُ فِيْ سَوَآءِ الْجَحِيْمِ ﴿۵۵﴾

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

28

آیت نمبر ۵۴،۵۵: قَالَ فعل هُوَ مستتر فاعل سے مل کر قول، هَلْ حرف استفہام اَنْتُمْ ضمیر مبتدا مُّطَّلِعُوْنَ اسم فاعل اَنْتُمْ مستتر فاعل سے مل کر خبر، مبتدا خبر جملہ اسمیہ انشائیہ مقولہ، قول با مقولہ معطوف علیہ مقام عاطفہ فَاطَّلَعَ فعل با هُوَ مستتر فاعل معطوف علیہ مقام عاطفہ اَی فعل هُوَ مستتر فاعل هٗ ضمیر مفعول بہ بفی جادہ سَوَآءِ الْجَحِيْمِ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل با فاعل و مفعول بہ و متعلق معطوف، معطوف علیہ با معطوف پھر معطوف علیہ اول کا معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ مستانفہ ہوا

قَالَ تَاللّٰهِ اِنْ كِدْتَّ لَتُرْدِيْنِ ﴿۵۶﴾

آیت نمبر ۵۶: قَالَ فعل با هُوَ مستتر فاعل قول، تَاللّٰهِ جار با مجرور متعلق ہوئے فعل محذوف اُقْسِمُ کے با اُقْسِمُ فعل اَنَا مستتر فاعل و متعلق سے مل کر جملہ انشائیہ قسم، اِنْ مخففہ من المثقلہ کاف ضمیر محذوف اس کا اسم كِدْتَّ فعل مقاربہ تاء مفتوحہ اس کا اسم لَام مفارقہ تُرْدِيْنِ فعل اَنْتَ مستتر فاعل نون وقایہ کا یاء ضمیر مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ خبر، فعل مقاربہ با اسم و خبر جملہ فعلیہ انشائیہ اِنْ کی خبر، اِنْ مخففہ با اسم و خبر جواب قسم، قسم با جواب قسم، قول با مقولہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا

وَلَوْلَا نِعْمَةُ رَبِّيْ لَكُنْتُ مِنَ الْمُحْضَرِيْنَ ﴿۵۷﴾

آیت نمبر ۵۷: واؤ عاطفہ لَوْلَا امتناعیہ نِعْمَةُ رَبِّيْ مرکب اضافی مبتدا، اور اس کی خبر محذوف ہے هُوَ جُوْدَةٌ، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ شرط، لام جوابیہ كُنْتُ فعل ناقص تاء مضمومہ اس کا اسم مِنَ الْمُحْضَرِيْنَ جار با مجرور كَائِنًا کے متعلق ہو کر خبر، فعل ناقص با اسم و خبر جملہ فعلیہ خبریہ جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہوا

اَفَمَا نَحْنُ بِمَيِّتِيْنَ ﴿۵۸﴾ اِلَّا مَوْتَتَنَا الْاُوْلٰى وَمَا نَحْنُ بِمُعَذَّبِيْنَ ﴿۵۹﴾

آیت نمبر ۵۸،۵۹: هَمزہ حرف استفہام فَاء عاطفہ اور معطوف علیہ محذوف ہے نَحْنُ خَالِدُوْنَ مَا حجازیہ نَحْنُ ضمیر اس کا اسم با جادہ زائدہ بِمَيِّتِيْنَ صیغہ صفت نَحْنُ مستتر فاعل اِلَّا حرف استثناء مَوْتَتَنَا مرکب اضافی موصوف اَلْاُوْلٰى صفت، موصوف با صفت مستثنیٰ مفرغ مفعول مطلق، صیغہ صفت با فاعل و مفعول مطلق لفظاً مجرور محلاً منصوب خبر مَا با اسم و خبر معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ انشائیہ مستانفہ ہوا واؤ عاطفہ مَا حجازیہ نَحْنُ ضمیر اس کا اسم با جادہ زائدہ مُعَذَّبِيْنَ خبر مَا با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوفہ ہوا

اِنَّ هٰذَا لَهُوَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ ﴿۶۰﴾ لِمِثْلِ هٰذَا فَلْيَعْمَلِ الْعٰمِلُوْنَ ﴿۶۱﴾

آیت نمبر ۶۰،۶۱: اِنَّ حرف تحقیق هٰذَا اس کا اسم لَام مزحلقہ هُوَ ضمیر مبتدا اَلْفَوْزُ الْعَظِيْمُ مرکب توصیفی خبر، مبتدا با خبر اِنَّ کی خبر، اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا لَام جارہ مِثْلِ هٰذَا مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور متعلق مقدم مقام فصیحہ اور اس کی شرط محذوف ہے اِذَا كَانَ بَيِّنَةً حَقِيْقَةُ حَالِ اَهْلِ الْجَنَّةِ فَلْيَعْمَلْ فعل امر اَلْعَامِلُوْنَ فاعل اور متعلق مقدم سے مل کر جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہوا

اَذٰلِكَ خَيْرٌ نُّزُلًا اَمْ شَجَرَةُ الزَّقُّوْمِ ﴿۶۲﴾

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

آیت نمبر ۶۲: هَمزہ حرف استفہام ذٰلِكَ اسم اشارہ مبتدا خَيْرٌ اسم تفضیل هُوَ مستتر فاعل نُزُلًا تمیز سے مل کر خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ انشائیہ معطوف علیہ، اَمْ عاطفہ شَجَرَةُ الزَّقُّوْمِ مرکب اضافی مبتدا اور اس کی خبر محذوف ہے خَيْرٌ، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ انشائیہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ مستانفہ ہوا۔

إِنَّا جَعَلْنٰهَا فِتْنَةً لِّلظّٰلِمِيْنَ ﴿۶۳﴾

آیت نمبر ۶۳: اِنَّ حرف تحقیق نَا ضمیر اس کا اسم جَعَلْنَا فعل نَا ضمیر فاعل هَا ضمیر مفعول بہ اوّل فِتْنَةً موصوف لِلظّٰلِمِيْنَ جار با مجرور كَائِنَةً کے متعلق ہو کر صفت، موصوف با صفت مفعول بہ ثانی، فعل با فاعل و مفعولین، خبر اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

إِنَّهَا شَجَرَةٌ تَخْرُجُ فِيْٓ أَصْلِ الْجَحِيْمِ ﴿۶۴﴾ طَلْعُهَا كَأَنَّهٗ رُءُوْسُ الشَّيٰطِيْنِ ﴿۶۵﴾

آیت نمبر ۶۴، ۶۵: اِنَّ حرف تحقیق هَا ضمیر اس کا اسم شَجَرَةٌ موصوف تَخْرُجُ فعل هِيَ مستتر فاعل فِيْ أَصْلِ الْجَحِيْمِ جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل با فاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ صفت اولیٰ، طَلْعُهَا مرکب اضافی مبتدا، كَأَنَّ حرف تشبیہ هُ ضمیر اس کا اسم رُءُوْسُ الشَّيٰطِيْنِ مرکب اضافی خبر كَأَنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ صفت دوم، موصوف با صفتین اِنَّ کی خبر اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

فَإِنَّهُمْ لَاٰكِلُوْنَ مِنْهَا فَمَالِـُٔوْنَ مِنْهَا الْبُطُوْنَ ﴿۶۶﴾

آیت نمبر ۶۶: فَاء تعلیلیہ اِنَّ حرف تحقیق هُمْ ضمیر اس کا اسم لَاٰكِلُوْنَ اسم فاعل هُمْ مستتر فاعل مِنْهَا متعلق سے مل کر شبہ جملہ معطوف علیہ، فَاء عاطفہ مَالِـُٔوْنَ اسم فاعل هُمْ مستتر فاعل مِنْهَا متعلق اَلْبُطُوْنَ مفعول بہ سے مل کر شبہ جملہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف اِنَّ کی خبر اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ مطلقہ ہوا۔

ثُمَّ إِنَّ لَهُمْ عَلَيْهَا لَشَوْبًا مِّنْ حَمِيْمٍ ﴿۶۷﴾ ثُمَّ إِنَّ مَرْجِعَهُمْ لَإِلَى الْجَحِيْمِ ﴿۶۸﴾

آیت نمبر ۶۷، ۶۸: ثُمَّ حرف عطف اِنَّ حرف تحقیق لَهُمْ ظرف مستقر كَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم عَلَيْهَا جار با مجرور كَائِنًا کے متعلق ہو کر حال مقدم لَامِ مزحلقہ شَوْبًا مصدر مِنْ حَمِيْمٍ جار با مجرور مصدر کے متعلق ہوئے (مظہری) مصدر با متعلق ذوالحال مؤخر ذوالحال با حال اسم مؤخر اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف علیہ، ثُمَّ عاطفہ اِنَّ حرف تحقیق مَرْجِعَهُمْ مرکب اضافی اس کا اسم لَامِ مزحلقہ اِلَى الْجَحِيْمِ جار با مجرور كَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ معطوفہ ہوا۔

إِنَّهُمْ أَلْفَوْا اٰبَآءَهُمْ ضَآلِّيْنَ ﴿۶۹﴾

آیت نمبر ۶۹: اِنَّ حرف تحقیق هُمْ ضمیر اس کا اسم اَلْفَوْا فعل واؤ ضمیر فاعل اٰبَآءَهُمْ مرکب اضافی مفعول بہ اوّل ضَآلِّيْنَ مفعول بہ ثانی، فعل با فاعل و مفعولین خبر اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ مطلقہ ہوا (کفار پر مختلف عذاب آنے کی تعلیل ہے)

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

فَهُمْ عَلٰٓى اٰثٰرِهِمْ يُهْرَعُوْنَ ۝

آیت نمبر ۷۰: فَاء عاطفہ هُمْ ضمیر مبتدا يُهْرَعُوْنَ فعل مجہول واؤ ضمیر نائب فاعل عَلٰٓى اٰثٰرِهِمْ متعلق مقدم سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ خبر، مبتدا خبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف ہوا۔

وَلَقَدْ ضَلَّ قَبْلَهُمْ اَكْثَرُ الْاَوَّلِيْنَ ۝ وَلَقَدْ اَرْسَلْنَا فِيْهِمْ مُّنْذِرِيْنَ ۝

آیت نمبر ۷۱، ۷۲: واؤ استینافیہ لَام موطئہ للقسم اور قسم محذوف ہے قَدْ حرف تحقیق ضَلَّ فعل قَبْلَهُمْ مرکب اضافی مفعول فیہ اَكْثَرُ الْاَوَّلِيْنَ مرکب اضافی فاعل، فعل بافاعل ومفعول فیہ جواب قسم، قسم باجواب قسم معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لَام موطئہ للقسم اور قسم محذوف ہے قَدْ حرف تحقیق اَرْسَلْنَا فعل نَا ضمیر فاعل فِيْهِمْ متعلق مُّنْذِرِيْنَ مفعول بہ سے مل کر جواب قسم، قسم باجواب قسم معطوف، معطوف علیہ بامعطوف جملہ مستانفہ ہوا۔

فَانْظُرْ كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الْمُنْذَرِيْنَ ۝

آیت نمبر ۷۳: فَاء فصیحہ اور اس کی شرط محذوف ہے اِذَا كَانَ الْحَالُ مَا مَرَّ، اُنْظُرْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل كَيْفَ كَانَ کا مفعول فیہ ہو کر خبر مقدم كَانَ فعل ناقص عَاقِبَةُ الْمُنْذَرِيْنَ مرکب اضافی اسم مؤخر كَانَ بااسم وخبر جملہ انشائیہ استفہامیہ محلاً منصوب اُنْظُرْ کا مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ جملہ انشائیہ جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

اِلَّا عِبَادَ اللّٰهِ الْمُخْلَصِيْنَ ۝

آیت نمبر ۷۴: اِلَّا حرف استثناء بمعنی لٰكِنْ کیونکہ یہ استثناء منقطع ہے عِبَادَ اللّٰهِ مرکب اضافی موصول اَلْمُخْلَصِيْنَ صفت، موصول باصفت مستثنیٰ منقطع ہے۔

❁ رکوع نمبر ۳ ❁

وَلَقَدْ نَادٰىنَا نُوْحٌ فَلَنِعْمَ الْمُجِيْبُوْنَ ۝

آیت نمبر ۷۵: واؤ استینافیہ لَام موطئہ للقسم اور قسم محذوف ہے قَدْ علامت فعل نَادٰى فعل نَا ضمیر مفعول بہ نُوْحٌ فاعل سے مل کر جواب قسم، قسم باجواب قسم معطوف علیہ، فَاء عاطفہ لَام موطئہ للقسم اور قسم محذوف ہے لَنِعْمَ فعل مدح اَلْمُجِيْبُوْنَ فاعل سے مل کر خبر مقدم، اور مخصوص بالمدح مبتدا محذوف ہے نَحْنُ، مبتدا خبر جملہ اسمیہ انشائیہ جواب قسم، قسم باجواب قسم معطوف علیہ بامعطوف جملہ مستانفہ ہوا۔

وَنَجَّيْنٰهُ وَاَهْلَهٗ مِنَ الْكَرْبِ الْعَظِيْمِ ۝ وَجَعَلْنَا ذُرِّيَّتَهٗ هُمُ الْبٰقِيْنَ ۝ وَتَرَكْنَا عَلَيْهِ فِي الْاٰخِرِيْنَ ۝ سَلٰمٌ عَلٰى نُوْحٍ فِي الْعٰلَمِيْنَ ۝

آیت نمبر ۷۶، ۷۷، ۷۸، ۷۹: واؤ عاطفہ نَجَّيْنَا فعل نَا ضمیر فاعل هُ ضمیر مفعول بہ، واؤ بمعنی مَعَ اَهْلَهٗ مرکب اضافی مفعول معہ، مِنَ جار، اَلْكَرْبِ الْعَظِيْمِ مرکب توصیفی مجرور، جار بامجرور متعلق، فعل بافاعل، مفعولین ومتعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ،

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

واؤ عاطفہ جَعَلْنَا فعل نَا ضمیر فاعل ذُرِّيَّتَهُ مرکب اضافی مفعول بہ اول هُمُ ضمیر فصل الْبَاقِيْنَ مفعول بہ ثانی، فعل بافاعل ومفعولین معطوف اول، واؤ عاطفہ تَرَكْنَا فعل نَا ضمیر فاعل عَلَيْهِ جار بامجرور كَائِنًا کے متعلق ہو کر بواسطہ موصوف محذوف ثَنَاءً کے مفعول بہ، فِي الْآخِرِيْنَ جار بامجرور متعلق، فعل بافاعل ومفعول بہ ومتعلق جملہ فعلیہ خبریہ مفسّر، سَلٰمٌ مبتدا (اس میں دعا کا معنی ہے اس لئے نکرہ کا مبتدا ہونا جائز ہے) عَلٰى نُوْحٍ ظرف مستقر كَائِنٌ کا متعلق اول فِي الْعٰلَمِيْنَ متعلق ثانی، اسم فاعل هُوَ مستتر فاعل ومتعلقین خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ مفسّر، مفسّر با مفسّر معطوف ثانی، معطوف علیہ با معطوفین پھر نَادٰى پر معطوف ہے۔

اِنَّا كَذٰلِكَ نَجْزِي الْمُحْسِنِيْنَ ﴿۸۰﴾

آیت نمبر ۸۰: اِنَّ حرف تحقیق نَا ضمیر اس کا اسم كَذٰلِكَ جار بامجرور كَائِنًا کے متعلق ہو کر بواسطہ موصوف محذوف جَزَاءً کے مفعول مطلق مقدم، نَجْزِي فعل نَحْنُ مستتر فاعل الْمُحْسِنِيْنَ مفعول بہ ومفعول مطلق مقدم سے مل کر خبر اِنَّ با اسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ معطلہ ہوا۔

اِنَّهٗ مِنْ عِبَادِنَا الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿۸۱﴾

آیت نمبر ۸۱: اِنَّ حرف تحقیق هُ ضمیر اس کا اسم مِنْ جار عِبَادِنَا مرکب اضافی موصوف الْمُؤْمِنِيْنَ صفت، موصوف بامضاف مجرور، جار بامجرور كَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر اِنَّ با اسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ معطلہ ہوا۔

ثُمَّ اَغْرَقْنَا الْاٰخَرِيْنَ ﴿۸۲﴾

آیت نمبر ۸۲: ثُمَّ حرف عطف اَغْرَقْنَا فعل نَا ضمیر فاعل الْاٰخَرِيْنَ مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف ہے نَجَّيْنَا پر۔

وَاِنَّ مِنْ شِيْعَتِهٖ لَاِبْرٰهِيْمَ ﴿۸۳﴾

آیت نمبر ۸۳: واؤ استیناف اِنَّ حرف تحقیق مِنْ شِيْعَتِهٖ كَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم لام مزحلقہ اِبْرَاهِيْمَ اسم مؤخر اِنَّ با اسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

اِذْ جَآءَ رَبَّهٗ بِقَلْبٍ سَلِيْمٍ ﴿۸۴﴾ اِذْ قَالَ لِاَبِيْهِ وَقَوْمِهٖ مَاذَا تَعْبُدُوْنَ ﴿۸۵﴾

آیت نمبر ۸۴، ۸۵: اِذْ ظرف زمان مضاف جَآءَ فعل رَبَّهٗ مرکب اضافی فاعل باء جار قَلْبٍ سَلِيْمٍ مرکب توصیفی مجرور، جار بامجرور متعلق ہوئے، فعل بافاعل ومتعلق جملہ فعلیہ خبریہ مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ مبدل منہ اِذْ مضاف قَالَ فعل هُوَ مستتر فاعل لام جار اَبِيْهِ مرکب اضافی معطوف علیہ واؤ عاطفہ قَوْمِهٖ مرکب اضافی معطوف، معطوف علیہ با معطوف مجرور، جار بامجرور متعلق، فعل بافاعل ومتعلق جملہ فعلیہ خبریہ قول، مَاذَا اسم استفہام مفعول بہ مقدم تَعْبُدُوْنَ فعل باواؤ ضمیر فاعل ومفعول بہ مقدم جملہ انشائیہ مقولہ، قول بامقول اِذْ کا مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ پہلے اِذْ سے بدل، مبدل منہ بابدل مفعول فیہ، فعل محذوف اُذْكُرْ کا، اُذْكُرْ فعل انت مستتر فاعل ومفعول فیہ سے مل کر جملہ انشائیہ امریہ ہوا۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

اَئِفْكًا اٰلِهَةً دُوْنَ اللّٰهِ تُرِيْدُوْنَ ﴿۸۶﴾

آیت نمبر ۸۶: ہمزہ حرف استفہام اِفْكًا مفعول لہ مقدم اٰلِهَةً موصوف دُوْنَ اللّٰهِ مرکب اضافی تُرِيْدُوْنَ کا مفعول بہ ہو کر صفت، موصوف باصفت مفعول بہ مقدم تُرِيْدُوْنَ فعل باواؤ ضمیر فاعل و مفعولین جملہ انشائیہ ہوا۔

فَمَا ظَنُّكُمْ بِرَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿۸۷﴾

آیت نمبر ۸۷: فاء عاطفہ مَا اسم استفہام مبتدا ظَنُّ مصدر مضاف كُمْ ضمیر مضاف الیہ معنیً فاعل بِرَبِّ الْعٰلَمِيْنَ جار باجرور متعلق، پھر یہ خبر ہے، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ انشائیہ معطوف ہوا۔

فَنَظَرَ نَظْرَةً فِي النُّجُوْمِ ﴿۸۸﴾

آیت نمبر ۸۸: فاء عاطفہ نَظَرَ فعل هُوَ مستتر فاعل نَظْرَةً مفعول مطلق فِي النُّجُوْمِ متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف ہوا۔

فَقَالَ اِنِّيْ سَقِيْمٌ ﴿۸۹﴾

آیت نمبر ۸۹: فاء عاطفہ قَالَ فعل باهُوَ مستتر فاعل قول اِنَّ حرف تحقیق یاء ضمیر اس کا اسم سَقِيْمٌ خبر اِنَّ با اسم وخبر مقول، قول بامقول جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

فَتَوَلَّوْا عَنْهُ مُدْبِرِيْنَ ﴿۹۰﴾

آیت نمبر ۹۰: فاء عاطفہ تَوَلَّوْا فعل واؤ ضمیر ذوالحال مُدْبِرِيْنَ حال، ذوالحال باحال فاعل عَنْهُ جار باجرور متعلق ہوئے، فعل بافاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

فَرَاغَ اِلٰٓى اٰلِهَتِهِمْ فَقَالَ اَلَا تَاْكُلُوْنَ ﴿۹۱﴾

آیت نمبر ۹۱: فاء عاطفہ رَاغَ فعل هُوَ مستتر فاعل اِلٰٓى اٰلِهَتِهِمْ جار باجرور متعلق ہوئے، فعل بافاعل و متعلق معطوف علیہ، فاء عاطفہ قَالَ فعل باهُوَ مستتر فاعل قول، ہمزہ حرف استفہام لَا تَاْكُلُوْنَ فعل باواؤ ضمیر فاعل مقول، قول بامقول معطوف، معطوف علیہ باامعطوف جملہ معطوف ہوا۔

مَا لَكُمْ لَا تَنْطِقُوْنَ ﴿۹۲﴾

آیت نمبر ۹۲: مَا اسم استفہام مبتدا لَام جارہ كُمْ ضمیر ذوالحال لَا تَنْطِقُوْنَ فعل باواؤ ضمیر فاعل حال ذوالحال باحال مجرور، جار باجرور مَا کے متعلق ہو کر خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ انشائیہ ہو کر مقول ہے قَالَ اِبْرَاهِيْمُ قول محذوف کا۔

فَرَاغَ عَلَيْهِمْ ضَرْبًا بِالْيَمِيْنِ ﴿۹۳﴾

آیت نمبر ۹۳: فاء عاطفہ اور معطوف علیہ محذوف ہے لَمْ يُجِيْبُوْا، رَاغَ فعل هُوَ مستتر فاعل عَلَيْهِمْ متعلق سے مل کر معطوف، معطوف علیہ باامعطوف جملہ معطوف ہوا۔ ضَرْبًا مفعول مطلق ہے فعل محذوف يَضْرِبُ کا، اور بِالْيَمِيْنِ يَضْرِبُ کے

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

متعلق ہے پھر یہ جملہ سِرَاعًا کی ضمیر فاعل سے حال ہے۔

فَاَقْبَلُوْٓا اِلَيْهِ يَزِفُّوْنَ ۝

آیت نمبر ۹۴: فَاء عاطفہ اَقْبَلُوْا فعل واؤ ضمیر ذوالحال يَزِفُّوْنَ فعل باواؤ ضمیر فاعل حال ذوالحال باحال فاعل اِلَيْهِ جار باجرور متعلق ہوئے، فعل بافاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

قَالَ اَتَعْبُدُوْنَ مَا تَنْحِتُوْنَ ۝ وَاللّٰهُ خَلَقَكُمْ وَمَا تَعْمَلُوْنَ ۝

آیت نمبر ۹۵،۹۶: قَالَ فعل هُوَ مستتر فاعل هَمزہ حرف استفہام تَعْبُدُوْنَ فعل واؤ ضمیر ذوالحال ہوا واؤ حالیہ اَللّٰهُ مبتدا، خَلَقَ فعل هُوَ مستتر فاعل كُمْ ضمیر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ مَا اسم موصول تَعْمَلُوْنَ فعل باواؤ ضمیر فاعل صلہ، موصول باصلہ معطوف، معطوف علیہ باعطوف متعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ خبر، مبتدا باخبر حال، ذوالحال باحال تَعْبُدُوْنَ کا فاعل مَا اسم موصول تَنْحِتُوْنَ فعل باواؤ ضمیر فاعل صلہ، موصول باصلہ مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ مقولہ، قول باعقولہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

قَالُوا ابْنُوْا لَهٗ بُنْيَانًا فَاَلْقُوْهُ فِى الْجَحِيْمِ ۝ فَاَرَادُوْا بِهٖ كَيْدًا فَجَعَلْنٰهُمُ الْاَسْفَلِيْنَ ۝

آیت نمبر ۹۷،۹۸: قَالُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل جملہ فعلیہ خبریہ قول، اُبْنُوْا فعل امر واؤ ضمیر فاعل لَهٗ متعلق بُنْيَانًا مفعول بہ سے مل کر معطوف علیہ، فَاء عاطفہ اَلْقُوْا فعل امر واؤ ضمیر فاعل هُ ضمیر مفعول بہ فِى الْجَحِيْمِ متعلق سے مل کر جملہ انشائیہ معطوف، معطوف علیہ باعطوف مقولہ، قول باعقولہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، فَاء عاطفہ اَرَادُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل بِهٖ متعلق، كَيْدًا مفعول بہ سے مل کر پھر معطوف علیہ، فَاء عاطفہ جَعَلْنَا فعل نَا ضمیر فاعل هُمُ ضمیر مفعول بہ اوّل، اَلْاَسْفَلِيْنَ مفعول بہ ثانی سے مل کر معطوف، معطوف علیہ باعطوف قَالُوْا پر معطوف ہے۔

وَقَالَ اِنِّىْ ذَاهِبٌ اِلٰى رَبِّىْ سَيَهْدِيْنِ ۝

آیت نمبر ۹۹: واؤ عاطفہ اور معطوف علیہ محذوف ہے فَخَرَجَ مِنَ النَّارِ سَالِمًا، قَالَ فعل هُوَ مستتر فاعل سے مل کر قول بِاِنَّ حرف تحقیق یَاء ضمیر اس کا اسم ذَاهِبٌ اسم فاعل اَنَا مستتر فاعل اِلٰى رَبِّىْ متعلق سے مل کر خبر بِاِنَّ باسم و خبر مقولہ، قول باعقولہ معطوف، معطوف علیہ باعطوف جملہ معطوفہ ہوا۔ سِيْنِ علامت فعل يَهْدِيْ فعل هُوَ مستتر فاعل نون برائے وقایہ یَاء ضمیر محذوف مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معترضہ یا مستانفہ ہوا۔

رَبِّ هَبْ لِىْ مِنَ الصّٰلِحِيْنَ ۝

آیت نمبر ۱۰۰: رَبِّ دراصل يَا رَبِّىْ ہے اور یہ منادا ہے هَبْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل لِىْ جار باجرور متعلق مِنَ الصَّالِحِيْنَ ظرف مستقر كَائِنًا کے متعلق ہو کر بواسطہ موصوف محذوف وَلَدًا کے مفعول بہ، فعل بافاعل و متعلق و مفعول بہ جواب ندا، ندا باجواب ندا مقولہ ہے قول محذوف قَالَ اِبْرَاهِيْمُ کا۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

فَبَشَّرْنٰهُ بِغُلٰمٍ حَلِيْمٍ ﴿۱۰۱﴾

آیت نمبر ۱۰۱: فَاء عاطفہ بَشَّرْنَا فعل نَا ضمیر فاعل ہٗ ضمیر مفعول بہ بِاء جار غُلٰمٍ حَلِيْمٍ مرکب توصیفی مجرور، جار با مجرور متعلق فعل با فاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف ہے اور معطوف علیہ محذوف ہے فَاسْتَجَبْنَا لَهٗ، معطوف علیہ با معطوف جملہ معطوفہ ہوا۔

فَلَمَّا بَلَغَ مَعَهُ السَّعْيَ قَالَ يٰبُنَيَّ اِنِّيْٓ اَرٰى فِي الْمَنَامِ اَنِّيْٓ اَذْبَحُكَ فَانْظُرْ مَاذَا تَرٰى ؕ قَالَ يٰٓاَبَتِ افْعَلْ مَا تُؤْمَرُ ۫ سَتَجِدُنِيْٓ اِنْ شَآءَ اللّٰهُ مِنَ الصّٰبِرِيْنَ ﴿۱۰۲﴾

آیت نمبر ۱۰۲: فَاء استینافیہ لَمَّا ظرف زمان، متضمن معنی شرط مفعول فیہ مقدم بَلَغَ فعل هُوَ مستتر فاعل مَعَهُ مرکب اضافی کَائِنًا کا مفعول فیہ ہو کر حال مقدم السَّعْيَ ذوالحال مؤخر ذوالحال با حال مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعولین شرط قَالَ فعل هُوَ مستتر فاعل قول، يٰ حرف ندا اَدْعُوْ کے قائم مقام اَدْعُوْ فعل اَنَا مستتر فاعل بُنَيَّ مرکب اضافی مفعول بہ سے مل کر ندا، اِنِّيْ حرف تحقیق يَاء ضمیر اس کا اسم اَرٰى فعل اَنَا مستتر فاعل فِي الْمَنَامِ جار با مجرور متعلق ہوئے اَنَّ حرف تحقیق يَاء ضمیر اس کا اسم اَذْبَحُكَ فعل اَنَا مستتر فاعل کاف ضمیر مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ خبر اَنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ بتاویل مفرد اَرٰى کا مفعول بہ، فعل با فاعل و متعلق و مفعول بہ خبر اَنَّ با اسم و خبر جواب ندا، ندا با جواب ندا مقولہ، قول با مقولہ جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

فَاء فصیحہ اور اس کی شرط محذوف ہے اِذَا كَانَ الْاَمْرُ كَذٰلِكَ فَانْظُرْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل مَاذَا اسم استفہام مفعول بہ مقدم تَرٰى فعل اَنْتَ مستتر فاعل و مفعول بہ سے مل کر محلاً منصوب اُنْظُرْ کا مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ انشائیہ جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔ قَالَ فعل با هُوَ مستتر فاعل قول يٰٓاَبَتِ فعل اصل میں يَا اَبَتِيْ ہے اور یہ ندا ہے اِفْعَلْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل مَا اسم موصول تُؤْمَرُ فعل مجہول اَنْتَ مستتر نائب فاعل سے مل کر صلہ، موصول با صلہ مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ جواب ندا، ندا با جواب ندا مقولہ، قول با مقولہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ سِيْنِ علامت فعل تَجِدُ فعل اَنْتَ مستتر فاعل نون برائے وقایہ يَاء ضمیر مفعول بہ اول، مِنَ الصّٰبِرِيْنَ جار با مجرور مفعول ثانی کی جگہ میں ہے، فعل با فاعل و مفعولین دال بر جزاءین شرطیہ شَآءَ فعل اَللّٰهُ فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ شرط، شرط اپنے دال بر جزاء سے مل کر جملہ شرطیہ ہوا۔

فَلَمَّآ اَسْلَمَا وَتَلَّهٗ لِلْجَبِيْنِ ﴿۱۰۳﴾ وَنَادَيْنٰهُ اَنْ يّٰٓاِبْرٰهِيْمُ ﴿۱۰۴﴾ قَدْ صَدَّقْتَ الرُّءْيَا ۚ اِنَّا كَذٰلِكَ نَجْزِي الْمُحْسِنِيْنَ ﴿۱۰۵﴾

آیت نمبر ۱۰۳: فَاء عاطفہ لَمَّا متضمن معنی شرط مفعول فیہ مقدم اَسْلَمَا فعل با الف ضمیر فاعل جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ تَلَّ فعل هُوَ مستتر فاعل هٗ ضمیر ذوالحال لِلْجَبِيْنِ كَائِنًا کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال با حال مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف شرط ہوا اور اس کی جزاء محذوف ہے مَنَعْنَاهُ عَنْهُ الذَّبْحَ واؤ عاطفہ نَادَيْنَا فعل نَا ضمیر فاعل هٗ ضمیر مفعول بہ سے مل کر مفسّر، اَنْ حرف تفسیر يَاء حرف ندا قائم مقام اَدْعُوْ کے اَدْعُوْ فعل اَنَا ضمیر فاعل اِبْرَاهِيْمُ محلاً

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

منصوب مفعول بہ، فعل باقاعل ومفعول بہ ندا، قَدْ حرف تحقیق صَدَّقْتَ فعل تام مفتوحہ ضمیر فاعل اَلرُّؤْیَا منصوب تقدیم مفعول بہ سے مل کر جواب ندا، ندا باجواب ندا مفسّر، مفسّر بامفسّر معطوف ہے جزاء محذوف پر۔ (مظہری) اِنَّ حرف تحقیق نَا ضمیر اس کا اسم، کَذٰلِكَ جار بامجرور کَانِیْنًا کے متعلق ہو کر بواسطہ موصوف محذوف جزاء کے مفعول مطلق مقدم، نَجْزِیْ فعل نَحْنُ مستتر فاعل اَلْمُحْسِنِیْنَ مفعول بہ سے مل کر خبر اِنَّ باسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ معلّلہ ہوا۔ (ابراہیم علیہ السلام پر احسان کرنے کی تعلیل ہے)

اِنَّ هٰذَا لَهُوَ الْبَلٰٓؤُا الْمُبِیْنُ ﴿۱۰۶﴾

آیت نمبر ۱۰۶ اِنَّ حرف تحقیق هٰذَا اسم اشارہ اس کا اسم، لَامْ مذلقہ هُوَ ضمیر مبتدا اَلْبَلَاءُ الْمُبِیْنُ مرکب توصیفی خبر، مبتدا باخبر اِنَّ کی خبر اِنَّ باسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

وَفَدَیْنٰهُ بِذِبْحٍ عَظِیْمٍ ﴿۱۰۷﴾ وَتَرَكْنَا عَلَیْهِ فِی الْاٰخِرِیْنَ ﴿۱۰۸﴾ سَلٰمٌ عَلٰٓی اِبْرٰهِیْمَ ﴿۱۰۹﴾

آیت نمبر ۱۰۷، ۱۰۸، ۱۰۹ واؤ عاطفہ فَدَیْنَا فعل نَا ضمیر فاعل هُ ضمیر مفعول بہ باء جار ذِبْحٍ عَظِیْمٍ مرکب توصیفی مجرور، جار بامجرور متعلق ہوئے، فعل باقاعل ومفعول بہ ومتعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ تَرَكْنَا عَلَیْهِ فِی الْاٰخِرِیْنَ کی ترکیب ان شاء اللہ رکوع میں گزری ہے، اور یہ معطوف ہے، معطوف علیہ بامعطوف پھر نَادَیْنَا پر معطوف ہے، سَلٰمٌ عَلٰٓی اِبْرٰهِیْمَ مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ هٰذَا الْقَوْلَ کی تاویل میں ہو کر تَرَكْنَا کا مفعول بہ ہے۔

كَذٰلِكَ نَجْزِی الْمُحْسِنِیْنَ ﴿۱۱۰﴾

آیت نمبر ۱۱۰ كَذٰلِكَ نَجْزِی الْمُحْسِنِیْنَ کی ترکیب چند سطریں پہلے گزری ہے۔

اِنَّهٗ مِنْ عِبَادِنَا الْمُؤْمِنِیْنَ ﴿۱۱۱﴾

آیت نمبر ۱۱۱ اِنَّهٗ مِنْ عِبَادِنَا الْمُؤْمِنِیْنَ کی ترکیب اسی رکوع کے شروع میں گزر چکی ہے۔

وَبَشَّرْنٰهُ بِاِسْحٰقَ نَبِیًّا مِّنَ الصّٰلِحِیْنَ ﴿۱۱۲﴾ وَبٰرَكْنَا عَلَیْهِ وَعَلٰٓی اِسْحٰقَ ؕ وَمِنْ ذُرِّیَّتِهِمَا مُحْسِنٌ وَّظَالِمٌ لِّنَفْسِهٖ مُبِیْنٌ ﴿۱۱۳﴾

آیت نمبر ۱۱۲، ۱۱۳ واؤ عاطفہ بَشَّرْنَا فعل نَا ضمیر فاعل هُ ضمیر مفعول بہ باء جارہ اِسْحٰقَ ذوالحال نَبِیًّا موصوف مِنَ الصّٰلِحِیْنَ ظرف مستقر کَائِنًا کے متعلق ہو کر صفت، موصوف بصفت حال ذوالحال باحال مجرور، جار بامجرور متعلق ہوئے، فعل باقاعل ومفعول بہ ومتعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ بَارَكْنَا فعل نَا ضمیر فاعل عَلَیْهِ جار بامجرور معطوف علیہ، واؤ عاطفہ عَلٰٓی اِسْحٰقَ جار بامجرور معطوف، معطوف علیہ بامعطوف متعلق، فعل باقاعل ومتعلق معطوف، معطوف علیہ بامعطوف جملہ معطوفہ ہوا۔ واؤ استینافیہ مِنْ جارہ ذُرِّیَّتِهِمَا مرکب اضافی مجرور، جار بامجرور کَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم مُحْسِنٌ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ ظَالِمٌ اسم فاعل هُوَ مستتر فاعل لِّنَفْسِهٖ متعلق سے مل کر موصوف مُبِیْنٌ صفت، موصوف بصفت معطوف، معطوف علیہ بامعطوف مبتدا موخر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

❁ رکوع نمبر ۴ ❁

وَ لَقَدْ مَنَنَّا عَلٰى مُوْسٰى وَ هٰرُوْنَ ﴿۱۱۴﴾ وَ نَجَّيْنٰهُمَا وَ قَوْمَهُمَا مِنَ الْكَرْبِ الْعَظِيْمِ ﴿۱۱۵﴾ وَ
نَصَرْنٰهُمْ فَكَانُوْا هُمُ الْغٰلِبِيْنَ ﴿۱۱۶﴾ وَ اٰتَيْنٰهُمَا الْكِتٰبَ الْمُسْتَبِيْنَ ﴿۱۱۷﴾ وَ هَدَيْنٰهُمَا
الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ ﴿۱۱۸﴾ وَ تَرَكْنَا عَلَيْهِمَا فِي الْاٰخِرِيْنَ ﴿۱۱۹﴾ سَلٰمٌ عَلٰى مُوْسٰى وَ هٰرُوْنَ ﴿۱۲۰﴾

آیت نمبر ۱۱۴،۱۱۵،۱۱۶،۱۱۷،۱۱۸،۱۱۹،۱۲۰: واؤ استینافیہ لام موطئہ للقسم اور قسم محذوف ہے قَدْ علامت فعل مَنَنَّا فعل نا ضمیر علیٰ جارہ مُوْسٰى وَهٰرُوْنَ معطوف علیہ بامعطوف مجرور، جار بامجرور متعلق ہونے، فعل بافاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ نَجَّيْنَا فعل نا ضمیر فاعل هُمَا ضمیر مفعول بہ، واؤ بمعنی مَعَ قَوْمَهُمَا مرکب اضافی مفعول فیہ، مِنَ جارہ اَلْكَرْبِ الْعَظِيْمِ مرکب توصیفی مجرور، جار بامجرور متعلق ہونے، فعل بافاعل و مفعولین و متعلق معطوف اوّل، واؤ عاطفہ نَصَرْنٰهُمْ فعل نا ضمیر فاعل هُمْ ضمیر مفعول بہ سے مل کر معطوف علیہ، فَاء عاطفہ كَانُوْا فعل ناقص واؤ ضمیر اس کا اسم هُمْ ضمیر فصل اَلْغٰلِبِيْنَ خبر، فعل ناقص با اسم و خبر معطوف، معطوف علیہ بامعطوف پھر معطوف ثانی، واؤ عاطفہ اٰتَيْنَا فعل نا ضمیر فاعل هُمَا ضمیر مفعول بہ اوّل اَلْكِتٰبَ الْمُسْتَبِيْنَ مرکب توصیفی مفعول بہ ثانی، فعل بافاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ معطوف ثالث، واؤ عاطفہ هَدَيْنَا فعل نا ضمیر فاعل هُمَا ضمیر مفعول بہ اوّل اَلصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ مرکب توصیفی مفعول بہ ثانی، فعل بافاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ معطوف رابع، واؤ عاطفہ تَرَكْنَا فعل نا ضمیر فاعل عَلَيْهِمَا ظرف مستقر كَائِنًا کے متعلق ہو کر بواسطہ موصوف محذوف شَيْئًا کے مفعول بہ، فِي الْاٰخِرِيْنَ متعلق، فعل بافاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ مفسّر، سَلٰمٌ مبتدا، عَلٰى مُوْسٰى وَهٰرُوْنَ كَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر، مبتدا باخبر جملہ خبریہ مفسّر، مفسّر بامفسّر معطوف خامس، معطوف علیہ بامعطوفات خمسہ جواب قسم، قسم باجواب قسم جملہ انشائیہ قسمیہ ہوا۔

اِنَّا كَذٰلِكَ نَجْزِي الْمُحْسِنِيْنَ ﴿۱۲۱﴾

آیت نمبر ۱۲۱: اِنَّا كَذٰلِكَ نَجْزِي الْمُحْسِنِيْنَ کی ترکیب آیت نمبر ۱۰۵ میں گزر چکی ہے۔

اِنَّهُمَا مِنْ عِبَادِنَا الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿۱۲۲﴾

آیت نمبر ۱۲۲: اِنَّ حرف تحقیق هُمَا ضمیر اس کا اسم مِنْ جارہ عِبَادِنَا مرکب اضافی موصوف اَلْمُؤْمِنِيْنَ صفت، موصوف بصفت مجرور، جار بامجرور كَائِنَيْنِ کے متعلق ہو کر خبر اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

وَ اِنَّ اِلْيَاسَ لَمِنَ الْمُرْسَلِيْنَ ﴿۱۲۳﴾

آیت نمبر ۱۲۳: واؤ استینافیہ اِنَّ حرف تحقیق اِلْيَاسَ اس کا اسم لام مزحلقہ مِنَ الْمُرْسَلِيْنَ ظرف مستقر كَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

اِذْ قَالَ لِقَوْمِهٖۤ اَلَا تَتَّقُوْنَ ﴿۱۲۴﴾

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

آیت نمبر ۱۲۴: اِذْ مضاف قَالَ فعل هُوَ مستتر فاعل لِقَوْمِهٖ متعلق سے مل کر قول، ہمزہ حرف استفہام لَا تَتَّقُوْنَ فعل باواؤ ضمیر فاعل جملہ انشائیہ مقولہ، قول با مقولہ اِذْ کا مضاف الیہ، مضاف با مضاف الیہ مفعول فیہ ہوا فعل محذوف اُذْکُرْ کا۔

اَتَدْعُوْنَ بَعْلًا وَّتَذَرُوْنَ اَحْسَنَ الْخَالِقِيْنَ ﴿۱۲۵﴾ اللّٰهَ رَبَّكُمْ وَرَبَّ اٰبَآئِكُمُ الْاَوَّلِيْنَ ﴿۱۲۶﴾

آیت نمبر ۱۲۵، ۱۲۶: اَ ہمزہ حرف استفہام تَدْعُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل بَعْلًا مفعول بہ سے مل کر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ تَذَرُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل اَحْسَنَ الْخَالِقِيْنَ مرکب اضافی مبدل منہ اَللّٰهَ مبدل منہ رَبَّكُمْ مرکب اضافی معطوف علیہ، واؤ عاطفہ رَبَّ مضاف اٰبَآئِكُمُ مرکب اضافی موصوف اَلْاَوَّلِيْنَ صفت، موصوف با صفت مضاف الیہ، مضاف با مضاف الیہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف بدل، مبدل منہ با بدل اَحْسَنَ الْخَالِقِيْنَ کا بدل، مبدل منہ با بدل مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ مستانفہ انشائیہ ہوا۔

فَكَذَّبُوْهُ فَاِنَّهُمْ لَمُحْضَرُوْنَ ﴿۱۲۷﴾

آیت نمبر ۱۲۷: فَاء فصیحہ كَذَّبُوْا فعل باواؤ ضمیر فاعل هُ ضمیر مفعول بہ سے مل کر جزاء اور شرط محذوف اِذَا قَالَ لَهُمُ الْمَذْكُوْرُ شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔ فَاء فصیحہ اور اس کی شرط محذوف ہے اِذَا وُجِدَ مِنْهُمُ التَّكْذِيْبُ، اِنَّ حرف تحقیق هُمْ ضمیر اس کا اسم لَام مذ حلقہ مُحْضَرُوْنَ اسم مفعول هُمْ ضمیر مستتر نائب فاعل سے مل کر شبہ جملہ ہو کر خبر اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ جزاء شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

اِلَّا عِبَادَ اللّٰهِ الْمُخْلَصِيْنَ ﴿۱۲۸﴾

آیت نمبر ۱۲۸: اِلَّا حرف استثناء عِبَادَ اللّٰهِ مرکب اضافی موصوف اَلْمُخْلَصِيْنَ صفت، موصوف با صفت مستثنیٰ ہے كَذَّبُوْا کی واؤ ضمیر سے۔

وَتَرَكْنَا عَلَيْهِ فِي الْاٰخِرِيْنَ ﴿۱۲۹﴾ سَلٰمٌ عَلٰٓى اِلْ يَاسِيْنَ ﴿۱۳۰﴾ اِنَّا كَذٰلِكَ نَجْزِي الْمُحْسِنِيْنَ ﴿۱۳۱﴾ اِنَّهٗ مِنْ عِبَادِنَا الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿۱۳۲﴾

آیت نمبر ۱۲۹، ۱۳۰، ۱۳۱، ۱۳۲: وَتَرَكْنَا عَلَيْهِ فِي الْاٰخِرِيْنَ سَلٰمٌ عَلٰٓى اِلْ يَاسِيْنَ اِنَّا كَذٰلِكَ نَجْزِي الْمُحْسِنِيْنَ اِنَّهٗ مِنْ عِبَادِنَا الْمُؤْمِنِيْنَ ان آیت کی ترکیب اوپر والے رکوع میں گزر چکی ہے۔

وَاِنَّ لُوْطًا لَّمِنَ الْمُرْسَلِيْنَ ﴿۱۳۳﴾

آیت نمبر ۱۳۳: واؤ استیناف اِنَّ حرف تحقیق لُوْطًا اس کا اسم لَام مذ حلقہ مِنَ الْمُرْسَلِيْنَ ظرف مستقر کَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

اِذْ نَجَّيْنٰهُ وَاَهْلَهٗٓ اَجْمَعِيْنَ ﴿۱۳۴﴾ اِلَّا عَجُوْزًا فِي الْغٰبِرِيْنَ ﴿۱۳۵﴾ ثُمَّ دَمَّرْنَا الْاٰخَرِيْنَ ﴿۱۳۶﴾

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

وَاِنَّكُمْ لَتَمُرُّوْنَ عَلَيْهِمْ مُّصْبِحِيْنَ ﴿۱۳۷﴾ وَبِالَّيْلِ ؕ اَفَلَا تَعْقِلُوْنَ ﴿۱۳۸﴾

آیت نمبر ۱۳۴،۱۳۵،۱۳۶،۱۳۷،۱۳۸: اِذْ مضاف لَنَجَّيْنٰهُ فعل نَا ضمیر فاعل هُ ضمیر مفعول بہ واؤ بمعنی مَعَ اَهْلَهٗ مرکب اضافی مؤکد اَجْمَعِيْنَ تاکید، مؤکد با تاکید مستثنیٰ منہ اِلَّا حرف استثناء عَجُوْزًا موصوف فِي الْغٰبِرِيْنَ ظرف مستقر كَائِنًا کے متعلق ہو کر صفت، موصوف باصفت مستثنیٰ، مستثنیٰ منہ با مستثنیٰ مفعول معہ، فعل با فاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، ثُمَّ عاطفہ دَمَّرْنَا فعل نَا ضمیر فاعل الْاٰخَرِيْنَ ذوالحال واؤ حالیہ اِنَّ حرف تحقیق كُمْ ضمیر اس کا اسم، لَام مزحلقہ تَمُرُّوْنَ فعل واؤ ضمیر ذوالحال مُّصْبِحِيْنَ حال اولیٰ، واؤ عاطفہ بِالَّيْلِ جار با مجرور كَائِنِيْنَ کے متعلق ہو کر حال ثانیہ ذوالحال با عاملین فاعل عَلَيْهِمْ جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل با فاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ خبر بِاَنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ حال ذوالحال با حال دَمَّرْنَا کا مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف اِذْ کا مضاف الیہ، مضاف با مضاف الیہ مفعول فیہ ہے فعل محذوف اُذْكُرْ کا، اُذْكُرْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل و مفعول فیہ سے مل کر جملہ انشائیہ امریہ ہوا، ہمزہ حرف استفہام فَاء عاطفہ اور معطوف علیہ محذوف ہے تَغْفُلُوْنَ عَنْ ذٰلِكَ، لَا تَعْقِلُوْنَ فعل با واؤ ضمیر فاعل جملہ انشائیہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ انشائیہ مستانفہ ہوا۔

❁ رکوع نمبر ۵ ❁

وَاِنَّ يُوْنُسَ لَمِنَ الْمُرْسَلِيْنَ ﴿۱۳۹﴾

آیت نمبر ۱۳۹: واؤ استیناقیہ اِنَّ حرف تحقیق يُوْنُسَ اس کا اسم لَام مزحلقہ مِنَ الْمُرْسَلِيْنَ جار با مجرور كَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر بِاَنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

اِذْ اَبَقَ اِلَى الْفُلْكِ الْمَشْحُوْنِ ﴿۱۴۰﴾ فَسَاهَمَ فَكَانَ مِنَ الْمُدْحَضِيْنَ ﴿۱۴۱﴾

آیت نمبر ۱۴۰،۱۴۱: اِذْ مضاف اَبَقَ فعل هُوَ مستتر فاعل اِلٰى جارہ الْفُلْكِ الْمَشْحُوْنِ مرکب توصیفی مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل با فاعل و متعلق جملہ خبریہ معطوف علیہ فَاء عاطفہ سَاهَمَ فعل هُوَ مستتر فاعل سے مل کر معطوف اوّل، فَاء عاطفہ كَانَ فعل ناقص هُوَ مستتر اس کا اسم مِنَ الْمُدْحَضِيْنَ ظرف مستقر كَائِنًا کے متعلق ہو کر خبر، فعل ناقص با اسم و خبر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف ثانی، معطوف علیہ با معطوف ثم اِذْ کا مضاف الیہ، مضاف با مضاف الیہ اَلْمُرْسَلِيْنَ کا مفعول فیہ ہے۔

فَالْتَقَمَهُ الْحُوْتُ وَهُوَ مُلِيْمٌ ﴿۱۴۲﴾

آیت نمبر ۱۴۲: فَاء عاطفہ اور معطوف علیہ محذوف ہے اَلْقَوْهُ فِي الْبَحْرِ اِلْتَقَمَ فعل هُ ضمیر مفعول بہ اَلْحُوْتُ ذوالحال واؤ حالیہ هُوَ ضمیر مبتدا مُلِيْمٌ خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ حال ذوالحال با حال فاعل، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ معطوفہ ہوا۔

فَلَوْلَآ اَنَّهٗ كَانَ مِنَ الْمُسَبِّحِيْنَ ﴿۱۴۳﴾ لَلَبِثَ فِيْ بَطْنِهٖٓ اِلٰى يَوْمِ يُبْعَثُوْنَ ﴿۱۴۴﴾

آیت نمبر ۱۴۳،۱۴۴: فَاء عاطفہ لَوْلَا امتناعیہ اَنَّ حرف تحقیق هُ ضمیر منصوب اس کا اسم كَانَ فعل ناقص هُوَ ضمیر اس کا اسم

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

مِنَ الْمُسَبِّحِيْنَ ظرف مستقر كَائِنًا کے متعلق ہو کر خبر، فعل ناقص با اسم وخبر اَنَّ کی خبر، اَنَّ با اسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ بتاویل مفرد مبتدا اور اس کی خبر هُوَ جُوْدُهٗ محذوف ہے، مبتدا خبر جملہ اسمیہ خبریہ شرط، لام جوابیہ لَلَبِثَ فعل هُوَ مستتر فاعل فِيْ بَطْنِهٖ جار با مجرور متعلق اول بالی حرف جار يَوْمِ مضاف يُبْعَثُوْنَ فعل مجہول باواؤ ضمیر نائب فاعل جملہ فعلیہ خبریہ مضاف الیہ، پھر یہ مجرور ہے، جار با مجرور متعلق مکث، فعل با فاعل ومتعلقین جملہ فعلیہ خبریہ جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ معطوف ہوا۔

فَنَبَذْنٰهُ بِالْعَرَآءِ وَهُوَ سَقِيْمٌ ﴿۱۴۵﴾ وَاَنْۢبَتْنَا عَلَيْهِ شَجَرَةً مِّنْ يَّقْطِيْنٍ ﴿۱۴۶﴾ وَاَرْسَلْنٰهُ اِلٰى مِائَةِ اَلْفٍ اَوْ يَزِيْدُوْنَ ﴿۱۴۷﴾

آیت نمبر ۱۴۵، ۱۴۶، ۱۴۷: فَاء عاطفہ اور معطوف علیہ محذوف ہے اَمَرْنَا الْحُوْتَ يَنْبَذِهٖ، نَبَذْنَا فعل نَا ضمیر فاعل هٗ ضمیر منصوب ذوالحال واؤ حالیہ هُوَ سَقِيْمٌ مبتدا خبر جملہ اسمیہ خبریہ حال، ذوالحال باحال مفعول بہ بِالْعَرَآءِ جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل با فاعل ومفعول بہ، متعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف اول، واؤ عاطفہ اَنْۢبَتْنَا فعل نَا ضمیر فاعل عَلَيْهِ جار با مجرور متعلق شَجَرَةً موصوف مِنْ يَّقْطِيْنٍ جار با مجرور كَائِنَةً کے متعلق ہو کر صفت، موصوف با صفت مفعول بہ، فعل با فاعل ومتعلق ومفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ واؤ عاطفہ اَرْسَلْنَا فعل نَا ضمیر فاعل هٗ ضمیر منصوب مفعول بہ اِلٰى حرف جار مِائَةِ اَلْفٍ ممیز با تمیز معطوف علیہ، اَوْ عاطفہ يَزِيْدُوْنَ فعل باواؤ ضمیر فاعل معطوف، معطوف علیہ با معطوف مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل با فاعل ومفعول بہ، متعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف ثالث، معطوف علیہ با معطوفات ثلاثہ جملہ معطوفہ ہوا۔

فَاٰمَنُوْا فَمَتَّعْنٰهُمْ اِلٰى حِيْنٍ ﴿۱۴۸﴾

آیت نمبر ۱۴۸: فَاء عاطفہ اٰمَنُوْا فعل باواؤ ضمیر فاعل معطوف علیہ، فَاء عاطفہ مَتَّعْنَا فعل نَا ضمیر فاعل هُمْ ضمیر مفعول بہ اِلٰى حِيْنٍ متعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ معطوفہ ہوا۔

فَاسْتَفْتِهِمْ اَلِرَبِّكَ الْبَنَاتُ وَلَهُمُ الْبَنُوْنَ ﴿۱۴۹﴾

آیت نمبر ۱۴۹: فَاسْتَفْتِهِمْ اس کا عطف اس فَاسْتَفْتِهِمْ پر ہے جو ابتدائی سورت میں ہے۔ هَمزہ برائے استفہام لِرَبِّكَ كَائِنَةٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم اَلْبَنَاتُ مبتدا مؤخر، مبتدا خبر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لَهُمُ كَائِنُوْنَ کے متعلق ہو کر خبر مقدم اَلْبَنُوْنَ مبتدا مؤخر، مبتدا خبر معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ مستانفہ انشائیہ ہوا۔

اَمْ خَلَقْنَا الْمَلٰٓئِكَةَ اِنَاثًا وَّهُمْ شٰهِدُوْنَ ﴿۱۵۰﴾

آیت نمبر ۱۵۰: اَمْ عاطفہ خَلَقْنَا فعل نَا ضمیر فاعل الْمَلٰٓئِكَةَ ذوالحال اِنَاثًا حال، ذوالحال باحال پھر ذوالحال واؤ حالیہ هُمْ ضمیر مبتدا شٰهِدُوْنَ اسم فاعل با هُمْ ضمیر فاعل خبر، مبتدا خبر جملہ اسمیہ خبریہ حال، ذوالحال باحال خَلَقْنَا کا مفعول بہ، فعل با فاعل ومفعول بہ جملہ انشائیہ ہوا۔

اَلَآ اِنَّهُمْ مِّنْ اِفْكِهِمْ لَيَقُوْلُوْنَ ﴿۱۵۱﴾

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

آیت نمبر ۱۵۱: اَلَآ حرف تحضیر اِنَّ حرف تحقیق هُمْ ضمیر اس کا اسم مِنْ جار با فِكْهِهِمْ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور متعلق مقدم، لام نہ حلقی یَقُوْلُوْنَ فعل با واؤ ضمیر فاعل و متعلق مقدم جملہ فعلیہ خبر اِنَّ کی خبر اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

وَلَدَ اللّٰهُ ۙ وَاِنَّهُمْ لَكٰذِبُوْنَ ۝

آیت نمبر ۱۵۲: وَلَدَ فعل اَللّٰهُ فاعل دونوں مل کر قول کا مقولہ ہے، واؤ حالیہ اِنَّ حرف تحقیق هُمْ ضمیر اس کا اسم لام نہ حلقی كٰذِبُوْنَ خبر اِنَّ با اسم و خبر یَقُوْلُوْنَ کی ضمیر فاعل سے حال ہے۔

اَصْطَفَى الْبَنٰتِ عَلَى الْبَنِيْنَ ۝

آیت نمبر ۱۵۳: هَمزہ برائے استفہام اَصْطَفٰى فعل هُوَ مستتر فاعل اَلْبَنٰتِ مفعول بہ عَلَى الْبَنِيْنَ متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ ہوا۔

مَا لَكُمْ ۫ كَيْفَ تَحْكُمُوْنَ ۝ اَفَلَا تَذَكَّرُوْنَ ۝

آیت نمبر ۱۵۴، ۱۵۵: مَا اسم استفہام مبتدا لَكُمْ كَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر، مبتدا خبر جملہ اسمیہ انشائیہ ہوا۔ كَيْفَ كَائِنِيْنَ کا مفعول فیہ ہو کر حال مقدم تَحْكُمُوْنَ فعل واؤ ضمیر ذوالحال مؤخر ذوالحال باحال فاعل، فعل با فاعل جملہ انشائیہ مَا لَكُمْ سے بدل ہے۔ هَمزہ حرف استفہام فَاء عاطفہ اور معطوف علیہ محذوف ہے عَمِيْتُمْ عَنِ الْحَقَآئِقِ، لَا نافیہ تَذَكَّرُوْنَ فعل با واؤ ضمیر فاعل معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ مستانفہ انشائیہ ہوا۔

اَمْ لَكُمْ سُلْطٰنٌ مُّبِيْنٌ ۝

آیت نمبر ۱۵۶: اَمْ عاطفہ لَكُمْ كَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم سُلْطٰنٌ مُّبِيْنٌ مرکب توصیفی مبتدا مؤخر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوفہ ہوا۔

فَاْتُوْا بِكِتٰبِكُمْ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ۝

آیت نمبر ۱۵۷: فَاء فصیحہ اور اس کی شرط محذوف ہے اِذَا كَانَ كَذٰلِكَ، اْتُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل بَاء جارہ كِتَابِكُمْ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور متعلق، فعل با فاعل و متعلق جملہ انشائیہ دال بر جزاء اِنْ شرطیہ كُنْتُمْ صَادِقِيْنَ فعل ناقص با اسم و خبر جملہ خبریہ شرط، شرط دال بر جزاء سے مل کر شرط محذوف کی جزاء شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

وَجَعَلُوْا بَيْنَهٗ وَبَيْنَ الْجِنَّةِ نَسَبًا ۭ وَلَقَدْ عَلِمَتِ الْجِنَّةُ اِنَّهُمْ لَمُحْضَرُوْنَ ۝

آیت نمبر ۱۵۸: واؤ استیناف جَعَلُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل بَيْنَهٗ مرکب اضافی معطوف علیہ، واؤ عاطفہ بَيْنَ الْجِنَّةِ مرکب اضافی معطوف، معطوف علیہ با معطوف كَائِنًا کا مفعول فیہ ہو کر مفعول ثانی مقدم نَسَبًا مفعول بہ اول، فعل با فاعل و مفعولین جملہ خبریہ مستانفہ ہوا۔ واؤ عاطفہ لام موطئہ للقسم اور قسم محذوف ہے قَدْ علامت فعل، عَلِمَتْ فعل اَلْجِنَّةُ فاعل اِنَّ حرف تحقیق هُمْ ضمیر اس کا اسم لام نہ حلقی مُحْضَرُوْنَ اسم مفعول با هُمْ ضمیر نائب فاعل خبر اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ عَلِمَتْ کے دو مفعول کے قائم

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

مقام، فعل باقاعل ومفعولین جواب قسم، قسم باجواب قسم جَعَلُوْا پر معطوف ہے۔

سُبْحٰنَ اللّٰهِ عَمَّا يَصِفُوْنَ ۙ﴿۱۵۹﴾

آیت نمبر ۶۹ : اَلَّذِيْنَ اسم موصول اٰمَنُوْا فعل واؤ ضمیر ذوالحال بِاٰيٰتِنَا جار یا مجرور اٰمَنُوْا کے متعلق ہو کے واؤ حالیہ كَانُوْا فعل ناقص واؤ ضمیر اس کا اسم مُسْلِمِيْنَ خبر، فعل ناقص یا اسم و خبر حال ذوالحال یا حال فاعل، فعل یا فاعل صلہ، موصول یا صلہ يٰعِبَادِيْ مرکب اضافی کی صفت یا اٰمَنُوْا فعل محذوف کا مفعول بہ ہے۔

اُدْخُلُوا الْجَنَّةَ اَنْتُمْ وَاَزْوَاجُكُمْ تُحْبَرُوْنَ ۝

آیت نمبر ۷۰ : اُدْخُلُوا فعل واؤ ضمیر فاعل الْجَنَّةَ مفعول بہ (علی السعۃ) سے مل کر جملہ انشائیہ امریہ ہوا۔ اَنْتُمْ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اَزْوَاجُكُمْ مرکب اضافی معطوف، معطوف علیہ یا معطوف مبتدا تُحْبَرُوْنَ فعل با واؤ ضمیر نائب فاعل خبر، مبتدا یا خبر جملہ اسمیہ خبریہ اُدْخُلُوا کی ضمیر فاعل سے حال ہوا۔

يُطَافُ عَلَيْهِمْ بِصِحَافٍ مِّنْ ذَهَبٍ وَّاَكْوَابٍ ۚ وَفِيْهَا مَا تَشْتَهِيْهِ الْاَنْفُسُ وَتَلَذُّ الْاَعْيُنُ ۚ وَاَنْتُمْ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ ۝

آیت نمبر ۷۱ : يُطَافُ فعل مجہول عَلَيْهِمْ مجرور مع مجرور نائب فاعل با ضمیر جادہ بِصِحَافٍ موصوف مِّنْ ذَهَبٍ کَائِنَةٍ کے متعلق ہو کر صفت، موصوف باصفت معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اَكْوَابٍ معطوف، معطوف علیہ یا معطوف مجرور، جار یا مجرور یُطَافُ کے متعلق ہوئے، فعل مجہول اپنے نائب فاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ فِيْهَا ظرف مستقر كَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم مَا اسم موصول تَشْتَهِيْهِ فعل با ضمیر منصوب مفعول بہ اَلْاَنْفُسُ فاعل سے مل کر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ تَلَذُّ فعل اَلْاَعْيُنُ فاعل سے مل کر معطوف، معطوف علیہ یا معطوف صلہ، موصول با صلہ مبتدا موخر، مبتدا یا خبر معطوف، معطوف علیہ یا معطوف جملہ مستانفہ ہوا۔ واؤ عاطفہ اَنْتُمْ مبتدا خٰلِدُوْنَ اسم فاعل اَنْتُمْ مستتر فاعل فِيْهَا متعلق مقدم سے مل کر شبہ جملہ ہو کر خبر، مبتدا یا خبر جملہ اسمیہ خبریہ اَنْتُمْ و

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

اَزْوَاجُكُمْ... الخ پر معطوف ہے۔

وَتِلْكَ الْجَنَّةُ الَّتِيْٓ اُوْرِثْتُمُوْهَا بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ۝

آیت نمبر ۷۲: واؤ عاطفہ تِلْكَ اسم اشارہ، مبتدا الْجَنَّةُ موصوف الَّتِيْ اسم موصول اُوْرِثْتُمُوْهَا فعل مجہول تُمْ ضمیر نائب فاعل ھَا ضمیر منصوب مفعول بہ باء جارہ مَا موصولہ كُنْتُمْ فعل ناقص تُمْ ضمیر اس کا اسم تَعْمَلُوْنَ فعل با واؤ ضمیر فاعل جملہ فعلیہ خبریہ خبر، فعل ناقص با اسم و خبر صلہ، موصول با صلہ مجرور، جار با مجرور اُوْرِثْتُمْ کے متعلق ہوئے، فعل مجہول با نائب فاعل و مفعول بہ و متعلق صلہ، موصول با صلہ الْجَنَّةُ کی صفت، موصوف با صفت خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

لَكُمْ فِيْهَا فَاكِهَةٌ كَثِيْرَةٌ مِّنْهَا تَاْكُلُوْنَ ۝

آیت نمبر ۷۳: لَكُمْ جار با مجرور فَاكِهَةٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم فِيْهَا فَاكِهَةٌ کے متعلق ہو کر حال مقدم فَاكِهَةٌ موصوف كَثِيْرَةٌ صفت اول تَاْكُلُوْنَ فعل با واؤ ضمیر فاعل مِنْهَا متعلق مقدم سے مل کر صفت ثانیہ، موصوف با صفتین ذوالحال موخر، ذوالحال با حال مبتدا موخر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

اِنَّ الْمُجْرِمِيْنَ فِيْ عَذَابِ جَهَنَّمَ خٰلِدُوْنَ ۝

آیت نمبر ۷۴: اِنَّ حرف مشبہ الْمُجْرِمِيْنَ اس کا اسم خٰلِدُوْنَ اسم فاعل هُمْ مستتر فاعل فِيْ عَذَابِ جَهَنَّمَ متعلق سے مل کر خبر با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

لَا يُفَتَّرُ عَنْهُمْ وَهُمْ فِيْهِ مُبْلِسُوْنَ ۝

آیت نمبر ۷۵: لَا يُفَتَّرُ فعل مجہول هُوَ مستتر نائب فاعل عَنْ جار هُمْ ضمیر ذوالحال واؤ حالیہ هُمْ ضمیر مبتدا، مُبْلِسُوْنَ اسم فاعل هُمْ مستتر فاعل فِيْهِ متعلق سے مل کر خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ حال ذوالحال با حال مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل مجہول با نائب فاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ حال ہے خٰلِدُوْنَ کے فاعل هُمْ ضمیر مستتر سے۔

وَمَا ظَلَمْنٰهُمْ وَلٰكِنْ كَانُوْا هُمُ الظّٰلِمِيْنَ ۝

آیت نمبر ۷۶: واؤ عاطفہ مَا نافیہ ظَلَمْنَا فعل نا ضمیر فاعل هُمْ ضمیر منصوب مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا، واؤ عاطفہ لٰكِنْ حرف جملہ كَانُوْا فعل با واؤ ضمیر اس کا اسم هُمُ ضمیر فصل الظّٰلِمِيْنَ خبر، فعل ناقص با اسم و خبر جملہ فعلیہ خبریہ جملہ اولیٰ پر معطوف ہے۔

وَنَادَوْا يٰمٰلِكُ لِيَقْضِ عَلَيْنَا رَبُّكَ ۭ قَالَ اِنَّكُمْ مّٰكِثُوْنَ ۝

آیت نمبر ۷۷: واؤ استینافیہ نَادَوْا فعل با واؤ ضمیر فاعل جملہ فعلیہ خبریہ ہوا یٰ حرف ندا مٰلِكُ منادیٰ مضاف دُعُوْا کے قائم مقام با دُعُوْا فعل اُنَادِیْ مستتر فاعل، مَالِكُ محلاً منصوب مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ انشائیہ ندا، لِيَقْضِ فعل امر عَلَيْنَا متعلق رَبُّكَ مرکب اضافی فاعل سے مل کر ندا کا جواب، ندا با جواب ندا جملہ انشائیہ ندائیہ ہوا۔ قَالَ فعل هُوَ مستتر فاعل سے مل کر قول ہوا، اِنَّ حرف مشبہ كُمْ ضمیر اس

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

کا اسم مَكْتُوْنٌ خبر اِنَّ با اسم و خبر مقولہ، قول با مقولہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا

لَقَدْ جِئْنٰكُمْ بِالْحَقِّ وَلٰكِنَّ اَكْثَرَكُمْ لِلْحَقِّ كٰرِهُوْنَ ﴿۷۸﴾

آیت نمبر ۷۸: لَامِ موطئہ للقسم اور قسم محذوف ہے قَدْ علامت فعل جِئْنٰكُمْ نَا ضمیر فاعل كُمْ ضمیر ذوالحال واؤ حالیہ لٰكِنَّ حرف استدراک اَكْثَرَكُمْ مرکب اضافی اس کا اسم كٰرِهُوْنَ اسم فاعل هُمْ مستتر فاعل لِلْحَقِّ متعلق مقدم سے مل کر خبر مقدم لٰكِنَّ با اسم و خبر حال ذوالحال با حال مفعول بہ بِالْحَقِّ جار با مجرور متعلق ہوئے فعل با فاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ جواب قسم قسم با جواب قسم جملہ انشائیہ قسمیہ ہوا

اَمْ اَبْرَمُوْٓا اَمْرًا فَاِنَّا مُبْرِمُوْنَ ﴿۷۹﴾

آیت نمبر ۷۹: اَمْ عاطفہ اَبْرَمُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل اَمْرًا مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا فَاء فصیحہ اور شرط محذوف ہے اِنْ فَعَلُوْا ذٰلِكَ اِنَّ حرف تحقیق نَا ضمیر اس کا اسم مُبْرِمُوْنَ خبر اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ جزاء، شرط محذوف با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

اَمْ يَحْسَبُوْنَ اَنَّا لَا نَسْمَعُ سِرَّهُمْ وَنَجْوٰىهُمْ ۭ بَلٰى وَرُسُلُنَا لَدَيْهِمْ يَكْتُبُوْنَ ﴿۸۰﴾

آیت نمبر ۸۰: اَمْ منقطعہ يَحْسَبُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل اَنَّ حرف تحقیق نَا ضمیر اس کا اسم لَا نَسْمَعُ فعل نَحْنُ مستتر فاعل سِرَّهُمْ مرکب اضافی معطوف علیہ، واؤ عاطفہ نَجْوٰىهُمْ مرکب اضافی معطوف، معطوف علیہ با معطوف مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ اَنَّ کی خبر اَنَّ با اسم و خبر يَحْسَبُوْنَ کے دو مفعول کے قائم مقام، فعل با فاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ ہوا بَلٰى حرف ایجاب واؤ حالیہ رُسُلُنَا مرکب اضافی مبتدا يَكْتُبُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل لَدَيْهِمْ مرکب اضافی مفعول فیہ سے مل کر خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ حال ہے لَا نَسْمَعُ کی ضمیر فاعل سے۔

قُلْ اِنْ كَانَ لِلرَّحْمٰنِ وَلَدٌ ۖ فَاَنَا اَوَّلُ الْعٰبِدِيْنَ ﴿۸۱﴾

آیت نمبر ۸۱: قُلْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل سے مل کر قول اِنْ شرطیہ كَانَ فعل نا تمام لِلرَّحْمٰنِ كَانَ کے متعلق ہو کر خبر مقدم وَلَدٌ اسم مؤخر كَانَ با اسم و خبر شرط ہوا فَاء جزائیہ اَنَا ضمیر مبتدا اَوَّلُ الْعٰبِدِيْنَ مرکب اضافی خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہو کر مقول، قول با مقولہ جملہ انشائیہ امریہ ہوا

سُبْحٰنَ رَبِّ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ رَبِّ الْعَرْشِ عَمَّا يَصِفُوْنَ ﴿۸۲﴾

آیت نمبر ۸۲: سُبْحٰنَ مضاف رَبِّ مضاف الیہ مضاف السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ معطوف علیہ با معطوف مضاف الیہ، مضاف با مضاف الیہ مبدل منہ رَبِّ الْعَرْشِ مرکب اضافی بدل، مبدل منہ بدل سُبْحٰنَ کا مضاف الیہ عَمَّا جار وما اسم موصول يَصِفُوْنَ فعل با واؤ ضمیر فاعل صلہ، موصول با صلہ مجرور، جار با مجرور سُبْحٰنَ کے متعلق، مصدر مضاف با مضاف الیہ و متعلق مفعول مطلق ہے فعل محذوف سَبَّحْتُ کا، فعل با فاعل و مفعول مطلق جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

فَذَرْهُمْ يَخُوْضُوْا وَيَلْعَبُوْا حَتّٰى يُلٰقُوْا يَوْمَهُمُ الَّذِيْ يُوْعَدُوْنَ ﴿۸۳﴾

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

آیت نمبر ۸۳: فاء فصیحہ اور شرط محذوف ہے اِذَا اَرَدْتَ یَسْمَعُوْا الْبُرْهَانَ الْحَقَّ (ماخوذ از روح المعانی) ذَرْ فعل امر اَنْتَ مستترۃ محل ھُمْ ضمیر منصوب مفعول بہ سے مل کر جزاء شرط، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا یَخُوْضُوْا فعل باواؤ ضمیر فاعل معطوف علیہ، واؤ عاطفہ یَلْعَبُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل حَتّٰی جارہ اس کے بعد اَنْ مقدر ہے یُلٰقُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل یَوْمَهُمْ مرکب اضافی موصوف اَلَّذِیْ اسم موصول یُوْعَدُوْنَ فعل باواؤ ضمیر نائب فاعل صلہ، موصول باصلہ یَوْمَهُمْ کی صفت، موصوف باصفت مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ جملہ فعلیہ بتاویل مصدر مجرور، جار باالمجرور متعلق ہوئے، فعل بافاعل ومتعلق معطوف، معطوف علیہ یا معطوف جزاء ہے اور اس کی شرط محذوف ہے اِنْ تَذَرْهُمْ شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

وَهُوَ الَّذِیْ فِی السَّمَآءِ اِلٰهٌ وَّفِی الْاَرْضِ اِلٰهٌ ؕ وَهُوَ الْحَكِیْمُ الْعَلِیْمُ ﴿۸۴﴾

آیت نمبر ۸۴: واؤ استینافیہ هُوَ مبتداء اَلَّذِیْ اسم موصول فِی السَّمَآءِ جار باالمجرور متعلق مقدم اِلٰهٌ بمعنی مَعْبُوْدٌ کے اِلٰهٌ بمعنی مَعْبُوْدٌ باالمتعلق خبر ہے مبتداء محذوف هُوَ کی، مبتداء باخبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف علیہ واؤ عاطفہ فِی الْاَرْضِ جار باالمجرور متعلق مقدم اِلٰهٌ بمعنی مَعْبُوْدٌ کے اِلٰهٌ باالمتعلق خبر ہے مبتداء محذوف هُوَ کی، مبتداء باخبر معطوف، معطوف علیہ باالمعطوف صلہ، موصول باصلہ هُوَ کی خبر، مبتداء باخبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔ واؤ عاطفہ هُوَ مبتداء اَلْحَكِیْمُ الْعَلِیْمُ اس کی دو خبر، مبتداء باخبرین جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

وَتَبٰرَكَ الَّذِیْ لَهٗ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَمَا بَیْنَهُمَا ۚ وَعِنْدَهٗ عِلْمُ السَّاعَةِ ۚ وَاِلَیْهِ تُرْجَعُوْنَ ﴿۸۵﴾

آیت نمبر ۸۵: واؤ عاطفہ تَبٰرَكَ فعل اَلَّذِیْ اسم موصول لَهٗ ظرف مستقر کَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم مُلْكُ مضاف السَّمٰوٰتِ معطوف علیہ واؤ عاطفہ الْاَرْضِ معطوف اول واؤ عاطفہ مَا اسم موصول بَیْنَهُمَا مرکب اضافی مفعول فیہ ثَبَتَ کا ہو کر صلہ، موصول باصلہ معطوف علی، معطوف علیہ باالمعطوفین مُلْكُ کا مضاف الیہ، مضاف باضاف الیہ مبتداء موخر، مبتداء باخبر صلہ، موصول باصلہ فاعل، فعل بافاعل جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ واؤ عاطفہ عِنْدَهٗ مرکب اضافی ثَبَتَ کا مفعول فیہ ہو کر خبر مقدم عِلْمُ السَّاعَةِ مرکب اضافی مبتداء موخر، مبتداء باخبر معطوف علیہ واؤ عاطفہ تُرْجَعُوْنَ فعل مجہول واؤ ضمیر نائب فاعل اِلَیْهِ متعلق مقدم سے مل کر معطوف، معطوف علیہ باالمعطوف جملہ معطوفہ ہوا۔

وَلَا یَمْلِكُ الَّذِیْنَ یَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِهِ الشَّفَاعَةَ اِلَّا مَنْ شَهِدَ بِالْحَقِّ وَهُمْ یَعْلَمُوْنَ ﴿۸۶﴾

آیت نمبر ۸۶: واؤ استیناف لَا یَمْلِكُ فعل اَلَّذِیْنَ اسم موصول یَدْعُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل مِنْ دُوْنِهٖ متعلق سے مل کر صلہ، موصول باصلہ مستثنیٰ منہ اِلَّا حرف استثناء مَنْ اسم موصول شَهِدَ فعل هُوَ مستترۃ محل بِالْحَقِّ متعلق سے مل کر صلہ، موصول باصلہ ذوالحال واؤ حالیہ هُمْ مبتداء یَعْلَمُوْنَ فعل باواؤ ضمیر فاعل خبر، مبتداء باخبر حال ذوالحال باحال مستثنیٰ، مستثنیٰ منہ باستثنیٰ لَا یَمْلِكُ کا فاعل الشَّفَاعَةَ مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

وَلَئِنْ سَاَلْتَهُمْ مَّنْ خَلَقَهُمْ لَیَقُوْلُنَّ اللّٰهُ فَاَنّٰی یُؤْفَكُوْنَ ﴿۸۷﴾

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

آیت نمبر ۸۷: واؤ استینافیہ لام موطئہ للقسم اور قسم محذوف ہے ان شرطیہ سَاَلْتَ فعل تام متعدیہ ضمیر فاعل هُمْ ضمیر منصوب مفعول بہ اوّل، مَنْ استفہامیہ مبتدا، خَلَقَ فعل هُوَ مستتر فاعل هُمْ ضمیر منصوب مفعول بہ سے مل کر خبر، مبتدا و خبر سَاَلْتَ کا مفعول بہ ثانی فعل با فاعل و مفعولین شرط، اس کی جزاء محذوف ہے جس پر بعد والا جملہ دال ہے۔ لَيَقُوْلُنَّ فعل واؤ محذوف فاعل سے مل کر قول اللّٰهُ فعل محذوف خَلَقَ کا فاعل ہے، فعل با فاعل مقولہ، قول با مقولہ جواب قسم، قسم با جواب قسم جملہ انشائیہ قسمیہ ہوا۔ فَاَنّٰى فصیحہ اور شرط محذوف ہے اِنْ كَانُوْا يَعْقِلُوْنَ ذٰلِكَ، اَنّٰى استفہامیہ يُؤْفَكُوْنَ کا مفعول فیہ ہو کر حال مقدم يُؤْفَكُوْنَ فعل مجہول واؤ ضمیر فاعل، پھر یہ نائب فاعل ہے، فعل مجہول با نائب فاعل جملہ انشائیہ استفہامیہ جزاء، شرط محذوف با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

وَقِيْلِهٖ يٰرَبِّ اِنَّ هٰٓؤُلَآءِ قَوْمٌ لَّا يُؤْمِنُوْنَ ۝

آیت نمبر ۸۸: واؤ قسمیہ جارہ قِيْلِهٖ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور فعل محذوف اُقْسِمُ کے متعلق، اُقْسِمُ فعل اَنَا مستتر فاعل اور متعلق سے مل کر قسم، يٰرَبِّ اصل میں يَا رَبِّيْ ہے اور یہ منادیٰ ہے اِنَّ حرف مشبہ هٰٓؤُلَآءِ اسم مبنی منصوب، اسم قَوْمٌ موصوف لَّا يُؤْمِنُوْنَ فعل با واؤ ضمیر فاعل صفت، موصوف با صفت خبر اِنَّ با اسم و خبر جواب ندا، ندا با جواب ندا جواب قسم، قسم با جواب قسم جملہ انشائیہ قسمیہ ہوا۔

فَاصْفَحْ عَنْهُمْ وَقُلْ سَلٰمٌ ۭ فَسَوْفَ يَعْلَمُوْنَ ۝

آیت نمبر ۸۹: فَاصْفَحْ فصیحہ اور اس کی شرط محذوف ہے اِذَا كَانَ الْاَمْرُ كَذٰلِكَ، یا اِنْ خَاصَمُوْكَ اِصْفَحْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل عَنْهُمْ متعلق سے مل کر جملہ انشائیہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ قُلْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل سے مل کر قول سَلٰمٌ خبر ہے مبتدا محذوف الْاَمْرُ کی، مبتدا با خبر مقولہ، قول با مقولہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ معطوفہ ہو کر جزاء شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔ فَاَ ہٰ فصیحہ اور اس کی شرط محذوف ہے اِنْ خَاطَبُوْكَ، سَوْفَ علامت فعل، يَعْلَمُوْنَ فعل با واؤ ضمیر فاعل جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر جزاء، شرط محذوف با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

ترکیب سُوْرَۃُ الدُّخَانِ

رکوع نمبر ۱

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○ حٰمٓ ۝۱

آیت نمبر ۱: حٰمٓ خبر ہے مبتدا محذوف ھُوَ کی، مبتدا خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

وَالْكِتٰبِ الْمُبِيْنِ ۝۲ اِنَّآ اَنْزَلْنٰهُ فِيْ لَيْلَةٍ مُّبٰرَكَةٍ اِنَّا كُنَّا مُنْذِرِيْنَ ۝۳

آیت نمبر ۲، ۳: واؤ قسمیہ جار والکتٰب المبین مرکب توصیفی مجرور، جار مجرور متعلق ہوئے فعل محذوف اُقْسِمُ کے، اُقْسِمُ فعل اَنَا مستتر فاعل و متعلق سے مل کر قسم، اِنَّ حرف تحقیق نَا ضمیر اس کا اسم اَنْزَلْنَا فعل نَا ضمیر فاعل ہٗ ضمیر مفعول بہ فی جار لَيْلَةٍ مُّبٰرَكَةٍ مرکب توصیفی مجرور، جار مجرور متعلق ہوئے، فعل با فاعل و مفعول بہ و متعلق خبر اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ جواب قسم، اِنَّ حرف تحقیق نَا ضمیر اسم کُنَّا فعل ناقص نَا ضمیر اسم مُنْذِرِيْنَ خبر، فعل ناقص با اسم و خبر اِنَّ کی خبر اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ معترضہ ہوا یا بغیر حرف عطف کے جواب قسم ہوا۔

فِيْهَا يُفْرَقُ كُلُّ اَمْرٍ حَكِيْمٍ ۝۴ اَمْرًا مِّنْ عِنْدِنَا ۭ اِنَّا كُنَّا مُرْسِلِيْنَ ۝۵ رَحْمَةً مِّنْ رَّبِّكَ ۭ اِنَّهٗ هُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ۝۶

آیت نمبر ۴، ۵، ۶: فِيْهَا جار مجرور متعلق مقدم يُفْرَقُ فعل مجہول كُلُّ مضاف اَمْرٍ حَكِيْمٍ مرکب توصیفی مضاف الیہ، مضاف با مضاف الیہ نائب فاعل، اَمْرًا موصوف مِنْ عِنْدِنَا کائنًا کے متعلق ہو کر صفت، موصوف با صفت مفعول لہ، فعل مجہول با نائب فاعل و متعلق و مفعول لہ لَيْلَةٍ کی صفت ثانیہ یا جملہ مستانفہ ہے، اِنَّ حرف تحقیق نَا ضمیر اس کا اسم کُنَّا فعل ناقص نَا ضمیر اسم مُرْسِلِيْنَ اسم فاعل نَحْنُ مستتر فاعل رَحْمَةً موصوف مِنْ رَّبِّكَ کائنۃً کے متعلق ہو کر صفت، موصوف با صفت مفعول بہ (روح المعانی) اسم فاعل با فاعل و مفعول بہ خبر، فعل ناقص با اسم و خبر اِنَّ کی خبر اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا، اِنَّ حرف تحقیق ہٗ ضمیر منصوب اس کا اسم ھُوَ ضمیر فصل السَّمِيْعُ خبر اول الْعَلِيْمُ خبر ثانی اِنَّ با اسم و خبرین جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

رَبِّ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَمَا بَيْنَهُمَا ۭ اِنْ كُنْتُمْ مُّوْقِنِيْنَ ۝۷

آیت نمبر ۷: رَبِّ مضاف السَّمٰوٰتِ معطوف علیہ واؤ عاطفہ الْاَرْضِ معطوف اوّل، واؤ عاطفہ مَا اسم موصول بَيْنَهُمَا مرکب اضافی بَيْنَ کا معمول فیہ ہو کر صلہ، موصول با صلہ معطوف ثانی معطوف علیہ با معطوف مل کر مضاف الیہ، مضاف با مضاف الیہ بدل ہے رَبِّكَ کا اِنْ شرطیہ كُنْتُمْ فعل ناقص تُمْ ضمیر اسم مُّوْقِنِيْنَ خبر سے مل کر شرط، اور اس کی جزاء محذوف ہے فَاٰمِنُوْا بِهٰذِهِ الْاٰيٰتِ مُحَمَّدٍ شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ يُحْيٖ وَيُمِيْتُ ۭ رَبُّكُمْ وَرَبُّ اٰبَاۗىِٕكُمُ الْاَوَّلِيْنَ ۝۸

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

آیت نمبر ۸: لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ کا ترکیب سورۃ المزمل میں گزر چکی ہے اور یہ اِنَّ کی خبر ثالث ہے رَبُّكُمْ مرکب اضافی معطوف علیہ، واؤ عاطفہ رَبُّ مضاف اٰبَآئِكُمْ مرکب اضافی موصوف اَلْاَوَّلِيْنَ صفت، موصوف باصفت مضاف الیہ، مضاف باضاف الیہ معطوف، معطوف علیہ باالمعطوف خبر رابع اِنَّ باسم واخبارہا جملہ اسمیہ خبریہ ہوا یُحْیٖ فعل با هُوَ مستتر فاعل جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ یُمِیْتُ فعل با هُوَ مستتر فاعل معطوف، معطوف علیہ باالمعطوف جملہ مستانفہ ہوا یا اِنَّ کی دوسری خبر ہے (روح المعانی)

بَلْ هُمْ فِيْ شَكٍّ يَّلْعَبُوْنَ ۝

آیت نمبر ۹: بَلْ عاطفہ اور معطوف علیہ محذوف ہے اَیْ لَیْسُوْا بِمُوْقِنِیْنَ هُمْ ضمیر مبتدا فِيْ شَكٍّ ظرف مستقر يَّلْعَبُوْنَ کے متعلق ہوئے يَّلْعَبُوْنَ اسم فاعل هُمْ مستتر حال یا لَاعِبُوْنَ فعل با واؤ ضمیر فاعل حال محذوف حال با عامل اسم فاعل با فاعل و متعلق خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ محذوف با معطوف جملہ مستانفہ ہوا۔

فَارْتَقِبْ يَوْمَ تَاْتِي السَّمَآءُ بِدُخَانٍ مُّبِيْنٍ ۝

آیت نمبر ۱۰: فَاء فصیحہ اور اس کی شرط محذوف ہے اِذَا اَرَدْتَ یُؤْمِنُوْا اِذَا ارْتَقِبْ فعل اَنْتَ مستتر فاعل يَوْمَ مضاف تَاْتِي فعل السَّمَآءُ فاعل با مضاف بِدُخَانٍ مُّبِيْنٍ مرکب توصیفی مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل با فاعل و متعلق مضاف الیہ، مضاف با مضاف الیہ مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

يَّغْشَى النَّاسَ ۭ هٰذَا عَذَابٌ اَلِيْمٌ ۝

آیت نمبر ۱۱: يَغْشَى فعل هُوَ مستتر فاعل النَّاسَ مفعول بہ سے مل کر دُخَانٍ کی صفت ثانیہ ہے هٰذَا اسم اشارہ مبتدا عَذَابٌ اَلِيْمٌ مرکب توصیفی خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

رَبَّنَا اكْشِفْ عَنَّا الْعَذَابَ اِنَّا مُؤْمِنُوْنَ ۝

آیت نمبر ۱۲: رَبَّنَا اصل میں یَا رَبَّنَا ہے حرف ندا ہے اِكْشِفْ فعل اَنْتَ مستتر فاعل عَنَّا متعلق الْعَذَابَ مفعول بہ سے مل کر مطل، اِنَّ حرف تحقیق نَا ضمیر اسم مُؤْمِنُوْنَ خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ مطل، مطل با مطل جواب ندا، ندا با جواب ندا قَالَ اِنَّكُمْ لِرَبِّكَ کا مقول ہو کر النَّاسَ کا حال ہے۔

اَنّٰى لَهُمُ الذِّكْرٰى وَقَدْ جَآءَهُمْ رَسُوْلٌ مُّبِيْنٌ ۝

آیت نمبر ۱۳: اَنّٰى استفہامیہ كَائِنٌ کا مفعول فیہ ہو کر خبر مقدم لَهُمُ ضمیر ذوالحال واؤ حالیہ قَدْ حرف تحقیق جَآءَ فعل هُمْ ضمیر منصوب مفعول بہ رَسُوْلٌ مُّبِيْنٌ مرکب توصیفی فاعل سے مل کر جاء ذوالحال با حال مجرور، جار با مجرور ظرف لغو متعلق مقدم، اَنّٰى کا متعلق مقدم سے مل کر مبتدا مؤخر، مبتدا با خبر جملہ انشائیہ استفہامیہ ہوا۔

ثُمَّ تَوَلَّوْا عَنْهُ وَقَالُوْا مُعَلَّمٌ مَّجْنُوْنٌ ۝

آیت نمبر ۱۴: ثُمَّ عاطفہ تَوَلَّوْا فعل با واؤ ضمیر فاعل عَنْهُ متعلق سے مل کر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ قَالُوْا فعل با واؤ ضمیر فاعل

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

قَوْلٌ مُعَلَّمٌ مَّجْنُوْنٌ دو خبریں مبتدا محذوف ھُوَ کی، مبتدا با خبرین مقولہ، قول یا مقولہ معطوف، معطوف علیہ یا معطوف جملہ معطوفہ ہوا۔

اِنَّا كَاشِفُوا الْعَذَابِ قَلِيْلًا اِنَّكُمْ عَآئِدُوْنَ ۝

آیت نمبر ۱۵: اِنَّا حرف تحقیق نا ضمیر اس کا اسم كَاشِفُوا اسم فاعل مضاف الْعَذَابِ مضاف الیہ معنیً مفعول بہ قَلِيْلًا بواسطہ موصوف محذوف زَمَانًا کے مفعول فیہ، اسم فاعل مضاف بمضاف الیہ و مفعول فیہ خبر اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ اِنَّ حرف تحقیق كُمْ ضمیر اس کا اسم عَآئِدُوْنَ خبر اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ مطلقہ ہوا۔

يَوْمَ نَبْطِشُ الْبَطْشَةَ الْكُبْرٰى اِنَّا مُنْتَقِمُوْنَ ۝

آیت نمبر ۱۶: يَوْمَ مضاف نَبْطِشُ فعل نَحْنُ مستتر فاعل الْبَطْشَةَ الْكُبْرٰى مرکب توصیفی مفعول مطلق سے مل کر مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ مفعول فیہ فعل محذوف نَنْتَقِمُ کا (کہ) اِنَّ حرف تحقیق نَا ضمیر اسم مُنْتَقِمُوْنَ خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ مطلقہ ہوا۔

وَلَقَدْ فَتَنَّا قَبْلَهُمْ قَوْمَ فِرْعَوْنَ وَجَآءَهُمْ رَسُوْلٌ كَرِيْمٌ ۝

آیت نمبر ۱۷: واؤ استیناف لام موطئہ للقسم اور قسم محذوف ہے قَدْ علامت فعل فَتَنَّا فعل نَا ضمیر فاعل قَبْلَهُمْ مرکب اضافی مفعول فیہ قَوْمَ فِرْعَوْنَ مرکب اضافی مفعول بہ سے مل کر معطوف علیہ ہوا واؤ عاطفہ جَآءَ فعل هُمْ ضمیر منصوب مفعول بہ رَسُوْلٌ كَرِيْمٌ مرکب توصیفی فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ یا معطوف جواب قسم، قسم با جواب قسم جملہ انشائیہ قسمیہ ہوا۔

اَنْ اَدُّوْٓا اِلَيَّ عِبَادَ اللّٰهِ ۭ اِنِّيْ لَكُمْ رَسُوْلٌ اَمِيْنٌ ۝

آیت نمبر ۱۸: اَنْ مصدریہ اَدُّوْا فعل امر ہوا ضمیر فاعل اِلَيَّ متعلق عِبَادَ اللّٰهِ مرکب اضافی مفعول بہ سے مل کر بتاویل مصدر منصوب بنزع الخافض اصل میں بِاَنْ ہے جار با مجرور جَآءَكُمْ کے متعلق ہوئے اِنَّ حرف تحقیق یَاء ضمیر منصوب اس کا اسم لَكُمْ كَائِنًا کے متعلق ہو کر حال مقدم رَسُوْلٌ اَمِيْنٌ مرکب توصیفی ذوالحال مؤخر پھر اِنَّ کی خبر اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ مطلقہ ہوا۔

وَاَنْ لَّا تَعْلُوْا عَلَى اللّٰهِ ۚ اِنِّيْٓ اٰتِيْكُمْ بِسُلْطٰنٍ مُّبِيْنٍ ۝

آیت نمبر ۱۹: واؤ عاطفہ اَنْ ناصبہ لَا تَعْلُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل عَلَى اللّٰهِ متعلق سے مل کر بتاویل مصدر منصوب بنزع الخافض اور اس کا پہلے اَنْ پر عطف ہے اِنَّ حرف تحقیق یَاء ضمیر اس کا اسم اٰتِيْ فعل كُمْ ضمیر مفعول بہ بِاء جارہ سُلْطٰنٍ مُّبِيْنٍ مرکب توصیفی مجرور جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل با فاعل و مفعول بہ و متعلق خبر اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ مطلقہ ہوا۔

وَاِنِّيْ عُذْتُ بِرَبِّيْ وَرَبِّكُمْ اَنْ تَرْجُمُوْنِ ۝

آیت نمبر ۲۰: واؤ استینا فیہ اِنَّ حرف تحقیق یَاء ضمیر اس کا اسم عُذْتُ فعل تَاء ضمیر فاعل بِاء جارہ رَبِّيْ وَرَبِّكُمْ معطوف علیہ با معطوف مجرور جار با مجرور متعلق ہوئے اَنْ ناصبہ تَرْجُمُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل نون وقایہ کا یاء محذوفہ ضمیر منصوب مفعول بہ سے مل کر بتاویل مصدر منصوب بنزع الخافض ہے اور اصل میں مِنْ اَنْ ہے اور عُذْتُ کے متعلق ہے عُذْتُ فعل با فاعل و متعلقین اِنَّ کی خبر اِنَّ

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

باسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

وَاِنْ لَّمْ تُؤْمِنُوْا لِیْ فَاعْتَزِلُوْنِ ﴿۲۱﴾

آیت نمبر ۲۱: واؤ عاطفہ اِنْ شرطیہ لَمْ تُؤْمِنُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل لِیْ متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ شرط فَاء جزائیہ اِعْتَزِلُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل نون وقایہ یاء محذوف ضمیر مفعول بہ سے مل کر جزاء شرط با جزاء جملہ شرطیہ اِنْ عَدَمِیَّہ معطوف ہوا۔

فَدَعَا رَبَّهٗۤ اَنَّ هٰۤؤُلَآءِ قَوْمٌ مُّجْرِمُوْنَ ﴿۲۲﴾

آیت نمبر ۲۲: فَاء عاطفہ اور معطوف علیہ محذوف ہے لَمْ یَتْرُکُوْہُ دَعَا فعل ھُوَ مستتر فاعل رَبَّہٗ مرکب اضافی مفعول بہ اَنَّ حرف تحقیق ھٰؤُلَآءِ محلاً منصوب اس کا اسم قَوْمٌ مُّجْرِمُوْنَ مرکب توصیفی خبر اَنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ بتاویل مفرد منصوب بنزع الخافض وصل میں بِاَنَّ ہے پھر یہ دَعَا کے متعلق ہے، فعل با فاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ محذوف یا معطوف جملہ مستانفہ ہوا۔

فَاَسْرِ بِعِبَادِیْ لَیْلًا اِنَّكُمْ مُّتَّبَعُوْنَ ﴿۲۳﴾

آیت نمبر ۲۳: فَاء فصیحہ ہو اس کی شرط مقدر ہے اِنْ کَانَ الْاَمْرُ کَمَا تَقُوْلُ یا اِنْ اَرَدْتَ النَّجَاۃَ اَسْرِ فعل اَنْتَ مستتر فاعل بِعِبَادِیْ متعلق لَیْلًا مفعول بہ سے مل کر جملہ انشائیہ امریہ جزاء شرط محذوف با جزاء جملہ شرطیہ ہوا اِنَّ حرف تحقیق کُمْ ضمیر اسم مُّتَّبَعُوْنَ خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ معللہ ہوا۔

وَاتْرُكِ الْبَحْرَ رَهْوًا ؕ اِنَّهُمْ جُنْدٌ مُّغْرَقُوْنَ ﴿۲۴﴾

آیت نمبر ۲۴: واؤ عاطفہ اُتْرُکِ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل الْبَحْرَ مفعول بہ اول رَھْوًا مفعول بہ ثانی سے مل کر جملہ انشائیہ امریہ ہوا اِنَّ حرف تحقیق ھُمْ ضمیر منصوب اسم جُنْدٌ مُّغْرَقُوْنَ مرکب توصیفی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ معللہ ہوا۔

كَمْ تَرَكُوْا مِنْ جَنّٰتٍ وَّعُيُوْنٍ ﴿۲۵﴾ وَّزُرُوْعٍ وَّمَقَامٍ كَرِيْمٍ ﴿۲۶﴾ وَّنَعْمَةٍ كَانُوْا فِيْهَا فٰكِهِيْنَ ﴿۲۷﴾

آیت نمبر ۲۵، ۲۶، ۲۷: کَمْ خبریہ کمیز مِنْ جار و جَنّٰتٍ معطوف علیہ واؤ عاطفہ عُیُوْنٍ معطوف اول، واؤ عاطفہ زُرُوْعٍ معطوف علی واؤ عاطفہ مَقَامٍ کَرِیْمٍ مرکب توصیفی معطوف ثالث واؤ عاطفہ نَعْمَۃٍ موصوف کَانُوْا فعل با قص واؤ ضمیر اس کا اسم فٰکِھِیْنَ اسم کا خبر ھُمْ مستتر فاعل فِیْھَا متعلق مقدم سے مل کر خبر، فعل با قص با اسم و خبر جملہ فعلیہ خبریہ صفت، موصوف با صفت معطوف رابع، معطوف علیہ با معطوفات اربعہ مجرور، جار با مجرور کمیز، کمیز با کمیز مفعول بہ مقدم، تَرَکُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل و مفعول بہ مقدم سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

كَذٰلِكَ ۫ وَاَوْرَثْنٰهَا قَوْمًا اٰخَرِيْنَ ﴿۲۸﴾

آیت نمبر ۲۸: کَذٰلِکَ ظرف مستقر کَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر ہے مبتدا محذوف اَلْاَمْرُ کی، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا واؤ عاطفہ اَوْرَثْنَا فعل نَا ضمیر فاعل ھَا ضمیر مفعول بہ اول قَوْمًا اٰخَرِیْنَ مرکب توصیفی مفعول بہ ثانی سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر گزشتہ

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

تَرَكُوْا پر معطوف ہے۔

فَمَا بَكَتْ عَلَيْهِمُ السَّمَآءُ وَالْاَرْضُ وَمَا كَانُوْا مُنْظَرِيْنَ ﴿۲۹﴾

آیت نمبر ۲۹: فَاء عاطفہ معطوف علیہ محذوف ہے اُغْرِقَ فِرْعَوْنُ وَقَوْمُهٗ مَا نافیہ بَكَتْ فعل عَلَيْهِمُ متعلق السَّمَآءُ وَ الْاَرْضُ معطوف علیہ یا معطوف لا فعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ مَا نافیہ كَانُوْا فعل ناقص واؤ ضمیر اسم مُنْظَرِيْنَ خبر سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ یا معطوف جملہ معطوف ہوا۔

﴿ رکوع نمبر ۲ ﴾

وَلَقَدْ نَجَّيْنَا بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ مِنَ الْعَذَابِ الْمُهِيْنِ ﴿۳۰﴾ مِنْ فِرْعَوْنَ ؕ اِنَّهٗ كَانَ عَالِيًا مِّنَ الْمُسْرِفِيْنَ ﴿۳۱﴾

آیت نمبر ۳۰،۳۱: واؤ استیناف لام موطئہ للقسم اور قسم محذوف ہے قَدْ علامت فعل نَجَّيْنَا فعل نَا ضمیر فاعل بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ مرکب اضافی مفعول بہ مِنَ حرف جار الْعَذَابِ الْمُهِيْنِ مرکب توصیفی مجرور، جار مجرور مبدل منہ مِنْ فِرْعَوْنَ جار مجرور بدل، مبدل منہ بدل نَجَّيْنَا کے متعلق، فعل باقاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ جواب قسم، قسم بجواب قسم جملہ انشائیہ قسمیہ ہوا۔ اِنَّ حرف تحقیق ہٗ ضمیر منصوب اس کا اسم كَانَ فعل ناقص ہُوَ مستتر اسم عَالِيًا خبر اول مِنَ الْمُسْرِفِيْنَ كَانَ کے متعلق ہو کر خبر ثانی، فعل ناقص با اسم و خبر مل کر جملہ فعلیہ خبریہ اِنَّ کی خبر، اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ معللہ ہوا۔

وَلَقَدِ اخْتَرْنٰهُمْ عَلٰى عِلْمٍ عَلَى الْعٰلَمِيْنَ ﴿۳۲﴾

آیت نمبر ۳۲: واؤ عاطفہ لام موطئہ للقسم اور قسم محذوف ہے قَدْ علامت فعل اِخْتَرْنَا فعل نَا ضمیر ذوالحال عَلٰى عِلْمٍ كَائِنِيْنَ کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال با عامل یا فاعل هُمْ ضمیر منصوب مفعول بہ، عَلَى الْعٰلَمِيْنَ جار مجرور متعلق ہوئے، فعل باقاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ جواب قسم، قسم بجواب قسم جملہ انشائیہ قسمیہ ہوا۔

وَاٰتَيْنٰهُمْ مِّنَ الْاٰيٰتِ مَا فِيْهِ بَلٰٓؤٌا مُّبِيْنٌ ﴿۳۳﴾

آیت نمبر ۳۳: واؤ عاطفہ اٰتَيْنَا فعل نَا فاعل هُمْ ضمیر منصوب مفعول بہ مِنَ الْاٰيٰتِ كَائِنًا کے متعلق ہو کر حال مقدم مَا موصولہ فِيْهِ كَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم بَلٰٓؤٌا مُّبِيْنٌ مرکب توصیفی مبتدا مؤخر، مبتدا خبر صلہ، موصول با صلہ ذوالحال مؤخر ذوالحال با حال اٰتَيْنَا کا مفعول بہ، فعل باقاعل و مفعولین و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف ہوا۔

اِنَّ هٰٓؤُلَآءِ لَيَقُوْلُوْنَ ﴿۳۴﴾ اِنْ هِيَ اِلَّا مَوْتَتُنَا الْاُوْلٰى وَمَا نَحْنُ بِمُنْشَرِيْنَ ﴿۳۵﴾

آیت نمبر ۳۴،۳۵: اِنَّ حرف تحقیق هٰٓؤُلَآءِ اس کا اسم لام مزحلقہ لَيَقُوْلُوْنَ فعل با واؤ ضمیر فاعل جملہ فعلیہ خبریہ قول اِنَّ نافیہ هِيَ ضمیر مبتدا اِلَّا حرف استثناء لغو مَوْتَتُنَا مرکب اضافی موصوف الْاُوْلٰى صفت، موصوف بصفت معطوف علیہ، واؤ عاطفہ مَا نافیہ نَحْنُ ضمیر مرفوع اس کا اسم با زائدہ مُنْشَرِيْنَ محلاً مرفوع خبر، مَا با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ یا معطوف مستثنیٰ مفرغ

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

خبر، مبتدا یا خبر جملہ اسمیہ خبریہ مقولہ، قول یا مقول اِنَّ کی خبر، اِنَّ باسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

فَأْتُوا بِآبَائِنَا إِن كُنتُمْ صَادِقِينَ ﴿٣٦﴾

آیت نمبر ۳۶: فَاْتُوْا فعل امر صیغہ جمع مذکر حاضر ہے اِنْ کُنْتُمْ صٰدِقِیْنَ اِئْتُوْا فعل باواؤ ضمیر فاعل بِاٰبَآئِنَا متعلق سے مل کر جملہ انشائیہ امریہ جزاء شرط یا جزم جملہ شرطیہ ہوا اِنْ شرطیہ کُنْتُمْ فعل ناقص تُمْ ضمیر اس کا اسم صٰدِقِیْنَ خبر، فعل ناقص باسم وخبر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر شرط، اس کی جزاء محذوف ہے جس پر جملہ سابقہ دال ہے۔

أَهُمْ خَيْرٌ أَمْ قَوْمُ تُبَّعٍ وَالَّذِينَ مِن قَبْلِهِمْ ۚ أَهْلَكْنَاهُمْ ۖ إِنَّهُمْ كَانُوا مُجْرِمِينَ ﴿٣٧﴾

آیت نمبر ۳۷: ھَمزہ استفہام بابِ ھُمْ ضمیر مبتدا خَیْرٌ خبر، مبتدا خبر جملہ انشائیہ استفہامیہ معطوف علیہ اَمْ عاطفہ قَوْمُ تُبَّعٍ مرکب اضافی معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اَلَّذِیْنَ اسم موصول مِنْ قَبْلِھِمْ ظرف مستقر کَانُوْا کے متعلق ہو کر صلہ، موصول باصلہ معطوف، معطوف علیہ یا معطوف مبتدا خبر محذوف ہے خَیْرٌ، مبتدا خبر معطوف، معطوف علیہ یا معطوف جملہ مستانفہ ہوا۔ اَھْلَکْنٰھُمْ فعل نا ضمیر فاعل ھُمْ ضمیر منصوب مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا اِنَّ حرف تحقیق ھُمْ ضمیر منصوب اس کا اسم کَانُوْا فعل ناقص واؤ ضمیر اس کا اسم مُجْرِمِیْنَ خبر، فعل ناقص باسم وخبر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر اِنَّ کی خبر، اِنَّ باسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ معللہ ہوا۔

وَمَا خَلَقْنَا السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضَ وَمَا بَيْنَهُمَا لَاعِبِينَ ﴿٣٨﴾

آیت نمبر ۳۸: واؤ استینافیہ مَا نافیہ خَلَقْنَا فعل نا ضمیر فاعل وَالْاَرْضَ حال ذوالحال لٰعِبِیْنَ حال، ذوالحال باحال فاعل السَّمٰوٰتِ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اَلْاَرْضَ معطوف اول، واؤ عاطفہ مَا موصولہ بَیْنَھُمَا مرکب اضافی ثَبَتَ فعل محذوف کا مفعول فیہ ہو کر صلہ، موصول باصلہ معطوف ثانی معطوف علیہ یا معطوف نفی خَلَقْنَا کا مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

مَا خَلَقْنَاهُمَا إِلَّا بِالْحَقِّ وَلَٰكِنَّ أَكْثَرَهُمْ لَا يَعْلَمُونَ ﴿٣٩﴾

آیت نمبر ۳۹: مَا نافیہ خَلَقْنَا فعل نا ضمیر فاعل اِلَّا حرف استثناء اِلَّا بِالْحَقِّ جار ومجرور مُحِقِّیْنَ کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال باحال فاعل ھُمَا ضمیر منصوب مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ جملہ اولیٰ کیلئے جملہ مفسرہ ہے۔ واؤ عاطفہ لٰکِنَّ حرف استدراک اَکْثَرَھُمْ مرکب اضافی اس کا اسم لَا یَعْلَمُوْنَ فعل بافاعل ضمیر فاعل خبر، لٰکِنَّ باسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوفہ ہوا۔

إِنَّ يَوْمَ الْفَصْلِ مِيقَاتُهُمْ أَجْمَعِينَ ﴿٤٠﴾

آیت نمبر ۴۰: اِنَّ حرف تحقیق یَوْمَ الْفَصْلِ مرکب اضافی اِنَّ کا اسم مِیْقَاتُ مضاف ھُمْ ضمیر مؤکد اَجْمَعِیْنَ تاکید، مؤکد باتاکید مضاف الیہ، مضاف باضاف الیہ خبر اِنَّ باسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

يَوْمَ لَا يُغْنِي مَوْلًى عَن مَّوْلًى شَيْئًا وَلَا هُمْ يُنصَرُونَ ﴿٤١﴾

آیت نمبر ۴۱: یَوْمَ مضاف لَا یُغْنِیْ فعل مَوْلًی مرفوع لفظی فاعل، عَنْ مَّوْلًی جار ومجرور متعلق ہو کے شَیْئًا مفعول بہ، فعل

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

باقاعل ومفعول بہ ومتعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لاناہی ھُمْ ضمیر مبتدا یُنْصَرُوْنَ فعل مجہول باواؤ ضمیر نائب فاعل خبر، مبتدا وخبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ یعنی معطوف یَوْمَ مضاف الیہ، مضاف باضافۃ الیہ مفعول فیہ ہوا فعل محذوف یَفْصِلُ اللّٰہُ یَنَھُمْ کا یہ پہلے یَوْمَ سے بدل ہے۔

إِلَّا مَنْ رَّحِمَ اللّٰهُ ۚ إِنَّهُ هُوَ الْعَزِيْزُ الرَّحِيْمُ ۝

آیت نمبر ۴۲: إِلَّا حرف استثناء مَنْ موصولہ رَحِمَ اللّٰہُ فعل باقاعل صلہ، موصول باصلہ بدل ہوا یُنْصَرُوْنَ کی واؤ ضمیر نائب فاعل سے۔ إِنَّ حرف تحقیق ہٗ ضمیر اس کا اسم ھُوَ ضمیر برائے فصل الْعَزِيْزُ الرَّحِيْمُ دو خبر إِنَّ باسم وخبرین جملہ اسمیہ خبریہ معللہ ہوا۔

﴿ رکوع نمبر ۳ ﴾

إِنَّ شَجَرَتَ الزَّقُّوْمِ ۝ طَعَامُ الْأَثِيْمِ ۝ كَالْمُهْلِ يَغْلِيْ فِي الْبُطُوْنِ ۝ كَغَلْيِ الْحَمِيْمِ ۝

آیت نمبر ۴۳، ۴۴، ۴۵، ۴۶: إِنَّ حرف تحقیق شَجَرَتَ الزَّقُّوْمِ مرکب اضافی اس کا اسم طَعَامُ الْأَثِيْمِ مرکب اضافی خبر اول كَالْمُهْلِ مجرور، جار مجرور كَالَّذِيْ کے متعلق ہو کر خبر دوم إِنَّ باسم وخبرین جملہ اسمیہ خبریہ ہوا يَغْلِيْ فعل ھُوَ مستتر فاعل فِي الْبُطُوْنِ جار مجرور متعلق ہوئے کاف جارہ غَلْيِ الْحَمِيْمِ مرکب اضافی مجرور، جار مجرور كَائِنًا کے متعلق ہو کر غَلْيًا مصدر موصوف کے واسطے سے مفعول مطلق، فعل باقاعل ومتعلق ومفعول مطلق جملہ فعلیہ خبریہ حال ہے اَلْمُهْلِ سے۔

خُذُوْهُ فَاعْتِلُوْهُ إِلٰى سَوَآءِ الْجَحِيْمِ ۝ ثُمَّ صُبُّوْا فَوْقَ رَأْسِهٖ مِنْ عَذَابِ الْحَمِيْمِ ۝

آیت نمبر ۴۷، ۴۸: خُذُوْا فعل امر باواؤ ضمیر فاعل ہٗ ضمیر منصوب مفعول بہ جملہ انشائیہ معطوف علیہ، فَاء عاطفہ اِعْتِلُوْا فعل باواؤ ضمیر فاعل ہٗ ضمیر منصوب مفعول بہ اور إِلٰى سَوَآءِ الْجَحِيْمِ متعلق جملہ انشائیہ معطوف اول، ثُمَّ عاطفہ صُبُّوْا فعل امر باواؤ ضمیر فاعل فَوْقَ رَأْسِهٖ مرکب اضافی مفعول فیہ، مِنْ عَذَابِ الْحَمِيْمِ جار مجرور متعلق ہوئے، فعل باقاعل ومفعول فیہ ومتعلق جملہ انشائیہ معطوف ثانی، معطوف علیہ یا معطوفین مقولہ ہوا قول محذوف يُقَالُ لَهٗ کا، قول باماقولہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

ذُقْ ۚ إِنَّكَ أَنْتَ الْعَزِيْزُ الْكَرِيْمُ ۝

آیت نمبر ۴۹: ذُقْ فعل امر باأَنْتَ مستتر فاعل جملہ انشائیہ امریہ مقولہ ہوا قول محذوف يُقَالُ لَهٗ کا، قول باماقولہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ إِنَّ حرف تحقیق کاف ضمیر منصوب اس کا اسم أَنْتَ ضمیر فصل الْعَزِيْزُ الْكَرِيْمُ إِنَّ کی دو خبر إِنَّ باسم وخبرین جملہ اسمیہ خبریہ معللہ ہوا۔

إِنَّ هٰذَا مَا كُنْتُمْ بِهٖ تَمْتَرُوْنَ ۝

آیت نمبر ۵۰: إِنَّ حرف تحقیق هٰذَا اسم اشارہ اس کا اسم مَا اسم موصول كُنْتُمْ فعل ناقص تُمْ ضمیر اس کا اسم تَمْتَرُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل بِهٖ متعلق مقدم سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ خبر، فعل ناقص باسم وخبر إِنَّ کی خبر إِنَّ باسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

إِنَّ الْمُتَّقِيْنَ فِيْ مَقَامٍ أَمِيْنٍ ۝ فِيْ جَنّٰتٍ وَّعُيُوْنٍ ۝ يَّلْبَسُوْنَ مِنْ سُنْدُسٍ وَّإِسْتَبْرَقٍ

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

مُتَّقِيْنَ ۝

آیت نمبر ۵۱،۵۲،۵۳: اِنَّ حرف مشبہ بالفعل مُتَّقِيْنَ اس کا اسم فِيْ جار ومقام اَمِيْنٍ مرکب توصیفی مجرور، جار ومجرور مبدل منہ فِيْ جار مَّقَامٍ وَّعُيُوْنٍ معطوف علیہ معطوف مجرور جار ومجرور بدل مبدل منہ بابدل متعلق ہوئے كَائِنِيْنَ کے، كَائِنِيْنَ اسم فاعل ھُمْ مستتر ذوالحال يَلْبَسُوْنَ فعل واؤ ضمیر ذوالحال مُتَقٰبِلِيْنَ حال ذوالحال باحال فاعل ہوا مِنْ جار اِسْتَبْرَقٍ معطوف علیہ بامعطوف مجرور، جار ومجرور متعلق ہوئے، فعل بافاعل ومتعلق حال ذوالحال باحال كَائِنِيْنَ کا فاعل باسم فاعل بافاعل ومتعلق شبہ جملہ ہو کر اِنَّ کی خبر، اِنَّ باسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

كَذٰلِكَ وَزَوَّجْنٰهُمْ بِحُوْرٍ عِيْنٍ ۝ يَدْعُوْنَ فِيْهَا بِكُلِّ فَاكِهَةٍ اٰمِنِيْنَ ۝ لَا يَذُوْقُوْنَ فِيْهَا الْمَوْتَ اِلَّا الْمَوْتَةَ الْاُوْلٰى ۚ وَوَقٰىهُمْ عَذَابَ الْجَحِيْمِ ۝

آیت نمبر ۵۴،۵۵،۵۶: كَذٰلِكَ جار ومجرور كَائِنِيْنَ کے متعلق ہو کر خبر ہے مبتدا محذوف الْاَمْرُ کی، مبتدا وخبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا واؤ عاطفہ زَوَّجْنٰهُمْ فعل نا ضمیر فاعل باء جار حُوْرٍ عِيْنٍ مرکب توصیفی مجرور، جار ومجرور متعلق ہوئے، ھُمْ ضمیر منصوب ذوالحال يَدْعُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل فِيْهَا جار ومجرور متعلق ہوئے كَائِنِيْنَ کے، مجرور يَدْعُوْنَ کی واؤ ضمیر سے حال اول ہے بِكُلِّ فَاكِهَةٍ جار ومجرور متعلق ہوئے اٰمِنِيْنَ اسم ھُمْ ضمیر حال لَا يَذُوْقُوْنَ فعل واؤ ضمیر ذوالحال فِيْهَا كَائِنِيْنَ کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال باحال فاعل الْمَوْتَ مستثنیٰ منہ اِلَّا حرف اِسْتِثْنَاء الْمَوْتَةَ الْاُوْلٰى مرکب توصیفی مستثنیٰ، مستثنیٰ منہ، مستثنیٰ لَا يَذُوْقُوْنَ کا مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ حال ذوالحال باحال فاعل اسم فاعل بافاعل حال دوم يَدْعُوْنَ کی ضمیر فاعل سے، فعل بافاعل ومتعلق جملہ فعلیہ خبریہ حال ھُمْ ضمیر سے ذوالحال باحال زَوَّجْنٰهُمْ کا مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ ومتعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف ہوا يَلْبَسُوْنَ پر، واؤ عاطفہ وَقٰى فعل هُوَ مستتر فاعل ھُمْ ضمیر مفعول بہ اول عَذَابَ الْجَحِيْمِ مرکب اضافی مفعول بہ ثانی سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

فَضْلًا مِّنْ رَّبِّكَ ۭ ذٰلِكَ هُوَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ ۝

آیت نمبر ۵۷: فَضْلًا موصوف مِنْ رَّبِّكَ كَائِنًا کے متعلق ہو کر صفت، موصوف باصفت مفعول مطلق ہوا فعل محذوف لَفَضَّلَنَا کا ذٰلِكَ اسم اشارہ مبتدا هُوَ ضمیر فصل الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ موصوف باصفت خبر، مبتدا وخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

فَاِنَّمَا يَسَّرْنٰهُ بِلِسَانِكَ لَعَلَّهُمْ يَتَذَكَّرُوْنَ ۝

آیت نمبر ۵۸: فَاء تعلیلیہ اِنَّ حرف مشبہ بالفعل مَا کافہ يَسَّرْنَا فعل نا ضمیر فاعل ہٗ ضمیر مفعول بِلِسَانِكَ متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ مستانفہ ہوا لَعَلَّ حرف ترجی ھُمْ ضمیر منصوب اس کا اسم يَتَذَكَّرُوْنَ فعل بافاعل ضمیر فاعل خبر، لَعَلَّ باسم وخبر جملہ ترجیہ معطلہ ہوا۔

فَارْتَقِبْ اِنَّهُمْ مُّرْتَقِبُوْنَ ۝

آیت نمبر ۵۹: فَاء فصیحہ اور اس کی شرط محذوف ہے اِنْ لَّمْ يُؤْمِنُوْا بِهٖ ارْتَقِبْ فعل بافاعل مستتر فاعل سے مل کر جزاء شرط محذوف باجزاء جملہ شرطیہ ہوا اِنَّ حرف مشبہ بالفعل ھُمْ ضمیر منصوب اسم مُّرْتَقِبُوْنَ خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ معطلہ ہوا۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

ترکیب سُوْرَةُ الْجَاثِيَةِ

رکوع نمبر ۱

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝ حٰمٓ ۝ تَنْزِيْلُ الْكِتٰبِ مِنَ اللّٰهِ الْعَزِيْزِ الْحَكِيْمِ ۝

آیت نمبر ۱، ۲: حٰمٓ خبر ہے مبتدا محذوف ھُوَ کی، مبتدا، خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ تَنْزِيْلُ الْكِتٰبِ مرکب اضافی مبتدا، مِنَ حرف جار اَللّٰهِ موصوف الْعَزِيْزِ الْحَكِيْمِ اس کی دو صفت، موصوف باصفتین مجرور، جار، مجرور کَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر، مبتدا، خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

اِنَّ فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ لَاٰيٰتٍ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ ۝

آیت نمبر ۳: اِنَّ حرف مشبہ بالفعل فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ مجرور، جار، مجرور کَائِنَةٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم لَامُ تاکید لَاٰيٰتٍ موصوف لِّلْمُؤْمِنِيْنَ کَائِنَاتٍ کے متعلق ہو کر صفت، موصوف باصفت اسم مؤخر اِنَّ کا اسم، خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

وَفِيْ خَلْقِكُمْ وَمَا يَبُثُّ مِنْ دَآبَّةٍ اٰيٰتٌ لِّقَوْمٍ يُّوْقِنُوْنَ ۝

آیت نمبر ۴: وَاوْ عاطفہ فِيْ جارہ خَلْقِكُمْ مرکب اضافی معطوف علیہ، واؤ عاطفہ مَا اسم موصول يَبُثُّ فعل ہا ھُوَ ضمیر فاعل مِنْ دَآبَّةٍ متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول باصلہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف مجرور، جار، مجرور کَائِنَاتٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم اٰيٰتٌ موصوف لِّقَوْمٍ موصوف يُّوْقِنُوْنَ فعل ہا واؤ ضمیر فاعل جملہ فعلیہ خبریہ صفت، موصوف باصفت مجرور، جار، مجرور کَائِنَةٌ کے متعلق ہو کر صفت، موصوف باصفت مبتدا مؤخر، مبتدا، خبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف ہوا۔

وَاخْتِلَافِ الَّيْلِ وَالنَّهَارِ وَمَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ مِنَ السَّمَآءِ مِنْ رِّزْقٍ فَاَحْيَا بِهِ الْاَرْضَ بَعْدَ مَوْتِهَا وَتَصْرِيْفِ الرِّيٰحِ اٰيٰتٌ لِّقَوْمٍ يَّعْقِلُوْنَ ۝

آیت نمبر ۵: واؤ عاطفہ اِخْتِلَافِ مصدر مضاف اَلَّيْلِ وَالنَّهَارِ معطوف علیہ، مضاف الیہ، مضاف با مضاف الیہ معطوف علیہ واؤ عاطفہ مَا اسم موصول اَنْزَلَ فعل اَللّٰهُ فاعل مِنَ السَّمَآءِ متعلق اوّل مِنْ رِّزْقٍ متعلق ثانی سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، فَاء عاطفہ اَحْيَا فعل ھُوَ مستتر فاعل بِهِ متعلق الْاَرْضَ مفعول بہ بَعْدَ مَوْتِهَا مرکب اضافی مفعول فیہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف صلہ، موصول باصلہ معطوف اوّل، واؤ عاطفہ تَصْرِيْفِ الرِّيٰحِ مرکب اضافی معطوف ثانی معطوف علیہ با معطوفین بواسطہ عطف کے فِيْ کا مجرور، جار، مجرور کَائِنَةٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم اٰيٰتٌ لِّقَوْمٍ يَّعْقِلُوْنَ اس کی ترکیب اٰيٰتٌ لِّقَوْمٍ يُّوْقِنُوْنَ کی طرح ہے اور یہ مبتدا مؤخر ہے، مبتدا، خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

تِلْكَ اٰيٰتُ اللّٰهِ نَتْلُوْهَا عَلَيْكَ بِالْحَقِّ ۚ فَبِاَيِّ حَدِيْثٍ بَعْدَ اللّٰهِ وَاٰيٰتِهٖ يُؤْمِنُوْنَ ۝

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

آیت نمبر ۶: تِلْكَ اسم اشارہ مبتدا اٰيٰتُ اللّٰهِ مرکب اضافی خبر نَتْلُوْا فعل نَحْنُ ضمیر فاعل هَا ضمیر منصوب ذوالحال بِالْحَقِّ متعلق بِتَتْلُوْا کے متعلق ہو کر حال ذوالحال باحال مفعول بہ عَلَيْكَ جار باجرور متعلق ہوئے، فعل بافاعل ومفعول بہ ومتعلق جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر دوسری خبر، مبتدا باخبرین جملہ اسمیہ خبریہ ہوا فَاَیِّ فصیحہ اور شرط محذوف ہے اِنْ لَّمْ يُؤْمِنُوْا بِهٰذَا الْحَدِيْثِ بَعْدَهٗ جار باجار متعلق مضاف مضاف الیہ مرکب اضافی مجرور، جار باجرور متعلق مقدم بَعْدَ مضاف اللّٰهِ وَ اٰيٰتِهٖ معطوف علیہ باالمعطوف مضاف الیہ، مضاف باالمضاف الیہ مفعول فیہ مقدم يُؤْمِنُوْنَ فعل باواؤ ضمیر فاعل ومتعلق مقدم ومفعول فیہ مقدم ملتقا جملہ انشائیہ استفہامیہ معنیً جملہ خبریہ ہو کر جزاء شرط محذوف باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

وَيْلٌ لِّكُلِّ اَفَّاكٍ اَثِيْمٍ ۝

آیت نمبر ۷: وَيْلٌ مبتدا لام جارہ كُلِّ مضاف اَفَّاكٍ اَثِيْمٍ موصوف باصفت مضاف الیہ، مضاف باالمضاف الیہ مجرور، جار باجرور وَيْلٌ کے متعلق ہو کر خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

يَّسْمَعُ اٰيٰتِ اللّٰهِ تُتْلٰى عَلَيْهِ ثُمَّ يُصِرُّ مُسْتَكْبِرًا كَاَنْ لَّمْ يَسْمَعْهَا ۚ فَبَشِّرْهُ بِعَذَابٍ اَلِيْمٍ ۝

آیت نمبر ۸: يَسْمَعُ فعل هُوَ مستتر اس کا فاعل اٰيٰتِ اللّٰهِ مرکب اضافی اول حال تُتْلٰى فعل مجہول ہی مستتر نائب فاعل عَلَيْهِ متعلق سے مل کر حال ذوالحال باحال مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ معطوف علیہ ثُمَّ عاطفہ يُصِرُّ فعل هُوَ مستتر ذوالحال مُسْتَكْبِرًا حال اول كَاَنْ مخفف من الثقیلہ حرف تشبیہ هٗ ضمیر شان مقدر اس کا اسم لَمْ يَسْمَعْ فعل هُوَ مستتر فاعل هَا ضمیر منصوب مفعول بہ سے مل کر خبر، حرف تشبیہ باسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ حال دوم ذوالحال باحالین يُصِرُّ کا فاعل، فعل بافاعل جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ باالمعطوف اَفَّاكٍ کی صفت ثانیہ یا جملہ مستانفہ ہوا فَاء فصیحہ اور شرط محذوف ہے اِذَا كَانَ حَالُ اَفَّاكٍ اَثِيْمٍ كَذٰلِكَ (او تقدیر) بَشِّرْ فعل امر انت مستتر فاعل ہٗ ضمیر منصوب مفعول بِهٖ بِعَذَابٍ اَلِيْمٍ متعلق سے مل کر جملہ انشائیہ امریہ جزاء شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

وَاِذَا عَلِمَ مِنْ اٰيٰتِنَا شَيْـًٔا اتَّخَذَهَا هُزُوًا ؕ اُولٰٓئِكَ لَهُمْ عَذَابٌ مُّهِيْنٌ ۝

آیت نمبر ۹: واؤ استفنافیہ اِذَا شرطیہ مفعول فیہ مقدم عَلِمَ فعل هُوَ مستتر فاعل مِنْ اٰيٰتِنَا ظرف مستقر كَائِنًا کے متعلق ہو کر حال مقدم شَيْـًٔا ذوالحال مؤخر ذوالحال باحال مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ شرط اِتَّخَذَ فعل هُوَ مستتر فاعل هَا ضمیر منصوب مفعول بہ اول هُزُوًا مفعول بہ ثانی سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ جزاء شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا اُولٰٓئِكَ مبتدا لَهُمْ كَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم عَذَابٌ مُّهِيْنٌ مرکب توصیفی مبتدا مؤخر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر مبتدا اول کی خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

مِنْ وَّرَآئِهِمْ جَهَنَّمُ ۚ وَلَا يُغْنِيْ عَنْهُمْ مَّا كَسَبُوْا شَيْـًٔا وَّلَا مَا اتَّخَذُوْا مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ اَوْلِيَآءَ ۚ وَلَهُمْ عَذَابٌ عَظِيْمٌ ۝

آیت نمبر ۱۰: مِنْ وَّرَآئِهِمْ ظرف مستقر كَائِنَةٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم جَهَنَّمُ مبتدا مؤخر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ واؤ عاطفہ لَا يُغْنِيْ فعل عَنْهُمْ جار باجرور متعلق ہوئے مَا اسم موصول كَسَبُوْا فعل باواؤ ضمیر فاعل شَيْـًٔا مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ صلہ،

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

موصول باصلہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لَا نَقْدِرُ مَا اسم موصول اِتَّخَذُوْا فعل والا ضمیر فاعل ہٖ ضمیر منصوب اس کا مفعول بہ محذوف ہے مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ كَائِنِيْنَ کے متعلق ہو کر حال مقدم اَوْلِيَآءَ ذوالحال موخر ہو کر حال یا حال مفعول بہ ثانی، فعل با فاعل و مفعولین صلہ، موصول باصلہ معطوف، معطوف علیہ یا معطوف لَا يَخْلُقُوْنَ کا فاعل، فعل با فاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ ہوا واؤ عاطفہ لَهُمْ ظرف مستقر كَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم عَذَابٌ مبتدا مؤخر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف ہوا۔

هٰذَا هُدًى ۚ وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْا بِاٰيٰتِ رَبِّهِمْ لَهُمْ عَذَابٌ مِّنْ رِّجْزٍ اَلِيْمٌ ﴿۱۱﴾

آیت نمبر ۱۱ : هٰذَا اسم اشارہ مبتدا هُدًى مرفوع تقدیری خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا واؤ عاطفہ اَلَّذِيْنَ اسم موصول كَفَرُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل بِاٰيٰتِ رَبِّهِمْ متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر صلہ، موصول باصلہ مبتدا لَهُمْ ظرف مستقر كَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم عَذَابٌ موصوف مِّنْ رِّجْزٍ كَائِنٌ کے متعلق ہو کر صفت اولی اَلِيْمٌ صفت ثانیہ، موصوف با صفتین مبتدا موخر، مبتدا با خبر مبتدا اول کی خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

❁ رکوع نمبر ۲ ❁

اَللّٰهُ الَّذِيْ سَخَّرَ لَكُمُ الْبَحْرَ لِتَجْرِيَ الْفُلْكُ فِيْهِ بِاَمْرِهٖ وَلِتَبْتَغُوْا مِنْ فَضْلِهٖ وَلَعَلَّكُمْ تَشْكُرُوْنَ ﴿۱۲﴾

آیت نمبر ۱۲: اَللّٰهُ مبتدا الَّذِيْ اسم موصول سَخَّرَ فعل هُوَ مستترہ عائد لَكُمُ متعلق الْبَحْرَ مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر صلہ، موصول باصلہ خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا لام جارہ تعلیلیہ اس کے بعد اَنْ مقدر ہے تَجْرِيَ فعل الْفُلْكُ فاعل ذوالحال بِاَمْرِهٖ مُتَلَبِّسَةً کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال یا حال، فاعل فِيْهِ جار و مجرور متعلق ہوئے، فعل با فاعل و متعلق بتاویل مصدر مجرور، جار با مجرور معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لام جارہ اس کے بعد اَنْ مقدر ہے تَبْتَغُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل مِنْ فَضْلِهٖ متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ بتاویل مصدر مجرور، جار با مجرور معطوف، معطوف علیہ یا معطوف سَخَّرَ کے متعلق ہوئے واؤ عاطفہ لَعَلَّ حرف ترجی كُمْ ضمیر اس کا اسم تَشْكُرُوْنَ فعل با ضمیر فاعل جملہ فعلیہ خبریہ خبر لَعَلَّ با اسم و خبر جملہ انشائیہ ترجیہ مستانفہ ہوا اور معطوف علیہ محذوف ہے لَعَلَّكُمْ تُرْزَقُوْنَ۔

وَسَخَّرَ لَكُمْ مَّا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ جَمِيْعًا مِّنْهُ ۚ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّقَوْمٍ يَّتَفَكَّرُوْنَ ﴿۱۳﴾

آیت نمبر ۱۳: واؤ عاطفہ سَخَّرَ فعل هُوَ مستترہ عائد لَكُمْ جار و مجرور متعلق ہوئے مَا فِي السَّمٰوٰتِ موصول باصلہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ مَا فِي الْاَرْضِ موصول باصلہ معطوف، معطوف علیہ یا معطوف ذوالحال جَمِيْعًا حال اول مِّنْهُ ظرف مستقر كَائِنَةً کے متعلق ہو کر حال دوم ذوالحال یا حال سَخَّرَ کا مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ ہوا اِنَّ حرف تحقیق فِيْ ذٰلِكَ كَائِنَةٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم لام تاکید لَاٰيٰتٍ موصوف لِّقَوْمٍ موصوف يَّتَفَكَّرُوْنَ فعل با واؤ ضمیر فاعل صفت، موصوف و صفت مجرور، جار با مجرور كَائِنَةٌ کے متعلق ہو کر اٰيٰتٍ کی صفت، موصوف با صفت اسم موخر اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

قُلْ لِّلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا يَغْفِرُوْا لِلَّذِيْنَ لَا يَرْجُوْنَ اَيَّامَ اللّٰهِ لِيَجْزِيَ قَوْمًا بِمَا كَانُوْا يَكْسِبُوْنَ ۝

آیت نمبر ۱۴: قُلْ فعل امر انت مستتر فاعل لِلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا موصول بصلہ مجرور، جار مجرور متعلق ہوئے، فعل فاعل و متعلق جملہ انشائیہ امریہ ہوا۔ يَغْفِرُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل لِلَّذِيْنَ اسم موصول لَا يَرْجُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل اَيَّامَ اللّٰهِ مرکب اضافی مفعول بہ سے مل کر صلہ موصول بصلہ مجرور، جار مجرور متعلق اول ہوئے لام جارہ تعلیلیہ اس کے بعد اَنْ مقدر ہے يَجْزِيَ فعل هُوَ مستتر فاعل قَوْمًا مفعول بہ، باء جارہ مَا موصولہ كَانُوْا فعل ناقص واؤ ضمیر اس کا اسم يَكْسِبُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل صلہ، موصول بصلہ مجرور، جار مجرور متعلق ہوئے يَجْزِيَ فعل فاعل و متعلق و مفعول بہ بتاویل مصدر مجرور، جار مجرور متعلق دوم، فعل بافاعل و متعلقین جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر جزء ہے شرط محذوف اِنْ تَقُلْ لِّلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا کی، شرط محذوف با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

مَنْ عَمِلَ صَالِحًا فَلِنَفْسِهٖ ۚ وَمَنْ اَسَآءَ فَعَلَيْهَا ثُمَّ اِلٰى رَبِّكُمْ تُرْجَعُوْنَ ۝

آیت نمبر ۱۵: مَنْ عَمِلَ صَالِحًا فَلِنَفْسِهٖ وَ مَنْ اَسَآءَ فَعَلَيْهَا کی ترکیب پارہ نمبر ۲۵ کے آخر میں گزر چکی ہے۔ ثُمَّ عاطفہ تُرْجَعُوْنَ فعل مجہول واؤ ضمیر نائب فاعل اِلٰى رَبِّكُمْ متعلق مقدم سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف ہوا۔

وَلَقَدْ اٰتَيْنَا بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ الْكِتٰبَ وَالْحُكْمَ وَالنُّبُوَّةَ وَرَزَقْنٰهُمْ مِّنَ الطَّيِّبٰتِ وَفَضَّلْنٰهُمْ عَلَى الْعٰلَمِيْنَ ۝ وَاٰتَيْنٰهُمْ بَيِّنٰتٍ مِّنَ الْاَمْرِ ۚ فَمَا اخْتَلَفُوْٓا اِلَّا مِنْۢ بَعْدِ مَا جَآءَهُمُ الْعِلْمُ بَغْيًۢا بَيْنَهُمْ ۭ اِنَّ رَبَّكَ يَقْضِيْ بَيْنَهُمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ فِيْمَا كَانُوْا فِيْهِ يَخْتَلِفُوْنَ ۝

آیت نمبر ۱۶، ۱۷: واؤ استینافیہ لام موطئہ للقسم اور قسم محذوف ہے قد حرف تحقیق تاکید فعل اٰتَيْنَا فعل نا ضمیر فاعل بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ مرکب اضافی مفعول بہ اول، الْكِتٰبَ وَالْحُكْمَ وَالنُّبُوَّةَ معطوف علیہ و معطوفین مفعول بہ ثانی، فعل بافاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ رَزَقْنَا فعل نا ضمیر فاعل هُمْ ضمیر مفعول بہ مِنَ الطَّيِّبٰتِ متعلق سے مل کر معطوف اول، واؤ عاطفہ فَضَّلْنَا فعل نا ضمیر فاعل هُمْ ضمیر مفعول بہ عَلَى الْعٰلَمِيْنَ متعلق سے مل کر معطوف ثانی، واؤ عاطفہ اٰتَيْنَا فعل نا ضمیر فاعل هُمْ ضمیر منصوب مفعول بہ اول بَيِّنٰتٍ موصوف مِّنَ الْاَمْرِ بَيِّنَةٌ کے متعلق ہو کر صفت، موصوف بصفت مفعول بہ ثانی، فعل بافاعل و مفعولین معطوف ثالث، معطوف علیہ با معطوفات ثلاثہ جواب قسم، قسم بجواب قسم جملہ انشائیہ قسمیہ ہوا۔

فَمَا عاطفہ مَا نافیہ اِخْتَلَفُوْٓا فعل واؤ ضمیر فاعل اِلَّا حرف استثناء مِنْۢ جار بَعْدِ مضاف مَا موصولہ جَآءَهُمُ فعل هُمْ ضمیر مفعول بہ الْعِلْمُ فاعل بَغْيًۢا موصوف بَيْنَهُمْ مرکب اضافی كَائِنًا کا مفعول فیہ ہو کر صفت، موصوف بصفت مفعول لہ، فعل بافاعل و مفعولین صلہ، موصول بصلہ بَعْدِ کا مضاف الیہ، مضاف باضافت الیہ مِنْ کا مجرور، جار مجرور مستثنیٰ مفرغ متعلق ہوئے اِخْتَلَفُوْا کے، فعل بافاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ اِنَّ حرف تحقیق رَبَّكَ مرکب اضافی اس کا اسم يَقْضِيْ فعل هُوَ مستتر فاعل بَيْنَهُمْ مرکب اضافی مفعول فیہ اول يَوْمَ الْقِيٰمَةِ مرکب اضافی مفعول فیہ ثانی فِيْ جارہ مَا اسم موصول كَانُوْا فعل ناقص واؤ ضمیر اس کا اسم يَخْتَلِفُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل فِيْهِ متعلق مقدم سے مل کر خبر، فعل ناقص با اسم و خبر صلہ، موصول بصلہ مجرور، جار مجرور يَقْضِيْ کے متعلق ہوئے، فعل بافاعل

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

و متعلق و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر اِنَّ کی خبر، اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

ثُمَّ جَعَلْنٰكَ عَلٰى شَرِيْعَةٍ مِّنَ الْاَمْرِ فَاتَّبِعْهَا وَلَا تَتَّبِعْ اَهْوَآءَ الَّذِيْنَ لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿۱۸﴾

آیت نمبر ۱۸: ثُمَّ عاطفہ جَعَلْنَا فعل نا ضمیر فاعل كَ ضمیر مفعول بہ اوّل عَلٰى جارہ شَرِيْعَةٍ موصوف مِنَ الْاَمْرِ کائنۃً کے متعلق ہو کر صفت، موصوف باصفت مجرور، جار با مجرور مفعول ثانی کی جگہ، فعل با فاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ معطوف ہوا فَاء نصیحہ اور شرط محذوف ہے اِذَا كَانَ الْاَمْرُ كَذٰلِكَ، اِتَّبِعْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل هَا ضمیر مفعول بہ سے مل کر معطوف علیہ ہوا واؤ عاطفہ لَا تَتَّبِعْ فعل نہی اَنْتَ مستتر فاعل اَهْوَآءَ مضاف الَّذِيْنَ لَا يَعْلَمُوْنَ موصول باصلہ مضاف الیہ، مضاف با مضاف الیہ مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ انشائیہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف جزاء شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

اِنَّهُمْ لَنْ يُّغْنُوْا عَنْكَ مِنَ اللّٰهِ شَيْـًٔا ؕ وَاِنَّ الظّٰلِمِيْنَ بَعْضُهُمْ اَوْلِيَآءُ بَعْضٍ ۚ وَاللّٰهُ وَلِيُّ الْمُتَّقِيْنَ ﴿۱۹﴾

آیت نمبر ۱۹: اِنَّ حرف تحقیق هُمْ ضمیر اس کا اسم لَنْ يُّغْنُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل عَنْكَ متعلق متعلق اوّل مِنَ اللّٰهِ کائناً کے متعلق ہو کر حال مقدم شَيْـًٔا واؤ حال موخر ذوالحال با حال مفعول بہ، فعل اپنے فاعل و متعلق و مفعول بہ سے مل کر خبر اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ معللہ ہوا، واؤ عاطفہ اِنَّ حرف تحقیق الظّٰلِمِيْنَ اس کا اسم بَعْضُهُمْ مرکب اضافی مبتدا اَوْلِيَآءُ بَعْضٍ مرکب اضافی خبر، مبتدا با خبر اِنَّ کی خبر اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوفہ ہوا، واؤ عاطفہ اَللّٰهُ مبتدا وَلِيُّ الْمُتَّقِيْنَ مرکب اضافی خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

هٰذَا بَصَآئِرُ لِلنَّاسِ وَهُدًى وَّرَحْمَةٌ لِّقَوْمٍ يُّوْقِنُوْنَ ﴿۲۰﴾

آیت نمبر ۲۰: هٰذَا اسم اشارہ مبتدا بَصَآئِرُ موصوف لِلنَّاسِ کائنۃً کے متعلق ہو کر صفت، موصوف باصفت معطوف علیہ ہوا واؤ عاطفہ هُدًى معطوف اوّل ہوا واؤ عاطفہ رَحْمَةٌ موصوف لِّقَوْمٍ جار مجرور موصوف يُّوْقِنُوْنَ فعل با واؤ ضمیر فاعل صفت، موصوف باصفت مجرور، جار با مجرور کائنۃً کے متعلق ہو کر صفت، موصوف باصفت معطوف ثانی معطوف علیہ با معطوفین خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

اَمْ حَسِبَ الَّذِيْنَ اجْتَرَحُوا السَّيِّاٰتِ اَنْ نَّجْعَلَهُمْ كَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ ۙ سَوَآءً مَّحْيَاهُمْ وَمَمَاتُهُمْ ؕ سَآءَ مَا يَحْكُمُوْنَ ﴿۲۱﴾

آیت نمبر ۲۱: اَمْ منقطعہ حَسِبَ فعل الَّذِيْنَ اسم موصول اجْتَرَحُوا فعل واؤ ضمیر فاعل السَّيِّاٰتِ مفعول بہ سے مل کر صلہ موصول باصلہ فاعل اَنْ ناصبہ نَجْعَلَ فعل نَحْنُ مستتر فاعل هُمْ ضمیر منصوب مفعول بہ اوّل کاف حرف جار الَّذِيْنَ اسم موصول اٰمَنُوْا فعل با واؤ ضمیر فاعل معطوف علیہ، واؤ عاطفہ عَمِلُوا فعل واؤ ضمیر فاعل الصّٰلِحٰتِ مفعول بہ سے مل کر معطوف، معطوف علیہ با معطوف صلہ موصول باصلہ مجرور، جار با مجرور كَالَّذِيْنَ کے متعلق ہو کر مفعول بہ ثانی، فعل با فاعل و مفعولین ہوا تاویل مصدر حَسِبَ کا مفعول بہ اوّل سَوَآءً مصدر بمعنی اسم فاعل مَحْيَاهُمْ مرکب اضافی معطوف علیہ، واؤ عاطفہ مَمَاتُهُمْ مرکب اضافی معطوف، معطوف علیہ با معطوف فاعل، اسم

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

فاعل باناقص منصوب بہ یعنی (الماء ما نزع بہ الرحمٰن) فعل بفاعل ومفعولین جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ سَمَآءً فعل ذم مَا مصدریہ یَحْتَکِمُوْنَ فعل باواؤ ضمیر وصل بتاویل مصدر فاعل، فعل بفاعل خبر مقدم، مخصوص بالذم مبتدا محذوف ہے ھُوَ مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

رکوع نمبر ۳

وَخَلَقَ اللّٰهُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ بِالْحَقِّ وَلِتُجْزٰى كُلُّ نَفْسٍۢ بِمَا كَسَبَتْ وَهُمْ لَا يُظْلَمُوْنَ ﴿۲۲﴾

آیت نمبر ۲۲: واؤ استینافیہ خَلَقَ فعل اَللّٰهُ ذوالحال بِالْحَقِّ متعلقین سے متعلق ہو کر حال، ذوالحال باحال فاعل السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ معطوف علیہ بامعطوف مفعول بہ، واؤ عاطفہ لام جارہ تعلیلیہ اس کے بعد اَنْ مقدر ہے تُجْزٰى فعل مجہول كُلُّ نَفْسٍ مرکب اضافی نائب فاعل بِمَا جارہ مَا موصولہ كَسَبَتْ فعل ہی مستتر ذوالحال واؤ حالیہ ھُمْ مبتدا لَا يُظْلَمُوْنَ فعل مجہول باواؤ ضمیر نائب فاعل خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ حال ذوالحال باحال كَسَبَتْ کا فاعل، فعل بفاعل صلہ، موصول باصلہ مجرور، جار باجرور تُجْزٰى کے متعلق، فعل مجہول بانائب فاعل و متعلق بتاویل مصدر مجرور، جار باجرور معطوف اور معطوف علیہ محذوف ہے لِيَدُلَّ عَلٰى قُدْرَتِهٖ، معطوف علیہ معطوف خَلَقَ کے متعلق ہوئے، فعل بافاعل ومفعول بہ و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

اَفَرَءَيْتَ مَنِ اتَّخَذَ اِلٰهَهٗ هَوٰىهُ وَاَضَلَّهُ اللّٰهُ عَلٰى عِلْمٍ وَّخَتَمَ عَلٰى سَمْعِهٖ وَقَلْبِهٖ وَجَعَلَ عَلٰى بَصَرِهٖ غِشٰوَةً ؕ فَمَنْ يَّهْدِيْهِ مِنْۢ بَعْدِ اللّٰهِ ؕ اَفَلَا تَذَكَّرُوْنَ ﴿۲۳﴾

وَاصْبِرْ لِحُكْمِ رَبِّكَ فَاِنَّكَ بِاَعْيُنِنَا وَسَبِّحْ بِحَمْدِ رَبِّكَ حِيْنَ تَقُوْمُ ﴿۴۸﴾

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

آیت نمبر ۴۸: واؤ استینافیہ اِصْبِرْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل لِحُكْمِ رَبِّكَ متعلق سے مل کر معطوف مقام تعلیل اِنَّ حرف تحقیق کاف ضمیر اسم بِاَعْيُنِنَا كَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر اِنَّ باسم وخبر مطل، مطل بامعطوف معطوف علیہ، واؤ عاطفہ سَبِّحْ فعل امر اَنْتَ مستتر والحال بِحَمْدِ رَبِّكَ مُتَعَلِّقٌ کے متعلق ہو کر حال ذوالحال باحال فاعل، حِيْنَ مضاف تَقُوْمُ فعل با اَنْتَ مستتر فاعل مضاف الیہ، مضاف باضاف الیہ سَبِّحْ کا مفعول فیہ، فعل با فاعل ومفعول فیہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ مستانفہ ہوا۔

وَمِنَ الَّيْلِ فَسَبِّحْهُ وَاِدْبَارَ النُّجُوْمِ ﴿۴۹﴾

آیت نمبر ۴۹: واؤ عاطفہ مِنَ الَّيْلِ جار بامجرور متعلق مقدم مقام زرد سَبِّحْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل ہٗ ضمیر مفعول بہ سے مل کر جملہ انشائیہ امریہ ہوا۔ واؤ عاطفہ اِدْبَارَ النُّجُوْمِ بواسطہ عطف کے مفعول فیہ ہے۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

تركيب سُوْرَةُ النَّجْمِ

رکوع نمبر ۱

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○ وَالنَّجْمِ اِذَا هَوٰى ○ مَا ضَلَّ صَاحِبُكُمْ وَمَا غَوٰى ○ وَمَا يَنْطِقُ عَنِ الْهَوٰى ○

آیت نمبر ۱ تا ۳: واؤ قسمیہ جارہ النَّجْمِ مجرور مجرور جار ہا مجرور متعلق ہوئے فعل محذوف اُقْسِمُ کے اُقْسِمُ فعل اَنَا مستتر فاعل ومتعلق سے مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ قسم اِذَا مضاف ہَوٰى فعل ہُوَ مستتر فاعل مضاف الیہ، مضاف ومضاف الیہ مفعول فیہ ہوا فعل محذوف اُقْسِمُ کا مَا نافیہ ضَلَّ فعل صَاحِبُكُمْ مرکب اضافی فاعل سے مل کر معطوف علیہ ہوا واؤ عاطفہ مَا نافیہ غَوٰى فعل ہُوَ مستتر فاعل سے مل کر معطوف اوّل، واؤ عاطفہ مَا نافیہ يَنْطِقُ فعل ہُوَ مستتر فاعل عَنِ الْهَوٰى متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف ثانی، معطوف علیہ ومعطوفین جواب قسم، قسم بجواب قسم جملہ انشائیہ قسمیہ ہوا۔

اِنْ هُوَ اِلَّا وَحْيٌ يُّوْحٰى ○ عَلَّمَهٗ شَدِيْدُ الْقُوٰى ○ ذُوْ مِرَّةٍ ؕ فَاسْتَوٰى ○ وَهُوَ بِالْاُفُقِ الْاَعْلٰى ○

آیت نمبر ۴ تا ۷: اِنْ نافیہ هُوَ ضمیر مبتدا اِلَّا حرف استثناء وَحْيٌ موصوف يُّوْحٰى فعل مجہول اپنا ھُوَ ضمیر نائب فاعل صفت ہوئی، عَلَّمَهٗ فعل اپنا ضمیر مفعول بہ شَدِيْدُ الْقُوٰى مرکب اضافی موصوف ذُوْ مِرَّةٍ مرکب اضافی صفت، موصوف بامضاف فاعل، فعل اپنا فاعل ومفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ فَاء عاطفہ اِسْتَوٰى فعل ہُوَ مستتر فاعل واؤ حالیہ ھُوَ ضمیر مبتدا بِاء جارہ الْاُفُقِ الْاَعْلٰى مرکب توصیفی مجرور مجرور بِالْاُفُقِ کے متعلق ہو کر خبر، مبتدا بخبر جملہ اسمیہ خبریہ حال ذوالحال باہم اِسْتَوٰى کا فاعل، فعل بفاعل معطوف، معطوف علیہ بامعطوف عَلَّمَهٗ کی صفت ثانیہ، موصوف بامستثنیٰ خبر، مبتدا بخبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف ہوا۔

ثُمَّ دَنَا فَتَدَلّٰى ○

آیت نمبر ۸: ثُمَّ عاطفہ دَنَا فعل ہُوَ مستتر فاعل سے مل کر معطوف علیہ فَاء عاطفہ تَدَلّٰى فعل ہُوَ مستتر فاعل سے مل کر معطوف، معطوف علیہ بامعطوف جملہ معطوف ہوا۔

فَكَانَ قَابَ قَوْسَيْنِ اَوْ اَدْنٰى ○

آیت نمبر ۹: فَاء عاطفہ كَانَ فعل ناقص هُوَ مستتر اسم قَابَ قَوْسَيْنِ مرکب اضافی معطوف علیہ، اَوْ عاطفہ اَدْنٰى معطوف، معطوف علیہ بامعطوف خبر، فعل ناقص بااسم وخبر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف ہوا۔

فَاَوْحٰۤى اِلٰى عَبْدِهٖ مَاۤ اَوْحٰى ○

آیت نمبر ۱۰: فَاء عاطفہ اَوْحٰى فعل ہُوَ مستتر فاعل اِلٰى عَبْدِهٖ متعلق مَا موصولہ اَوْحٰى فعل ہُوَ مستتر فاعل سے مل کر صلہ، موصول

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

باصلہ مفعول بہ، فعل بافاعل و متعلق و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف ہوا عَلَّمَهٗ شَدِيْدُ الْقُوٰى پر۔

مَا كَذَبَ الْفُؤَادُ مَا رَاٰى ۝

آیت نمبر ۱۱: مَا نافیہ كَذَبَ فعل الْفُؤَادُ فاعل مَا اسم موصول رَاٰى فعل هُوَ مستتر فاعل سے مل کر صلہ، موصول باصلہ مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ مقولہ ہوا۔

اَفَتُمٰرُوْنَهٗ عَلٰى مَا يَرٰى ۝

آیت نمبر ۱۲: هَمزہ استفہامیہ فَاء عاطفہ اور معطوف علیہ محذوف ہے تُنْكِرُوْنَ قَوْلَ مُحَمَّدٍ تُمْرُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل هٗ ضمیر مفعول بہ عَلٰى جارہ مَا اسم موصول يَرٰى فعل هُوَ مستتر فاعل سے مل کر صلہ، موصول باصلہ مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل بافاعل و مفعول بہ و متعلق معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ مستانفہ ہوا۔

وَلَقَدْ رَاٰهُ نَزْلَةً اُخْرٰى ۝ عِنْدَ سِدْرَةِ الْمُنْتَهٰى ۝ عِنْدَهَا جَنَّةُ الْمَاْوٰى ۝ اِذْ يَغْشَى السِّدْرَةَ مَا يَغْشٰى ۝

آیت نمبر ۱۳، ۱۴، ۱۵، ۱۶: واؤ استینافیہ لَام موطئہ لقسم اور قسم محذوف ہے قَدْ علامت فعل رَاٰى فعل هُوَ مستتر فاعل هٗ ضمیر مفعول بہ نَزْلَةً اُخْرٰى مرکب توصیفی مفعول فیہ اوّل، اصل میں وقعت نَزْلَةً اُخْرٰى ہے (مظہری) عِنْدَ مضاف سِدْرَةِ الْمُنْتَهٰى مرکب اضافی و الحال عِنْدَهَا كَائِنَةً کے متعلق ہو کر خبر مقدم جَنَّةُ الْمَاْوٰى مرکب اضافی خبر، مبتدا، خبر حال، و الحال با حال عِنْدَ کا مضاف الیہ، مضاف با مضاف الیہ رَاٰى کا مفعول فیہ علی، اِذْ مضاف يَغْشَى فعل السِّدْرَةَ مفعول بہ مَا موصولہ يَغْشٰى فعل با هُوَ مستتر فاعل صلہ، موصول باصلہ فاعل، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ اِذْ کا مضاف الیہ، مضاف با مضاف الیہ رَاٰى کا مفعول فیہ ثالث، فعل بافاعل و مفاعیل اربعہ جواب قسم، قسم با جواب قسم جملہ انشائیہ قسمیہ مستانفہ ہوا۔

مَا زَاغَ الْبَصَرُ وَمَا طَغٰى ۝

آیت نمبر ۱۷: مَا نافیہ زَاغَ فعل الْبَصَرُ فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ ہوا واؤ عاطفہ مَا نافیہ طَغٰى فعل هُوَ مستتر فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ مستانفہ ہوا۔

لَقَدْ رَاٰى مِنْ اٰيٰتِ رَبِّهِ الْكُبْرٰى ۝

آیت نمبر ۱۸: لَام موطئہ لقسم اور قسم محذوف ہے قَدْ علامت فعل رَاٰى فعل هُوَ مستتر فاعل مِنْ جارہ اٰيٰتِ رَبِّهِ مرکب اضافی موصوف الْكُبْرٰى صفت، موصوف با صفت مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل بافاعل و متعلق جواب قسم، قسم با جواب قسم جملہ انشائیہ قسمیہ مستانفہ ہوا۔

اَفَرَءَيْتُمُ اللّٰتَ وَالْعُزّٰى ۝ وَمَنٰوةَ الثَّالِثَةَ الْاُخْرٰى ۝

آیت نمبر ۱۹، ۲۰: هَمزہ استفہامیہ فَاء عاطفہ اور معطوف علیہ محذوف ہے نَظَرْتُمْ مَا تَعْبُدُوْنَهٗ (مظہری) اَرَءَيْتُمْ فعل تُمْ

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

ضمیر فاعل اَلْاُخْرٰی معطوف علیہ ہوا واؤ عاطفہ اَلْعُزّٰی منصوب تقدیر معطوف اوّل ہوا واؤ عاطفہ مَنٰوۃَ موصوف الثَّالِثَۃَ صفت اولیٰ، الْاُخْرٰی صفت ثانیہ، موصوف و صفتین معطوف اوّل، معطوف علیہ با معطوفین مفعول بہ اوّل، مفعول بہ ثانی محذوف ہے قَادِرَۃً، فعل با فاعل و مفعولین معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ مستانفہ ابتدائیہ ہوا۔

اَلَكُمُ الذَّكَرُ وَلَهُ الْاُنْثٰى ﴿۲۱﴾

آیت نمبر ۲۱: اَلَكُمُ ہمزہ استفہام لَكُمُ کَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم الذَّكَرُ مبتدا موخر، مبتدا با خبر معطوف علیہ ہوا واؤ عاطفہ لَهُ کَائِنَۃٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم الْاُنْثٰی مبتدا موخر، مبتدا با خبر معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ مستانفہ ہوا۔

تِلْكَ اِذًا قِسْمَةٌ ضِيْزٰى ﴿۲۲﴾

آیت نمبر ۲۲: تِلْكَ اسم اشارہ مبتدا، قِسْمَةٌ مصدر بافا مفعول فیہ مقدم سے مل کر موصوف ضِيْزٰى مرفوع تقدیر صفت، موصوف با صفت خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

اِنْ هِيَ اِلَّاۤ اَسْمَآءٌ سَمَّيْتُمُوْهَاۤ اَنْتُمْ وَاٰبَآؤُكُمْ مَّاۤ اَنْزَلَ اللّٰهُ بِهَا مِنْ سُلْطٰنٍ ؕ اِنْ يَّتَّبِعُوْنَ اِلَّا الظَّنَّ وَمَا تَهْوَى الْاَنْفُسُ ۚ وَلَقَدْ جَآءَهُمْ مِّنْ رَّبِّهِمُ الْهُدٰى ﴿۲۳﴾

آیت نمبر ۲۳: اِنْ نافیہ هِيَ ضمیر مبتدا اِلَّا حرف استثناء اَسْمَآءٌ موصوف سَمَّيْتُمُوْهَا فعل ثُمْ ضمیر مؤکد اَنْتُمْ ضمیر تاکید، مؤکد بہ تاکید معطوف علیہ ہوا واؤ عاطفہ اٰبَآؤُكُمْ مرکب اضافی معطوف، معطوف علیہ با معطوف فاعل هَا ضمیر مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ اَسْمَآءٌ کی پہلی صفت مَّاۤ نافیہ اَنْزَلَ فعل اللّٰهُ فاعل بِهَا جار با مجرور متعلق مِنْ زائدہ سُلْطٰنٍ عملاً منصوب مفعول بہ، فعل با فاعل و متعلق و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر صفت ثانی، موصوف با صفتین مبتدا کی خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ مطلقہ ہوا۔

اِنْ نافیہ يَّتَّبِعُوْنَ فعل با ضمیر فاعل اِلَّا حرف استثناء الظَّنَّ معطوف علیہ ہوا واؤ عاطفہ مَا موصولہ تَهْوَى فعل الْاَنْفُسُ فاعل سے مل کر صلہ، موصول با صلہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا واؤ استینافیہ لَامِ موطئہ للقسم اور قسم محذوف ہے قَدْ علامت فعل جَآءَ فعل هُمْ ضمیر مفعول بہ مِّنْ رَّبِّهِمُ جار با مجرور متعلق الْهُدٰی مرفوع تقدیر فاعل، فعل با فاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ جواب قسم، قسم با جواب قسم جملہ انشائیہ قسمیہ مستانفہ ہوا اگر واؤ اعتراضیہ ہو تو پھر یہ جملہ معترضہ ہوگا۔

اَمْ لِلْاِنْسَانِ مَا تَمَنّٰى ﴿۲۴﴾

آیت نمبر ۲۴: اَمْ عاطفہ منقطعہ لِلْاِنْسَانِ کَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم مَا اسم موصول تَمَنّٰی فعل ہُوَ مستتر فاعل صلہ، موصول با صلہ مبتدا موخر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

فَلِلّٰهِ الْاٰخِرَةُ وَالْاُوْلٰى ﴿۲۵﴾

آیت نمبر ۲۵: فَاء تعلیلیہ لِلّٰهِ کَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم الْاٰخِرَةُ وَالْاُوْلٰی معطوف علیہ با معطوف مبتدا موخر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ مطلقہ ہوا۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

رکوع نمبر ۲

وَكَمْ مِّنْ مَّلَكٍ فِي السَّمٰوٰتِ لَا تُغْنِيْ شَفَاعَتُهُمْ شَيْـًٔا اِلَّا مِنْۢ بَعْدِ اَنْ يَّاْذَنَ اللّٰهُ لِمَنْ يَّشَآءُ وَيَرْضٰى ﴿۲۶﴾

آیت نمبر ۲۶: واؤ استینافیہ کَمْ خبریہ مُمیز مِنْ جارہ مَلَكٍ موصوف فِي جارہ السَّمٰوٰتِ مجرور، جار با مجرور کَائِنٍ کے متعلق ہو کر مَلَكٍ کی صفت، موصوف باصفت مجرور، جار با مجرور محلاً منصوب تمیز، ممیز با تمیز مبتدا لَا تُغْنِيْ فعل شَفَاعَتُهُمْ مرکب اضافی فاعل شَيْـًٔا مفعول بہ اِلَّا حرف استثناء لغو مِنْ جارہ بَعْدِ مضاف اَنْ ناصبہ يَّاْذَنَ فعل اللّٰهُ فاعل لام جارہ مَنْ اسم موصول يَّشَآءُ فعل ہا ھُوَ مستتر فاعل معطوف علیہ ہوا وَ عاطفہ يَرْضٰى فعل ہا ھُوَ مستتر فاعل معطوف، معطوف علیہ ہا معطوف صلہ، موصول باصلہ مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے يَّاْذَنَ کے، فعل با فاعل و متعلق بتاویل مصدر مضاف الیہ، مضاف با مضاف الیہ مجرور، جار با مجرور لَا تُغْنِيْ کے متعلق ہوئے، فعل با فاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

اِنَّ الَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ بِالْاٰخِرَةِ لَيُسَمُّوْنَ الْمَلٰٓئِكَةَ تَسْمِيَةَ الْاُنْثٰى ﴿۲۷﴾

آیت نمبر ۲۷: اِنَّ حرف تحقیق الَّذِيْنَ اسم موصول لَا يُؤْمِنُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل بِالْاٰخِرَةِ متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول باصلہ اِنَّ کا اسم لام مزحلقہ يُسَمُّوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل الْمَلٰٓئِكَةَ مفعول بہ تَسْمِيَةَ الْاُنْثٰى مرکب اضافی مفعول مطلق سے مل کر خبر اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

وَمَا لَهُمْ بِهٖ مِنْ عِلْمٍ ۭ اِنْ يَّتَّبِعُوْنَ اِلَّا الظَّنَّ ۚ وَاِنَّ الظَّنَّ لَا يُغْنِيْ مِنَ الْحَقِّ شَيْـًٔا ﴿۲۸﴾

آیت نمبر ۲۸: واؤ حالیہ مَا نافیہ لَهُمْ کَائِنٌ سے متعلق ہو کر خبر مقدم بِهٖ جار با مجرور متعلق مقدم مِنْ جارہ زائدہ عِلْمٍ مصدر اپنے متعلق مقدم سے مل کر محلاً مرفوع مبتدا موخر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر يَتَّبِعُوْنَ کی ضمیر فاعل سے حال ہے، اِنْ نافیہ يَتَّبِعُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل اِلَّا حرف استثناء لغو الظَّنَّ مؤول الحال، واؤ حالیہ اِنَّ حرف تحقیق الظَّنَّ اس کا اسم لَا يُغْنِيْ فعل هُوَ مستتر فاعل مِنَ الْحَقِّ متعلق شَيْـًٔا مفعول بہ سے مل کر اِنَّ کی خبر با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ حال مؤول الحال با حال يَتَّبِعُوْنَ کا مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

فَاَعْرِضْ عَنْ مَّنْ تَوَلّٰى ۙ عَنْ ذِكْرِنَا وَلَمْ يُرِدْ اِلَّا الْحَيٰوةَ الدُّنْيَا ﴿۲۹﴾

آیت نمبر ۲۹: فَاء فصیحہ اور شرط محذوف ہے اِذَا كَانَ الْاَمْرُ كَذٰلِكَ، يا اِنْ كَانُوْا يَتَّبِعُوْنَ الظَّنَّ وَهُوَ غَيْرُ الْحَقِّ، اَعْرِضْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل عَنْ جارہ مَنْ اسم موصول تَوَلّٰى فعل هُوَ مستتر فاعل عَنْ ذِكْرِنَا متعلق سے مل کر معطوف علیہ ہوا وَ عاطفہ لَمْ يُرِدْ فعل هُوَ مستتر فاعل اِلَّا حرف استثناء الْحَيٰوةَ الدُّنْيَا مرکب توصیفی مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف صلہ، موصول باصلہ مجرور، جار با مجرور اَعْرِضْ کے متعلق، فعل با فاعل و متعلق جزاء شرط محذوف با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

ذٰلِكَ مَبْلَغُهُمْ مِّنَ الْعِلْمِ ۭ اِنَّ رَبَّكَ هُوَ اَعْلَمُ بِمَنْ ضَلَّ عَنْ سَبِيْلِهٖ ۚ وَهُوَ اَعْلَمُ

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

بِمَنِ اهْتَدٰى ۝

آیت نمبر ۳۰: ذٰلِكَ اسم اشارہ مبتدا، مَبْلَغُهُمْ مصدر مضاف هُمْ ضمیر مضاف الیہ معنیٰ فاعل مِنَ الْعِلْمِ جار ہا مجرور متعلق ہوئے، مصدر مضاف با مضاف الیہ و متعلق خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ معترضہ ہوا۔ اِنَّ حرف تحقیق رَبَّكَ مرکب اضافی اِنَّ کا اسم ہُوَ ضمیر مبتدا، اَعْلَمُ اسم تفضیل هُوَ مستتر فاعل بِاءِ جارہ مَنْ اسم موصول ضَلَّ فعل هُوَ مستتر فاعل عَنْ سَبِيْلِهٖ متعلق سے مل کر صلہ، موصول با صلہ مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے، اسم تفضیل با فاعل و متعلق فعل جملہ ہو کر خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف علیہ ہوا واؤ عاطفہ هُوَ ضمیر مبتدا اَعْلَمُ اسم تفضیل هُوَ مستتر فاعل بِاءِ جارہ مَنْ اسم موصول اِهْتَدٰى فعل هُوَ مستتر فاعل سے مل کر صلہ، موصول با صلہ مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے اسم تفضیل با فاعل و متعلق خبر، مبتدا با خبر معطوف، معطوف علیہ با معطوف اِنَّ کی خبر اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوفہ ہوا۔

وَلِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ ۙ لِيَجْزِيَ الَّذِيْنَ اَسَآءُوْا بِمَا عَمِلُوْا وَيَجْزِيَ الَّذِيْنَ اَحْسَنُوْا بِالْحُسْنٰى ۝ اَلَّذِيْنَ يَجْتَنِبُوْنَ كَبٰٓئِرَ الْاِثْمِ وَالْفَوَاحِشَ اِلَّا اللَّمَمَ ۭ اِنَّ رَبَّكَ وَاسِعُ الْمَغْفِرَةِ ۭ هُوَ اَعْلَمُ بِكُمْ اِذْ اَنْشَاَكُمْ مِّنَ الْاَرْضِ وَاِذْ اَنْتُمْ اَجِنَّةٌ فِيْ بُطُوْنِ اُمَّهٰتِكُمْ ۚ فَلَا تُزَكُّوْٓا اَنْفُسَكُمْ ۭ هُوَ اَعْلَمُ بِمَنِ اتَّقٰى ۝

آیت نمبر ۳۱، ۳۲: واؤ استیناف لِلّٰهِ کائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم مَا فِي السَّمٰوٰتِ موصول با صلہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ مَا فِي الْاَرْضِ موصول با صلہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف مبتدا مؤخر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ لَام جار ہا اس کے بعد اَنْ مقدر ہے يَجْزِيَ فعل هُوَ مستتر فاعل اَلَّذِيْنَ اَسَآءُوْا موصول با صلہ مفعول بہ بِاَنْ جارہ مَا عَمِلُوْا موصول با صلہ مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل با فاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ يَجْزِيَ فعل هُوَ مستتر فاعل بِالْحُسْنٰى جار با مجرور متعلق ہوئے، اَلَّذِيْنَ اَحْسَنُوْا موصول با صلہ مبدل منہ اَلَّذِيْنَ اسم موصول يَجْتَنِبُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل كَبٰٓئِرَ الْاِثْمِ مرکب اضافی معطوف علیہ، واؤ عاطفہ الْفَوَاحِشَ معطوف، معطوف علیہ با معطوف مستثنیٰ منہ، اِلَّا حرف استثناء اللَّمَمَ مستثنیٰ، مستثنیٰ منہ با مستثنیٰ يَجْتَنِبُوْنَ کا مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ صلہ، موصول با صلہ بدل، مبدل منہ با بدل يَجْزِيَ کا مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف بتاویل مصدر مجرور، جار با مجرور متعلق ہوا فعل محذوف خَلَقَ اللّٰهُ الْعَالَمِيْنَ سے، فعل با فاعل و متعلق و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

اِنَّ حرف تحقیق رَبَّكَ مرکب اضافی اِنَّ کا اسم وَاسِعُ الْمَغْفِرَةِ مرکب اضافی خبر اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ معللہ ہوا۔ هُوَ ضمیر مبتدا اَعْلَمُ اسم تفضیل هُوَ مستتر فاعل بِكُمْ جار با مجرور متعلق ہوئے اِذْ مضاف اَنْشَاَ فعل هُوَ مستتر فاعل كُمْ ضمیر مفعول بہ مِنَ الْاَرْضِ جار با مجرور متعلق سے مل کر مضاف الیہ، مضاف با مضاف الیہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اِذْ مضاف اَنْتُمْ مبتدا اَجِنَّةٌ موصوف فِيْ بُطُوْنِ اُمَّهٰتِكُمْ كَائِنَةٌ کے متعلق ہو کر صفت، موصوف با صفت خبر، مبتدا با خبر مضاف الیہ، مضاف با مضاف الیہ معطوف، معطوف علیہ

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

بامعطوف اَعْلَمُ کا مفعول فیہ، اسم تفضیل بافاعل و متعلق و مفعول فیہ خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوفہ ہوا۔ فَاء فصیحہ اور شرط محذوف ہے اِنْ كَانَ هٰذَا اَمْرُكُمْ، لَا تُزَكُّوْا فعل باواؤ ضمیر فاعل اَنْفُسَكُمْ مرکب اضافی مفعول بہ سے مل کر جملہ انشائیہ نہیہ جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔ هُوَ ضمیر مبتدا، اَعْلَمُ اسم تفضیل هُوَ مستترفاعل بَاء جارہ مَنِ اتَّقٰى موصول باصلہ مجرور، جار بامجرور متعلق ہوئے اسم تفضیل بافاعل و متعلق خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوفہ ہوا۔

﴿ رکوع نمبر ۳ ﴾

اَفَرَءَيْتَ الَّذِيْ تَوَلّٰى ۝ وَاَعْطٰى قَلِيْلًا وَّاَكْدٰى ۝ اَعِنْدَهٗ عِلْمُ الْغَيْبِ فَهُوَ يَرٰى ۝

آیت نمبر ۳۳، ۳۴، ۳۵: اَ ہمزہ استفہامیہ فَاء عاطفہ رَءَيْتَ فعل تاء مفتوحہ ضمیر فاعل الَّذِيْ اسم موصول تَوَلّٰى فعل باهُوَ مستتر فاعل معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اَعْطٰى فعل هُوَ مستترفاعل قَلِيْلًا مفعول بہ سے مل کر معطوف اوّل، واؤ عاطفہ اَكْدٰى فعل هُوَ مستترفاعل سے مل کر معطوف ثانی، معطوف علیہ باعطوفین صلہ، موصول باصلہ مفعول اوّل، ہمزہ استفہامیہ عِنْدَهٗ مرکب اضافی كَائِنٌ کا مفعول فیہ ہو کر خبر مقدم عِلْمُ الْغَيْبِ مرکب اضافی مبتدا مؤخر، مبتدا باخبر جملہ انشائیہ استفہامیہ معطوف علیہ، فَاء عاطفہ هُوَ ضمیر مبتدا يَرٰى فعل باهُوَ مستترفاعل خبر، مبتدا باخبر معطوف، معطوف علیہ باعطوف رَءَيْتَ کا مفعول ثانی، فعل بافاعل و مفعولین معطوف، معطوف علیہ محذوف تَأَمَّلْتَ باعطوف جملہ مستانفہ ہوا۔

اَمْ لَمْ يُنَبَّاْ بِمَا فِيْ صُحُفِ مُوْسٰى ۝ وَاِبْرٰهِيْمَ الَّذِيْ وَفّٰٓى ۝

آیت نمبر ۳۶، ۳۷: اَمْ منقطعہ لَمْ يُنَبَّاْ فعل مجہول هُوَ مستتر نائب فاعل بَاء جارہ مَا موصولہ فِيْ جارہ صُحُفِ مضاف مُوْسٰى معطوف علیہ واؤ عاطفہ اِبْرٰهِيْمَ موصوف الَّذِيْ اسم موصول وَفّٰى فعل باهُوَ مستترفاعل صلہ، موصول باصلہ صفت، موصوف باصفت معطوف، معطوف علیہ باعطوف صُحُفِ کا مضاف الیہ، مضاف باضاف الیہ مجرور، جار بامجرور ظرف مستقر فعل محذوف ثَبَتَ کے متعلق ہو کر صلہ، موصول باصلہ مجرور، جار باجرور لَمْ يُنَبَّاْ کے متعلق ہونے فعل مجہول کے، فعل مجہول بانائب فاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

اَلَّا تَزِرُ وَازِرَةٌ وِّزْرَ اُخْرٰى ۝ وَاَنْ لَّيْسَ لِلْاِنْسَانِ اِلَّا مَا سَعٰى ۝ وَاَنَّ سَعْيَهٗ سَوْفَ يُرٰى ۝ ثُمَّ يُجْزٰىهُ الْجَزَآءَ الْاَوْفٰى ۝ وَاَنَّ اِلٰى رَبِّكَ الْمُنْتَهٰى ۝ وَاَنَّهٗ هُوَ اَضْحَكَ وَاَبْكٰى ۝ وَاَنَّهٗ هُوَ اَمَاتَ وَاَحْيَا ۝ وَاَنَّهٗ خَلَقَ الزَّوْجَيْنِ الذَّكَرَ وَالْاُنْثٰى ۝ مِنْ نُّطْفَةٍ اِذَا تُمْنٰى ۝ وَاَنَّ عَلَيْهِ النَّشْاَةَ الْاُخْرٰى ۝ وَاَنَّهٗ هُوَ اَغْنٰى وَاَقْنٰى ۝ وَاَنَّهٗ هُوَ رَبُّ الشِّعْرٰى ۝

آیت نمبر ۳۸، ۳۹، ۴۰، ۴۱، ۴۲، ۴۳، ۴۴، ۴۵، ۴۶، ۴۷، ۴۸، ۴۹: اَنْ مخففہ من الثقلہ هٗ ضمیر شان مقدر اس کا اسم لَا تَزِرُ فعل وَازِرَةٌ فاعل وِزْرَ اُخْرٰى مرکب اضافی مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ خبر، اَنْ باسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف علیہ واؤ عاطفہ اَنْ مخففہ من الثقلہ هٗ ضمیر شان مقدر اس کا اسم لَيْسَ فعل ناقص لِلْاِنْسَانِ ظرف مستقر كَائِنًا کے متعلق ہو کر خبر مقدم اِلَّا حرف استثناء مَا اسم موصول سَعٰى فعل باهُوَ مستترفاعل جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول باصلہ خبر، لَيْسَ باسم و خبر اَنَّ کی خبر، اَنَّ باسم و خبر جملہ اسمیہ

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

خبریہ معطوف اوّل واؤ عاطفہ اَنَّ حرف تحقیق سَعْیَہٗ مرکب اضافی اس کا اسم سَوْفَ علامت فعل یُرٰی فعل مجہول ہاھُوَ مستترنائب فاعل جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ ثُمَّ عاطفہ یُجْزٰی فعل مجہول ہُوَ مستترنائب فاعل ہٗ ضمیر مفعول بہ اَلْجَزَآءَ الْاَوْفٰی مرکب توصیفی مفعول مطلق، فعل مجہول نائب فاعل و مفعول بہ و مفعول مطلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف اَنَّ کی خبر اَنَّ با اسم و خبر معطوف ہوئی واؤ عاطفہ اَنَّ حرف تحقیق اِلٰی رَبِّکَ ظرف مستقر یَنْتَہِیْ کے متعلق ہو کر خبر مقدم اَلْمُنْتَہٰی منصوب تقدیراً اسم مؤخر اَنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف ثالث واؤ عاطفہ اَنَّ حرف تحقیق ہٗ ضمیر اس کا اسم ھُوَ ضمیر مبتدا اَضْحَکَ فعل ھُوَ مستتر فاعل، فعل با فاعل معطوف علیہ واؤ عاطفہ اَبْکٰی فعل ہاھُوَ مستتر فاعل معطوف، معطوف علیہ با معطوف ھُوَ کی خبر، مبتدا، خبر اَنَّ کی خبر اَنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف رابع واؤ عاطفہ اَنَّ حرف تحقیق ہٗ ضمیر اس کا اسم ھُوَ ضمیر مبتدا اَمَاتَ فعل ہاھُوَ مستتر فاعل معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اَحْیَا فعل ھُوَ مستتر فاعل سے مل کر معطوف، معطوف علیہ با معطوف اَنَّ کی خبر اَنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف خامس واؤ عاطفہ اَنَّ حرف تحقیق ہٗ ضمیر اس کا اسم خَلَقَ فعل ھُوَ مستتر فاعل الزَّوْجَیْنِ مبدل منہ الذَّکَرَ وَالْاُنْثٰی معطوف علیہ با معطوف بدل، مبدل منہ بدل مفعول بہ، مِنْ جارہ نُطْفَۃٍ مجرور، جار با مجرور خَلَقَ کے متعلق اِذَا مضاف تُمْنٰی فعل مجہول ہاھِیَ ضمیر نائب فاعل جملہ فعلیہ خبریہ مضاف الیہ، مضاف با مضاف الیہ مفعول فیہ، فعل با فاعل و مفعول بہ و متعلق و مفعول فیہ جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر اَنَّ کی خبر اَنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف سادس واؤ عاطفہ اَنَّ حرف تحقیق عَلَیْہِ ظرف مستقر النَّشْاَۃَ الْاُخْرٰی کے متعلق ہو کر اَنَّ کی خبر مقدم النَّشْاَۃَ الْاُخْرٰی مرکب توصیفی اسم مؤخر اَنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر معطوف سابع واؤ عاطفہ اَنَّ حرف تحقیق ہٗ ضمیر اس کا اسم ھُوَ ضمیر مبتدا اَغْنٰی فعل ھُوَ مستتر فاعل سے مل کر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اَقْنٰی فعل ھُوَ مستتر فاعل، فعل با فاعل معطوف، معطوف علیہ با معطوف ھُوَ کی خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر اَنَّ کی خبر اَنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف ثامن واؤ عاطفہ اَنَّ حرف تحقیق ہٗ ضمیر اس کا اسم ھُوَ ضمیر مبتدا رَبُّ الشِّعْرٰی مرکب اضافی ھُوَ کی خبر، مبتدا با خبر اَنَّ کی خبر اَنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف تاسع، معطوف علیہ با معطوفات تسعہ بدل ہے مَا فِیْ صُحُفِ مُوْسٰی سے۔

وَاَنَّهٗۤ اَهْلَكَ عَادَا الْاُوْلٰى ۙ وَثَمُوْدَا فَمَاۤ اَبْقٰى ۙ

آیت نمبر ۵۰،۵۱: واؤ عاطفہ اَنَّ حرف تحقیق ہٗ ضمیر اس کا اسم اَھْلَکَ فعل ھُوَ مستتر فاعل عَادَا الْاُوْلٰی مرکب توصیفی معطوف علیہ، واؤ عاطفہ ثَمُوْدَا معطوف، معطوف علیہ با معطوف اَھْلَکَ کا مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ معطوف علیہ مقام عاطفہ مَا نافیہ اَبْقٰی فعل ہاھُوَ ضمیر فاعل معطوف، معطوف علیہ با معطوف اَنَّ کی خبر اَنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

وَقَوْمَ نُوْحٍ مِّنْ قَبْلُ ؕ اِنَّهُمْ كَانُوْا هُمْ اَظْلَمَ وَاَطْغٰى ۪

آیت نمبر ۵۲: واؤ عاطفہ قَوْمَ نُوْحٍ مرکب اضافی واؤ الحال مِنْ قَبْلُ کے متعلق ہو کر حال ذوالحال یا عامل بواسطہ عطف کے مفعول بہ ہوا اَھْلَکَ کا اِنَّ حرف تحقیق ھُمْ ضمیر اس کا اسم کَانُوْا فعل ناقص واؤ ضمیر اس کا اسم ھُمْ ضمیر فصل اَظْلَمَ اسم تفضیل ھُمْ مستتر فاعل سے مل کر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اَطْغٰی اسم تفضیل ھُمْ مستتر فاعل سے مل کر معطوف، معطوف علیہ با معطوف اِنَّ کی خبر اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوفہ ہوا

وَالْمُؤْتَفِكَةَ اَهْوٰى ۪

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

آیت نمبر ۵۳: واؤ عاطفہ اَلْمُؤْتَفِكَةَ مفعول بہ مقدم اَهْوٰى فعل هُوَ مستتر فاعل اور مفعول بہ سے مل کر جملہ معطوفہ ہوا۔

فَغَشّٰىهَا مَا غَشّٰى ﴿۵۴﴾

آیت نمبر ۵۴: فاء عاطفہ غَشّٰى فعل هُوَ مستتر فاعل هَا ضمیر مفعول بہ اول، مَا اسم موصول غَشّٰى فعل هُوَ مستتر فاعل سے مل کر صلہ، موصول باصلہ مفعول بہ ثانی، فعل بافاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ معطوفہ ہوا۔

فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكَ تَتَمَارٰى ﴿۵۵﴾

آیت نمبر ۵۵: فاء فصیحہ اور شرط محذوف ہے اِنْ عَرَفْتَ هٰذَا الْكَلَامَ، بَاء جار اَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكَ مرکب اضافی مجرور، جار بامجرور متعلق مقدم ہوئے تَتَمَارٰى فعل اَنْتَ مستتر فاعل و متعلق مقدم سے مل کر جملہ انشائیہ استفہامیہ جزاء، شرط محذوف باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

هٰذَا نَذِيْرٌ مِّنَ النُّذُرِ الْاُوْلٰى ﴿۵۶﴾

آیت نمبر ۵۶: هٰذَا اسم اشارہ مبتدا، نَذِيْرٌ موصول مِنْ حرف جار النُّذُرِ موصول الْاُوْلٰى صفت، موصول باصفت مجرور، جار بامجرور كَائِنٌ کے متعلق ہو کر صفت، موصول باصفت خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

اَزِفَتِ الْاٰزِفَةُ ﴿۵۷﴾ لَيْسَ لَهَا مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ كَاشِفَةٌ ﴿۵۸﴾

آیت نمبر ۵۷،۵۸: اَزِفَتْ فعل الْاٰزِفَةُ ذوالحال لَيْسَ فعل ناقص لَهَا ظرف مستقر كَائِنَةٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ كَائِنَةٌ کے متعلق ہو کر حال مقدم كَاشِفَةٌ ذوالحال مؤخر ذوالحال باحال لَيْسَ کا اسم، لَيْسَ باسم و خبر حال ذوالحال باحال فاعل، اَزِفَتْ فعل بافاعل جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

اَفَمِنْ هٰذَا الْحَدِيْثِ تَعْجَبُوْنَ ﴿۵۹﴾ وَتَضْحَكُوْنَ وَلَا تَبْكُوْنَ ﴿۶۰﴾ وَاَنْتُمْ سٰمِدُوْنَ ﴿۶۱﴾

آیت نمبر ۵۹،۶۰،۶۱: هَمزہ استفہامیہ فَاء استینافیہ مِنْ جار هٰذَا الْحَدِيْثِ مرکب توصیفی مجرور، جار بامجرور متعلق مقدم، تَعْجَبُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل و متعلق مقدم سے مل کر جملہ انشائیہ معطوف علیہ ہوا واؤ عاطفہ تَضْحَكُوْنَ فعل بافاعل ضمیر فاعل معطوف اوّل ہوا واؤ عاطفہ لَا تَبْكُوْنَ فعل واؤ ضمیر ذوالحال ہوا واؤ حالیہ اَنْتُمْ سٰمِدُوْنَ مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ حال ذوالحال باحال فاعل، فعل بافاعل معطوف ہوئے معطوف علیہ یا معطوفین جملہ مستانفہ انشائیہ ہوا۔

فَاسْجُدُوْا لِلّٰهِ وَاعْبُدُوْا ﴿۶۲﴾

آیت نمبر ۶۲: فاء فصیحہ اور شرط محذوف ہے اِنْ اَرَدْتُمُ الْخَلَاصَ مِنَ الْعَذَابِ، اُسْجُدُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل لِلّٰهِ متعلق سے مل کر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اُعْبُدُوْا فعل بافاعل ضمیر فاعل معطوف، معطوف علیہ یا معطوف جزاء ہوئی شرط محذوف کی، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

ترکیب سُوْرَةُ الْقَمَرِ

رکوع نمبر ۱

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝ اِقْتَرَبَتِ السَّاعَةُ وَانْشَقَّ الْقَمَرُ ۝

آیت نمبر ۱: اِقْتَرَبَتِ فعل السَّاعَةُ فاعل سے مل کر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اِنْشَقَّ فعل الْقَمَرُ فاعل، فعل باؤ عل جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ کا معطوف جملہ ابتدائیہ ہوا۔

وَاِنْ يَّرَوْا اٰيَةً يُّعْرِضُوْا وَيَقُوْلُوْا سِحْرٌ مُّسْتَمِرٌّ ۝ وَكَذَّبُوْا وَاتَّبَعُوْٓا اَهْوَآءَهُمْ ۭ وَكُلُّ اَمْرٍ مُّسْتَقِرٌّ ۝

آیت نمبر ۲، ۳: واؤ عاطفہ اِنْ شرطیہ يَرَوْا فعل واؤ ضمیر فاعل اٰيَةً مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر شرط يُعْرِضُوْا فعل باؤ ضمیر فاعل معطوف علیہ، واؤ عاطفہ يَقُوْلُوْا فعل باؤ او ضمیر فاعل قول سِحْرٌ مُّسْتَمِرٌّ مرکب توصیفی خبر ہے مبتدا محذوف ھُوَ کی، مبتدا خبر مقولہ قول یا مقولہ معطوف اول، واؤ عاطفہ كَذَّبُوْا فعل باؤ او ضمیر فاعل معطوف ثانی، واؤ عاطفہ اِتَّبَعُوْا فعل باؤ او ضمیر فاعل اَهْوَآءَهُمْ مرکب اضافی مفعول بہ سے مل کر معطوف اول، معطوف علیہ یا معطوفات ثلاثہ جزاء شرط یا جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔ واؤ استینافیہ كُلُّ اَمْرٍ مرکب اضافی مبتدا مُّسْتَقِرٌّ اسم فاعل ہُوَ مستتر فاعل شبہ جملہ ہو کر خبر، مبتدا یا خبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

وَلَقَدْ جَآءَهُمْ مِّنَ الْاَنْۢبَآءِ مَا فِيْهِ مُزْدَجَرٌ ۝

آیت نمبر ۴: واؤ استینافیہ لَامُوطِئَہ لقسم اور قسم محذوف ہے قَدْ علامت فعل جَآءَ فعل هُمْ ضمیر مفعول بہ مِنَ الْاَنْۢبَآءِ جار مجرور فَاعِلُہٗ کے متعلق ہو کر حال مقدم مَا اسم موصول فِيْهِ فَاعِلُہٗ کے متعلق ہو کر خبر مقدم مُزْدَجَرٌ مبتدا مؤخر، مبتدا یا خبر جملہ اسمیہ خبریہ صلہ، موصول یا صلہ و العائد موخر ہوا۔ العائد یا حال جَآءَ کا فاعل، فعل باؤ عل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ جواب قسم، قسم یا جواب قسم جملہ انشائیہ قسمیہ ہوا۔

حِكْمَةٌۢ بَالِغَةٌ فَمَا تُغْنِ النُّذُرُ ۝

آیت نمبر ۵: حِكْمَةٌ موصوف بَالِغَةٌ صفت، موصوف یا صفت خبر ہے مبتدا محذوف ھِیَ کی، مبتدا یا خبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔ فَاء عاطفہ مَا نافیہ تُغْنِ فعل النُّذُرُ فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

فَتَوَلَّ عَنْهُمْ ۘ يَوْمَ يَدْعُ الدَّاعِ اِلٰى شَيْءٍ نُّكُرٍ ۝

آیت نمبر ۶: فَاء فصیحہ اذ شرط محذوف ہے اِذَا كَانَ الْاَمْرُ كَذٰلِكَ، تَوَلَّ فعل اَنْتَ مستتر فاعل عَنْهُمْ متعلق سے مل کر جزاء شرط یا جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔ يَوْمَ مضاف يَدْعُ فعل الدَّاعِ فاعل اِلٰى جارہ شَيْءٍ نُّكُرٍ مرکب توصیفی مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل با فاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ مضاف الیہ، مضاف با مضاف الیہ مفعول بہ ہوا فعل محذوف اُذْکُرْ کا اُذْکُرْ فعل امر با اَنْتَ مستتر فاعل و مفعول بہ

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

جملہ انشائیہ امریہ ہوا۔

خُشَّعًا اَبْصَارُهُمْ يَخْرُجُوْنَ مِنَ الْاَجْدَاثِ كَاَنَّهُمْ جَرَادٌ مُّنْتَشِرٌ ۝ مُّهْطِعِيْنَ اِلَى الدَّاعِ ؕ يَقُوْلُ الْكٰفِرُوْنَ هٰذَا يَوْمٌ عَسِرٌ ۝

آیت نمبر ۷،۸: خُشَّعًا اسم فاعل اَبْصَارُهُمْ مرکب اضافی فاعل سے مل کر يَخْرُجُوْنَ کے فاعل کا حال اولی مقدم يَخْرُجُوْنَ فعل، واؤ ضمیر ذوالحال كَاَنَّ حرف تشبیہ هُمْ ضمیر اس کا اسم جَرَادٌ مُّنْتَشِرٌ مرکب توصیفی خبر، كَاَنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ حال دوم، مُّهْطِعِيْنَ اسم فاعل هُمْ ضمیر مستتر فاعل اِلَى الدَّاعِ متعلق سے مل کر حال ثالثہ ہذا الحال با حوالی ثلاثہ يَخْرُجُوْنَ کا فاعل مِنَ الْاَجْدَاثِ جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل با فاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا، يَقُوْلُ فعل الْكٰفِرُوْنَ فاعل سے مل کر قول، هٰذَا اسم اشارہ مبتدا، يَوْمٌ عَسِرٌ مرکب توصیفی خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ مقولہ، قول با مقولہ جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔ اور بعض حضرات اس کو يَخْرُجُوْنَ کے فاعل سے حال رابعہ بتاتے ہیں۔

كَذَّبَتْ قَبْلَهُمْ قَوْمُ نُوْحٍ فَكَذَّبُوْا عَبْدَنَا وَقَالُوْا مَجْنُوْنٌ وَّازْدُجِرَ ۝

آیت نمبر ۹: كَذَّبَتْ فعل قَبْلَهُمْ مرکب اضافی مفعول بہ قَوْمُ نُوْحٍ مرکب اضافی فاعل، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، فاء عاطفہ كَذَّبُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل عَبْدَنَا مرکب اضافی مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف اول، واؤ عاطفہ قَالُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر قول مَجْنُوْنٌ خبر ہے مبتدا محذوف هُوَ کی، مبتدا با خبر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اُزْدُجِرَ فعل مجہول با هُوَ مستتر نائب فاعل معطوف، معطوف علیہ با معطوف مقولہ، قول با مقولہ معطوف ثانی، معطوف علیہ با معطوفین جملہ مستانفہ ہوا۔

فَدَعَا رَبَّهٗۤ اَنِّيْ مَغْلُوْبٌ فَانْتَصِرْ ۝

آیت نمبر ۱۰: فاء عاطفہ دَعَا فعل هُوَ مستتر فاعل رَبَّهٗ مرکب اضافی مفعول بہ اَنِّيْ حرف تحقیق یاء ضمیر اس کا اسم مَغْلُوْبٌ خبر، اَنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ منصوب بنزع خافض فعل اصل میں بِاَنِّيْ ہے، جار با مجرور دَعَا کے متعلق، فعل با فاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ فاء عاطفہ انْتَصِرْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل سے مل کر جملہ انشائیہ امریہ معطوف علیہ محذوف نَكْرَمْ پر معطوف ہے۔

فَفَتَحْنَاۤ اَبْوَابَ السَّمَآءِ بِمَآءٍ مُّنْهَمِرٍ ۝ وَّفَجَّرْنَا الْاَرْضَ عُيُوْنًا فَالْتَقَى الْمَآءُ عَلٰۤى اَمْرٍ قَدْ قُدِرَ ۝ وَحَمَلْنٰهُ عَلٰى ذَاتِ اَلْوَاحٍ وَّدُسُرٍ ۝

آیت نمبر ۱۱، ۱۲، ۱۳: فاء عاطفہ اور معطوف علیہ محذوف ہے اِسْتَجَبْنَا دُعَاءَ نُوْحٍ، فَتَحْنَا فعل نا ضمیر فاعل اَبْوَابَ السَّمَآءِ مرکب اضافی ذوالحال بَاءَ جارہ مَآءٍ مُّنْهَمِرٍ مرکب توصیفی مجرور، جار با مجرور مُنْهَمِرٍ کے متعلق ہو کر حال ذوالحال با حال مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ فَجَّرْنَا فعل نا ضمیر فاعل الْاَرْضَ مفعول بہ عُيُوْنًا تمیز سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف اول، فاء عاطفہ الْتَقَى فعل الْمَآءُ فاعل عَلٰۤى جار مَآءٍ موصوف قَدْ حرف تحقیق قُدِرَ فعل مجہول هُوَ مستتر نائب فاعل سے مل کر صفت، موصوف با صفت مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل با فاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف ثانی، واؤ عاطفہ حَمَلْنَا فعل نا ضمیر فاعل هٗ ضمیر مفعول بہ

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

عَلٰی جارہ ذَاتِ موصوف اَلْوَاحٍ وَّدُسُرٍ معطوف علیہ با معطوف مضاف الیہ، مضاف با مضاف الیہ مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل با فاعل و مفعول بہ متعلق معطوف ثالث، معطوف علیہ با معطوفات علیہ جملہ معطوف ہوا۔

تَجْرِیْ بِاَعْیُنِنَا جَزَآءً لِّمَنْ كَانَ كُفِرَ ۝

آیت نمبر ۱۴: تَجْرِیْ فعل فی متعلق زوالحال بِاَعْیُنِنَا جار با مجرور مَحْفُوْظَةٌ کے متعلق ہو کر حال، زوالحال با حال فاعل، فعل با فاعل ذَاتِ اَلْوَاحٍ وَّدُسُرٍ کی صفت ہے، جَزَآءً مصدر لام جارہ مَنْ اسم موصول كَانَ بالصلہ هُوَ مستتر اسم كُفِرَ فعل مجہول هُوَ مستتر نائب فاعل سے مل کر صلہ، موصول با صلہ مجرور، جار با مجرور مصدر کے متعلق، مصدر با متعلق مفعول لہ ہوا فعل محذوف فَعَلْنَا ذٰلِكَ کا۔

وَلَقَدْ تَّرَكْنٰهَآ اٰیَةً فَهَلْ مِنْ مُّدَّكِرٍ ۝

آیت نمبر ۱۵: واؤ عاطفہ لام موطئہ للقسم اور قسم محذوف ہے قَدْ علامت فعل تَرَكْنَا فعل تا ضمیر فاعل هَا ضمیر مفعول بہ اول، اٰیَةً مفعول بہ ثانی (یہ اس وقت ہے جبکہ تَرَكْنَا هَيَّئْنَا کے معنی میں ہو اور اگر تَرَكْنَا چھوڑنے کے معنی میں ہو تو پھر اٰیَةً حال ہوگا ضمیر مفعول بہ سے) فعل با فاعل و مفعولین جواب قسم، قسم با جواب قسم جملہ انشائیہ معطوف علیہ فَاء عاطفہ هَلْ استفہامیہ مِنْ جارہ مُّدَّكِرٍ مجرور لفظاً مرفوع مبتدا، خبر محذوف ہے مَوْجُوْدٌ مبتدا با خبر معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ معطوف ہوا۔

فَكَیْفَ كَانَ عَذَابِیْ وَنُذُرِ ۝

www.kitabosunnat.com

آیت نمبر ۱۶: فَاء فصیحہ اور شرط محذوف ہے اِنْ عَلِمْتُمْ هَاجَلٌ بِهِمْ جَزَآءً لِعَمَلِهِمْ، كَیْفَ ثَابِتًا کا مفعول لہ ہو کر كَانَ کی خبر مقدم، عَذَابِیْ مرکب اضافی معطوف علیہ، واؤ عاطفہ نُذُرِ اصل میں نُذُرِیْ ہے مرکب اضافی معطوف، معطوف علیہ با معطوف اسم مؤخر، كَانَ با اسم و خبر جملہ شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

وَلَقَدْ یَسَّرْنَا الْقُرْاٰنَ لِلذِّكْرِ فَهَلْ مِنْ مُّدَّكِرٍ ۝

آیت نمبر ۱۷: واؤ استینافیہ لام موطئہ للقسم اور قسم محذوف ہے قَدْ علامت فعل یَسَّرْنَا فعل تا ضمیر فاعل الْقُرْاٰنَ مفعول بہ لِلذِّكْرِ متعلق سے مل کر جواب قسم، قسم با جواب قسم معطوف علیہ فَاء عاطفہ هَلْ استفہامیہ مِنْ جارہ مُّدَّكِرٍ لفظاً مرفوع مبتدا، اس کی خبر مَوْجُوْدٌ محذوف ہے، مبتدا با خبر معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ مستانفہ ہوا۔

كَذَّبَتْ عَادٌ فَكَیْفَ كَانَ عَذَابِیْ وَنُذُرِ ۝

آیت نمبر ۱۸: كَذَّبَتْ فعل عَادٌ فاعل سے مل کر معطوف علیہ فَكَیْفَ كَانَ عَذَابِیْ وَنُذُرِ کی ترکیب پہلے والے جملے میں مذکور ہے اور یہ معطوف ہے، معطوف علیہ با معطوف جملہ مستانفہ ہوا۔

اِنَّآ اَرْسَلْنَا عَلَیْهِمْ رِیْحًا صَرْصَرًا فِیْ یَوْمِ نَحْسٍ مُّسْتَمِرٍّ ۝ تَنْزِعُ النَّاسَ ۙ كَاَنَّهُمْ اَعْجَازُ نَخْلٍ مُّنْقَعِرٍ ۝

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

آیت نمبر ۱۹، ۲۰: اِنَّ حرف تحقیق نَا ضمیر اس کا اسم اَرْسَلْنَا فعل نَا ضمیر فاعل عَلَيْهِمْ جار مجرور متعلق ہوئے رِيْحًا موصوف صَرْصَرًا صفت اولیٰ تَنْزِعُ فعل ھِیَ مستتر فاعل النَّاسَ ذوالحال كَاَنَّ حرف تشبیہ ھُمْ ضمیر اسم اَعْجَازُ مضاف نَخْلٍ مُّنْقَعِرٍ مرکب توصیفی مضاف الیہ، مضاف باضاف الیہ خبر، كَاَنَّ باسم وخبر حال ذوالحال باحال تَنْزِعُ کا مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ رِيْحًا کی صفت ثانیہ، موصوف باصفتین اَرْسَلْنَا کا مفعول بہ فِیْ جار ومجرور مضاف يَوْمِ مضاف نَحْسٍ مُّسْتَمِرٍّ مرکب توصیفی مضاف الیہ، مضاف باضاف الیہ مجرور، جار مجرور متعلق ہوئی، فعل بافاعل ومفعول بہ ومتعلقین اِنَّ کی خبر اِنَّ باسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

فَكَيْفَ كَانَ عَذَابِيْ وَنُذُرِ ۝

آیت نمبر ۲۱: فَكَيْفَ كَانَ عَذَابِيْ وَنُذُرِ اس کی ترکیب اوپر والی آیت میں گزر چکی ہے۔

وَلَقَدْ يَسَّرْنَا الْقُرْاٰنَ لِلذِّكْرِ فَهَلْ مِنْ مُّدَّكِرٍ ۝

آیت نمبر ۲۲: وَلَقَدْ يَسَّرْنَا الْقُرْاٰنَ لِلذِّكْرِ فَهَلْ مِنْ مُّدَّكِرٍ اس کی ترکیب اوپر والی آیت میں گزر چکی ہے۔

❁ رکوع نمبر ۲ ❁

كَذَّبَتْ ثَمُوْدُ بِالنُّذُرِ ۝ فَقَالُوْٓا اَبَشَرًا مِّنَّا وَاحِدًا نَّتَّبِعُهٗٓ ۙ اِنَّآ اِذًا لَّفِيْ ضَلٰلٍ وَّسُعُرٍ ۝

آیت نمبر ۲۳، ۲۴: كَذَّبَتْ فعل ثَمُوْدُ فاعل بِالنُّذُرِ متعلق سے مل کر معطوف علیہ علاوہ عاطفہ فَقَالُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر قول، ھمزہ استفہامیہ بَشَرًا موصوف مِّنَّا كَائِنًا کے متعلق ہو کر حال مقدم، وَاحِدًا ذوالحال مؤخر ذوالحال باحال صفت، موصوف باصفت فعل محذوف نَتَّبِعُ کا مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ مفسر، نَتَّبِعُ فعل نَحْنُ مستتر فاعل ہٗ ضمیر مفعول بہ سے مل کر مفسِّر، مفسِّر بامفسَّر جملہ انشائیہ مقولہ، قول باقول معطوف، معطوف علیہ باعطوف جملہ مستانفہ ہوا۔ اِنَّ حرف تحقیق نَا ضمیر اسم لام مذ حلقہ فِیْ جار ومجرور ضَلٰلٍ وَّسُعُرٍ مرکب توصیفی مجرور، جار باامجرور كَائِنُوْنَ کے متعلق، كَائِنُوْنَ اسم فاعل ھُمْ مستتر فاعل اِذًا مفعول فیہ مقدم سے مل کر خبر اِنَّ باسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

ءَاُلْقِيَ الذِّكْرُ عَلَيْهِ مِنْۢ بَيْنِنَا بَلْ هُوَ كَذَّابٌ اَشِرٌ ۝

آیت نمبر ۲۵: ھمزہ استفہامیہ اُلْقِيَ فعل مجہول الذِّكْرُ نائب فاعل عَلَيْهِ جار ومجرور ضمیر ذوالحال مِنْۢ بَيْنِنَا كَائِنًا کے متعلق ہو کر حال ذوالحال باحال مجرور، جار باامجرور متعلق ہوئے، فعل مجہول بانائب فاعل ومتعلق جملہ انشائیہ استفہامیہ ہوا۔ بَلْ عاطفہ ھُوَ ضمیر مبتدا، كَذَّابٌ اَشِرٌ مرکب توصیفی خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

سَيَعْلَمُوْنَ غَدًا مَّنِ الْكَذَّابُ الْاَشِرُ ۝

آیت نمبر ۲۶: سِیْن علامت فعل، يَعْلَمُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل غَدًا مفعول فیہ مَنْ استفہامیہ مبتدا الْكَذَّابُ الْاَشِرُ مرکب توصیفی خبر، مبتدا باخبر يَعْلَمُوْنَ کے دو مفعول کے قائم مقام، فعل بافاعل ومفاعیل ثلاثہ مقولہ ہوا قَالَ اللّٰهُ قول محذوف کا، قول باقولہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

إِنَّا مُرْسِلُوا النَّاقَةِ فِتْنَةً لَّهُمْ فَارْتَقِبْهُمْ وَاصْطَبِرْ ﴿۲۷﴾

آیت نمبر ۲۷: اِنَّ حرف تحقیق نَا ضمیر اس کا اسم مُرْسِلُوا اسم فاعل مضاف النَّاقَةِ مضاف الیہ معنًی مفعول بہ، فِتْنَةً موصول لَّهُمْ کائِنَةً کے متعلق ہو کر صفت، موصوف باصفت مفعول لہ، اسم فاعل مضاف باضاف الیہ ومفعول لہ سے مل کر خبر اِنَّ، اسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا فَاء فصیحہ اور شرط محذوف ہے اِذَا کَانَ الْاَمْرُ کَذٰلِکَ اِرْتَقِبْ فعل اَنْتَ مستتر فاعل هُمْ ضمیر مفعول بہ سے مل کر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اِصْطَبِرْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل سے مل کر معطوف، معطوف علیہ باعطوف جزاء ہے شرط محذوف کی، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

وَنَبِّئْهُمْ أَنَّ الْمَاءَ قِسْمَةٌ بَيْنَهُمْ ۖ كُلُّ شِرْبٍ مُّحْتَضَرٌ ﴿۲۸﴾

آیت نمبر ۲۸: واؤ عاطفہ نَبِّئْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل هُمْ ضمیر منصوب مفعول بہ اَنَّ حرف تحقیق الْمَآءَ اس کا اسم قِسْمَةٌ موصوف بَيْنَهُمْ مرکب اضافی کائِنَةٌ کا مفعول فیہ ہو کر صفت، موصوف باصفت خبر اَنَّ، اسم وخبر مفعول بہ قائل ثالث کی جگہ ہے، فعل، فاعل ومفعول ثلاثہ جملہ انشائیہ امریہ ہوا كُلُّ شِرْبٍ مرکب اضافی مبتدا مُحْتَضَرٌ خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

فَنَادَوْا صَاحِبَهُمْ فَتَعَاطَىٰ فَعَقَرَ ﴿۲۹﴾

آیت نمبر ۲۹: فَاء عاطفہ اور معطوف علیہ محذوف ہے فَعَتَوْا عَلٰی ذٰلِکَ نَادَوْا فعل باواؤ ضمیر فاعل صَاحِبَهُمْ مرکب اضافی مفعول بہ سے مل کر معطوف، فَاء عاطفہ تَعَاطٰی فعل هُوَ مستتر فاعل سے مل کر معطوف علیہ، فَاء عاطفہ عَقَرَ فعل هُوَ مستتر فاعل سے مل کر معطوف، معطوف علیہ باعطوف پھر معطوف علیٰ معطوف علیہ باعطوف تین جملہ معطوفہ ہوا۔

فَكَيْفَ كَانَ عَذَابِي وَنُذُرِ ﴿۳۰﴾

آیت نمبر ۳۰: فَكَيْفَ كَانَ عَذَابِيْ وَنُذُرِ اس کی ترکیب اوپر والی آیت میں گزر چکی ہے۔

إِنَّا أَرْسَلْنَا عَلَيْهِمْ صَيْحَةً وَاحِدَةً فَكَانُوا كَهَشِيمِ الْمُحْتَظِرِ ﴿۳۱﴾

آیت نمبر ۳۱: اِنَّ حرف تحقیق نَا ضمیر اس کا اسم اَرْسَلْنَا فعل نَا ضمیر فاعل عَلَيْهِمْ جار ومجرور متعلق ہوئے صَيْحَةً وَاحِدَةً مرکب توصیفی مفعول بہ، فعل باعامل ومتعلق ومفعول بہ معطوف علیہ، فَاء عاطفہ كَانُوْا فعل ناقص واؤ ضمیر اس کا اسم کاف جار هَشِيْمِ الْمُحْتَظِرِ مرکب اضافی مجرور، جار ومجرور كَائِنِيْنَ کے متعلق ہو کر خبر، فعل ناقص باسم وخبر معطوف، معطوف علیہ باعطوف اِنَّ کی خبر اِنَّ، اسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

وَلَقَدْ يَسَّرْنَا الْقُرْآنَ لِلذِّكْرِ فَهَلْ مِن مُّدَّكِرٍ ﴿۳۲﴾

آیت نمبر ۳۲: وَلَقَدْ يَسَّرْنَا الْقُرْاٰنَ لِلذِّكْرِ فَهَلْ مِنْ مُّدَّكِرٍ اس کی ترکیب اوپر گزر چکی ہے۔

كَذَّبَتْ قَوْمُ لُوطٍ بِالنُّذُرِ ﴿۳۳﴾

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

آیت نمبر ۳۳: كَذَّبَتْ فعل قَوْمُ نُوْحٍ مرکب اضافی فاعل بِالنُّذُرِ متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

اِنَّاۤ اَرْسَلْنَا عَلَيْهِمْ حَاصِبًا اِلَّاۤ اٰلَ لُوْطٍ ؕ نَجَّيْنٰهُمْ بِسَحَرٍ ۙ﴿۳۴﴾ نِّعْمَةً مِّنْ عِنْدِنَا ؕ كَذٰلِكَ نَجْزِيْ مَنْ شَكَرَ ﴿۳۵﴾

آیت نمبر ۳۴،۳۵: اِنَّ حرف تحقیق نَا ضمیر اس کا اسم علی جارہ ھِمْ ضمیر مستثنیٰ منہ بِاَلَّا حرف استثنا اٰلَ لُوْطٍ مرکب اضافی مستثنیٰ، مستثنیٰ منہ با مستثنیٰ مجرور، جار با مجرور متعلق اور حَاصِبًا مفعول بہ، فعل با فاعل و متعلق و مفعول بہ خبر اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ نَجَّيْنَا فعل نَا ضمیر فاعل هُمْ ضمیر مفعول بہ بِسَحَرٍ جار با مجرور متعلق ہوئے نِعْمَةً موصوف مِنْ عِنْدِنَا كَائِنَةً کے متعلق ہو کر صفت، موصوف با صفت مفعول لہ، فعل با فاعل و مفعول بہ و متعلق و مفعول لہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ كَذٰلِكَ ظرف مستقر كَائِنًا کے متعلق ہو کر بواسطہ موصوف محذوف جَزَآءً کے مفعول مطلق مقدم، نَجْزِيْ فعل نَحْنُ مستتر فاعل مَنْ اسم موصول شَكَرَ فعل با هُوَ مستتر فاعل صلہ، موصول با صلہ مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ و مفعول مطلق جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

وَلَقَدْ اَنْذَرَهُمْ بَطْشَتَنَا فَتَمَارَوْا بِالنُّذُرِ ﴿۳۶﴾

آیت نمبر ۳۶: وَاؤ استیناف لَامِ موطئہ للقسم اور قسم محذوف ہے قَدْ علامت فعل، اَنْذَرَ فعل هُوَ مستتر فاعل هُمْ ضمیر مفعول بہ اوّل بَطْشَتَنَا مرکب اضافی مفعول بہ ثانی، فعل و فاعل و مفعول لہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، فَاۤ عاطفہ تَمَارَوْا فعل وَاؤ ضمیر فاعل بِالنُّذُرِ متعلق سے مل کر معطوف، معطوف علیہ با معطوف جواب قسم، قسم با جواب قسم جملہ قسمیہ ہوا۔

وَلَقَدْ رَاوَدُوْهُ عَنْ ضَيْفِهٖ فَطَمَسْنَاۤ اَعْيُنَهُمْ فَذُوْقُوْا عَذَابِيْ وَنُذُرِ ﴿۳۷﴾

آیت نمبر ۳۷: وَاؤ عاطفہ لَامِ موطئہ للقسم اور قسم محذوف ہے قَدْ علامت فعل، رَاوَدُوْا فعل وَاؤ ضمیر فاعل هُ ضمیر مفعول بہ عَنْ ضَيْفِهٖ متعلق سے مل کر معطوف علیہ، فَاۤ عاطفہ طَمَسْنَا فعل نَا ضمیر فاعل اَعْيُنَهُمْ مرکب اضافی مفعول بہ سے مل کر معطوف اوّل، فَاۤ فصیحہ اور شرط محذوف ہے اِنْ اَصْرَرْتُمْ عَلَى الْكُفْرِ، ذُوْقُوْا فعل امر واؤ ضمیر فاعل عَذَابِيْ وَنُذُرِ معطوف علیہ با معطوف مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ جزاء شرط محذوف با جزاء مقول ہوا قول محذوف قُلْنَا لَهُمْ کا، قُوْلٌ با مقولہ معطوف ثانی، معطوف علیہ با معطوفین جواب قسم، قسم با جواب قسم جملہ انشائیہ قسمیہ ہوا۔

وَلَقَدْ صَبَّحَهُمْ بُكْرَةً عَذَابٌ مُّسْتَقِرٌّ ﴿۳۸﴾

آیت نمبر ۳۸: وَاؤ عاطفہ لَامِ موطئہ للقسم اور قسم محذوف ہے قَدْ علامت فعل صَبَّحَ فعل هُمْ ضمیر مفعول بہ بُكْرَةً مفعول فیہ عَذَابٌ مُّسْتَقِرٌّ مرکب توصیفی فاعل سے مل کر جواب قسم، قسم با جواب قسم جملہ انشائیہ قسمیہ ہوا۔

فَذُوْقُوْا عَذَابِيْ وَنُذُرِ ﴿۳۹﴾

آیت نمبر ۳۹: فَاۤ فصیحہ اور اس کی شرط محذوف ہے اِذَا كَانَ الْاَمْرُ كَذٰلِكَ ذُوْقُوْا فعل امر واؤ ضمیر فاعل عَذَابِيْ وَنُذُرِ معطوف علیہ با معطوف مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ انشائیہ امریہ جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

وَلَقَدْ يَسَّرْنَا الْقُرْاٰنَ لِلذِّكْرِ فَهَلْ مِنْ مُّدَّكِرٍ ﴿۲۲﴾

آیت نمبر ۲۲: وَلَقَدْ يَسَّرْنَا الْقُرْاٰنَ لِلذِّكْرِ فَهَلْ مِنْ مُّدَّكِرٍ اس کی ترکیب اوپر گزر چکی ہے۔

❁ رکوع نمبر ۲ ❁

وَلَقَدْ جَآءَ اٰلَ فِرْعَوْنَ النُّذُرُ ﴿۲۳﴾

آیت نمبر ۲۳: واؤ استینافیہ لام موطئہ للقسم اور قسم محذوف ہے قَدْ علامت فعل جَآءَ فعل اٰلَ فِرْعَوْنَ مرکب اضافی مفعول بہ مقدم اور النُّذُرُ فاعل مؤخر سے مل کر جواب قسم قسم بامع جواب قسم جملہ انشائیہ قسمیہ ہوا۔

كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا كُلِّهَا فَاَخَذْنٰهُمْ اَخْذَ عَزِيْزٍ مُّقْتَدِرٍ ﴿۲۴﴾

آیت نمبر ۲۴: كَذَّبُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل بآیاتہ جارہ اٰيٰتِنَا مرکب اضافی مؤکد كُلِّهَا مرکب اضافی تاکید مؤکد باتاکید مجرور، جار مجرور متعلق ہوئے، فعل بافاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ فاء عاطفہ اَخَذْنٰهُمْ فعل نا ضمیر فاعل هُمْ ضمیر مفعول بہ مأخذ مضاف عَزِيْزٍ مُّقْتَدِرٍ مرکب توصیفی مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ مفعول مطلق، فعل بافاعل و مفعول بہ و مفعول مطلق معطوف، معطوف علیہ بامعطوف جملہ مستانفہ ہوا۔

اَكُفَّارُكُمْ خَيْرٌ مِّنْ اُولٰٓئِكُمْ اَمْ لَكُمْ بَرَآءَةٌ فِي الزُّبُرِ ﴿۴۳﴾

آیت نمبر ۴۳: ھمزہ استفہامیہ كُفَّارُكُمْ مرکب اضافی مبتدا خَيْرٌ اسم تفضیل هُمْ مستتر فاعل مِّنْ اُولٰٓئِكُمْ متعلق سے مل کر شبہ جملہ ہو کر خبر، مبتدا بامع خبر معطوف علیہ اَمْ عاطفہ لَكُمْ كَائِنَةٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم بَرَآءَةٌ موصوف فِي الزُّبُرِ كَائِنَةٌ کے متعلق ہو کر صفت، موصوف بامع صفت مبتدا مؤخر، مبتدا بامع خبر معطوف، معطوف علیہ بامعطوف جملہ مستانفہ انشائیہ ہوا۔

اَمْ يَقُوْلُوْنَ نَحْنُ جَمِيْعٌ مُّنْتَصِرٌ ﴿۴۴﴾

آیت نمبر ۴۴: اَمْ متصل يَقُوْلُوْنَ فعل باواؤ ضمیر فاعل قول نَحْنُ ضمیر مبتدا جَمِيْعٌ موصوف مُّنْتَصِرٌ صفت، موصوف بامع صفت خبر، مبتدا بامع خبر مقولہ، قول بامقولہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

سَيُهْزَمُ الْجَمْعُ وَيُوَلُّوْنَ الدُّبُرَ ﴿۴۵﴾

آیت نمبر ۴۵: سین علامت فعل يُهْزَمُ فعل مجہول الْجَمْعُ نائب فاعل سے مل کر معطوف علیہ واؤ عاطفہ يُوَلُّوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل الدُّبُرَ مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف جملہ مستانفہ ہوا۔

بَلِ السَّاعَةُ مَوْعِدُهُمْ وَالسَّاعَةُ اَدْهٰى وَاَمَرُّ ﴿۴۶﴾

آیت نمبر ۴۶: بَلْ عاطفہ السَّاعَةُ مبتدا مَوْعِدُهُمْ مرکب اضافی خبر، مبتدا بامع خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا واؤ استینافیہ السَّاعَةُ مبتدا اَدْهٰى اسم تفضیل ہی ضمیر فاعل معطوف علیہ واؤ عاطفہ اَمَرُّ اسم تفضیل ہی ضمیر فاعل معطوف، معطوف علیہ بامعطوف خبر، مبتدا بامع خبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

إِنَّ الْمُجْرِمِيْنَ فِيْ ضَلٰلٍ وَّ سُعُرٍ ۝

آیت نمبر ۴۷: اِنَّ حرف تحقیق اَلْمُجْرِمِيْنَ اس کا اسم فِيْ جارہ ضَلٰلٍ وَّسُعُرٍ معطوف علیہ با معطوف مجرور مجرور با جار اور كَائِنُوْنَ کے متعلق ہو کر خبر اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

يَوْمَ يُسْحَبُوْنَ فِي النَّارِ عَلٰى وُجُوْهِهِمْ ؕ ذُوْقُوْا مَسَّ سَقَرَ ۝

آیت نمبر ۴۸: يَوْمَ مضاف يُسْحَبُوْنَ فعل مجہول واؤ ضمیر نائب فاعل فِي النَّارِ جار با مجرور متعلق ہوئے عَلٰى وُجُوْهِهِمْ كَائِنِيْنَ کے متعلق ہو کر نائب فاعل سے حال ہے، فعل مجہول با نائب فاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ مضاف الیہ، مضاف با مضاف الیہ مقول لہ ہوا فعل محذوف يُقَالُ لَهُمْ کا، يُقَالُ فعل مجہول اپنے مستتر نائب فاعل و متعلق و مقول فیہ سے مل کر قول ذُوْقُوْا فعل امر واؤ ضمیر فاعل مَسَّ سَقَرَ مرکب اضافی مفعول بہ سے مل کر مقولہ، قول با مقولہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

اِنَّا كُلَّ شَيْءٍ خَلَقْنٰهُ بِقَدَرٍ ۝

آیت نمبر ۴۹: اِنَّ حرف تحقیق نَا ضمیر اس کا اسم كُلَّ شَيْءٍ مرکب اضافی مفعول بہ فعل محذوف خَلَقْنَا کا، خَلَقْنَا فعل با فاعل و مفعول بہ مفسر، خَلَقْنَا فعل نَا ضمیر فاعل هُ ضمیر ذوالحال بِقَدَرٍ كَائِنًا کے متعلق ہو کر حال ذوالحال با حال مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ مفسر، مفسر با مفسر اِنَّ کی خبر اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

وَمَآ اَمْرُنَآ اِلَّا وَاحِدَةٌ كَلَمْحٍ بِالْبَصَرِ ۝

آیت نمبر ۵۰: واؤ عاطفہ مَا نافیہ اَمْرُنَا مرکب اضافی مبتدا اِلَّا حرف استثناء لغو وَاحِدَةٌ بواسطہ موصوف محذوف اَمْرَةٌ کے خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا کاف جارہ لَمْحٍ مصدر بِالْبَصَرِ مصدر کے متعلق، مصدر با متعلق مجرور، جار با مجرور كَائِنَةٌ کے متعلق ہو کر اَمْرَةٌ کی صفت ثانیہ ہے۔

وَلَقَدْ اَهْلَكْنَآ اَشْيَاعَكُمْ فَهَلْ مِنْ مُّدَّكِرٍ ۝

آیت نمبر ۵۱: واؤ استینافیہ لَامِ موطئہ للقسم اور قسم محذوف ہے قَدْ علامت فعل اَهْلَكْنَا فعل نَا ضمیر فاعل اَشْيَاعَكُمْ مرکب اضافی مفعول بہ سے مل کر جواب قسم ہے، قسم با جواب قسم جملہ انشائیہ ہوا فَاء فصیحہ اور شرط محذوف ہے اِذَا كَانَتْ قِصَّةُ اِهْلَاكِ اَشْيَاعِكُمْ اٰيَةً، هَلْ استفہامیہ مِنْ جارہ زائدہ مُدَّكِرٍ مجرور لفظاً مرفوع مبتدا خبر محذوف ہے مَوْجُوْدٌ، مبتدا با خبر جزاء شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

وَكُلُّ شَيْءٍ فَعَلُوْهُ فِي الزُّبُرِ ۝

آیت نمبر ۵۲: واؤ عاطفہ كُلُّ شَيْءٍ موصوف فَعَلُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل هُ ضمیر مفعول بہ سے مل کر صفت، موصوف با صفت مبتدا فِي الزُّبُرِ كَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

وَكُلُّ صَغِيْرٍ وَّكَبِيْرٍ مُّسْتَطَرٌ ﴿۵۳﴾

آیت نمبر ۵۳: واؤ عاطفہ كُلُّ مضاف صَغِيْرٍ وَّكَبِيْرٍ معطوف علیہ معطوف مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ مبتدا مُّسْتَطَرٌ خبر، مبتدا بامخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

اِنَّ الْمُتَّقِيْنَ فِيْ جَنّٰتٍ وَّنَهَرٍ ﴿۵۴﴾ فِيْ مَقْعَدِ صِدْقٍ عِنْدَ مَلِيْكٍ مُّقْتَدِرٍ ﴿۵۵﴾

آیت نمبر ۵۴،۵۵: اِنَّ حرف مشبہ بالفعل الْمُتَّقِيْنَ اِنَّ کا اسم فِيْ جار مجرور جَنّٰتٍ وَّنَهَرٍ معطوف علیہ معطوف مجرور، جار بامجرور مبدل منہ فِيْ جار مجرور مَقْعَدِ صِدْقٍ مرکب اضافی مجرور، جار بامجرور بدل، مبدل منہ بدل كَائِنُوْنَ کے متعلق ہو کر اِنَّ کی خبر، اِنَّ باسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا عِنْدَ مضاف مَلِيْكٍ موصوف مُّقْتَدِرٍ صفت، موصوف بامضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ كَائِنُوْنَ کے متعلق ہو کر مَقْعَدِ صِدْقٍ کی صفت ہے۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

ترکیب سورۃ الرحمٰن

رکوع نمبر ۱

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝ اَلرَّحْمٰنُ ۝ عَلَّمَ الْقُرْاٰنَ ۝ خَلَقَ الْاِنْسَانَ ۝ عَلَّمَهُ الْبَيَانَ ۝

آیت نمبر ۱، ۲، ۳، ۴: اَلرَّحْمٰنُ مبتدا، عَلَّمَ فعل ھُوَ مستتر فاعل الْقُرْاٰنَ مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ خبر اول، خَلَقَ فعل ھُوَ مستتر فاعل الْاِنْسَانَ مفعول بہ سے مل کر خبر ثانی، عَلَّمَ فعل ھُوَ مستتر فاعل ہٗ ضمیر مفعول بہ اول، الْبَيَانَ مفعول بہ ثانی سے مل کر خبر ثالث، مبتدا باخبار ثلاثہ جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

اَلشَّمْسُ وَالْقَمَرُ بِحُسْبَانٍ ۝

آیت نمبر ۵: اَلشَّمْسُ وَالْقَمَرُ معطوف علیہ با معطوف مبتدا بِحُسْبَانٍ جار با مجرور دونوں کے متعلق ہو کر خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

وَالنَّجْمُ وَالشَّجَرُ يَسْجُدٰنِ ۝

آیت نمبر ۶: واؤ عاطفہ النَّجْمُ وَالشَّجَرُ معطوف علیہ با معطوف مبتدا يَسْجُدٰنِ فعل الف ضمیر فاعل سے مل کر خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

وَالسَّمَآءَ رَفَعَهَا وَوَضَعَ الْمِيْزَانَ ۝ اَلَّا تَطْغَوْا فِي الْمِيْزَانِ ۝

آیت نمبر ۷، ۸: واؤ عاطفہ السَّمَآءَ مفعول بہ فعل محذوف رَفَعَ کا رَفَعَ فعل ھُوَ مستتر فاعل مفعول بہ سے مل کر مفسر، رَفَعَ فعل ھُوَ مستتر فاعل هَا ضمیر مفعول بہ سے مل کر مفسر، مفسر با مفسر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ وَضَعَ فعل ھُوَ مستتر فاعل الْمِيْزَانَ مفعول بہ، اَنْ ناصبہ لَا تَطْغَوْا فعل واؤ ضمیر فاعل فِي الْمِيْزَانِ متعلق سے مل کر تاویل مصدر محلاً منصوب مفعول لہ، فعل با فاعل و مفعول بہ و مفعول لہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ معطوفہ ہوا۔

وَاَقِيْمُوا الْوَزْنَ بِالْقِسْطِ وَلَا تُخْسِرُوا الْمِيْزَانَ ۝

آیت نمبر ۹: واؤ اعتراضیہ اَقِيْمُوا فعل واؤ ضمیر فاعل الْوَزْنَ ذوالحال بِالْقِسْطِ ظرف مستقر مُسْتَقِيْمًا سے متعلق ہو کر حال، ذوالحال باحال مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لَا تُخْسِرُوا فعل نہی واؤ ضمیر فاعل الْمِيْزَانَ مفعول بہ سے مل کر معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ معترضہ ہوا۔

وَالْاَرْضَ وَضَعَهَا لِلْاَنَامِ ۝ فِيْهَا فَاكِهَةٌ ۙ وَّالنَّخْلُ ذَاتُ الْاَكْمَامِ ۝ وَالْحَبُّ ذُو الْعَصْفِ وَالرَّيْحَانُ ۝

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

آیت نمبر ۱۰: وَالْاَرْضَ مفعول بہ فعل محذوف وَضَعَ کا، وَضَعَ فعل هُوَ مستتر فاعل اور مفعول بہ سے مل کر مفسّر، وَضَعَ فعل هُوَ مستتر فاعل هَا ضمیر ذوالحال، فِيْهَا كَائِنَةً کے متعلق ہو کر خبر مقدم فَاكِهَةٌ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ النَّخْلُ موصوف ذَاتُ الْاَكْمَامِ مرکب اضافی صفت، موصوف باصفت معطوف اوّل ہوا واؤ عاطفہ الْحَبُّ موصوف ذُو الْعَصْفِ مرکب اضافی صفت، موصوف باصفت معطوف ثانی ہوا واؤ عاطفہ الرَّيْحَانُ معطوف ہوا، معطوف علیہ با معطوفات ثلاثہ مبتدا مؤخر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ حال ذوالحال ہا حال وَضَعَ کا مفعول بہ، لِلْاَنَامِ جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل با فاعل و مفعول بہ، متعلق مفسّر، مفسّر با مفسّر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف ہوا۔

فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿۱۳﴾

آیت نمبر ۱۳: فَبِاَيِّ فاء فصیحہ اور اس کی شرط محذوف ہے اِذَا كَانَ الْاَمْرُ كَذٰلِكَ، بِاَيِّ جارہ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور متعلق مقدم تُكَذِّبٰنِ فعل الف ضمیر فاعل و متعلق سے مل کر جزاء شرط با مجرور جملہ شرطیہ ہوا۔

خَلَقَ الْاِنْسَانَ مِنْ صَلْصَالٍ كَالْفَخَّارِ ﴿۱۴﴾ وَخَلَقَ الْجَآنَّ مِنْ مَّارِجٍ مِّنْ نَّارٍ ﴿۱۵﴾

آیت نمبر ۱۴،۱۵: خَلَقَ فعل هُوَ مستتر فاعل الْاِنْسَانَ مفعول بہ مِنْ جارہ صَلْصَالٍ موصوف كَالْفَخَّارِ جار با مجرور كَائِنٍ کے متعلق ہو کر صفت، موصوف باصفت مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل با فاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ خَلَقَ فعل هُوَ مستتر فاعل الْجَآنَّ مفعول بہ مِنْ جارہ مَارِجٍ موصوف مِنْ نَّارٍ ظرف مستقر كَائِنٍ کے متعلق ہو کر صفت، موصوف باصفت مجرور، جار با مجرور متعلق، فعل با فاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ مستانفہ ہوا۔

فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿۱۶﴾

آیت نمبر ۱۶: فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ اس کی ترکیب اوپر گزر چکی ہے۔

رَبُّ الْمَشْرِقَيْنِ وَرَبُّ الْمَغْرِبَيْنِ ﴿۱۷﴾

آیت نمبر ۱۷: رَبُّ مضاف الْمَشْرِقَيْنِ مضاف الیہ سے مل کر معطوف علیہ ہوا واؤ عاطفہ رَبُّ الْمَغْرِبَيْنِ مرکب اضافی معطوف، معطوف علیہ با معطوف خبر ہے مبتدا محذوف هُوَ کی، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿۱۸﴾

آیت نمبر ۱۸: فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ اس کی ترکیب اوپر گزر چکی ہے۔

مَرَجَ الْبَحْرَيْنِ يَلْتَقِيٰنِ ﴿۱۹﴾ بَيْنَهُمَا بَرْزَخٌ لَّا يَبْغِيٰنِ ﴿۲۰﴾

آیت نمبر ۱۹،۲۰: مَرَجَ فعل هُوَ مستتر فاعل الْبَحْرَيْنِ ذوالحال يَلْتَقِيٰنِ فعل الف ضمیر ذوالحال بَيْنَهُمَا ظرف مستقر كَائِنٌ کا مفعول لیہ ہو کر خبر مقدم بَرْزَخٌ موصوف لَّا يَبْغِيٰنِ فعل الف ضمیر فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ صفت، موصوف باصفت مبتدا مؤخر، مبتدا با خبر حال ذوالحال ہا حال يَلْتَقِيٰنِ کا فاعل، فعل با فاعل حال ذوالحال ہا حال مَرَجَ کا مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿۲۱﴾

آیت نمبر ۲۱: فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ اس کی ترکیب اوپر گزر چکی ہے۔

یَخْرُجُ مِنْهُمَا اللُّؤْلُؤُ وَ الْمَرْجَانُ ﴿۲۲﴾

آیت نمبر ۲۲: یَخْرُجُ فعل مِنْهُمَا متعلق اللُّؤْلُؤُ وَالْمَرْجَانُ معطوف علیہ یا معطوف فاعل، فعل بافاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿۲۳﴾

آیت نمبر ۲۳: فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ اس کی ترکیب اوپر گزر چکی ہے۔

وَلَهُ الْجَوَارِ الْمُنْشَـَٔاتُ فِی الْبَحْرِ كَالْاَعْلَامِ ﴿۲۴﴾

آیت نمبر ۲۴: واؤ استینافیہ لَهُ ظرف مستقر كَائِنَةٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم الْجَوَارِ موصوف الْمُنْشَـَٔاتُ اسم مفعول جمع مستتر نائب فاعل فِی الْبَحْرِ متعلق سے مل کر شبہ جملہ ہو کر صفت، موصوف باصفت ذوالحال كَالْاَعْلَامِ ظرف مستقر كَائِنَةٌ کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال باحال مبتدا مؤخر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿۲۵﴾

آیت نمبر ۴: اِنَّ حرف مشبہ بالفعل اللّٰهَ اسم يُحِبُّ فعل هُوَ مستتر فاعل الَّذِيْنَ اسم موصول يُقَاتِلُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل صَفًّا بمعنی صَافِّيْنَ حال، اگر كَاَنَّ حرف تشبیہ هُمْ ضمیر منصوب اسم بُنْيَانٌ مَّرْصُوْصٌ مرکب توصیفی خبر مگر كَاَنَّ با اسم و خبر حال دوم ذوالحال ہا ضمائر فاعل فِيْ سَبِيْلِهٖ ظرف لغو متعلق ہوئے، فعل با فاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول باصلہ يُحِبُّ کا مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ خبر اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

وَ اِذْ قَالَ مُوْسٰى لِقَوْمِهٖ يٰقَوْمِ لِمَ تُؤْذُوْنَنِيْ وَ قَدْ تَّعْلَمُوْنَ اَنِّيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ اِلَيْكُمْ ؕ فَلَمَّا زَاغُوْۤا اَزَاغَ اللّٰهُ قُلُوْبَهُمْ ؕ وَ اللّٰهُ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الْفٰسِقِيْنَ ۝

آیت نمبر ۵: واؤ استیناف اِذْ مضاف قَالَ فعل مُوْسٰى فاعل لِقَوْمِهٖ متعلق سے مل کر قول ہوا، يٰقَوْمِ دراصل يَا قَوْمِيْ ہے یا کلمہ حرف ندا اُدْعُوْا کے قائم مقام، اُدْعُوْا فعل اَنَا مستتر فاعل، قَوْمِيْ مرکب اضافی منصوب تقدیراً مفعول بہ سے مل کر ندا، یہ جملہ دراصل اِنِّيْ ہے، جار با مجرور متعلق مقدم ہوئے تُؤْذُوْنَ فعل واؤ ضمیر ذوالحال واؤ حالیہ قَدْ علامت فعل، تَعْلَمُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل اَنَّ حرف تحقیق یاء ضمیر منصوب اس کا اسم رَسُوْلُ بمعنی مُرْسَلٌ اسم مفعول مضاف اَللّٰهِ مضاف الیہ اور اِلَيْكُمْ متعلق سے مل کر خبر اَنَّ با اسم و خبر جملہ

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

اسمیہ خبریہ تَعْلَمُوْنَ کے دو مفعول بہ کے قائم مقام، فعل باقاعل و مفعولین حال ذوالحال باحال یَؤْذُوْنَ کا فاعل نون وقایہ کا یاء ضمیر منصوب مفعول بہ، فعل باقاعل و مفعول بہ و متعلق مقدم جملہ استفہامیہ انشائیہ جواب ندا، ندا باجواب ندا مقولہ، قول بامقولہ مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ مفعول فیہ ہوا فعل محذوف اُذْکُرْ کا، اُذْکُرْ فعل باآنت مستتر فاعل و مفعول فیہ جملہ انشائیہ ہوا فَاء استینافیہ لَمَّا جازمہ شرطیہ زَاغُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر شرط، اَزَاغَ فعل اَللّٰهُ فاعل قُلُوْبَهُمْ مرکب اضافی مفعول بہ سے مل کر جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا واؤ استینافیہ اَللّٰهُ مبتدا، لَا یَهْدِی فعل هُوَ مستتر فاعل اَلْقَوْمَ الْفٰسِقِیْنَ مرکب توصیفی مفعول بہ سے مل کر خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

وَاِذْ قَالَ عِیْسَى ابْنُ مَرْیَمَ یٰبَنِیْۤ اِسْرَآءِیْلَ اِنِّیْ رَسُوْلُ اللّٰهِ اِلَیْكُمْ مُّصَدِّقًا لِّمَا بَیْنَ یَدَیَّ مِنَ التَّوْرٰىةِ وَ مُبَشِّرًۢا بِرَسُوْلٍ یَّاْتِیْ مِنْۢ بَعْدِی اسْمُهٗۤ اَحْمَدُ ؕ فَلَمَّا جَآءَهُمْ بِالْبَیِّنٰتِ قَالُوْا هٰذَا سِحْرٌ مُّبِیْنٌ ۝

آیت نمبر ۶: واؤ استینافیہ اِذْ ظرف زمان مضاف قَالَ فعل عِیْسَى مبدل منہ ابْنُ مَرْیَمَ مرکب اضافی بدل، مبدل منہ بابدل فاعل، فعل باقاعل قول ہوا، یاء حرف ندا اُدْعُوْا فعل اَنَا مستتر فاعل بَنِیْۤ اِسْرَآءِیْلَ مرکب اضافی مفعول بہ سے مل کر ندا، اِنِّیْ حرف تحقیق یاء ضمیر اس کا اسم رَسُوْلُ بمعنی مُرْسَلُ مضاف اَللّٰهِ مضاف الیہ اِلَیْكُمْ متعلق، مضاف بامضاف الیہ و متعلق اِنَّ کی خبر، اِنَّ باسم و خبر جواب ندا، ندا باجواب ندا مقولہ، قول بامقولہ اِذْ کا مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ مفعول فیہ ہوا فعل محذوف اُذْکُرْ کا، اُذْکُرْ فعل باآنت مستتر فاعل و مفعول فیہ جملہ انشائیہ امریہ ہوا۔

مُّصَدِّقًا اسم فاعل آنَا مستتر فاعل لَا مجادہ مَا موصولہ بَیْنَ یَدَیَّ مرکب اضافی مفعول فیہ فعل محذوف ثَبَتَ کے، فعل باقاعل و مفعول فیہ صلہ، موصول باصلہ ذوالحال، مِنَ التَّوْرٰىةِ کَائِنًا کے متعلق ہو کر حال ذوالحال باحال مجرور، جار باجرور متعلق ہو کے مُصَدِّقًا کے اسم فاعل باقاعل و متعلق معطوف علیہ، واؤ عاطفہ مُبَشِّرًۢا اسم فاعل آنَا مستتر فاعل بِاء جارہ رَسُوْلٍ موصوف یَّاْتِیْ فعل هُوَ مستتر فاعل مِنْۢ بَعْدِی متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ صفت اولیٰ بِاسْمُهٗ مرکب اضافی مبتدا، اَحْمَدُ خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ صفت ثانیہ موصوف باصفتین مجرور، جار باجرور مُبَشِّرًۢا کے متعلق، اسم فاعل باقاعل و متعلق معطوف، معطوف علیہ باعطف حال ہوا رَسُوْلٌ بمعنی مُرْسَلٌ میں هُوَ ضمیر پوشیدہ سے فَاء استینافیہ لَمَّا شرطیہ مفعول فیہ مقدم جَآءَ فعل هُوَ مستتر فاعل هُمْ ضمیر منصوب مفعول بہ بِالْبَیِّنٰتِ متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ شرط، قَالُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر قول هٰذَا اسم مرفوع مبتدا سِحْرٌ مُّبِیْنٌ مرکب توصیفی خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ مقولہ، قول بامقولہ جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

وَمَنْ اَظْلَمُ مِمَّنِ افْتَرٰى عَلَى اللّٰهِ الْكَذِبَ وَ هُوَ یُدْعٰۤى اِلَى الْاِسْلَامِ ؕ وَ اللّٰهُ لَا یَهْدِی الْقَوْمَ الظّٰلِمِیْنَ ۝

آیت نمبر ۷: واؤ استینافیہ مَنْ استفہامیہ مبتدا اَظْلَمُ اسم تفضیل هُوَ مستتر فاعل مِنْ جارہ مَنْ موصولہ اِفْتَرٰى فعل هُوَ مستتر

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

ذوالحال واؤ حالیہ ھُوَ ضمیر مبتدا اَیْدِیْ فی محل جر مضاف ھُوَ ضمیر نائب فاعل اِلَی الْاِسْلَامِ متعلق سے مل کر خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر حال، ذوالحال با حال اِفْتَرٰی کا فاعل عَلَی اللّٰهِ جار با مجرور متعلق ہوئے الْكَذِبَ مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول با صلہ مجرور، جار با مجرور متعلق اسم تفضیل با عمل و متعلق شبہ جملہ ہو کر خبر، مبتدا با خبر جملہ انشائیہ استفہامیہ ہوا واؤ استیناف اَللّٰهُ مبتدا لَا یَهْدِی فعل هُوَ مستتر فاعل الْقَوْمَ الظّٰلِمِیْنَ مرکب توصیفی مفعول بہ سے مل کر خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا

یُرِیْدُوْنَ لِیُطْفِـُٔوْا نُوْرَ اللّٰهِ بِاَفْوَاهِهِمْ وَ اللّٰهُ مُتِمُّ نُوْرِهٖ وَ لَوْ كَرِهَ الْكٰفِرُوْنَ ۝۸

آیت نمبر ۸: یُرِیْدُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل لام مقدر ہے یہاں اَنْ مقدر ہے یُطْفِـُٔوْا فعل واؤ ضمیر فاعل نُوْرَ اللّٰهِ مرکب اضافی مفعول بہ، بِاَفْوَاهِهِمْ جار با مجرور متعلق ہوئے فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر تاویل مصدر مجرور ہو کر لِ سے مل کر مفعول لہ، فعل با فاعل و مفعول لہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا واؤ حالیہ اَللّٰهُ مبتدا مُتِمُّ نُوْرِهٖ مرکب اضافی خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر حال اول ہوا واؤ حالیہ لَوْ شرطیہ كَرِهَ فعل الْكٰفِرُوْنَ فاعل سے مل کر شرط اور جزاء محذوف ہے اَللّٰهُ مُتِمُّ نُوْرِهٖ شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہو کر حال دوم ہوا حال با حالین یُطْفِـُٔوْا کا مفعول بہ بِاَفْوَاهِهِمْ جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر تاویل مصدر یُرِیْدُوْنَ کا مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا

هُوَ الَّذِیْۤ اَرْسَلَ رَسُوْلَهٗ بِالْهُدٰى وَ دِیْنِ الْحَقِّ لِیُظْهِرَهٗ عَلَى الدِّیْنِ كُلِّهٖ وَ لَوْ كَرِهَ الْمُشْرِكُوْنَ ۝۹

آیت نمبر ۹: هُوَ ضمیر مبتدا الَّذِیْۤ اسم موصول اَرْسَلَ فعل هُوَ مستتر فاعل رَسُوْلَهٗ مرکب اضافی مفعول بہ، بِالْهُدٰى جار با مجرور وَ دِیْنِ الْحَقِّ معطوف علیہ با معطوف مجرور، جار با مجرور مُتَلَبِّسًا متعلق ہو کر اَرْسَلَ کے فاعل یا مفعول بہ سے حال ہے۔ لَا۔ جار با مجرور لِیُظْهِرَهٗ فعل هُوَ مستتر فاعل هٗ ضمیر منصوب مفعول بہ عَلَى جار با مجرور الدِّیْنِ كُلِّهٖ مؤکد با تاکید مجرور، جار با مجرور متعلق، فعل با فاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ تاویل مصدر مجرور، جار با مجرور متعلق اَرْسَلَ فعل با فاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول با صلہ خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا واؤ حالیہ لَوْ شرطیہ كَرِهَ فعل الْمُشْرِكُوْنَ فاعل سے مل کر شرط، اور جزاء محذوف ہے اَظْهَرَهُ اللّٰهُ الدِّیْنَ، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہو کر لِیُظْهِرَهٗ کے مفعول بہ سے حال ہے۔

❁ رکوع نمبر ۲ ❁

یٰۤاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا هَلْ اَدُلُّكُمْ عَلٰى تِجَارَةٍ تُنْجِیْكُمْ مِّنْ عَذَابٍ اَلِیْمٍ ۝۱۰

آیت نمبر ۱۰: یٰۤاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا اس کی ترکیب بہت مرتبہ گزر چکی ہے اور یہ ندا ہے هَلْ استفہامیہ اَدُلُّ فعل اَنَا مستتر فاعل کُمْ ضمیر مفعول بہ عَلٰی جار تِجَارَةٍ موصوف تُنْجِیْ فعل ہے مستتر فاعل کُمْ ضمیر مفعول بہ مِنْ جار عَذَابٍ اَلِیْمٍ مرکب توصیفی مجرور، جار با مجرور متعلق، فعل با فاعل و مفعول بہ، متعلق جملہ فعلیہ خبریہ صفت، موصوف با صفت مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے اَدُلُّ کے، فعل با فاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ انشائیہ طلبیہ استفہام با جواب بہ ندا، جملہ انشائیہ ندائیہ ہوا

تُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ وَ رَسُوْلِهٖ وَ تُجَاهِدُوْنَ فِیْ سَبِیْلِ اللّٰهِ بِاَمْوَالِكُمْ وَ اَنْفُسِكُمْ ؕ ذٰلِكُمْ خَیْرٌ لَّكُمْ اِنْ كُنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ۝۱۱

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

آیت نمبر ۱۱: تُؤْمِنُوْنَ فعل مضارع بمعنی امر واؤ ضمیر فاعل بِاللّٰهِ جار وَرَسُوْلِهٖ معطوف علیہ با معطوف مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل با فاعل و متعلق معطوف علیہ، واؤ عاطفہ تُجَاهِدُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل فِيْ جار سَبِيْلِ اللّٰهِ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور متعلق اول، بِاَمْوَالِكُمْ وَاَنْفُسِكُمْ معطوف علیہ با معطوف مجرور، جار با مجرور متعلق دوم، فعل با فاعل و متعلقین معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ مستانفہ ہوا ذٰلِكُمْ مبتدا خَيْرٌ اسم تفضیل هُوَ مستتر فاعل لَّكُمْ متعلق سے مل کر شبہ جملہ ہو کر خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ معطلہ ہوا اِنْ شرطیہ كُنْتُمْ فعل ناقص تُمْ ضمیر اس کا اسم تَعْلَمُوْنَ فعل با واؤ ضمیر فاعل خبر، فعل ناقص با اسم و خبر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر شرط، اور جزاء محذوف ہے اِفْعَلُوْهُ شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

يَغْفِرْ لَكُمْ ذُنُوْبَكُمْ وَيُدْخِلْكُمْ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ وَمَسٰكِنَ طَيِّبَةً فِيْ جَنّٰتِ عَدْنٍ ۭ ذٰلِكَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ ۝

آیت نمبر ۱۲: يَغْفِرْ فعل هُوَ مستتر فاعل لَّكُمْ متعلق ذُنُوْبَكُمْ مرکب اضافی مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ يُدْخِلْ فعل هُوَ مستتر فاعل كُمْ ضمیر منصوب مفعول بہ جَنّٰتٍ موصوف تَجْرِيْ فعل مِنْ تَحْتِهَا متعلق الْاَنْهٰرُ فاعل سے مل کر صفت، موصوف با صفت معطوف علیہ، واؤ عاطفہ مَسٰكِنَ موصوف طَيِّبَةً صفت اولیٰ، فِيْ جار جَنّٰتِ عَدْنٍ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور كَائِنَةً کے متعلق ہو کر صفت ثانیہ، موصوف با صفتین معطوف، معطوف علیہ با معطوف يُدْخِلْ کا مفعول فیہ، فعل با فاعل و مفعول فیہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف جزاء ہوئی شرط محذوف اِنْ تُؤْمِنُوْا وَتُجَاهِدُوْا... الخ کی، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہوا ذٰلِكَ اسم اشارہ، مبتدا الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ مرکب توصیفی خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

وَاُخْرٰى تُحِبُّوْنَهَا ۭ نَصْرٌ مِّنَ اللّٰهِ وَفَتْحٌ قَرِيْبٌ ۭ وَبَشِّرِ الْمُؤْمِنِيْنَ ۝

آیت نمبر ۱۳: واؤ عاطفہ اُخْرٰى موصوف تُحِبُّوْنَهَا فعل واؤ ضمیر فاعل هَا ضمیر منصوب مفعول بہ سے مل کر صفت، موصوف با صفت مبتدا اور خبر محذوف ہے لَكُمْ، یا منصوب بتقدیر فعل محذوف يُؤْتِ کا مفعول بہ ہے اور وہ يَغْفِرْ پر معطوف ہے نَصْرٌ موصوف مِّنَ اللّٰهِ كَائِنٌ کے متعلق ہو کر صفت، موصوف با صفت معطوف علیہ ہوا واؤ عاطفہ فَتْحٌ قَرِيْبٌ مرکب توصیفی معطوف، معطوف علیہ با معطوف خبر ہے مبتدا محذوف تِلْكَ النِّعْمَةُ الْاُخْرٰى کی، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ واؤ استینافیہ بَشِّرْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل الْمُؤْمِنِيْنَ مفعول بہ سے مل کر جملہ انشائیہ مستانفہ ہوا۔

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا كُوْنُوْٓا اَنْصَارَ اللّٰهِ كَمَا قَالَ عِيْسَى ابْنُ مَرْيَمَ لِلْحَوَارِيّٖنَ مَنْ اَنْصَارِيْٓ اِلَى اللّٰهِ ۭ قَالَ الْحَوَارِيُّوْنَ نَحْنُ اَنْصَارُ اللّٰهِ فَاٰمَنَتْ طَّاۗىِٕفَةٌ مِّنْۢ بَنِيْٓ اِسْرَاۗءِيْلَ وَكَفَرَتْ طَّاۗىِٕفَةٌ ۚ فَاَيَّدْنَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا عَلٰي عَدُوِّهِمْ فَاَصْبَحُوْا ظٰهِرِيْنَ ۝

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

آیت نمبر ۱۴: یٰٓاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا کی ترکیب بہت مرتبہ گزر چکی ہے اور یہ ندا ہے کُوْنُوْا فعل امر ناقص واؤ ضمیر اس کا اسم اَنْصَارَ اللّٰهِ مرکب اضافی خبر، فعل ناقص با اسم و خبر ندا کا جواب، ندا با جواب ندا جملہ انشائیہ ندائیہ ہوا۔ کَمَا قَالَ عِیْسَى ابْنُ مَرْیَمَ... الخ کی ترکیب اس کے معنی کے اعتبار سے ہو گی نہ کہ اس کے لفظ کے اعتبار سے اور اس کا معنی ہے کَمَا کَانَ الْحَوَارِیُّوْنَ اَنْصَارَ عِیْسٰی حِیْنَ قَالَ لَهُمْ مَنْ اَنْصَارِیْٓ اِلَى اللّٰهِ۔ کَ جارہ مَا مصدریہ کَانَ ناقصہ الْحَوَارِیُّوْنَ اس کا اسم اَنْصَارَ عِیْسٰی مرکب اضافی خبر حِیْنَ مضاف قَالَ فعل هُوَ مستتر فاعل لَهُمْ متعلق سے مل کر قول، مَنْ استفہامیہ مبتدا اَنْصَارِیْ مرکب اضافی ذوالحال اِلَى اللّٰهِ مُتَوَجِّهِیْنَ کے متعلق ہو کر حال ذوالحال باحال خبر مبتدا باخبر مقولہ، قول با مقولہ مضاف الیہ، مضاف با مضاف الیہ مفعول بہ ہوا اَنْصَارَ کا، فعل ناقص با اسم و خبر تا ویل مصدر مجرور، جار با مجرور ظرف مستقر کَوْنًا کے متعلق ہو کر بواسطہ موصوف محذوف کَوْنًا کے مفعول مطلق ہوا فعل امر کُوْنُوْا کا... الخ

قَالَ فعل الْحَوَارِیُّوْنَ فاعل سے مل کر قول ہوا، نَحْنُ ضمیر مبتدا اَنْصَارُ اللّٰهِ مرکب اضافی خبر، مبتدا با خبر مقولہ، قول با مقولہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ فَاٰمَنَتْ اس میں فا عاطفہ اٰمَنَتْ فعل طَّآىِٕفَةٌ موصوف مِّنْ بَنِیْٓ اِسْرَآءِیْلَ کَافِرَةٌ کے متعلق ہو کر صفت، موصوف با صفت فاعل، فعل با فاعل معطوف علیہ، واؤ عاطفہ کَفَرَتْ فعل طَّآىِٕفَةٌ فاعل سے مل کر معطوف، معطوف علیہ با معطوف پھر معطوف ہوا معطوف علیہ محذوف فَاَیَّدْنَا رُفِعَ عِیْسٰٓی اِلَى السَّمَآءِ اِفْتَرَقَ النَّاسُ فِیْهِ فِرْقَتَیْنِ کا مفاد عاطفہ اس کا معطوف علیہ محذوف ہے فَاَصْبَحَتِ الطَّآىِٕفَتَانِ اَیَّدْنَا فعل نا ضمیر فاعل الَّذِیْنَ اسم موصول اٰمَنُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر صلہ، موصول با صلہ مفعول بہ عَلٰی عَدُوِّهِمْ متعلق ہوئے، فعل با فاعل و مفعول بہ و متعلق معطوف اول مفاد عاطفہ اَصْبَحُوْا فعل ناقص واؤ ضمیر اس کا اسم ظٰهِرِیْنَ خبر سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف اول، معطوف علیہ با معطوفین جملہ معطوف ہوا۔

بروز جمعہ بوقت ۱۰:۴۵ بعد العشاء بتاریخ ۲۰، ۷، ۱۴۳۴ھ بمطابق ۳۱، ۵، ۲۰۱۳ کو تکمیل ہوئی

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

تركيب سُوْرَةُ الْجُمُعَةِ

رکوع نمبر ۱

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝ يُسَبِّحُ لِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَ مَا فِي الْاَرْضِ الْمَلِكِ الْقُدُّوْسِ الْعَزِيْزِ الْحَكِيْمِ ۝۱

آیت نمبر ۱: يُسَبِّحُ فعل لام جار ما اللّٰهِ موصوف الْمَلِكِ الْقُدُّوْسِ الْعَزِيْزِ الْحَكِيْمِ صفات اربعہ سے مل کر مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے مَا موصولہ فِي السَّمٰوٰتِ ظرف مستقر ثَبَتَ کے متعلق ہو کر صلہ، موصول با صلہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ مَا موصولہ فِي الْاَرْضِ ثَبَتَ کے متعلق ہو کر صلہ، موصول با صلہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف فاعل، فعل با فاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

هُوَ الَّذِيْ بَعَثَ فِي الْاُمِّيّٖنَ رَسُوْلًا مِّنْهُمْ يَتْلُوْا عَلَيْهِمْ اٰيٰتِهٖ وَ يُزَكِّيْهِمْ وَ يُعَلِّمُهُمُ الْكِتٰبَ وَ الْحِكْمَةَ ۗ وَ اِنْ كَانُوْا مِنْ قَبْلُ لَفِيْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ ۝ۙ۲ وَّ اٰخَرِيْنَ مِنْهُمْ لَمَّا يَلْحَقُوْا بِهِمْ ؕ وَ هُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ۝۳

آیت نمبر ۲، ۳: هُوَ مبتدا الَّذِيْ اسم موصول بَعَثَ فعل هُوَ مستتر فاعل فِي جارہ الْاُمِّيّٖنَ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اٰخَرِيْنَ موصوف مِنْهُمْ كَائِنِيْنَ کے متعلق ہو کر صفت اولیٰ لَمَّا جازمہ يَلْحَقُوْا فعل، واؤ ضمیر فاعل بِهِمْ ظرف لغو متعلق سے مل کر صفت ثانیہ موصوف با صفتین معطوف، معطوف علیہ با معطوف مجرور، جار با مجرور بَعَثَ کے متعلق ہوئے رَسُوْلًا موصوف مِنْهُمْ ظرف مستقر كَائِنًا کے متعلق ہو کر صفت اولیٰ يَتْلُوْا فعل هُوَ مستتر فاعل عَلَيْهِمْ ظرف لغو متعلق اٰيٰتِهٖ مرکب اضافی مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ يُزَكِّيْ فعل هُوَ مستتر فاعل هِمْ ضمیر منصوب مفعول بہ سے مل کر معطوف اول، واؤ عاطفہ يُعَلِّمُ فعل هُوَ مستتر فاعل هُمُ ضمیر منصوب ذوالحال واؤ حالیہ اِنْ مخففہ من الثقلہ ضمیر شان مقدر اس کا اسم كَانُوْا فعل ناقص واؤ ضمیر اس کا اسم مِنْ قَبْلُ ظرف مستقر حال ہے۔ لَامِ فارقہ فِي جارہ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ مرکب توصیفی مجرور، جار با مجرور كَائِنِيْنَ کے متعلق ہو کر خبر، فعل ناقص با اسم و خبر اِنْ کی خبر، اِنْ با اسم و خبر حال ذوالحال با حال يُعَلِّمُ کا مفعول بہ اوّل الْكِتٰبَ وَ الْحِكْمَةَ معطوف علیہ با معطوف مفعول بہ ثانی، فعل با فاعل و مفعولین معطوف علیہ، معطوف علیہ با معطوفین رَسُوْلًا کی صفت ثانیہ، موصوف با صفتین بَعَثَ کا مفعول بہ، فعل با فاعل و متعلق و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول با صلہ هُوَ کی خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ واؤ عاطفہ یا استینافیہ هُوَ مبتدا الْعَزِيْزُ خبر اول الْحَكِيْمُ خبر ثانی سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ هُوَ الَّذِيْ پر معطوف ہے یا بَعَثَ کی ضمیر فاعل سے حال ہے ہوا۔

ذٰلِكَ فَضْلُ اللّٰهِ يُؤْتِيْهِ مَنْ يَّشَآءُ ؕ وَ اللّٰهُ ذُو الْفَضْلِ الْعَظِيْمِ ۝۴

آیت نمبر ۴: ذٰلِكَ اسم اشارہ مبتدا فَضْلُ اللّٰهِ مرکب اضافی خبر اول يُؤْتِيْ فعل هُوَ مستتر فاعل هِ ضمیر منصوب مفعول بہ اول مَنْ اسم موصول يَشَآءُ فعل با هُوَ مستتر فاعل صلہ، موصول با صلہ مفعول بہ ثانی، فعل با فاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ خبر ثانی، مبتدا با خبرین

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

جملہ اسمیہ خبریہ ہوا واؤ عاطفہ اَللّٰهُ مبتداء ذُو مضاف الْفَضْلِ الْعَظِيْمِ مرکب توصیفی مضاف الیہ، مضاف ومضاف الیہ خبر، مبتدا وخبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف ہوا

مَثَلُ الَّذِيْنَ حُمِّلُوا التَّوْرٰىةَ ثُمَّ لَمْ يَحْمِلُوْهَا كَمَثَلِ الْحِمَارِ يَحْمِلُ اَسْفَارًا ۭ بِئْسَ مَثَلُ الْقَوْمِ الَّذِيْنَ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِ اللّٰهِ ۭ وَاللّٰهُ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الظّٰلِمِيْنَ ۝

آیت نمبر ۵: مَثَلُ مضاف الَّذِيْنَ اسم موصول حُمِّلُوا فعل مجہول واؤ ضمیر نائب فاعل التَّوْرٰىةَ مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ ثُمَّ عاطفہ لَمْ يَحْمِلُوْا فعل واؤ ضمیر ہٗ ھَا ضمیر مفعول بہ سے مل کر معطوف، معطوف علیہ با معطوف صلہ، موصول با صلہ مَثَلُ کا مضاف الیہ، مضاف با مضاف الیہ مبتداء كَ حرف جار مَثَلِ مضاف الْحِمَارِ موصوف يَحْمِلُ فعل هُوَ مستتر فاعل اَسْفَارًا مفعول بہ سے مل کر صفت، موصوف با صفت مضاف الیہ، مضاف با مضاف الیہ مجرور، جار با مجرور ظرف مستقر كَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا

سوال: الْحِمَارِ معرف باللام ہے تو يَحْمِلُ فعلیہ خبریہ کیسے صفت واقع ہو سکتا ہے؟

جواب: الْحِمَارِ کا الف لام جنسی ہے لہٰذا یہ نکرہ کے حکم میں ہے۔

بِئْسَ فعل ذم مَثَلُ مضاف الْقَوْمِ موصوف الَّذِيْنَ اسم موصول كَذَّبُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل بِاٰيٰتِ اللّٰهِ متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول با صلہ صفت، موصوف با صفت مضاف الیہ، مضاف با مضاف الیہ بِئْسَ کا فاعل، فعل با فاعل خبر مقدم، اور مخصوص بالذم مبتدا محذوف ہے مَثَلُ الْمَثَلُ، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ انشائیہ ہوا واؤ استینافیہ اَللّٰهُ مبتدا لَا يَهْدِي فعل هُوَ مستتر فاعل الْقَوْمَ الظّٰلِمِيْنَ مرکب توصیفی مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا

قُلْ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ هَادُوْٓا اِنْ زَعَمْتُمْ اَنَّكُمْ اَوْلِيَاۗءُ لِلّٰهِ مِنْ دُوْنِ النَّاسِ فَتَمَنَّوُا الْمَوْتَ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ۝

آیت نمبر ۶: قُلْ فعل امر با اَنْتَ مستتر فاعل جملہ انشائیہ ہو کر قول یَا حرف ندا اَدْعُوْا کے قائم مقام اَدْعُوْا فعل اَنَا مستتر فاعل اَیُّ موصوف هَا برائے تنبیہ الَّذِيْنَ اسم موصول هَادُوْا فعل واؤ ضمیر ہٗ فاعل سے مل کر صلہ، موصول با صلہ صفت، موصوف با صفت مُنَادٰی منصوب مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ انشائیہ ندا، اِنْ شرطیہ زَعَمْتُمْ فعل با فاعل اَنَّ حرف تحقیق كُمْ ضمیر منصوب اس کا اسم اَوْلِيَاۗءُ موصوف لِلّٰهِ ظرف مستقر كَائِنُوْنَ کے متعلق ہو کر صفت، موصوف با صفت ذوالحال مِنْ جارہ دُوْنِ النَّاسِ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور كَائِنُوْنَ کے متعلق ہو کر حال مذوالحال با حال خبر اَنَّ با اسم و خبر زَعَمْتُمْ کے دو مفعول کے قائم مقام، فعل با فاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر شرط فَاء جزائیہ تَمَنَّوُا فعل واؤ ضمیر فاعل الْمَوْتَ مفعول بہ سے مل کر دال بر جزاء ہوا اِنْ شرطیہ كُنْتُمْ فعل ناقص ثُمْ ضمیر اسم صٰدِقِيْنَ خبر سے مل کر شرط مؤخر، شرط دال بر جزاء سے مل کر جزاء، شرط با جزاء جواب ندا، ندا با جواب ندا مقولہ، قول با مقولہ جملہ انشائیہ ہوا

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

وَلَا يَتَمَنَّوْنَهٗٓ اَبَدًۢا بِمَا قَدَّمَتْ اَيْدِيْهِمْ ۭ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌۢ بِالظّٰلِمِيْنَ ۝

آیت نمبر ۷: واؤ استینافیہ لَا یَتَمَنَّوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل ہٗ ضمیر منصوب مفعول بہ اَبَدًا مفعول فیہ بناء جاء ہ مَا موصولہ قَدَّمَتْ فعل اَیْدِیْھِمْ مرکب اضافی مرفوع تقدیراً فاعل سے مل کر صلہ، موصول باصلہ مجرور، جار بامجرور متعلق ہوئے، فعل بافاعل ومفعولین ومتعلق جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔ واؤ استینافیہ اَللّٰہُ مبتداء عَلِیْمٌ صیغہ صفت ھُوَ مستتر فاعل بِالظّٰلِمِیْنَ متعلق سے مل کر شبہ جملہ ہو کر خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

قُلْ اِنَّ الْمَوْتَ الَّذِيْ تَفِرُّوْنَ مِنْهُ فَاِنَّهٗ مُلٰقِيْكُمْ ثُمَّ تُرَدُّوْنَ اِلٰى عٰلِمِ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ فَيُنَبِّئُكُمْ بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ۝

آیت نمبر ۸: قُلْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل سے مل کر قول، اِنَّ حرف تحقیق الْمَوْتَ موصوف الَّذِیْ اسم موصول تَفِرُّوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل اور مِنْہُ متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر صلہ، موصول باصلہ الْمَوْتَ کی صفت، موصوف بصفت اِنَّ کا اسم مضمن معنی شرط، فاء جوابیہ اِنَّ حرف تحقیق ہٗ ضمیر منصوب اسم مُلٰقِیْکُمْ مرکب اضافی خبر اِنَّ باسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر پہلے اِنَّ کی خبر اِنَّ باسم وخبر متقولہ، قول باقولہ جملہ انشائیہ امریہ ہوا۔ ثُمَّ عاطفہ تُرَدُّوْنَ فعل مجہول واؤ ضمیر نائب فاعل اِلٰی جارہ عٰلِمِ صیغہ صفت مضاف الْغَیْبِ وَالشَّھَادَۃِ معطوف علیہ بامعطوف مضاف الیہ، مضاف باضاف الیہ مجرور، جار باجرور متعلق ہوئے، فعل مجہول بانائب فاعل ومتعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ فاء عاطفہ یُنَبِّئُ فعل ھُوَ مستتر فاعل کُمْ ضمیر منصوب مفعول بہ، بناء جاء ہ مَا اسم موصول کُنْتُمْ فعل ناقص کُمْ ضمیر اس کا اسم تَعْمَلُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر خبر، فعل ناقص باسم وخبر صلہ، موصول باصلہ مجرور، جار باجرور یُنَبِّئُ کے متعلق ہوئے، فعل بافاعل ومفعول بہ ومتعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ باعطوف اِنَّ کی خبر معطوف ہوا۔

❁ رکوع نمبر ۲ ❁

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِذَا نُوْدِيَ لِلصَّلٰوةِ مِنْ يَّوْمِ الْجُمُعَةِ فَاسْعَوْا اِلٰى ذِكْرِ اللّٰهِ وَذَرُوا الْبَيْعَ ۭ ذٰلِكُمْ خَيْرٌ لَّكُمْ اِنْ كُنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ۝

آیت نمبر ۹: یٰٓاَیُّھَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْٓا اس کی ترکیب بہت مرتبہ گزر چکی ہے اور یہ منادا ہے اِذَا شرطیہ مضمون فیہ مقدم نُوْدِیَ فعل مجہول ھُوَ مستتر نائب فاعل لِلصَّلٰوۃِ جار باجرور متعلق اول، مِنْ حرف جار بمعنی فِیْ یَوْمِ الْجُمُعَۃِ مرکب اضافی مجرور، جار باجرور متعلق دوم، فعل مجہول بانائب فاعل ومتعلقین جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر شرط، فاء جزائیہ اِسْعَوْا فعل امر واؤ ضمیر فاعل اِلٰی ذِکْرِ اللّٰہِ متعلق سے مل کر جملہ انشائیہ امریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ ذَرُوْا فعل امر واؤ ضمیر فاعل الْبَیْعَ مفعول بہ سے مل کر معطوف، معطوف علیہ باعطوف جزاء، شرط باجزاء جواب منادا، منادا باجواب منادا جملہ انشائیہ ندائیہ ہوا۔ ذٰلِکُمْ اسم اشارہ مبتداء خَیْرٌ اسم تفضیل ھُوَ مستتر فاعل لَّکُمْ متعلق سے مل کر شبہ جملہ ہو کر خبر مبتداء باخبر دال بر جزاء اِنْ شرطیہ کُنْتُمْ فعل ناقص کُمْ ضمیر اس کا اسم تَعْلَمُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر خبر، فعل

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

ناقص یا اسم و خبر شرط، شرط و ان پر جزاء سے مل کر جملہ شرطیہ ہوا۔

فَاِذَا قُضِيَتِ الصَّلٰوةُ فَانْتَشِرُوْا فِي الْاَرْضِ وَابْتَغُوْا مِنْ فَضْلِ اللّٰهِ وَاذْكُرُوا اللّٰهَ كَثِيْرًا لَّعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ ۝

آیت نمبر ۱۰ فاء عاطفہ اذا شرطیہ مفعول فیہ مقدم قُضِيَتِ فعل مجہول الصَّلٰوةُ نائب فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر شرط، فاء جزائیہ اِنْتَشِرُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل فِي الْاَرْضِ متعلق سے مل کر جملہ انشائیہ امریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اِبْتَغُوْا فعل امر واؤ ضمیر فاعل مِنْ فَضْلِ اللّٰهِ متعلق سے مل کر معطوف اول ہوا واؤ عاطفہ اذْكُرُوا فعل امر واؤ ضمیر فاعل اللّٰهَ حرف ترجی کاف ضمیر منصوب اس کا اسم كَثِيْرًا فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر خبر، لَعَلَّ با اسم و خبر جملہ انشائیہ ترجی اَلْفَلَاحِ کی تاویل میں ہو کر حال، واؤ الحال با حال فاعل، لفظ اَللّٰهَ مفعول بہ كَثِيْرًا بواسطہ موصوف محذوف ذِكْرًا مفعول مطلق، فعل با فاعل و مفعولین معطوف ثانی، معطوف علیہ با معطوفین جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ معطوفہ ہوا۔

وَاِذَا رَاَوْا تِجَارَةً اَوْ لَهْوَا نِ انْفَضُّوْٓا اِلَيْهَا وَتَرَكُوْكَ قَآئِمًا ۭ قُلْ مَا عِنْدَ اللّٰهِ خَيْرٌ مِّنَ اللَّهْوِ وَمِنَ التِّجَارَةِ ۭ وَاللّٰهُ خَيْرُ الرّٰزِقِيْنَ ۝

آیت نمبر ۱۱ الف واؤ استینافیہ اذا شرطیہ مفعول فیہ مقدم رَاَوْا فعل واؤ ضمیر فاعل تِجَارَةً اَوْ لَهْوَا معطوف علیہ با معطوف مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ شرط، انْفَضُّوْٓا فعل واؤ ضمیر فاعل اِلَيْهَا متعلق سے مل کر معطوف علیہ ہوا واؤ عاطفہ تَرَكُوْكَ فعل واؤ ضمیر فاعل، کاف ضمیر منصوب ہوا حال قَآئِمًا حال ذوالحال با حال مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ مستانفہ ہوا قُلْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل سے مل کر قول، مَا اسم موصول عِنْدَ اللّٰهِ مرکب اضافی مفعول فیہ ہوا فعل محذوف ثَبَتَ کا ثَبَتَ فعل هُوَ مستتر فاعل و مفعول فیہ سے مل کر صلہ، موصول با صلہ مبتدا خَيْرٌ اسم تفضیل هُوَ مستتر فاعل مِنَ اللَّهْوِ جار با مجرور معطوف علیہ ہوا واؤ عاطفہ مِنَ التِّجَارَةِ جار با مجرور معطوف، معطوف علیہ با معطوف متعلق ہو کے اسم تفضیل با فاعل و متعلق شبہ جملہ ہو کر خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ مقولہ، قول با مقولہ جملہ انشائیہ امریہ ہوا۔ واؤ استینافیہ اَللّٰهُ مبتدا خَيْرُ الرّٰزِقِيْنَ مرکب اضافی خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

ترکیب سُوْرَةُ الْمُنَافِقُوْنِ

رکوع نمبر ۱

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○ اِذَا جَآءَكَ الْمُنٰفِقُوْنَ قَالُوْا نَشْهَدُ اِنَّكَ لَرَسُوْلُ اللّٰهِ ۘ وَ اللّٰهُ يَعْلَمُ اِنَّكَ لَرَسُوْلُهٗ ؕ وَ اللّٰهُ يَشْهَدُ اِنَّ الْمُنٰفِقِيْنَ لَكٰذِبُوْنَ ۝

آیت نمبر ۱: اِذَا شرطیہ مفعول فیہ مقدم جَآءَ فعل کاف ضمیر منصوب مفعول بہ اَلْمُنٰفِقُوْنَ فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ شرط، قَالُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر قول نَشْهَدُ فعل نَحْنُ مستتر فاعل اِنَّ حرف تحقیق کاف ضمیر اس کا اسم لام تاکید یہ رَسُوْلُ اللّٰهِ مرکب اضافی خبر، اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ مقولہ، قول با مقولہ جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہوا واؤ اعتراضیہ اَللّٰهُ مبتدا، يَعْلَمُ فعل هُوَ مستتر فاعل اِنَّ حرف تحقیق کاف ضمیر منصوب اس کا اسم لام تاکید یہ رَسُوْلُهٗ مرکب اضافی خبر اِنَّ با اسم و خبر يَعْلَمُ کے دو مفعول کے قائم مقام، فعل با فاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ معترضہ ہوا واؤ عاطفہ اَللّٰهُ مبتدا، يَشْهَدُ فعل هُوَ مستتر فاعل اِنَّ حرف تحقیق اَلْمُنٰفِقِيْنَ اس کا اسم لام تاکید یہ لَكٰذِبُوْنَ خبر اِنَّ با اسم و خبر يَشْهَدُ کا مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

اِتَّخَذُوْٓا اَيْمَانَهُمْ جُنَّةً فَصَدُّوْا عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ؕ اِنَّهُمْ سَآءَ مَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ۝

آیت نمبر ۲: اِتَّخَذُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل اَيْمَانَهُمْ مرکب اضافی مفعول بہ اول جُنَّةً مفعول بہ ثانی، فعل با فاعل و مفعولین معطوف علیہ، فَاء عاطفہ صَدُّوْا فعل واؤ ضمیر فاعل عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ مستانفہ ہوا اِنَّ حرف تحقیق هُمْ ضمیر منصوب اس کا اسم سَآءَ فعل ذم بمعنا اسم موصول كَانُوْا فعل ناقص واؤ ضمیر اس کا اسم يَعْمَلُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر خبر، فعل ناقص با اسم و خبر صلہ، موصول با صلہ فاعل، فعل ذم با فاعل خبر، اور مبتدا محذوف ہے عَمَلُهُمْ، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ انشائیہ اِنَّ کی خبر اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

ذٰلِكَ بِاَنَّهُمْ اٰمَنُوْا ثُمَّ كَفَرُوْا فَطُبِعَ عَلٰى قُلُوْبِهِمْ فَهُمْ لَا يَفْقَهُوْنَ ۝

آیت نمبر ۳: ذٰلِكَ مبتدا، بَاء جارہ اَنَّ حرف تحقیق هُمْ ضمیر منصوب اس کا اسم اٰمَنُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر معطوف علیہ ثُمَّ عاطفہ كَفَرُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف اَنَّ کی خبر اَنَّ با اسم و خبر بتاویل مفرد مجرور، جار با مجرور كَائِنٌ کے متعلق ہو کر ذٰلِكَ کی خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا فَاء فصیحہ اور اس کی شرط محذوف ہے اِذَا كَانَ الْاَمْرُ كَذٰلِكَ، طُبِعَ فعل مجہول هُوَ مستتر نائب فاعل عَلٰى قُلُوْبِهِمْ متعلق سے مل کر معطوف علیہ، فَاء عاطفہ هُمْ ضمیر مبتدا، لَا يَفْقَهُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

وَ اِذَا رَاَيْتَهُمْ تُعْجِبُكَ اَجْسَامُهُمْ ؕ وَ اِنْ يَّقُوْلُوْا تَسْمَعْ لِقَوْلِهِمْ ؕ كَاَنَّهُمْ خُشُبٌ

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

مُّسَنَّدَةٌ ؕ يَحْسَبُوْنَ كُلَّ صَيْحَةٍ عَلَيْهِمْ ؕ هُمُ الْعَدُوُّ فَاحْذَرْهُمْ ؕ قٰتَلَهُمُ اللّٰهُ ۚ اَنّٰى يُؤْفَكُوْنَ ۝

آیت نمبر ۴: واؤ عاطفہ اِذَا شرطیہ مفعول فیہ مقدم رَاَيْتَ فعل تاء ضمیر مفتوحہ فاعل هُمْ ضمیر منصوب مفعول بہ سے مل کر شرط، تُعْجِبُ فعل کاف ضمیر منصوب مفعول بہ اَجْسَامُهُمْ مرکب اضافی فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر جزاء شرط، جزاء شرط باجزاء جملہ شرطیہ معطوف ہوا۔ واؤ عاطفہ اِنْ شرطیہ يَقُوْلُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر شرط، تَسْمَعْ فعل اَنْتَ مستتر فاعل لِقَوْلِهِمْ متعلق سے مل کر جزاء شرط باجزاء جملہ شرطیہ معطوف ہوا۔ كَاَنَّ حرف تشبیہ هُمْ ضمیر منصوب اسم خُشُبٌ موصوف مُّسَنَّدَةٌ صفت سے مل کر خبر، كَاَنَّ باسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔ اور یہ بھی جائز ہے کہ یہ مبتدا محذوف هُمْ کی خبر ہو یا قَوْلِهِمْ کی ضمیر سے حال ہو۔ يَحْسَبُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل كُلَّ صَيْحَةٍ مفعول بہ اوّل عَلَيْهِمْ وَاقِعَةً کے متعلق ہوکر مفعول بہ ثانی، فعل بافاعل ومفعولین جملہ مستانفہ ہوا۔ هُمُ الْعَدُوُّ مبتدا وخبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔ فَاء فصیحہ اور شرط محذوف ہے اِنْ عَرَفْتَ صِفَتَهُمْ ، اِحْذَرْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل هُمْ ضمیر منصوب مفعول بہ سے مل کر جزاء شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔ قٰتَلَ فعل هُمْ ضمیر منصوب مفعول بہ اَللّٰهُ فاعل سے مل کر جملہ انشائیہ دعائیہ ہوا۔ اَنّٰى بمعنی اَيْنَ مفعول فیہ ہوا۔ يُؤْفَكُوْنَ اسم فاعل هُمْ مستتر فاعل اور مفعول فیہ سے مل کر حال مقدم ہوا۔ يُؤْفَكُوْنَ فعل مجہول واؤ ضمیر ذوالحال ماقبل ذوالحال باحال نائب فاعل، فعل مجہول بانائب فاعل جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

وَاِذَا قِيْلَ لَهُمْ تَعَالَوْا يَسْتَغْفِرْ لَكُمْ رَسُوْلُ اللّٰهِ لَوَّوْا رُءُوْسَهُمْ وَرَاَيْتَهُمْ يَصُدُّوْنَ وَهُمْ مُّسْتَكْبِرُوْنَ ۝

آیت نمبر ۵: واؤ عاطفہ اِذَا شرطیہ مفعول فیہ مقدم قِيْلَ فعل مجہول هُوَ مستتر نائب فاعل لَهُمْ متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر قول، تَعَالَوْا فعل امر واؤ ضمیر فاعل سے مل کر مقولہ قول بامقولہ شرط لَوَّوْا فعل واؤ ضمیر فاعل رُءُوْسَهُمْ مرکب اضافی مفعول بہ سے مل کر جزاء شرط باجزاء جملہ شرطیہ معطوف ہوا۔ يَسْتَغْفِرْ فعل لَكُمْ متعلق رَسُوْلُ اللّٰهِ مرکب اضافی فاعل سے مل کر جزاء اس کی شرط محذوف ہے اِنْ تَعَالَوْا شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔ واؤ عاطفہ رَاَيْتَ فعل تاء مفتوحہ ضمیر فاعل هُمْ ضمیر ذوالحال واؤ ضمیر ذوالحال واؤ حالیہ هُمْ مبتدا مُّسْتَكْبِرُوْنَ خبر، مبتدا خبر حال ذوالحال باحال فاعل، فعل بافاعل جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر حال ذوالحال باحال رَاَيْتَ کا مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف ہوا۔

سَوَآءٌ عَلَيْهِمْ اَسْتَغْفَرْتَ لَهُمْ اَمْ لَمْ تَسْتَغْفِرْ لَهُمْ ؕ لَنْ يَّغْفِرَ اللّٰهُ لَهُمْ ؕ اِنَّ اللّٰهَ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الْفٰسِقِيْنَ ۝

آیت نمبر ۶: سَوَآءٌ بمعنی مُسْتَوٍ اسم فاعل عَلَيْهِمْ اس کے متعلق پھر یہ خبر مقدم اَسْتَغْفَرْتَ لَهُمْ اَمْ لَمْ تَسْتَغْفِرْ لَهُمْ یہ اِسْتِغْفَارُكَ وَعَدَمُ اِسْتِغْفَارِكَ کی تاویل میں ہوکر مبتدا مؤخر، مبتدا وخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ لَنْ يَّغْفِرَ فعل اَللّٰهُ فاعل لَهُمْ متعلق کے ساتھ مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ اِنَّ حرف تحقیق اَللّٰهَ اس کا اسم لَا يَهْدِي فعل هُوَ مستتر فاعل الْقَوْمَ الْفٰسِقِيْنَ مرکب توصیفی

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

مفعول بہ سے مل کر خبر، اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ معطلہ ہوا۔

هُمُ الَّذِيْنَ يَقُوْلُوْنَ لَا تُنْفِقُوْا عَلٰى مَنْ عِنْدَ رَسُوْلِ اللّٰهِ حَتّٰى يَنْفَضُّوْا ؕ وَلِلّٰهِ خَزَآئِنُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَلٰكِنَّ الْمُنٰفِقِيْنَ لَا يَفْقَهُوْنَ ۝

آیت نمبر ۷: هُمُ ضمیر مبتدا الَّذِيْنَ اسم موصول يَقُوْلُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر قول، لَا تُنْفِقُوْا فعل نہی واؤ ضمیر فاعل عَلٰى جار، مَنْ موصول عِنْدَ رَسُوْلِ اللّٰهِ مرکب اضافی مفعول فیہ ہوا فعل محذوف ثَبِّتْ کا، ثَبِّتْ فعل ہُوَ مستتر فاعل و مفعول فیہ جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول با صلہ مجرور، جار با مجرور متعلق اول، حَتّٰى حرف جار يَنْفَضُّوْا فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر بتاویل مصدر مجرور، جار با مجرور متعلق دوم، فعل با فاعل و متعلقین مقولہ، قول با مقولہ صلہ، موصول با صلہ هُمُ کی خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ واؤ حالیہ لِلّٰهِ جار با مجرور كَائِنَةٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم خَزَآئِنُ مضاف السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ معطوف علیہ با معطوف مضاف الیہ، مضاف با مضاف الیہ مبتدا مؤخر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر حال ہوا يَنْفَضُّوْا کی واؤ ضمیر سے۔ واؤ عاطفہ لٰكِنَّ حرف استدراک الْمُنٰفِقِيْنَ اس کا اسم لَا يَفْقَهُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر خبر، لٰكِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

يَقُوْلُوْنَ لَئِنْ رَّجَعْنَاۤ اِلَى الْمَدِيْنَةِ لَيُخْرِجَنَّ الْاَعَزُّ مِنْهَا الْاَذَلَّ ؕ وَلِلّٰهِ الْعِزَّةُ وَلِرَسُوْلِهٖ وَلِلْمُؤْمِنِيْنَ وَلٰكِنَّ الْمُنٰفِقِيْنَ لَا يَعْلَمُوْنَ ۝

آیت نمبر ۸: يَقُوْلُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر قول، لَامِ موطئہ للقسم اور یہاں قسم محذوف ہے اِنْ شرطیہ رَجَعْنَا فعل نا ضمیر فاعل اِلَى الْمَدِيْنَةِ متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر شرط لَيُخْرِجَنَّ فعل الْاَعَزُّ فاعل مِنْهَا متعلق الْاَذَلَّ مفعول بہ سے مل کر جواب قسم، قسم با جواب قسم مقولہ، قول با مقولہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا اور شرط کی جزاء محذوف ہے۔ واؤ حالیہ لِلّٰهِ جار با مجرور معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لِرَسُوْلِهٖ جار با مجرور معطوف اول ہوا واؤ عاطفہ لِلْمُؤْمِنِيْنَ جار با مجرور معطوف ثانی، معطوف علیہ با معطوفین كَائِنَةٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم، الْعِزَّةُ مبتدا مؤخر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر حال ہوا الْاَذَلَّ سے۔ واؤ عاطفہ لٰكِنَّ حرف استدراک الْمُنٰفِقِيْنَ اس کا اسم لَا يَعْلَمُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر خبر، لٰكِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

❁ رکوع نمبر ۲ ❁

يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تُلْهِكُمْ اَمْوَالُكُمْ وَلَاۤ اَوْلَادُكُمْ عَنْ ذِكْرِ اللّٰهِ ؕ وَمَنْ يَّفْعَلْ ذٰلِكَ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْخٰسِرُوْنَ ۝

آیت نمبر ۹: يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا اس کی ترکیب بہت مرتبہ گزر چکی ہے اور یہ منادا ہے لَا تُلْهِ فعل نہی كُمْ ضمیر فاعل اَمْوَالُكُمْ مرکب اضافی معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لَا زائدہ اَوْلَادُكُمْ مرکب اضافی معطوف، معطوف علیہ با معطوف فاعل عَنْ ذِكْرِ اللّٰهِ متعلق ہوئے، فعل با فاعل و مفعول بہ و متعلق جواب ندا، ندا با جواب ندا، جملہ انشائیہ ندائیہ ہوا۔ واؤ استینافیہ مَنْ شرطیہ مبتدا، يَفْعَلْ فعل هُوَ مستتر فاعل ذٰلِكَ مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر شرط مقام جزائیہ اُولٰٓئِكَ مبتدا، هُمُ ضمیر برائے فصل الْخٰسِرُوْنَ خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

خبریہ جزاء، شرط با جزاء مِنْ کی خبر، مبتداء با خبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

وَ اَنْفِقُوْا مِنْ مَّا رَزَقْنٰكُمْ مِّنْ قَبْلِ اَنْ يَّاْتِيَ اَحَدَكُمُ الْمَوْتُ فَيَقُوْلَ رَبِّ لَوْ لَاۤ اَخَّرْتَنِيْۤ اِلٰۤى اَجَلٍ قَرِيْبٍ ۙ فَاَصَّدَّقَ وَ اَكُنْ مِّنَ الصّٰلِحِيْنَ ۝

آیت نمبر ۱۰ واؤ عاطفہ اَنْفِقُوْا فعل امر واؤ ضمیر فاعل مِنْ جار مَا موصول رَزَقْنَا فعل نا ضمیر فاعل کُمْ ضمیر منصوب مفعول بہ سے مل کر صلہ، موصول باصلہ مجرور، جار با مجرور متعلق اوّل، مِنْ جار قَبْلِ مضاف اَنْ ناصبہ يَاْتِيَ فعل اَحَدَ کُمْ مرکب اضافی مفعول بہ الْمَوْتُ فاعل سے مل کر بتاویل مصدر مضاف الیہ، مضاف با مضاف الیہ مجرور، جار با مجرور متعلق ثانی فعل با فاعل و متعلقین جملہ انشائیہ امریہ ہوا، فاء عاطفہ يَقُوْلَ فعل هُوَ مستتر فاعل سے مل کر قَوْل، رَبِّ اصل میں يَا رَبِّيْ ہے اور اس کی ترکیب بہت مرتبہ گزر چکی ہے اور یہ منادیٰ، لَوْلَا حرف تحضیض اَخَّرْتَ فعل تاء ملفوظہ فاعل نون وقایہ کا یاء ضمیر منصوب مفعول بہ اِلٰى جار اَجَلٍ قَرِيْبٍ مرکب توصیفی مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل با فاعل و مفعول بہ و متعلق معطوف علیہ طلبیہ عاطفہ اور اس کے بعد اَنْ مصدریہ ناصبہ مقدر ہے کیونکہ یہ جواب تحضیض میں واقع ہے اَصَّدَّقَ فعل اَنَا مستتر فاعل سے مل کر معطوف اوّل اور تقدیر عبارت لَوْلَا كَانَ لِيْ تَاْخِيْرٌ فِي الدُّنْيَا فَتَصَدُّقٌ فِيْهِ ہے، واؤ عاطفہ اَكُنْ فعل ناقص اَنَا مستتر اس کا اسم مِنَ الصّٰلِحِيْنَ ظرف مستقر کَائِنًا کے متعلق ہو کر خبر، فعل ناقص با اسم و خبر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف با اُولیٰ معطوف علیہ با معطوف ثمین جواب تمنا، تمنا با جواب تمنا مقول، قول با مقول جملہ فعلیہ خبریہ معطوف ہوا۔

وَ لَنْ يُّؤَخِّرَ اللّٰهُ نَفْسًا اِذَا جَآءَ اَجَلُهَا ؕ وَ اللّٰهُ خَبِيْرٌۢ بِمَا تَعْمَلُوْنَ ۝

آیت نمبر ۱۱ واؤ عاطفہ لَنْ ناصبہ معطوف علیہ محذوف ہے فَلَا يُؤَخِّرُ هٰذَا الْمُتَمَنِّيْ مِنْ يُّؤَخِّرَ فعل اَللّٰهُ فاعل نَفْسًا مفعول بہ سے مل کر وہ جزاء اِذَا شرطیہ مضاف الیہ مقدم جَآءَ فعل اَجَلُهَا مرکب اضافی فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر شرط، شرط اپنے دال پر جزاء سے مل کر معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ مستانفہ ہوا اور اگر واؤ حالیہ ہو تو پھر یہ جملہ يَقُوْلُ کی ضمیر سے حال ہوگا (مظہری) واؤ عاطفہ اَللّٰهُ مبتداء خَبِيْرٌ صیغہ صفت هُوَ مستتر اس کا فاعل باء جارہ مَا اسم موصول تَعْمَلُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول باصلہ مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے، صیغہ صفت با فاعل و متعلق شبہ جملہ ہو کر خبر، مبتداء با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

ترکیب سُوْرَةُ التَّغَابُنِ

رکوع نمبر ۱

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○ يُسَبِّحُ لِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ ۚ لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ ۚ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ①

آیت نمبر ۱: يُسَبِّحُ فعل لِلّٰهِ جار ہا مجرور اس کے متعلق ہوئے مَا اسم موصول فِي السَّمٰوٰتِ ظرف مستقر متعلق ہوئے فعل محذوف ثَبَتَ کے، ثَبَتَ فعل هُوَ مستتر فاعل و متعلق سے مل کر صلہ، موصول باصلہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ مَا فِي الْاَرْضِ موصول باصلہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف فاعل، فعل با فاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا لَهُ كَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم الْمُلْكُ مبتدا موخر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف علیہ واؤ عاطفہ لَهُ كَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم، الْحَمْدُ مبتدا موخر، مبتدا با خبر معطوف، معطوف علیہ با معطوف حال ہوا لفظ اللّٰهِ سے یا جملہ مستانفہ ہوا واؤ عاطفہ هُوَ ضمیر مبتدا عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ متعلق مقدم قَدِيْرٌ صیغہ صفت هُوَ مستتر فاعل و متعلق مقدم سے مل کر خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

هُوَ الَّذِيْ خَلَقَكُمْ فَمِنْكُمْ كَافِرٌ وَّمِنْكُمْ مُّؤْمِنٌ ۭ وَاللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ بَصِيْرٌ ②

آیت نمبر ۲: هُوَ ضمیر مبتدا الَّذِيْ اسم موصول خَلَقَ فعل هُوَ مستتر فاعل كُمْ ضمیر منصوب مفعول بہ سے مل کر صلہ، موصول باصلہ خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف علیہ فَاء عاطفہ مِنْكُمْ كَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم كَافِرٌ مبتدا موخر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف اول، واؤ عاطفہ مِنْكُمْ كَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم مُّؤْمِنٌ مبتدا موخر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف ثانی، معطوف علیہ با معطوفین جملہ مستانفہ ہوا واؤ عاطفہ اَللّٰهُ مبتدا، بِاء جار مَا موصول تَعْمَلُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر صلہ، موصول باصلہ مجرور، جار مجرور متعلق مقدم ہوئے بَصِيْرٌ صیغہ صفت هُوَ مستتر فاعل و متعلق مقدم سے مل کر شبہ جملہ ہو کر خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ بِالْحَقِّ وَصَوَّرَكُمْ فَاَحْسَنَ صُوَرَكُمْ ۚ وَاِلَيْهِ الْمَصِيْرُ ③

آیت نمبر ۳: خَلَقَ فعل هُوَ ضمیر مستتر دوالحال بِالْحَقِّ ظرف مستقر مُتَلَبِّسًا کے متعلق ہو کر حال ذوالحال با حال فاعل السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ معطوف علیہ با معطوف مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ صَوَّرَ فعل هُوَ مستتر فاعل كُمْ ضمیر مفعول بہ سے مل کر معطوف اول، فَاء عاطفہ اَحْسَنَ فعل هُوَ مستتر فاعل صُوَرَ كُمْ مرکب اضافی مفعول بہ سے مل کر معطوف ثانی، معطوف علیہ با معطوفین جملہ مستانفہ ہوا واؤ عاطفہ اِلَيْهِ كَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم الْمَصِيْرُ مبتدا موخر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوفہ ہوا۔

يَعْلَمُ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَيَعْلَمُ مَا تُسِرُّوْنَ وَمَا تُعْلِنُوْنَ ۭ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌۢ بِذَاتِ الصُّدُوْرِ ④

آیت نمبر ۴: يَعْلَمُ فعل هُوَ مستتر فاعل مَا اسم موصول فِي جارہ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ معطوف علیہ با معطوف مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے فعل محذوف ثَبَتَ کے، فعل با فاعل و متعلق صلہ، موصول باصلہ يَعْلَمُ کا مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ معطوف علیہ، واؤ

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

عاطفہ یَعْلَمُ فعل هُوَ مستتر فاعل مَا اسم موصول تُسِرُّوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر صلہ، موصول باصلہ معطوف علیہ ہوا واؤ عاطفہ مَا تُعْلِنُوْنَ موصول باصلہ معطوف، معطوف علیہ یا معطوف مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ یا معطوف جملہ مستانفہ ہوا۔ واؤ عاطفہ اَللّٰهُ مبتدا، عَلِيْمٌ صیغہ صفت هُوَ مستتر فاعل بَاءٌ جارہ ذَاتِ الصُّدُوْرِ مرکب اضافی مجرور مجار مجرور متعلق ہوئے، صیغہ صفت باپنے فاعل و متعلق شبہ جملہ ہو کر خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

اَلَمْ يَاْتِكُمْ نَبَؤُا الَّذِيْنَ كَفَرُوْا مِنْ قَبْلُ فَذَاقُوْا وَبَالَ اَمْرِهِمْ وَلَهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ۝

آیت نمبر ۵: هَمزہ استفہامیہ لَمْ يَاْتِ فعل كُمْ ضمیر منصوب مفعول بہ نَبَؤُا مضاف الَّذِيْنَ اسم موصول كَفَرُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل الف ماں مِنْ قَبْلُ كَافِرِيْنَ کے متعلق ہو کر حال ہوا، حال باحال فاعل، فعل بافاعل صلہ، موصول باصلہ مضاف الیہ، مضاف باضاف الیہ لَمْ يَاْتِ کا فاعل، فعل بافاعل ومفعول بہ لفظاً جملہ انشائیہ معنیً جملہ خبریہ ہو کر معطوف علیہ، فَاء عاطفہ ذَاقُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل وَبَالَ اَمْرِهِمْ مرکب اضافی مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ یا معطوف جملہ مستانفہ ہوا۔ واؤ عاطفہ لَهُمْ مُقَدَّرٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم عَذَابٌ اَلِيْمٌ مرکب توصیفی مبتدا مؤخر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

ذٰلِكَ بِاَنَّهٗ كَانَتْ تَّاْتِيْهِمْ رُسُلُهُمْ بِالْبَيِّنٰتِ فَقَالُوْٓا اَبَشَرٌ يَّهْدُوْنَنَا فَكَفَرُوْا وَتَوَلَّوْا وَّاسْتَغْنَى اللّٰهُ ۭ وَاللّٰهُ غَنِيٌّ حَمِيْدٌ ۝

آیت نمبر ۶: ذٰلِكَ اسم اشارہ مبتدا بِاَنَّ حرف تحقیق هٗ ضمیر منصوب اس کا اسم كَانَتْ فعل ناقص ہی مستتر اس کا اسم ثانی تَّاْتِيْهِمْ فعل ضمیر منصوب مفعول بہ رُسُلُهُمْ مرکب اضافی فاعل بِالْبَيِّنٰتِ متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر خبر، فعل ناقص باسم وخبر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، فَاء عاطفہ قَالُوْٓا فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر قول ہوا، ھمزہ استفہامیہ بَشَرٌ فاعل ہوا فعل محذوف يَهْدِيْنَا کا، فعل بافاعل مفسر، يَهْدُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل نَا ضمیر منصوب مفعول بہ سے مل کر مفسر، مفسر بامفسر مقول، قول بامقول پھر معطوف ہوا، فَاء عاطفہ كَفَرُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر معطوف ثانی، واؤ عاطفہ تَوَلَّوْا فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر معطوف ثالث، معطوف علیہ ومعطوفات الثلاثہ اَنَّ کی خبر، اَنَّ باسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر بتاویل مفرد مجرور، جار باجرور كَانَتْ کے متعلق ہو کر ذٰلِكَ کی خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ واؤ عاطفہ اسْتَغْنَى فعل اللّٰهُ فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف ہوا۔ واؤ استیناف اَللّٰهُ مبتدا غَنِيٌّ حَمِيْدٌ دونوں خبروں سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

زَعَمَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا اَنْ لَّنْ يُّبْعَثُوْا ۭ قُلْ بَلٰى وَرَبِّيْ لَتُبْعَثُنَّ ثُمَّ لَتُنَبَّؤُنَّ بِمَا عَمِلْتُمْ ۭ وَذٰلِكَ عَلَي اللّٰهِ يَسِيْرٌ ۝

آیت نمبر ۷: زَعَمَ فعل الَّذِيْنَ اسم موصول كَفَرُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر صلہ، موصول باصلہ فاعل اَنْ مخففہ من الثقلہ ضمیر شان مقدر اس کا اسم لَنْ يُّبْعَثُوْا فعل مجہول واؤ ضمیر نائب فاعل سے مل کر خبر مَانَ باسم وخبر زَعَمَ کے دو مفعول کے قائم مقام، فعل بافاعل ومفعولین جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ قُلْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل سے مل کر قول، بَلٰى حرف ایجاب غیر عامل واؤ قسم جارہ رَبِّيْ مرکب اضافی مجرور مجار مجرور، متعلق ہوئے فعل محذوف اُقْسِمُ کے، اُقْسِمُ فعل بافاعل ضمیر مستتر فاعل، متعلق جملہ فعلیہ انشائیہ قسم لَتُبْعَثُنَّ فعل مجہول

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

واؤ محذوف نائب فاعل سے مل کر معطوف علیہ ثُمَّ عاطفہ لَتُنَبَّؤُنَّ فعل مجہول واؤ محذوف نائب فاعل بآء جارہ مَا موصولہ عَمِلْتُمْ فعل ثُمْ ضمیر فاعل سے مل کر صلہ، موصول باصلہ مجرور، جار بامجرور متعلق ہوئے، فعل مجہول بانائب فاعل و متعلق معطوف، معطوف علیہ بامعطوف جواب قسم، قسم بامجواب قسم مقولہ، قول بامقولہ جملہ انشائیہ امریہ ہوا۔ واؤ استینافیہ ذٰلِكَ مبتدا یَسِیْرٌ صیغہ صفت هُوَ مستتر فاعل عَلَى اللّٰهِ متعلق سے مل کر شبہ جملہ ہو کر خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

فَاٰمِنُوْا بِاللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ وَالنُّوْرِ الَّذِیْۤ اَنْزَلْنَا ؕ وَاللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ خَبِیْرٌ ۝۸

آیت نمبر ۸: فَاء فصیحہ اس کی شرط محذوف ہے اِذَا كَانَ الْاَمْرُ كَذٰلِكَ، اٰمِنُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل بآء جارہ اللّٰهِ متعلق علیہ واؤ عاطفہ رَسُوْلِهٖ مرکب اضافی معطوف اوّل واؤ عاطفہ النُّوْرِ موصوف الَّذِیْۤ اسم موصول اَنْزَلْنَا فعل نا ضمیر فاعل سے مل کر صلہ، موصول باصلہ صفت، موصوف باصفت معطوف ثانی، معطوف علیہ بامعطوفین مجرور، جار بامجرور اٰمِنُوْا کے متعلق ہوئے، فعل بافاعل و متعلق جملہ انشائیہ امریہ جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔ واؤ استینافیہ اَللّٰهُ مبتدا بآء جارہ مَا اسم موصول تَعْمَلُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر صلہ، موصول باصلہ مجرور، جار بامجرور متعلق مقدم خَبِیْرٌ صیغہ صفت هُوَ مستتر فاعل و متعلق مقدم سے مل کر خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

یَوْمَ یَجْمَعُكُمْ لِیَوْمِ الْجَمْعِ ذٰلِكَ یَوْمُ التَّغَابُنِ ؕ وَمَنْ یُّؤْمِنْۢ بِاللّٰهِ وَیَعْمَلْ صَالِحًا یُّكَفِّرْ عَنْهُ سَیِّاٰتِهٖ وَیُدْخِلْهُ جَنّٰتٍ تَجْرِیْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِیْنَ فِیْهَاۤ اَبَدًا ؕ ذٰلِكَ الْفَوْزُ الْعَظِیْمُ ۝۹

آیت نمبر ۹: یَوْمَ مضاف یَجْمَعُ فعل هُوَ مستتر فاعل كُمْ ضمیر مفعول بہ لِیَوْمِ الْجَمْعِ متعلق سے مل کر مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ مفعول فیہ ہوا خَبِیْرٌ کا یا فعل محذوف اُذْکُرْ کا ذٰلِكَ مبتدا یَوْمُ التَّغَابُنِ مرکب اضافی خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ واؤ استینافیہ مَنْ شرطیہ مبتدا یُّؤْمِنْ فعل هُوَ مستتر فاعل بِاللّٰهِ متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ یَعْمَلْ فعل هُوَ مستتر فاعل صَالِحًا مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف شرط یُّكَفِّرْ فعل هُوَ مستتر فاعل عَنْهُ متعلق سَیِّاٰتِهٖ مرکب اضافی مفعول بہ سے مل کر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ یُدْخِلْ فعل هُوَ مستتر فاعل هُ ضمیر منصوب مفعول بہ اوّل، جَنّٰتٍ موصول تَجْرِیْ فعل مِنْ تَحْتِهَا متعلق الْاَنْهٰرُ فاعل سے مل کر صفت، موصوف باصفت ذوالحال خٰلِدِیْنَ اسم فاعل هُمْ ضمیر مستتر فاعل فِیْهَا متعلق اَبَدًا مفعول فیہ سے مل کر حال ذوالحال باحال مفعول بہ ثانی، فعل بافاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہو کر مَنْ کی خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ ذٰلِكَ مبتدا الْفَوْزُ الْعَظِیْمُ مرکب توصیفی خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

وَالَّذِیْنَ كَفَرُوْا وَكَذَّبُوْا بِاٰیٰتِنَاۤ اُولٰٓئِكَ اَصْحٰبُ النَّارِ خٰلِدِیْنَ فِیْهَا ؕ وَبِئْسَ الْمَصِیْرُ ۝۱۰

آیت نمبر ۱۰: واؤ عاطفہ اَلَّذِیْنَ اسم موصول كَفَرُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ كَذَّبُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل بِاٰیٰتِنَا متعلق سے مل کر معطوف، معطوف علیہ بامعطوف صلہ، موصول باصلہ مبتدا اوّل، اُولٰٓئِكَ مبتدا ثانی، اَصْحٰبُ النَّارِ مرکب

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

اضافی ذوالحال خٰلِدِيْنَ اسم فاعل هُمْ ضمیر مستتر فِيْهَا متعلق سے مل کر شبہ جملہ ہو کر حال ذوالحال باعامل خبر، مبتدا با خبر مبتدا اول کی خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ واؤ استیناف یَبْقَى فعل ذُمُّ الْمُصِيْبَةِ فاعل، فعل با فاعل جملہ فعلیہ انشائیہ ہو کر خبر، مبتدا محذوف ہے النَّارُ، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ انشائیہ ہوا۔

﴿ رکوع نمبر ۲ ﴾

مَآ اَصَابَ مِنْ مُّصِيْبَةٍ اِلَّا بِاِذْنِ اللّٰهِ ۭ وَمَنْ يُّؤْمِنْۢ بِاللّٰهِ يَهْدِ قَلْبَهٗ ۭ وَاللّٰهُ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمٌ ۝

آیت نمبر ۱۱: مَا نافیہ اَصَابَ فعل مِنْ جارہ زائدہ مُّصِيْبَةٍ مجرور فاعل اِلَّا حرف استثناء بِاِذْنِ اللّٰهِ مستثنیٰ مفرغ متعلق ہوئے، فعل با فاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ واؤ عاطفہ مَنْ شرطیہ مبتداء يُّؤْمِنْ فعل هُوَ مستتر فاعل بِاللّٰهِ متعلق سے مل کر شرط يَهْدِ فعل هُوَ مستتر فاعل قَلْبَهٗ مرکب اضافی مفعول بہ سے مل کر جزاء، شرط با جزاء مَنْ کی خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوفہ ہوا۔ واؤ استیناف اَللّٰهُ مبتداء عَلِيْمٌ صیغہ صفت هُوَ مستتر فاعل بِكُلِّ شَيْءٍ متعلق سے مل کر خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

وَاَطِيْعُوا اللّٰهَ وَاَطِيْعُوا الرَّسُوْلَ ۚ فَاِنْ تَوَلَّيْتُمْ فَاِنَّمَا عَلٰي رَسُوْلِنَا الْبَلٰغُ الْمُبِيْنُ ۝

آیت نمبر ۱۲: واؤ استیناف اَطِيْعُوا فعل واؤ ضمیر فاعل اَللّٰهَ مفعول بہ سے مل کر جملہ انشائیہ معطوف علیہ ہوا۔ واؤ عاطفہ اَطِيْعُوا فعل واؤ ضمیر فاعل الرَّسُوْلَ مفعول بہ سے مل کر جملہ انشائیہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ مستانفہ ہوا۔ فاء استیناف اِنْ شرطیہ تَوَلَّيْتُمْ فعل با فاعل شرط، جزاء محذوف ہے فَلَا ضَيْرَ عَلٰي رَسُوْلِنَا، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔ فاء تعلیلیہ اِنَّ حرف تحقیق مَا کافہ عَلٰي رَسُوْلِنَا خَبَرٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم الْبَلٰغُ الْمُبِيْنُ مرکب توصیفی مبتدا مؤخر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ معللہ ہوا۔

اَللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۭ وَعَلَى اللّٰهِ فَلْيَتَوَكَّلِ الْمُؤْمِنُوْنَ ۝

آیت نمبر ۱۳: اَللّٰهُ مبتداء لَا نفی جنس اِلٰهَ مبدل منہ اِلَّا حرف استثناء هُوَ ضمیر باعتبار محل کے بدل، مبدل منہ بدل لَا کا اسم خبر محذوف ہے لَنَا، لا با اسم و خبر مبتدا کی خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ واؤ استیناف فاء زائدہ لْيَتَوَكَّلِ فعل امر الْمُؤْمِنُوْنَ فاعل عَلَى اللّٰهِ متعلق مقدم سے مل کر جملہ انشائیہ شرط محذوف ہے اِنْ تَوَكَّلَ النَّاسُ عَلٰى غَيْرِ اللّٰهِ کی جزاء ہے، شرط با جزاء جملہ شرطیہ مستانفہ ہوا۔

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِنَّ مِنْ اَزْوَاجِكُمْ وَاَوْلَادِكُمْ عَدُوًّا لَّكُمْ فَاحْذَرُوْهُمْ ۚ وَاِنْ تَعْفُوْا وَتَصْفَحُوْا وَتَغْفِرُوْا فَاِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ۝

آیت نمبر ۱۴: يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اس کی ترکیب بہت مرتبہ گزر چکی ہے اور یہ مذاہے اِنَّ حرف مشبہ مِنْ جارہ زائدہ اَزْوَاجِكُمْ مرکب اضافی معطوف علیہ ہوا۔ واؤ عاطفہ اَوْلَادِكُمْ مرکب اضافی معطوف، معطوف علیہ با معطوف مجرور، جار با مجرور دونوں کے متعلق ہو کر خبر مقدم عَدُوًّا موصوف لَّكُمْ ظرف مستقر کے متعلق ہو کر صفت، موصوف صفت اسم مؤخر اِنَّ با اسم و خبر جواب مذا، مذا با جواب مذا جملہ انشائیہ ندائیہ ہوا۔ فاء فصیحہ اور شرط محذوف ہے اِنْ عَرَفْتُمْ ذٰلِكَ، اِحْذَرُوْا فعل امر واؤ ضمیر فاعل هُمْ ضمیر مفعول بہ سے مل کر جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔ واؤ عاطفہ اِنْ شرطیہ تَعْفُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

تَصْفَحُوْا الفعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر معطوف اوّل، واؤ عاطفہ تَغْفِرُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر معطوف ثانی، معطوف علیہ با معطوفین جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر شرط، فاء جزائیہ اِنَّ حرف تحقیق اَللّٰهَ اس کا اسم غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ اس کی دو خبر، اِنَّ با اسم و خبرین جملہ اسمیہ خبریہ جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

اِنَّمَآ اَمْوَالُكُمْ وَاَوْلَادُكُمْ فِتْنَةٌ ۭ وَاللّٰهُ عِنْدَهٗٓ اَجْرٌ عَظِيْمٌ ۝

آیت نمبر ۱۵: اِنَّ حرف تحقیق مَا کافہ اَمْوَالُكُمْ مرکب اضافی معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اَوْلَادُكُمْ مرکب اضافی معطوف، معطوف علیہ با معطوف مبتداء فِتْنَةٌ خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ واؤ عاطفہ اَللّٰهُ مبتداء عِنْدَهٗٓ مرکب اضافی مفعول فیہ فعل محذوف ثَبَتَ کا، ثَبَتَ فعل هُوَ مستتر فاعل اور مفعول فیہ سے مل کر خبر مقدم، اَجْرٌ عَظِيْمٌ مرکب توصیفی مبتداء مؤخر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر مبتدا اوّل کی خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

فَاتَّقُوا اللّٰهَ مَا اسْتَطَعْتُمْ وَاسْمَعُوْا وَاَطِيْعُوْا وَاَنْفِقُوْا خَيْرًا لِّاَنْفُسِكُمْ ۭ وَمَنْ يُّوْقَ شُحَّ نَفْسِهٖ فَاُولٰۗىِٕكَ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ ۝

آیت نمبر ۱۶: فاء فصیحہ اس کی شرط محذوف ہے اِنْ عَلِمْتُمْ ذٰلِكَ، یا اِنْ اَرَدْتُّمُ الْقِيَامَ اِلَى الطَّاعَةِ، اِتَّقُوْا فعل امر با ضمیر فاعل اَللّٰهَ مفعول بہ سے مل کر معطوف علیہ، مَا مصدریہ اسْتَطَعْتُمْ فعل با فاعل بتاویل مصدر مفعول بہ فعل محذوف اِبْذَلُوْا کا (مظہری) فعل با فاعل و مفعول بہ معطوف اوّل، واؤ عاطفہ اِسْمَعُوْا فعل با فاعل معطوف ثانی، واؤ عاطفہ اَطِيْعُوْا فعل با فاعل معطوف ثالث، واؤ عاطفہ اَنْفِقُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل خَيْرًا بمعنی مَالًا مفعول بہ لِّاَنْفُسِكُمْ متعلق سے مل کر معطوف رابع، معطوف علیہ با معطوفات اربعہ جزاء، شرط محذوف با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔ واؤ استینافیہ مَنْ شرطیہ مبتدا يُّوْقَ فعل مجہول هُوَ مستتر نائب فاعل شُحَّ نَفْسِهٖ مرکب اضافی مفعول بہ سے مل کر شرط، فاء جزائیہ اُولٰۗىِٕكَ مبتدا، هُمُ ضمیر فصل الْمُفْلِحُوْنَ خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ محلاً مجزوم جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ مَنْ کی خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

اِنْ تُقْرِضُوا اللّٰهَ قَرْضًا حَسَنًا يُّضٰعِفْهُ لَكُمْ وَيَغْفِرْ لَكُمْ ۭ وَاللّٰهُ شَكُوْرٌ حَلِيْمٌ ۝

عٰلِمُ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ۝

آیت نمبر ۱۷، ۱۸: اِنْ شرطیہ تُقْرِضُوا فعل واؤ ضمیر فاعل اللّٰهَ مفعول بہ قَرْضًا حَسَنًا مرکب توصیفی مفعول مطلق سے مل کر شرط يُضٰعِفْهُ فعل هُوَ مستتر فاعل هٗ ضمیر منصوب مفعول بہ لَكُمْ متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ يَغْفِرْ فعل هُوَ مستتر فاعل لَكُمْ متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔ واؤ استینافیہ اَللّٰهُ مبتدا شَكُوْرٌ خبر اوّل، حَلِيْمٌ خبر ثانی، عٰلِمُ صیغہ صفت مضاف الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ معطوف علیہ با معطوف مضاف الیہ، مضاف با مضاف الیہ خبر ثالث، الْعَزِيْزُ خبر رابع، الْحَكِيْمُ خبر خامس، مبتدا با اخبار خمسہ جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

ترکیب سورۃ الطلاق

رکوع نمبر ۱

